Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.



سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas





۷۸۶
۹۲-۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی

DVD Version

لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL


Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas











شہداءِ ملّت جعفریہ کراچی


ہر چند اہلِ جور نے چاہا یہ بارہا ہو جائے محو یادِ شہیدانِ کربلا
باقی رہے نہ نام زمین پر حسینؑ کا لیکن کسی کا زور عزیزو نہ چل سکا
عباسؑ نامور کے لہو سے دھلا ہوا
اب بھی حسینیت کا علم ہے کھلا ہوا

جوشؔ

تحقیق و تدوین :۔ حسنؔ مرتضیٰ





jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بِسۡمِ رَبِ اِلشُّهَدَاء

جولوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں،

تم انہیں مردہ مت کہو،

بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تم اسکا شعور نہیں رکھتے ○

(سورۃ البقرہ ۱۵۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیہات منا الذلۃ

حسینؑ

۱۳۶۰

ہم ہرگز ذلّت برداشت نہیں کریں گے

حضرت امام حسینؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی
تاریخی پس منظر میں
فروری ۱۹۷۸ تا نومبر ۲۰۰۹

تحقیق و تدوین سید حسن مرتضیٰ

ناشر: شیعہ علماء کونسل پاکستان (سندھ) کراچی
شعبہ تحفظ آثار شہداء اسلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق اہلیہ محترمہ سیدہ نرجس مرتضیٰ زیدی محفوظ ہیں

کتاب : **تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی**

مؤلف : سید حسن مرتضیٰ

ناشر : شیعہ علماء کونسل پاکستان (سندھ) کراچی

شعبہ تحفظ آثار شہداء اسلام

shaheed110@gmail.com

تصحیح/نظر ثانی : استاد محترم سید سبط جعفر زیدی/سید ذوالفقار حسین نقوی

کمپوزنگ/ڈیزائننگ : سید محمد حیدر نقوی/سید حسن مرتضیٰ

ٹائٹل : (خیال) سید حسن مرتضیٰ (عمل) سید محمد حیدر نقوی

طبع اول : محرم الحرام ۱۴۳۱ھ/دسمبر ۲۰۰۹

تعداد : ۱۰۰۱

ملنے کا پتہ : ویلکم بک پورٹ (اردو بازار)، حسن علی بک ڈپو (کھارادر)، محفوظ بک ایجنسی (مارٹن روڈ)، الحسن بک ڈپو (باب العلم) پیام اسلامی ثقافتی مرکز سادات کالونی (انچولی)، افتخار بک ڈپو (لاہور)

قیمت : =/565 روپے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست

عنوان		صفحہ نمبر
انتساب		۱۰
پس نوشت	سید حسن مرتضیٰ	۱۱
مقدمہ	آلِ محمد رزمی (مرحوم)	۲۳
دعا		۲۷

پیغامات

امام مہدیؑ کا پیغام، ہم سب کے نام	۲۸
آیت اللہ روح اللہ خمینیؒ کا پیغام	۲۹
رہبر معظم ولی ءفقیہ کا پیغام	۳۰
مفتی اعظم سعودی عرب کا پیغام	۳۱
آیت اللہ مہدی شمس الدین (لبنان) کا پیغام	۳۲
شہید علامہ سید عارف حسین حسینی کا پیغام	۳۳
نمائندہ ولی فقیہ، قائد ملت جعفریہ علامہ سیدؒ ساجد علی نقوی کا پیغام	۳۴
علامہ حسن رضا غدیری کا پیغام	۳۶
علامہ سید رضی جعفر نقوی کا پیغام	۳۷
مولانا سیدؒ شہنشاہ حسین نقوی قمی کا پیغام	۳۸

تشیع، تاریخ اور کراچی

میثاق مدینہ، تحفظ حقوق بشریت کا پہلا منشور	۴۳
اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا عالمی منشور	۴۷
قائداعظم کا ایک خط، راجکمار امیر حیدر خاں (آف محمود آباد) کے نام	۵۱
قائداعظم کا پہلی مجلس آئین ساز سے خطاب	۵۱
دستور پاکستان ۱۹۷۳ اور بنیادی حقوق	۵۲
معاہدہ اسلام آباد	۵۶
ہند میں اسلام کی آمد	۵۷

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کراچی ماضی و حال کے آئینہ میں		۵۹
کراچی اور عزاداری سید الشہداء علیہ السلام	سید محمد ہادی حسین	۶۳
مختلف مکاتب فکر کے ۳۱ جید علماء کرام کے ۲۲ نکات		۷۴
کل پاکستان اجتماع علماء شیعہ کراچی		۷۶
عراقی علماء پر تشدد کے خلاف احتجاج		۷۷
سانحہ مسجد سکینہ وامام بارگاہ کاظمین نیو کراچی	علی اکبر شاہ	۸۱
نماز وحدت / ایم اے جناح روڈ پر تاریخی دھرنا	علی اکبر شاہ	۸۵
سانحہ مسجد سکینہ وامام بارگاہ کاظمین نیو کراچی / نماز وحدت / ایم اے جناح روڈ پر تاریخی دھرنا اخبارات کی روشنی میں		۸۷
سانحہ سادات کالونی (انچولی)	علی اکبر شاہ	۱۰۲
مرکزی امام بارگاہ میں مجلس ترحیم	علی اکبر شاہ	۱۰۳
سانحہ جامع مسجد وامام بارگاہ شاہ نجف مارٹن روڈ	علی اکبر شاہ	۱۰۸
سانحہ مسجد قمر بنی ہاشمؑ ومرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد اخبارات کی روشنی میں		۱۱۱
سانحہ جامع مسجد وامام بارگاہ شاہ نجف مارٹن روڈ		
سانحہ لیاقت آباد خصوصی تحقیقاتی ٹریبونل کی رُوداد		۱۱۵
نمازیوں کو کوڑے اور قید بامشقت کی سزائیں		۱۲۳
کراچی کے حالات کا تجزیہ ایک وکیل کے قلم سے	نذیر شاہ کاظمی ایڈووکیٹ	۱۲۹
مارشل لاء کے چودہ نکات / ہیئت ائمہ مساجد کا جواب		۱۴۰
کل کراچی شیعہ کنونشن	شہدائے اسلام کانفرنس	۱۴۲
ملی یکجہتی کونسل کا اعلامیہ		۱۴۶
جیل بھرو تحریک		۱۴۹
گورنر بلوچستان کا جامعہ کراچی میں گھیراؤ		۱۵۴
سندھ ہائی کورٹ پر احتجاجی دھرنا		۱۵۵
سندھ اسمبلی پر احتجاجی دھرنا		۱۵۶
فرقہ واریت تاریخی پس منظر، علل واسباب کا جائزہ	سید حسن مرتضیٰ	۱۵۷
شہادت کا سفر	مولانا احمد علی امینی	۱۹۸
اہمیت شہادت قرآن وحدیث کی روشنی میں	مولانا سید شاہد رضا کاظمی	۲۰۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہداء کی کرامات ..... محترمہ نرجس مرتضیٰ زیدی ۲۰۶

قم سے ایک خط ..... مولانا سید رضا حیدر رضوی ۲۱۰

خون شہداء کے تقاضے اور ہماری ذمہ داریاں ..... سید اظہار مہدی بخاری ۲۱۲

وقت نے ہم کو چنا امتحان کے واسطے

ایک ماں کے تاثرات ..... والدہ محترمہ شہید سید وقار نقوی ایڈوکیٹ ۲۱۷

ایک باپ کے تاثرات ..... سید رضی حیدر ۲۱۹

ایک بہن کے احساسات ..... خواہر شہید سید ندیم حسین ۲۲۱

ایک بھائی کے احساسات ..... محمد علی فرزند مولانا سید رضی حیدر ۲۲۳

ایک زوجہ کے جذبات ..... اہلیہ محترمہ شہید مولانا سید علی حسنین ۲۲۵

ایک بیٹے کے جذبات ..... فرزند شہید سید صابر حسین ۲۲۸

ایک بیٹی کے جذبات ..... محترمہ مہیم مرزا ملک ۲۳۲

عشق بلا خیز کا قافلہ سخت جان ۲۳۷

ایک ہی سانحہ میں شہید ہونے والے باپ بیٹے

ایک ہی سانحہ میں شہید ہونے والے سگے بھائی

مختلف مقامات پر شہید ہونے والے رشتہ دار

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے ذاکر امام حسینؑ

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے مولانا/موذن صاحبان

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے ماتمی/عزادار

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے ٹرسٹی وارا کین انتظامیہ

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے معلم / مدرس/ اسکاؤٹس

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے طلبہ

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے ڈاکٹرز/اُن کے متقل

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے انجینئرز

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے وکلاء، پولیس اور فوج کے جوان

درجہ شہادت پر فائز ہونے والی کاروباری شخصیات

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے بنکوں اور مالیاتی اداروں کے افراد

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے سرکاری ملازمین

شیلنگ اور فائرنگ سے شہید ہونے والے شہداء ۲۵۹

شہداء کے ہمراہ شہید ہونے والے، برداران اہلسنت ۲۶۳

شہداء کے حالات زندگی ۲۶۷

شہید علامہ محمد حسن ترابی ..... سید حسن مرتضیٰ

شہید ڈاکٹر ابن حسن

شہید ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی ..... ابن مجتبیٰ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید بہادر علی جعفری	ابن آدم جعفری
شہید مولانا شیخ محمد ایوب صابری	
شہید سید صادق حسین شاہ	رضوان حسین شاہ
شہید ڈاکٹر سید ندیم الحسن امروہوی	سید محمود الحسن رضوی
شہید سید محمد ساجد	محمد علی سید
شہید ماسٹر منظور الحسن	سید محمود الحسن رضوی
شہید مظفر کرمانی	
شہید سید آل حسن بلگرامی	
شہید محمود احمد تقوی	سید کاشف زیدی
شہید حمید علی بھوجانی	
شہید محمد بشیر علی بھائی	
شہید مرزا عارف حسین	سید زوار حسین زیدی
شہید محمد اسماعیل	محبت علی قیصر
شہید ذاکر حسین	محبت علی قیصر
شہید فیاض حسین	یاور علی شمسی
شہید شاہد حسین جعفری	ابن مجتبی جعفری
شہید ڈاکٹر پرویز اختر	سید زوار حسین زیدی
شہید پروفیسر سید حسن حیدر	سید جواد رضوی

چند سانحات کی کہانی ہماری اور اخبارات کی زبانی ۳۰۵

انصاف کے ایوانوں میں چند عدالتی کاروائیاں کی اخباری رپورٹنگ ۳۷۷

منظوم خراج عقیدت ۳۸۹

لوح وقت پر لکھی ہوئی تحریریں گلی گلی میں مزار شہید ۳۹۵

خاک میں مل گئے سب میرے لعل وگوہر شہداء کے کوائف / تصاویر ۴۱۷

راہیان کربلا سوئے کربلا شہداء کے جنازے کی تصاویر ۵۴۵

لوح وقت پر لکھی ہوئی تحریریں شہداء کے قبور کے عکس ۵۶۵

دہشت گردی کا نشانہ بنے والی چند مساجد کی اور مختلف سانحات کی تصویری کہانی ۵۹۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چند نادر دستاویزات

سانحہ لیاقت آباد ۱۹۸۳ء کے متاثرین کی فہرست ۶۱۹

وائٹ پیپر ۱۹۷۸ء تا فروری ۱۹۸۵ء کے حالات کا جائزہ کے ایم ندیم ایڈووکیٹ کے قلم سے ۶۲۶

چند سانحات اور شہداء کی ایف آئی آرز ۶۳۰

چند میڈیکو لیگل رپورٹس ۶۴۸

چند پوسٹ مارٹم رپورٹس ۶۵۰

تباہی کے اعداد وشمار سانحہ کراچی جنوری تا اپریل ۱۹۸۳ء ۶۵۵

علامہ محمد حسن ترابی ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے فورم پر ۶۵۷

ایک یادداشت چیف جسٹس آف سندھ ہائی کورٹ کے نام ۶۶۱

اخباری تراشے ۶۶۴

شہادتوں کا سفر ماہ وسال اور ٹاؤن کے آئینہ میں ۶۷۷

شہداء کی تعداد قبرستان کے لحاظ سے ۶۸۱

کس کس کی مہر ہے سر محضر لگی ہوئی سانحات کے وقت ارباب بست وکشاد ۶۸۳

ماہ وسال آشنائی ۶۸۸

کتابیات ۶۹۳

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتساب

ان والدین کے نام جنہیں اُن کی جوان اولاد سے جدا کر دیا گیا۔

ان بھائیوں کے نام جن کے بازو/سہارے دہشت گردی کا شکار ہو گئے

ان بہنوں کے نام جو صبح وشام اپنے بھائیوں کی راہ تکتی ہیں۔

ان بیواؤں کے نام جو پتھرائی ہوئی آنکھوں سے اپنے شریک حیات کی راہ تکتی ہیں اور جن کو ہر آہٹ پر گماں ہوتا ہے کہ شاید جدائی کی سیاہ رات تمام ہوئی۔

ان بچوں کے نام جو اپنے باپ کی شفقت ومحبت سے محروم کر دیئے گئے۔

اُن پس زنداں اور ملت کے گمنام جیالے، شجاع سپاہیوں اور اسیروں کے نام

جنہوں نے ملت تشیع کی عزت وناموس کیلئے اپنا مستقبل داؤ پر لگایا اور

اپنے پیاروں سے جدائی مول لی اور

جنہوں نے اس پر آشوب دور میں سنت ائمہ کی اُس پر خطر راہ کو چنا

جس میں ظاہری اور دنیاوی طور پر خسارہ ہی خسارہ ہے

جب کہ ملت کی صاحبِ حیثیت اکثریت (کیا فوجی/کیا طبیب/کیا مدرس/کیا مہندس/

کیا بیوپاری/کیا ٹرسٹی/کیا مولانا/کیا علامہ؟!)

مالی، مادی اور دنیاوی فائدوں سے مزین سنتوں پر ایک

ہجوم کی شکل میں دوڑی چلی جا رہی ہے؟!؟!

آخر؟

کب تک رہونگا پھرتا لئے قتل گاہ میں
زخموں کے انتظار میں یہ پھول سا بدن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پسِ نوشت

پہلی بات:

پہلی بات یہ ہے کہ تاریخ کو مسخ کرنے کا عمل گرچہ کافی پرانا ہے مگر گزشتہ چند سالوں میں کافی تیزی آچکی ہے۔ اپنی ذاتی پسند و ناپسند کو تاریخ میں بڑے کروفر کے ساتھ شامل کیا جارہا ہے۔ مسلمہ تاریخی حقائق کو ذرائع ابلاغ کے ذریعہ تبدیل کرنے کی کوششیں مسلسل ہورہی ہیں۔ مختلف ٹیلی ویژن کے پروگراموں کے ذریعہ اسلام اور اسلامی تعلیمات کی من پسند تشریحات کے ذریعہ استعماری طاقتوں کی درپردہ مدد کی جارہی ہے۔ دینی و مذہبی کتابوں کے جدید ایڈیشن میں شدت کے ساتھ علمی خیانتیں کی جارہی ہیں۔ دوسری جانب اخبارات میں شائع شدہ خبروں کا بھی کچھ ایسا ہی حال ہے۔ ملت تشیع کے خلاف ہونے والی دہشت گردی کی وارداتوں میں شہداء کی تعداد کو جان بوجھ کر غلط لکھ کر واقعہ کی اہمیت کو کم کرنے کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔

یہی نہیں کہ فقط خنجروں سے قتل کیا
قلم کی نوک سے بھی سر قلم ہوئے ہیں بہت

فاضل لکھنوی

روزنامہ جنگ کراچی کی ۸ مئی ۲۰۰۴ کی اشاعت میں درج ذیل دو رپورٹس بحوالہ ریسرچ اینڈ ریفرنس سیل اور رابعہ شگفتہ شائع ہوئیں جن کی سرخیاں

۱۔ عبادت گاہوں پر فائرنگ اور دھماکوں میں ۱۴۷ افراد ہلاک ہوئے، ۲۰۰ سے زائد زخمی ہوئے پہلا واقعہ ۱۹۹۴ میں مسجد صدیق اکبر میں پیش آیا۔

۲۔ کراچی: ۸۷ سے اب تک ۹۶ بم دھماکوں میں ۳۵۰ افراد ہلاک ہوئے، ۱۲۵۰ سے زائد زخمی ہوئے ایک بھی مجرم کیفر کردار تک نہیں پہنچ سکا۔ مندرجہ بالا دونوں رپورٹس میں حقائق کو توڑ موڑ کر پیش کیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔

۱۔ کراچی میں مساجد پر فائرنگ کا سب سے پہلا واقعہ ۴ جون ۱۹۹۲ کو مسجد وامام بارگاہ باب العلم شمالی ناظم آباد میں پیش آیا جس میں تین شہادتیں ہوئی تھیں جس کا ایف آئی آر نمبر ۱۸۴/۹۲ تیور یہ تھانہ ہے۔ (حوالہ ایچ آر سی پی اسڈی صفحہ نمبر ۱۴۶ از ذوالفقار شاہ)

۲۔ سانحہ مسجد وامام بارگاہ محفل مرتضیٰ پی ای سی ایچ ایس کے شہدا کی تعداد ۱۴ ہے نہ کہ ۲ ہے۔ جبکہ اسی روز پہلے مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل العباسؑ پی آئی بی کالونی میں فائرنگ سے ۶ شہادتیں ہوئی۔ ۲۵ فروری ۱۹۹۵ کو کل ۲۰ شہادتیں ہوئیں جن کو ۲ ظاہر کیا گیا ہے۔ (حوالہ ایچ آر سی پی اسڈی صفحہ ۶۲/۶۳) ایف آئی آر نمبر ۱۱۱/۹۵ فیروز آباد اور ۸۵/۹۵ نیوٹاؤن بالترتیب ہے)

۳۔ جبکہ یکم اکتوبر ۱۹۹۹ میں پیش آنے والے سانحہ مسجد وامام بارگاہ حرؑ (الفلاح) جس میں نماز فجر پر شرپسندوں کی فائرنگ سے ۱۰ شہادتیں ہوئیں تھیں سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ ایف آئی آر نمبر ۱۱۲۱/۹۹ الفلاح (حوالہ HRCP اسٹڈی صفحہ نمبر ۶۶)

۴۔ پھر 4 اکتوبر ۲۰۰۱ میں سانحہ مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰ گرین ٹاؤن جس میں نماز مغرب کے دوران شرپسندوں کی فائرنگ سے ۷ شہادتیں ہوئی، بھی رپورٹ نہیں کیا گیا۔ ایف آئی آر نمبر ۲۱۲/۰۱ محمود آباد (حوالہ HRCP اسٹڈی صفحہ نمبر ۷۳) اسی رپورٹ میں بم دھماکوں کے ذیل میں مندرجہ ذیل واقعات کو رپورٹ نہیں کیا گیا ہے وجہ؟

۱۔ ۱۲ مارچ ۱۹۹۴ کو جامع مسجد وامام بارگاہ باب النجف واقع بفرزون سیکٹر 15-A/4 پر دوران نماز فجر روسی ساختہ بم پھینکا گیا جو کہ پھٹ نہ سکا۔ (حوالہ روزنامہ نوائے وقت، ۱۳ مارچ ۱۹۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۔6اپریل1994 کو مسجد وامام بارگاہ واقع ایم اے جناح روڈ پر نماز مغربین پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا جس میں تین نمازی زخمی ہوئے (حوالہ دی نیوز 7اپریل1994)

۳۔15 مئی1994 کو جامعہ تعلیمات علوم اسلامی واقع صحافی کالونی گلشن اقبال پر بم پھینکا گیا جو پھٹ نہ سکا جس کی وجہ سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

۴۔23 جولائی1994 کو انجمن شہیدائے عباس قصبہ کالونی کی بس پر شب بیداری سے واپسی پر نیو کراچی 5 ڈی کے موڑ پر بم سے حملہ جس سے 6 کم سن بچے شہید ہوگئے۔ (حوالہ جنگ 24 جولائی1994)۔اس واقعہ کو HRCP کی اسٹڈی میں صفحہ 54 پر مسجد پر حملہ کے عنوان سے رپورٹ ہوا ہے۔(ایف آئی آر نمبر386/94)

اب دوسری سُرخی کے حوالے سے بھی: جو کہ مذکورہ اخبار میں رابعہ شگفتہ نے رپورٹ کی ہے

ا۔ بم دھماکوں کے ذیل میں 13 مارچ 1995 کو جامع مسجد وامام بارگاہ حسینی حسین آباد ملیر میں ہونے والے بم دھماکے کا تذکرہ نہیں ہے حالانکہ پہلی رپورٹ میں اس کا ذکر ہے۔ واضح ہو کہ کراچی میں مساجد پر بم دھماکہ کی پہلی واردات ہے۔ جس میں کل 13 افراد شہید ہوئے جس میں سے 8 افراد شیعہ اور 5 افراد برادران اہلسنت سے تھے۔ (حوالہ نیوز لائن کراچی اسپیشل مارچ1995) ذوالفقار شاہ صاحب کی اسٹڈی میں بھی یہ واقعہ رپورٹ نہیں ہوا ہے۔

جنگ اخبار (کراچی ایڈیشن) کی 17 مارچ2002 کی اشاعت میں شائع ہونے والی خبر ''کراچی: سات برس میں 39 ڈاکٹرز دہشت گردی کا نشانہ بنے'' میں بھی صحافتی دیانت داری کا فقدان باعث تشویش ہے۔ تفصیل کچھ اس طرح سے ہے کہ

ا۔ کراچی میں ڈاکٹرز کے خلاف شر پسندوں کی کاروائی کے پہلے شہید ہیں ڈاکٹر سید ندیم الحسن امروہوی نقوی ابن مولانا سید ظفر حسن امروہوی نقوی صاحب قبلہ (بانی مدرسہ جامعہ امامیہ ناظم آباد) جن کو ۲۲ اپریل1994 کو اُن کی رہائش گاہ واقع شمالی ناظم آباد میں نشانہ بنایا گیا۔

۲۔ ڈاکٹر کوثر علی جن 5 جون1994 کو اُنکی کلینک واقع خواجہ اجمیر نگری میں شہید کیا گیا (ایف آئی آر نمبر223/94 خواجہ اجمیر نگری)

۳۔ ڈاکٹر ذوالفقار حیدر جن کو 27 جولائی1994 کو اُنکی کلینک ''فاصل کلینک'' واقع جے دن ایریا کورنگی میں شہید کیا گیا۔ (ایف آئی آر نمبر 438/94 کورنگی)

۴۔ ڈاکٹر ابوالقاسم جیوا جن کو 12 ستمبر1994 کو اُنکی کلینک ''شیخ کلینک'' واقع ناظم آباد میں شہید کیا گیا (ایف آئی آر نمبر325/94 گلبہار)

۵۔ ڈاکٹر محمد علی جن کو 13 دسمبر1994 کو اُنکی ''اسد کلینک'' واقع نیو کراچی میں شہید کیا گیا (ایف آئی آر نمبر494/94 خواجہ اجمیر نگری) یہ تمام نام HRCP/ ذوالفقار شاہ کی اسٹڈی میں صفحہ نمبر 17 پر موجود ہیں۔ روزنامہ امت کراچی 17 جون 2006 کی اشاعت میں ایک رپورٹ بعنوان ''2002 سے اب تک 623 افراد ٹارگٹ کلینک کا شکار ہوئے'' شائع ہوئی۔ جس کی رپورٹنگ ٹیم آصف سعود، اقبال اعوان، صفت بہادر، محمد علی نقوی، ندیم جہاد اور عارف حسین پر مشتمل تھی۔ مذکورہ رپورٹ میں بھی انتہائی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا گیا تھا جس کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے کہ

ا۔ سال2002 میں شہید ہونے والے افراد میں 22 شیعہ افراد کا نام ہی سرے سے غائب ہے جن میں سے کچھ اہم اور قابل ذکر نام یہ ہیں۔

پروفیسر سید ظفر مہدی زیدی (پرنسپل جامعہ ملیہ ملیر)۔ (ایف آئی آر نمبر78/2002 الفلاح)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سیّد راشد مہدی (53/2002 مومن آباد)

ڈاکٹر سیّد آلِ صفدر زیدی نیفرولوجسٹ، (کڈنی سینٹر سے وابستہ) (63/2002 گذری)

ذوالفقار حیدر شہید (سابق کونسلر شاہ فیصل کالونی) (23/2002 شاہ فیصل کالونی)

سید جواد رضوی (آئی سرجن آئی ایچ رضوی کے بھائی) (52/2002 درخشاں)

ڈاکٹر مظفر حسین سموں (لیاری جنرل اسپتال سے وابستہ) (51/2002 بغدادی)

۲۔سال 2003 میں 3 اکتوبر 2003 کو سپاہ کو ملازمین کی بس پر فائرنگ جس میں 6 افراد شہید ہوئے (حوالہ روزنامہ جنگ 4 اکتوبر 2003)

۳۔سال 2004 میں ہونے والے دو بڑے سانحات مسجد حیدری اور مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ کے شہدا کی تعداد درست رپورٹ نہیں ہوئی۔۱۔سانحہ مسجد حیدری واقع سندھ مدرستہ الاسلام میں 22 نمازی شہید ہوئے ہیں جبکہ رپورٹ مذکورہ میں ۱۲ نمازی بتائے گئے ہیں۔۲۔سانحہ مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ واقع ایم اے جناح روڈ میں 26 نمازی شہید ہوئے ہیں جبکہ رپورٹ 12 نمازی بتارہی ہے جو کہ غلط ہے۔(حوالہ روزنامہ جنگ 5 نومبر 2006) ایک اور بات مشاہدے میں آئی ہے کہ اگر ملک کے کسی اور حصے میں مومنین دہشت گردی کا نشانہ بنائے گئے ہوں تو ہمارے شہر کے مقامی اخبارات اس خبر کی اشاعت سے گریز کرتے ہیں۔

دوسری بات: تاریخ شاہد ہے کہ ہر دور میں اور ہر سرزمین پر علیؑ واولادِ علیؑ اور اُن کے پیروکاروں، ماننے والوں اور نام لیوؤں کو ڈرانے دھمکانے اور خریدنے میں ناکامی پر عاجز آکر شہید کیا گیا ہے۔شہادتوں کا یہ سفر دورِ خلافت میں حضرت محسنؑ کی شہادت سے آج تک جاری ہے۔ہاں یہ اور بات ہے کہ قتل کا سبب ایک ہی رہا مگر قاتل اور مقتل بدلتے رہے کیونکہ حکومت کا، طاقت کا اور گولی کا استعمال وہاں ہوتا ہے جہاں حق نہ ہو، صداقت نہ ہو، دلیل نہ ہو، یہ راستہ ابوجہل کا راستہ۔فرعون کا راستہ، ہامان کا راستہ، یزید کا راستہ، سامراج اور استعمار کا راستہ۔اور ہاں آج کا یزید بھی اگر خوفزدہ ہے تو علیؑ کے حقیقی ماننے والوں سے، مکتب حسینی سے، انقلاب اسلامی ایران سے، لبنان کے حزب اللہیوں سے،، دورِ حاضر کے کربلائیوں سے جو کرۂ ارض کے ہر گوشے سے اپنی بساط کے مطابق، نارِ نمرود کو بجھانے کی سعی کرنے والی ہدہد سے سبق لیتے ہوئے یزید دوراں کو للکارتے ہوئے ہر قسم کی قربانیاں پیش کررہے ہیں۔مکتب تشیع ہر دور میں آپ سے قربانی کا تقاضہ کرتا ہے کیونکہ نبی صادق وامین کی ایک حدیث ہے کہ ''ایک شخص آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں آپؐ کو دوست رکھتا ہوں آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا کہ فقر وفاقہ کے لیے تیار ہوجاؤ۔اُس شخص نے پھر کہا کہ میں حضرت علیؑ کو بھی دوست رکھتا ہوں۔آنحضرتؐ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ بلا کے لیے تیار ہوجاؤ''۔حضرت علیؑ کے صحابی سوید بن غفلہؓ سے روایت ہے کہ میں نے علی ابن ابیطالبؑ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''خدا کی قسم، اگر میں دنیا کو منافق پر اچھی طرح انڈیل دوں (مالا مال کر دوں)، جب بھی وہ مجھے دوست نہیں رکھے گا اور اگر (بفرض محال) میری تلوار سے مومن کو اذیت بھی پہنچے، جب بھی وہ مجھے دوست رکھے گا''

اگرچہ ہندوستان میں مختلف مذاہب، ذاتوں، برادریوں اور قوموں کے لوگ آباد تھے اور ان میں مذہبی اختلافات سے لے کر لسانی اور ثقافتی فرق موجود تھے مگر فرقہ واریت کی ابتداء برطانوی دورِ حکومت میں ہوئی ڈاکٹر مبارک علی کے مطابق ''فرقہ واریت ہندوستان میں نہ تو تاریخی ارتقاء وترقی کے نتیجہ میں پیدا ہوئی اور نہ یہ ہندوستانی عوام میں موجود تھی بلکہ یہ نوآبادیاتی نظام کے بعد جو سیاسی، معاشی اور سماجی تبدیلیاں ہوئیں ان کے نتیجہ میں پیدا ہوئی۔ہندوستان میں چونکہ قومیت کی جڑیں نہیں تھیں، لوگوں کی شناخت کسی مذہب کے پیرو کی وجہ سے ہوئی تھی جس کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وجہ سے دوسری علامتیں دب گئیں اور مذہبی شناخت زیادہ ابھر کر سامنے آئی"۔

فرقہ واریت کے فروغ کا دوسرا، اہم سبب ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی میں ہندوستان کی تمام قوموں کا رنگ ونسل اور مذہب سے بالاتر ہوکر انگریز کے خلاف مسلمانوں پر اعتماد کرنا ہے۔ جس سے انگریز سامراج کو تجربہ ہوا کہ اگر ہندوستان کی قوموں کے باہمی اتحاد کو ختم نہ کیا تو سامراجی اقتدار میں اُن کا مزید قائم رہنا ممکن نہیں ہے۔ اس لیے انگریز نے اس خطے کی مناسبت سے اور تضادات کے پیش نظر سامراجی مفادات کے تحفظ کے لیے مذہب کا انتخاب کیا اور بلا واسطہ وبالواسطہ ہندو مسلم اختلافات اور فسادات کی مدد سے ملکی فضا کو مکدر اور نفرت انگیز کر کے اپنے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنایا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ بیماری مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے درمیان بھی پھیلا دی گئی اور ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی میں ہندوستانیوں کی شکست سامراج کو مزید سو سال تک اپنے تسلط کو برقرار رکھنے کا سبب بنی۔

آج کے عالمی استکبار اور دیگر مغربی طاقتیں، جس چیز سے پریشان ہیں وہ ہے اسلامی معاشرے کی انقلابی وحدت کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اسلامی وحدت کی بنیادی وجہ اسلام پر ایمان وعمل ہے۔ یہ ہی امر اُنکی تشویش واضطراب کا باعث ہے۔ اپنے استعماری غلبے کے برسوں میں اور آج بھی مشرق وسطیٰ کے ممالک اور خصوصاً ایران، لبنان اور شام میں انہیں جن نقصانات کا سامنا کرنا پڑا اُسکی اصل وجہ بھی بالکل یہ ہی نقطہ تھا۔ اسی لیے وہ اپنی پرانی اور مجرب چال، تفرقہ ڈالو اور حکومت کرو سے کام لے کر انقلاب کے اثرات کو زائل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں امریکہ میں شائع شدہ کتابچہ "A plan to divide and destroy the Theology" میں CIA کے شعبہ "شیعہ" کے اہم رکن Babwood Words کے دست راست ڈاکٹر مائیکل برانٹ کے انٹرویو کا یہ نکتہ ہی پوری صورت حال کی وضاحت کے لیے کافی ہیں۔ "ہم اس نتیجہ پر پہنچ گئے کہ براہ راست شیعوں کو نقصان پہنچانا اور اپنی پیروی کرانا بہت مشکل ہے لہٰذا یہ طے پایا کہ پس پردہ رہ کر کام کرنا چاہیے اور ہم نے انگلینڈ کے پرانے فارمولے تقسیم کرو اور حکومت کرو، کو ایک دوسرے فارمولے تقسیم کرو اور ختم کرو میں بدل کر اس پر عمل درآمد شروع کیا"۔

(فقہ صادقؑ تاریخ اور سازش کے آئینے میں، از ذوالفقار علی زیدی)

سرد جنگ کے خاتمے اور سوویت یونین کا شیرازہ بکھرانے کے بعد امریکہ کے لیے سب سے بڑا خطرہ ایران کی جمہوری اسلامی حکومت، افغانستان میں اسلامی بنیاد پرستوں کا کنٹرول، وسط ایشاء کی نومولود اسلامی ریاستوں پر اس کے اثرات اور ملوکیت سے جان چھڑا لینے والے اور جان چھڑانے کی جدوجہد کرنے والے کلمہ گو مسلمان ہیں۔ غرض یہ کہ عالم اسلام مغرب کی نظروں میں نئے دشمن کی حیثیت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ عالم اسلام کی علامتی قیادت ایران کر رہا ہے۔ شیعہ اور سنی فرقوں کے درمیان اختلافات ایک تاریخی پس منظر رکھتے ہیں ان اختلافات سے فائدہ استعمار اور اُنکے نمک خوار اُٹھا کر خوں ریزی کرتے اور دنیا کو یہ باور کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ یہ شیعہ سنی لڑائی ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ شیعہ اور سنی دو مکاتب فکر صدیوں سے چلے آرہے ہیں۔ "متحدہ ہندوستان کی سرزمین میں بسنے والے مسلمانوں کا مذہب اہلسنت وجماعت تھا۔ جن کو آج کل بریلوی مکتب فکر کے نام سے یاد کیا جانے لگا ہے اور جملہ جماعتیں جو آج کل نظر آرہی ہیں وہ انگریزی دور حکومت میں اسی جماعت سے، برطانوی حکومت کی تخریبی منصوبے کے تحت جدا ہو کر بنی تھیں ماسوا شیعہ حضرات کے جو سرزمین پاک وہند میں مغلوں کے دور حکومت سے موجود تو تھے لیکن انتہائی قلیل تعداد میں یعنی آٹے میں نمک کے برابر" (ص ۱۱۲، تخلیق پاکستان میں علماء اہلسنت کا کردار علامہ شاہ تراب الحق قادری)

تیسری بات: اسلام کے نام پر قائم ہونے والی ریاست کے قیام کے ابتدائی دنوں میں ہی صاحبان بصیرت نے پاکستان کو مستقبل میں پیش آنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والے خطرات سے آگاہ کر دیا تھا۔ آیت اللہ شیخ محمد حسین کاشف الغطاء نے اپنے ایک خط میں قائداعظم کو لکھا کہ ''قرآن مجید میں خداوند عالم کا ارشاد ہے کہ جو لوگ خدا اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتے ہیں وہ کبھی خدا اور رسولؐ کے دشمنوں سے، خواہ وہ ان کے والدین، بھائی، اور عزیز ہی کیوں نہ ہوں، دوستی نہیں کرتے ہیں بے شک استعمار گر خدا اور اس کے رسولؐ کے دشمن ہیں۔ وہ اسلحہ اور پیسے سے اسرائیل کی مدد کرتے ہیں۔ آپ ایسی اسلامی حکومتوں کے شایاں شان نہیں ہے کہ وہ امریکہ سے معاہدہ کریں اور ان سے فوجی معاہدہ کریں کیونکہ ان معاہدوں میں استعماری ریشے ہیں اور یہ آپ کی تباہی کا سبب ہونگے۔ (ص ۱۷۱، کاشف الغطاء مولف محمد رضا سماک امانی مترجم نثار احمد زین پوری، ناشر انصاریان پبلی کیشنز قم ایران)

اس تنبیہ کو درخورِ اعتنا نہ سمجھا گیا اور مختلف اقسام کے معاہدے کیے گئے اور پھر راجہ صاحب محمود آباد کے مطابق ''ہمارے عوام اور رہنماء پاکستان حاصل کرنے سے پہلے کتنے بھلے، کتنے مخلص اور پرخلوص تھے لیکن پاکستان بننے کے بعد ہندوؤں کی دولت دیکھ کر ان کی آنکھیں چندھیا گئیں اور وہ اس دولت پر ایسے ٹوٹ پڑے کہ اپنا سب کچھ مال ومتاع لٹا دیا'' (مسلم لیگ کراچی کے جلسے سے خطاب، ص ۱۲۳، خطابات راجہ صاحب محمود آباد مرتب اشتیاق حسین) اور ایک ایسا وقت بھی آیا کہ پاکستان پر اپنا سب کچھ نچھاور کرنے والی شخصیت یہ کہنے پر مجبور ہوئی 'ہمارے پیٹ اور معدے بک گئے ہیں اور ہمیں اپنی خوراک خیرات اور قرضوں سے ملتی ہے۔ اگر یہ ہی حالت رہی تو ہمارے ذہن اور ہماری روح کا بھی نیلام ہوگا اور سب سے بڑی بولی دینے والا اُسے خرید لے گا'

(کراچی یونیورسٹی گریجویٹ ایسوسی ایشن کے اجتماع میں تقریر، ص ۱۳۴، خطابات راجہ صاحب محمود آباد مرتب اشتیاق حسین)

جنرل ایوب خان کے مارشل لاء سے قبل اور بعد میں شروع ہونے والی خرابیاں ہر آنے والے دن کے ساتھ بڑھتی چلی گئیں۔ اس کا اندازہ امریکہ کی جانب سے ملنے والی معاشی اور فوجی امداد سے لگایا جا سکتا ہے۔ ''1954 سے 2002 تک امریکہ نے پاکستان کو 12.6 بلین ڈالر کی معاشی اور فوجی امداد دی۔ ان میں سے 19.9 بلین ڈالر فوجی آمروں کو 24 سالہ اقتدار میں دیئے گئے جبکہ جمہوری حکومتوں کے 19 سالہ دور میں صرف 3.41 بلین ڈالر کی امداد دی گئی۔ امریکہ نے آمریت کو مضبوط اور جمہوریت کو کمزور کیا۔ امریکہ اور فوج کے روابط بڑے پرانے، گہرے اور مضبوط ہیں''

(ص 258، جرنیل اور سیاست دان تاریخ کی عدالت میں قیوم نظامی)

تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی اتحاد بین المسلمین کی تحریک آگے بڑھی، پرچم اسلام کی سربلندی کے آثار پیدا ہوئے، امت میں بیداری کے نتیجہ میں اللہ کی زمین پر اللہ کے قانون کے نفاذ کا مرحلہ آیا تو سامراج کی صفوں میں کھلبلی مچ گئی اور استعمار کی نیندیں اڑ گئی۔ ایسے میں ملوکیت اور اسلام دشمن طاقتوں نے ملائیت کو آلہ کار بنایا، جنہوں نے ملت کے مخلص، دیندار اور اسلام محمدی پر عمل پیرا مسلمانوں کے خلاف کفر وارتداد کا الزام لگا کر ملت کے اتحاد کو پارہ پارہ کیا۔ جس کی وجہ سے ملت آپس میں دست وگریباں ہو کر نہ صرف اپنی توانائیاں ضائع کرتی رہی بلکہ اسلام دشمن طاقتوں کی مضبوطی کا سبب بنی۔

اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ میں شیعہ سنی بھائیوں کی طرح اکھٹے رہتے ہوئے تمام اختلافات اور متنازعہ مسائل کو علمی انداز میں آپس میں زیر بحث لاتے رہے ہیں لیکن یہ پہلی دفعہ 1985 میں ضیاء الحق کے دورِ حکومت میں ہوا کہ آئین پاکستان کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک تنگ نظر، محدود سوچ اور سامراجی ایجنڈے کی تکمیل کے لیے نام نہاد مذہبی تنظیم کو آزادی کے ساتھ کام کرنے کا موقع دانستہ دیا جاتا رہا۔ جو مسلمان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے قتل عام، آپس میں لڑانے کے لیے خالص علمی مباحثوں کو گلی کوچوں میں لاکر نیم خواندہ اور کم عقل وشعور کے حامل افراد کو شیعوں کے خلاف بھڑکاتی رہی ہے۔

اللہ کی زمین اس کے نیک بندوں کے خون سے رنگیں ہونے لگی۔ فتوی فروشی کا کاروبار خوب چمکا۔ مسلمان گروہ در گروہ تقسیم ہوتے رہے، کیا وہ نہیں سمجھتے کہ ان فتوں کا کیا نتیجہ ہوگا۔ ماضی کے گڑے مردے اکھاڑنے سے کیا حاصل؟۔ اس نااتفاقی کی بدولت اسلام دشمن اور سامراجی طاقتوں نے آج دنیا بھر میں مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے ۔ کیا فلسطین، کیا کشمیر، کیا افغانستان، کیا عراق، جہاں کھلے عام بلاتفریق مسلک وزبان۔ رنگ ونسل کے مسلمانوں نسل کشی کی جارہی ہے۔

چوتھی بات: آج بھی استعمار کو مشرق وسطی کے ممالک اور خصوصاً ایران، لبنان اور عراق وافغانستان میں جن نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہ مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے باہمی اتحاد واتفاق کا ثمر ہے۔

اُنہوں نے اس حقیقت کو پالیا ہے کہ اگر ہم موت کے خوف پر قابو پانے میں کامیاب ہوگئے تو دشمن کا ہر حربہ ناکام ہو جائے گا کیونکہ استعمار اپنی مادی اور فوجی برتری کے بل بوتے پر مسلمانوں میں موت کا خوف پیدا کرتا ہے۔ نعیم قاسم کی کتاب ''حزب اللہ'' کے مترجم محمد یحییٰ خان لکھتے ہیں کہ ''یہ درست ہے کہ حزب اللہ شیعی مسلک کے مسلمانوں کی تنظیم ہے لیکن وہ جس مشن کو لے کر اُٹھی ہے وہ سب مسلمانوں کا مشترکہ مشن ہے دنیا میں آج بھی جو فرد، گروہ یا جماعت ہے اُس کا کوئی نہ کوئی مسلک ہوتا ہے۔ اگر ہم مسلک کے تعصب میں مبتلا ہو کر بے عملی کی دلدل میں پھنس گئے تو کبھی بھی نہ سنبھل پائیں گے لیکن اگر ''اپنے عقیدے کو مت چھوڑو اور دوسرے کے عقیدے کو مت چھیڑو'' کے اصول کو اپنالیں اور مشترکہ مقاصد کے لیے مل جل کر کام کریں تو اپنی منزل کو بہت جلد پالیں گے۔ اگر ویٹی کن یہودیوں کو خون حضرت عیسیٰ معاف کر کے یہودی عیسائی مشترکہ محاذ کی داغ بیل ڈال سکتا ہے تو کیا مسلمان آپس میں ''کل مسلم اخوۃ'' کا مظاہرہ نہیں کر سکتے ہیں''۔

(ص ۱۵، حزب اللہ نعیم قاسم مترجم محمد یحییٰ خان)

استعمار اپنی چال، تفرقہ ڈالو اور حکومت کرو سے کام لے کر انقلاب کے اثرات کو زائل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے کیونکہ اس انقلاب نے بڑی طاقتوں اور بالخصوص امریکہ کے غرور کو توڑنے اور چھوٹی اقوام کے اعصاب پر اس کی ہیبت کے بوجھ کو تقریباً ختم کر دیا ہے۔ مذہب پر رجعت پسندی کا الزام لگانے والے ہوں یا سیکولر دنیا کے لوگ جو مذہب کو قوت کی حیثیت سے تسلیم کرنے سے انکاری تھے وہ انقلاب ایران کی صورت میں اسلام کی سیاسی قوت کے بھرپور اور نتیجہ خیز مظاہرے دیکھ کر ہکا بکا رہ گئے۔

محمد صلاح الدین (سابق ایڈیٹر تکبیر) انقلاب ایران کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ''امام خمینیؒ کی قیادت میں تاریخ کا یہ انوکھا تجربہ دنیا کے سامنے آیا کہ ایمان اور جذبہ شہادت کے ذریعہ بڑی سے بڑی قوت کو کس طرح شکست دے سکتے ہیں۔ اس تجربے نے دنیا کی تمام اسلامی تحریکوں کو متاثر کیا۔ ان کے حوصلوں کو بلند کیا۔ دنیا کے مظلوم اور کچلے ہوئے لوگوں میں نئی امنگ پیدا کی۔ ان کے اندر چھائی ہوئی مایوسی وپژمردگی کو دور کر کے یقین واعتماد کی تازہ روح پھونکی اور امید کی روشنی سے ان کے ذہنوں کو منور کیا''

(ص۔۱۳۹ انقلاب ایران)

عالمی استکبار کے نمائندہ امریکہ اور دیگر مغربی طاقتوں کا نفسیاتی مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے شاہ کی حفاظت کے لیے اسلحہ کے انبار فوجی لاؤلشکر،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساوک جیسی سفاک تنظیموں، سراغرسانی کی مختلف ایجنسیوں، مغرب زدہ مفاد پرست طبقے کی بالادستی اور امریکی تہذیبی گرفت کا جو مضبوط حصار قائم کیا تھا اُسے ان مدرسوں سے فارغ تحصیل علماء اور اُنکے پیروکاروں توڑ پھوڑ کر رکھ دیا۔ ہمارے انتظامات میں کیا کوتاہی تھی؟

''ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام ذوالفقار شاہ کی مطالعاتی رپورٹ ''فرقہ وارانہ دہشت گردی کراچی میں ۱۹۹۴ تا ۲۰۰۳ پر ۱۳ ستمبر ۲۰۰۲'' پر اظہار خیال کرتے ہوئے اُس وقت کے ایس ایس پی پولیس (انٹیلجنس برانچ) نے بتایا کہ ''فرقہ وارانہ دہشت گردی حکومت کی مذہبی جنونیوں کی سرپرستی کا نتیجہ ہے اور ان جماعتوں کو وجود بخشنے والے (انٹیلی جنس ایجنسیاں) بھی ان پر قابو پانے میں ناکام ہیں''۔ کاش اُن کو معلوم ہوتا کہ وہ کتنا بڑا جرم کر رہے ہیں۔

درحقیقت وہ اس صدی کو جو کہ غیروں کے مطابق مسلمانوں کی صدی ہے، کا قتل کر رہے ہیں۔ مسلمانوں کے مستقبل کو تاریک کر رہے ہیں۔ ان ہی سازشوں کی سمت اشارہ کرتے ہوئے رہبر امت حضرت امام خمینیؒ نے فرمایا ''استعمار اسلام کے نام پر اسلام کو ختم کر دینا چاہتا ہے۔ جن ممالک میں شیعہ اور سنی کے مابین کچھ ناپاک ہاتھ اختلاف پیدا کر رہے ہیں وہ نہ شیعہ ہیں نہ سنی بلکہ استعمار کے آلہ کار ہیں اور دونوں کے دشمن ہیں''۔

ابھی بھی وقت ہے کہ جن اسلامی عقائد پر اتفاق رائے اور ہم آہنگی پائی جاتی ہے اُن بنیادوں پر ہم اتحاد بین المسلمین کو مضبوط بنائیں اور اختلافی مسائل کی تشہیر کے بجائے دینی، سیاسی اور ثقافتی محاذوں پر مشترکہ جدوجہد کی راہ اپنائیں۔ آج استعمار اور ان کے آلہ کاروں کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اتحاد کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں سردست اپنی آزادی اور اپنی سرزمین کو بچانے کے ساتھ ساتھ مستقبل پر منڈلاتے ہوئے خطرات کا بھی مقابلہ کرنا ہے۔ اگر ہم اب بھی متحد نہ ہوئے تو ہم پر کسی بھی وقت آفت ٹوٹ سکتی ہے جیسا کہ ماضی کی تاریخ کے مختلف ادوار میں ہوا ہے سقوط بغداد اور سلطنت عثمانیہ کی مثال سامنے ہے۔

تاریخ تشکیل پاکستان کے ایک خاص حصے، اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے عالمی منشور اور ۱۹۷۳ کے آئین کو دہرانے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ عزاداری ہمارا دینی، آئینی، قانونی اور پیدائشی حق ہے جو کسی کو غصب نہیں کرنے دیں گے۔ قائد ملت جعفریہ علامہ سیدّ ساجد علی نقوی قبلہ کے فرمان کے مطابق ''اگر عزاداری کسی دور میں مستحب تھی تو آج واجب ہے'' اس سلسلے میں حکومتی سطح پر انتظام اور تعاون کوئی احسان نہیں بلکہ کسی بھی برسر اقتدار حکومت کی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے جسے وہ پورا کرنے کی آئینی، قانونی اور اخلاقی طور پر پابند ہے۔ (اگرچہ ہم اُس کے شکر گزار ہیں)

شہید استاد مرتضیٰ مطہری کے مطابق ''قرآن کریم میں قوموں کے عروج وزوال کے چار موثر عوامل میں ایک ''عدالت اور بے عدالتی'' بھی ہے مجرموں اور دہشت گردی میں ملوث افراد کے خلاف مختلف اداروں اور سول سوسائٹی کی جانب سے اختیار کیا جانے والا کردار بھی دہشت گردی کے فروغ کا سبب بنا۔ جس کی چند جھلکیاں ''انصاف نہ ملنے کی دہائی، وکیل نے چیف جسٹس کے سامنے خود کو آگ لگالی۔ لاہور (نمائندہ جنگ) لاہور ہائی کورٹ سے انصاف نہ ملنے کی دہائی دیتے ہوئے سنیئر وکیل سردار بلال احمد نے لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے سامنے بھری عدالت میں پیٹرول چھڑک کر خود کو آگ لگالی۔ سردار بلال احمد ایڈووکیٹ کمرے عدالت میں داخل ہوئے اور چیخ وپکار کرنے لگے کہ ساری عمر کی کمائی سے بنایا ہوا گھر نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے گرادیا ہے۔ اُنہیں متبادل گھر بھی نہیں دیا گیا ہے اور نہ ہائی کورٹ سے انصاف مل رہا ہے۔ اس پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چیف جسٹس نے سردار بلال احمد ایڈوکیٹ سے کہا کہ آپ کا کیس میرے پاس نہیں ہے، اس لیے میں کیا کہہ سکتا ہوں۔ آپ تحمل سے بات کریں اور جذباتی نہ ہوں۔ اس پر سردار بلال احمد نے کہا کہ اگر آپ کے پاس میرا کیس نہیں ہے تو میرے پاس پیٹرول ہے یہ کہہ کر سردار بلال احمد نے پیٹرول کی بوتل نکال کر خود پر چھڑک کر آگ لگالی'' (روزنامہ جنگ کراچی، ۱۵ ستمبر ۲۰۰۴)

عدالت نے اپنے فیصلے میں پولیس کے رویے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ ''مقتول ایس پی (علی محمد بلوچ ایس پی کرائم برانچ فیصل آباد) تھے لیکن اُن کے مقدمے کی تفتیش ایک تھانیدار نے کی۔ کسی افسر نے نگرانی تک نہیں کی۔ اگر ایک پولیس افسر کے ساتھ یہ صورتحال ہوسکتی ہے تو عام لوگوں کے ساتھ کیا ہوگا۔

(روزنامہ جنگ ۱۷ جولائی ۲۰۰۲)

معاشرے میں نفسانفسی اور پولیس کی جانب سے روا رکھے جانے والے رویہ کی بنا پر لوگوں میں اپنی مذہبی، اخلاقی، معاشرتی اور قانونی ذمہ داری ''گواہی'' دینے سے اس حد تک گریز پایا جاتا ہے

حادثے سے بڑا سانحہ یہ ہوا لوگ ٹھہرے نہیں حادثہ دیکھ کر

گذشتہ ساٹھ سالوں میں ہم نے مساجد، امام بارگاہوں اور دوسری مذہبی عمارتوں کی تعمیرات میں کافی ترقی کی ہے مگر افسوس اس بات کا ہے کہ اس ڈیڑھ کروڑ کی آبادی والے شہر میں آپ کا اپنا ایک بھی معیاری کتب خانہ اور ریسرچ سنٹر نہیں ہے کہ جہاں سے خالصتاً علمی اور عالمی سطح پر اسلام اور تشیع پر ہونے والے حملوں کا جواب دیا جارہا ہو۔ ہاں نام کی حد تو ریسرچ سنٹر ہیں، مگر کیا وہاں تحقیق ہورہی ہے؟۔

ایک ایسے وقت میں جب استعمار اور اُس کے کارندے، جنہوں نے بظاہر تشیع کا لباس زیب تن کیا ہوا ہے، اپنے قلم وزبان سے مکتب پر ضربیں لگا رہے ہیں ہماری اجتماعی حالت کیا ہے۔ اُس کی تصویر کشی محترم جناب وحید الحسن ہاشمی صاحب نے کتاب ''احوال واقعی'' کے مقدمہ میں کچھ ایسے کی ہے ''اس دور میں شیعہ قوم تین طبقوں میں بٹی ہوئی ہے پہلا طبقہ علمائے حق کا ہے جو مایوسی کے عالم میں اپنی شرافت نفس کا تحفظ کرتے ہوئے گوشہ نشینی پر مجبور ہے۔ ان میں نہ اتنی سکت ہے نہ جان کہ وہ منبر کے تقدس کو بچانے کے لیے میدان عمل میں اتریں اور ناموس رسالت کی توہین کا مدلل ومسکت جواب دیں۔

دوسرا طبقہ ذاکرین کم فہم، کم نظر اور کم عقل کا ہے جو منبر رسولؐ پر قابض ہوگیا ہے اور اپنی باطل تقاریر اور مناظرانہ گفتگو سے عوام میں مقبول ہے۔ ان ذاکرین نے اپنے اپنے ایجنٹ رکھ لئے ہیں جو کمیشن لے کر اپنا اور ذاکر کا کاروبار چلا رہے ہیں۔ جب اُن ایجنٹوں سے پوچھا جاتا ہے کہ قبلہ اتنی بھاری فیس کیوں طلب کرتے ہیں تو اُن کا جواب سن لیں۔

۱) مولانا کو اپنی حفاظت کے لیے دو تین گارڈز رکھنے پڑتے ہیں جن کی ماہانہ تنخواہ پانچ ہزار روپے ہیں فی کس ہے

۲) بانی مجلس اپنی شہرت اور نام ونمود کے لیے بھاری فیس دینے میں تامل نہیں کرتے۔

۳) قبلہ کے ساتھ پیٹ بھی لگا ہے اور بچوں کی خوراک اور تعلیمی اخراجات بھی کرنا پڑتے ہیں۔

ایجنٹ صاحبان سے مودبانہ عرض ہے کہ اگر جان بچانے کے لیے مولانا گارڈز رکھتے ہیں تو وہ منبر سے یہ کیوں کہتے ہیں کہ میدان جنگ میں حضرت علیؑ نہ سر پر خود، نہ بازو پر جوشن، نہ پشت وسینہ پر سپر رکھتے تھے۔ کیا ائمہ اطہار نے اپنی حفاظت کے لیے کبھی گارڈز رکھے۔ مولانا ائمہ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیروی کا دم بھی بھرتے ہیں اور ائمہ کے اسوہ کے خلاف عمل بھی کرتے ہیں۔ جہاں تک بانی ءمجلس کے رقم کی ادائیگی کا سوال ہے وہ مولانا کے حصول دنیا کے لیے قیامت تک رقوم پیش کرتے رہیں گے۔ اگر کوئی شخص امام سے یا رسولؐ سے یا خدا سے دنیاوی ٹھاٹ باٹ طلب کرتا ہے تو یہ ہستیاں اُسے دینے میں بخل سے کام نہیں لیتیں۔ مولانا کو علم ہے کہ ائمہ کے ساتھ پیٹ لگا ہوتھا اور ان کے زیر پرورش اہل وعیال بھی تھے کیا وہ بچوں کی پرورش کے لیے جگہ جگہ مجالس ومحافل پڑھنے جاتے تھے۔ تیسرا طبقہ عوام کا ہے ان کی فریاد بھی سن لیجئے اور کوتاہیوں، نامناسب رویوں کے تدارک کا کوئی دیرپا اور مستقل اہتمام کیجئے۔

۱) اہل منبر مجالس میں خود روتے نہیں ہمیں رُلاتے ہیں۔ خود ماتم نہیں کرتے، ہم سے ماتم کراتے ہیں۔

۲) وہ قیمتی کاروں میں سفر کرتے ہیں اور عالی شان مکانوں میں رہتے ہیں جبکہ عوام کے پاس نہ سواری کا بندوبست ہے نہ رہائش کے لیے مکان ہے۔

۳) اُن کے بچے اعلیٰ اور بھاری فیسوں والے اسکولوں اور کالجوں میں پڑھتے ہیں جبکہ ہمارے بچے کارپوریشن کے اسکول اور کالج میں پڑھتے ہیں ،جن کی فیس دینے کی بھی ہم میں استطاعت نہیں ہے۔

۴) مسجدوں میں سنگ مرمر کی ٹائلیں لگائی جارہی ہیں، بلند وبالا مینار بنائے جاتے ہیں جن پر لاکھوں روپے خرچ ہوتے ہیں۔ امام بارگاہوں کی زیبائش پر بے بہا خرچ کیا جاتا ہے مگر غربا کے لیے نہ کوئی ادارہ بنتا ہے نہ ان کی مالی مدد کی جاتی ہے۔

۵) سہم سادات کی رقم نہ غریب سیدوں کو ملتی ہے نہ سیدانیوں کو سہارے کے لیے دی جاتی ہے۔ سید اور سیدانیوں کے لیے پاکستان میں کاغذ پر کچھ ادارے بنے ہیں جب کوئی سیدانی گرتے پڑتے وہاں جاتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ فلاں فلاں مولوی صاحبان سے تصدیق کروا کر لاؤ کہ واقعی تم سیدانی ہو، جب وہ مفلوک الحال مولوی کے گھر پہنچتی ہے تو اطلاع ملتی ہے کہ مولوی صاحب عشرہ ثانی پڑھنے کے لیے میرپور خاص یا میانوالی گئے ہیں پندرہ دن کے بعد واپس آئیں گے، دوسرے اور تیسرے مولوی صاحبان بھی گھر پر نہیں ملتے اور غریب سیدانی خدا کی امداد پر بھروسہ کر کے گھر میں بیٹھ جاتی ہے۔

۶) اگر کوئی مومن شہید ہوجاتا ہے نہ اُس کی بیواہ کی خبر گیری کی جاتی ہے نہ اس کے بچوں کو دلاسہ دینے والا کوئی آتا ہے۔ کاش کوئی ادارہ یا حلقہ ہوتا جو ان یتیم بچوں کی پرورش اور ان کی تعلیم کا بندوبست کرتا۔

۷) اہل منبر مجلسیں پڑھ پڑھ کر اپنی پی آر مضبوط کر لیتے ہیں اور اُن کی بچیوں کی شادی عنفوان شباب میں ہوجاتی ہیں مگر غریب شیعہ بچی کو رشتہ دینا کوئی پسند نہیں کرتا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اُن کے سروں پر چاندی کے بال اُگنے لگتے ہیں۔

۸) پاکستان میں شیعوں کی آبادی دو تین کروڑ ہے جن میں پندرہ لاکھ نوجوان بے روزگار ہیں۔ امیر بچے بھی بے روزگار ہیں مگر ان کے والدین ان کے کفیل ہوجاتے ہیں۔ اس ملک میں رشوت اور سفارش سے ہر کام ہوجاتا ہے مگر غریب کے پاس نہ رشوت کے لیے رقم ہے نہ کوئی سفارش، نتیجہ میں گھروں میں بے اطمینانی اور تصادم کی فضا پیدا ہوجاتی ہے۔

۹) پاکستان بھر میں تقریباً تین چار لاکھ مجالس اور محافل منعقد ہوتی ہیں قریب قریب اتنے ہی اہل منبر ہیں انھوں نے اپنی مجالس میں نہ بے روزگاری، نہ شعراء اہلبیتؑ کی حالت، نہ بچیوں کی شادی، نہ تجارت، نہ بچوں کی پرورش، نہ سید اور سیدانیوں کے مصائب، نہ شہداء کے پسماندگان کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کفالت پر تقریر کی، جیسے یہ عمرانی مسائل شیعہ قوم کے اندر پائے ہی نہیں جاتے۔

۱۰) متحدہ ہندوستان میں کم سن بچوں کو طرح طرح کا تبرک دیا جاتا تھا۔ وہ بچے تبرک کے شوق میں مجالس میں شرکت کرتے تھے یوں لاشعوری طور پر ان کے کان مین محمدؐ آل محمدؐ کے فضائل ومصائب پڑ جاتے تھے۔ اب تبرک ختم کر کے اس کی رقم ذاکروں کی جیب میں ڈال دی جاتی ہے اس عمل سے جدید دور کی مجالس میں بچے شریک نہیں ہوتے ہیں"۔

ع اب تو علامہ تبرک کی رقم کھاتے ہیں (فیض بھرت پوری)

ان سب حالات کے باوجود ابھی بھی وقت ہے کہ ہم سب اپنی انفرادی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی ذمہ داریوں کے لئے بھی وقت نکالیں، جن مسائل کی نشاندہی کی ہے اُن کے حل کے لیے مخلصانہ کوششیں کریں۔ جو ادارے پہلے سے کل پاکستان کی بنیاد پر سرگرم عمل ہیں ان کی مدد کریں مثلاً تعلیم کے میدان میں انجمن وظیفہ سادات ومومنین یا شہداء کے حوالے سے شہید فاونڈیشن پاکستان۔ وغیرہ

"یہ فیصلہ کی گھڑی ہے کہ ہمیں کونسی شہرت، عزت اور سربلندی درکار ہے۔

درست ہے کہ راہ حق بہت دشوار گزار ہے

سخت امتحان بار ہے

مگر ہمارے پاس اسوہء حیدر کرارؑ اور کربلا والوں کا کردار نہیں ہے

اگر ہم واقعی کربلا والے ہیں اور

ایک راسخ العقیدہ حسینی ہیں

تو ہمیں اس دشوار گزار راستے کا انتخاب کرنا ہوگا

جو ابوذر غفاری، میثم تمار اور قنبر جیسے

علیؑ کے غلاموں نے کیا تھا" (نشان راہ: مولانا حسن ظفر نقوی)

آج اِس الیکٹرانک میڈیا کی چکاچوند، دنیا میں کتاب کیوں لکھی جائے؟

تاریخ انسانی میں تحریریں، دائمی اثرات کی حامل، حیات بخش اور قوموں کی حیات اور ترقی کا پیمانہ ہوتی ہیں۔ تقریریں وقتی طور پر بڑی پُراثر ہوتی ہیں مگر تحریر کے دائمی اثرات ہیں۔ افراد مرجاتے ہیں مگر کتابیں مرتی نہیں بلکہ منتقل ہوتی ہیں۔ ہر زندہ قوم ومذہب میں تصنیف وتالیف کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوتی ہے اگر کوئی مذہب اس محاذ پر کمزور ہوجائے تو وہ اپنا بھرپور دفاع نہیں کر پاتا ہے۔ اس کے پیروکار، واعظ اور مبلغین کی اکثر گفتگو منطق ومضبوط استدلال کے بجائے خوش کن الفاظ، جذبات، نکتہ آفرینی اور خوش کن لطیفوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

شہداء ملت کو یاد رکھنے کا ایک بہترین طریقہ ہے کہ ان کی عملی زندگی اور حیات بخش کارناموں کو یاد رکھا جائے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ ان زندگی اور حالات وواقعات شہادت کو قلم بند کر کے، کتاب کی صورت میں پیش کیا جائے کیونکہ

ع ہر زمانے میں، زمانے کی ضرورت ہے کتاب

ملت کے غیور اور باشرف شہداء کے بکھرے ہوئے حالات کو جمع کر کے صفحہ تاریخ پر کتاب کی شکل میں محفوظ کیا جائے اور وقت اور وسائل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملتے ہی اسکے منتخب ابواب کا انگریزی ترجمہ کرا کے دنیا کی مشہور ومعروف لائبریوں اور انسانی حقوق کے اداروں کو ارسال کیا جائے تا کہ دنیا کو معلوم تو ہو کہ ہماری حکومت سامراج کے مفادات کی جنگ لڑتی رہی اور اپنے ملک میں جاری دہشت گردی سے دیدہ دانستہ چشم پوشی کی، قیام پاکستان اور استحکام پاکستان کے لیے سر دھڑ کی بازی لگانے والوں کی اولادوں کے خلاف دہشت گردی پر جانبدارانہ رویہ اختیار کیا۔

کتاب کی تدوین وتالیف کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ملت تشیع کے خلاف ہونے والی دہشت گردی میں ہونے والے جانی، مالی، خسارے کے ساتھ ساتھ ہیومن ریسورس (پڑھی لکھی، تجربہ کار وہنرمند افرادی قوت) کے نقصان کو منظر عام پر لایا جائے۔ مثلاً 44 ڈاکٹرز کے قتل کا مطلب ہے کہ 57640 افراد کو علاج معالجہ سے محروم کر دیا گیا۔ وطن عزیز میں 1310 افراد کے لیے ایک ڈاکٹر موجود ہے۔

(33 شیعہ اور 11 اہلسنت ڈاکٹرز جن میں سے چار ڈاکٹرز کو شیعوں سے ملتے جلتے ناموں کی وجہ شہید کر دیا گیا)

اس کتاب کی تیاری کے دوران کچھ اہل علم وصاحبان منبر اور نظریاتی ساتھیوں سے اُن کے مرتبہ اور خدمات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تحریر یا کسی سانحہ سے متعلق تصویر یا پھر کسی شہید سے متعلق تحریر یا تصویر کے سلسلے میں تعاون کی درخواست کی، متعدد ملاقاتوں، یاد دہانیوں اور ٹیلی فونوں کے بعد بھی، اُن کا بہت ہی حوصلہ شکن جواب ملا۔

الحمدللہ، اس بندے ناچیز وحقیر نے اس کتاب کی تالیف کو ایک قرض وفرض سمجھ کر مکمل کیا ہے کیونکہ اس کارواں شہادت (کاروان حج و زیارت نہیں) میں ہمارے بہت سے ساتھی ہم سے بچھڑ گئے ہیں۔ مولا شاہد ہیں کہ اس تحریر کی ترتیب واشاعت میں بھی ہمارے ذہن کے کسی گوشہ میں بھی اس کتاب کے ذریعہ سے کسی قسم کی مالی منفعت یا شہرت کا حصول نہیں ہے۔

اس لیے کہ اِس کتاب کی بنیاد صرف اور صرف اُن شہداء کی یاد کو قائم اور محفوظ کرنا ہے جنہوں نے آمادگی وآگاہی کے ساتھ یا بغیر آمادگی و آگاہی کے حبِ اہلبیت کے حوالے سے خلعت شہادت کو زیب تن کیا۔ اس کتاب کی تدوین اور جمع آوری کا کام دس سال سے زائد عرصے پر محیط ہے جس کا اندازہ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد ہی ہوگا۔ ہم نے خونِ شہداء کی کرامات کا، قدم قدم پر مشاہدہ کیا اور یہ اُن ہی کے طفیل ہے کہ ۲۵ دسمبر ۲۰۰۶ کو ایک قاتلانہ حملے میں بچ جانے کے بعد آج ہم اس کو مکمل کرنے کے لیے موجود ہیں۔ کیونکہ

شکوہ ظلمت شب تو کہیں بہتر تھا
اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

احمد فراز

اس کتاب میں حوالوں، اعداد وشمار اور واقعات کو حتی الاِمکان تصدیق کرنے کے بعد شامل کیا گیا ہے۔ لیکن پھر بھی غلطی کا امکان موجود ہے کیونکہ یہ کام کسی فرد یا افراد کا نہیں بلکہ ایک ادارے کا ہے جو تائید مالک اور کرمِ آئمہؑ سے اس بندہِ ناچیز کے ہاتھوں سے منظر عام پر آیا۔

لہٰذا پڑھنے والوں سے گذارش ہے کہ وہ اس سلسلے میں نشاندہی کے ساتھ ساتھ نامکمل معلومات کے سلسلے میں بھی تعاون میں فرمائیں اگرچہ استاد سبط جعفر صاحب نے اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے کتاب کی پروف ریڈنگ کی ہے اگر اسکے باوجود بھی غلطیاں ہیں ہے تو وہ ہماری ہیں استاد محترم کی نہیں۔

ہم ممنون احسان ہیں اُن تمام خانوادہ شہداء، علماء کام خصوصاً قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی، مولانا حسن رضا غدیری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(لاہور)، مولانا سید رضی جعفر نقوی، مولانا سید محمد عون نقوی، مولانا سید شہنشاہ حسین نقوی قمی، مولانا احمد علی امینی، مولانا اکبر علی ناصری اور مومنین کرام کے، جنہوں نے اس سلسلے میں معلومات، تصاویر یا تحریروں کے ذریعہ سے تعاون کیا۔

اداروں میں خصوصاً خوجہ اثنا عشری جماعت، اراکین شہید فاؤنڈیشن پاکستان، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے، شخصیات میں جناب محترم پروفیسر سیّد زین العابدین صاحب، محترم جناب سیّد سلمان حسین صاحب، محترم پروفیسر سید سبط جعفر صاحب، محترم جناب آل محمد رزمی صاحب، محترم جناب سیّد ذوالفقار حسین نقوی صاحب محترم جناب عالم شاہ جی (وادیِ حسین)، محترم جناب سیّد محمد حسین نقوی صاحب جنہوں نے انگریزی مضامین کا اردو میں ترجمہ کیا، محترم جناب علی رضا صاحب، محترم جناب زیدی صاحب جو اس کام کا وسیلہ بنے، عباس بھائی سولجر بازار، ہاشم بھائی جنہوں نے نادر تصاویر و دستاویزات سے حوصلہ دیا،، صادق بھائی، سجاد بھائی، صابر بھائی، شبیر بھائی، خورشید بھائی، شاہد بھائی (پریس)، حیدر بھائی (پریس)، عمران علی بھائی جن کی موٹر بائیک کی بدولت کراچی کے مختلف امام بارگاہوں اور ۲۰ قبرستانوں تک رسائی ہوئی اور اُن تمام گورکنوں کا جنہوں نے شہداء کے قبور کی نشاندہی کی۔

ہم شکر گزار ہیں اپنے اہل خانہ کے خصوصاً والدہ اور اہلیہ کے جنہوں نے ہر مشکل گھڑی میں ہمارے ہر طریقے سے نہ صرف ساتھ دیا بلکہ حوصلہ دیا اور دامے درہمے سخنے ہماری مدد کی، حقیقت یہ ہے کہ اہل خانہ کے تعاون کے بغیر کتاب کی تالیف ممکن نہ ہوتی۔

ہمارے سلام ہو ان افراد جنہوں نے مالی تعاون سے اس کتاب کی اشاعت کو ممکن بنایا۔ ان کے مرحومین کے لیے ایک سورہ فاتحہ کی درخواست ہے

آخر میں تمام شہدائے اسلام خصوصاً شہدائے عزاداری اور تمام مومین اور مومنات کے لیے سورہ فاتحہ کی درخواست ہے۔ اس دعا کے ساتھ اجازت چاہتے ہیں کہ

اللہ مجھے لشکر مہدیؑ سے ملا دے

سید حسن مرتضیٰ

محرم الحرام ۱۴۳۰ھ / دسمبر ۲۰۰۹ء

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقدمہ

مقتل کو سرخرو کر کے

آل محمد رزمی

حسن مرتضیٰ کو میں نہیں جانتا وہ کون ہیں؟ کیا ہیں؟ لیکن یہ ضرور جانتا ہے کہ وہ اپنے پہلو میں ایک حساس دل رکھتے ہیں، قوم کے دکھ سے آشنا ہیں، قومی مسائل ومعاملات پر با آواز بلند اور خلوص نیت کے ساتھ سوچتے ہیں۔

مولانا حسن ترابی کی شہادت ایک ایسا حادثہ تھا جسے بھلانا ممکن نہ تھا لیکن بس درد اور ہوک کی لہر اٹھی اور وقت کے ساحل سے ٹکرا کر ختم ہو گئی لیکن حسن مرتضیٰ کی حساس نگاہوں سے یہ دیکھا نہ گیا، وہ اس فریب تماشہ سے آگے بڑھے اور انہوں نے مولانا حسن ترابی کی زندگی کے لمحہ لمحہ کو زنجیر کرنے کی کوشش کی اور شہید پر ایک معیاری کتاب مرتب کی مجھے نہیں معلوم کہ حسن مرتضیٰ اس مرحلے میں کرب کی کس کس راہ سے گذرے۔ اس راہ میں حجۃ الاسلام مولانا سید شہنشاہ حسین نقوی دام مجدہ بھی اُن کے ہمسفر ہیں۔ اُن کی موجودہ کتاب ''شہداء ملت جعفریہ کراچی'' مختلف موضوعات کی بھول بھلیاں ہے۔

اس میں کراچی کے عزاداری کی تاریخ بھی اور سانحات کراچی کا تذکرہ بھی، اس میں محبت اہلبیتؑ کے جرم بے گناہی میں شہید ہونے والوں کا ذکر بھی ہے اور تاریخ تشیع کراچی بھی موجود ہے۔ شہداء کے پیغامات بھی ہیں اور فرقہ واریت کا پس منظر اور علل واسباب کا ایک مطالعہ بھی۔ اقوام متحدہ کا حقوق انسانی کا منشور پر بھی بحث ہے۔

کراچی میں منعقد ہونے والی شیعہ کنونشن کی داستان بھی ہے اور شہداء کی کرامت کی کہانی بھی، شہداء کے متعلقین ولواحقین کے احساسات کا عکس بھی ہے اور شہداء کی یادوں کی خوشبو بھی غرضیکہ یہ کتاب ایک عمدہ دستاویز اور اچھی کوشش ہے۔

یہ جذبہ، یہ حوصلہ، یہ خلوص، یہ عزم، یہ استقلال اور ہمت خدا ہر ایک کو عطا نہیں کرتا قابل ستائش ہیں حسن مرتضیٰ جنہیں مالک دو جہاں نے اس عظیم کام کے لیے منتخب کیا۔ مجھے معلوم ہے کہ اُنہیں کتنے حرف ناملائم برداشت کرنے پڑے ہوں گے اور کتنی تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہوگا لیکن جو اہل دل ہیں آسانی سے رنجیدہ نہیں ہوتے ہیں۔

یہ اپنا احساس کہ گذشتہ تین دھائیوں سے قوم جس طوفان نوح سے دوچار ہے اس میں گھر بار، نقد جاں، ذہن وضمیر، حوصلہ اور احساس سبھی کچھ بہا جا رہا ہے۔ رہبروں کی رہزنی اور قوم کی بے حسی نے سب کی طرح حسن مرتضیٰ کے دل پر بھی گرہ لگا دی ہے جس کا کساو کبھی کم نہ ہوگا، جو بھی اسے محسوس کرے گا یہ چوٹ سدا اس کے دل پر رہے گی۔ جب بھی وہ سوچے گا اس کی آنکھیں بھر آئیں گی، محبت اہلبیتؑ میں جاں سے گذرنے والے شہیدوں کا خیال جب بھی آئے گا، دل دکھے گا، ان دکھی ماؤں کا خیال آئے گا جن کے لال آسودگان خاک کراچی بن چکے ہیں یا پاکستان کے کسی اور شہر میں محو خواب ہیں۔ شہداء اپنے رب سے متصل ہو چکے ہیں اور ہمیں شہداء تک پہنچنا ہے۔

اُن بچوں کا خیال جو یتیمی کا داغ دل پہ لیئے ہمیشہ سوچتے ہیں گے کہ اب کون اُن کو شفقت سے گلے لگائے گا، ہر نئی شرارت پہ کس کو پیار آئے گا؟ یہ گنگ زباں، بولتی آنکھوں والے معصوم چہرے قوم سے کیا پوچھیں کہ ہمارے بابا کو کس جرم میں شہید کیا گیا؟ اس کا جواب تو ظالم حکومت کے مفلوج حکمران ہی دے سکتے ہیں اس کا جواب نہ مرے پاس ہے نہ حسن مرتضیٰ کے پاس نہ کسی اور کے پاس مگر قوم کے یہ نونہال، قوم کے یہ شعور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایران کا اسلامی انقلاب ہو یا
حزب اللہ کی تحریک سب انقلاب کربلا کی بازگشت ہے۔
غم حسینؑ کے آنسو ہمارا سرمایہ حیات، ذکر مظلوم ہماری دولت اور ماتم حسینؑ ہماری زندگی
ذکر حسینؑ کے سایہ میں ہم نے آنکھیں کھولی ہیں اور
اسی غم کی چھاؤں میں ہمارے جنازے بھی نکلیں گے
یہی ہمارا مذہبی شعار اور دینی علامت، یہی ہماری ثقافت اور یہی ہماری تہذیب ہے
ہم اپنے غم کو بھی مجلس حسینؑ میں تبدیل کر دیتے اور
خوشی کی تقریبات بھی فرش مجلس پر انجام دیتے ہیں
اُس دن بھی زیارت وارث پڑھ کر یوم عاشورہ کو یاد کرتے ہیں
یعنی ہم کربلا کے امانت دار اور حسینیتؑ کے علم بردار ہیں
ہمارے پاس جو کچھ ہے وہ دنیا کی کسی قوم کے پاس نہیں ہے
یعنی سرزمین کربلا پر پیش ہونے والے
استقامت وعبادت، ایثار وقربانی، عزم واستقلال
وفاداری وفداکاری کے مرقع ہمارا سرمایہ حیات ہیں۔
ہم حضرت علی اکبرؑ کے شوق جہاد، ہم حضرت عباس علمدارؑ کی وفا
ہم حضرت علی اصغرؑ کے تبسم اور حضرت امام حسینؑ کے امانت دار ہیں
عزاداری کی اہمیت کے پیش نظر جناب حسن مرتضیٰ نے کراچی کی عزاداری کا تاریخی مطالعہ پیش کیا ہے۔
ذات واجب ان کی اس سعی کو قبول ومقبول فرمائے

☆☆☆☆☆

''جب کسی امر سے دہشت محسوس کرو تو اس میں پھاند پڑو کہ زیادہ خوف واحتیاط خطرہ سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے''
(حضرت امام علی علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دعا

خداوندا! تو نے تمام فرشتوں سے آدمؑ کو سجدہ کرایا لیکن
اب آدمؑ کی اولاد کو زمین کے شیطانوں کے سامنے سجدہ کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے۔
خداوندا! اولاد آدمؑ کو اس صدی کے بتوں کی غلامی سے نجات دے۔ جنہیں ہم نے خود بنایا ہے۔
ہماری مدد کرتا کہ ہم تیری بندگی اور فرمانبرداری میں فلاح پائیں۔
اے پروردگار! ان لوگوں کو تباہ وبرباد کر جو تیری نشانیوں کو جھٹلاتے ہیں،
تیرے نبیوں کو قتل کرتے ہیں اور دنیا پر اپنا تسلط جمائے ہوئے ہیں اور
ان لوگوں کو بھی تباہ کر جو عوام کے مفادات سے غداری کرتے ہیں۔
یا اللہ! لوگوں کو عدل وانصاف کی راہ دکھا۔ خداوندا! ہمارے دینی علماء کو احساس ذمہ داری،
عوام کو عقل، اہل ایمان کو آگاہی اور شعور، ذی فہم لوگوں کو یقین، نیکوکاروں کو ادراک،
بیکسوں کو جذبہ وجوش، عورتوں کو عصمت وفراست، مردوں کو غیرت وحمیت، بوڑھوں کو سمجھ بوجھ، نوجوانوں کو کھرا پن اور
استادوں اور طالب علموں کو روشن خیالی عطا فرما۔ جو سو رہے ہیں انہیں جگادے۔
پروردگار! جو لوگ جاگ چکے ہیں انہیں قوتِ ارادی بخش،
ہمارے مبلغوں کو سچائی کے جذبے سے سرشار کر، دیندار لوگوں کے عقیدے میں پختگی پیدا کر،
اہلِ قلم کو احساس ذمہ داری دے، فنکاروں میں محنت کی عادت پیدا کر،
شاعروں کو قوتِ ادراک عطا کر، اسکالروں کو ہدف مرحمت فرما
اور جو لوگ ہمت ہار چکے ہوں انہیں امید کی روشنی دکھا۔ ہمارے محروموں کو قوت عطا کر اور قدامت پسندوں کو جھنجھوڑ دے۔
جو بیٹھ گئے ہیں انہیں اٹھنے کی ہمت بخش، جو ساکن ہوگئے ہیں انہیں حرکت میں لا۔
اے پروردگار ہمارے مردوں کو زندگی، نابیناؤں کو بینائی، جو خاموش کردیئے گئے ہیں انہیں قوتِ گویائی،
تیری اطاعت اور محمدؐ وآل محمدؐ کی محبت سے سرشار مسلمانوں کے مختلف فرقوں کو اتحاد کی نعمت سے سرفراز فرما۔
حاسدوں کے دلوں سے حسد دور کر، متکبروں کو عدل وانصاف کا پابند بنا،
بدزبان لوگوں کو تہذیب بخش، ہمارے مجاہدین کو صبر دے۔
ہمارے عوام کو ذوقِ آگاہی دے اور ہماری قوم کو ثابت قدم رکھ۔
ہمیں قوتِ ایثار دے اور فلاح وخودداری کی فضیلت سے آشنا کر۔

ڈاکٹر علی شریعتی (ص ۸۳-۸۵ مرگِ گلرنگ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغامات

امام مہدی علیہ السلام کا پیغام

ہم سب کے نام

ہم تمہارے تمام حالات سے واقف ہیں ان میں سے کوئی بھی
(معاملہ) ہم سے چھپا ہوا نہیں ہے اور
وہ ساری لغزشیں جو تم سے (سرزد) ہوتی ہیں ہم ان سے بھی
(اچھی طرح) باخبر ہیں۔ اس وقت سے جب تم میں سے اکثر
(افراد) بعض ایسی برائیوں کی طرف مائل ہیں جن سے تمہارے
نیک بزرگ دوری اختیار کیے ہوئے تھے۔
ہم تمہاری نگہداشت اور دیکھ بھال میں کوتاہی نہیں کرتے اور نہ
تمہاری یاد کو دل سے نکالتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو
بے سروسامانیاں اور مصیبتیں تم پر ٹوٹ پڑتیں اور دشمن تمہیں کچل
کر رکھ دیتے (لہٰذا) تقویٰ اختیار کرو (اللہ سے ڈرو)۔
ہماری نصرت کرو اور جو فتنے تمہیں اپنے نرغے میں لیے ہوئے ہیں
اس سے بچنے کے لیے مجھ سے تدبیر و رہنمائی کے طالب رہو

(اقتباس ص۱۷۵ بحارالانوار جلد ۵۲)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام

آیت اللہ روح اللہ خمینیؒ

میں اب زندگی کے آخری دن گزار رہا ہوں جلد یا بدیر آپ کے درمیان سے چلا جاؤں گا

لیکن آپ کو آنے والے تاریک اور سیاہ زمانے کی پیش بینی کر رہا ہوں۔

اگر آپ نے اپنی اصلاح کی تیاری نہ کی اور اپنی زندگی اور درس حصول علم کے امور میں نظم وضبط پیدا نہ کیا

تو آنے والے تاریک زمانے میں خدانخواستہ تباہ و برباد ہو کر فنا ہو جاؤ گے۔ غور وفکر کر لو،

بیدار اور ہوشیار ہو جاؤ اور اپنی اصلاح کرو، متحد اور منظم ہو جاؤ اور اُٹھ کھڑے ہو۔

پہلے مرحلہ میں اپنی تہذیب وتزکیہ نفس کرو اور اپنی اصلاح کرو، متحد و منظم ہو جاؤ۔

(ص ۱۱۸، جہاد اکبر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام رہبر مسلمین آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای دامت برکاتہ

اتحاد بین المسلمین کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کے تمام مذاہب میں دینی تعصب بیدار نہیں ہونا چاہیے آپ ایسا کوئی کام انجام نہ دیں کہ جس سے غیر شیعہ مسلمان کے جذبات آپ کے خلاف بھڑک اٹھیں اور وہ بھی کوئی ایسا کام انجام نہ دیں کہ جس سے اسے اپنے مذہب اور مکتب فکر کے تعصب کو آپ کے خلاف بھڑکنے کا موقع ملے کیونکہ دشمن اسی تلاش میں ہے۔ دشمن اپنے مقصد کس طرح کامیاب ہوسکتا ہے؟ اور یہ کام کس طرح ممکن ہے؟ یہ کام بہت آسان ہے۔

وہ یہ کام کریں گے کہ شیعہ اور سنی مسلمانوں کے دینی اور مذہبی جذبات کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکائیں۔ وہ اہل سنت کو اس بات کا یقین دلائیں کہ شیعہ حضرات صحابہ کرام پر سب وشتم کرتے ہیں اور یہ آپ کے مقدس افراد کو ایسا ویسا کہتے ہیں اور اس طرح مسلمانوں میں جدائی اور فاصلے ایجاد کریں گے اور دشمن کی دیرینہ خواہش یہی ہے۔ واضح سی بات ہے کہ مسلمانوں کا باہمی اختلاف ان کیلئے ایک سودمند چیز ہے۔

معاشرے میں ایسے افراد ہیں جو، ان (اتحاد بین المسلمین) کی تعلیمات کے برخلاف عمل کرتے ہیں تو ایسے افراد کو اپنی محافل سے باہر نکال دیجئے اور ان سے اپنی مخالفت کا کھل کر اعلان کیجئے، یہ لوگ ہیں جو اسلام کی جڑوں، بلکہ مکتب تشیع کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور ان لوگوں کے اس طرز عمل سے اسلام کو مسلسل نقصان پہنچ رہا ہے، یہ تمام امور بہت اہم مسائل سے تعلق رکھتے ہیں۔

آج اتحاد بین المسلمین وقت کی ضرورت اور اسلامی نظام کے نفع میں ہے اور اس کے خلاف حرکت کرنا امریکا اور صیہونیوں کے فائدے میں ہے اور ان تمام افراد کے حق میں ہے جو دنیائے اسلام میں اپنی جیبوں کو ڈالروں سے بھر رہے ہیں جو طبقہ لوگوں کے ایمان ومعرفت، ان کے قلوب ائمہ معصومینؑ اور اہلبیتؑ عصمت وطہارت سے سروکار رکھتا ہے، اس کی ذمہ داری اور وظیفہ بہت سنگین ہے۔

میرے بھائیوں! آپ اپنی ذمہ داری کی صحیح طرح شناخت کیجئے اور اس سے صحیح استفادہ کیجئے۔

بہرحال ہم خداوند عالم سے دست بہ دعا ہیں کہ وہ ہماری ہدایت فرمائے۔

رہبر مسلمین آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای دامت برکاتہ

(۵ جولائی ۲۰۰۷، پیغام بمناسبت یوم ولادت دختر پیغمبرؐ)

(بحوالہ ص ۱۲۔۱۳ عشق اہلبیت، ادب اور تقاضے۔ مترجم سید صادق رضا تقوی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سعودی مفتیء اعظم کا پیغام

اے مسلمانو!

اسلامی اخلاق اپناؤ اور سیرت طیبہ کی اتباع کرو، سچ بولو، اللہ سے توبہ کرو، اچھی عادتیں اپناؤ،
دوست دشمن سب سے اچھائی کرو، برائی سے دور رہو،
قومی عصبیت سے بچو کیونکہ یہ تفریق اور نفرت پیدا کرتی ہے۔ اپنی زندگی پر اسلام کا نفاذ کرو۔
روشن خیالی، لبرل ازم اور سوشل ازم اسلام کے منافی ہیں، ان سے دُور رہو اور
جو لوگ ان کا نعرہ لگاتے ہیں انہیں پریشانی کے علاوہ کچھ نہیں ملا۔
اسلامی معاشرہ تمام باطل نظاموں سے الگ اور پرامن ہے۔

اے مسلمانو!

اسلام کے دشمنوں کو پہچانو اور اس کے خلاف سازشیں کرنے والوں کا تدارک کرو۔
تم مسلمان ہو اور اللہ نے تمہارا نام مسلم منتخب کیا ہے۔ عصبیت پر مبنی تمام نعرے گمراہی ہیں۔
اے مسلمانو! ایک ہو جاؤ اللہ نے اپنی رسی تھامنے کا حکم دیا ہے۔ ایک امام کے پیچھے نماز پڑھنا ہمیں وحدت کا درس دیتا ہے، اسلام کو اللہ نے چنا ہے
اور یہ سب دینوں سے افضل دین ہے۔
اے مسلمانو! اللہ کے دشمن کافر اور مشرک اسلام کے خلاف اکھٹے ہو گئے ہیں اور
مسلمانوں کو ان کے وطنوں سے نکالا جا رہا ہے۔ اسلام کا چہرہ مسخ کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں اور ہمارے بعض حکمران بھی ان کا ساتھ دے رہے
ہیں۔ اے امت مسلمہ! اٹھو اور اپنے اسلام کا دفاع کرو۔
اے حکمرانو، اپنی ذمہ داریوں کو سمجھو، دنیا میں پیدا ہونے والے ادیان سے بچو اور اسلام کا راستہ اپناؤ
اے ملت اسلامیہ کے لوگو، بیدار ہو جاؤ حالات کا جائزہ لو، امت مسلمہ کے خلاف مغربی تہذیبی یلغار کو سمجھو
اور غور کرو کہ دشمن کیسے ہمارے خلاف منصوبے بنا رہے ہیں۔ ان کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہو جاؤ۔

مفتی اعظم عبدالعزیز آل الشیخ کے خطبہ حج سے اقتباس،
۷ ذوالحجہ ۱۴۲۷ھ، مطابق ۲۹ دسمبر ۲۰۰۶
(روزنامہ جنگ کراچی، ۳۰ دسمبر ۲۰۰۶)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام عاشورہ

کربلائے لبنان سے امام حسین علیہ السلام اوران کے اصحاب صرف قتل ہونے کے
بعد ہی نہیں بلکہ زندہ ہوتے ہوئے بھی شہید تھے
شہادت فقط موت سے نہیں بلکہ زندگی کے ساتھ بھی وقوع پزیر ہے
کسی عادلانہ موقف پر ڈٹ جانا فرد، خاندان اور جماعت کے موقف سے ماورا
ہوکر پورے معاشرے کیلئے ایک عادلانہ موقف اختیار کرنا اور
اُسے پوری اُمت کی موجودہ اور آئندہ نسلوں کا موقف بنا دینا
تعلیمات الٰہیہ کے مطابق اس موقف کا رشتہ خدا سے جوڑنا اور
تقویٰ کے اصولوں پر کاربند رہنا ہی زندگی کو شہادت کے معنیٰ پہناتا ہے۔
اور موت کو شہادت کے زیور سے آراستہ کرتا ہے
شہید کا مستقبل انسان کے ساتھ وابستہ ہے۔
یہ ہی چیز انسان کو شہادت کا امتیازی نشان عطا کرتی ہے
یہ ہی شہدائے کربلا کے تقرب شہادت کی حقیقت ہے
کربلا میں انسانیت کے نمایاں پہلو کے تحت
ہر انسان کیلئے اور ہر جماعت کیلئے کربلا ہے
آج کا انسان، دوراہے پر کھڑا ہے کہ یا
تو وہ اپنے آپ کو بلند مرتبہ پر فائز کرے اور قربانی دے یا
ظلم وخیانت کا راستہ اپنائے

(شیخ محمد مہدی شمس الدین، ۱۶، اکتوبر ۱۹۸۳ء)
لبنان میں خطبۂ اعلان جہاد سے اقتباس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام

قائد شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی

''یہ گوشہ نشینی کا وقت نہیں بلکہ اپنے عہد کی کربلا کو زندہ رکھنے اور
حسینؑ ابن علیؑ کی تاءسی میں حق و باطل کے اِس معرکہ میں ساتھ دینے کا وقت ہے
زبان سے، قلم سے، فکر و عمل سے، جان و مال سے اور
یہ بات پیش نظر رکھنی چاہئے کہ
متاع حیات اور متاع دنیا، یہ سب اللہ کی امانتیں ہیں۔
اس لئے انہیں اللہ کی رضا کے راستے میں صرف کرنے سے دریغ نہیں کرنا چاہئے''۔

پیغام محرم ۱۴۰۸ھ سے اقتباس
(حسینی شہید کربلا کی راہ پر، ناشر جمعیت طلبہ جعفریہ لاہور)

کیا آن ہماری تھی، کہاں آج کھڑے ہیں — یک جان جو ہو جائیں تو ہم اب بھی بڑے ہیں
تاریخ انہیں، چھوٹ نہیں دیتی ہے ہرگز — وہ لوگ جو خود اپنے ہی لوگوں سے لڑے ہیں

(امید فاضلی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمائندہ ولی فقیہ، قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی کا خصوصی پیغام

اپنے نظریہ کی صداقت اور مشن کے تحفظ کے لیے جان نچھاور کرنے کا جذبہ مذہبی نہیں بلکہ انسانی ہے اس مقصد کے لیے دنیا کے تمام معاشروں میں جان کا نذرانہ پیش کرنا جرات، بہادری اور دلیری کے علاوہ نیک عمل شمار کیا جاتا ہے۔ تاریخ میں متعدد مثالیں موجود ہیں جن سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہر تہذیب، ہر تمدن، ہر مذہب، ہر معاشرے اور ہر ثقافت میں جان نثاری کا جذبہ عملی طور پر موجود ہے البتہ اس کی تشریح اور اس کے مثبت ومنفی ہونے کی بحث جدا ہے۔ جاں نثاری کے اس عمل کو اسلام میں شہادت کے نام سے موسوم کا کیا گیا ہے۔

اگر چہ اسلام کی آمد سے قبل بھی سابقہ انبیاء نے اطاعت خداوندی میں احکام شریعت اور تحفظ نظریہ ومشن کے لیے باسعادت قرار دیا لیکن ظہور اسلام کے وقت موجود معروضی حالات اور اسلام کے تا قیامت قائم رہنے اور جامع ضابطہ حیات ہونے سبب شہادت کے نظریہ اور فلسفے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ پیغمبر گرامی قدصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہید، شہادت اور اس کے ساتھ وابستہ ومربوط ہر امر کو صراحت اور وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا۔ خداوند کریم نے بھی دیگر آسمانی کتب کی نسبت قرآن کریم میں شہادت اور شہید کے حوالے سے کافی مرتبہ نوید نجات سنائی ہے اور شہادت کو اہل اسلام کے لیے سعادت اور شہید کے اعلیٰ درجات اور مقامات سے متعارف کرایا۔

اگر ہم رسول گرامی قدصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ علیہم السلام کے بعد فقہاء، علماء اور وابستگان آل محمد علیہم السلام کی زندگیوں کا مطالعہ کریں تو ہم اس واضع نتیجے تک پہنچتے ہیں کہ شعیت اور شہادت لازم وملزم چیزیں نظر آتی ہیں۔ دنیا میں شہدائے کربلا کی مثال ڈھونڈنے سے نہیں ملتی اسی لیئے ہمیں شہادت سے قلبی لگاؤ ہے اور ہم ہمہ وقت شہادت کے منتظر ومتمنی رہتے ہیں۔ شہادت ہمارے ایمان، عقیدے، نظریے، مشن اور خون کا حصہ بن چکی ہے۔ ایسے انسان کو اپنے آپ پر غور کرنا چاہیے جو خود کو دامن شعیت سے وابستہ ہونے کا دعوی کرتا ہے لیکن شہادت سے گھبراتا ہے۔ شہادت کے عوامل اور اسباب کے مطابق شہادت کے اقسام بھی اسلام نے بیان ہیں اور شہادت کی نوعیت پر بھی تبصرہ کر دیا ہے۔ اگر چہ شہادت کے مفاہیم وسیع وبلیغ ہیں لیکن قرآن وسنت اور فرامین پیغمبرؐ اور آل پیغمبرؐ کی رو سے خدا کی راہ میں مارے جانے، دین کی حفاظت میں قتل ہونے والے، تحصیل علوم میں مشغول ہونے کے دوران مارے جانے والے اور مکتب سے وابستہ ہونے کے جرم میں مارے جانے والے تمام اقسام کے شہداء کے خون سے مزین ہے۔

شہدائے بدر سے لے کر شہدائے کربلا تک اور کربلائے افغانستان وعراق سے لے کر کربلائے پاکستان تک شہادتوں کا ہالہ ہے، جو وابستگان مکتب تشیع کو اپنے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ دور حاضر تک ہر زمانے میں نئے انداز اور نئے جواز کے ساتھ شیعیان حیدر کرار کو تہہ تیغ کیا جاتا رہا لیکن اکثر حکمرانوں کی منفی اور ظالمانہ پالیسیاں اہل تشیع کے قتل عام کا سبب بنیں انہی پالیسوں کا تسلسل کربلائے پاکستان ہے۔

پاکستان میں شیعہ عوام کے قتل عام کے پس پردہ قوتوں کے بارے میں ہم طویل عرصہ سے متوجہ کرتے چلے آرہے ہیں۔ حکمرانوں کی غیر منصفانہ، جانبدارانہ اور متعصبانہ پالیسیوں بالخصوص توازن کی خطرناک اور بلا جواز پالیسی پر احتجاج کرتے، تشیع کے اول اور حقیقی دشمنوں کو بے نقاب اور خفیہ اور اصل دشمنوں کے آلہ کار فرقہ پرست گروہوں کے چہرے سے پردہ اُٹھاتے چلے آئے ہیں۔ اہل تشیع کے خوں میں ہاتھ کو رنگین کرنے والے دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کے بارے میں بھی بتاتے چلے آئے ہیں۔ دہشت گردوں کے اذہان کو اپنی مکروہ اور اشتعال انگیز تبلیغ کے ذریعے زہر آلودہ کرنے والے اور انہیں مسلمانوں کو قتل کرنے کے اجر میں جنت کا ٹکٹ عطا کرنے والے، دہشت گردوں کی تربیت کرنے والے، ان کی مالی مدد کرنے والے، ان کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنے والے، انہیں ٹارگٹ فراہم کرنے والے، انہیں تھانوں، تفتیشی مراکز اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جیلوں میں سہولیات فراہم اوران ہی مقامات سے فرار کرانے والے،انہیں ان کے اعترافات کی روشنی میں سزا نہ دینے والے بلکہ انہیں اعتراف کے باوجود مختلف مقدمات میں بری اور آزاد کرنیوالے اور اپنی مخصوص پالیسیوں کے ذریعے دہشت گردی کا تحفظ کرنے والے عناصر کے بارے میں مہذب اور انصاف پسند دنیا کو آگاہ کرتے چلے آرہے ہیں لیکن صد افسوس کہ اس ملک میں ذاتی مقدمات میں سزا پانے والے افراد کو پھانسی دینے، ملک کے صدر اور وزیراعظم پر حملہ کرنے والے مجرموں کو پھانسی دینے میں ایک لمحہ کی تاخیر نہیں کی جاتی ہے لیکن پوری کمیونٹی اور بیسیوں محبّ وطن اور قانون پسند شہریوں کو خون میں نہلانے کا برملا اعتراف کرنے والے قاتلوں میں سے کسی ایک کو بھی آج تک تختہ دار پر نہیں لٹکایا گیا۔

اگر چہ شہادت ہماری میراث ہے اور ہم اس کے لیے ہر وقت تیار ہیں لیکن دیکھا گیا کہ دہشت گردی کی کسی شدید لہر آنے کے موقع پر بعض اطراف سے جذباتی اور غیر ضروری تبصرے شروع ہوجاتے ہیں۔عوام کو حوصلہ، تسلی، تشفی اور حکمت عملی دینے کے بجائے اشتعال اور افتراق کا سبق دیا جاتا ہے۔پاکستان میں جاری دہشت گردی کے مقابلے کے لیے سب سے پہلے اتحاد و وحدت کو ترجیح دینا ہوگی۔اتحاد بین المسلمین کے ساتھ ساتھ اتحاد بین المومنین بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔عوام کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کی حقیقت اور اصلیت سے آگاہ ہونے کے لیے آگاہ و باخبر لوگوں سے رابطہ کریں اور سطحی قسم کی باتوں پر یقین نہ کریں۔

زندہ لوگوں کے لیے یہ ہی قرآنی حکم اور نبویؐ فرمان ہے کہ وہ شہید ہونے والے لوگوں کو یاد رکھیں۔اس کا مقصد محض ان کے لیے ایصال ثواب کا اہتمام یا ان کی یاد میں آنسو بہانا نہیں بلکہ ان کی وجہ شہادت اور ان کے مشن کو زندہ رکھنا ہوتا ہے۔

ادارہ تحفظ آثار شہداء اسلام پاکستان کراچی کی خدمات لائق تحسین ہیں کہ انہوں نے شہداء اسلام کی یادوں کو زندہ، ان کے مشن سے عوام کو آگاہ اور مربوط رکھنے کے لیے خدمات جاری رکھی ہوئی ہیں۔ادارے کے جناب مولانا سید شہنشاہ حسین نقوی کی زحمتیں بھی قابل قدر ہیں۔

مولانا موصوف اور عزیز حسن مرتضیٰ نے اس سے قبل علامہ حسن ترابی شہید کے حالات زندگی پر کتاب ''شہید راہ وحدت'' مرتب کی اور اب اس سلسلے کی دوسری کوشش منظر عام پر ہے۔اس کتاب میں خاص موضوع کے علاوہ بھی متعدد معلوماتی چیزیں اور تاریخی حوالے موجود ہیں جو استفادے کے لیے ایک ذخیرے کا کام دیں گے۔

دعا ہے کہ خداوند تعالیٰ اس ادارے کے مسئولین کو توفیق خاص سے نوازے اور وہ تسلسل کے ساتھ پاکستان کے تمام شہداء کے تذکرے، خدمات پر مشتمل تحریری مواد اور کتب شائع کرتے رہیں اور پاکستان میں تشیع کو درپیش حالات کی حقیقتوں اور اصل تصویر سے عوام کو روشناس کراتے رہیں

والسلام

سید ساجد علی نقوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام

الحمدللّٰہ رب العالمین ولصلواۃ والسلام علیٰ سیدنا ونبینا

محمدؐ وآل الطاھرین الذین اذھب اللّٰہ عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا

امابعد دانشمند گرامی قدر جناب حسن مرتضیٰ صاحب زید مجدہ کا اثر نگارش ونتیجہ کاوش ''شہدائے ملت جعفریہ کراچی'' نظر سے گزرا، سرسری مطالعہ وعنوانی مطالعہ سے موصوف کی تاریخ نویسی کے جذبہ خالصانہ وعزم مردانہ کا واضح اشارہ بلکہ روشن ثبوت ملتا ہے۔اس مجموعہ معلومات میں جہاں شہداء ملت جعفریہ کا اجالی واشاراتی تذکرہ ہے وہاں شہادت کی دینی حیثیت وعظمت کے حوالہ سے نگارشات بھی شامل ہیں اوراس کے ساتھ ساتھ پاکستان کے بعض اہم وحساس گوشوں پر گزرتی نگاہ سے دیکھتے ہوئے بعض دستاویزات کے اقتباسات کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے۔جس میں حضرت قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ کے مکتوب سے لے کر معاہد اسلام آباد تک قابل توجہ امور کو تاریخ کے ایک ورق کی صورت میں پیش کیا ہے۔اور پھر تاریخ تشیع اور کراچی کے عنوان پر سلسلہ وار مطالب مذکور ہیں جن میں عشق بلاخیز کے قافلہ سخت جاں میں شامل سربازان دین وملت کی تفصیل دی گئی ہے۔

موصوف کی یہ کاوش یقیناً لائق تحسین ہے کہ شاید مستقبل کے اہل ایمان وصاحبان فکر وفہم کے لیے تحقیقی سوغات ثابت ہو۔مگر اس کا دوسرا پہلو یا یوں کہوں کہ تصویر کے دوسرے رُخ پر نظر التفات کرنے سے دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے اور رگوں میں خون کھولنے لگتا ہے کہ جس ملک کی تشکیل وتاسیس کلمہ گولوگوں کی بکھری ہوئی قوتوں وصلاحیتوں کو یکجا کر کے اسلامی تشخص کو محکم ومستحکم کرنے کی غرض سے ہوئی تا کہ خطہء اراضی میں مستقل وآزاد اور آباد جمہوری نظام کے تحت اسلامی طرز زندگی اپنانے کے دلربا خواب کو شرمندۂ تعبیر کیا جاسکے وہاں خون مسلم کی ارزانی کے عملی نمونے اور امن وعدل اور محبت کی نہایت کم قیمت پر سودے بازی کے مظاہر دیکھنے کو ملتے ہیں۔

جھوٹ، دھوکہ بازی، بدمعاشی، بدکرداری، عفت سوز اعمال، فاسقانہ طرز زندگی، لوٹ مار، دھونس دھمکی، خیانت، ظلم وجور، قتل وغارت اور دہشت گردی وسفاکی کی عام رسم ورواج بلکہ رائج تہذیب کی مختلف صورتیں بن چکی ہیں گروہ بندی وفرقہ واریت کا دور دورہ ہے۔فساد وعناد کو ''جہاد'' اور ''شرک'' کو دینی اجتہاد کے قلب میں ڈھال کر پیش کیا جاتا ہے۔

حکام ورعایا کے درمیان اعتماد وہم آہنگی منقود ہے قومی وملی معاملات میں مادی لین دین سے بھی بدتر صورت پائی جاتی ہے۔آئے دن عمومی مفادات، شخصی منافع کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں قائداعظمؒ کے اصولوں یعنی اتحاد، تنظیم اور ایمان کی عملی تضحیک ہورہی ہے۔جہالت وجاہلیت کی آغوشوں کے پروردہ عناصر ملک وقوم کی تقدیر سازی کے ٹھیکدار بنے ہوئے ہیں پورا ملک جنگل کے قانون کی زد میں ہے جہاں قاتل دندناتے پھرتے ہیں اور مجرم قانون کا مذاق اُڑاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

بارگاہ رب العزت میں دعا کرتے ہیں کہ وہ غیبی امداد سے مظلوم ومحروم قوم وملت کی عظمت رفتہ کی بحالی کا سامان کرے اور اس ابتر حالت سے نجات عطا کرے اور وہ دن دیکھنے نصیب ہوں جب ہر طرف امن کا پرچم لہرائے اور عدل کی روشنی فضائے مملکت میں خیمہ زن ہوجائے کہ یہ ہی وہ مقصد ہے جس کے حصول کے لیے پاکیزہ جانیں قربان ہوئیں اور وطن کی پاک سرزمین شہیدوں کے خون سے رنگین ہوئی۔

والسلام

سید حسن رضا غدیری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام

علامہ سید رضی جعفر نقوی صاحب قبلہ

گرامی مرتبت عالی جناب حسن مرتضیٰ صاحب دام مجدہ ، کی زیر نظر تالیف ''شہدائے ملت جعفریہ کراچی'' میں فروری ۱۹۷۸ سے فروری ۲۰۰۹ تک، کراچی میں شہید ہونے والے ملت جعفریہ کے افراد اور اُن کے حالات زندگی سے قوم کو متعارف کرانے کی سنجیدہ کوشش کی ہے اس قلمی خدمات کے ذریعہ سے قوم تک نہایت اہم معلومات پر مشتمل دستاویز پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

۳۰ برس پر محیط حالات وواقعات کا تجزیہ کرنا۔ معلومات فراہم کرنا اور ان واقعات کے پس منظر کی طرف توجہ دلاکر، مستقبل کی پیش بندی کی طرف، قوم کو متوجہ کرنا، ایک اہم قومی وملی خدمت ہے۔

مولف محترم نے کس قدر محنت کی ہے اس کا اندازہ، اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ آپ نے اپنی اس گرانقدر تالیف میں مندرجہ ذیل عناوین کے تحت سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ ہند میں اسلام کی آمد، میثاق مدینہ، آئین پاکستان اور بنیادی حقوق، تشیع، تاریخ اور کراچی، معاہدہ اسلام آباد، عشق بلاخیز کا قافلہ سخت جاں، مختلف مکاتب فکر کے ۳۱ جید علماء کرام کے ۲۲ نکات، اہمیت شہادت، کرامات شہداء، خون شہداء کے تقاضے، وقت نے ہم کو چنا پھر امتحاں کے واسطے کے ذیل میں چند رشتوں کے تاثرات اور فرقہ واریت تاریخی پس منظر، علل واسباب کا جائزہ وغیرہ

پھر آپ نے مسجد سکینہ وامام بارگاہ کاظمین نیو کراچی کے واقعہ سے لے کر ۲۰۰۹ تک مختلف مواقع پر شہید ہونے والے افراد، علماء، ڈاکٹرز صاحبان، تجار، عزادار اور قومی زندگی کی جیتی جاگتی شخصیتوں کے خون میں نہانے کی لرزہ خیز داستانوں اُن کے جائے مدفن اور اُن کے اہل خانہ وورثا کے تاثرات بھی جمع کئے ہیں اور پھر سال اور ٹاؤن کے چارٹ کے ذریعہ سے ثابت کیا ہے کہ شہر کراچی کے ہر ٹاؤن اور ہر علاقے میں ملت جعفریہ کے افراد کو دہشت گردی کے ذریعہ خاک وخون میں نہلایا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ محترم حسن مرتضیٰ نے بڑی عمیق تحقیق کے ذریعہ سے معلومات کے اس خزینے کو قوم کی خدمت میں پیش کیا ہے۔

مالک دوجہاں ان کی خدمات کو قبول فرمائے اور قوم کو ان سے کچھ سیکھنے کی سعادت نصیب کرے آمین۔

سید رضی جعفر نقوی ۱۶ فروری ۲۰۰۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغام

مولانا سید شہنشاہ حسین نقوی قمی

کچھ لوگ تاریخ ساز ہوتے ہیں جو اپنے فرائض کی ادائیگی اور ذمہ داریوں کو پورا کرتے رہتے ہیں اور اک عہد مکمل ہوتا رہتا ہے وہ لوگ گویا جب اپنی ذات کی طرف دیکھتے ہیں تو ایک پھول یا تسبیح کے ایک قیمتی دانے کی مانند ہوں مگر ایک طویل مدت گزرنے کے بعد اگرچہ ان میں سے بہت سے گذر جاتے ہیں ایک گلستان کی صورت تاریخ کی سرزمین پر زیبائی بکھیر رہے ہوتے ہیں یا پھر تسبیح کی مانند مصلیٰ عبادت پر عبوریت اور بندگی کی شمع روشن کر رہے ہوتے ہیں۔

اگر ہر شخص اپنی اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرے تو وہ نہیں رہتا اور اس دنیا سے ایک نہ ایک دن رخصت ہو جاتا ہے۔ مگر اس کے اقدامات مثبت یا منفی اثرات ضرور چھوڑ کر جاتے ہیں جس کے سبب آئندہ بننے والا معاشرہ بے چینی یا سکون کے دن دیکھتا ہے البتہ ہمارا مطمع نظر وہی تاریخ ساز افراد اور ان کے کارنامے ہیں جنہوں نے اپنی دانست میں مثبت کردار ادا کئے اور ہم جیسے آنے والوں کے لیے عبرتیں، پیغام، درس یا صحیح فیصلے کرنے کے پیمانے چھوڑ کر چلے گئے۔

برادر محترم جناب حسن مرتضیٰ دامت توفیقاتہ کی کاوش ان کی شب و روز کی انتھک محنتوں کا ایک عظیم کارنامہ ہے اس کتاب کو پڑھنے والے چند اہم باتوں کو ضرور محسوس کریں ایک تو یہ کہ کتابیں بہت لکھی جاتی ہیں کہ جن میں سے اکثر کا تعلق تخصصی، خصوصی اور ذوقی موضوعات سے ہوتا ہے کہ جس سے مولف، مصنف یا موضوع تحریر محفوظ ہو جاتا ہے مگر بعض کتابیں آئندہ کو پیش نظر رکھ کر لکھی جاتی ہیں گویا مدتوں کی محنتیں، مشقتیں، قربانیاں ماضی کے افراد کی طرز تفکر انداز کار اور پھر ان کے اقدامات میں ناکامی یا کامیابی کے اسرار و رموز کو سجا کر، بنا کر امانت کے طور پر نسل نو کے لیے پیش کر دینا ہے۔

اس کتاب کی دوسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس تحریر میں بین المومنین تہذیب کو فروغ دیا گیا ہے ''کسی شخصیت نے کیا خوب کہا تھا کہ جب ان سے سوال ہوا کہ اتحاد بین المسلمین کے لیے کوششیں ہوئیں مگر اتحاد بین المومنین کے لیے کیا کیا جائے؟ تو انہوں نے فرمایا تہذیب و تحمل مزاجی کو عام کریں اتحاد بین المومنین کو فروغ ملے گا'' اس کتاب میں یورپ اور پچھم، آگ اور پانی اور حتی سخت ترین مخالفین کو من حیث القوم دیکھا گیا ہے اس سے غرض نہیں کہ فلاں فلاں کا مخالف ہے تو اسے نظر انداز کر دیا جائے بلکہ اگر اس کی شیعہ تاریخ سازی میں کوئی کردار تھا تو اسے یاد رکھنا ہوگا تاکہ آئندہ آنے والے بہتر سے بہتر قدم اٹھا سکے۔

تیسری اہم خصوصیت درجہ شہادت پر فائز ہونے والے افراد جو بعض لیڈر، رہنما اور پیشواؤں سے چند درجہ فضیلت رکھتے ہیں کہ انہوں نے اس مذہب، قوم اور مملکت کی خاطر سب کچھ قربان کر دیا کیوں کہ جو جان دے رہا ہوتا ہے وہ سب کچھ دے رہا ہوتا ہے وہ مال، اولاد، منصب، شہرت اور اپنی ذات سب کچھ چھوڑ کر جا رہا ہوتا ہے اب یہ باقی رہ جانے والوں کا کام ہے کہ اس کی یاد کو تازہ رکھیں۔

برادر عزیزم جناب حسن مرتضیٰ کی کتاب ''شہداء ملت جعفریہ کراچی'' تاریخی، تہذیبی، تحلیلی، تنظیمی، قومی، قانونی، مذہبی اور انسانی کتاب ہے جس میں انہوں نے کراچی کی تاریخ اور اس سے متعلق ضروری معلومات، مذہبی واقعات خاص طور پر ۱۹۸۳ء کے بعد ہونے والے مسائل و مشکلات، اہم مذہبی شخصیات اور تنظیموں کی جانب سے تاریخ ساز کارنامے، عدالتی کاروائیوں کی روداد، شہداء کو شعبہ ہائی زندگی کے مطابق تقسیم کر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے انہیں علیحدہ علیحدہ ذکر کرنا تا کہ قومی نقصان کا اندازہ لگانا آسان ہو جائے ایک منفرد انداز تحریر ہے پھر چند شہداء کے حالات زندگی کو ذکر کرنا اور شہداء کی مدفن واضح کر کے ان کی یاد کو تازہ کرنے کا سامان فراہم کیا ہے۔

''ادارہ تحفظ آثار شہداء اسلام پاکستان'' تحریک جعفریہ، اسلامی تحریک، شیعہ علماء کونسل، ھیئت ائمہ وعلماء امامیہ، ھیئت ائمہ مساجد، انجمن ذاکرین امامیہ، جعفریہ الائنس، آل پاکستان شیعہ ایکشن کمیٹی، تنظیم عزاء، پاسبان عزا، آئی او، آئی ایس او، جے ایس او، جعفریہ میڈیکل اکیڈمی، اور شہید فاؤنڈیشن، انجمنوں، اسکاؤٹس، ویلفیئر ادارے، ٹرسٹ، ماتمی دستوں، شعراء کرام، علماء کرام، قومی شخصیات کے علاوہ پنجاب، اندرون سندھ، بلوچستان، سرحد، شمالی علاقہ جات اور پاراچنار کی تمام دینی جماعتوں اور اداروں کا انتہائی احترام کرتا ہے اور ان کی خدمت کو اپنا نصب العین جانتا ہے۔

والسلام

سید شہنشاہ حسین نقوی قمی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہداء قرآن کی نظر میں

''اور جولوگ خدا کی راہ میں مارے جائیں اُن کی نسبت یہ نہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے ہیں (وہ مردہ نہیں) بلکہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں جانتے''۔ (154 سورۃ البقرہ)

''جولوگ خدا کی راہ میں مارے گئے اُن کو مرے ہوئے نہ سمجھنا (وہ مرے ہوئے نہیں ہیں) بلکہ خدا کے نزدیک زندہ ہیں اور اُن کو رزق مل رہا ہے''۔ (169 سورۃ آل عمران)

''جن لوگوں نے خدا کی راہ میں ہجرت کی پھر مارے گئے یا مر گئے ان کو خدا اچھی روزی دے گا اور بے شک خدا سب سے بہتر رزق دینے والا ہے''۔ (58 سورۃ الحج)

''اور جولوگ خدا کی راہ میں مارے گئے ان کے عملوں کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا'' (4 سورۃ محمدؐ)

شہداء احادیث اور اقوال معصومینؑ کی روشنی میں

☆ جو شخص دین کی حفاظت میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے۔
☆ اور جو مر جائے محبت اہلبیت ☆ (خواہ بستر ہی پہ کیوں نہ مرے) میں وہ شہید ہے۔
☆ جو شخص تحصیل علم یا کسب حلال کی راہ میں مارا جائے وہ شہید ہے۔
☆ جو شخص کسی دوسرے کی یا اپنی جان و مال عزت و آبرو کی حفاظت میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم ساٹھ برس بعد بھی یہ ، سوچ رہے ہیں
ہم اپنے گھروں میں ہیں یا مقتل میں کھڑے ہیں
(حسنین جعفری)

تاریخ، تشیع اور کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میثاق مدینہ، تحفظ حقوق بشریت کا ضامن

☆

اقوامِ متحدہ حقوق انسانی کا عالمی منشور

☆

قائداعظم محمد علی جناحؒ کا ایک خط

راج کمار امیر حیدر خان (آف محمود آباد) کے نام

☆

قائداعظم محمد علی جناحؒ کا پہلی مجلس آئین ساز سے خطاب

☆

۱۹۷۳ کا آئین اور انسانی حقوق

☆

۱۹۸۰ معاہدۂ اسلام آباد

☆

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میثاق مدینہ

میثاق مدینہ کا تاریخ بین الاقوام میں بڑی اہمیت وحیثیت اور مرتبہ ہے۔ میثاق مدینہ اقوام عالم کا پہلا تحریری معاہدہ ہے۔ پہلا تحریری آئین ہے اور اسلامی اخوت اور بھائی چارے، بین الاقوامی اتحاد واتفاق اور طرز معاشرت کا عظیم مثالی نمونہ ہے۔ جس کے تحت تمام اقوام ومذاہب جن میں یہودی، عیسائی، نصرانی اور مسلمانوں کے حقوق کو تحفظ دیا گیا، سب کے حقوق وفرائض کیلئے رہنما اصول دیئے گئے۔ جو کہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ اسلام سارے انسانوں کا دین ہے اور سب کو تحفظ وحق معاشرت فراہم کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میثاق مدینہ کو اس کتاب میں نقل کیا گیا ہے۔

مکہ میں آپ پر قریش نے کئی قاتلانہ حملے کیے مگر ہمیشہ ناکامی ہوئی۔ آپ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی اور مدینہ میں ایک اسلامی ریاست کی بنیاد ڈالی، قریش اور دیگر سردارانِ قبائل اس ریاست کو تباہ کرنا چاہتے تھے۔ آپ پر حملے کئے گئے۔ آپ نے پوری زندگی میں کبھی کسی شخص وقوم یا قبیلے یا ملک پر حملہ نہیں کیا۔ آپ کے خلاف بڑی جنگوں جن میں جنگ بدر، اُحد، خندق، خیبر مشہور ہوئیں تمام جنگوں میں حملہ آوروں کو شکست ہوئی۔ آپ نے جنگوں سے متعلق اصول وضوابط دیئے دوسروں پر حملہ کرنے میں پہل کرنے، بے گناہ کو قتل کرنے، نہتے پر ہتھیار اٹھانے سے منع کیا اور قیدیوں کے ساتھ اچھے سلوک کا حکم دیا ہے۔ قیدیوں پر کبھی تشدد نہیں کیا، جو خود کھاتے وہی قیدیوں کو کھلاتے، امیروں کو فدیہ دیکر چھوڑا گیا جبکہ پڑھے لکھے قیدیوں سے درس وتدریس کا کام لینے کے بعد چھوڑ دیا جاتا۔ زخمیوں کا خاص خیال کیا جاتا۔ غریبوں کو ویسے ہی آزاد کر دیا جاتا۔ اسلام پورے عرب میں پھیل گیا رسول اللہ کی تعلیمات، خطبات اور بالخصوص آپ کا آخری خطبہ انسانی معاشرت، انفرادی واجتماعی، حکومتی معاملات کیلئے ایک عظیم سرمایہ ہے۔ آپؐ نے بچوں کیلئے، عورتوں کیلئے، نوجوانوں کیلئے، بوڑھوں کیلئے، حاکموں کیلئے، محکوموں کیلئے، غریبوں کیلئے، امیروں کیلئے، امن کے حالات کیلئے، جنگ کے حالات کیلئے، سفارتکاروں کیلئے، اجیروں کیلئے، سپاہیوں کیلئے، سپہ سالاروں کیلئے، ملزمان کیلئے، عدالتوں اور قاضیوں کیلئے، عاملوں کیلئے اور گواہان کیلئے، عبادات کیلئے و معاشیات کیلئے، معیشت کیلئے اور معاشرت کیلئے، طلبا کیلئے اور اساتذہ کیلئے آزاد (آقاؤں) اور غلاموں، غرض ہر شعبہ زندگی کیلئے آپ نے اصول زندگی وضع کئے۔ ایک بہترین ومکمل نظام حیات عطا کیا اور کامل دین عطا کیا۔

دستور مدینہ

''اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے''۔

۱۔ ''یہ دستور محمد النبیؐ کی طرف سے (جاری ہوا) یہ قریش اور یثرب کے مومنوں اور مسلمانوں کے درمیان ہے اور جو، اُن کی اتباع کریں ان کے ساتھ الحاق کریں اور ان کے ساتھ مل کر جہاد کریں''۔

۲۔ ''یہ تمام (گروہ) دوسرے سے الگ امت واحدہ ہیں''۔

۳۔ ''قریش کے مہاجرین اپنے موجودہ رواج کے مطابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کریں گے''۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۔ ''بنوعوف، اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۵۔ ''بنوساعدہ اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اوران کی ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۶۔ ''بنوالحارث اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۷۔ ''بنوجشم اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۸۔ ''بنوالنجار اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۹۔ ''بنوعمرو بن عوف اپنے موجودہ رواج کے مطابق سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۱۰۔ ''بنوالنبیت اپنے موجودہ رواج کے مطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۱۱۔ ''بنوالاوس اپنے موجودہ رواج کیمطابق حسب سابق باہم خون بہا ادا کریں گے اور ہر ذیلی شاخ اپنے قیدیوں کا فدیہ مومنوں کے عرف اور قسط کے مطابق ادا کرے گی''۔

۱۲۔ ''مومن اپنے کسی زیربار قرضدار کو بے یارومددگار نہیں چھوڑیں گے بلکہ عرف کے مطابق فدیہ اوردیت میں اس کی مدد کریں گے''۔

۱۳۔ ''کوئی مومن کسی دوسرے مومن کے آزاد کردہ غلام کواس کے خلاف اپنا حلیف نہیں بنائے گا''۔

۱۴۔ ''مومنین متقین اپنے میں سے، ہراُس شخص کے خلاف ہوں گے جو بغاوت کرے گا یا جومومنین کے درمیان ظلم یا غداری یا عدوان یا فساد کا ارتکاب کرے گا ایسے شخص کے خلاف مومنین کے ہاتھ ایک ساتھ اٹھیں گے خواہ ان میں سے کسی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو''۔

۱۵۔ ''کوئی مومن کسی دوسرے مومن کو کافر کے عوض قتل نہیں کرے گا اور نہ مومن کے خلاف وہ کسی کافر کی مدد کرے گا''۔

۱۶۔ ''اللہ کا ذمہ ایک ہے، ادنیٰ ترین مسلمان بھی پناہ دے سکتا ہے۔ مومنین دوسروں کے مقابلہ میں ایک دوسرے کے مددگار رہوں گے''۔

۱۷۔ ''یہودیوں میں سے جو بھی ہماری اتباع کرے گا اسے مدد اور مساوات حاصل رہے گی جب تک اس سے مسلمانوں کو ضرر نہ پہنچے، نہ ہی وہ ان کے خلاف دوسروں کی مدد کرے گا''۔

۱۸۔ ''مومنوں کی صلح ایک ہوگی اللہ کی راہ میں جنگ کے دوران کوئی مومن دوسرے مومن سے جُدا گانہ صلح نہیں کرے گا صلح صرف باہم مساوات اور عدل کے مطابق ہوگی''۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۹۔''جو دستہ ہمارے ساتھ شریک جنگ ہوگا دوسرے کا پشت پناہ ہوگا''۔

۲۰۔(الف)''مومنین ایک دوسرے کا بدلہ لیں گے جو اللہ کی راہ میں خون بہانے پر انہیں پہنچے گا''۔

(ب)''مومنین متقین احسن اقوام اور ہدایت پر ہیں''۔

۲۱۔''کوئی مشرک قریش کو جان اور مال کی پناہ نہیں دے گا اور نہ کسی مومن کے خلاف ایسے کسی معاملہ میں دخل دے گا''۔

۲۲۔''جو شخص کسی مومن کو ناحق قتل کرے گا شہادت موجود ہوگی تو اس سے قصاص لیا جائے گا سوائے اس کے مقتول کا ولی خون بہا پر راضی ہو جائے۔ مومنین کی پوری قوت قاتل کے خلاف ہوگی۔ان کے لئے بجز قیام حد کے کچھ جائز نہ ہوگا''۔

۲۳۔''کسی مومن کے لئے جو اس دستور کے مندرجات کا اقرار کر چکا ہو اور اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لا چکا ہے، جائز نہیں کہ وہ کسی فتنہ گر کی مدد کرنے یا اسے پناہ دے جو اسکی مدد کریگا یا اسے پناہ دے گا تو وہ روز قیامت اللہ کی لعنت اور اس کے غضب کا مستوجب ٹھہرے گا اور اس سے کوئی فدیہ یا بدلہ قبول نہیں کیا جائے گا''۔

۲۴۔''اگر کبھی تمہارے درمیان کسی معاملہ میں کوئی اختلاف پیدا ہو تو اس کا حوالہ اللہ عزوجل اور محمد کی طرف کرنا ہوگا''۔

۲۵۔''یہود مومنین کے ساتھ مل کر اخراجات جنگ اٹھائیں گے جب تک وہ دونوں (دشمن کے خلاف) حالت جنگ میں رہیں گے''۔

۲۶۔''بنوعوف کے یہود مومنین کے ساتھ ایک اُمت ہوں گے، یہود کیلئے اپنا دین ہوگا اور مسلمانوں کیلئے مسلمانوں کا دین، البتہ جو ظلم اور غداری کا ارتکاب کرے گا وہ اپنے آپ اور اپنے خاندان کے سوا کسی کو ہلاکت میں نہیں ڈالے گا''۔

۲۷۔''بنوالنجار کے یہود کے لئے وہی شرائط ہونگی جو بنوعوف کے یہود کیلئے ہیں''۔

۲۸۔''بنوالحارث کے یہود کیلئے وہی شرائط ہونگی جو بنوعوف کے یہود کیلئے ہیں''۔

۲۹۔''بنوساعدہ کے یہود کے لئے وہی شرائط ہونگی جو بنوعوف کے یہود کے لئے ہیں''۔

۳۰۔''بنوجُشم کے یہود کے لئے وہی شرائط ہونگی جو بنوعوف کے یہود کیلئے ہیں''۔

۳۲۔''بنوثعلبہ کے یہود کیلئے وہی شرائط ہونگی جو بنوعوف کے یہود کیلئے ہیں۔البتہ جو ظلم اور غدّاری کا ارتکاب کرے گا وہ اپنے آپ اور اپنے خاندان کے سوا کسی کو ہلاکت میں نہیں ڈالے گا''۔

۳۳۔''''جفنہ ،ثعلبہ کی شاخ ہیں وہ انہیں کی حیثیت میں شمار ہوں گے''۔

۳۴۔(i)''بنوشطیبہ کیلئے وہی شرائط ہوں گی جو بنوعوف کے یہود کیلئے ہیں''۔

(ii)''وفا شعاری کو اپنایا جائے نہ کہ غداری کو''۔

۳۵۔''ثعلبہ کے موالی انہیں کی حیثیت میں شمار ہوں گے''۔

۳۶۔''یہود کے گہرے دوست انہیں کی حیثیت میں شمار ہوں گے''۔

۳۷۔(i)''ان میں سے کوئی بھی محمدؐ کی اجازت کے بغیر جنگ کے لئے نہیں نکلے گا''۔

(ii)''کسی کو زخم کا بدلہ لینے سے نہیں روکا جائے گا''۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۸۔(i)''ان میں سے کوئی بھی محمدؐ کی تو وہ اپنے آپ اور اپنے خاندان کو ہلاکت میں ڈالے گا''۔

(ii)''اللہ اس (دستور) کے صحیح ترین مشمولات کا محافظ ہے''۔

۳۹۔(i)''یہود اپنے اخراجات برداشت کریں گے اور مسلمان اپنے اخراجات''۔

(ii)''اس دستور والوں سے جو کوئی جنگ کرے گا وہ اس کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کریں گے''۔

(iii)''وہ ایک دوسرے کی خیر خواہی اور باہم مشاورت کریں گے''۔

(iv)''وفا شعاری کو اپنایا جائے گا نہ کہ غداری کو''۔

(v)''کوئی شخص اپنے حلیف سے غداری نہیں کرے گا''۔

(vi)''مظلوم کی بہر حال مدد کی جائے گی''۔

۴۰۔''یہود مومنین کے ساتھ مل کر اخراجات جنگ اٹھائیں گے''۔

۴۱۔''وادی یثرب اس صحیفہ والوں کے لئے حرم پاک قرار پائے گی''۔

۴۲۔''پناہ گزین، پناہ دہندہ کی مانند ہوگا نہ کوئی اسے ضرر پہنچائے گا اور نہ وہ غداری کرے گا''۔

۴۳۔''کسی عورت کو اس کے خاندان کے اجازت کے بغیر پناہ نہیں دی جائے گی''۔

۴۴۔(i)''جب کبھی اس صحیفہ والوں کے درمیان کوئی حادثہ پیش آئے یا کوئی تنازعہ اُٹھ کھڑا ہو جس سے فساد برپا ہونے کا اندیشہ ہو تو اس کا حوالہ اللہ عزّ وجل کی طرف اور محمد رسول اللہؐ کی طرف کرنا ہوگا''۔

(i)''اللہ اس صحیفہ کے مشمولات کا محافظ وضامن ہے''۔

۴۵۔''نہ قریش کو پناہ دی جائے گی اور نہ ان کو جو قریش کی مدد کریں گے''۔

۴۶۔''یثرب پر حملہ آوروں کے خلاف وہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کریں گے''۔

۴۷''جب انہیں کسی صلح نامہ میں شرکت یا اس کی پابندی کیلئے پکارا جائے گا تو وہ اس میں شرکت کریں گے اور اس کی پابندی کریں گے اور جب ایسے ہی کام کیلئے بلائیں گے تو یہ پابندی مومنین پر بھی ویسے ہی لازم ہوگی بجز اس شخص کے جو دین کی خاطر جنگ کرے گا''۔

۴۸۔''ہر گروہ اپنے حصے کا ذمہ دار ہوگا جو اس کی جانب سے ہوگا''۔

۴۹۔(i)''الاوس کے یہود، ان کے موالی اور خود انکے لئے ہی شرائط ہوں گی جو اس صحیفہ والوں کیلئے ہیں مع اس صحیفہ والوں کے ساتھ مکمل وفا شعاری کے''۔

(ii)''وفا شعاری کو اپنایا جائے گا نہ کہ غدّاری کو''۔

(iii)''کمانے والا جو کماتا ہے وہ اپنی کمائی کا ذمہ دار ہے''۔

(iv)''اللہ تعالیٰ اس صحیفہ کے صحیح ترین مشمولات کا محافظ ہے''۔

۵۰۔(i)''یہ دستور کسی ظالم اور غدّار کے آڑے نہ آئے گا، جو کوئی باہر نکلے گا امن کا مستحق ہوگا اور جو کوئی گھر میں بیٹھا رہے گا وہ مدینہ امن کا مستحق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوگا بجز اس کے جو ظلم کریگا یا غداری کرے گا"۔

(ii) "اللہ ان کا محافظ ہے جو وفا شعاری اور پرہیز گار ہیں اور محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔

(باب ۳: ۱۶۲۱، سیرت ابن ہشام بن ہشام)

اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا عالمی منشور

(Universal Declaration Of Human Rights)

تمہید:

چونکہ ہر انسان کی ذاتی عزت اور حرمت اور انسانوں کے مساوی اور ناقابل انتقال حقوق کو تسلیم کرنا دنیا میں آزادی، انصاف اور امن کی بنیاد ہے۔

چونکہ انسانی حقوق سے لاپروائی اور ان کے بے حرمتی ایسے وحشیانہ افعال کی شکل میں ظاہر ہوئی ہے جن سے انسانیت کے ضمیر کو سخت صدمے پہنچے ہیں اور عام انسانوں کی بلند ترین آرزو یہ رہی ہے کہ ایسی دنیا وجود میں آئے جس میں تمام انسانوں کو اپنی بات کہنے اور اپنے عقیدے پر قائم رہنے کی آزادی حاصل ہو اور خوف اور احتیاط سے محفوظ رہیں۔

چونکہ یہ بہت ضروری ہے کہ انسانی حقوق کو قانون کی عمل داری کے ذریعے محفوظ رکھا جائے اگر ہم یہ نہیں چاہتے کہ انسان عاجز آکر جبر اور استبداد کے خلاف بغاوت کرنے پر مجبور ہوں۔ چونکہ یہ بہت ضروری ہے کہ قوموں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو بڑھایا جائے۔

چونکہ اقوام متحدہ کی ممبر قوموں نے اپنے چارٹر میں بنیادی انسانی، حقوق، انسانی شخصیت کی حرمت اور قدر مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کے بارے میں اپنے عقیدے کی دوبارہ تصدیق کردی ہے اور وسیع تر آزادی کی فضا میں معاشرتی ترقی کو تقویت دینے اور معیار زندگی کو بلند کرنے کا ارادہ کرلیا ہے۔

چونکہ ممبر ملکوں نے یہ عہد کرلیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے اشتراکِ عمل سے ساری دنیا میں اصولاً اور عملاً انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کا زیادہ سے زیادہ احترام کریں گے اور کرائیں گے۔

چونکہ اس عہد کی تکمیل کیلئے بہت ہی اہم ہے کہ ان حقوق اور ان کی نوعیت کو سب سمجھ سکیں، لہٰذا جنرل اسمبلی اعلان کرتی ہے کہ:

انسانی حقوق کا یہ عالمی منشور تمام اقوام کے واسطے حصول مقصد کا مشترک معیار ہوگا تاکہ ہر فرد اور معاشرے کا ہر ادارہ اس منشور کو ہمیشہ پیش نظر رکھتے ہوئے تعلیم وتبلیغ کے ذریعے ان حقوق اور آزادیوں کا احترام پیدا کرے اور انہیں قومی اور بین الاقوامی کاروائیوں کے ذریعے ممبر ملکوں میں اور ان قوموں میں جو ممبر ملکوں کے ماتحت ہوں منوانے کیلئے بتدریج کوشش کرسکے۔

دفعہ ۱: تمام انسان آزاد اور حقوق وعزت کے اعتبار سے برابر ہوئے ہیں۔ انہیں ضمیر اور عقل ودیعت ہوئی ہے۔ اس لئے انہیں ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارے کا سلوک کرنا چاہیے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دفعہ۲: ہر شخص ان تمام آزادیوں اور حقوق کا مستحق ہے جو اس اعلان میں بیان کئے گئے ہیں، اور اس حق پر نسل، رنگ، جنس، زبان، مذہب اور سیاسی تفریق کا یا کسی قسم کے عقیدے، قوم، معاشرے، دولت یا خاندانی حیثیت وغیرہ کا کوئی اثر نہ پڑے گا۔ اس کے علاوہ جس علاقے یا ملک سے جو شخص تعلق رکھتا ہے اس کی سیاسی کیفیت دائرہ اختیار یا بین الاقوامی حیثیت کی بناء پر اس سے کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا۔ چاہے وہ ملک یا علاقہ آزاد ہو یا تولیتی ہو یا غیر مختار ہو یا سیاسی اقتدار کے لحاظ سے کسی دوسری بندش کا پابند ہو۔

دفعہ۳: ہر شخص کو اپنی جان، آزادی اور ذاتی تحفظ کا حق ہے۔

دفعہ۴: کوئی شخص غلام یا لونڈی بنا کر نہ رکھا جا سکے گا۔ غلامی اور بردہ فروشی چاہے اس کی کوئی شکل بھی ہو ممنوع قرار دی جائیگی۔

دفعہ۵: کسی شخص کو جسمانی اذیت یا ظالمانہ، انسانیت سوز یا ذلیل سلوک یا سزا نہیں دی جائے گی۔

دفعہ۶: ہر شخص کا حق ہے کہ ہر مقام پر قانون اس کی شخصیت کو تسلیم کرے۔

دفعہ۷: قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور سب بغیر کسی تفریق کے قانون کے اندر امان پانے کے برابر کے حق دار ہیں۔ اس سے سب برابر کے بچاؤ کے حق دار ہیں۔

دفعہ۸: ہر شخص کو ان افعال کے خلاف جو اس دستور یا قانون میں دیئے ہوئے بنیادی حقوق کو تلف کرتے ہوں، با اختیار قومی عدالتوں سے مؤثر طریقے پر چارہ جوئی کرنے کا پورا حق ہے۔

دفعہ۹: کسی شخص کو محض حاکم کی مرضی پر گرفتار، نظر بند، یا جلاوطن نہیں کیا جائے گا۔

دفعہ۱۰: ہر ایک شخص کو یکساں طور پر حق حاصل ہے کہ اس کے حقوق وفرائض کا تعین یا اس کے خلاف کسی عائد کردہ جرم کے بارے میں مقدمہ کی سماعت آزاد اور غیر جانب دار عدالت کے کھلے اجلاس میں منصفانہ طریقے پر ہو۔

دفعہ۱۱: (۱) ایسے ہر شخص کو جس پر کوئی فوجداری کا الزام عائد کیا جائے، بے گناہ شمار کئے جانے کا حق ہے، تاوقت کہ اُس پر کھلی عدالت میں قانون کے مطابق جرم ثابت نہ ہو جائے اور اُسے اپنی صفائی پیش کرنے کا پورا موقع نہ دیا جا چکا ہو۔

(۲) کسی شخص کو کسی ایسے فعل یا فروگذاشت کی بنا پر جو ارتکاب کے وقت قومی یا بین الاقوامی قانون کے اندر تعزیری جرم شمار نہیں کیا جاتا تھا، کسی تعزیری جرم میں ماخوذ نہیں کیا جائے گا۔

دفعہ۱۲: کسی شخص کے نجی زندگی، خانگی زندگی، گھر بار، خط وکتابت میں من مانے طریقے پر مداخلت نہ کی جائے گی اور نہ ہی اُس کی عزت اور نیک نامی پر حملے کئے جائیں گے۔ ہر شخص کا حق ہے کہ قانون اسے حملے یا مداخلت سے محفوظ رکھے۔

دفعہ۱۳: (۱) ہر شخص کا حق ہے کہ اسے ریاست کی حدود کے اندر نقل وحرکت کرنے اور سکونت اختیار کرنے کی آزادی ہو۔

(۲) ہر شخص کو اس بات کا حق ہے کہ وہ ملک سے چلا جائے چاہے یہ ملک اس کا اپنا ہو اور اسی طرح اسے ملک واپس آجانے کا بھی حق ہے۔

دفعہ۱۴: (۱) ہر شخص کو ایذا رسانی سے دوسرے ملکوں میں پناہ ڈھونڈنے، اور پناہ مل جائے تو اس سے فائدہ اٹھانے کا حق ہے۔

(۲) یہ حق ان عدالتی کارروائیوں سے بچنے کے لئے استعمال میں نہیں لایا جا سکتا جو خالصتاً غیر سیاسی جرائم یا ایسے افعال کی وجہ سے عمل میں آتی ہیں جو اقوام متحدہ کے مقاصد اور اصول کے خلاف ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دفعہ۱۵: (۱) ہر شخص کو قومیت کا حق ہے۔

(۲) کوئی شخص محض حاکم کی مرضی پر اپنی قومیت سے محروم نہیں کیا جائیگا اور اس کو قومیت تبدیل کرنے کا حق دینے سے انکار نہ کیا جائے گا۔

دفعہ۱۶: (۱) بالغ مردوں اور عورتوں کے بغیر کسی ایسی پابندی کے جو نسل قومیت یا مذہب کی بنا پر لگائی جائے شادی بیاہ کرنے اور گھر بسانے کا حق ہے۔ مردوں اور عورتوں کو نکاح ازدواج زندگی اور نکاح کو فسخ کرنے کے معاملے میں برابر کے حقوق حاصل ہیں۔

(۲) نکاح فریقین کی پوری اور آزاد رضامندی سے ہوگا۔

(۳) خاندان، معاشرے کی فطری اور بنیادی اکائی ہے۔ اور وہ معاشرے اور ریاست دونوں کی طرف سے حفاظت کا حقدار ہے۔

دفعہ۱۷: (۱) ہر انسان کو تنہا یا دوسروں سے مل کر جائیداد رکھنے کا حق ہے۔

(۲) کسی شخص کو زبردستی! اس کی جائیداد سے محروم نہیں کیا جائے گا۔

دفعہ۱۸: ہر انسان کو آزادی فکر، آزادی ضمیر اور آزادی مذہب کا پورا حق ہے۔ اس حق میں مذہب یا عقیدے کو تبدیل کرنے اور پبلک میں یا نجی طور پر، تنہا یا دوسروں کے ساتھ مل جل کر عقیدے کی تبلیغ، عمل، عبادت اور مذہبی رسمیں پوری کرنے کی آزادی بھی شامل ہے۔

دفعہ۱۹: ہر شخص کو اپنی رائے رکھنے اور اظہار رائے کی آزادی کا حق حاصل ہے۔ اس حق میں یہ امر بھی شامل ہے کہ وہ آزادی کے ساتھ اپنی رائے قائم کرے اور جس ذریعے سے چاہے بغیر ملکی سرحدوں کا خیال کئے علم اور خیالات کی تلاش کرے۔ انہیں حاصل کرے اور ان کی تبلیغ کرے۔

دفعہ۲۰: (۱) ہر شخص کو پرامن طریقے پر ملنے جلنے اور انجمنیں قائم کرنے کی آزادی کا حق ہے۔

(۲) کسی شخص کو کسی انجمن میں شامل کے لئے مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

دفعہ۲۱: (۱) ہر شخص کو اپنے ملک کی حکومت میں براہ راست یا آزادانہ طور پر منتخب کئے ہوئے نمائندوں کے ذریعے حصہ لینے کا حق ہے۔

(۲) ہر شخص کو اپنے ملک میں سرکاری ملازمت حاصل کرنے کا برابر کا حق ہے۔

(۳) عوام کی مرضی حکومت کے اقتدار کی بنیاد ہوگی۔ یہ مرضی وقتاً فوقتاً ایسے حقیقی انتخابات کے ذریعے ظاہر کی جائے گی جو عام اور مساوی رائے دہندگی سے ہوں گے اور جو خفیہ ووٹ یا اس کے مساوی کسی دوسرے آزادانہ طریق رائے دہندگی کے مطابق عمل میں آئیں گے۔

دفعہ۲۲: معاشرے کے رکن کی حیثیت سے ہر شخص کو معاشرتی تحفظ کا حق حاصل ہے اور یہ حق بھی کہ وہ ملک کے نظام اور وسائل کے مطابق قومی کوشش اور بین الاقوامی تعاون سے ایسے اقتصادی، معاشرتی اور ثقافتی حقوق کو حاصل کرے، جو اس کی عزت اور شخصیت کے آزادانہ نشوونما کیلئے لازم ہیں۔

دفعہ۲۳: (۱) ہر شخص کو کام کاج، روزگار کے آزادانہ انتخاب، کام کاج کی مناسب ومعقول شرائط اور بے روزگاری کے خلاف تحفظ کا حق ہے۔

(۲) ہر شخص کو کسی تفریق کے بغیر مساوی کام کیلئے مساوی معاوضے کا حق ہے۔

(۳) ہر شخص جو کام کرتا ہے وہ ایسے مناسب ومعقول مشاہرے کا حق رکھتا ہے جو خود اس کے اس کے اہل وعیال کیلئے باعزت زندگی کا ضامن ہو اور جس میں اگر ضروری ہو تو معاشرتی تحفظ کے دوسرے ذریعوں سے اضافہ کیا جاسکے۔

(۴) ہر شخص کو اپنے مفاد کے بچاؤ کیلئے تجارتی انجمنیں قائم کرنے اور اس میں شریک ہونے کا حق حاصل ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دفعہ ۲۴: ہر شخص کو آرام اور فرصت کا حق ہے جس میں کام کے گھنٹوں کی حد بندی اور تنخواہ کے علاوہ مقررہ وقفوں کے ساتھ تعطیلات بھی شامل ہیں۔

دفعہ ۲۵: (۱) ہر شخص کو اپنی اور اپنے اہل وعیال کی صحت اور فلاح و بہبود کیلئے مناسب معیار زندگی کا حق ہے جس میں خوراک، پوشاک، مکان اور علاج کی سہولتیں اور دوسری ضروری معاشرتی مراعات شامل ہیں اور بے روزگاری، بیماری، معذوری، بیوگی، بڑھاپا یا ان حالات میں روزگار سے محرومی جو اس کے قبضۂ قدرت سے باہر ہوں، کے خلاف تحفظ کا حق حاصل ہے۔

(۲) زچہ اور بچہ خاص توجہ اور امداد کے حق دار ہیں۔ تمام بچے خواہ شادی سے پہلے پیدا ہوئے ہوں یا بعد معاشرتی تحفظ سے یکساں طور پر مستفید ہوں گے۔

دفعہ ۲۶: (۱) ہر شخص کو تعلیم کا حق ہے۔ تعلیم مفت ہوگی۔ کم سے کم ابتدائی اور بنیادی درجوں میں، ابتدائی تعلیم لازمی ہوگی۔ فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنے کا عام انتظام کیا جائے گا اور لیاقت کی بنا پر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا سب کیلئے مساوی طور پر ممکن ہوگا۔

(۲) تعلیم کا مقصد انسانی شخصیت کی پوری نشوونما ہوگا اور وہ انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے احترام میں اضافہ کرنے کا ذریعہ ہوگی۔ وہ تمام قوموں اور نسلی یا مذہبی گروہوں کے درمیان باہمی مفاہمت، رواداری اور دوستی کو ترقی دے گی اور امن کو برقرار رکھنے کے لیے اقوام متحدہ کی سرگرمیوں کو آگے بڑھائے گی۔

(۳) والدین کو اس بات کے انتخاب کا اولین حق ہے کہ ان کے بچوں کو کس قسم کی تعلیم دی جائیگی۔

دفعہ ۲۷: (۱) ہر شخص کو قوم کی ثقافتی زندگی میں آزادانہ حصہ لینے، ادبیات سے مستفید ہونے اور سائنس کی ترقی اور اس کے فوائد میں شرکت کا حق حاصل ہے۔

(۲) ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ اس کے ان اخلاقی اور مادی مفاد کا بچاؤ کیا جائے جو اسے ایسی سائنسی، علمی یا ادبی تصنیف سے، جس کا وہ مصنف ہے، حاصل ہوتے ہیں۔

دفعہ ۲۸: ہر شخص ایسے معاشرتی اور بین الاقوامی نظام میں شامل ہونے کا حق دار ہے جسمیں وہ تمام آزادیاں اور حقوق حاصل ہوسکیں جو اس اعلان میں پیش کر دیئے گئے ہیں۔

دفعہ ۲۹: (۱) ہر شخص پر معاشرے کے حقوق ہیں۔ کیونکہ معاشرے میں رہ کر ہی اس کی شخصیت کی آزادانہ اور پوری نشوونما ممکن ہے۔

(۲) اپنی آزادیوں اور حقوق سے فائدہ اٹھانے میں ہر شخص صرف ایسی حدود کا پابند ہوگا جو دوسروں کی آزادیوں اور حقوق کو تسلیم کرانے اور ان کا احترام کرانے کی غرض سے یا جمہوری نظام میں اخلاق، امن اور عام فلاح و بہبود کے مناسب لوازمات کو پورا کرنے کیلئے قانون کی طرف سے عائد کی گئی ہیں۔

(۳) یہ حقوق اور آزادیاں کسی حالت میں بھی اقوام کے مقاصد اور اصول کے خلاف عمل میں نہیں لائی جاسکتیں۔

دفعہ ۳۰: اس اعلان کی کسی چیز سے کوئی ایسی بات مراد نہیں لی جاسکتی جس سے کسی ملک، گروہ یا شخص کو کسی ایسی سرگرمی میں مصروف ہونے یا کسی ایسے کام کو انجام دینے کا حق پیدا ہو جو منشا ان حقوق اور آزادیوں کی تخریب ہو۔ جو یہاں پیش کی گئی ہیں۔

(ص ۵۸۲۔۵۸۸ حقوق انسانی و مذاہب اور پولیسنگ، ڈاکٹر سید مظہر علی شاہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قائداعظم محمد علی جناحؒ کا ایک خط

راج کمار امیر حیدر خان (آف محمود آباد) کے نام

''جہاں تک شیعوں کے عقائد اور مذہبی امور کی انجام دہی کی آزادی کا تعلق ہے تو یقیناً یہ بنیادی امر ہے کہ اگر مسلم لیگ کسی لائق ہوئی تو وہ ضرور خیال رکھے گی کہ اس آزادی کی پامالی نہ ہو۔''

آپ نے مزید لکھا کہ

''جہاں تک شیعہ اوقاف کا مکمل طور پر شیعوں کا کنٹرول میں رہنے کا تعلق ہے تو اس میں کسی اعتراض کی کوئی گنجائش میری سمجھ میں نہیں آتی ۔آپ اس آخری نکتے پر کہ اگر مسلم حنفی فقہ کے مطابق کوئی قانون منظور ہو تو شیعہ فقہ کے خصوصی اصولوں کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ جہاں تک تعلق ہے تو یہ میری سمجھ میں بالکل نہیں آیا۔ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی شیعہ فقہ کیوں تبدیل کرے گا اور ایسا کرنا کسی اور کے مفاد میں کیسے ہو سکتا ہے۔

(ص 280-279، قائداعظم خطوط کے آئینے میں،
خواجہ رضی حیدر، دسمبر 1985 ایڈیشن)

(راجکمار امیر حیدر خان کے خط مورخہ 29 مارچ 1940 کے جواب میں قائداعظم نے اپنے خط مورخہ 8 اپریل 1940 کو تحریر کیا۔)

قائداعظم محمد علی جناحؒ کا پہلی مجلسِ آئین ساز سے خطاب

''اب تم سب آزاد ہو اور پاکستان میں تمہیں اسی بات کی پوری آزادی ہے کہ اپنے مندروں، مسجدوں اور دوسری عبادت گاہوں میں جا کر اپنے عقیدے کے مطابق عبادت کرو۔

ھمارا یہ بنیادی اصول ہے کہ ہم سب ایک مملکت کے شہری اور مساوی حقوق کے مالک ہیں۔ یہ اصول مذہب معتقدات اور ذات پات کے امتیاز سے بالاتر ہے۔'' (قائداعظمؒ)

''یہ وہ خطبہ تھا جو 11 اگست 1947 کو انہوں نے پہلی مجلس آئین ساز کے صدر کی حیثیت سے (کراچی میں) پڑھا۔ اُس کی تیاری پر انہوں نے کئی گھنٹے صرف کئے اس خطبہ کے ذریعے سے انہوں نے یہ اعلان کیا کہ پاکستان میں سب شہریوں کو برابر کے حقوق حاصل ہوں گے اور اس معاملے میں مذہب وملت کا کوئی امتیاز روا نہ رکھا جائے گا۔''

(ص 296، محمد علی جناح، ہیکٹر بولائتھو، مترجم زہیر صدیقی)
(مرکزی اردو بورڈ لاہور جولائی 1976 ایڈیشن)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دستور پاکستان ۱۹۷۳ء اور بنیادی حقوق

۱۹۷۳ء آئین میں شہریوں کے بنیادی حقوق کی فہرست شامل ہے۔ یہ حقوق شہریوں کو آزادی کی نعمت سے مالا مال کرتے ہیں، اور وہ ہر قسم کے خدشات اور خطرات سے بے نیاز ان حقوق کو استعمال کرتے ہوئے ایک خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔ آئین کے مطابق قائم ہونے والی عدالتیں حقوق کے تحفظ کا ذمہ لیتی ہیں اگر کوئی حق تلفی ہو تو شہری عدلیہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اور جج اسے حق حاصل کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

آئین میں حقوق کا اندراج عوام کے لئے بہت حوصلہ بخش ہوتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو ہر ظلم اور زیادتی سے محفوظ سمجھنے لگتے ہیں آئین چونکہ عام قانون سے بالاتر ہوتا ہے مقننہ یا انتظامیہ کے بس میں بھی نہیں ہوتا کہ وہ آئینی حدود کو پھلانگیں اس لئے آئین میں موجود حقوق بہر طور عوام کو ملتے رہتے ہیں۔

عوام کے بنیادی حقوق کو کوئی ادارہ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ البتہ اگر ملک کو اندرونی خلفشار یا بیرونی حملے کا خطرہ ہو تو انتظامیہ ان مخصوص حالات میں بنیادی انسانی حقوق کو عبوری و عارضی طور پر معطل کر سکتی ہے۔ یہ حقوق ہنگامی صورت میں معطل رہتے ہیں۔ اور جوں ہی حالات نارمل ہو جائیں، آئین اور اس کے تحت ملنے والے حقوق بحال ہو جاتے ہیں۔

پاکستان کے آئین ۱۹۷۳ کو زیادہ جمہوری شکل دینے کے لئے دستور ساز اسمبلی نے زیادہ سے زیادہ حقوق شہریوں کے لئے مختص کر دیئے ہیں دستور کی ۲۲ دفعات صرف بنیادی حقوق سے بحث کرتی ہیں۔ یہ دفعات ۷ سے ۲۸ تک ہیں۔ آئین جو حقوق عطا کرتا ہے درج ذیل ہیں۔

۱۔ زندگی کا تحفظ: آئین کے آرٹیکل ۹ کے تحت ہر شہری کو زندگی اور آزادی کا پیدائشی حق حاصل ہے جسے آئین بھی تسلیم کرتا ہے، اور حکومت پر ذمہ داری عائد کرتا ہے کہ وہ شہریوں کی زندگی کے لئے انتظامات کرے اس غرض سے پولیس اور دوسرے محکمے موجود ہوتے ہیں، جو شہریوں کی جانوں کی حفاظت کے لئے رات دن مصروف رہتے ہیں۔

۲۔ جائداد کا حق: آئین کے آرٹیکل ۲۴ کے تحت کسی شہری کو اس کی قانونی جائداد سے محروم نہیں کیا جا سکتا پاکستان میں ہر شہری کو جائیداد خریدنے فروخت کرنے یا اپنے پاس رکھنے کا حق ہے۔ حکومت اس حق کی پوری طرح حفاظت کرتی ہے۔ البتہ جائیداد کا قانونی انداز میں حاصل کیا جانا ضروری ہے جائیداد کے سلسلے میں ۱۹۷۳ء کے آئین میں درج ہے کہ اگر حکومت کسی قومی ضرورت کے لئے چاہے تو کسی فرد کی جائیداد کو اسکی شخصی ملکیت سے نکال کر قومی ملکیت میں لے سکتی ہے، ضروری ہے کہ قومیائی گئی جائیداد کا مناسب معاوضہ شہری کو دیا جائے قانون کی با قائدہ اجازت کے بغیر کسی شہری کو اس کی جائیداد سے محروم نہیں کیا جا سکتا

۳۔ حق مساوات: آئین کے آرٹیکل ۲۵ کے تحت تمام شہری قانون کی نگاہ میں یکساں ہیں پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مساوی سمجھتا ہے۔ وہ کسی قسم کی تفریق یا امتیاز روا نہیں رکھتا۔ کسی فرد کو اس کے مذہب وملت، رنگ ونسل، جائیداد یا کسی اور وجہ سے دوسرے سے برتر نہیں سمجھا جا سکتا۔ سارے شہری ملک کے سیاسی وشہری حقوق سے برابر مستفید ہو سکتے ہیں۔ معاشرہ میں ذات پات اور کالے گورے کی تمیز کو آئین تسلیم نہیں کرتا۔ مساوات کا تصور سیاسی، مذہبی، معاشی اور معاشرتی غرضیکہ ہر پہلو میں موجود ہے۔ عورتوں اور بچوں کے لئے البتہ جداگانہ قوانین ہیں اور ان کے تحفظ کے لئے مختلف اصول ترتیب دیئے گئے ہیں۔ ان کام لینے کے اوقات اور کام کی نوعیت بھی مختلف ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۔حق نقل وحرکت: آئین کے آرٹیکل ۱۵ کے تحت پاکستان کے ہر شہری کو اجازت ہے کہ ملک کے طول وعرض میں جس جگہ جانا چاہے جائے اور جہاں رہنا چاہے رہے۔نقل مکانی کرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کی عام اجازت ہے۔یہی نہیں بلکہ اگر پاکستان کا کوئی شہری دنیا میں کسی بھی دوسرے ملک میں جانا چاہے تو اس امر کی اجازت ہے۔وہ پاسپورٹ حاصل کرسکتا ہے اور دنیا کے کسی بھی کونے میں جاسکتا ہے۔نقل وحرکت کی اس آزادی پر قومی ضروریات اور تقاضوں کے تحت کسی حد تک پابندی بھی عائد ہوسکتی ہے۔البتہ ضروری ہے کہ عدلیہ اس پابندی کو توثیق کرے۔قومی پالیسی کے تحت شہریوں کو بعض ملکوں میں مثلاً اسرائیل جانے کی ممانعت ہے۔اسی طرح شہری کو قومی تحفظ کی خاطر کسی مخصوص علاقے یا آبادی میں وقتی طور پر نظر بند کیا جاسکتا ہے۔یہ کام بغیر عدالتی اجازت کے ممکن نہیں ہوتا۔

۵۔حق اجتماع: آئین کے آرٹیکل ۱۶ کے تحت شہریوں کو حق حاصل ہے کے وہ مذہبی، معاشرتی اور سیاسی مقاصد کے لئے اجتماعات منعقد کریں۔جلسے کرنے کی پوری آزادی آئین نے دی ہے۔تاہم اگر حکومت محسوس کرے کہ کوئی اجتماع تحفظ اور امن عامہ کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے تو ایسی اجتماع پر پابندی لگائی جاسکتی ہے۔عدالت کے حکم کے تحت شہریوں کو اجتماع کرنے سے روکا جاسکتا ہے تاکہ نقضِ امن کا خطرہ باقی نہ رہے۔آئین ایسے اجتماعات کے انعقاد کی پوری اجازت دیتا ہے جو مثبت نوعیت کے قومی مقاصد کے لئے منعقد کئے جائیں۔

۶۔حق تحریر وتقریر: آئین کے آرٹیکل ۱۹ کے تحت ہر شہری کو حق تحریر حاصل ہے ہر شہری کو اپنے خیالات کے اظہار کا جمہوری حق حاصل ہے۔وہ تقریر وتحریر کا سہارا لے کر اپنے احساسات دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔اجلاس منعقد کر کے تحریر کرے یا کتاب، اخبار یا رسالہ میں اپنی تحریر کے ذریعے اظہار کرے۔ایسا کرنے کی اسے اجازت ہے۔یہ جمہوری قدروں کو پروان چڑھانے کیلئے ایک ضروری حق سمجھا جاتا ہے۔پاکستان میں ملکی سلامتی اور مذہبی احساسات کا دھیان رکھتے ہوئے کوئی فرد جو بات کہنا چاہے، کہہ سکتا ہے۔وہ کسی کی دل آزاری نہیں کرسکتا اور نہ وطن کے مفاد کے منافی کوئی بات کہہ سکتا ہے۔عدلیہ کے کردار اور فیصلوں پر تنقید کرنے کا بھی شہری کو حق نہیں ملتا۔

۷۔قانون کی بالادستی کا حق: آئین کے آرٹیکل ۸ کے تحت آئین کے مخالف کوئی قانون تشکیل نہیں دیا جاسکتا۔قانون شہری کا محافظ ہے۔اگر قانون کے بالادستی قائم ہے تو فرد بھی محفوظ ہے۔اس لئے شہری کا یہ حق ہے کہ ملک میں قانون کے بالادستی ہو۔کسی شہری کو قانون کے بغیر سزا نہیں دی جاسکے۔یہی نہیں بلکہ اس کی گرفتاری بھی صرف اور صرف قانون کے تحت ہو۔کسی فرد کو ایک جرم کرنے پر دوبارہ سزا نہیں دی جاسکتی۔اسے قانون کے مطابق اپنے ہی خلاف گواہی دینے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔کسی فرد کو کسی ایسے فعل کی بنیاد پر سزا نہیں دی جاسکتی جو فعل ارتکاب کے وقت قانوناً جرم نہیں تھا اور بعد میں جرم قرار پایا۔

۸۔بیگار اور غلامی سے چٹکارا: آئین کے آرٹیکل ۱۱ کے تحت کسی بھی شہری (خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بڑا ہو یا چھوٹا) سے بیگار نہیں لی جاسکتی۔اسے مجبور کر کے بغیر معاوضہ اس سے کام لینا منع ہے۔شہری کو خریدا یا بیچا نہیں جاسکتا اور نہ اسے غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔اگر کسی شہری کو عدالت سزا دے تو قانون کے تحت اس سے بیگار لی جاسکتی ہے۔جیل میں بامشقت سزا کاٹنے والے قیدیوں سے جو کام لیا جاتا ہے۔وہ قانوناً صحیح ہے۔

۹۔ثقافتی وتہذیبی حقوق: آئین کے آرٹیکل ۲۸ کے تحت ہر شہری کا حق ہے کہ اپنی تہذیب وثقافت کے مطابق زندگی گزارے۔انہیں ترقی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دینے کے لیے کوشاں رہے اپنے ادب اور ثقافت کو ترقی دے۔

۱۰۔حق انجمن: آرٹیکل ۱۷ کے تحت شہری اپنے مشترکہ مفادات کی خاطر انجمنیں بنا سکتے ہیں۔ان کی نوعیت سیاسی و مذہبی، معاشرتی، تفریحی، فلاحی یا پیشہ ورانہ ہوسکتی ہے۔خصوصاً سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے جماعتیں بنانے کا حق شہریوں کو حاصل ہے اور وہ جماعتوں کو منظم کرنے اور مؤثر بنانے کے لئے چندہ بھی وصول کر سکتے ہیں۔

۱۱۔مذہبی حقوق: آئین کے آرٹیکل ۲۱ کے تحت مذہبی حقوق کو تحفظ حاصل ہے شہریوں کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ جس عقیدہ کو پسند کریں اپنالیں۔ وہ پوری مذہبی آزادی رکھتے ہیں جس سے مراد اپنے مذہب کی تبلیغ کی آزادی، مذہب کے مطابق عبادت کی آزادی اور اپنے مذہبی اداروں کے قیام کی آزادی ہے۔مذہب کی تبلیغ کے لئے شہری تحریر اور تقریر کا سہارا لیتے ہیں۔کتابوں، کتابچوں، پمفلٹوں اور اشتہارات کے ذریعے مذہب کی تبلیغ کر سکتے ہیں۔

البتہ آئین اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ ایک شہری اپنے حقوق کو اس طرح استعمال کرے کہ جس سے دوسروں شہریوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے کسی شہری کو کسی ایسے مذہب کی تبلیغ کے لئے چندہ دینے پر مجبور نہیں کی جاسکتا جو اس کا مذہب نہ ہو۔نہ ہی ملک میں کوئی ایسا ٹیکس نافذ کیا جاسکتا ہے جس سے حاصل شدہ رقم کسی مخصوص مذہب کی تبلیغ پر خرچ ہو۔

۱۲۔معاشی حقوق: آرٹیکل ۱۸ کے تحت ہر شہری کے معاشی حقوق کو تحفظ حاصل ہے۔ہر شہری کا حق ہے کہ وہ جس پیشہ کو پسند کرے اپنالے۔ہر شہری سے مناسب اوقات کار اور مناسب اجرت کے عوض کام لیا جاسکتا ہے۔کسی فرد سے بیگار لینے کی آئین اجازت نہیں دیتا۔

۱۳۔تعلیمی اداروں میں مذہبی تحفظات: آرٹیکل ۲۲ کے تحت جہاں ہر شہری کو اپنے مذہب کے مطابق زندگی کرنے کا حق ہے وہاں اسے آئین کی رو سے کسی تعلیمی ادارے میں ایسی مذہبی تعلیم حاصل کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا جو اس کے اپنے مذہب کی نہ ہو۔شہری کو تہواروں اور رسومات سے نہیں روکا جاسکتا۔اسے ایسے مذہبی اصول اپنانے پر بھی مجبور نہیں کیا جاسکتا جس کے متعلق اسے یقین ہو کہ اس کا اپنا نہیں ہے۔

کسی فرد کو اس کے مذہب، نسل، جائے پیدائش یا ذات کی وجہ سے تعلیمی ادارے میں داخل ہونے سے روکا نہیں جاسکتا۔بشرطیکہ وہ تعلیمی ادارہ حکومت کے سرمایے سے چل رہا ہو۔

۱۴۔انفرادی آزادی کا حق:

۱۔کسی فرد کو بغیر وجہ بتائے گرفتار نہیں کیا جاسکے گا۔اور گرفتاری کے لئے عدالتی اجازت نامہ ضروری ہوگا۔

۲۔کسی فرد کو بغیر قانونی کاروائی قید و بند میں نہیں رکھا جائے گا۔

۳۔کسی فرد کے خلاف کوئی مقدمہ ہو تو اسے حق ہوگا کہ وہ کسی وکیل کی خدمات حاصل کرے، تاکہ اپنے خلاف لگائے گئے الزامات کی صفائی پیش کر سکے۔

۴۔اگر پولیس کسی شخص کو گرفتار کرتی ہے تو لازم ہے کہ اسے ۲۴ گھنٹے کے اندر مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے۔

مندرجہ بالا حقوق عام حالات میں شہریوں کو حاصل ہیں لیکن اگر کسی شہری کو امتناعی نظر بندی کے قانون کے تحت پابند کیا گیا ہو تو اس پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مندرجہ بالا شرائط کا اطلاق نہ ہوگا امتناعی نظر بندی کا اصول صرف ان شہریوں کے لئے ہوگا جو ملکی اتحاد سلامتی اور دفاع کو نقصان پہنچانے کے مرتکب ہوں گے۔

امتناعی نظر بندی کے تحت کسی فرد کو ایک ماہ سے زیادہ محبوس نہیں رکھا جاسکتا۔ اگر کسی کی نظر بندی میں اضافہ مقصود ہو تو مقدمہ ایک جائزہ بورڈ کے سامنے پیش ہوگا۔ بورڈ اگر چاہے گا تو تین ماہ کے لئے حراست میں رکھنے کا فیصلہ کر سکے گا۔ اگر اس مدت کے گزرنے کے بعد بھی حراست میں رکھے جانے کی ضرورت محسوس ہوگی تو مقدمہ دوبارہ جائزہ بورڈ کے سامنے آئے گا۔

مرکزی جائزہ بورڈ ایک چیرمین اور دو دوسرے ارکان پر مبنی ہے۔ یہ ارکان سپریم کورٹ کے جج ہوتے ہیں اور ان کا تقرر چیف جسٹس آف پاکستان کرتا ہے۔ ہر صوبہ کا الگ صوبائی جائزہ بورڈ ہے اور صوبائی قانون کے تحت نظر بند ہونے والے افراد کے لئے یہ جائزہ بورڈ کام کرتا ہے۔ صوبائی بورڈ ایک چیئرمین اور دو ارکان پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ ارکان ہائی کورٹ کے ججوں سے چنے جاتے ہیں۔

(ص ۴۹۲۔۵۰۲، حقوق انسانی و مذاہب اور پولیسنگ،
ڈاکٹر سید مظہر علی شاہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

معاہدۂ اسلام آباد پاکستان

''راولپنڈی ۶۔ جولائی (۱۹۸۰ء) صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کی دعوت پر شیعہ راہنماؤں کے ایک وفد نے مفتی جعفر حسین کی قیادت میں آج چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر سیکریٹریٹ میں صدر سے ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ وفد کے دوسرے ارکان یہ تھے۔ مولانا سید گلاب شاہ ،مولانا سید صفدر حسین نجفی، لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) سید فدا حسین نقوی اور سید شبیر حسین ایڈووکیٹ۔

شیعہ وفد کا نقطہ نظر سننے کے بعد صدر نے اپنی سابقہ یقین دہانی کو دہرایا کہ ملک کے ہر شہری کے مذہبی عقائد کا پورا پورا احترام کیا جائے گا اور کسی ایک فرقے کا فقہ دوسرے پر مسلط نہیں کیا جائے گا۔ شیعہ لیڈروں کے خدشات کو رفع کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ وہ اہل تشیع سے کیے ہوئے وعدے پر قائم ہیں اور وہ اسے اس کی روح کے مطابق عملی جامہ پہنانے کے لئے ضروری اقدامات کریں گے۔

صدر مملکت نے مزید کہا کہ اگر کوئی قانون اس سے پہلے اس وعدے کے منافی نافذ ہو چکا ہے تو اس میں ضروری ترمیم کر دی جائے گی، تا کہ وہ اہل تشیع کے لئے فقہ جعفریہ سے ہم آہنگ ہو جائے، انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ مستقبل میں اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ ہر نئے قانون میں اہل تشیع کے لئے فقہ جعفریہ ملحوظ رہے گا۔ اس سلسلے میں ضروری قانون ۱۵ ستمبر ۱۹۸۰ء تک بنا دیا جائے گا۔''

مفتی جعفر حسین نے صدر مملکت کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنے سابقہ وعدے کا اعادہ کیا۔ مفتی صاحب نے یہ بھی یقین دلایا کہ اسلام آباد میں جو اہل تشیع جمع ہیں وہ انہیں مشورہ دیں گے کہ وہ اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جائیں

دستخط مفتی جعفر حسین

دستخط محمود اے ہارون
وفاقی وزیر مذہبی امور

جنرل اختر اپنی ٹیم کی اس شاندار کارکردگی پر بے حد نازاں اور خوش تھے۔ اگلے روز سٹاف میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا یہ بہت ہی نازک موقعہ تھا۔ تمام دنیا کی نظریں پاکستان پر لگی ہوئی تھیں اور لوگ ایک ایک لمحہ گن رہے تھے، پاکستان کا سرکاری نظام منجمد ہو گیا تھا، سرکاری مشینری مفلوج ہو چکی تھی، لیکن آئی ایس آئی نے اپنے فرض سے بڑھ کر کام کیا، صدر پاکستان آئی ایس آئی کی کارکردگی پر بے حد خوش ہیں اور انہوں نے ان الفاظ میں ہمیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ''مجھے امریکہ کے سفیر نے پیغام دیا کہ آج پاکستان کو بچا لیا گیا ہے۔''

ہم خدا کے شکر گزار ہیں کہ ہماری کوششوں سے نہ صرف پاکستان کی سلامتی کو درپیش خطرہ ٹل گیا بلکہ بہت بڑی خون ریزی کو بھی روک لیا گیا۔ شکر الحمد للہ۔ اسے کہتے ہیں غیبی امداد ورنہ ہم کیا اور ہماری حقیقت کیا۔

(صفحہ ۲۷۸/۲۷۹ حساس ادارے ایڈیشن ۱۹۹۸ء، از بریگیڈیئر (ر) سید احمد ارشاد ترمذی
سابق چیف آف آرمی اسٹاف ڈائریکٹریٹ جنرل آئی ایس آئی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہند میں اسلام کی آمد

بقول سید محمد ہادی حسین یورپین مورخ ہوں یا ایشیائی سب کے سب ایک منہ اور ایک زبان ہو کر سندھ میں محمد بن قاسم کی فاتحانہ آمد ۷۱۱ء مطابق ۹۲ھ سے ہند میں اسلام کا آغاز بتاتے ہیں۔ (ص ۴۸۔۴۷ نقوش راہ) لیکن تاریخ اور تاریخی حوالے کچھ اور ہی کہہ رہے ہیں۔

۱۔ امام المورخین ابو محمد عبداللہ ابن قتیبہ دینوری اپنی کتاب ''المعارف کے ص ۱۵ طبع مصر ۱۹۳۴ میں لکھتے ہیں کہ ''ہندوستان میں سب سے پہلے اسلام امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے عہد میں پہنچا۔

۲۔ ترجمہ چچ نامہ قلمی ص ۳۴، امیر المومنینؑ نے ۳۸ھ میں ناظر بن وعوراء کو سرحدات سندھ کی دیکھ بھال کے لیے روانہ کیا۔

۳۔ علامہ ابوالظفر الندوی تحریر فرماتے ہیں کہ ''۳۹ھ میں حضرت علیؑ نے حارث بن مرہ عبدی کو سندھ پر قابو حاصل کرنے کے لیے بھیجا اور اس سن میں سندھ فتح ہوا۔

۴۔ تاریخ سندھ دارالمصنفین اعظم گڈھ ۱۹۴۷ کے مطابق سندھ حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے ہاتھوں فتح ہوا اور حکومتِ اسلامیہ اُن ہی کے ہاتھوں قائم ہوئی۔

۵۔ علامہ بلاذری المتوفی ۲۷۹ لکھتے ہیں کہ آخر ۳۸ھ یا اول ۳۹ھ میں حارث بن مرہ عبدی حضرت علی ابن ابی طالبؑ سے اجازت لے کر بحیثیت مطوع سرحد سندھ پہنچے اور فتح یاب ہوئے۔

(ترجمہ فتوح البلدان بلاذری ج ۲ ص ۶۱۳ طبع کراچی، ص ۳۲۸ طبع مصر)

حوالہ جات:

۱) ص ۲۲۷۔۲۲۸ مولاؑ علی مدینے میں ۲۵ سال۔ الحاج پروفیسر ڈاکٹر سید منظر حسین کاظمی)

۲) ص ۱۳۴۔۱۳۵، چودہ ستارے (ناشر المعراج کمپنی لاہور)، مولانا نجم الحسن کراروی صاحب قبلہ ہفت روزہ شہاب ثاقب پشاور، شمارہ یکم مئی ۱۹۵۰ء مقالہ مولانا محمد بشیر صاحب انصاری قبلہ فاتح ٹیکسلا

۳) جناب علی حسین رضوی صاحب اپنی کتاب تاریخ شیعہ میں لکھتے ہیں کہ ''سندھی بزرگوں میں ایک روایت سینہ بسینہ چلی آرہی ہے کہ سادات چھوٹے چھوٹے گروہوں میں منقسم ہو کر اموی حدود سلطنت میں سفر کرتے اور سرحد پار کر کے ایک قافلے کی صورت اختیار کر لیتے پھر سیستان، بلوچستان، مکران جہاں بن پڑتا وہاں اقامت اختیار کر لیتے اُن کا تقدس وتقویٰ غیر مسلمین کو بھی ان سے نفرت نہ کرنے دیتا وہ آہستہ آہستہ اپنا تعارف کراتے اور اسلام کا درس دیتے تو لوگ متاثر ہوئے بغیر نہ رہتے۔ اور جو لوگ اسلام کی صداقت کو قبول نہ کرتے وہ بھی ان بزرگوں کی عظمت کو ضرور مانتے جن کی قبور اب بھی ان علاقوں میں جا بجا مرجع خلائق ہیں

اُن میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو دریائے سندھ کے کنارے کھلے میدانوں میں پہنچے ایک قافلہ راجہ داھر کے آدمیوں کے ہاتھوں گرفتار ہو گیا جو اُسکے دربار میں حاضر کیا گیا اور اس نے حقیقت حال راجہ کے سامنے بیان کر دی۔ پیشانیوں پر سجدے کی علامات اور بشرے پر چھلکتا ہوا نور ایمان ان کا گواہ تھا جو راجہ پر اُن کی صداقت کا اثر ڈالے بغیر نہ رہا۔ راجہ نے اُنہیں عزت واحترام سے رکھنے کی ہدایت کی۔ بالآخر ان کے علم، زہد اور پاک بازی سے متاثر ہو کر انہیں اپنے درباریوں میں شامل کر لیا اور وہ سب اُسکے معتقد بن گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وادیء سندھ کی تاریخ پر ایک اجمالی نظر

مندرجہ بالا عنوان کے تحت سید محمد ہادی حسین اپنی کتاب ''نقوش راہ'' مذہبی سیاحت کی دس سالہ سرگزشت ۱۹۴۶ تا ۱۹۵۵ کے صفحہ نمبر ۷۰ پر لکھتے ہیں کہ

''پاک وہند میں اسلام کا اولین نقشِ قدم وادی سندھ پر مرتسم ہوا اور یہ ہی وہ سرزمین ہے جس پر مسلمانوں کا غلبہ وتسلط زیادہ سے زیادہ عرصہ قائم رہا۔ ابتداء میں اموی والیان کا تقرر ہوتا رہا۔ پھر ۷۵۰ء سے عباسی خلفاء کی طرف سے والی مقرر ہونے لگے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ جب عباسی حکومت میں ضعف کے آثار نمودار ہوئے تو مخلوط النسل (سندھی نژاد) عربوں نے سندھ کو اپنے قبضہ میں کرلیا اور پونے دوسو سال تک عنانِ حکومت کو سنبھالے رکھا۔

ان کے بعد شاہانِ سومرا وسمہ بعد ازاں ارغوں ترخان کلہوڑا سردار اور پھر تالپور میر سندھ پر حکومت کرتے رہے''۔ تالپور قبیلہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ

''اٹھارویں صدی عیسوی کے ربع آخر سے انیسویں صدی کے وسط تک تقریباً ساٹھ سال تالپور نامی بلوچ قبیلہ جو اثنا عشری عقائد رکھتا تھا اس سرزمین پر حکومت کرتا رہا تا آنکہ برطانوی سامراجیت کا پنجہ استبداد یہاں تک پھیل گیا۔ (ص ۷۳)

فٹ نوٹ میں تحریر کرتے ہیں کہ ''کمبرج ہسٹری آف انڈیا جلد پنجم باب اُنتیس میں حکمران بلوچ قبیلہ (تالپوروں) کے تاریخی حالات درج ہیں جن کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ہر حکمران اثنا عشری تھا اس قبیلہ میں صرف میر فتح اللہ خان کا لڑکا صوبیدار خان سنی المذاہب تھا لیکن ۱۸۰۲ء میں میر فتح اللہ خان کی وفات کے بعد اس کے بیٹے (صوبیدار خان) کو حکومت نہیں ملی بلکہ بھائیوں میں منتقل ومنقسم ہوگئی۔

☆☆☆☆☆

''آپ جانتے ہیں کہ میری حکومت کی اور خود میری پالیسی یہ ہے کہ ذات، رنگ، عقیدے یا نسل کی تمیز روا رکھے بغیر ہر فرقے کی جان ومال اور عزت وآبرو کا تحفظ کیا جائے''

(قائداعظم محمد علی جناح)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کراچی ماضی کے آئینہ میں

حدود اربعہ:

ملکہ مشرق شہر کراچی کو ہی کہا جاتا ہے جو 12-45-24 تا 03-39-25 شمالی عرض البلد 12-39-66 تا 30-35-67 مشرقی طول البلد کے درمیان واقع ہے۔ اس کی حدود شمالی مشرق میں دادو ڈسٹرکٹ میں ملتی ہیں۔ مشرق میں ٹھٹھہ ڈسٹرکٹ ہے۔ جنوب میں بحیرہ عرب اور دریائے سندھ کے طاس کی کھاڑیاں ہیں اور کراچی کی مغربی حدود دریائے حب تشکیل دیتا ہے جو صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان کے درمیان کیرتھر کے سلسلہ کوہ کے درمیان واقع ہے۔ اس کراچی ڈویژن کی شمالاً جنوباً لمبائی تقریباً ۶۵ میل اور چوڑائی مشرق سے مغرب تک تقریباً ۵۹ میل ہے۔ اس کا کُل رقبہ محکمہ ریونیو کے مطابق ۱۳۶۲ مربع میل ہے۔

کراچی کی قدامت کے بارے میں تاریخی شواہد میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک طرف تو پتہ چلتا ہے کہ موجودہ کراچی کا سنگ بنیاد ۱۷۲۹ میں بھوج مل اور اس کے دوسرے ساتھی تاجروں نے رکھا تو دوسری طرف کچھ جغرافیہ دان اسے تقریب ۲۳۰۰ برس پرانی بستی بتاتے ہیں۔ خیال کی جاتا ہے کہ کراچی کی آبادی کا سبب دریائے حب کے دوسرے کنارے پر آباد کھڑک بندرگاہ کی تباہی تھی۔ تیز موجوں اور ہواؤں نے کھڑک بندر کا دہانہ ریت سے بھر دیا اور جہازوں اور کشتیوں کے لئے تجارتی مقاصد کے لئے اسے استعمال کرنا ممکن نہ رہا تو کھڑک بندر کے لوگوں نے اپنے لئے نئے تجارتی راستے کی تلاش شروع کی۔ انہیں قریب ہی ایک ویرانے میں بیس پچیس جھونپڑیاں نظر آئیں جو ''ڈربو'' کے نام سے مشہور تھیں۔ بستی میں ایک تالاب ایک مچھیرے کے نام پر کلاچی کنواں بھی تھا۔ کنواں گہرے گڑھے یا خندق کو کہتے تھے۔ کھڑک بندر کے باسیوں نے یہاں جو بستی بسائی اسے ''کلاچی جوگوٹھ'' کہا جانے لگا۔

اس نئی بستی اور بندرگاہ کو قزاقوں سے محفوظ رکھنے کی فکر ہوئی۔ اس مقصد کے لیے بستی کے گرد لکڑی اور مٹی سے دیوار تعمیر کر کے جھاڑیاں لگائی گئیں اور مٹی کا ایک چھوٹا سا قلعہ بنایا گیا۔ مسقط سے ایک توپ منگوا کر ساحلی بستی کے قلعے کی فصیل پر نصب کرادی گئی۔ اس قلعے کے دو دروازے تھے۔ جن میں ساحل کی طرف کھلنے والا ''کھارادر'' یعنی نمکین دروازہ اور لیاری ندی کی جانب کا دروازہ ''میٹھادر'' کے نام سے پکارا گیا۔ بعد میں ان کے قریب آباد محلوں کے نام یہی مشہور ہوئے۔ یہ دروازے بھوج مل نے بنوائے تھے جسے جدید کراچی کا بانی اور سندھ کی تجارت کا باوا آدم مانا جاتا ہے۔

۱۷۷۴ میں انگلستان اور ہندوستان کے درمیان تجارتی تعلقات قائم کرنے کی غرض سے بحری راستوں کی تلاش میں تین بحری جہاز روانہ کیے گئے۔ یہ تینوں جہاز کراچی کی بندرگاہ پر لنگر انداز ہوئے۔ مسٹر ماسکل نے اس شہر کو نقشہ میں شامل کرلیا۔ مسٹر ماسکل نے جو اس بحری فوج کا ذکر کیا ہے کہ مقدونیہ کی طرف واپسی کے سفر میں بحری کمانڈر نیارکس کے بیڑے نے ۱۸ اکتوبر ۳۲۶ قبل مسیح میں کراچی کی بندرگاہ پر ۲۴ گھنٹے کے لیے قیام کیا۔ اس وقت کراچی کو کروکالا کہا جاتا تھا۔ ایچ ٹی لیمبرک نے بھی قدیم نقشوں اور بحری راستوں سے اس بات کی تصدیق کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ بندرگاہ Women's Harbou کے نام سے مشہور تھی کیونکہ یہاں پہلی حکمراں ایک عورت تھی۔

ترک کپتان سعید علی کی کتاب ''محیط'' میں ۱۵۵۷ میں اسے ''کلاچی'' یا ''کراچی'' لکھا گیا ہے۔ عربوں کے سندھ میں داخلے کے لئے اسی بندرگاہ کو استعمال کیا گیا ہوگا۔ کروکولا کو کیماڑی کا ہی حصہ قرار دیا جاتا ہے اور دیبل کا مقام بھی کراچی کے ہی قریب ہوگا جہاں محمد بن قاسم نے راجہ داہر کو شکست دینے کے لئے قیام کیا اور مغربی سندھ پر اسلام تسلط قائم کردیا اور ۷۲۷ عیسوی میں مکلی کی پہاڑیوں میں کراچی سے ۹۶ کلومیٹر کے فاصلے پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنوبی ایشیاء میں پہلی مسجد تعمیر ہوئی۔ ۱۱۵۰ عیسوی میں مسلمان بزرگ کا منگھو پیر میں مقبرہ بنایا گیا۔ عربوں کے بعد اس علاقے پر سومرو اور شماس نے حکومت کی۔ ۱۵۹۲ میں شہنشاہ اکبر اور اس کے جنرل عبدالرحیم خان خاناں نے قبضہ کر کے اسے مغلیہ سلطنت میں شامل کرلیا۔ اکبر نے ٹھٹھہ میں قیام کے بعد جس جزیرے میں قیام کیا اس کا نام ''مان ہارا'' کتاب ''ترخان نامہ'' میں درج ہے۔ مورخین اسے آج کا منوڑہ قرار دیتے ہیں۔

۱۷۳۷ میں کلہوڑہ خاندان نے اقتدار حاصل کرلیا۔ ان کے بعد ۱۷۸۲ میں تالپور خاندان نے اپنی حکمرانی قائم کی۔ ۱۷۲۵ میں کراچی کے ساحلی علاقے میں چھوٹی بستی ''کلاچی جو گوٹھ'' کا پتہ ملتا ہے جو اس وقت بلوچستان میں شامل تھا بعد میں ۱۷۹۵ میں تالپوروں نے اس پر قبضہ کرلیا اور ۱۸۳۹ تک حکومت کی۔

قدرتی بندرگاہوں۔ شاہ بندر اور کھڑک بندر کے ناقابل استعمال ہونے پر ساری آبادی کراچی آبسی۔ کراچی میں کلہوڑوں کے قبضہ کے بعد کچھ عرصے خان آف قلات کی حکمرانی بھی رہی۔ تالپوروں کے زمانے میں کراچی کی آبادی ۸۰۰۰ بڑھ کر ۱۴۰۰۰ ہوگئی۔ ۱۸۳۲ میں شہر کراچی میں ۲۱ مسجدیں۔ پیروں کی ۱۳ درگاہیں ۳۴ مندر اور دھرم شالائیں اور ہندوؤں کے چند اسکول تھے۔ مسلمان فارسی اور قرآن مولویوں سے پڑھتے اور اپنی لڑکیوں کو بھی پڑھاتے اور ہندو اپنی لڑکیوں کو نہیں پڑھاتے تھے۔ کراچی میں غلاموں کی تجارت ہوا کرتی تھی۔ سالانہ تقریباً ۷۰۰ حبشی غلام مسقط سے لائے جاتے تھے۔

۲۶ اگست ۱۷۹۹ کو کراچی کے قلعے سے باہر ایک انگریز ناتھن کرو کو چار بیگھے زمین دینے کی منظوری میران تالپور نے دی۔ ناتھن کرو نے اس زمین پر انگلش فیکٹری قائم کرلی لیکن ۱۵ اگست ۱۸۰۰ کو حکم دیا گیا کہ وہ دس دن کے اندر اندر شہر کراچی سے فیکٹری بند کر کے نکل جائے۔ اس واقعے کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی والوں نے تجارتی اور سیاسی مفادات کے لئے سندھ پر قبضہ کرنے کی ٹھان لی۔ ۳ فروری ۱۸۳۹ کو برطانوی افواج نے کراچی پر قبضہ کرلیا تھا مگر نظم ونسق معاہدے کے مطابق بدستور تالپور انتظامیہ کے ہاتھوں میں تھا۔ ۱۷ فروری ۱۸۴۳ کو کراچی پر مکمل برطانوی قبضے کے بعد انگریزوں نے نظم ونسق خود سنبھال لیا۔

برطانوی حملہ آور فوج کے جنرل چارلس نیپئر کو فتح سندھ کے صلے میں سر کے خطاب کے ساتھ ساتھ سندھ کی گورنری بھی ملی جو کہ چار سال تک جاری رہی اور اختتام گورنری پر سندھ کی علیحدہ صوبے کی شناخت کو ختم کر کے اُسے صوبہ بمبئی میں ضم کر دیا گیا اور نئے آنے والے سربراہ گورنر کے بجائے کمشنر کہلائے۔

اس سلسلے کے پہلے کمشنر مسٹر رابرٹ کیتھ پرنگل ۱۸۴۷-۱۰-۰۱ ہوئے اور مسٹر آر ای گبسن Gibson آخر کمشنر تھے جو ۱۹۳۶ کو دوبارہ سندھ کے علیحدہ صوبہ بننے پر واپس بمبئی چلے گئے۔

سندھ کے علیحدہ صوبہ بننے کے بعد کمشنروں کی تقرری کا سلسلہ ختم کر دیا گیا اور پارلیمانی نظام کو رواج دینے کے لیے سر لارڈ گراہم کو گورنر بنا کر بھیجا گیا، سندھ میں سیاست کا آغاز ہوا اور فروری ۱۹۳۷ میں صوبائی اسمبلی کے انتخابات کے نتیجے میں سر غلام حسین ہدایت اللہ کی مخلوط حکومت قائم ہوئی۔ لارڈ گراہم سے شروع ہونے والا سلسلہ سر فرانس مودی کے گورنری پر ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو ختم ہوا اور سر غلام حسین ہدایت اللہ سندھ کے پہلے مسلمان گورنر مقرر ہوئے۔

کراچی کی تاریخ مختلف ناموں اور حوالوں سے گزر کر عرب، ترخانی، مغل کلہوڑا، تالپور پھر برطانوی دور میں داخل ہوتی ہے۔ عرب دور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ہمیں دیبل اور دربو کے حوالوں سے کراچی کے حالات ملتے ہیں تو تر خانی اور مغل ادوار میں کراشی اور مون ہارا کے ناموں سے کراچی کا تاریخ میں تذکرہ موجود ہے پھر کلہوڑا اور تالپور ادوار میں ہمیں قلاچو، قلاچی، جوکنڈہ، خورعلی اور دیگر کئی ناموں سے کراچی کے تفصیلی تاریخ موجود ہے۔

برطانوی دور سے سندھ اور کراچی کی تاریخ جدید سائنسی خطوط پر محفوظ کرنے کی ابتداء ہوئی۔

کراچی بانی پاکستان کی نظر میں

۲۵ اگست ۱۹۴۷ کو قائداعظم محمد علی جناح نے استقبالیے میں جو کہ کراچی میونسپل کارپوریشن نے ان کے اعزاز میں دیا تھا خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

میں کراچی میں پیدا ہوا۔ اس سرزمین پر اپنا بچپن گزارا اور میں نے یہیں میٹرک تک تعلیم حاصل کی بے شک میرے دل میں اسی خوبصورت شہر کی بے حد قدر ومنزلت ہے مگر یہ اس لئے نہیں کہ اس شہر سے میری پرانی یادیں وابستہ ہیں یا چونکہ میں یہاں پیدا ہوا۔ پاکستان کے حوالے سے یہ شہر تمام آزادی پسند اقوام کی صرف توجہ کا مرکز ہی نہیں بن گیا بلکہ تاریخ میں ایک خاص مقام حاصل کر چکا ہے۔ یہ شہر کوئی معمولی شہر نہیں ہے اسے قدرت نے بے شمار نعمتوں اور خوبیوں سے نوازا ہے۔ (یہ) اپنی گوناگوں خوبیوں کی بدولت یہ ایک معمولی قصبے سے ایک عظیم شہر بن کر اُبھرا ہے اور آج موجودہ دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کی تمام تر اہلیت رکھتا ہے۔ میں یہ بات آسانی سے کہہ سکتا ہوں کہ اس شہر کا مستقبل تابناک ہے۔ اس کی بندرگاہ یا ہوائی اڈا ہی نہیں بلکہ مستقبل میں پورا شہر لاثانی ہوگا۔

جنرل چارلیس نیپئر کی نظر میں

یکم اکتوبر ۱۸۴۷ کو اپنے اعزاز میں منعقدہ الوداعی پارٹی میں خطاب کرتے ہوئے کہا:

''اے کراچی! عنقریب تو مشرق کی ملکہ ہوگی۔ اے کراچی! جب تو اس بلند مرتبے پر پہنچے تو میری تمنا ہے کہ میں تجھے ایک بار دیکھ سکوں''۔

جنرل صاحب تو کوچ کر گئے لیکن ان کی پیشن گوئی تقریباً سو سال بعد پوری ہوئی اور شہر کراچی کو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی ریاست کے صدر مقام ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

ایک صحافی کی نظر میں

کراچی سے شائع ہونے والے ڈیلی گزٹ کے انگریز مدیر اور کراچی میونسپلٹی کے کونسلر سر منٹنگ ویب Sir. Minting Web نے ۱۹۳۳ میں تھوسوفیکل ہال میں منعقدہ ایک کانفرس میں شہر کا تذکرہ کچھ یوں کیا۔

''کراچی کی آب وہوا ہندوستان کی دوسری بندرگاہوں سے اچھی اور نہایت معتدل ہے۔ یہاں اچھی خوراک میسر ہوسکتی ہے۔ صاف و شفاف پانی بہ افراط دستیاب ہے۔ تفریح کے لیے وسیع وعریض میدان، کشادہ سڑکیں اور دوسرے نظارے بھی موجود ہیں۔ یہاں قدرت نے ایسے ساماں مہیا کر دیئے ہیں کہ بندرگاہ اور شہر کی وسعت کے لیے کوئی شے مانع نہیں ہے۔

جغرافیائی حیثیت سے کراچی کو نہ صرف برصغیر کی دوسری بندرگاہوں پر فوقیت حاصل ہے بلکہ جنوب مشرقی ایشیاء کی تمام بندرگاہوں پر کراچی ہندوستان کی یورپ سے نزدیک ترین بندرگاہ ہے یہ بندرگاہ مشرق کے لیے باعث فخر ہے۔ اس میں ترقی کے لیے آثار نمایاں ہیں کہ اس کا غیر معمولی ترقی کرنا امر یقینی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جدید کراچی ایک تعارف

کراچی بحیرہ عرب کے کنارے آباد پاکستان کا سب سے بڑا شہر، صوبہ سندھ کا صدر مقام، اقتصادی شہ رگ اور ایک اہم صنعتی وتجارتی مرکز ہے۔ ''ماضی میں کراچی کو سیاحوں نے 'ملکہ مشرق' کے خوبصورت نام سے موسوم کیا، کیونکہ یہ شہر اپنی ''قدرتی بندرگاہ'' نفاست وصفائی، بازاروں و سڑکوں کی کشادگی اور ساحل کی دلربائی کے باعث سیاحوں کا مرکز نگاہ تھا۔ اگست ۱۹۴۷ء سے کراچی کو نئی حیثیت حاصل ہوئی۔ یہ شہر پاکستان کا پہلا دارالخلافہ قرار پایا۔ ۱۹۵۹ء میں دارالحکومت اسلام آباد منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاہم یہ تبدیلی کراچی پر اثر انداز نہ ہوسکی اور کراچی کی آبادی روز بروز بڑھتی چلی گئی اور آج کراچی دنیا کا بارھواں بڑا شہر اور عالم اسلام وامتِ مسلمہ کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔ اکثر لوگ کراچی کو ''منی پاکستان'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

محلِ وقوع: کراچی بحیرہ عرب کے ساحل پر تقریباً ۱۶۶ کلومیٹر سندھ ڈیلٹا کے شمال مغرب میں ۲۴،۴۷ درجے شمالی عرضِ البلد اور ۸۶،۵۸ درجے مشرق طول البلد پر واقع ہے۔ کراچی کے جنوب مشرق میں ضلع ٹھٹھہ، مغرب میں ضلع لسبیلہ، شمال میں ضلع دادو اور جنوب میں بحیرہ عرب ہے۔ کراچی کے مغرب میں حب ندی ہے جو کراچی کو ضلع لسبیلہ سے جدا کرتی ہے۔

رقبہ: کراچی کا شہری علاقہ قیامِ پاکستان کے وقت کل ۱۲۲۳ اسکوائر کلومیٹر تھا ۱۹۵۹ میں بڑھ کر ۲۴۷ اسکوائر کلومیٹر ہوگیا۔ کراچی ڈویژن کا موجودہ رقبہ تقریباً ۳۳۶۵ کلومیٹر ہے، جس میں ۱۸۰۰ مربع کلومیٹر سے زائد شہری علاقے ہیں۔

آبادی: کراچی کی موجودہ آبادی کا تخمینہ ایک محتاط اندازے کے مطابق ڈیڑھ کروڑ سے زائد لگایا گیا ہے۔ آخری مردم شماری ۱۹۹۸ء میں ہوئی تھی جس کے مطابق شہر کی آبادی تقریباً ۹۸ لاکھ ۵۶ ہزار تھی۔ (ایک محتاط اندازے کے مطابق سن ۲۰۰۴ میں کراچی کی آبادی ۱۴،۰۰۰،۰۰۰ سے زائد افراد پر مشتمل ہے)۔

قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں اور ٹاؤن ویونین کونسلز کی تعداد:

قومی اسمبلی کی نشستیں (۲۰) صوبائی اسمبلی کی نشستیں (۴۲) یونین کونسلز کی تعداد (۱۷۸) ٹاؤنز کی تعداد (۱۸)

(ص ۹/۱۰، اندھیرے سے روشنی کا سفر، شائع کردہ کراچی ضلعی حکومت)

سندھ میں امن وامان قائم رکھنے کے اخراجات

سندھ میں امن وامان قائم رکھنے پر جو اخراجات آتے ہیں ان کو دیکھ کر یوں لگتا ہے جیسے اس صوبہ کا سب سے اہم کام یہ ہی ہے تین عشرے قبل جب سندھ کی آبادی ایک کروڑ ۹۰ لاکھ تھی اور یہ ۱۱ اضلاع پر مشتمل صوبہ تھا۔ یہاں پولیس کی نفری ۲۴ ہزار تھی اور امن وامان قائم رکھنے پر آنے والے سالانہ اخراجات چار کروڑ ۶۳ لاکھ روپے سالانہ تھے۔

آج اس صوبہ میں پولیس کی نفری ۹۳ ہزار ہوچکی ہے اور پولیس کے اس نظام کو چلانے پر لگ بھگ ۹ ارب سالانہ خرچ کیئے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں رینجرز کے ۲۵ ہزار اہلکار اور فرنٹیئر کانسٹبلری کے ۸ ہزار اہلکار متعین ہیں جن کے اخراجات حکومت سندھ کو ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

(کراچی پھر جل رہا ہے، اخبار جہاں ۷ جون تا ۱۳ جون ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کراچی اور عزاداریِ سید الشہداء علیہ السلام

سندھ میں حضرت امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام کی یاد کو زندہ رکھنے کے لیے سندھ کے عزادار زمانہ قدیم سے عزاداری کرتے چلے آئے ہیں۔ جس کو متعصب مورخین نے سندھ کی تاریخ لکھتے وقت بوجوہ تحریر کرنے سے اغماض برتا۔ اگر عزاداری کے اذکار کتابوں میں ہیں تو وہ زیادہ تر قلمی نسخوں میں موجود ہیں اور جو مکمل بھی نہیں ہیں۔ بدقسمتی سے جن حضرات کے پاس سندھ میں عزاداری کے حوالے سے مواد موجود ہے اور جو زیادہ معلومات کو اپنے سینے میں دفن کر رکھا ہے اور اس عمل کو وہ باعث تفاخر سمجھتے ہیں جس سے نہ وہ خود نہ دوسرے ہی کو فائدہ اُٹھانے دیتے ہیں اس کی وجہ سے سندھی ادب ایک عظیم اعزاز سے محروم ہے۔

(ص ۳۷۱، سندھ کی عزاداری، مقالہ پی ایچ ڈی، مرزا امام علی بیگ افسر، بزم فتح امام بارگاہ علی آباد ٹنڈو آغا، حیدر آباد سندھ)

سندھ کے ذکر کے ساتھ ساتھ کراچی لازم وملزوم ہے۔ کراچی جسے پاکستان کے دارالسلطنت بانی پاکستان کے مولد ہونے کے ساتھ ساتھ جغرافیائی اعتبار سے برصغیر کی دوسری بندرگاہوں پر فوقیت حاصل ہے اسی طرح عزاداری کے سلسلے میں بھی اپنی ایک علیحدہ شناخت اور ثقافت رکھتا ہے۔

بقول جناب شاہد نقوی صاحب کہ ''کراچی کا محرم سچ پوچھو تو ایک ملک کا محرم نہیں ہے۔ کتنے ملکوں، کتنی سرزمینوں اور کتنی قوموں میں شہید اعظم کا غم منایا جاتا ہے اس کا اندازہ کراچی کے محرم سے باآسانی لگایا جاسکتا ہے۔

یہ شہر سندھ کا ورثہ دار' بمبئی کا نمائندہ' بہار کے کلچر کا پاسدار یوپی کی تہذیب کا علمبردار بنگال کے تمدن کا عکس بردار، دکن، سی پی، راجپوتانہ، سرحد، پنجاب، بلوچستان، کشمیر، کی تہذیبوں ثقافتوں کا بلاشرکت غیرے ترجمان ہے۔

جدھر نظر اُٹھایئے رنگارنگ منظر دیکھنے کو ملیں گے۔ کہیں ایرانیوں کا مجمع فارسی میں تقاریر اور مرثیے، کہیں خوجوں کے امام باڑے و گجراتی زبان میں مصائب وفضائل، کہیں لکھنوی و دلی طرز کی مجالس، کہیں اہل امروہہ کے مخصوص روایات کے حامل عزا کے مناظر، کہیں کشمیری، شینا اور پشتو میں مجلس، کہیں سرائیکی، ملتانی و پنجابی ذاکرین کی دلگداز سوز والم میں ڈوبی ہوئی صدائیں غرضیکہ یوں لگتا ہے کہ جیسے

''ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ''

محرم کا چاند کیا نکلا۔ شہر میں غم کا سیلاب آ گیا۔ گلی گلی کوچہ کوچہ قریہ قریہ نواسہ رسولؐ کی یاد میں ذکر واذکار کی مجلسیں منعقد ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ کھارادر کے قدیمی امام باڑے سے لے کر خراسان جیسے جدید عزاخانے تک ماتم ومجلسیں وآہ وفغاں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ عاشورہ کو اتنا عظیم الشان جلوس برآمد ہوتا ہے جس کی نظیر عراق وایران کے سوا دنیا میں کہیں نہیں ملتی''۔

(ص ۳۹۲ عزاداری، تہذیبی ادبی اور ثقافتی منظر نامے میں شاہد نقوی، سید شاہد علی شاہ ایڈوکیٹ)

برصغیر پاک وہند کے نامور خطیب مولانا (ڈاکٹر) سید کلب صادق صاحب قبلہ نے کراچی کی عزاداری کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ''کراچی کو بہرحال یہ شرف حاصل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جتنی عظیم مجلسیں اور معیاری مجلیس عشرہ محرم میں اس شہر میں ہوتی ہیں میرے علم میں نہیں کہ کہیں اور ہوتی ہیں۔ مجمع کے اعتبار سے بھی اور خطیب کے اعتبار سے بھی۔ کوالٹی (QUALITY) کے اعتبار بھی اور کوانٹٹی (QUANTITY) کے اعتبار سے بھی''۔

(ص ۸، حقیت دین سائنس اور غلبہ اسلام، عشرہ مجالس خالق دینا ہال ۱۹۹۷)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کھارادر جو کہ کراچی کی قدیم آبادی ہے اور عزاداری کے حوالے سے آج بھی مرکزیت کی حامل خوجہ حضرات کی آبادی ہے۔ قیام پاکستان سے قبل کراچی میں اہلِ تشیع حضرات کے جن اداروں کا تاریخ میں تذکرہ ملتا ہے اُن میں بڑا امام باڑہ کھارادر، خوجہ مسجد کھارادر، شیعہ مسجد سندھ مدرستہ الاسلام جو کہ نواب حیدر پور فیض محمد خان تالپور نے ۱۸۹۴ میں تعمیر کرائی تھی، علی باغ قبرستان اور حسینی باغ قبرستان میوہ شاہ شامل ہے۔

کراچی تاریخ کے آئینے کے مطابق کراچی کی سب سے پرانی امام بارگاہ کے بارے میں قیاس ہے کہ وہ کھارادر میں واقع موجودہ امام بارگاہ (بڑا امام باڑہ) کی جگہ پر واقع تھی تاہم اسی جگہ پر ۱۸۷۸ میں ایک نئی امام بارگاہ تعمیر ہوئی۔ اس امام بارگاہ سے ملحق ایک عالی شاہ مسجد بھی ہے (خوجہ مسجد) جو امام بارگاہ جتنی پرانی ہے۔ (ص ۶۵۵)

محمد عثمان دموہی کراچی تاریخ کے آئینے میں ص ۶۴۸ پر لکھتے ہیں کہ ''حسینی باغ قبرستان ۱۹۲۲ میں خوجہ اثنا عشری جماعت نے تیار کرایا تھا یہ صرف خوجہ اثنا عشری فرقے کے لیے مخصوص ہے یہ لیاری عیدگاہ کے قریب واقع ہے''

مزید یہ کے علی باغ کے ذیل میں تحریر کرتے ہیں کہ ''یہ شیعہ اثنا عشری جماعت کا پرانا قبرستان ہے یہ صرف شیعوں کے لیے مخصوص ہے''۔

پاکستان کے وفاقی دارالحکومت کراچی عشرہ محرم ۱۳۶۹ھ مطابق اکتوبر ۱۹۴۹ء

ہم آپ کو پاکستان کے پہلے وفاقی دارالحکومت کراچی میں منعقد عشرہ محرم ۱۳۶۹ھ کو آنکھوں دیکھا حال سنانے کے لیے چلتے ہیں۔ کتاب ''نقوش راہ'' مصنف جناب سید محمد ہادی حسین کی طرف جو کہ اُنکے مطابق ''گذشتہ کئی سالوں سے برعظیم ہندو پاکستان کا دورہ کر رہا ہوں امسال ادھر کا رُخ کیا تا کہ دیکھوں کے دنیا کہ اس عظیم ترین اسلامی ملک کے پایہ تخت میں شہید انسانیت کی یاد کس پایہ کی منائی جاتی ہے''۔ (ص ۳۷)

کُل کراچی کا ایک متحدہ پروگرام عزا

پانچ محرم الحرام کو کھارادر کی خوجہ مسجد میں نماز جمعہ پڑھنے گیا تا کہ وہاں مومنین سے مجالس کا پروگرام معلوم کرسکوں لیکن نماز جمعہ کے بعد مجھے ایک ہینڈ بل مل گیا جس میں شہر کے مختلف علاقوں میں مجالس کا پروگرام معہ اسماء ذاکرین موجود تھا۔ یہ ہینڈ بل انجمن اتحاد المومنین پاکستان کراچی نے دیگر عزادار انجمنوں سے ارتباط قائم کر کے بڑی حسن وخوبی سے ترتیب دیا تھا۔ یہ اہل شہر سے زیادہ مجھ جیسے نو وارد کے لیے کارآمد تھا۔ میں نے اِسے تعویز کی طرح رکھا اور سچ پوچھیے تو اس نے گائیڈ کا کام دیا۔

ایک جلوس اور ایک مجلس

خوجہ مسجد سے سیدھا جٹ لائن گیا یہاں ''امام باڑہ حسینی'' سے بعد مجلس جلوس ذوالجناح برآمد ہوا۔ اس وقت جہانگیر پارک میں حسن رضا صاحب ایڈوکیٹ کے پڑھنے کا اعلان تھا جس کی وجہ سے مومنین بٹ گئے تھے مگر پھر بھی جلوس کے ساتھ بہت کثیر مجمع تھا ایک مختصر قطعہ اراضی جس پر چہار دیواری اور چھوٹے سے سائباں کے سوا کچھ نہیں ہے اُسے اس علاقہ کے مہاجر عزاداروں نے مجلس وماتم کے لیے مخصوص کر کے ''امام باڑہ حسینی'' کے نام سے موسوم کر دیا ہے۔

منتظمین امام باڑہ نہایت باحوصلہ اور باعمل ہیں ان کے جوش عمل ہی کی بدولت یہاں ہر سال عظیم الشان مجالس کا انعقاد ہوتا ہے۔ جو تین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دن تک جاری رہتی ہیں اور جن میں براعظم پاک وہند کے متبحّر علمائے حق علم کے دریا بہاتے ہیں اور تشنگانِ علم خوب خوب سیراب ہوتے ہیں۔

جلوس الفنسٹن اسٹریٹ تک آکر امام باڑہ واپس لوٹ گیا میں اس کے ساتھ آخر تک نہ رہا بلکہ جہانگیر پارک چلا آیا۔ حسن رضا ایڈووکیٹ تقریر فرمارہے تھے ان کی تقریر کافی مدلل تھی۔ دن چھپنے سے کچھ قبل انہوں نے اپنا بیان ختم کیا۔

وسیع پنڈال میں شمع حسینیت کے پروانے

نمازِ مغربین سے فارغ ہوکر میں پھر یہیں واپس آیا اس وقت یہاں انجمنِ اثنا عشری کراچی کے زیر اہتمام روزانہ مجالس منعقد ہورہی تھیں اور علامہ ابنِ حسن صاحب رضوی جارچوی ایم اے اوایل بی ٹی یکم محرم سے ''قرآن اور اہلبیتؑ'' کے موضوع پر تقریر فرمارہے تھے۔ اس محقق متجسس کی علمیت کا کیا کہنا جس نے ''فلسفہ آلِ محمدؐ جیسے ادق موضوع پر اس کا بیان سننے کے لیے کس قدر مجمع ہوگا۔ جب میں پہنچا تو علامہ ابن حسن جارچوی مائیکروفون کے سامنے تشریف لے آئے تھے اور وسیع پنڈال شمع حسینیت کے پروانوں سے چھلک رہا تھا۔

قرآن مجید ایک بحرِ ذخار ہے

اپنے موضوع کے تسلسل میں آپ نے فرمایا کہ ''قرآن مجید ایک بحرِ ذخار ہے جس سے بنی نوع انسانی اپنی اپنی قابلیت کے مطابق استفادہ کرتے ہیں ایک بچہ اپنا دامنِ مراد سیپیوں اور گھونگھوں سے بھر کر خوشی خوشی گھر واپس آتا ہے ایک بحرین کا غواص اسی سے موتی حاصل کرتا ہے اور کیمسٹ اسی پانی کا تجزیہ کر کے خدا کے قدرت کی ثنا خوانی کرتا ہے۔

آپ نے مزید فرمایا کہ ''سیب کے باغ کے کم فہم باغبان صبح سے شام تک سیب کو گرتے دیکھتا ہے اور وہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں کرتا کہ شام کو ان سے اپنا ٹوکرا بھرے مگر نیوٹن جسے بلند فہم اور فلسفی کے لیے سیب کا گرنا ہی کششِ زمین کا مسئلہ حل کر دیتا ہے''

خوجہ اثنا عشری اور ان کے عزا خانے

نمازِ فجر کے بعد خوجہ مسجد کھارادر میں مولانا سید سلطان علی صاحب روزانہ موعظہ فرمارہے تھے۔ چھ محرم کو اس میں شریک ہونا چاہتا تھا لیکن نہ ہوسکا۔ کھارادر میں قدیم شیعہ آبادی ہے یہ سب کے سب خوجہ اثنا عشری ہیں اس علاقہ میں دو امام باڑے ان ہی حضرات کے زیر انصرام ہیں جن میں ایک بڑا امام باڑہ (۱۸۷۶) کے نام سے اور دوسرا چھوٹے امام باڑہ کے نام سے مشہور ہے۔

گیارہ بجے بڑے امام باڑے میں مجلس کرنے گیا کچھ دیر گجراتی زبان میں سوز خوانی ہوئی اس کے بعد مولانا سید انیس الحسنین صاحب نے تقریر فرمائی۔ مجلس کے بعد نفیس اعلیٰ درجہ کا شربت شیشے کے سبک گلاسوں میں پیش کیا گیا۔ یہ قدیم امام باڑہ حال ہی میں جدید طرز پر تعمیر کیا گیا ہے۔ انجمن کے سکریٹری جنرل حاجی عبدالرسول صاحب سے ملاقات کی۔ اُنہوں نے بتایا کہ عشرہ محرم میں بڑے امام باڑہ میں ایک مجلس دن کو، دوسری رات دس بجے اور چھوٹے امام باڑہ میں سہ پہر کے وقت ہوتی ہے۔

صدر میں دو جلوس عزا

چھ بجے شام جناب محمد ہاشم صاحب کے دولت کدہ واقع ۸/۲۰۵ فریئر اسٹریٹ سے بعد مجلس جلوس علم وتابوت برآمد ہوا صدر کی مختلف سڑکوں پر گشت کرتا ہوا رات کو گیارہ بجے جہانگیر پارک آکر ختم ہوا۔ اسی کے علاوہ اس صدر کے علاقے میں ایک اور جلوس جٹ لینڈ لائنز سے برآمد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوکر جیکب لائن تک آیا۔

حسینی نامہ نگار جناب سید محمد ہادی حسین انجمن اتحاد المومنین پاکستان کے جنرل سیکریٹری سے اپنی ملاقات کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ جس دن سے انجمن اتحاد المومنین کراچی کا شائع کردہ مجالس کا پروگرام ملا اور اُس نے انجمن کے نام اور اُس کے کام سے متعارف کرایا اسی دن سے اراکین سے ملنے کی تمنا تھی آج دوپہر (آٹھ محرم) جلوس سے رخصت ہوکر انجمن کے سیکریٹری عاشق علی لالن سے ان کے قیام گاہ پر ملنے گیا۔ عاشق صاحب نہایت خوش اخلاق مومن ہیں بڑے تپاک سے ملے اور نزدیک ہی انجمن کے دفتر میں مجھے لے گئے اور بہت دیر تک گفتگو ہوتی رہی۔

میرے ایک سوال کے جواب میں عاشق علی صاحب نے فرمایا کہ لالن میرے جد امجد کے کا نام ہے ایک زمانہ تھا جبکہ کراچی میں شش امام خوجوں کی کثرت تھی اُنہیں بس کلمہ اور چند آیات بتائی ہوئی تھیں ان میں سے بعض کو کسی ذریعہ سے جب قرآن مجید کا علم ہوا تو وہ متردد ہوئے اور اُنہوں نے پنجاب سے ایک عالم دین کو بلوایا جس نے کلام مجید اور آئمہ طاہرین کے حالات سے آگاہ کیا اور یہ بڑی تعداد میں خوجہ اثنا عشری ہوگئے۔ عقائد کے تبدیلی کے موقع پر دونوں گروہوں میں خوں ریز معرکہ ہوا جس میں لالن صاحب شہید ہوگئے۔ ہم اس شہید حق کا اسم مبارک اپنے نام کے ساتھ بڑھانا باعث فخر سمجھتے ہیں۔

کھارادر کئی مجالس میں شرکت

رات کو یکے بعد دیگر کھارادر میں کئی مجالس روزانہ ہورہی تھیں۔ آج ارادہ کیا کہ ایک ایک باران سب میں شریک ہوں۔

محفل شہدائے کربلا

چنانچہ آٹھ بجے شبِ شمالی منزل واقع رام پاٹ روڈ ''محفل شہدائے کربلا'' میں شرکت کی۔ اس محفل میں مولانا نذر حسین صاحب ''میرے اہلبیتؑ کی مثال کشتیِ نوح کی مانند ہے والی حدیث نبویؐ کی توضیح فرماتے ہوئے دو باتوں کی طرف خاص طور پر اشارہ کیا ''ایک تو یہ کہ کشتیِ نوح پر جو سوار نہ ہوا خواہ بیٹا ہی کیوں نہ ہو وہ ڈبو دیا گیا دوسرے یہ کہ اہلبیتؑ میں یہ افضلیت ہے کہ وہ منزل کی طرف لیے جارہے ہیں بر خلاف اس کے سفینہ نوح کسی خاص منزل کی طرف نہیں جارہا تھا۔

محفل غلامان عباس (احاطہ سیٹھ رحیم علی چھاگلہ)

مفتی سید محمد احمد صاحب ''اسلام کی ترقی اہلبیتؑ کے تعاون کی محتاج کے عنوان سے مجلس سے خطاب فرمارہے تھے۔ آپ نے اپنے عنوان کے ذیل میں آیہ مباہلہ کو پیش کیا۔ وقت مقررہ پر یہ دوسری مجلس بھی ختم ہوئی۔

محفل جعفری (متصل پولیس چوکی)

سوا دس بجے محفل جعفری آیا۔ جہاں روزانہ مولانا نذر حسین صاحب قبلہ موعظہ فرمارہے تھے۔ آج بھی اُنہوں نے ہی مجلس پڑھی۔ مجالس کے علاوہ آج اس علاقہ میں بڑے امام باڑے سے ۸ بجے شب جلوس علم وضریح بھی برآمد ہوا جو مختلف راستوں پر گشت کرتا ہوا سوا گیارہ بجے واپس آیا سوا گیارہ بجے مولانا سید لقا علی حیدری صاحب قبلہ منبر پر تشریف لائے اور ایک گھنٹے تک خطاب کیا۔

صبح نویں محرم تھی کئی روز قبل سترہ عزادار انجمنوں کے جانب سے بذریعہ پوسٹر اس دن خاموش جلوس نکلنے کا اعلان کردیا گیا تھا اور جگہ جگہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روزانہ مجالس میں یاددہانی بھی کرائی جارہی تھی۔ گھر لوٹتے لوٹتے نصف شب سے زیادہ گزر چکی تھی۔

راجہ صاحب محمود آباد کی کوٹھی تک رسائی

تیس اکتوبر ۱۹۴۹ مطابق ۷ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ کو اپنی قیام گاہ واقع راما سوامی سے گاڑی کھاتہ سے بذریعہ رکشا صدر پہنچا اور کلفٹن کی بس میں سوار ہوگیا۔ مجھے صرف اتنا معلوم تھا کہ میں کہاں جانا چاہتا ہوں اور کیوں جارہا ہوں مگر منزل سے ناآشنا تھا اور یہ تک معلوم نہ تھا کیونکر پہنچونگا۔ بس کے مسافر آپس میں گفتگو کرنے لگے جس سے اندازہ ہوا کہ میری اور ان کی منزل ایک ہے۔ راستے میں ایک پل پڑا بس یہاں رُکی تقریباً سب اُتر گئے میں بھی اُتر پڑا بس چند مسافروں کو لے کر کلفٹن روانہ ہوئی۔

ہادی ان سب کے پیچھے ہولیا۔ پل سے اُتر کر چند منٹ پیدل چلا ہوں گا کہ یہ سب ساتھی ایک کوٹھی میں داخل ہوگئے۔ میں کچھ ٹھٹکا پھاٹک پر جو تختی لٹک رہی تھی اس پر میری نظر پڑی۔ ''امیر احمد المحمودی'' لکھا ہوا تھا۔ چنانچہ اس سے تصدیق ہوگئی کہ یہ راجہ صاحب محمود آباد ہی کی کوٹھی ہے کہ جہاں میں مجلس میں شریک ہونے کے لے نکلا تھا۔

سخن فہم اور سخن سنج حضرات کا اجتماع

اندر پہنچا کوٹھی کا احاطہ اور عقبی سڑک وکٹوریہ اور موٹر کاروں سے بھری ہوئی تھی۔ حسینؑ کا نام، محمود آباد ہاؤس اور پھر آل رضا ایڈوکیٹ جیسے سحر بیان کا مرثیہ پڑھنا یہ تین کششیں جب یکجا ہوگئی ہوں تو پھر حاضرین مجلس کی کثرت باعث حیرت ہو ہی نہیں سکتی ہی۔ لیکن مجھے تعجب اس لیے ہوا کہ میری نظر سے نہ کہیں اس مجلس کا پوسٹر گزرا اور نہ کہیں میں نے باقاعدہ کوئی اعلان سنا علاوہ ازیں شہر میں جن لوگوں کو بھی معلوم ہوگا ان میں سے اکثر نے شہر سے اس قدر دور مجلس کو شہر ہی کی مجلس پر ترجیح دی ہوگی۔ اس لیے یہاں تو خاص خاص ہی افراد پہنچ سکے ہونگے۔ پھر بھی خواص کا مجمع اتنا کثیر کہ عام اجتماع کا دھوکا ہوا۔

آل رضا صاحب مرثیہ پڑھ رہے تھے اور میرے پہنچنے کے کوئی پون گھنٹہ بعد تک پڑھتے رہے اُسے حسن اتفاق کہیے یا بانی مجلس کی حسنِ تدبیر کہ ذاکر کے سامنے جیسے اعلیٰ سخن فہم اور سخن سنج حضرات کا مجمع تھا ویسا ہی سامعین کے روبرو بلند پایہ معیاری مرثیہ گو آلِ رضا صاحب اپنا نو تصنیف مرثیہ پڑھ رہے تھے۔ اور یقین جانیے کہ ہر بند کے ایک ایک مصرع پر داد وتحسین کی فلک شگاف صدائیں بلند ہورہی تھیں جیسا کہ اوپر تحریر کرچکا ہوں یہ خواص کا مجمع تھا شرکاء میں کس کس کے نام لکھوں بہرحال ان میں مخصوص قابل ذکر حضرات یہ تھے۔

جناب کرنل اسکندر مرزا (سیکریٹری وزارتِ دفاع)، جناب ابوطالب نقوی (کمشنر کراچی)، جناب ہاشم رضا (ایڈمنسٹریٹر کراچی)، جسٹس حسن علی آغا، جناب امیر حسن صاحب (چیف انجینیر پاکستان)، جناب کاظم رضا صاحب (ڈائریکٹر آف انٹیلی جینس پاکستان)، جناب ایم ایم اصفہانی، کنور شہنشاہ حسین آف پیر پور، خان بہادر مسعود الحسن صاحب اور ملک التجا محمد علی ایس منہار وغیرہ وغیرہ۔ راجہ صاحب بالقابہ بذات خود موجود نہ تھے اُنہوں نے محرم پاکستان میں نہیں کیا۔ محمود آباد ہاؤس سے سیدھا جہانگیر پارک آیا جہاں اتوار کی وجہ سے دن کو بھی مجلس کا پروگرام تھا جس سے جید حنفی عالم مولانا حامد بدایونی صاحب قبلہ کو خطاب کرنا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک جید حنفی عالم کا بارگاہ حسینی میں نذر عقیدت

ابھی چند گنے چنے آدمی ہی بیٹھے تھے مگر دیکھتے ہی دیکھتے پارک کے ہر دروازہ سے لوگ جوق در جوق آنے لگے اور کافی اجتماع ہو گیا۔ انجمن کے سیکریٹری نے جناب محمد ناظر حسین صاحب نقوی سے تقریر کرنے کی درخواست کی۔ اس نوعمر ذاکرِ اہلبیتؑ نے آدھ گھنٹے تقریر کی اس کے بعد مولانا قربان علی صاحب ادیب وخطیب بواہر سے خطاب کی درخواست کی گئی اُنہوں نے اپنی تقریر کو زیادہ طول نہ دیا کیونکہ مولانا عبدالحامد بدایونی صاحب تشریف لے آئے تھے۔ آپ کی سیاسی سرگرمیوں کی وجہ سے ملک کا ہر فرد آپ کے نام نامی اور ذات گرامی سے واقف ہے۔ میں نے اب تک سیاسی پلیٹ فارم سے آپ کی ''اے شاہ جہاں کی جامع مسجد اور اے دلی کے لال قلعہ تو گواہ ہے'' طرز والی تقاریر سنی تھیں مگر حسینی پلیٹ فارم سے تقریر سُننے کا آج یہ پہلا اتفاق تھا۔ مجلس شروع ہوئے ایک گھنٹے سے زیادہ گزر گیا تھا مگر خلقت برابر چلی آرہی تھی۔ یکم محرم سے برابر دن رات ایسے بے شمار اجتماعات ہو رہے ہیں ہر چوبیس گھنٹے میں ایک نہیں بلکہ بیسیوں مجالس ہوتی ہیں اور بعض علاقوں میں تو ایک ہی وقت میں کئی کئی ہوتی ہیں۔ تقریر کے ابتداء میں مولانا صاحب نے اس چیز کا ذکر خود کیا کہ کثرت مجالس کی وجہ سے نظام اوقات الٹ پلٹ ہو گئے ہیں ابھی ڈرگ روڈ سے مجلس پڑھ کر چلا آرہا ہوں مجھے افسوس ہے کہ آپ حضرات کو میرا انتظار کرنا پڑا۔

آپ نے امام حسینؑ اور کارنامہ امام حسینؑ پر مخصوص الفاظ میں نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ ''نازیت۔ فسطائیت، جمہوریت وغیرہ وغیرہ جتنے بھی نظام حکومت رائج الوقت ہیں سب میں باغی کی سزا سوائے گولی مار دینے کے کچھ نہیں مگر اے حسینؑ تو نے کربلا کے میدان میں دنیا کے سامنے حُرؑ کے ساتھ جو سلوک کیا وہ اپنی نظیر آپ ہے۔ اپنی تقریر کے اختتام پر آپ نے فرمایا کہ تمام پاکستانیوں میں اتحاد و اتفاق اور بھائی چارہ ہونا چاہیے اور محاربہ (جنگ) کشمیر کے لیے ہمیں حضرت امام حسینؑ سے سبق لینا چاہیے۔

امام باڑہ بارہ امام (لارنس روڈ)

شام کو پانچ بجے مجلس میں شرکت کرنے گیا۔ امام باڑہ اپنی حالت زار پر خود گریہ کناں تھا۔ تالپور خاندان نے کئی ہزار جریب زمین عزاداری حسینؑ کے لیے وقف کی تھی سب غنتر بودہ ہو گئی۔ بس تھوڑی سے بچی ہے۔ اب بھی اتنی ہے کہ اگر مقتدر حضرات توجہ فرمائیں اور انتظامات سنواریں تو ایک عالی شان امام باڑہ تعمیر ہو سکتا ہے۔ اس اراضی کے ایک حصہ پر ۱۳۶۱ھ (۱۹۴۱) پر حاجی نور محمد صاحب نے ایک چھوٹی سے مسجد بنوادی ہے مجلس کے بعد مغربین کی نماز میں نے اسی مسجد میں ادا کی پھر مارٹن روڈ کالونی چلا آیا۔

مارٹن روڈ کا زیر تعمیر امام باڑہ

حکومت پاکستان نے اس نئی بستی (مارٹن کوارٹرز) میں از راہِ عنایت ایک کشادہ قطعہ اراضی انجمن سفینۃ المومنین کو مرحمت فرما دیا ہے۔ تعمیر کا کام ابھی شروع نہیں ہوا ہے۔ فی الحال چہار دیواری کھینچ دی گئی ہے

جب میں پہنچا تو ریڈیو فیم کے سوز خواں جناب آغا مقصود مرزا سوز خوانی فرما رہے تھے سوز خوانی کے بعد جناب (علامہ) رضا حسین صاحب رشید ترابی ایم اے منبر پر رونق افروز تھے۔ اس وقت یہاں ہزار ہا مشتاقان دید و شنید مجتمع تھے اور بڑی یک سوئی کے ساتھ علامہ موصوف کے ارشادات عالیہ پر کان لگائے ہوئے تھے۔ قوت توریث کی وضاحت بیان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ ''قوت توریث سے مراد کسی خاص ماحول اور خاص خاندان میں پرورش پا کر وہاں کے اثرات کو دوسروں تک پہنچانا ہے۔ زبان، کلچر، ادب، اُٹھنے بیٹھنے کے طریقے سب قوت توریث

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے وابستہ ہیں بچہ کو اگر حیوان میں چھوڑ دیا جائے تو وہ حیوانی اثرات لے لے گا جب قوم کی تعمیر نو کا سوال ہوتا ہے تو اُس وقت اسی واسطے زور دیا جاتا ہے کہ اس کے تربیت ٹھیک ہونی چاہیے۔ علماء النفس کا کہنا ہے کہ بچے نے آنکھ کھول کر اگر باپ کو بھی دیکھا ہو پھر بھی ورثہ میں اُسے باپ کی بہت کچھ عادات واطوار ملیں گے۔ یہ قوتِ توریث ہی ہے جو سادات کو غیر سادات سے ممیّز وممتاز رکھتی ہے''۔

شبیرؑ کا ماتم

آپ نے فرمایا کہ لوگ پوچھتے ہیں کہ ہم سینہ وسر کیوں پیٹتے ہیں۔ ہم ماتم کیوں کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جناب یہ دل کی بات ہے دل ہی میں رہتی ہے استدلال کی بات نہیں ہے۔ جنگ اُحد میں آنحضرت کا دندانِ مبارک شکستہ ہوا میں پوچھتا ہوں کہ حضرت اویس قرنی کے پاس اپنے اس فعل پر کوئی عقلی دلیل تھی۔

یہ پرچم ہمیشہ بلند رہیگا

آج کراچی میں آپ دیکھتے ہیں کہ ہر سفیر کے پیچھے اس کا نشان ہے اس کا پرچم قوم کی نشانی ہے۔ مسلمانوں نے بھی کبھی سلجوقی پرچم اور مغلیہ پھریرا اُڑایا لیکن اگر آج اُس پرچم کو بلند کیا جائے جو لبِ فرات لہرا گیا تو دنیا کیوں اعتراض کرتی ہے یہ وہ پرچم ہے جس کو حضرت عباسؑ نے بلند کیا یہ وہ پرچم ہے جس کو حضرت عباس ☆ نے سرنگوں نہ ہونے دیا جب تک لعینوں نے بازو قلم نہ کر دیئے خدا نے کہا کہ اے عباسؑ تمہارا یہ پرچم ہمیشہ بلند رہیگا۔

محفل شاہ خراسان

میں مارٹن روڈ سے سیدھا یہاں آیا شرکاء محفل کا کوئی شمار نہ تھا جدھر نگاہ اُٹھا کر دیکھا سر ہی سر نظر آرہے تھے امام باڑہ کی حدود سے باہر بھی چاروں طرف نشست کا انتظام تھا سڑک کے دوسری طرف کا میدان موٹروں سے بھرا ہوا تھا۔

یہ محفل ''حبیب فیملی'' برسوں سے بمبئی میں منعقد کرتی تھی اور علامہ رشید ترابی صاحب قبلہ خطاب فرماتے تھے۔ حبیب فیملی کی اہلبیتؑ کے ساتھ والہانہ عقیدت کا یہ عالم ہے کہ بنک ہو یا ان کا اور کوئی تجارتی ادارہ ہر ایک جگہ پنجتن کے نام کا طغرا ضرور نظر آئے گا حسینؑ کے نام پر لاکھوں روپیہ سالانہ خرچ کرنا مدام ہے یہ محفل متصل نمائش قدیم بریٹو روڈ پر جہاں منعقد ہو رہی تھی اس جگہ امام باڑہ تعمیر ہو رہا ہے۔ ابھی صرف حد بندی کر کے درگاہ کے کمرے تیار کرا دیئے گئے ہیں۔

''تقویٰ'' کے عنوان پر علامہ رشید ترابی صاحب نے فرمایا کہ ''بزرگی کا معیار اللہ کے نزدیک نہ دولت ہے اور نہ محنت بلکہ تقویٰ ہے۔ اس عنوان کے ذیل میں آپ نے مختلف آیتوں کی تفسیر بیان کی۔ ایک گھنٹہ تقریر کے بعد آپ نے مصائب بیان کرنے شروع کیئے اور فرمایا کہ ''جس بات پر جھگڑا ہوا گر وہ بات فاتح کو حاصل نہ ہو سکے تو وہ ہرگز فتح یاب نہیں ہوا، جھگڑا کعبہ کی تولیت پر نہ تھا

جھگڑا فرات کے پانی پر نہ تھا ، جھگڑا مدینے سے نکلنے یا نہ نکلنے پر نہ تھا

جھگڑا بیعت پر تھا حضرت عباسؑ نے کہا کہ، ان ہاتھوں کو چاہے قلم کر دو مگر ہاتھ بیعت کے لیے نہیں بڑھیں گے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انجمن سادات امروہہ کی جانب سے مجلس وجلوس

آٹھ محرم کو انجمن سادات امروہہ کی جانب سے جہانگیر پارک میں مجلس میں شرکت کے لیے ۱۰ بجے گیا۔ سوز خوانی شروع ہو چکی تھی سوز خوانی کے بعد مشہور شاعر، صحافی و دانش ور جناب رئیس امروہوی نے سلام پڑھا۔ جس کے بعد جناب مولانا سید لقا علی صاحب حیدری ڈیڑھ گھنٹہ تک فضائل ومصائب بیان فرماتے رہے اس کے بعد تابوت وذوالجناح برآمد ہوا جو جلوس کی شکل میں فریئر روڈ، برنس روڈ، پرنس اسٹریٹ، مشن روڈ، بندر روڈ اور بمبئی بازار سے ہوتا ہوا ساڑھے سات بجے شام امام باڑہ انجمنِ حسینیہ ایرانیاں پہنچا۔

خاموش جلوس

صبح نویں محرم کو مارٹن روڈ کالونی کے امام باڑہ پہنچا۔ میرے پہنچنے کے بعد مجلس عزا کا آغاز ہوا۔ بعد ختم مجلس خاموش جلوس روانہ ہوا۔ لاؤڈ اسپیکر ہمراہ تھا۔ ایک شخص نقابت کے فرائض انجام دے رہا تھا اور قدم بہ قدم کہتا جاتا تھا۔

بڑھے چلیے ادب اور قاعدے سے — سواری ہے شہید کربلا کی
اُٹھی ہے لاش دیں کے بادشاہ کی — کہ جس کی شمر (لعین) نے گردن جدا کی

مولانا مولوی سید نجم الحسن الموسوی صاحب قبلہ سروپا برہنہ جلوس کے ہمراہ تھے (آپ علامہ کنتوری اعلی مقامہ کے نبیرہ اور سرکار ناصر الملت قدس سرہٗ کے داماد تھے اور عاشور ۱۳۷۶ھ کو کراچی میں انتقال کیا اور علی باغ قبرستان میں دفن ہوئے) جمشید روڈ پر آپ نے دلفگار آواز میں محتشم کے فارسی مرثیہ کے چند بند پڑھے۔

کلیٹن روڈ کے نزدیک ڈاکٹر علی اختر صاحب انصاری نے اس جلوس کی خاموشی پر اظہار خیال فرمایا۔ جلوس جب بندر روڈ ایکسٹینشن پر پہنچا تو مولانا سید انیس الحسنین صاحب سے تقریر کی درخواست کی گئی مولانا نے نقیب کی صدا ''سواری ہے یہ جان مصطفیٰؐ کی'' کو اپنی تقریر کا موضوع قرار دیا۔

آپ نے فرمایا کہ سواریاں کبھی خوشی کے موقع پر نکالی جاتی ہیں

اور کبھی غم کے موقع پر۔ آپ نے حضرت یوسفؑ کی سواری، حضرت سلیمانؑ کی سواری اور جناب رسول خداؐ کی اس سواری کا ذکر کیا جس کے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر جرار تھا۔ پھر آپ نے فرزندِ رسولؐ کی سواری کی کیفیت بیان فرمائی جو مدینہ سے نکلی۔ آپ نے فرمایا کہ جگر گوشہ بتولؑ مڑ مڑ کر حسرت ویاس سے قبر رسولؐ کو دیکھتا جاتا اور سلام کرتا جاتا تھا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اب واپسی ناممکن ہے۔ آخر میں آپ نے عابدؑ بیمار کی سواری کی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ عمر بن سعد اس لٹے ہوئے قافلہ کو کوفہ لے جاتے ہوئے دانستہ ادھر سے لے گیا۔ جہاں امام حسینؑ اور ان کے اعزا اور رفقاء کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔

ساڑھے بارہ بجے یہ خاموش جلوس جہانگیر پارک پہنچا جہاں مولانا ابن حسن جارچوی صاحب قبلہ تقریر فرما رہے تھے۔ جتنا مجمع جلوس کے ساتھ تھا اس سے کہیں زیادہ یہاں موجود تھا۔ جلوس کا ایک علم پیشوائی کے لیے پارک کے اندر گیا جس کے پہنچتے ہی علامہ جارچوی نے تقریر ختم کی اور یہاں کا تمام مجمع جلوس سے آملا

چوراہے پر جناب حسن رضا صاحب ایڈوکیٹ نے ایک پُرمغز تقریر فرمائی اور جلوس پھر روانہ ہوا۔ بندر روڈ پر پہنچ کر تقریروں کا سلسلہ پھر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شروع ہوا پہلی تقریر ماما پارسی گرلز ہائی اسکول کے سامنے جناب ناظر حسین صاحب نقوی نے کی۔ دوسری تقریر کراچی کارپوریشن آفس کے سامنے جناب شبیہ الحسن بختیاری بار ایٹ لاء نے کی۔ آپ نے فرمایا کہ ''یزید عرب کی زمانہ جاہلیت کی تہذیب کا نمائندہ تھا اور حضرت امام حسینؑ اسلامی تہذیب کے علمبردار تھے۔

تیسری تقریر بولٹن مارکیٹ پر جناب ڈاکٹر عنایت حسین صاحب جلالوی کی ہوئی آپ نے فرمایا کہ حضرت امام حسینؑ جنگ کرنے نہیں نکلے تھے۔ جنگ کے لیے دو چیزیں لازمی ہیں اول اسلحہ دوسرے پروپیگنڈا، امام حسینؑ کا نہ اسلحہ فراہم کرنا، نہ رسد کا انتظام کرنا اور نہ ہی پروپیگنڈا کی طرف رجوع کرنا بتلا رہا ہے کہ وہ ہرگز ہرگز جنگ کے ارادہ سے نہیں روانہ ہوئے تھے۔

خاموش جلوس بمبئی بازار سے ہوتا ہوا ساڑھے چار بجے امام باڑہ انجمن حسینیہ ایرانیاں واقع ہیریس روڈ پہنچا۔ اس کے ہمراہ کیمرہ مین رہے جنہوں نے راستہ میں کئی جگہ فوٹو لیے جو کہ بعد میں ڈان، ایلسٹر ٹیڈ ویکلی و دیگر مقامی اخبارات ورسائل میں شائع ہوئے۔

ہاں ایک چیز اور قابل ذکر ہے کہ اس جلوس کے ساتھ پولیس کا انتظام نہ تھا تاہم مومنین کا ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر نے آٹھ گھنٹہ کے قریب چھ میل لمبے گشت میں شہر اور صدر بڑی بڑی سڑکوں اور بازاروں سے گزرتے وقت بہت ہی ضبط ونظم کا مظاہرہ کیا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا۔

شبِ عاشور

شروع سے آخر تک خاموش جلوس کے ساتھ رہا اور پھر گذشتہ شب بھی کئی مجلسوں میں شرکت کے بعد کوئی ایک بجے رات واپسی ہوئی تھی لہذا آج تھک کر ایسا پڑا کہ صبح ہی کی خبر لایا۔ شہر کے دیگر عزاخانوں کی طرح انجمن حسینیہ ایرانیاں کے زیر اہتمام یکم محرم سے روزانہ آٹھ بجے شب سے بارہ بجے شب تک حسینیہ ایرانیاں میں مجلس منعقد ہو رہی تھی (انجمن حسینیہ ایرانیاں کی سرگرمیوں سے عموماً اور آغا مرزا مہدی پویا کی موجودگی سے خصوصاً تقسیم کے بعد کراچی میں عزاداری کو بہت تقویت پہنچی ہے)

اس شب (شب عاشور) آقائے بدیع زادہ کے پڑھنے کا اعلان تھا اور میں شریک ہونا چاہتا تھا۔ اس شب جعفر فدو اسپتال کے مقابل آگ پر ماتم بھی ہوا۔

عاشورا

روزِ عاشور کی نسبت سے وزیر اعظم پاکستان لیاقت علی خان نے اپنے بیان شائع کردہ ڈان اخبار ۲ نومبر ۱۹۴۹ میں فرمایا کہ 'حضرت امام حسینؑ کی شہادت ہم سب کے لیے ایک دائمی اور روشن مثال ہے یہ ہمیں سکھلاتی ہے کہ خواہ کتنے ہی خطرات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑے ہم کو جادہ حق سے کبھی بھی نہیں بھٹکنا چاہیے' میں تسبیح اور سجدہ گاہ لے کر صبح ہی جہانگیر پارک آیا تھا اعمال روز عاشور کے بعد کئی گھنٹہ جمی ہوئی مجلس ہوئی اور پھر جلوس ترتیب پا کر برآمد ہوا آج یہ شہر کی تمام عزادار انجمنوں کا مشترکہ جلوس تھا۔

کسی انجمن کے ساتھ ضریح مبارک تھی تو کسی کے ساتھ تابوت اور کسی کے ساتھ ذوالجناح اس قسم کی تمام شبیہیں جلوس کے ساتھ آخر میں رکھی گئیں اور ان کے آگے ہر انجمن کا علم اور اُس کے ساتھ ان کا ماتمی دستہ ایک نازک سا علم اور اس پر حریر کا پٹکا۔ اگر انجمن امامیہ کراچی قوسین میں لکھنؤ نہ لکھواتی تو بہتر تھا کیونکہ علم کی نفاست ونزاکت صاحبان علم کا پتہ خود بتا رہی تھی۔ بیس تیس فٹ اونچا علم جس پر لمبا چکلا سپید پھریرا دہلی کی یاد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تازہ کر رہا تھا اس اتنے اونچے اور وزنی علم کو سنبھالے رکھنا بڑی مہارت کا کام ہے اس کو سادھنے کے لیے رسیاں ہوتی ہیں۔

غرض یہ کہ انجمن سادات امروہہ، انجمن پنجتنی، شاہ گنج آگرہ، بلتستان ایسوسی ایشن وغیرہ کے ساتھ وضع دروضع کے علم تھے۔ ماتمی دستے اپنے اپنے طریقے پر ماتم کر رہے تھے۔ کسی حلقہ میں یک دستی (ایک ہاتھ) کسی میں دو دستی (دو ہاتھ) اکثر حلقوں میں زنجیر زنی ہو رہی تھی۔

پنجابی، ایرانی، بلتی اور اردو زبان میں ماتم کے ساتھ نوحہ خوانی ہو رہی تھی آگرہ، امروہہ اور لکھنؤ کے حلقوں میں زیادہ تر شاعر اہلبیتؑ جناب نجم آفندی مدظلہ کے تبلیغی نوحے پڑھے جا رہے تھے جوں جوں جلوس آگے بڑھتا جاتا تھا مجمع کثیر تر ہوتا جاتا تھا۔

بندر روڈ پر پہنچ کر مختلف اطراف سے میں نے جلوس پر نگاہ ڈالی ہر طرف سر ہی سر نظر آ رہے تھے اس وقت تقریباً جلوس کے ساتھ ایک لاکھ آدم تھا اللہ رے حسینؑ تیری حقانیت دل یکبارگی جگر کا یہ مصرع پکار اُٹھا

''جو دلوں کو فتح کر لے وہی فاتح زمانہ''

بندر روڈ سے جلوس ضریح مارٹن روڈ کی طرف مڑ گیا بلتستان ایسوسی ایشن کے ماتمی دستے اور علم کہارادر گئے اور باقی جلوس آرام باغ سے فریئر روڈ ہوتا ہوا جہانگیر پارک واپس آیا جہاں فاقہ شکنی کرائی گئی۔ راستے میں بندر روڈ پر پیر الٰہی بخش ایس ٹی کالج کے سامنے ملت جعفریہ کے مایہ ناز اہل قلم آغا امیر مرزا صاحب دہلوی ایم اے ایل ایل بی نے عوام کو مقصد حسینؑ سے روشناس کرایا۔ میرا اندازہ ہے کہ کوئی چار لاکھ افراد نے شبیہ ذوالجناح، ضریح وتابوت کی زیارت کی ہوگی۔

عشرۂ ثانی کے اعلانات

کامل نو روز کراچی میں قیام کے بعد چار نومبر کی شام کو راولپنڈی واپس لوٹ رہا تھا شب وروز مجالس اور جلوسوں ہی میں گزرے اس کے باوجود میٹھادر، آرام باغ، گولی مار کالونی وغیرہ میں کسی ایک مجلس میں نہ جا سکا۔

عشرہ ثانی کی مجالس کا اعلان عاشور سے پہلے ہی ہونا شروع ہو گیا تھا اس عشرہ میں مولانا مولوی جعفر حسین قبلہ مجتہد العصر وممبر تعلیمات اسلامیہ بورڈ پاک دستوریہ کے ''تعلیمات حسینی پر نص قرآن سے روشنی ڈالنے کا پروگرام''۔ مرزا نواب حسین ریٹائرڈ انجینئر کی جانب سے شائع ہو چکا تھا۔ اس کے علاوہ آفتاب پنجاب مولانا حافظ وقاری سید ذوالفقار علی شاہ صاحب کی آمد کی بھی اطلاع تھی۔

چھ نومبر بروز اتوار جمعیت نوجوانان مومن کے زیر اہتمام ''یوم حسینؑ'' منایا جانے والا تھا اس سلسلے میں جو جلسہ زیر صدارت الحاج خواجہ شہاب الدین وزیر داخلہ حکومت پاکستان منعقد ہوا اس کی کاروائی ڈان کے اسٹاف رپورٹر کی زبانی ۷ نومبر ۱۹۴۹ کے اخبار سے نقل کرتے ہیں۔

خواجہ شہاب الدین نے اپنی صدارتی تقریر میں فرمایا: آج ہم امام حسینؑ ہی کی قربانی اور شہادت کی بدولت اسلام کو دنیا میں زندہ وپائندہ دیکھ رہے ہیں امام حسینؑ کی سیرت وکردار تیرہ سو سال گذر جانے کے باوجود بھی مسلمانان عالم کے لیے ایک سبق ہے۔

عاشور کے دن جب کربلا کے میدان میں اقربا ورفقاء ایک ایک کر کے سب شہید کر دیئے گئے تو امام حسینؑ نے آواز استغاثہ بلند کی کہ ہے کوئی جو حسینؑ کی مدد کو آئے! ہے کوئی جو اسلام کی مدد کو آئے؟

امام حسینؑ آج بھی ہم سب کو اس حق وصداقت کے راستے کی طرف بلا رہے ہیں۔ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ ''امام حسینؑ جانتے تھے یہ دو مخالف گروہوں کے درمیان ایک معمولی معرکہ نہیں بلکہ یہ راستی وگمراہی انصاف وظلم، روشنی وتاریکی کے دو مختلف ومتضاد نظریات میں نبرد آزمائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے امام جانتے تھے کہ کس راہ پر چلنا چاہیے۔ یہ امام حسینؑ ہی تھے جنہوں نے اپنے افعال سے دکھا دیا کہ تعلیمات اسلامی پر کس طرح عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ اگر امام حسینؑ نے صداقت، زہد وتقویٰ، حق وانصاف کی پشت پناہی نہ کی ہوتی تو آج دنیا میں نیکی اور اچھائی کا معیار مختلف ہوتا''۔

ایران سے خیر سگالی مشن پر آئے ہوئے جید عالم آقائے تقی فلسفی نے اپنی مدلل تقریر میں اس مقصد اور مشن پر روشنی ڈالی جو کہ امام حسینؑ کی شہادت سے پورا ہوا۔ علامہ فلسفی کے بعد پاکستان میں متعین سفیر ایران جناب آقائے سید علی نصر نے فصیح فارسی زبان میں واقعہ کربلا کے تمام وجود وعلل بیان کئے۔ آپ کے بعد ایو باپاشا نے عربی میں تقریر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ شیعہ سنی و دیگر فرقہ اسلام میں جو خلیج حائل ہے اُس کو پُر کیا جائے اور سب کو نصیحت کی کہ رسول اکرمؐ کی تعلیمات کے مطابق اسلام کے جھنڈے کے نیچے جمع ہونا چاہیے۔

جناب عبدالقادر گیلانی نے اردو میں تقریر کرتے ہوئے اس خوشگوار و برادرانہ جذبہ کا ذکر کیا جو کہ عراق اور پاکستان کے لوگوں کو باہم یک جا کئے ہوئے ہے۔ جلسہ سے جناب جمشید ناصر و نجی مہتہ نے بھی خطاب کیا۔ اس جلسے میں معززین شہر کے علاوہ تمام ممالک کے سفیروں نے بھی شرکت کی۔

(نقوش راہ ص ۳۹۔۶۵)

(نوٹ: واقعات کے تسلسل کے لیے ترتیب کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ کچھ غیر ضروری تفصیل کو چھوڑ دیا گیا ہے)

jabir.abbas@yahoo.com

قابل رحم ہے وہ قوم جو ٹکڑوں میں بٹی ہو
اور اُسکا ہر ٹکڑا اپنے آپ کو قوم سمجھے۔
قابل افسوس ہے وہ قوم جو اپنی آواز
اُس وقت اُٹھائے، جب جنازے کے پیچھے چلے

(خلیل جبران۔ ۱۸۵۳۔۱۹۳۱)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مختلف مکاتب فکر کے ۳۱ جید علماء کرام کے منظور کردہ ۲۲ نکات

بانی پاکستان محمد علی جناح قیام پاکستان کے تقریباً فوراً بعد رحلت فرما گئے۔ ملک میں یہ پروپیگنڈہ شروع ہوگیا کہ پاکستان میں اسلام نافذ نہیں ہوسکتا، پوچھا گیا کیوں؟ کہا گیا کہ اس ملک میں ۷۳ فرقے بستے ہیں اور ہر فرقہ اپنے اسلام کو اصلی سمجھتا ہے، ان حالات میں بتایئے کہ اسلام نافذ ہو تو کس طور پر؟

چنانچہ ملک بھر کے مختلف مکاتب فکر کے ۳۱ جید و مقتدر علماء کرام نے دشمنان اسلام کے اس چیلنج کو قبول کیا اور ۲۱ جنوری تا ۲۴ جنوری ۱۹۵۱ء کو کراچی میں اجلاس کر کے تاریخی بائیس نکاتی دستاویز مرتب کی جس کی روشنی میں نافذ ہونے والا اسلام تمام فرقوں سے سندِ قبولیت حاصل کر سکتا تھا۔ بائیس نکات درج ذیل ہیں:

۱۔ اصل حاکم تشریعی و تکوینی حیثیت سے اللہ رب العالمین ہے۔

۲۔ ملک کا قانون کتاب وسنت پر مبنی ہوگا اور کوئی قانون ایسا نہیں بنایا جائے گا، نہ کوئی ایسا انتظامی حکم دیا جائیگا جو کتاب وسنت کے خلاف ہو۔

۳۔ مملکت کسی جغرافیائی، لسانی، نسلی یا کسی اور تصور پر نہیں، بلکہ اس اصول ومقاصد پر مبنی ہوگی جن کی اساس اسلام کا پیش کیا ہوا ضابطہ حیات ہے۔

۴۔ اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ قرآن وسنت کے بتائے ہوئے معروضات کو قائم کرے۔ منکرات کو مٹائے اور شعائر اسلام کے احیاء و اعلا اور متعلقہ اسلامی فرقوں کے لئے، ان کے اپنے مذہب کے مطابق ضروری اسلامی تعلیم کا انتظام کرے۔

۵۔ اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ وہ مسلمانان عالم کے رشتہ اتحاد و اخوت کو قوی سے قوی تر بنانے اور ریاست کے مسلم باشندوں کے درمیان عصبیت جاہلیہ کی بنیادوں پر نسلی ولسانی، علاقائی یا دیگر مادی امتیازات کے ابھرنے کی راہیں مسدود کر کے ملت اسلامیہ کی وحدت کے تحفظ واستحکام کا انتظام کرے۔

۶۔ مملکت بلاتمیز مذہب ونسل وغیرہ تمام ایسے لوگوں کی لابدی انسانی ضروریات یعنی غذا، لباس، مسکن، معالجہ اور قیام کی کفیل ہوگی۔ جو اکتساب رزق کے قابل نہ ہوں یا نہ رہے ہوں یا عارضی طور پر بے روزگاری، بیماری یا دوسری وجوہ سے فی الحال سعی اکتساب پر قادر نہ ہوں۔

۷۔ باشندگان ملک کو وہ تمام حقوق حاصل ہونگے جو شریعت اسلامیہ نے ان کو عطا کیے ہیں یعنی حدود قانون کے اندر تحفظ جان ومال، آبرو، آزادیٔ مذہب ومسلک، آزادیٔ عبادت، آزادیٔ ذات، آزادیٔ اظہار رائے، آزادیٔ نقل وحرکت، آزادیٔ اجتماع، آزادیٔ اکتساب رزق، ترقی کے مواقع میں یکسانی اور رفاہی ادارت سے استفادہ کا حق۔

۸۔ مذکورہ بالا حقائق میں سے کسی شخص کا کوئی حق اسلامی قانون کی سند جواز کے بغیر اُس وقت سلب نہ کیا جائے گا اور کسی جرم کے الزام میں کسی کو بغیر فراہمی موقع صفائی وعدالت کوئی سزا نہ دی جائے گی۔

۹۔ مسلمہ اسلامی فرقوں کو حدود قانون کے اندر پوری مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ انہیں اپنے پیروؤں کے اپنے مذہب کی تعلیم کا حق حاصل ہوگا۔ وہ اپنے خیالات کی آزادی کے ساتھ اشاعت کر سکیں۔ ان کے شخصی معاملات کے فیصلے ان کے اپنے فقہی مذہب کے مطابق ہونگے اور ایسا انتظام کرنا مناسب ہوگا کہ ان کے قاضی یہ فیصلے کریں۔

۱۰۔ غیر مسلم باشندگان مملکت کو حدود قانون کے اندر مذہب عبادت، تہذیب وثقافت اور مذہبی تعلیم کی پوری آزادی ہوگی اور انہیں اپنے شخصی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معاملات کا فیصلہ اپنے مذہبی قانون یا رسم ورواج کے مطابق کرانے کا حق حاصل ہوگا۔

۱۱۔غیر مسلم باشندگان مملکت سے حدود شرعیہ کے اندر جو معاہدات کیے ہوں ان کی پابندی لازمی ہوگی اور جن حقوق شہری کا ذکر دفعہ ۷ میں کیا گیا ہے ان میں غیر مسلم باشندگان ملک سب برابر کے شریک ہونگے۔

۱۲۔رئیس مملکت کا مسلمان مرد ہونا ضروری ہے جس کے تدین، صلاحیت اور اصابت رائے پر جمہور یا ان کے منتخب نمائندوں کا اعتماد ہو۔

۱۳۔رئیس مملکت ہی نظم ونسق کا اصل ذمہ دار ہوگا البتہ وہ اپنے اختیارات کا کوئی جزو کسی فرد یا جماعت کو تفویض کرسکتا ہے۔

۱۴۔رئیس مملکت کی حکومت مستبدانہ نہیں بلکہ شورائی ہوگی یعنی وہ ارکان حکومت اور منتخب نمائندگان جمہور سے مشورہ لے کر اپنے فرائض انجام دے گا۔

۱۵۔رئیس مملکت کو یہ حق حاصل نہ ہوگا کہ دستور کو کلاً یا جزواً معطل کر کے شوریٰ کے بغیر حکومت کرنے لگے۔

۱۶۔جو جماعت رئیس مملکت کے انتخاب کی مجاز ہوگی وہی کثرت رائے سے اُسے معزول کرنے کی بھی مجاز ہوگی

۱۷۔رئیس مملکت شہری حقوق میں عامۃ المسلمین کے برابر ہوگا اور قانونی مواخذہ سے بالاتر نہ ہوگا۔

۱۸۔ارکان وعمال حکومت اور شہریوں کیلئے ایک ہی قانون ہوگا اور دونوں پر عام عدالتیں ہی اسکو نافذ کریں گی

۱۹۔محکمہ عدلیہ انتظامیہ سے علیحدہ اور آزاد ہوگا تا کہ عدلیہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں ہیئت انتظامیہ سے اثر پذیر نہ ہو۔

۲۰۔ایسے افکار ونظریات کی تبلیغ واشاعت ممنوع ہوگی جو مملکت اسلامی کے اساسی اصول وعبادی کے انہدام کا باعث ہو۔

۲۱۔مملکت کے مختلف ولایات واقطاعِ مملکت واحدہ کے افراد انتظامی متصور ہوں گے اور ان کی حیثیت نسلی، لسانی یا قبائلی وحدہ جات کی نہیں بلکہ محض انتظامی علاقوں کی ہوگی جنہیں انتظامی سہولتوں کے پیش نظر مرکز کی حکومت کے تابع انتظامی اختیارات سپرد کرنا جائز ہوگا مگر انہیں مرکز سے علیحدگی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

۲۲۔دستور کی کوئی ایسی تعبیر معتبر نہ ہوگی جو کتاب وسنت کے خلاف ہو۔

نوٹ: ''قرآن وسنت کے الفاظ جہاں جہاں آئے ہیں ان کا ہر فرقہ پر اطلاق کے وقت وہی مفہوم ومراد سمجھا جائے گا جو اس فرقہ کے نزدیک صحیح و مسلم ہو''۔ یہ تشریحی نوٹ مفتی جعفر حسین اعلیٰ اللہ مقامہ کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں نکتہ نمبر ۲۲ کے بعد لکھا گیا۔ جو کہ مفتی صاحب کی اعلیٰ بصیرت و قابلیت، دوراندیشی اور دور بینی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

(ص ۳۳۹۔۳۴۶، ج اول، انسائیکلوپیڈیا واقعات پاکستان۔ زاہد انجم ۲۰۰۵ ایڈیشن)

نوٹ چند شرکائے اجلاس کے اسماء گرامی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا شمس الحق افغانی، مولانا محمد شفیع عثمانی، مولانا ادریس کاندھلوی، مولانا عبدالحامد بدایونی، پیر محمد امین الحسنات مانکی شریف، مولانا احتشام الحق تھانوی، مولانا مفتی محمد حسن مؤسس جامعہ اشرفیہ، مولانا خیر محمد مؤسس خیر المدارس ملتان، مولانا محمد علی لاہوری، مولانا سید محمد بنوری مؤسس جامعۃ العلوم اسلامیہ کراچی، مولانا ظفر احمد انصاری، مولانا محمد علی جالندھری، مولانا داؤد غزنوی، مولانا حبیب اللہ، مولانا شمس الدین فرید پوری، مولانا راغب احسن، مولانا مفتی جعفر حسین مجتہد، مولانا حافظ کفایت حسین کے علاوہ ۱۲ علماء شامل تھے۔ اجلاس کی صدارت مولانا سید سلیمان ندوی نے کی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کل پاکستان اجتماع علماء شیعہ کراچی

پاکستان کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا (شاید آخری بھی؟) عظیم الشان اجتماع تھا جو ۵، ۶، ۷، جنوری ۱۹۶۵ء کو امام باڑہ شاہ کربلا رضویہ کالونی کراچی کے وسیع ایوان میں منعقد ہوا جس میں قوم کے صحیح نباض دین حق کے مایہ ناز افاضل اور ممتاز رہنماؤں کے علاوہ مکتب جعفری کے ۲۰۰ جلیل القدر علماء کرام نے شرکت فرمائی۔ تمام مسائل وضروریات مذہبی پر غور وفکر کرنے کے بعد ایک مجلس عمل علماء شیعہ کی تشکیل کی گئی۔ جس کے سربراہ بااتفاق رائے حضرت خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب قبلہ دہلوی منتخب ہوئے اور طے پایا کہ شیعوں کے مندرجہ ذیل مذہبی مطالبات باقاعدہ حکومت کو پیش کئے جائیں۔

۱) شیعہ طلباء کے لئے مدارس میں جداگانہ نصاب دینیات کا انتظام۔

۲) شیعہ اوقاف کے لئے حکومت کی زیر نگرانی علیحدہ شیعہ بورڈ کا قیام

۳) تحفظ عزاداری

۴) درسی کتب سے قابل اعتراض ودل آزار مواد کا اخراج

ہر طبقہ خیال کے شیعہ اہل علم ودانش کو شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ چند مولویوں کے علاوہ سب نے شرکت بھی فرمائی اور پہلی مرتبہ ہماری قومی زندگی میں مرکزیت کی ایک جھلک نمودار ہوئی۔ سربراہ ملت حضرت خطیب اعظم نے تحریری طور پر مذکور الصدر مطالبات حکومت کو پیش کئے۔ اس کے علاوہ درسی کتب کا جائزہ لے کر ایک کتابچہ ''نصاب دینیات کا سرسری جائزہ'' مرتب سید اختر محمود برائے مجلس وعمل آل پاکستان اجتماع علماء شیعہ کنونشن شائع کرایا جو کافی تعداد میں افراد قوم میں تقسیم کرنے کے علاوہ ذمہ داران حکومت کو بھی روانہ کیا گیا۔ حضرت خطیب اعظم نے اسکولوں اور کالجوں میں رائج تاریخ اسلام کا جائزہ لے کر اس پر ایک ''تبصرہ'' تحریر فرمایا جس میں شیعوں کے لئے دل آزار وقابل اعتراض روایات کی نشان دہی کے ساتھ مورخین کی تاریخی بدنیتی کو بے نقاب کیا گیا۔ یہ تبصرہ امامیہ مشن پاکستان نے شائع کیا تھا۔ ان کتابچوں کی اشاعت سے ایک طرف تو شیعہ اہل فکر کی آنکھیں کھل گئیں دوسری طرف حکومت پر ہمارے موقف کی وضاحت ہوگئی۔

(ص ۹، کتابچہ شیعیان پاکستان کے مذہبی مطالبات شائع کردہ شیعہ مطالبات کمیٹی)

☆☆☆☆☆

''قوم پیچھے چلے تو قائد بنتا ہے۔ پیچھے چلنے والا کوئی نہ ہو تو قیادت کیا معانی رکھتی ہے''

(راجہ صاحب محمود آباد)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عراقی علماء پر مظالم کے خلاف احتجاج کے طور پر کراچی کے ایک نوجوان نے اپنے اوپر تیل چھڑک کر آگ لگادی

کراچی ۲۷ جولائی (اسٹاف رپورٹر) آج دوپہر ایک نوجوان محمد عباس نے عراق میں علماء پر ہونے والے مظالم کے خلاف بطور احتجاج اپنے جسم پر آگ لگا کر خودکشی کی کوشش کی مگر لوگوں کی مداخلت سے اسے بچالیا گیا اور جناح ہسپتال پہنچادیا گیا لیکن ڈاکٹروں نے اُسے نوے فی صد جلا ہوا قرار دے کر اس کی حالت تشویش ناک بتائی ہے۔ محمد عباس نے آج دوپہر تقریباً ساڑھے گیارہ بجے ایمپریس مارکیٹ صدر کے قریب اپنے کپڑوں پر تیل چھڑک کر آگ لگالی اور سڑک پر بھاگنے لگا۔ اس کے ہاتھ میں بڑے بڑے گتے تھے، جنہیں وہ جگہ جگہ پھینکتا جارہا تھا۔ ان گتوں پر ہاتھ سے لکھا ہوا تھا ''عراق میں علماء پر مظالم بند کئے جائیں، مقدس مقامات کی بے حرمتی نہ کی جائے، مقامات مقدسہ کی تعمیر نہ روکی جائے، اور میں عراق میں علماء پر ہونے والے مظالم کے خلاف بطور احتجاج خودکشی کررہا ہوں''۔ عینی شاہدوں کا بیان ہے کہ نوجوان محمد عباس نے صدر دواخانے کے قریب سے اپنے کپڑوں میں آگ لگا کر صدر بازار کی جانب بھاگنا شروع کیا۔ وہ گتے کے بڑے بڑے ٹکڑے پھینکتا جارہا تھا اور اس کے جسم سے شعلے بلند ہورہے تھے۔ جب وہ ایمپریس مارکیٹ کے قریب پہنچا تو بعض لوگوں نے اُسے پکڑ کر اُس پر پانی کا ڈرم اُلٹ دیا جس سے وہ گر پڑا اور باقی سارے گتے اُس کے گر گئے۔ یہاں سے اسے جناح ہسپتال پہنچادیا گیا۔

محمد عباس نے جو ناظم آباد کے بلاک نمبر ۳ میں رہتا ہے۔ آج جناح ہسپتال میں پولیس کو بتایا کہ اس نے اپنی مرضی سے خودکشی کی تھی اور اُسے بچا کر اُس پر ظلم کیا جارہا ہے۔ وہ بار بار ڈاکٹروں سے پوچھتا ہے کہ اس کی حالت کب بگڑے گی۔ محمد عباس اپنے فیصلے پر بڑا مطمئن ہے۔ وہ میٹرک پاس ہے اور چھوٹی جماعتوں کے طلباء کو ٹیوشن پڑھا کر اپنے اور اپنے گھر والوں کا گزارا کرتا ہے۔

(حریت کراچی ۲۸ جولائی ۱۹۶۹ء)

کپڑوں پر تیل چھڑک کر آگ لگانے والا نوجوان جاں بحق ہوگیا
عراقی علماء پر مظالم کے خلاف بطور احتجاج جان دینے کی خواہش پوری ہوگئی

کراچی ۳۰ جولائی (اسٹاف رپورٹر) عراق میں علمائے کرام ومجتہدین پر ہونے والے ظلم وتشدد کے خلاف احتجاج کرنے والے نوجون طالب علم محمد عباس آج صبح جناح ہسپتال میں جاں بحق ہوگیا۔ عباس نے عراق کے حالیہ واقعات کے خلاف احتجاجاً اپنے کپڑوں پر مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگالی تھی۔ ان کی نماز جنازہ جمعرات کو شام چار بجے امام باڑہ شاہ کربلا رضویہ کالونی میں ہوگی اور ان کی میت پاپوش نگر کے قبرستان میں دفن کی جائے گی۔ گزشتہ اتوار کے روز دوپہر کے وقت نوجوان محمد عباس ایمپریس مارکیٹ کے قریب آ کھڑے ہوئے۔ ان کے ہاتھوں میں کچھ پلے کارڈ بھی تھے جن پر لکھا تھا عراقی علماء پر ظلم وتشدد بند کرو۔ مقدس مقامات کی بے حرمتی بند کرو۔ مزارات کی تعمیرات پر پابندی ختم کی جائے۔ وغیرہ کچھ دیر کے مظاہرے کے بعد انہوں نے پلے کارڈ آس پاس رکھ کر اپنے کپڑوں پر مٹی کا تیل چھڑکا اور ماچس جلا کر آگ دکھادی۔ جب تک راہ گیر آگ بجھانے کا سامان کرتے، وہ بری طرح جھلس چکے تھے۔ اُنہیں شدید زخمی حالت میں جناح ہسپتال میں داخل کردیا گیا۔ جہاں عباس نے ڈاکٹروں سے کہا کہ میری جان نہ بچائی جائے۔ اس کے بعد وہ بے ہوش ہوگئے اور اگلے روز بھی بے ہوش رہے۔ ان کا تمام دھڑ بری طرح جل چکا تھا۔ منگل کے روز انہیں کچھ دیر کے لئے ہوش آیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلامی محاذ کے نمائندے جناب مظہر عباس، مولانا طالب جوہری اور جناب سید محمد حسن رضوی کل شام سات بجے ان کی عیادت کرنے جناح ہسپتال گئے تو عباس نے بتایا کہ مذہبی جذبے کے تحت میں نے پوری طرح سوچ سمجھ کر بقائمی ہوش وحواس یہ احتجاجی اقدام کیا ہے، میری خواہش ہے کہ میں اس اقدام میں کامیاب ہو جاؤں۔ اس لئے میں نے ڈاکٹروں سے درخواست کی ہے کہ وہ میری جان نہ بچائیں۔ انہوں نے اسلامی محاذ کے نمائندوں کو بتایا کہ ان کے والدین فوت ہو گئے ہیں کوئی قریبی عزیز بھی موجود نہیں۔ اس دنیا میں سوائے خدا کے ان کا کوئی نہیں۔ انہوں نے اپنے دو رشتے داروں کے نام مہدی حسن اور مظہر حسن بتائے اور کہا کہ یہ لوگ ناظم آباد میں رہتے ہیں۔ محمد عباس ورثا کی عدم موجودگی کے سبب اسلامی محاذ کی کوشش ہے کہ میت ان کے حوالے کر دی جائے۔ اس غرض سے ان کی میت کو جناح ہسپتال سے ڈاؤ میڈیکل کالج منتقل کرا کے سرد خانے میں رکھ دیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ میت اسلامی محاذ کے حوالے کر دی جائے گی۔ اسلامی محاذ کے اعلان کے مطابق کل صبح کسی وقت سول ہسپتال سے میت امام بارگاہ شاہ کربلا رضویہ کالونی لائی جائے گی غسل کے بعد وہاں ۹ بجے صبح نماز جنازہ ہوگی۔ حجۃ الاسلام آقائے شیخ محمد شریعت اصفہانی قبلہ امامت کریں گے۔ تدفین پاپوش نگر کے قبرستان میں ہوگی۔ اتوار صبح نو بجے سے گیارہ بجے تک امام بارگاہ شاہ کربلا رضویہ سوسائٹی میں جناب عباس کے سوئم کے سلسلے میں قرآن خوانی ہوگی جس کے بعد علامہ سید محمد دہلوی مجلس پڑھیں گے۔ قبل ازیں یکم اگست کو رات آٹھ بجے عراقی علماء پر ظلم وتشدد کے خلاف ایک احتجاجی جلسہ ہوگا۔ اسلامی محاذ کی طرف سے عباس کی قبر پر ایک یادگار تعمیر کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

(''حریت'' کراچی ۳۱ جولائی ۹۶۹ع)

عراقی علماء پر تشدد کے خلاف جل مرنے والے نوجوان کو سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی ۳۱ جولائی۔ عراق علماء پر تشدد کے خلاف احتجاج کرنے اور اپنے جسم پر آگ لگا کر جاں بحق ہونے والے نوجوان، عباس کو آج صبح پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نوجوان عباس کی میت آج صبح سول ہسپتال میں ساڑھے آٹھ بجے اسلامی محاذ کے نمائندوں مولانا عابد شبر، جناب آفتاب عالم قزلباش ایڈووکیٹ اور جناب صغیر حسین جعفری ایڈووکیٹ کے حوالے کر دی گئی تھی جہاں سے اسے رضویہ سوسائٹی کے امام بارگاہ میں غسل وکفن کے لئے لے جایا گیا لیکن جسم زیادہ جل جانے کی بنا پر غسل نہیں دیا جا سکا اور میت کو تیمم دے کر کفنایا گیا بعد میں آقائے شیخ محمد شریعت نے نماز جنازہ پڑھائی۔

آج صبح ساڑھے نو بجے جب کہ میت کو سپرد خاک کیا جا رہا تھا، اچانک عباس مرحوم کے کچھ اعزا قبرستان پہنچ گئے اور انہوں نے میت کو شناخت کرتے ہوئے بتایا کہ یہ نوجوان ان کا قریبی عزیز تھا۔ مرحوم کے حقیقی ماموں جناب نصیر الدین حیدر نے بتایا کہ مرحوم کا حقیقی نام غلام عباس نہیں بلکہ جاوید حیدر ہے۔ اس کے والد سید وزیر حسین ترمذی حیات ہیں اور بھارت کے شہر لکھنؤ میں یو۔ پی طبیہ بورڈ میں معالج ہیں۔ جاوید مرحوم کی والدہ پہلے ہی فوت ہو چکی ہیں۔

مسٹر نصیر الدین حیدر نے بتایا کہ اس واقعے کی اطلاع آج سے پیشتر اس لئے نہیں ہو سکی کہ اخبارات میں جاوید کا نام عباس شائع ہوتا رہا ہے۔ اسی طرح اس کی جو تصاویر اخبارات میں شائع ہوئیں، وہ بھی جسم جھلس جانے کی وجہ سے اتنی واضح نہیں تھی کہ ان کی مدد سے جاوید کی شناخت کی جا سکتی۔ انہوں نے بتایا کہ جاوید اس سانحے سے ایک ہفتہ قبل گھر سے اچانک چلا گیا تھا اور اس سے پیشتر وہ اکثر محلے میں لوگوں سے پوچھا کرتا تھا کہ کیا خودکشی کرنا جرم ہے؟ پھر وہ کہتا کہ ایسا کارنامہ انجام دوں گا کہ لوگ یاد رکھیں گے۔ مسٹر نصیر الدین حیدر نے کہا کہ آج جب اخبارات میں مظہر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام اور مہدی حسن کے نام شائع ہوئے تو انہیں شبہ ہوا اور وہ قبرستان پہنچے تا کہ میت کو شناخت کر سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ جاوید بے انتہا ذہین لڑکا تھا اور انٹرمیڈیٹ کا پرائیویٹ امیدوار تھا۔ نصیر الدین حیدر صاحب جو نظامت صنعت میں اسسٹنٹ ہیں، ڈرگ کالونی نمبر ۵ میں رہتے ہیں، جاوید مرحوم ان ہی کے ساتھ رہتے تھے۔

جنازے کے ساتھ ساتھ ایس ڈی ایم جناب غلام ربانی اور پولیس کے افسر بھی آخر تک شریک رہے۔ ان کے علاوہ اسلامی محاذ کے نمائندے آقائے شیخ محمد شریعت، مولانا عابد شبر، مولانا سید محمد دہلوی، مولانا سید محمد عادل، جناب آفتاب عالم قزلباش ایڈوکیٹ، مولانا عنایت حسین جلالوی، پروفیسر سید محمد حسن، جناب مظہر عباس زیدی، جناب مسیّب علی زیدی اور مرکزی شیعہ فیڈریشن کے صدر جناب افتخار رضا اور جناب نواب حسن لکھنوی بھی جنازے کے ساتھ تھے۔

(حریت کراچی یکم اگست ۱۹۶۹ء)

حیات حکیم از مولانا مرتضیٰ حسین فاضل صاحب قبلہ

قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی نے فرمایا

☆ ''یہ باتیں پرانی ہوگئیں کہ ہم نے پاکستان بنایا یا ہم اس میں حصے دار ہیں۔ ہم پاکستان ہیں۔ ہم پاکستان کے مالک ہیں، وارث ہیں۔''

☆ ''عزاداری ہماری شہری آزادیوں کا مسئلہ ہے۔ مجلس کرانا میرا بنیادی حق ہے۔ عزاداری کا جلوس نکالنا میرا حق ہے۔ دوسروں کے حقوق بھی محفوظ ہیں اور میرے حقوق بھی آئین کے اندر محفوظ ہیں۔''

☆ ''اس ملک کی سیاست میں ہمارا کردار ہے۔ ملک کے اتحاد و وحدت میں ہمارا رول ہے۔ اتحاد و وحدت کے لیے ہم نے کوشیش کیں۔ ہمیں کوئی مجبوری اور کوئی مشکل نہیں تھی۔ کسی کمزوری کی وجہ سے کردار ادا نہیں کیا۔ کیونکہ میں اس ملک کی ایک حقیقت ہوں۔ مجھے زندہ رہنے کے لیے کسی سہارے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں پہلے بھی زندہ تھا۔ اب بھی زندہ ہوں''

☆ ''ہم اس ملک کا طاقتور حصہ ہیں۔ ہم قوت وطاقت سے بھی اس مسئلے (ٹارگٹ کلنگ اور تشیع کا قتل عام) کو روک سکتے تھے۔ لیکن ایک ملک میں، ایک معاشرے میں، معاشرے کے حالات کو، بے گناہ لوگوں کی مشکلات کو مدنظر رکھنا بھی ہماری ذمہ داری ہے''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ کراچی کا سیاہ ورق

''مجھے یاد ہے آج سے چار سال قبل (۱۹۸۳ء) پہلا بلڈوزر جب سہراب گوٹھ پر چلا تھا تو شیعہ سنی کا جھگڑا ہوا۔ اُس وقت مارشل لاء تھا گورنر وغیرہ سب فوجی تھے اور انچولی پر بڑا حملہ ہوا تھا۔ اس وقت بھی سہراب گوٹھ پر سے توجہ ہٹانے کے لئے یہ سب کچھ ہوا تھا اور وہ جھگڑا ڈرگ کالونی تک پھیلا تھا۔

ایک ہنگامہ تھا کہ شیعہ سنی لڑ رہے ہیں۔ ہم بھی یک جہتی میں لگ گئے تھے۔ لیکن بعد میں ہمیں اندازہ ہوا کہ یہ دھوکہ دینے والی بات تھی اصل بات کچھ اور تھی۔ لوگوں کی یاداشتیں کمزور ہیں لیکن میں اُس وقت حکومت میں شامل تھی۔

مجھے یاد ہے کہ لیاقت آباد میں امام بارگاہ جلتے وقت پولیس نے جو رول ادا کیا تھا وہی اب کیا ہے، (علی گڑھ کے فسادات کی جانب اشارہ ہے) یہ کمال کی بات ہے لگتا ہے کہ ایکشن ری پلے ہوا ہے۔

میں اُس وقت صوبائی کونسل میں تھی میرے پاس رات بھر فون آئے تھے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور پولیس، آرمی کے ٹرک الاعظم کے پل پر کھڑے ہیں۔ اُس وقت تک کھڑے رہے جب تک امام بارگاہ (مرکزی امام بارگاہ اچھی طرح تباہ نہ ہو گیا، راہ چلتا آدمی بھی اچھی طرح اندازہ لگا سکتا تھا کہ تباہ کاروں کو کئی گھنٹے کی کھلی چھٹی دی گئی تھی۔) اچھی طرح نہ جل گیا۔

بعد میں پتا چلا کہ حکومت چاہتی تھی کہ شیعہ پٹیں تا کہ ان کا دم خم نکل جائے اور پولیس کو خاص ھدایت تھی کہ انہیں پٹنے دیا جائے۔

جب میں نے کمشنر سے بات کی تو اُس نے کہا کہ صاحب میں کیا کرتا میں تو بار بار گورنر ہاؤس فون کرتا تھا جب تک ہدایت نہ ملے میں کیسے کچھ کر سکتا تھا حکومت اس میں ملوث تھی خواہ وہ مانے یا نہ مانے''۔

۱۴۱۔ کراچی کیوں جلتا ہے۔ شہناز احد

محترمہ شمیم کاظمی صاحبہ کا انٹرویو

صدر انجمن تجارت، ملازمت وزراعت پیشہ خواتین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد سکینہؑ وامام بارگاہ کاظمین نیو کراچی

☆

ایم اے جناح روڈ پر تاریخی دھرنے کی روداد

☆

سانحہ مسجد خیر العمل انچولی

☆

سانحہ مسجد قمر بنی ہاشم ومرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد
اور رُودادِ مجلس برائے ایصالِ ثوابِ شہداءِ انچولی

☆

ڈیفنس سوسائٹی کا اجتماع

☆

سانحہ جامع مسجد وامام بارگاہ شاہِ نجف مارٹن روڈ

(جلتی مسجدیں۔ جناب علی اکبر شاہ کے قلم سے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاکستان کے جمہوری نظام پر بیرونی اثرات

''دوسرے خطرے کی نشاندھی امریکی جنرل ابی زید کے اس بیان سے ہوتی ہے کہ ''سعودی عرب اور پاکستان میں اسلامی انتہا پسندی کو شکست دینا اس بات سے زیادہ اہم ہے کہ عراق اور افغانستان میں جنگ جیتی جائے کیونکہ عسکری جنگ کے ساتھ ساتھ یہ ایک نظریاتی جنگ بھی ہے۔''

یہ نظریاتی تصادم مغرب ومشرق کے درمیان نہیں بلکہ عربی اور عجمی اور شیعہ سنی سوچوں کے درمیان تصادم کا تصور ہے۔ جو وسیع تر مشرق وسطیٰ پلان کا بنیادی مقصد ہے۔''

جنرل (ر) مرزا اسلم بیگ

روزنامہ جنگ کراچی ۲۵ مارچ ۲۰۰۴ء

اداریہ

حکومتی ذرائع نے اس کی تصدیق کردی ہے کہ فرقہ وارانہ کشیدگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک ہمسایہ ملک سے ہزار کے لگ بھگ دہشت گرد اور تخریب کار علماء، حفاظ اور قاریوں کے روپ میں پاکستان میں فسادات برپا کرنے اور دہشت گردی کی وارداتوں کیلئے پاکستان میں داخل ہوچکے ہیں۔ گویا ہمارے بد ترین دشمنوں نے بھی ہماری بربادی کا جو نسخہ تجویز کیا ہے اُس کی بنیاد مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے پر رکھی ہے۔

روزنامہ جنگ ۲۱ جون ۱۹۸۴ء اداریہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد سکینہؑ وامام بارگاہ کاظمین نیو کراچی

سیکٹر G-11 نمبر ۸ نیو کراچی میں شیعوں کے ستر مکانات ہیں جو ۱۹۶۴ء میں آباد ہوئے۔ یہ آبادی جیکب لائنز کراچی سے منتقل ہو کر آئی تھی۔ کچھ دنوں بعد ۱۹۶۴ء ہی میں مسجد اور امام بارگاہ کے لئے پانچ ہزار دو سو مربع گز کا ایک قطعہ اراضی برائے مسجد منتخب کیا۔ دونوں فرقوں کی عبادت گاہوں کے لیے قطعات کا تعین باہمی مشاورت اور رضامندی سے ہوا۔ شیعہ مسجد کا نام جامع مسجد سکینہؑ رکھا گیا اور امام بارگاہ کا نام امام بارگاہ کاظمین۔ جبکہ سنی مسجد کا نام مسجد ربانی رکھا گیا کہ جو اسی نام سے ابھی تک قائم ہے۔ مسجد اور امام بارگاہ کا قطعہ آراضی S.T.60 کے نمبر سے چلا آرہا ہے۔ ۱۹۶۷ء میں گودھرا والے جمشید روڈ اور دوسری جگہوں سے لاکر یہاں بسائے گئے اور اُن کی جھونپڑیاں اس طرح سے ڈلوائی گئیں کہ مسجد امام بارگاہ کا قطعہ اراضی سمٹ کر ۵۰۰ مربع گز رہ گیا۔

اب یہ بات آسانی سے سمجھ میں آجائیگی کہ یہ قطعہ آراضی یعنی S.T.60 کسی کے پلاٹ پر ناجائز قبضہ نہیں کہ جیسا تاثر دیا جارہا ہے بلکہ یہ ایک معمول کے مطابق صورت حال ہے۔ کراچی کی بیشتر مساجد بلا امتیاز فرقہ اسی طرح سے تعمیر ہوئی ہیں کہ جہاں لوگ آباد ہوئے وہیں انہوں نے اپنی عبادت گاہ کے لئے بھی جگہ گھیر لی۔

اس علاقہ میں پہلا شیعہ سنی فساد ۱۹۷۰ء میں ہوا (اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۱۹۶۷ء سے اہل گودھرا کی آمد کے بعد فساد کے لئے فضا تیار ہونے لگی) اس فساد میں ایک شیعہ کا مکان نذر آتش ہوا۔ اور چند شیعہ زخمی ہوئے۔ اُنیس سنی گرفتار کر لیئے گئے جن پر ضابطہ فوجداری کی مختلف دفعات کے تحت مقدمات قائم کئے گئے۔ ساتھ ہی ساتھ انتظامیہ نے دونوں متحارب گروہوں کے درمیان گفت وشنید کا سلسلہ شروع کرادیا جس کے نتیجہ میں اس تجویز پر اتفاق ہوگیا کہ جامع مسجد سکینہ کو وہیں S.T 60 ہی پر رہنے دیا جائے اور امام بارگاہ کاظمین کو قریب ہی ایک میدان میں کہ جو اسی سیکٹر کے ۲/۷ انمبر میں واقع ہے منتقل کر دیا جائے۔ مگر اس تجویز پر عمل درآمد نہ ہوسکا اور نماز اور مجالس کے دوران اکثر وبیشتر پتھراؤ کا سلسلہ جاری رہا یہاں تک کہ ۱۹۸۲ء آگیا۔ ۱۸ دسمبر ۱۹۸۲ء کو جامع مسجد اور امام بارگاہ سے بالکل ملحق شامیانہ لگا کر گودھرا کی عورتوں نے امام بارگاہ پر قبضہ کی سی صورت حال پیدا کر دی۔ چنانچہ شیعوں نے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی بجائے پولیس سے مدد طلب کی۔ پولیس نے بروقت کاروائی کر کے صورت حال کو مزید بگڑنے سے بچالیا۔ عورتوں کا شامیانہ وہاں سے ہٹادیا گیا

۱۷ جنوری ۱۹۸۳ء کو ایک سہ فریقی میٹنگ ہوئی۔ جس میں علاقے کے ڈپٹی کمشنر، انجمن پنجتن اور گودھرا مسلم انجمن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس میٹنگ میں یہ طے پایا کہ جامع مسجد سکینہ کو وہیں S.T.60 پر رہنے دیا جائے اور امام بارگاہ کاظمین کو S.T.60 پر منتقل کر دیا جائے۔ انجمن پنجتن کے صدر جناب تقی شوق کے مطابق یہ کوئی باقاعدہ معاہدہ نہیں تھا بلکہ منٹس کی صورت میں ایک تحریر تھی۔ گودھرا مسلم انجمن کے نمائندوں نے اصل تجاویز کے برعکس اپنی برادری میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ مسجد اور امام بارگاہ دونوں ہی ہٹادئے جائیں گے۔ جسکے نتیجہ میں گودھرا برادری کے کچھ افراد نے مسجد کی چند فٹ بلند چہار دیواری گرادی۔ جسکی شکایت تحریراً ۲۷ جنوری ۱۹۸۳ء کو متعلقہ تھانہ میں کر دی گئی۔ نیز یہ کہ پولیس کی مدد مانگی گئی تاکہ دیوار کی تعمیر دوبارہ ہوسکے۔ چنانچہ دوسرے دن یعنی ۲۸ جنوری ۱۹۸۳ء بعد نماز جمعہ منہدم دیوار کی دوبارہ تعمیر شروع کی گئی۔ شوق صاحب کے بیان کے مطابق، اس دیوار کی تعمیر میں پولیس نے مدد کا یقین دلایا تھا اور تعمیر شروع ہونے کے وقت ایک اے۔ ایس۔ آئی موجود تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تقریباً چار بجے گودھرا برادری کی عورتوں نے پتھراؤ کر کے حملہ کی ابتدا کی اور ان کی کمک پر ایک بڑا ہجوم آ گیا۔ چنانچہ چند گنتی کے شیعہ نوجوان جو کہ مدمقابل تھے وہاں سے ہٹ گئے۔ ان میں سے چھ سات زخمی ہو گئے اور تین کے شدید چوٹیں آئیں۔

ہجوم نے میدان صاف پا کر امام بارگاہ کے تبرکات کو اکھٹا کر کے ان میں آگ لگائی جس سے کئی قرآن پاک جل گئے۔ مسجد وامام بارگاہ کے قریب ایک شیعہ کے مکان میں گھس کر توڑ پھوڑ مچائی اور کچھ قیمتی سامان لوٹ کر لے گئے۔ مسجد وامام بارگاہ کے بالکل سامنے چند فٹ کے فاصلے پر لکڑی کی ایک ٹال تھی۔ جسمیں شٹرینگ کی ناقابل استعمال لکڑی فروخت ہوتی تھی اور یہ کسی سنی کی ملکیت تھی۔ اس میں بھی آگ لگا دی گئی۔ مقامی شیعہ حضرات کا یہ کہنا ہے کہ آگ خود سنی حملہ آوروں نے اپنے جرم کو چھپانے کے لئے لگائی۔ اس وقت کو صورت حال سے یہ بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ شیعہ تو وہاں سے ہٹ چکے تھے اور اس حصہ پر حملہ آوروں کا قبضہ تھا اور یہ صورت حال پولیس کی کمک آنے پر ختم ہوئی۔ پولیس نے شیلنگ کر کے حملہ آوروں کو وہاں سے بھگا دیا۔ ان کے بھاگ جانے کے بعد پولیس کی موجودگی میں یہ آگ شیعہ کیسے لگا سکتے تھے اور بہ فرض محال ایسا کرتے بھی تو بات پولیس کے ریکارڈ پر ہوتی جبکہ ایسا نہیں ہے۔

غرضی یہ کہ اس سانحہ کے بارے میں نیو کراچی کے تھانہ میں بمطابق ایف آئی آر نمبر ۵۰/۸۳ مورخہ ۸۳۔۱۔۲۸ زیر دفعہ P.P.C ۳۲۳/۴۲۷/۴۳۶/۴۹۵/۴۵۱/۱۴۸/۱۴۷ بشمول دفعہ ۱۴۔ اسلامی حدود آرڈیننس سنی حملہ آوروں کے خلاف ایک فوجداری مقدمہ درج کر لیا گیا اور گرفتاریاں شروع ہو گئیں۔ یہاں تک کہ علاقہ کونسلر یعقوب بوڑکا کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ ادھر یہ خبر کراچی کے شیعوں میں پھیل گئی اور وہ جوق در جوق جائے حادثہ پر پہنچنا شروع ہو گئے۔ شیعہ علماء وخطباء نے آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کرنا شروع کر دیا اور پھر خطباء کو ہٹا کر ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کے علماء نے سارے معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ کمشنر جائے وقوع پر آیا اور ہیئت کے ائمہ کو گفتگو کے لیے بلایا جو کہ قریب ہی ایک مکان میں موجود تھے۔ مگر آئمہ نے کمشنر کے پاس جانے کے بجائے خود اسکو اپنے پاس بلایا۔ وہ بھی کمشنر تھا۔ لہٰذا نہیں گیا۔ چنانچہ کچھ بات نہیں بنی۔ ایمہ کرام نے دوسرے دن ۷۲ گھنٹے کا نوٹس دے دیا۔ اس نوٹس کی میعاد ختم ہونے پر بتاریخ ۴ فروری ۱۹۸۳ء نشتر پارک میں نماز وحدت پڑھنے کا اعلان کر دیا۔

(ص ۱۰۹۔۱۱۳ جلتی مسجدیں، علی اکبر شاہ)

نوٹ: درحقیقت ھیئت ائمہ مساجد امامیہ نے کراچی کی تمام جامع مساجد میں نماز جمعہ ادا کرنے کے بجائے اجتماعی طور پر نماز جمعہ نشتر پارک میں ادا کرنے کا اعلان کیا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایم اے جناح روڈ پر تاریخی دھرنے کی روداد

نماز وحدت:

اعلان کے مطابق نماز وحدت نشتر پارک میں ہونا تھی مگر حکومت نے وہاں نماز پڑھنے پر پابندی لگادی تو امام بارگاہ علی رضا، بندر روڈ پر متبادل انتظام کرلیا گیا۔ چنانچہ ۴ فروری ۱۹۸۳ء کو امام بارگاہ علی رضا بندر روڈ پر یہ تاریخی اجتماع ہوا۔ مگر منتظمین کا ارادہ مکمل طور سے ٹریفک روکنے کا نہ تھا بلکہ پروگرام کے مطابق یک طرفہ ٹریفک جاری رہنا تھا۔ مگر انتظامیہ نے (شاید کسی خطرے کے پیش نظر) گرومندر سے لیکر کیپری سینما تک مکمل طور سے ٹریفک بند کردیا تو مجمع بھی پرانی نمائش کے چوراہے سے لیکر امام بارگاہ علی رضا تک پوری سڑک پر قابض ہوگیا اور وہیں نماز ادا کی گئی۔

نماز جمعہ کے بعد دعائے وحدت اور پھر ہیئت ائمہ مساجد کے صدر جناب محمد موسیٰ کی تقریر۔ پوری تقریر بڑی متاثر کرنے والی تھی اور عام منظر بھی بڑا متاثر کرنے والا تھا، سب سے آگے آئی۔ ایس۔ او کے کفن بردار نوجوان تھے۔ پھر اسٹیج اور اسٹیج کے آگے تقریباً ۱۸۰ ائمہ مساجد دھرنا دیئے بیٹھے تھے۔ عام مجمع تقریباً دس ہزار کا تھا۔ مولانا موسیٰ صاحب قبلہ کی تقریر کا نچوڑ یہ تھا کہ بہتر گھنٹے کا وقت ختم ہوگیا۔ مگر حکومت کے کان پر جوں نہ رینگی۔ اب ہم کسی کے پاس نہیں جائیں گے جس کو آنا ہے یہاں آئے۔ ہمارے چار مطالبات ہیں۔ یہ بڑھ تو سکتے ہیں مگر کم نہیں ہوسکتے۔ حکومت ان کی منظوری کا اعلان کردے۔ ورنہ ہم جان دے دینگے مگر یہاں سے نہیں ہٹیں گے۔

مطالبات:

۱۔ مسجد اور قرآن جلانے والوں کو مارشل لاء کے تحت قرار واقعی سزا دی جائے۔

۲۔ مسجد سکینہؑ اور امام بارگاہ کاظمین کا الاٹمنٹ دیا جائے۔

۳۔ نقصانات کا معاوضہ دیا جائے۔

۴۔ مساجد اور امام بارگاہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

اور مولانا نے صاف الفاظ میں کہہ دیا کہ ہمارا یہ اجتماع سنیوں کے خلاف نہیں ہے بلکہ حکومت کے خلاف ہے مولانا موسیٰ صاحب کی تقریر کے دوران ہی چند منظور شدہ نعروں کا اعلان کیا گیا، اور سختی سے تاکید کی گئی کہ ان کے علاوہ کوئی اور نعرہ نہ لگایا جائے، ان نعروں میں مجرمین کے خلاف نعرے، نعرہ تکبیر، نعرہ رسالت، نعرہ حیدری، نعرہ صلواۃ، خمینی رہبر، مرگ برامریکہ اور مرگ برصدام کے نعرے تھے۔ ایک نعرہ بھی سنیوں کے خلاف لگایا گیا اور نہ ہی کسی صحابی کے خلاف۔ شیعہ سنی بھائی بھائی کے نعرے بھی سنے گئے۔ وقت گزرتا رہا۔ لوگ آتے رہے، جاتے رہے۔ مستقل بیٹھنے والوں کی تعداد بھی ہزاروں میں رہی جن کے لیے باقاعدہ کھانے کا انتظام تھا پورے عرصہ تقریر، مجلس، ماتم، نعرے، دعا وحدت اور ائمہ معصومینؑ کی بتائی ہوئی مختلف دعائیں اجتماعی طور پر پڑھائی جاتی رہیں۔ مجمع میں عجب جوش وخروش تھا۔ بہت سے لوگ تو واقعی میں جان کی بازی لگائے ہوئے تھے۔ یہ دعا وحدت بھی خوب تھی۔ جب یہ دعا پڑھی جاتی تو عجب سا سماں پیدا ہوجاتا تھا۔ چہرہ آسمان کی طرف، ہاتھ بلند اور ہر ایک کا پنجہ دوسرے کے پنجے میں پیوست۔ ہزاروں کا مجمع ایک اکائی میں تبدیل ہوجاتا تھا، خطرے کے موقع پر ابن الحسن ادرکنی (یا امام زمانہ میری مدد کیجئے) کا وردبا آواز بلند و یک زبان ایک یقین کی فضا پیدا کردیتا تھا۔ خاص طور سے نصف شب میں کھلے آسمان کے نیچے جبکہ ہلکی ہلکی سردی بھی پڑ رہی تھی۔ یہ مناظر خاص لطف دے رہے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسری طرف پولیس کی بھاری جمعیت کیل کانٹے سے لیس ہر لحہ تیار کھڑی تھی۔ حکام بھاگ دوڑ میں لگے ہوئے تھے کہ کسی صورت سے یہ مسئلہ پرامن طور سے حل ہوجائے۔ مگر ہیئت ائمہ مساجد کا یہ عہد تھا کہ وہ کسی کے پاس نہیں جائینگے اور نہ ہی اس مسئلہ پر کسی سے مذاکرات کریں گے۔ انہیں صرف مطالبات کی منظوری چاہیے تھی۔ اس سخت موقف کی وجہ سے صورت حال سنگین سے سنگین تر ہوتی چلی جارہی تھی۔ پہلی رات کمشنر کراچی، آکر واپس چلا گیا اور مذاکرات کی نوبت ہی نہ آئی، بالآخر دوسرے رات ہارون فیملی کی ایک شخصیت نے بیچ میں پڑ کر علماء کو گفتگو پر آمادہ کیا۔ جس کے نتیجے میں انتظامیہ اور ہیئت ائمہ مساجد کے درمیان ایک معاہدہ ہوا۔ جسکی رو سے یہ ظاہر کیا گیا کہ چاروں مطالبات تسلیم کرلئے گئے ہیں۔ ہیئت ائمہ مساجد نے اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ۷ فروری ۱۹۸۳ء صبح آٹھ بجے دھرنا ختم کرنے کا اعلان کیا اور قریبی مسجد شاہ خراسان میں شکرانے کی نماز ادا کی۔

اب دوسری طرف کا حال سنیے کہ جب قرآن مسجد اور امام بارگاہ جلانے کے جرم میں گودھرا برادری کے کچھ لوگ اور علاقے کے کونسلر صاحب گرفتار ہوئے تو گودھرا کیمپ نیو کراچی میں ہلچل مچ گئی۔ جوابی مگر جھوٹے الزامات کی تشہیر کردی گئی کہ شیعوں نے مسجد اور قرآن کو آگ لگائی ہے اور پھر ۲۹ جنوری ۱۹۸۳ء کے اخبار ''جنگ'' کی خبر کے اس ٹکڑے نے کہ ''چند شرپسندوں نے امام بارگاہ اور متصل مسجد کو آگ لگادی'' دو گروہوں میں تصادم بعض سنی حضرات نے یہ نتیجہ نکال لیا کہ مسجد کو آگ شیعوں نے لگائی اور امام بارگاہ کو آگ سنیوں نے لگائی۔ شیعوں کے دھرنے اور مطالبات کی منظوری سے سنی عوام میں اور اشتعال پھیل گیا۔ ناصبی اور دیوبندی سنیوں کی دلی مراد پوری ہوئی وہ بہت عرصہ سے بادل ناخواستہ شیعوں کو برداشت کررہے تھے۔ ہر سال محرم اور ربیع الاول کے موقع پر یہ عناصر اپنی زہریلی تقریروں کے ذریعے اس بات کا ثبوت فراہم کررہے تھے کہ اس ملک میں کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے۔ جنوری ۱۹۸۲ء کے ربیع الاول میں خالق دیناہال کراچی میں بڑے فیصلہ کن انداز سے اشتعال انگیزی کی گئی جسکے نتیجے میں ۹ جنوری ۱۹۸۲ء مطابق ۱۲ ربیع الاول کو مسجد شاہ خراساں میں آگ لگائی گئی اور پھر ۱۹۸۳ء کے ربیع الاول میں خالق دیناہال کی محفلوں میں بڑے جوش وخروش سے کہہ دیا گیا اب ان کے جلوس نہیں نکلنے دیئے جائیں گے۔ ریڈیو اور ٹی وی سے محرم کے پروگرام بند کرائے جائیں گے، وغیرہ وغیرہ۔ چنانچہ اب گودھرا کے سانحہ سے اس گروہ کو ایک سنہری موقعہ مل گیا۔

(ص ۱۱۳۔۱۱۷ جلتی مسجدیں، علی اکبر شاہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخبارات کی روشنی میں

سانحہ مسجد سکینہؑ وامام بارگاہ کاظمینؑ نیو کراچی

.....☆.....

نماز وحدت

.....☆.....

ایم اے جناح روڈ پر تاریخی دھرنے کی رُوداد

.....☆.....

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قائد ملت جعفریہ الحاج سید محمد دھلوی قبلہ کا زبان بندی پر احتجاج

14 دسمبر 1967 کی شب کو حکومت مغربی پاکستان کے ایک حکم نامہ کی مجھ پر تعمیل کرائی گئی جس کی رو سے تین ماہ کے لیے تمام مغربی پاکستان میں میری زبان بندی کی گئی ہے۔ اس حکم نامہ میں میرے خلاف یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلا رہا ہوں۔ میں اس الزام کی پُر زور تردید کرتا ہوں۔ میں نے نہ تو کوئی اس قسم کی تقریر کی جس سے فرقہ وارانہ منافرت کا کوئی پہلو نکلتا ہو اور نہ ہی ایسی تقریریں کرنے کے حق میں ہوں۔ یہ مجھ پر ایک ایسا الزام ہے جو کسی خاص مقصد کی بندش کے لیے لگایا گیا ہے۔ میرے سیکڑوں شاگرد جو فرقہ اہلسنت سے تعلق رکھتے ہیں پاکستان میں موجود ہیں جو میری درجنوں تقریریں سن چکے ہیں وہ اس الزام پر یقیناً سمجھتے ہوں گے کہ حکومت نے اس الزام کو پردہ بنایا ہے مقصد کچھ اور ہے۔

میں مملکت پاکستان کا وفادار شہری ہوں اور اتحاد بین المسلمین کا زبردست حامی ہوں۔ جداگانہ دینیات اور تنفر آمیز تاریخ اور اسلامیات وغیرہ سے اختلافی مواد کا اخراج اس لیے چاہتا ہوں کہ اگر ایک فرقہ کے نظریات کو دوسرے فرقہ پر مسلط کر دیا جائے تو اس طرح جو غم وغصہ دوسرے فرقہ میں پیدا ہوتا ہے وہ نہ رہے اور سب اپنی راہ پر چلتے رہیں۔ میرا مقصد نہ سیاسی ہے نہ کسی سیاسی جماعت سے میرا تعلق ہے۔ میں شیعوں کے لیے ان حقوق کا خواہاں ہوں جو ان کا جائز حق ہے اور ہر ذی فہم ان کو جزوی اور مناسب سمجھتا ہے۔

مجھے کو معلوم ہے کہ حکومت مطالبات پر غور کر رہی ہے مگر کیا یہ تقاضا کرنا کہ جلد از جلد فیصلہ صادر کیا جائے کوئی جرم ہے؟ اگر یہ جرم ہے تو بے شک میں اس کا مجرم ہوں۔ میں نے اب تک قوم کے اس جوش کو روکا ہے جو حکومت کے ایجنٹوں اور عہدہ داروں کی غلط روش کی وجہ سے پیدا ہو کر ایک خراب صورت پیدا کرنے والا تھا۔ کیا یہ بھی جرم ہے؟ اس حکم نامہ نے مجھ کو اس حق سے بھی محروم کر دیا ہے جو میرا مذہبی فریضہ ہے۔ حکومت کے اس غلط اقدام کی وجہ سے میں فضائل اہلبیت اور ذکر امام حسین علیہ السلام سے بھی روک دیا گیا ہوں جس کو میں ''مداخلت فی الدین'' سمجھتا ہوں۔ محرم میں حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بہت سے دل زخمی ہو چکے ہیں۔ اب ان میں یہ ایک اور اضافہ ہے۔

ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ حکومت ہمارے موقف پر جلد از جلد ہمدردانہ غور فرمائیے اور اس قسم کی بیکار اور لاحاصل پابندیوں سے معاملات کو اور خراب نہ کرے۔ حکومت سے یہ بھی گذارش ہے کہ حکومت دیر لگا کر کوئی ایسا حل پیش نہ کرے جو فرقہ کی اکثریت رد کرنے پر مجبور ہو۔ اور پھر ان ہی مصائب کا سامنا رہے جس کی قبح سے مجبور ہو کر یہ مطالبات معرض وجود میں آئے۔ اگر میرے مخالفین نے حکومت کو کوئی غلط تاثر دیا ہے تو اس کی واشگاف تردید کرتا ہوں۔ اگر حکومت تمام شیعوں کا تعاون حاصل کرنا چاہتی ہے تو اُن کے جائز اور مبنی بر انصاف مطالبات کو مان کر ان کی تالیف قلوب کرے اور اس مسئلہ اتنا طول نہ دے کہ یہ مطالبات مسئلہ کشمیر بن کر رہ جائیں۔

شیعہ اس ملک کے وفادار شہری ہیں اور رہیں گے، حکام ان کا تعاون قلبی چاہتے ہیں تو اُن کو بھی اپنے افکار اور مزاج بدل کر، جو جس قوم کا حق ہے وہ اس کو دینا پڑے گا۔ اس میں اپنے اور پرائے کی تمیز اٹھا دینا پڑے گی ورنہ یہ اضطراب کبھی کم نہ ہوگا۔

(ص ۳۰ پیام عمل لاہور فروری ۱۹۶۸ء)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نئی کراچی میں دو گروہوں میں تصادم اور پتھراؤ کئی افراد زخمی

چند شر پسندوں نے امام بارگاہ اور مسجد میں آگ لگا دی چار مکانات کو بھی نقصان، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حالات پر قابو پا لیا سرکاری پریس نوٹ

کراچی ۲۸ جنوری (اے پی پی) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (ویسٹ) نے درج ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے۔ آج شام تقریباً ۴ بجے نئی کراچی سیکٹر ۱۱ جی میں امام بارگاہ شاہ کاظمینؑ کی چار دیواری کی تعمیر نو کے سلسلہ میں لوگوں کے دو گروہوں تصادم ہو گیا۔ فریقوں نے ایک دوسرے پر پتھراؤ کیا، چند شر پسندوں نے امام بارگاہ اور متصل مسجد میں آگ لگا دی جس سے قریب کے چار مکانات اور لکڑی کی ٹال کو بھی نقصان پہنچا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوراً جائے واردات پر پہنچ کر صورت حال پر قابو پا لیا۔ اب حالات معمول پر آ گئے ہیں۔

جنگ کو معلوم ہوا ہے کہ آج شام ۴ بجے گودھرا کیمپ سیکٹر ۱۱ جی میں واقع امام بارگاہ اور مسجد کے احاطہ کی دیوار کی مرمت کے مسئلہ پر دو گروہوں تصادم ہو گیا۔ دو گروہوں کی جانب سے تقریباً دو گھنٹے تک ایک دوسرے پر پتھراؤ کیا گیا۔ جس سے دونوں طرف کے تقریباً ۲۰ افراد زخمی ہو گئے۔ اس دوران ایک گروپ نے امام بارگاہ، مسجد اور ایک گھر میں توڑ پھوڑ کی اور اسے آگ لگا دی جس کی وجہ سے مسجد میں رکھے قرآن کریم کے نسخوں کی بھی بے حرمتی ہوئی۔ اسی اثنا میں دوسرے گروپ نے مخالف گروپ کے تین مکانات کو آگ لگا دی۔

اعلیٰ حکام کی قیادت میں پولیس کی بھاری جمعیت موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس کو صورتحال پر قابو پانے کیلئے آنسو گیس استعمال کرنی پڑی۔ بہر حال پولیس نے حالات پر قابو پا لیا تاہم علاقہ میں رات گئے تک سخت کشیدگی پائی جاتی تھی۔ متاثرہ افراد نے الزام لگایا ہے کہ علاقہ کے میونسپل کونسلر کا اس ہنگامہ میں ہاتھ ہے اس لئے حکومت ان کے خلاف کاروائی کرے۔ دریں اثنا علاقہ کونسلر نے بتایا کہ آج شام جب انہیں یہ اطلاع ملی کہ متعلقہ افراد امام بارگاہ کی دیوار کی مرمت کر رہے ہیں تو انہوں نے ان سے کہا کہ وہ ایس ڈی ایم سے رابطہ کر رہے ہیں ان کے آنے تک مرمت کا کام روک دیا جائے لیکن ان افراد نے مرمت کا کام جاری رکھا اور اسی دوران مخالف گروپ کے افراد بھی وہاں جمع ہو گئے۔ صورتحال کشیدہ ہوتے ہوئے دیکھ کر وہ پولیس اسٹیشن نئی کراچی گئے اور ان سے متوقع ہنگامہ کو روکنے کی درخواست کی۔ تاہم جب وہ پولیس کی جمعیت کے ساتھ موقع پر پہنچے تو دونوں گروہوں کی جانب سے ایک دوسرے پر پتھراؤ کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔ کونسلر کے مطابق یہ تنازعہ ۱۹۶۷ سے چل رہا ہے اس سلسلہ میں حال ہی میں ڈپٹی کمشنر کراچی غربی کے ایک فیصلہ کیا تھا اور دونوں فریقوں نے اس فیصلہ کو تسلیم کیا تھا۔ دریں اثنا پروفیسر علی رضا شاہ نقوی نے گورنر سندھ سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری طور پر اس واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں تا کہ شر پسند افراد کو قانون کے مطابق سزا دی جائے اور یہ عناصر ملت اسلامیہ کا شیرازہ نہ بکھیر نے پائیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۳۰ جنوری ۱۹۸۳)

نئی کراچی کے تصادم کے سلسلہ میں ۱۲، افراد گرفتار

کراچی ۲۹ جنوری (اسٹاف رپورٹر) نئی کراچی سیکٹر ۱۱ جی میں امام بارگاہ کاظمین اور مسجد کے احاطہ کی دیوار کے سلسلہ میں دو گروہوں میں گذشتہ روز تصادم کے بعد پولیس نے ۱۲ افراد کو گرفتار کر لیا۔ علاقہ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے میئر کراچی عبدالستار افغانی اور کمشنر کراچی سردار احمد موقع پر گئے۔ آج کمشنر نے دونوں گروہوں کے معززین کا ایک اجلاس طلب کیا جس میں علاقہ کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور دونوں گروہوں کے ارکان نے علاقہ میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے مثبت اقدامات کا عزم کیا۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۳۰ جنوری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نئی کراچی کے واقعہ سلسلے میں گرفتار ہونے والے ۱۳، افراد کی ضمانت کی درخواستیں

کراچی ۲، فروری (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جناب احمد علی قریشی کی عدالت میں نئی کراچی کے حالیہ واقعہ کے سلسلے میں گرفتار ہونے والے ۱۳ افراد کی ضمانت کی درخواستیں پیش کی ہیں۔ اس واقعہ میں دو گروہوں کے درمیان تصادم کے نتیجہ میں ۳۰ افراد زخمی ہو گئے تھے۔ فاضل جج نے سماعت کل تک کے لیے ملتوی کر دی اور افسر تفتیش کو اس مقدمے کے سلسلے میں کل عدالت میں پیش ہونے کی ہدایت کی۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۳ فروری ۱۹۸۳)

نئی کراچی کے واقعہ کے ملزمان کی ضمانت منظور

کراچی ۳، فروری (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جناب احمد علی قریشی نے نئی کراچی میں آتشزنی اور ہنگامہ آرائی میں ملوث ملزمان مرزا تقی شوق اور سید محمد انور کی درخواست ضمانت عدم پیروی کی بناء پر مسترد کر دی جبکہ ایڈیشنل جج جناب تحسین احمد بھٹی نے ملزمان محمد یعقوب بوڑکا، (کونسلر) شیخ محمد فاروق، محمد احمد، محمد الیاس، عبدالعزیز، شیخ محمد سلمان، محمد حنیف، رب نواز، محمد عبداللہ، عبدالسلام، اور محمد حسین کی ۱۰،۱۰ ہزار کی ضمانت منظور کر لی۔ دونوں فریقوں کے خلاف نئی کراچی تھانہ میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۴۷، ۱۴۸، ۲۹۵، ۴۳۶، اور ۴۲۷ کے تحت مقدمات درج کرائے گئے تھے جس میں فریقین پر مسجد اور امام بارگاہ کی دیوار کی تعمیر میں رکاوٹ ڈالنے، آتشزنی و بلوہ کرنے کے الزامات عائد کئے گئے ہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۴ فروری ۱۹۸۳)

اسلام دشمن طاقتوں کا مقابلہ متحد ہو کر کیا جائے

کراچی ۳، فروری (اسٹاف رپورٹر) ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کی آٹھ رکنی علماء ایکشن کمیٹی کے صدر مولانا شیخ محمد موسیٰ نے اعلان کیا ہے کہ خدا کے گھر اور اسکے کلام کی بے حرمتی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے افراد نماز جمعہ شہر کی مساجد کے بجائے نشتر پارک میں ادا کریں گے۔ وہ آج نئی کراچی میں مسجد سکینہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے نئی کراچی کے سانحہ پر رنج وغم کا اظہار کیا اور کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایسے واقعات میں اسلام دشمن طاقتیں ملوث ہیں۔ ملت اسلامیہ کا فرض ہے کہ وہ اپنے اتحاد سے اسلام دشمن طاقتوں کے مذموم عزائم کا مقابلہ کرے۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۴ فروری ۱۹۸۳)

علامہ عقیل ترابی کی ارباب اقتدار سے اپیل

کراچی ۳، فروری (پ ر) ممتاز عالم دین علامہ عقیل ترابی نے سانحہ نیو کراچی کو پورے مسلمانان پاکستان کے لیے انتہائی غم وغصہ کا باعث قرار دیا ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شر پسندوں کے ہاتھوں مسجد وامام بارگاہ کی بے حرمتی اور قرآن کی توہین کسی فرقہ یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ اس سے پوری ملت اسلامیہ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ انہوں نے ارباب اقتدار سے اپیل کی ہے کہ وہ سانحہ نیو کراچی کے مجرمین کو سزا دیں اور مسجد وامام بارگاہ کو از سر نو تعمیر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ہم مجتہد مولانا محمد محسن اور دیگر علماء کے متفقہ فیصلے سے مکمل تعاون کریں گے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۴ فروری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نشتر پارک میں نماز وحدت

کراچی ۳، فروری (اسٹاف رپورٹر) ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کی آٹھ رکنی علماء ایکشن مجلس عمل کے صدر مولانا شیخ محمد موسیٰ نے اعلان کیا ہے کہ خدا کے گھر اور اسکے کلام کی بے حرمتی کے خلاف احتجاجی طور پر فقہ جعفریہ کی مساجد میں نماز جمعہ نہیں ہوگی اور نشتر پارک میں نماز وحدت (مشترکہ طور پر نماز جمعہ) ادا کی جائے گی۔ اس بات کا اعلان انہوں نے نیو کراچی کی مسجد سکینہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسجد اور قرآن پاک کو آگ لگانا معمولی واقعہ نہیں ہے۔ جس کو ذرا بھی اللہ اور اس کے رسول کے سے محبت ہوگئی وہ خانہ خدا اور کلام ربانی کی بے حرمتی برداشت نہیں کرسکتا ہے۔ لہذا علماء کرام نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ کلام الٰہی اور خانہ خدا کی عزت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا تاہم ہمارا ہر اقدم شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے ہوگا۔ (روزنامہ امن کراچی ۴ فروری ۱۹۸۳)

فقہ جعفریہ کے پیروکار ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دے کر بیٹھ گئے۔ نئی کراچی کے واقعہ کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ

کراچی ۴، فروری (اسٹاف رپورٹر) فقہ جعفریہ کے پیروکار آج بعد نماز جمعہ ایم اے جناح روڈ پر اپنے مطالبات کی حمایت میں دھرنا دے کر بیٹھ گئے جسے بعد میں ایک احتجاجی جلسہ کی شکل دے دی گئی۔ جلسہ میں متعدد مقررین نے مطالبات کی حمایت میں تقریریں کیں اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ نئی کراچی میں گذشتہ جمعہ کو پیش آنے والے واقعہ کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دی جائے اور ان کے مذہبی حقوق کا تحفظ کیا جائے۔

اس سے پہلے دن میں ایک بجے اسی مقام پر انہوں نے نماز جمعہ ادا کی اور دعا وحدت پڑھی۔ تفصیلات کے مطابق ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کے ۸ رکنی علماء ایکشن کمیٹی کے صدر مولانا محمد موسیٰ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مسجد سکینہ اور امام بارگاہ کاظمین کی بے حرمتی کرنے والوں کو مارشل لاء کے تحت سزا دی جائے، عبادت گاہوں کو تحفظ فراہم کیا جائے، نقصانات کا ہرجانہ ادا کیا جائے اور مسجد تعمیر کرائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مطالبات منظور ہونے تک وہ اپنی جگہ سڑک پر بیٹھے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مطالبات کو تسلیم کرنے کے سلسلہ میں کسی زبانی یقین دہانی کو قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہم مذاکرات کے لیے حکام بالا کے پاس جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ صرف فقہ جعفریہ کا نہیں ہے بلکہ یہ ملت اسلامیہ کا مسئلہ ہے اور مسلمان کہلانے والا کوئی شخص خانہ خدا کی بے حرمتی اور قرآن پاک کو نذر آتش کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا

انہوں نے تمام مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ متحد ہوکر خدا کے گھر اور قرآن پاک کی حفاظت کے لیے عملی اقدام اٹھائیں اگر ایسا نہ ہوا تو اس قسم کے واقعات میں اضافہ ہوتا رہے گا اور یہ نہایت شرمناک بات ہے کہ ہم اسلام کا نام تو لیتے ہیں اور وہ اسلام جس کی بنیاد قرآن پاک ہے اس کو بے دھڑک آگ لگادی اور ملزمان محفوظ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم حسینی ہیں ہم خمینی ہیں لہذا ہم کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ ایکشن کمیٹی کے صدر نے کہا کہ ہیئت ائمہ مساجد امامیہ عہد کرکے آئے ہیں کہ عبادت گاہوں کا تحفظ ان کا فرض ہے وہ اپنا فرض آخری وقت تک پورا کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کسی کو احتجاج میں شرکت کی دعوت نہیں دی ہے لیکن یہ ملت اسلامیہ کا مسئلہ ہے لہذا تمام مسلمانوں کو اس احتجاج میں شریک ہونا چاہیے۔ مولانا محمد موسیٰ نے کہا کہ اس واقعہ کو رونما ہوئے ایک ہفتہ ہوگیا ہے لیکن انتظامیہ نے اپنی ذمداری پوری نہیں کی، جس پر انہوں نے صوبائی اور وفاقی حکومت، گورنر سندھ اور صدر مملکت کو تار بھیجے لیکن ہمارے ٹیلی گرام کا جواب نہیں دیا گیا۔ ہم نے ۷۲ گھنٹے کی مہلت دی تھی جو ختم ہوچکی ہے اور اب یہ احتجاج مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مطالبات کو تسلیم کرنے کا اعلان ریڈیو، ٹیلیویژن اور اخبارات کے ذریعہ کرے، جس کے بعد ہم اپنا احتجاج ختم کردیں گے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۵ فروری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کاروائی سنی فرقہ کے خلاف نہیں بلکہ حکومت کی بے عملی پر احتجاج ہے بی بی سی

لندن ۴، فروری (ریڈیو رپورٹ) پاکستان کے شہر کراچی میں شیعہ فرقہ کے ہزاروں افراد نے آج شہر کے مرکزی علاقے میں ایک احتجاجی مظاہر کیا۔ بی بی سی نے اپنے نامہ نگار کی ایک رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ عینی شاہدوں کے مطابق کئی ہزار افراد نے آج شہر کی مرکزی شاہراہ کی ناکہ بندی کی تو کشیدہ صورتحال پیدا ہوگئی۔ تقریباً ایک سو گاڑیوں میں بھری ہوئی پولیس نے علاقے کو گھیر لیا اور بعض سپاہی مسلح تھے اور آنسو گیس کے آلات سے لیس تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ جب تک حکومت ان کے مطالبات پورے نہیں کریگی وہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں گے۔ اطلاع کے مطابق ان کا مطالبہ یہ ہے کہ ایک ہفتہ پہلے ہونے والی جھڑپ میں جس کے دوران شیعہ مسجد آگ لگانے سے قریب قریب تباہ ہوگئی ہے۔ قرآن مجید کے نسخوں کو نذر آتش کرنے کے ذمہ دار لوگوں کو عبرتناک سزا دی جائے۔

ان کے دوسرے مطالبات یہ ہیں کہ تمام عبادت گاہوں کی حفاظت کی جائے۔ نقصانات کا معاوضہ دیا جائے اور جو شیعہ معینہ طور پر زیر حراست ہیں ان کو رہا کیا جائے۔ شیعوں کا پہلے پہل یہ ارادہ تھا کہ وہ کراچی کے ایک پارک میں نماز جمعہ کا اجتماع کر کے اپنا احتجاج کریں گے مگر جب وہ وہاں پہنچے تو انہوں دیکھا کہ پولیس پہلے ہی پارک کو اپنے گھیرے میں لے چکی ہے۔

چنانچہ وہ سڑکوں پر نکل آئے۔ اس مظاہرے کی قیادت مذہبی رہنما کر رہے ہیں، جن کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس ہفتے کے شروع میں حکومت کو الٹی میٹم دیا تھا جس کی میعاد اب پوری ہوگئی ہے ان رہنماؤں کا کہنا ہے کہ ان کی کاروائی سنی فرقہ کے خلاف نہیں بلکہ حکومت کی بے عملی پر ان کا احتجاج ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۵ فروری ۱۹۸۳)

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایسٹ نے دفعہ ۱۴۴ لگانے کا حکم دے دیا

علماء نے نشتر پارک میں نماز کیلئے نہیں اجتماع کی اجازت مانگی تھی کمشنر کراچی

کراچی ۴ فروری (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایسٹ نے جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب کو رات بارہ بجے سے پورے ضلع میں دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کا حکم جاری کر دیا ہے اس کا مقصد امن وامان برقرار رکھنا ہے اس حکم کے تحت پانچ یا پانچ سے زیادہ افراد کے اجتماع پر پابندی ہوگی، کسی قسم کی نعرے بازی نہیں کی جاسکے گی۔ جلوس نہیں نکالے جاسکیں گے البتہ اس کا اطلاق شادی یا جنازہ کے جلوس پر نہیں ہوگا۔

اس حکم کے تحت ہر قسم کے ہتھیار لے کر چلنے پر پابندی ہوگی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے گزشتہ روز گلشن اقبال، فیروز آباد، بہادر آباد، نیوٹاؤن اور بریگیڈ تھانوں کی حدود میں پہلے ہی دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کا حکم جاری کیا تھا۔ کمشنر کراچی نے بتایا کہ ائمہ کرام نے نشتر پارک میں آج کے نماز کے لیے نہیں بلکہ اجتماع کی اجازت مانگی تھی جو حکومت نے نہیں دی۔ جس پر نماز پڑھنے والے افراد قریبی امام بارگاہ میں چلے گئے کیونکہ امام بارگاہ میں جگہ کم تھی اس لیے صفیں باہر تک آگئیں۔ اس موقعہ پر پولس کو حکم دیا گیا کہ پوری طرح چوکس رہے تاکہ کوئی شر پسند گڑبڑ پھیلانے کی کوشش نہ کرے۔ انتظامیہ چاہتی ہے کہ اجتماع پرامن طور پر منتشر ہوجائے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۵ فروری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خواجہ خیرالدین اور معراج محمد خان کا بیان

کراچی ۴ فروری (اسٹاف رپورٹر) ایم آر ڈی کے سکریٹری جنرل خواجہ خیرالدین اور ماہ رواں کے کنوینر معراج محمد خان نے ایک مشترکہ بیان میں ایک ہفتہ قبل نئی کراچی میں امام بارگاہ اور مسجد کی آتشزدگی پر شدید غم وغصہ کا اظہار کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جو اسلام کا نام لیتی ہے گزشتہ ایک ہفتے سے اس واقعہ پر خاموش ہے۔ موجودہ حکومت جان بوجھ کر مذہبی جنونیت کو ہوا دے کر مسلمانوں کے دو بڑے فرقوں میں فساد کا بیج بو رہی ہے تاکہ عوام کے اتحاد اور بحالی جمہوریت کی تحریک کو پارہ پارہ کر کے اپنے اقتدار کو طول دے سکے۔ ایم آر ڈی تمام مذہبی اقلیتوں اور خاص طور پر مسلمانوں کے تمام فرقوں کے مکمل حقوق کی حمایت کرتی ہے پاکستان کا قیام تمام فرقوں کی جدوجہد کا ثمر ہے۔ کسی بھی ایک فرقے کے حقوق پر پابندی لگانا تصور پاکستان پر ضرب لگانے کے مترادف ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت دانستہ یہ نفاق پیدا کرنا چاہتی ہے تاکہ ملک خانہ جنگی کا شکار ہو۔

انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ فقہ جعفریہ کے تمام حقوق اور مطالبات کو فی الفور تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ کسی گھناؤنی سازش میں ملوث ہو کر قوم کو خطرے میں نہ ڈالا جائے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۵ فروری ۱۹۸۳)

نارتھ کراچی کے واقعہ میں ملوث ملزماں کو عبرتناک سزا دی جائے گئی

املاک کو پہنچنے والے نقصان کے تعین کے بعد معاوضہ ادا کیا جائے گا

دفعہ ۱۴۴ کے پیش نظر ایم اے جناح روڈ خالی کر دینی چاہیئے سرکاری پریس نوٹ

کراچی ۴ فروری (اے پی پی) ڈویژنل کمشنر کراچی نے یہ پریس نوٹ جاری کیا ہے کہ انجمن فدائیان عباس نے نارتھ کراچی کے سیکٹر ۱۱ جی میں سائٹ نمبر ۶ پر بغیر کسی الاٹمنٹ یا قانونی اجازت کے امام بارگاہ کا ظمین قائم کی تھی علاقے کے لوگوں نے جو مخالف گروپ سے تعلق رکھتے ہیں اور اکثریت میں ہیں، انجمن کی انتظامیہ کی مخالفت کی۔ اس بات کا خدشہ تھا کہ انجمن کو پلاٹ کی الاٹمنٹ سے دوررس اثرات کا فرقہ وارانہ مسئلہ پیدا ہوگا۔ اس جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے دونوں گروپوں کے نمائندوں نے ۱۷ جنوری کو ڈپٹی کمشنر (غربی) کے سامنے اس بات سے اتفاق کیا کہ پلاٹ نمبر ایس ٹی ۶۱ سیکٹر جی نارتھ کراچی امام بارگاہ کاظمین کی منتقلی کی غرض سے انجمن کو الاٹ کر دیا جائے۔ دونوں فریقوں نے صورتحال کو اس وقت تک جوں کا توں رکھنے پر اتفاق کیا جب تک نیا پلاٹ الاٹ نہ کر دیا جائے۔ اس فیصلے کے مطابق انجمن نے ۱۷ جنوری ۱۹۸۳ کو امام بارگاہ کیلئے متذکرہ پلاٹ کی الاٹمنٹ کیلئے ڈپٹی کمشنر کی وساطت سے کے ڈی اے کو درخواست دی ابھی اس پر معمول کی کاروائی جاری تھی کہ ۲۸ جنوری کو ایک ناخوشگوار واقعہ رونما ہو گیا۔ جس کے نتیجے میں امام بارگاہ اور مسجد کا ایک حصہ اور دونوں فرقوں کے کچھ مکانات جلا دیئے گئے۔ مقامی انتظامیہ نے شر پسندوں کے خلاف کاروائی کی اور ۱۳ افراد کو زیر دفعہ ۱۴۷، ۱۴۸، ۴۳۶، وغیرہ تعزیرات پاکستان گرفتار کر لیا گیا۔

انتظامیہ کی تمام یقین دہانیوں کے باوجود فقہ جعفریہ کے بیرونی رہنماؤں نے کسی سرکاری افسر سے ملاقات یا کسی قسم کے مذاکرات سے انکار کر دیا۔ اس کے برعکس انہوں نے ۴ فروری یوم وحدت منانے اور ایم اے جناح روڈ پر امام بارگاہ علی رضاؑ میں نماز جمعہ ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ لوگ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام بارگاہ علی رضاؑ میں جمع ہوگئے اورانہوں نماز جمعہ پڑھنے کے بعد ایم اے جناح روڈ کی مصروف سڑک کو خالی کرنے سے انکار کردیا۔ڈیڑھ بجے دن سے رات بارہ بجے تک انتظامیہ نے علماء سے ملنے کی تمام کوششیں کیں مگرانہوں نے بات چیت سے انکار کردیا حتیٰ کہ انہوں نے کسی بھی افسر کو امام بارگاہ میں ان سے ملاقات کی اجازت دینے سے بھی انکار کردیا اجلاس نے طے کیا کہ ان تک مندرجہ ذیل فیصلے پہنچادیئے جائیں۔

۱)ملزمان کو عبرتناک سزادی جائے گی۔۲)جیسا کہ انجمن نے اتفاق کیا تھا اسے نیا پلاٹ الاٹ کیا جائے گا۔۳)املاک کو پہنچنے والے نقصان کے تعین کے بعد معاوضہ ادا کیا جائے گا۔۴)انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ لوگوں کی جان ومال بالخصوص مذہبی مقامات کی مسلسل حفاظت ہوتی رہے۔۵)دفعہ ۱۴۴ کے پیش نظر امام بارگاہ علی رضاؑ کے سامنے ایم اے جناح روڈ کو خالی کردینا چاہیے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۵فروری ۱۹۸۳)

فقہ جعفری کے پیروکار ایم اے جناح روڈ پر ہنوز دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

ایک مطالبہ کا اضافہ،مطالبات تسلیم ہونے تک سڑک خالی نہ کرنے کا اعلان

کراچی ۵فروری (اسٹاف رپورٹر) ہیئت ائمہ مساجد فقہ جعفریہ علماء ایکشن کمیٹی نے اپنے مطالبات میں ایک اور مطالبہ کا اضافہ کردیا ہے۔اور کہا ہے کہ جب تک ان کے مطالبات منظور نہیں ہوجاتے فقہ جعفریہ کے افراد ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دیئے بیٹھے رہیں نیز یہ کہ وقت گزرنے کے ساتھ ہر روز مطالبات میں ایک مطالبہ کا اضافہ کیا جاتا رہیگا۔

ایکشن کمیٹی نے آج اخبارنویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ مسئلہ قطعی طور پر شیعہ سنی کے درمیان تنازع نہیں ہے بلکہ خالصتاً ایک دینی مسئلہ ہے۔آج پریس برلفینگ کے وقت کمیٹی کے صدر مولانا محمد موسیٰ،مولانا فاضل حسین موسوی،مولانا نذرالحسنین،مولانا بلال سمائری،مولانا حسن ترابی،مولانا سید رضی جعفر،مولانا مرزا محمد یوسف حسین،مولانا مرزا صادق حسن،سید علی شرف الدین کے علاوہ انجمن فدائیان پنجتن کے تقی شوق مرزا،اور مولانا ہلال عابدی بھی موجود تھے۔

ایکشن کمیٹی نے اپنے ۴ مطالبات دہرائے اور کہا کہ مسجد اور امام بارگاہ وقرآن کریم کو نذرآتش کرنے والوں کو مارشل لاء کے تحت عبرتناک سزائیں دی جائیں۔ہماری عبادت گاہوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔اس سانحہ کے موقعہ پر جو نقصان ہوئے ہیں ان کا معاوضہ دیا جائے۔مسجد اور امام بارگاہ کی الاٹمنٹ منسوخ کرکے اس کی تعمیر کا بندوبست کیا جائے اور تمام شیعہ حضرات پر قائم مقدمات واپس لئے جائیں۔

ایکشن کمیٹی نے کہا ہے کہ اس سانحہ کے ذمہ داروں کو ۱۳ دن کے اندر اندر قرار واقعی سزادیئے جانے کا اعلان کیا جائے اور مقدمہ کی کاروائی سے عوام کو ریڈیو اور ٹی وی کے ذریعہ مطلع کیا جائے اگر ایسا نہیں کیا گیا تو تحریک اسی زور سے دوبارہ شروع کردی جائے گی۔دریں اثنا آج دوسرے روز بھی اہل تشیع حضرات ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دیئے بیٹھے رہے علماء کرام اور ائمہ مساجد نے تقاریر کیں اور عہد کیا کہ جب تک ان کے مطالبات تسلیم نہیں کرلیے جاتے ان کا یہ پرامن مظاہرہ جاری رہے گا۔

آج دن بھر اعلیٰ سول پولیس وفوجی حکام جلسہ گاہ میں موجود رہے اور ائمہ مساجد اور علماء کو مذکرات پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتے رہے لیکن علماء کرام اور ائمہ مساجد نے واضح کیا کہ وہ گورنر سندھ اور صدر پاکستان کے علاوہ کسی اور سے گفتگو نہیں کریں گے۔

ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دے کر بیٹھنے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔نئی کراچی،فیڈرل بی ایریا اور حیدرآباد سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنے والی تمام گاڑیوں کو یونیورسٹی روڈ سے شارع فیصل سے ہوکر صدر اور ٹاور جانا پڑا جبکہ نارتھ ناظم آباد اور دیگر علاقوں کی گاڑیوں کو شیر شاہ اور گارڈن کی طرف سے ہوکر جانا پڑا۔ سولجر بازار میں ٹریفک چیونٹی کی طرح رینگ رہا تھا تمام گلیاں ٹریفک سے بھری پڑی تھیں خلاف معمول رات ۱ بجے تک گھروں کو جانے والے لوگوں کا ہجوم صدر میں رہا۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۶ فروری ۱۹۸۳)

پانچواں مطالبہ بھی تسلیم کیا جائے، دھرنا ختم کرنے کے لیے شیعوں کی شرط

کراچی ۵ فروری (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ملک شاہد حامد نے آج رات ۱ بجے حکومت سندھ کی جانب سے مطالبات تسلیم کئے جانے کی نقل شیعہ علماء ایکشن کمیٹی کے ارکان کو پہنچائی۔ جس پر شیعہ علماء رات گئے تک غور کررہے تھے۔

علماء کا کہنا تھا کہ ان کا پانچواں مطالبہ بھی تسلیم کیا جائے۔ یہ مطالبہ آج پیش کیا گیا تھا۔ جس میں کہا گیا تھا کہ نئی کراچی مین مسجد وامام بارگاہ میں آتشزدگی کے موقع پر جتنے بھی شیعہ حضرات کو گرفتار کیا گیا ہے انہیں رہا کیا جائے۔ حکومت کی جانب سے قائم کردہ امن کمیٹی نے نئی کراچی میں امام بارگاہ اور مسجد نذر آتش کئے جانے کے بعد پیدا شدہ صورتحال پر غور کیا۔ اور متفقہ طور پر پیش کردہ ۴ مطالبات کو منظور کرایا۔ مذکورہ تجویز پر صوبائی ہوم سیکریٹری، ارکان امن کمیٹی سید صغیر حسین جعفری، علامہ عباس حیدر عابدی، شیخ لیاقت حسین اور سیف الدین ولیکا نے دستخط کئے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۶، فروری ۱۹۸۳)

کراچی کی صورت حال کے بارے میں بی بی سی کی رپورٹ

لندن ۵ فروری (ریڈیو رپورٹ) کراچی کی صورتحال کے بارے میں بی بی سی نے آج رات بتایا کہ شیعہ فرقے کے مظاہرین اپنا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہیں اور انہوں نے شاہراہ کی ناکہ بندی کررکھی ہے سندھ کی صوبائی حکومت کی کابینہ صورتحال پر غور کررہی ہے اور شیعہ فرقے کے لیڈر حکام سے کسی گفت وشنید کیلئے تیار نہیں اس سے قبل بی بی سی نے بتایا تھا کہ حکام شیعہ فرقے کے مطالبات تسلیم کرنے پر تیار ہوگئے ہیں

اپنے نامہ نگار کی ایک رپورٹ کے حوالے سے بی بی سی نے بتایا کہ دس ہزار شیعہ افراد نے کراچی کے مرکزی علاقے میں ایک بڑی سڑک کو بند کردیا ہے اور ان کے اطراف فسادات کی روک تھام کرنے والی پولیس کی بھاری جمعیت موجود تھی۔ اس ہجوم کی قیادت کرنے والے مذہبی رہنماؤں نے کہا تھا کہ اس وقت کوئی واپس نہیں جائے گا جب تک حکومت گذشتہ ہفتے کے واقعے کے خلاف قدم نہیں اٹھاتی۔

بلآخر کراچی کے حکام نے شیعہ مطالبات تسلیم کرنے پر رضامندی ظاہر کردی۔ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مسجد پر حملہ کرنے والوں کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ نقصان کی تلافی کے لیے معاوضہ دیا جائے گا۔ مذہبی مقامات کے تحفظ کی ضمانت دی جائے گی اور شیعہ فرقے کو نیا قطعہ اراضی دیا جائے گا۔

سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ شیعہ مذہبی رہنماؤں نے ہجوم کے مطالبات کے بارے میں حکام سے بات کرنے سے انکار کردیا تھا اور اس کے بعد یہ فیصلے کئے گے۔ نامہ نگاروں کے مطابق دھرنا کے دوران بعض شیعہ رہنماؤں نے حکومت پر تلخ حملے کئے۔ شیعہ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ ان کا احتجاج سنیوں کے خلاف نہیں بلکہ حکومت کی ناکامی کے خلاف ہے کہ وہ مسجد پر حملے کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھا سکی چنانچہ یہ حملہ ایک تصادم کی شکل اختیار کرگیا جس میں دونوں فرقوں کے سینکڑوں افراد ملوث ہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۶، فروری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسجد کی بے حرمتی اور قرآن سوزی پر احتجاج مولانا احترام الحق تھانوی کا بیان

کراچی ۵ فروری (پ ر) ممتاز عالم دین مولانا احترام الحق تھانوی نے آج ایک اخباری بیان میں حکام کی اس پالیسی کی شدید مذمت کی جس کے نتیجہ میں نیو کراچی میں مسجد اور قرآن سوزی کا شرمناک واقعہ پیش آیا۔ یہ دوسرا واقعہ ہے اگر اس قسم کے واقعات کی روک تھام محض لعنت وملامت اور مذمتوں سے ممکن ہوتی تو لعنت وملامت کا سلسلہ جواب بھی جاری ہے ڈھیٹ انتظامیہ کو اپنی انتظامی بدکرداری سے باز رکھنے کے لیے کافی تھا۔

لیکن جن مسلمانوں نے اس نکتہ کو پالیا ہے کہ موجودہ انتظامیہ صرف طاقت سے ہی تمام مسائل کو حل کرنے کی عادی ہو چکی ہے اور طاقت کی ہی زبان سمجھتی ہے انہوں نے اپنے جائز مطالبات طاقت سے منوانے کا عزم کرلیا ہے۔ ہم مسجد کی بیحرمتی اور قرآن سوزی کے اس ناقابل معافی شرمناک جرم کا ذمہ دار اس کرپٹ انتظامیہ کو سمجھتے ہیں۔ بعض ایجنٹ اس سنگین صورتحال سے بوکھلا کر شیعہ سنی اختلاف کا رنگ دینے کی سعی مذموم میں لگے ہوئے ہیں ہم مسلمانوں سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ انتظامیہ کی ناپاک سازش کو ناکام بنادیں اور اپنا اتحاد برقرار رکھیں۔

قرآن سوزی اور مسجد کی بے حرمتی کے واقعہ پر احتجاج کرنا بلا امتیاز مکتب فکر ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے موجودہ حکمرانوں کی تمام دھاندلیاں برداشت کی جاسکتی ہیں لیکن مسلمانوں کی مساجد اور عبادت گاہوں کے ساتھ اس قسم دھاندلی حکومت کے لیے آخری دھاندلی ثابت ہو گی۔ قرآن کریم اور اپنی اپنی عبادت گاہوں کی حفاظت کا فریضہ اس طریقہ سے ادا کرنا ہوگا جس طرح ہندوستان میں مسلم اقلیت ہندو اکثریت سے اپنی عبادت گاہوں کو محفوظ رکھتی ہے۔ ہم مسلمانوں کے مطالبات کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ اس راہ میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ (روزنامہ امن کراچی ۶ فروری ۱۹۸۳)

سندھ کی کابینہ کا ہنگامی اجلاس، فسادیوں پر مارشل لا کے تحت مقدمہ چلے گا۔

کراچی ۵ فروری (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی نے فیصلہ کیا ہے کہ نئی کراچی میں قرآن اور مسجد کی بے حرمتی کے مجرموں کا مارشل لاء کی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ ایک سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق گورنر سندھ نے آج کراچی میں قرآن حکیم اور مسجد کی بے حرمتی کے نتیجہ میں ایک احتجاج سے پیدا ہونے والی صورتحال پر غور کرنے کے لیے کابینہ کے ایک ہنگامی اجلاس کی صدارت کی۔

اجلاس کے بعد مختلف فرقوں کے علماء کرام اور معتبر نمائندوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ کابینہ کے اجلاس کے بعد گورنر نے اس کمیٹی کے اجلاس کی بھی صدارت کی۔ اس طویل اجلاس میں غور وخوض کے بعد کمیٹی نے اس سلسلے میں تمام مسائل اور مطالبات پر متفقہ فیصلے کیے جن پر فوری عملدرآمد کیا جارہا ہے۔

(روزنامہ امن کراچی ۶ فروری ۱۹۸۳)

قول معصوم

"اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلۂ رحم کرو اگرچہ ایک گھونٹ پانی کے ساتھ ہی ہو" (حضرت امام علی ابن موسیٰ رضا علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اداریہ

تدبر وتحمل کی ضرورت

گذشتہ ماہ اٹھائیس تاریخ کو نیو کراچی میں مبینہ طور پر قرآن مجید کو نذر آتش کرنے اور مسجد اور امام باڑے کی بے حرمتی کے واقعہ کے خلاف اپنے جذبات کا اظہار کرنے اور اس ضمن میں اپنے مطالبات منوانے کے لئے اہلِ تشیع کے اقدامات سے جو صورتحال پیدا ہوگئی ہے اس پر تمام فریقوں کو پورے سکون اور ٹھنڈے دل و دماغ سے غور کرنا چاہیے۔ کمشنر کراچی کی طرف سے جاری کردہ پریس نوٹ کے مطابق پلاٹ نمبر ۶۰ سیکٹر ۱۱۔ جی نیو کراچی میں امام بارگاہ شاہ کاظمین کی تعمیر کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر غور کرنے کے لیے ۱۷ جنوری کو فریقین کا جو اجلاس ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں ہوا تھا اس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ انجمن کو پلاٹ نمبر ۶۱ الاٹ کر دیا جائے تا کہ امام بارگاہ شاہ کاظمین کو وہاں منتقل کر دیا جائے اور حاضرین نے اس فیصلے کو تسلیم بھی کر لیا تھا۔

نیز یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ نئے پلاٹ کی الاٹمنٹ اور اس کا قبضہ دینے تک موجودہ صورتِ حال برقرار رہے گی۔ چنانچہ انجمن نے اسی روز ڈپٹی کمشنر کی معرفت کے ڈی اے کو پلاٹ کی الاٹمنٹ کی درخواست دے دی تھی۔ لیکن ابھی اس پر کاروائی جاری تھی کہ ۲۸ جنوری کا واقعہ پیش آ گیا جس پر مقامی انتظامیہ نے شر پسندوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ۱۱۳ افراد کو گرفتار کر لیا۔

سرکاری پریس نوٹ کے مطابق حکومت کا موقف اس وقت یہ ہے کہ وہ مجرموں کو عبرتناک سزائیں دینے کا تہیہ کئے ہوئے ہے۔ سابقہ فیصلے کے مطابق وہ انجمن کو نیا پلاٹ دینے کا ارادہ بھی رکھتی ہے ۲۸ جنوری کو جو نقصان ہوا ہے اس کا اندازہ لگا کر معاوضہ بھی ادا کر دیا جائیگا۔ اور حکومت لوگوں کے جان و مال بالخصوص مذہبی مقامات کا تحفظ جاری رکھے گی۔ ہم سمجھتے ہیں کل کے اقدام کے بعد حکومت جس طرح سنجیدگی سے اصلاحِ احوال کے لئے کوشاں ہے اس کے پیش نظر شاکی فریق کو بھی اپنے موقف میں کچھ نہ کچھ لچک کا مظاہرہ کرنے پر آمادہ ہو جانا چاہیے۔ عملی زندگی میں جب بھی کوئی اختلاف، الجھن یا پیچیدگی پیدا ہو جائے تو اسے رفع کرنے کا طریقہ اس کے سوا کوئی نہیں ہوتا کہ بات چیت اور افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کیا جائے۔ کوئی بھی فریق خواہ وہ حکومت ہی کیوں نہ ہو اگر اپنے موقف پر سختی سے جم جائے اور دوسرے فریق کا موقف سننے اور اس پر بات چیت کرنے سے انکار کر دے تو اس سے معاملے کو سلجھانے کی امید ختم ہو جاتی ہے۔

اہل تشیع کی حبّ الوطنی اور امن پسندی مسلمہ ہے اور یقیناً ان کا مقصد بھی اپنی شکایت کا ازالہ کرنا ہے نہ کہ امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنا۔ اب جبکہ حکومت پوری مستعدی اور سنجیدگی سے اصلاحِ احوال اور ازالہ شکایت کیلئے کوشاں ہے۔ ہم احتجاج کرنے والے حضرات سے اپیل کریں گے کہ وہ مذاکرات کے دروازے بند نہ کریں۔ اربابِ اختیار کا بھی فرض ہے کہ وہ تدبر وتحمل کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے اس ناخوشگوار صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش کریں۔ وطن عزیز کا امن اور سکون ہر بات پر مقدم ہے اور کسی بھی فریق کو کوئی ایسا راستہ اختیار نہیں کرنا چاہیے جس کے ناخوشگوار اثرات ہو سکتے ہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۶ فروری ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صوبائی حکومت کی یقین دہانی پر فقہ جعفریہ کے پیروکاروں نے دھرنا ختم کر دیا۔

دھرنے میں شریک افراد نے نماز شکرانہ ادا کی، ایم اے جناح روڈ پر ٹریفک بحال ہوگیا۔

کراچی ۶ فروری (اسٹاف رپورٹر) صوبائی حکومت کی یقین دہانی پر فقہ جعفریہ کے پیروکاروں نے آج صبح ۸ بجے اپنا دھرنا ختم کر دیا ہے ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کی ۸ رکنی مجلس عمل کی اپیل پر فقہ جعفریہ کے پیروکار گذشتہ جمعہ کو ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دے کر بیٹھ گئے تھے تفصیلات کے مطابق کمشنر کراچی نے ان مطالبات کو تسلیم کرنے کے سلسلے میں تحریر مجلس عمل کے حوالے کی اس موقع پر صوبائی کابینہ کی طرف سے تشکیل دی جانے والی امن کمیٹی کے ارکان بھی وہاں موجود تھے۔

مطالبات تسلیم کئے جانے سے متعلق یہ تحریر ائمہ مساجد کی مجلس عمل کے ارکان حجت الاسلام مولانا سید علی شرف الدین، حجت الاسلام مولانا سید فاضل حسین شاہ، حجت الاسلام مولانا سید نذر الحسنین عابدی، حجت الاسلام مولانا فتح محمد بلال سماٹری، حجت الاسلام مولانا شیخ محمد حسن ترابی، حجت الاسلام مولانا مرزا یوسف حسین، حجت الاسلام مولانا مرزا صادق حسن اور مجلس عمل کے صدر مولانا محمد موسیٰ کے حوالے کی گئی۔

حکومت کی طرف سے موصول ہونے والی تحریر پر غور کرنے کے لئے ائمہ مساجد امامیہ کی مجلس عمل کا ایک اجلاس علی رضا امام بارگاہ میں منعقد ہوا اور تقریباً آدھ گھنٹہ تک جاری رہا۔ اس اجلاس میں صورت حال کی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد مجلس عمل نے احتجاج ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس کے بعد مجلس عمل کے ارکان جلسہ گاہ پہنچے اور انہوں نے وہاں موجود لوگوں کو اپنے فیصلے سے آگاہ کیا اور ان کی رائے معلوم کرنے کے بعد احتجاج ختم کرنے کا باقاعدہ اعلان کیا۔

جس کے بعد تمام لوگ علماء کرام کی معیت میں جلوس کی شکل میں دعائے وحدت پڑھتے ہوئے محفل شاہ خراسان پہنچے اور نماز شکرانہ ادا کی۔ مجلس عمل کے ذرائع کے مطابق تمام مطالبات منظور کرنے کے سلسلے میں حکومت کی تحریری منظوری مجلس عمل کو وصول ہوگئی۔ احتجاج کا سلسلہ تقریباً ۴۴ گھنٹے جاری رہا جس کے نتیجہ میں ایم اے جناح روڈ سے گزرنے والا تمام ٹریفک معطل ہوگیا تھا اور یہ ٹریفک متبادل سڑکوں سے گزر رہا تھا جس کی وجہ سے لوگوں کو پریشانی کا سامنا تھا۔ احتجاج کے خاتمے کے اعلان کے فوراً بعد بلدیہ کراچی کے محکمہ صحت وصفائی کے عملے موقع پر پہنچ کر کام شروع کر دیا اور وہاں موجود رکاوٹیں وغیرہ ہٹانے کے بعد سڑک ٹریفک کے لیے کھول دی ہے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۷ فروری ۱۹۸۳)

سانحہ نیو کراچی کے سلسلے میں فوجی عدالت قائم کر دی گئی

کراچی ۶ فروری (پی پی آئی) گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی نے نیو کراچی سیکٹر ۱۱ جی میں قرآن مجید امام برگاہ اور ملحقہ مسجد اور نجی املاک کو نذر آتش کرنے کے ۲۸ جنوری کے واقعہ کے ذمہ دار افراد کے خلاف فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس مقصد کیلئے ایک فوجی عدالت قائم کر دی گئی ہے۔ اور عدالت نے اپنی ابتدائی کاروائی شروع کر دی ہے۔

۲۸ جنوری کے افسوس ناک واقعہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کے ازالے کیلئے جو اقدامات کئے جا رہے ہیں ان میں ۱۷ جنوری کو انجمن فدائیاں پنجتن اور گودھرا شیخ مسلم انجمن کے درمیان ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد بھی شامل ہے جس کے تحت امام بارگاہ کا ظمین کو اسکی نئی جگہ تبدیل کیا جائے گا اور مسجد سکینہ اسی مقام پر قایم رہے گی اور باقاعدہ الاٹمنٹ آرڈر بھی جاری کر دیا جائے گا۔ ان دونوں کے الاٹمنٹ آرڈر کے ڈی اے کی طرف سے آج جاری کر دیئے گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متاثرین کو معاوضہ ادا کرنے کے پیش نظر متاثرہ املاک کے نقصان کی تشخیص کا کام مقامی انتظامیہ کی طرف سے ۳۰ جنوری سے شروع کر دیا گیا تھا۔ گورنر سندھ نے ہدایت کی ہے کہ یہ کام ۷ دن کے اندر مکمل کرایا جائے۔ مقامی انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ عبادت گاہوں کو تحفظ دینے کے سلسلے میں چوکس رہیں۔ یہ فیصلہ متعلقہ افراد نے بھی تسلیم کرلیا ہے جسکے نتیجے میں صورتحال معمول پر آ گئی ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۷ فروری ۱۹۸۳)

سنی اور شیعہ علماء آپس میں بیٹھ کر ملت مُسلمہ کی یکجہتی کے معاملات حل کرلیں، علامہ عابدی

کراچی ۱۱ فروری (پ ر) ممتاز شیعہ عالم دین مسلم متحدہ محاذ کے چیئرمین جناب علامہ سید عباس حیدر عابدی نے نیو کراچی کے سانحے کے سلسلے میں ہونے موجودہ ہنگاموں جلسہ وجلوس اور اخباری بیانات پر گہری تشویش وافسوس کا اظہار کیا ہے علامہ عابدی نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی و بقا مقدم ہے اور شیعہ وسنی بھائیوں کے درمیان مذہبی منافرت پھیلانے والے مسلمان نہیں ہوسکتے جن کو خدا اور رسولؐ سے محبت اور اسلام سے ہمدردی ہے وہ مسلمانوں کے درمیان ہمیشہ اتحاد ویگانگت کو فوقیت واہمیت دیتے ہیں۔

علامہ صاحب نے کہا ہے کہ مسلم متحدہ محاذ کے چیئرمین کی حیثیت سے میں نے ہمیشہ مسلمانوں کے درمیان بھائی چارہ کی فضا سازگار کی ہے علامہ عابدی نے کہا کہ اکثر محترم سنی علماء کرام مثلاً پیر دیول شریف، پیر صاحب مانکی شریف، صاحبزادہ فیض الحسن، مولانا محمد اصغر درس، مولانا شجاعت علی قادری، مولانا اقبال حسین، مولانا عبدالرحمٰن سلفی، مولانا محمد بنوری، مولانا اسعد تھانوی، مولانا امجد تھانوی اور مولانا ذکریا وغیرہ وہ حضرات ہیں جن سے میرے ذاتی تعلقات ہیں اور میں ان کا صدق دل سے احترام کرتا ہوں میں نے عزیز آباد، سندھی ہوٹل لیاقت آباد اور سوسائٹی کی مسجدوں اور مولانا عبدالحامد بدایونی ٹرسٹ کے معاملات کو خود اپنی ذاتی کوششوں سے حل کرایا ہے اور کبھی یہ نہیں سوچا کہ یہ مساجد کس فرقے سے متعلق ہیں۔

اس لئے کہ مسجدیں اللہ کا گھر ہوتی ہیں جب عباس ٹاؤن بھکر گوٹھ میں ماہ رمضان کے دوران وہاں کی مسجدوں میں تاریکی تھی اور وہاں کی لائٹ منقطع کردی گئی تھی تو ہمارے سنی بھائیوں کو تراویح ادا کرنے میں دشواری ہورہی تھی میں نے گورنر سے کہہ کر فی الفور وہاں لائٹ کا سلسلہ جاری کروادیا میرے نزدیک مسلمانوں کے معاملات میرے اپنے ذاتی معاملات ہیں اور میں اب بھی اپیل کرتا ہوں کہ عامۃ المسلمین میں اشتعال پھیلانے کی بجائے خاموشی وسنجیدگی سے ہر دو فرقوں کے علماء آپس میں بیٹھ کر ملت مسلمہ کی یکجہتی کے معاملات طے کرلیں یہ بات اس لئے بھی ضروری ہے کہ اس وقت جبکہ یہودی اور عیسائی طاقتیں مسلمانوں کو لڑانے کی سازشوں میں مصروف ہیں۔

علماء کرام کو خواہ وہ کسی فرقے کے ہوں ملت کے اتحاد اور ملک کی سلامتی کے لئے بردباری، قربانی وایثار، صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے علامہ عابدی نے کہا کہ گورنر نے ساڑھے چار سال کے عرصے میں بہت سے معاملات کو جس خوش اسلوبی سے طے کیا ہے وہ ان کی دیانتداری اور منصفانہ مزاج کا ثبوت ہیں ان کے متعلق بے سروپا بیانات بے بنیاد ہیں۔ علامہ عابدی نے علماء کرام کو پیشکش بھی کی ہے کہ وہ اگر مناسب سمجھیں تو میں درمیان میں پڑ کر نیو کراچی کے مسئلے میں تصفیے کے لئے کوئی حل تلاش کرنے کی سعی کرسکتا ہوں انہوں نے کہا کہ ایسا کوئی مسئلہ نہیں جو باہمی گفت وشنید سے طے نہ ہوسکے۔ علامہ سید عباس حیدر عابدی نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ خواہ وہ کسی مکتب فکر کے خطیب وعلماء ہوں ان پر سخت پابندی عائد کی جائے جو تقریر وتحریر کے ذریعے ملک میں مسلمانوں کے درمیان فساد پھیلانے کی مذموم کوششیں کررہے ہیں۔

(روزنامہ جنگ ۱۲ فروری ۱۹۸۳ء)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرقہ وارانہ کشیدگی کا سدّ باب کرنے کیلئے جسٹس محمود ٹریبونل کی رپورٹ پر عملدرآمد کیا جائے۔ مشتاق ریاضی

کراچی ۱۸ فروری (اسٹاف رپورٹر) تحریک نظام مصطفیٰ کے رہنما اور کالعدم جمعیت علماء پاکستان کی مساجد کمیٹی کے چیئرمین جناب مشتاق احمد ریاضی نے سندھ ہائی کورٹ کے سابق جج جناب جسٹس ڈاکٹر آئی محمود کی سربراہی میں تشکیل دیئے جانیوالے ٹریبونل کی رپورٹ کی اشاعت اور اس پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اٹریبونل کی رپورٹ پر عملدرآمد سے صورتحال بڑی حد تک بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ یاد رہے کہ ۱۹۷۸ء میں گلبہار کے علاقے میں ۸ محرم (ربیع الاول) کے جلوس میں دو گروہوں کے درمیان تصادم اور ۱۲ ربیع الاول کے جلوس کے دوران تصادم کی وجوہ معلوم کرنے، ان کی روک تھام کے اقدامات تجویز کرنے کے لئے حکومت نے جناب جسٹس ڈاکٹر آئی محمود کی سربراہی میں ایک ٹریبونل تشکیل دیا تھا۔

ٹریبونل نے چار ماہ تک سیکڑوں افراد کے بیانات قلمبند کئے اور اپنی رپورٹ صوبائی حکومت کو پیش کردی تھی۔ ٹریبونل کی کاروائی کے دوران اہل سنت کی پیروی جناب مشتاق احمد ریاضی نے کی جبکہ اہل تشیع کی جانب سے جناب جسٹس ریٹائرڈ سید اخلاق حسین اور جناب آفتاب قزلباش پیش ہوئے۔ حکومت سندھ کی جانب سے سابق ایڈوکیٹ جنرل سندھ جناب ظہور الحق پیش ہوئے جو آج کل وفاقی شریعت عدالت کے جج ہیں۔ تحقیقات مکمل کرنے کے بعد ٹریبونل نے چار سو صفحات پر مشتمل تفصیلی رپورٹ حکومت کو پیش کردی تھی تحقیقات کے دوران ٹریبونل کے سامنے یہ بات آتی ہے کہ صرف گلبہار کے علاقے میں سالانہ تقریباً ۶۵ جلوس برآمد ہوتے ہیں۔ ٹریبونل نے مختلف جلوسوں میں ہنگامہ آرائی روکنے کے لئے تجویز دی تھی کہ جلوس نکالنے کی اجازت نہ دی جائے اور شب بیداری اور دیگر اجتماعات میں لاؤڈ اسپیکر آرڈی نینس کی سختی سے پابندی کرائی جائے۔ اور اس بات کا اہتمام کیا جائے کہ کسی اجتماع میں استعمال ہونے والے لاؤڈ اسپیکر نماز اور اذان میں مخل نہ ہوں۔

(روزنامہ حریت ۱۹ فروری ۱۹۸۳)

سانحہ نئی کراچی کا تحقیقاتی کمیشن اب موقع واردات پر تحقیقات کرے گا۔
بیان دینے کے خواہشمند حضرات کسی بھی کام کے دن پیش ہوسکتے ہیں،

کراچی ۱۹ فروری (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے لیفٹننٹ کرنل سیف الدین کی سربراہی میں نئی کراچی کے واقعہ کی تحقیقات کیلئے جو کمیشن مقرر کیا ہے وہ اب کراچی کے سیکٹر ۱۱ جی میں اس مقام پر تحقیقات کرے گا جہاں واقعہ رونما ہوا ہے حکومت نے عام لوگوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اگر بیان دینے کے خواہش مند ہوں تو کسی بھی کام کے دن کمیشن کے سامنے پیش ہوں واضح رہے کہ یہ کمیشن حکومت سندھ نے ایک ہفتہ قبل قائم کیا تھا اس سے قبل کمیشن کو ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر ویسٹ کے ہیڈ کوارٹرز میں بیٹھنے کی ہدایت کی تھی تاہم اب کمیشن گودھرا کالونی میں موقع پر ہی اپنی کارروائی کرے گا گودھرا کالونی کا سانحہ ۲۸ جنوری کو رونما ہوا تھا۔

(روزنامہ حریت ۲۰ فروری ۱۹۸۳

مسجد سکینہ اور امام بارگاہ کاظمین کو سیل کردیا گیا۔ سرکاری پریس نوٹ

کراچی ۲۰ فروری (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ویسٹ کراچی نے نارتھ کراچی کے اس پلاٹ کو سیل کردیا ہے جس پر مسجد سکینہ اور امام بارگاہ کاظمین واقع ہے۔ اس ضمن میں پیر اور منگل کی درمیانی شب دیر گئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کراچی نے ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس میں کہا گیا ہے کہ شمالی کراچی کے سیکٹر نمبر ۱۱ جی کے پلاٹ نمبر ایس ٹی نمبر ۶۰ کے ایک حصہ میں واقع مسجد کے سلسلے میں فرقہ وارانہ جھگڑے کی وجہ سے کشیدگی پائی جاتی ہے اور جس کی بنا پر امن عامہ اور سکون میں خلل پڑنے کا اندیشہ ہے اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ متعلقہ مسجد کو سیل کر کے اس کو سرکاری تحویل میں لے لیا جائے اس سلسلہ میں ڈویژنل مجسٹریٹ نے اس پلاٹ کو قبضے میں لینے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں اور پولیس کو ہدایت کی ہے کہ وہ سختی سے اس حکم پر عمل درآمد کرے۔ (روزنامہ حریت کراچی ۲۱ فروری ۱۹۸۳)

فریقین کی باہمی رضامندی سے مسجد سکینہ کی جگہ ڈسپنسری کے قیام کا فیصلہ، انجمن فدائین پنجتن نے رضا کارانہ طور پر پلاٹ واپس کر دیا، تنازعہ خوش اسلوبی سے حل ہوگیا۔ حکومت سندھ کا ہینڈ آؤٹ کراچی ۲۱ فروری (اسٹاف رپورٹر) نئی کراچی میں مسجد کے تنازعہ کے حل کے بارے میں حکومت سندھ کی جانب سے جاری کئے جانے والے ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ نیو کراچی میں پلاٹ نمبر ایس ٹی ۶۰ کے استعمال کے سوال پر پیدا ہونے والا تنازعہ خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا ہے۔ انجمن فدائیان پنجتن نے اسے مسجد کے لئے ناکافی سمجھتے ہوئے انتظامیہ کی اس یقین دہانی پر کہ یہ پلاٹ کسی مذہبی مقصد یعنی مسجد دارالعلوم، یتیم خانے، امام بارگاہ یا عیدگاہ کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ یہ پلاٹ رضا کارانہ طور پر کے ڈی اے کو واپس کر دیا۔ سواد اعظم اہلسنت کے نمائندوں نے انتظامیہ کو اس فیصلے کی پابندی کرنے کا یقین دلایا ہے۔

یاد رہے کہ متبادل پلاٹ کے طور پر پلاٹ نمبر ایس ٹی۔ ۶۱ پہلے ہی انجمن فدائیان پنجتن کو امام بارگاہ کی منتقلی کے لئے الاٹ کیا جا چکا ہے کے ڈی اے کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ یہ پلاٹ فوراً انجمن کی تحویل میں دیدیا جائے۔ خالی پلاٹ پر رفاہی مقصد کے لئے باہمی مشورے سے حکومت نے اس پلاٹ پر ڈسپنسری قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سمجھوتے پر دونوں فریقوں کے نمائندوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت کو فرقہ وارانہ امن وہم آہنگی برقرار رکھنے کے لئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور تحریری طور پر یقین دلایا کہ اپنی کسی تقریر یا عمل سے ایسی کوئی بات نہیں کریں گے جس سے کسی فرقہ کی دل آزاری ہو۔

ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ اہم مسئلے کے کامیابی سے حل ہو جانے کے بعد توقع ہے کہ ملت اسلامیہ کے تمام فرقے اور مکاتب فکر اپنے اختلافات ختم کر کے اسلام اور پاکستان کی عظمت اور سربلندی کے لئے متحد ہو کر کام کریں گے۔

اس سلسلے میں حکومت سندھ کے محکمہ اطلاعات کی طرف سے انجمن فدائیان پنجتن اور سواد اعظم اہل سنت کے رہنماؤں کے بیانات کی فوٹو اسٹیٹ کاپیاں بھی فراہم کی گئی ہیں۔ جن کے مطابق انجمن فدائیان پنجتن کے صدر سید مسعود عالم رضوی اور سینئر نائب صدر مرزا تقی شوق نے ایک مشترکہ بیان میں بتایا ہے کہ چونکہ انتظامیہ نے جامع مسجد سکینہ نئی کراچی کے لئے صرف ساٹھ گز کا قلعہ اراضی کا الاٹ منٹ آرڈر دیا ہے جو قطعی ناکافی ہے اس لئے اس الاٹمنٹ آرڈر کو بطور احتجاج واپس کرتے ہیں اور انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ امام بارگاہ شاہ کاظمین کے الاٹ کئے جانے والے ایس ٹی ۶۱ کا فوری طور پر قبضہ دیا جائے بصورت دیگر اس کی ذمہ داری انتظامیہ پر ہوگی۔ اس سلسلے میں جلد ہی انجمن کی جانب سے ایک پریس کانفرس صورت حال کی وضاحت کے لئے طلب کی جارہی ہے۔

انجمن فدائیان پنجتن کے عہدیداروں کے متفقہ فیصلے کے مطابق انہوں نے اقرار کیا ہے کہ

۱۔ جامع مسجد سکینہ کا ۶۰ گز کا الاٹمنٹ آرڈر جو ناکافی ہے بطور احتجاج واپس کرتے ہیں۔

۲۔ امام بارگاہ کاظمین کے الاٹمنٹ کے لیے جو پلاٹ ایس ٹی ۶۱ دیا گیا ہے اس کا قبضہ تمام تر تجاوزات سے پاک دیا جائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۔ مسجد سکینہ کے سامنے جو شامیانہ لگا ہوا ہے اسے ۱۵ یوم کے اندر ہٹایا جائے۔

۴۔ پلاٹ ایس ٹی ۶۰ کسی بھی فرقے کو مذہبی یا رہائشی مقصد کیلئے اجازت نہیں ہوگی اور نہ ہی اس کا الاٹمنٹ کسی اور مقصد کے لیئے دیا جائے گا۔ ہم انتظامیہ سے امید کرتے ہیں کہ ہمارے جذبات کے احترام کو ملحوظ رکھا جائے گا۔ ہمارے ساتھ پورا تعاون ہوگا۔

سواد اعظم اہلسنت کی جانب سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ مسجد سکینہ کے پلاٹ ایس ٹی ۶۰ میں جو ۶۰ گز کا الاٹمنٹ انجمن فدائیاں پنجتن نے واپس کیا اور پلاٹ کو حکومت کے حوالے کیا ہے تو ہم اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ اس کے بعد ایسا کوئی کام نہیں ہوگا جس سے اشتعال انگیزی ہو مثلاً اس سلسلے میں جشن فتح وغیرہ نہیں منایا جائے گا۔ تاکہ دوسرے فریق کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ اور مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ مذکورہ پلاٹ ایس ٹی ۶۰ جس کا انجمن فدائیان پنجتن نے الاٹمنٹ واپس کیا ہے میں مسجد نہیں بنائی جائے گی۔ نہ ہی کسی بھی فرقہ کے رہائشی یا مذہبی مقاصد کے لیے استعمال کی اجازت ہوگی۔ اور نہ ہی اس پلاٹ کا الاٹمنٹ کسی بھی مذہبی مقصد کا مثلاً مسجد و مدرسہ، دارالعلوم، یتیم خانہ، امام بارگاہ اور عیدگاہ کا قیام ہے۔ علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

(روزنامہ حریت کراچی ۲۲ فروری ۸۳ء)

انچولی سوسائٹی میں فساد

یہ بستی فیڈرل بی ایریا میں سُپر ہائی وے کے قریب واقع ہے۔ اسکی بیشتر آبادی شیعہ ہے۔ یہاں شیعوں کی ایک مسجد مسجد خیر العمل کے نام سے بھی ہے اس کے سامنے ایک کُھلا میدان ہے اور وہیں بھینسوں کا ایک چھوٹا سا باڑا ہے اور سامنے ہی سہراب گوٹھ کا چوراہا ہے جہاں پٹھانوں کا کاروبار ہے۔ قریب ہی ان کی بستی ہے۔ ۲۲ فروری ۱۹۸۳ء جبکہ لالوکھیت میں ہنگامہ شروع ہو چکا تھا، سہراب گوٹھ کا علاقہ بھی افراتفری کا شکار تھا۔ مگر شروع میں مسئلہ کی نوعیت فرقہ وارانہ نہ تھی، وہاں مسئلہ یہ تھا کہ انتظامیہ ناجائز قابضین کو ہٹانا چاہتی تھی لہٰذا پولیس کی ان سے محاذ آرائی شروع ہوگئی، پٹھان حضرات کا ہجوم مسجد خیر العمل سے صاف نظر آرہا تھا جہاں شیعہ جمع تھے۔ ہجوم کا رخ جب شیعوں کی طرف ہوتا تو ادھر سے پتھراؤ ہوتا۔ تقریباً چار بجے شیعوں نے محسوس کیا کہ پٹھان مسجد پر حملہ کی نیت سے بڑھ رہے ہیں لہٰذا انہوں نے پتھراؤ شروع کر دیا۔ اُدھر سے پٹھانوں نے فائرنگ شروع کر دی جس سے تین شیعہ، ساجد حسین، احسن رضوی اور امتیاز حسین جاں بحق ہو گئے۔

انچولی کے فساد کے سلسلہ میں ایک نکتہ نظر بھی ہے کہ دونوں فریق غلط فہمی کا شکار ہو کر ایک دوسرے سے الجھے۔ اور یہ بات قرین قیاس بھی ہے کہ یہ پٹھان پولیس کی شیلنگ سے بچنے کے لئے بھاگتے ہوں اور شیعہ سمجھتے ہوں کہ وہ ان پر حملہ آور ہو رہے ہیں اور جوابی پتھراؤ کو پٹھان یہ سمجھتے ہوں کہ یہ ہم پر سنی سمجھ کر پتھراؤ کر رہے ہیں اور یہی بات بڑھتے بڑھتے فائرنگ کی شکل اختیار کر گئی۔ بہرحال کچھ دیر بعد فوج کے آجانے سے یہ علاقہ پرامن ہو گیا اور بعد میں بھی فساد کی نوبت نہ آئی۔ یہاں نہ کسی کا مکان جلا اور نہ دوکان۔ اسی دن مسجد علی اور مسجد ولی العصر نیو کراچی پر بھی حملہ کیا گیا۔ رات گئے نیو کراچی، فیڈرل بی ایریا لیاقت آباد، ناظم آباد اور گولیمار کے علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔

مسجد وامام بارگاہ عابدیہ پر حملہ

مسجد اور امام بارگاہ فریئر روڈ پر اہل حدیث حضرات کی مسجد سے متصل واقع ہے۔ اس متنازع عبادت گاہ کا مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے ایف آئی آر نمبر ۶۲/۸۳ تھانہ آرٹلری میدان، کے مطابق اس عبادت گاہ پر حملہ کیا گیا، قرآن پاک اور امام بارگاہ کے تبرکات نذر آتش کیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گئے۔ واضح رہے کہ یہ امام بارگاہ پر پہلا حملہ تھا۔

مجلس فاتحہ خوانی برائے شہداء انچولی

کرفیو کے دوران بتاریخ ۲۵ فروری شہدائے انچولی کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی ایک مجلس عزا امام بارگاہ شہدائے کربلا میں منعقد ہوئی، حالانکہ مجلس میں پانچ چھ ہزار کا مجمع تھا۔ مگر امن کی خاطر لاؤڈ اسپیکر استعمال نہیں کیا گیا۔ مجلس سے ہیئت ائمہ مساجد کے اسوقت کے صدر محمد موسیٰ صاحب نے خطاب کیا آپ قرآنی آیات پڑھ پڑھ کر عوام کو صبر کی تلقین کرتے رہے۔ دوران تقریر آپ نے فرمایا کہ ہم کُل پاکستان بنیاد پر رابطہ قائم کر رہے ہیں اور جب موثر طریقہ سے رابطہ قائم ہو جائیگا تو ہم ضرورت پڑنے کے وقت پورے پاکستان میں سڑکوں پر نکل آئینگے۔

آپ نے مزید اعلان فرمایا کہ ہمارے نوجوان بہت قیمتی ہیں۔ ہم ایک جان کا نذرانہ بھی اسوقت پیش کرینگے کہ جب یہ سمجھیں گے کہ اس سے کوئی بڑا مقصد حاصل ہوگا۔ مجموعی طور سے آپکی تقریر بڑی متاثر کرنے والی تھی۔

بعد ختم مجلس مجمع انتہائی پرسکون انداز سے منتشر ہوگیا۔ کرفیو کے باوجود نرمی کے وقفہ کے دوران اِکّا دُکّا واردتیں ہوئیں۔ جس میں مصطفیٰ منزل لالوکھیت کی آتشزدگی بھی شامل ہے۔ خدا خدا کر کے تقریباً ایک ہفتہ کے بعد کرفیو مکمل طور سے اٹھالیا گیا اور وقتی طور سے امن قائم ہوگیا۔

مسجد وامام بارگاہ عابدیہ پر دوسرا حملہ

مورخہ مارچ ۱۹۸۳ء کو بعد نماز جمعہ، مسجد وامام بارگاہ عابدیہ فریئر روڈ پر حملہ کر کے اسے مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا اور پھر طاقت کے زور پر اس شیعہ عبادت گاہ کو متصل اہل حدیث مسجد میں شامل کر لیا گیا۔ جسکی ایف آئی آر نمبر ۸۳/۸۳ تھانہ آرٹلری میدان میں درج کرادی گئی۔

(ص ۱۲۹۔۱۳۱ جلتی مسجدیں، علی اکبر شاہ)

مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں مجلس ترحیم

ایک مسجد اور ایک امام بارگاہ کی بے حرمتی پر شیعوں کی طرف سے ۴ فروری ۱۹۸۳ء کو انتہائی پرامن احتجاج کیا گیا۔ جس میں نہ ایک پتھر چلا اور نہ ایک قطرہ خون بہا۔ اس پر شیعوں کو اتنی بڑی سزا ملی کہ ان کی کئی مسجدیں اور کئی امام بارگاہیں نذر آتش کر دی گئیں۔ چنانچہ وہ بھی سخت ہیجانی کیفیت میں مبتلا تھے اور ہفتہ وار میٹنگیں کر رہے تھے۔ بعض جوشیلے نوجوان انتقام کی آگ میں جل رہے تھے۔ اسی کیفیت میں ایک میٹنگ ہوئی جس میں ہیئت ائمہ مساجد امامیہ، بعض ماتمی انجمنوں کے ممبران اور آئی۔ ایس۔ او وغیرہ کے ارکان نے شرکت کی۔

فیصلہ ہوا کہ ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ء کو مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں شہداء انچولی کے لئے ایصال ثواب کی ایک مجلس کا اعلان کیا جائے۔ چنانچہ اس اجتماع کے لئے جنگ اخبار میں بھی اشتہار دیا گیا۔ اس انتہائی حساس جگہ پر اجتماع کے سلسلہ میں شیعہ لیڈروں کی بھاری اکثریت متفق نہیں تھی۔ آئی ایس او نے بھی بحیثیت جماعت شامل ہونے سے انکار کر دیا تھا۔ مگر چند ائمہ مساجد اور ماتمی انجمنوں کے چند جوشیلے نوجوانوں کے اصرار پر یہ اجتماع ہوا اور تقریباً پانچ ہزار شیعیان علیؑ اکٹھا ہو گئے۔

سوا تین بجے کے قریب جلسہ کا آغاز ہوا۔ ابھی جناب مولانا رضی جعفر صاحب تقریر کر رہے تھے کہ امام بارگاہ کے باہر ہنگامہ ہوگیا۔ پہل کس طرف سے ہوئی۔ اسکا تعین کرنا مشکل ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ دونوں ہی فریق آمادۂ فساد تھے۔ ہاں یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ جلسہ کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منتظمین اور علمائے کرام کا قطعاً کسی انتقامی کاروائی کا ارادہ نہیں تھا اور جلسہ کی اکثریت کو بھی علم نہیں تھا کہ کیا ہونے والا ہے کیونکہ یہاں کچھ بوڑھے لوگ بھی تھے اور بعض لوگ اپنے ساتھ کم عمر بچے بھی لائے تھے۔ اگر کسی انتقامی کاروائی کا باقاعدہ پروگرام ہوتا (جیسا کہ رنگ دیا جاتا رہا ہے) تو پھر نقشہ ہی کچھ اور ہوتا۔

وہ تبرکات کہ جنہیں ہم آنکھوں سے لگاتے ہیں، پیروں کے نیچے روندھے گئے۔ اور اس امام بارگاہ کا در تو ''باب فاطمہ'' تھا اور یہ لفظ دروازے کے اوپر بڑے جلی حروف میں لکھا تھا، مگر اس طرف اٹھنے والے ہاتھوں نے یہ بھی نہ سوچا کہ یہ رسولؐ کی چہیتی بیٹی کا نام ہے۔ اس جذباتی فضا میں دونوں فریق آمنے سامنے تھے سنی ہزاروں کی تعداد میں اپنے گھروں سے نکل آئے تھے اور امام بارگاہ کے چاروں طرف تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر کھڑے ہوئے تھے۔ ادھر ہزاروں شیعوں کا مجمع (چند سو افراد کو چھوڑ کر جو لالوکھیت کے رہنے والے تھے) شہر کے مختلف حصوں سے آکر جمع ہوا تھا۔

جب صورت حال یہ ہو تو پھر اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ پہلا پتھر کدھر سے آیا۔ فساد تو ناگریز تھا۔ پھر بھی لوگوں کا یہ بیان قابل ذکر ہے کہ کچھ افراد ویگنوں، سوزوکیوں وغیرہ میں کالی پٹیاں باندھے ہوئے اترے اور نعرہ حیدری لگا کر سنی مجمع پر حملہ کر دیا اور دوسرا یہ بیان کہ کچھ لوگ سنیوں کو بطور خاص سوزوکیوں میں گودھرا سے لائے تھے۔

بہرحال جب فساد شروع ہو گیا تو دس نمبر کے چوراہے سے لیکر نیرنگ سینما کی طرف خاصے بڑے حصہ پر تقریباً ایک ہزار شیعہ چاروں طرف پتھروں کے تبادلے میں مصروف تھے۔ پولیس کبھی شیعوں کی طرف شیلنگ کرتی کبھی سنیوں کی طرف۔ کچھ دیر کے بعد اشک آور گیس کے شیل امام بارگاہ کے اندر بھی گرنے لگے۔ اندر سے علماء کرام بار بار بڑے بڑے واسطے دے کر اور بڑے دردمندانہ لہجے میں شیعوں سے اپیل کر رہے تھے کہ وہ امام بارگاہ کے اندر آجائیں۔ اس اپیل کا کافی دیر بعد اثر ہوا۔ تقریباً ساڑھے پانچ یا پونے چھ بجے لوگ اندر آگئے۔ امام بارگاہ کا پھاٹک بند کر دیا گیا۔ کچھ دیر بعد لوگوں کو محسوس ہوا کہ وہ محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔

ایک اطلاع کے مطابق امام بارگاہ کی چھت سے فائرنگ بھی ہوتی رہی۔ اسکو جھٹلانے کی نہ تو گنجائش ہے اور نہ ضرورت۔ ہزاروں افراد انتہائی جذباتی کیفیت میں ایسی جگہ پر اجتماع کرنے کے لئے پہنچیں جہاں پر ہزاروں افراد کے استقبال کی توقع ہو تو ایسی صورت میں چند افراد کا مسلح ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں۔ ہاں یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ سنی حضرات سے انتقام لینے کی باقاعدہ منصوبہ بندی جلسہ کی انتظامیہ یا کسی اور آرگنائزیشن کی طرف سے نہیں کی گئی۔ جسکا واضح ثبوت یہ ہے کہ جلسہ کی اکثریت امام بارگاہ کے اندر تھی اور پرامن تھی۔ اور جو باہر تھے علماء انہیں بار بار اندر آجانے کی تلقین واسطے دلا دلا کر کر رہے تھے اور پھر یہ کہ ہجوم تقریباً دو گھنٹہ تک امام بارگاہ کے باہر سڑک کے ایک بڑے حصہ پر قابض رہا مگر کسی سنی کی ایک دوکان نہیں جلائی۔ جبکہ پوری مارکیٹ نذر آتش کی جاسکتی تھی۔ مگر جب شیعہ امام بارگاہ کے اندر چلے گئے تو ان کی گاڑیوں اور امام بارگاہ کی دوکانوں کو نذر آتش کیا گیا۔ پیچھے گلی میں فوم کی دوکانوں سے فوم نکال نکال کر جلتے ہوئے گولوں کی شکل میں امام بارگاہ کے اندر پھینکے گئے۔

امام بارگاہ کا پھاٹک بند ہوتے ہی اندر موجود افراد محصور ہو کر رہ گئے۔ کچھ دیر تک سنی عوام گھیرے رہے۔ بعد میں پولیس نے محاصرہ کر لیا۔ ۲۰ علماء کرام اور تقریباً ۱۷۵۰ مومنین محصور تھے اور خطرہ تھا کہ صبح ہوتے ہی سنی عوام پھر اکٹھا ہو جائیں گے اور شاید خونریزی ہوگی۔ ادھر یہ افراد محصور تھے ادھر پوری قوم فکرمند تھی۔ ہیئت ائمہ مساجد کی پوری ۸ رکنی ایکشن کمیٹی اندر پھنسی ہوئی تھی۔ ان کے علاوہ بھی چند ائمہ مساجد اندر ہی تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولانا رضی جعفر صاحب قبلہ کسی نہ کسی صورت سے امام بارگاہ کا پھاٹک بند ہونے سے پہلے باہر آجانے میں کامیاب ہوگئے تھے۔ چنانچہ آپ مولانا محسن صاحب قبلہ کے ہاں پہنچ گئے اور صلاح مشورے شروع ہوگئے۔ اب سب کی نگاہیں ان ہی خطیب حضرات کی طرف تھیں کہ ائمہ مساجد جنکے شدید مخالف تھے۔ مگر اب وقت ان باتوں کا نہ تھا، قوم کے تحفظ اور وقار کا سوال سب کے سامنے تھا۔ لہٰذا مولانا طالب جوہری صاحب اور خاص طور سے علامہ عباس حیدر عابدی صاحب نے محصورین کو نکالنے کی کوششیں شروع کردیں۔ حکام کا مطالبہ تھا کہ فائر کرنے والے افراد کو ان کے حوالے کردیا جائے تو باقی افراد کو جانے دیا جائیگا۔ مگر یہ ناممکن تھا، بالآخر یہ طے پایا کہ تمام افراد کی تلاشی لے کر چھوڑا جائے جسکے پاس سے غیر قانونی اسلحہ نکلے صرف اسے گرفتار کیا جائے۔

علماء کو صبح تک امام بارگاہ میں رکھا جائے گا اور پھر جانے دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ان تمام امور کو طے کرانے میں علامہ عباس حیدر عابدی صاحب پیش پیش تھے۔ آپ ہی کی کوشش سے بسوں کا انتظام کیا گیا۔ اور صبح چار بجے سے ایک ایک فرد کی تلاشی لے کر بسوں میں بٹھایا گیا اور یہ سلسلہ صبح چھ بجے تک جاری رہا۔ تلاشی کے دوران کسی کے پاس سے کوئی قابل اعتراض شے برآمد نہیں ہوئی۔ مگر پولیس نے جسکو چاہا الگ بٹھا دیا اور بعد میں معلوم ہوا کہ یہ سب گرفتار ہیں جنکی تعداد ایک سو سے کچھ اوپر تھی خلاف وعدہ علماء ایکشن کمیٹی سمیت تمام علماء کو بھی گرفتار کرلیا گیا جن کی تعداد تقریباً بیس تھی۔

۱۹ مارچ ۱۹۸۳ کی صبح شیعوں کے لئے قیامت کی صبح تھی جو اب تک نہیں ہوا تھا وہ اب ہونا شروع ہوا۔ اب عبادت گاہوں کے ساتھ گھر بھی جلائے جانے لگے۔ پولیس مین روڈ پر تھی اور اندر بستی میں بستی ہی والے اپنے پڑوسیوں کے گھر جلا اور جلوا رہے تھے۔ یہ کام سو فیصد مقامی لوگوں کا تھا۔

سنا ہے اس فساد میں، پڑوسیوں کا ہاتھ ہے
ہماری آستین میں، دشمنوں کا ہاتھ ہے

(حمایت علی شاعر)

یہ ممکن نہیں کہ صبح سے شام تک مسلسل دو دن تک باہر کے لوگ کسی بستی کے گھر جلاتے رہیں اور پھر دو دن قیام فرما کر اطمینان سے واپس چلے جائیں۔ ہاں بعض صورتوں میں ایسا ہوا کہ جس گلی کا گھر جلایا جارہا ہو۔ جلانے والوں میں قریب کی گلیوں کا کوئی آدمی نہ ہو اور پھر یہی صورت آخری راؤنڈ میں ہوئی کہ تین دن تک گھر جلائے جاتے رہے۔ کیا پھر تین دن کے لئے لوگ باہر سے مہمان آگئے تھے اور پھر یہ قابل غور بات ہے کہ ان مہمانوں کے لئے کس نے نشان دہی کی کہ یہ گھر شیعہ کا ہے اور یہ دوکان شیعہ کی۔

ہم نے جو مناظر دیکھے وہ یہ تھے کہ ۱۹ مارچ کو بڑے ابتدائی ہجوموں کے بعد چھوٹے چھوٹے ہجوم آگ لگاتے پھر رہے تھے اور لوگ اپنے اپنے دروازوں کے آگے کھڑے تماشہ دیکھ رہے تھے۔ اور بعض تفریح لے رہے تھے۔ ہمیں اس کا بھی اقرار ہے کہ چند شریف آدمیوں نے (جن میں مشہور قوال حاجی غلام فرید صابری صاحب بھی شامل ہیں) شیعوں کے گھروں کو بچانے کی کوشش کی۔ دوسری یاد رکھنے والی بات یہ ہے صرف لیاقت آباد میں ۱۸۸ گھر اور ۳۴ دکانیں جلائی گئیں۔ وہ امام بارگاہ کہ جو حکومت کی تحویل میں تھی اسطرح برباد کی گئی کہ ہر دیکھنے والے نے کہا کہ یہ کام کئی گھنٹوں کی فرصت کا ہے سوال یہ ہے کہ اتنی فرصت کیوں دی گئی اسلامی حکومت کے دعویٰ داروں نے ہندوستان کے ہندو مسلم فسادات کی یاد کیوں تازہ کردی کہ پولیس تماشہ دیکھ رہی ہے اور مسلمانوں کے گھر جل رہے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سواد اعظم (نام نہاد) نے ۲۲ فروری ۱۹۸۳ء کیلئے ہڑتال کی اپیل کردی مگر ہڑتال پر کسی نے کان نہ دھرا۔ حسب معمول دوکانیں کھلنا شروع ہوگئیں، ٹریفک بھی معمول کے مطابق جاری تھا کہ کچھ لفنگے نمودار ہوئے اور انہوں نے ٹائر جلا کر ٹریفک روکنا شروع کردیا۔ بسوں اور کھلی دوکانوں پر پتھراؤ شروع کردیا، اب ٹریفک کے بجائے لالوکھیت کی لمبی چوڑی سڑک پر لوگوں کی ٹولیاں نظر آنے لگیں، ان میں بیشتر تماشا بین تھے۔

آج شیعوں کی دوکانوں کے علاوہ بینک بھی جلائے گئے اور بعض سنیوں کی دوکانیں بھی لپیٹ میں آگئیں۔ مسجد اثناء عشری پر آج پھر حملہ ہوا۔ آج کے حملہ میں بلوائی مسجد کے اندر داخل ہونے میں کامیاب ہوگئے اور مسجد کے مصلوں میں آگ لگادی۔ یہاں پولیس کو گولی چلانا پڑی۔ مرکزی امام بارگاہ کے گیٹ کو آگ لگادی گئی اور کچھ لوگوں نے اندر داخل ہوکر توڑ پھوڑ کی۔ مگر فوراً ہی پولیس نے فسادیوں کو وہاں سے بھگادیا۔ ایف آئی آر نمبر ۱۰۲/۸۳ کے مطابق مرکزی امام بارگاہ پر پہلا حملہ صبح دس بجے ہوا اور ایف آئی آر نمبر ۱۰۳/۸۳ کے مطابق دوسرا حملہ دو بجے دن میں ہوا۔

سی ایریا کی امام بارگاہ محفوظ رہی مگر اس لئے کہ وہاں اس کے جاں نثار موجود تھے، مٹھی بھر نوجوان جن کے گھر امام بارگاہ کے آس پاس تھے مستقل ڈٹے رہے۔ بار بار کے حملے کو روکتے رہے۔ چنانچہ یہ امام بارگاہ اور مسجد بے حرمتی سے بچی رہی۔

اس صورت حال پر غور کرنے کے لئے ۲۰ مارچ ۱۹۸۳ء کو مولانا محمد محسن صاحب قبلہ کے ہاں ایک میٹنگ ہوئی اور صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے ''شیعہ کونسل'' تشکیل دی گئی۔ کونسل کے چند ممبران کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

مولانا ابن حسن صاحب نجفی، مولانا عابد الشہر صاحب، مولانا محمد محسن صاحب، مولانا طالب جوہری صاحب، مولانا عباس کمیلی صاحب، پروفیسر علی رضا شاہ صاحب، جناب آفتاب عالم قزلباش (ایڈووکیٹ) اور جناب مظہر تقی رضوی صاحب۔ اس کونسل نے بحالی امن کی کوششیں کیں۔ اسکے ممبران نے گورنر سندھ سے ملاقات کی۔ گورنر نے پولیس فورس بڑھانے کا وعدہ کیا چنانچہ متاثرہ علاقہ میں پولیس فورس کی نفری بڑھادی گئی اور کرفیو لگادیا گیا۔ وقتی طور سے امن وامان قائم ہوگیا۔

گولیمار کے حالات

گولیمار کا علاقہ خلاف توقع (لیاقت آباد کے مقابلے میں) پرامن رہا۔ گھر جلانے کے اکا دکا واقعات ہوئے اور ایک بزرگ استاد جناب منظور حسین کو بھرے بازار میں چھرا گھونپ دیا گیا۔ آپ گھر سے دودھ لینے نکلے تھے مگر واپس گھر جانا نصیب نہیں ہوا۔ ہسپتال لے جائے گئے جہاں دم توڑ دیا۔

(ص ۱۳۵۔۱۴۱ جلتی مسجدیں، علی اکبر شاہ)

ڈیفنس سوسائٹی کا اجتماع۔ اپریل کا ہنگامہ

تقریباً پندرہ دن کے سکون کے بعد ۱۱ اپریل ۱۹۸۳ء کی رات کو سی ایریا لیاقت آباد میں فسادات کا نیا سلسلہ شروع ہوگیا، اس سلسلہ فساد میں اتنے گھر جلے کہ پچھلے فسادات ماند پڑ گئے۔ کہا جاتا ہے کہ ان فسادات کی ابتداء کسی غلط فہمی سے ہوئی۔ اس سلسلہ میں مختلف حکایتیں بیان کی جاتی ہیں۔ ان سب میں مشترک بنیادی نکتہ یہی ہے کہ سنیوں کی آپس کی لڑائی میں ایک قتل ہوگیا۔ اور چرچا یہ ہوگیا کہ کسی شیعہ نے قتل کردیا ہے اور پھر صبح ہوتے ہوتے جتنے منہ اتنی باتیں۔ پورے لالوکھیت میں یہ بات پھیل گئی۔ قتل کی یہ داستان ہر شخص اپنے اپنے رنگ میں سنا رہا تھا۔ ان رنگ آمیزیوں کے ساتھ ساتھ مقتولین کی تعداد میں اضافہ کیا جانے لگا۔ یہاں تک کہ چھ کی تعداد بھی سننے میں آئی۔ اس غلط فہمی کے بارے میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرے دن حکومت کی جانب سے ایک پریس نوٹ بھی آ گیا مگر اس پریس نوٹ نے سنی حضرات کے جذبات ٹھنڈے کرنے میں کوئی مدد نہیں کی۔

وہ گھر جنکے جلنے کا سلسلہ ۱۱ اپریل کی رات سے شروع ہوا تھا ۱۳ اپریل تک جلتے رہے۔ اس بلّے میں سوائے سی ایریا کی مسجد اور امام بارگاہ امامیہ کے لیاقت آباد نہ کوئی مسجد آگ سے بچی اور نہ کوئی امام بارگاہ۔ ۱۲ اپریل کو مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں بری طرح سے تباہی مچائی گئی جبکہ یہ امام بارگاہ ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ کے فساد کے بعد سے باضابطہ طور پر حکومت کی حفاظتی تحویل میں تھی۔ یہ تباہی ایسی تھی کہ راہ چلتا آدمی بھی اچھی طرح سے اندازہ لگا سکتا تھا کہ تباہ کاروں کو کئی گھنٹے کی کھلی چھٹی دی گئی۔ امام بارگاہ کا آہنی پھاٹک آگ لگا کر گرا دیا گیا تھا۔ امام بارگاہ کی بیرونی چار دیواری کے چھجے گن چلا چلا کر توڑے گئے تھے، اندر امام بارگاہ اور مسجد میں بھی تباہی مچائی گئی تھی۔ مسجد اور امام بارگاہ کا سارا سامان لوٹ لیا گیا تھا یا نذر آتش کر دیا گیا تھا۔ امام بارگاہ کے کتب خانہ کو بھی آگ لگا دی گئی تھی (جس کا افتتاح مولانا منتخب الحق صاحب سابق ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگز کراچی یونیورسٹی نے ۱۱ جولائی 1976 کو کیا تھا) یہ سب کچھ ہوتا رہا مگر پولیس کا کہیں پتہ نہ تھا اور اسی طرح سے مین روڈ لیاقت آباد پر واقع ''مسجد اثنا عشری'' اس طرح سے جلائی گئی کہ ہر گزرنے والے کی نگاہ کا مرکز بن جاتی۔

ہم نے یہ نقشہ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ ۱۲ اپریل کو رات تقریباً ۱/۲ ۸ بجے تھے۔ مین روڈ پر ہلکا ٹریفک چلنے لگا تھا۔ کہیں کہیں پولیس کے ٹرک کھڑے نظر آ رہے تھے۔ دس نمبر کے چوراہے پر ایک ٹرک اور ایک جیپ فوج کی کھڑی تھی۔ ہم سمجھے کہ چلو معاملہ ختم ہو گیا مگر جب ہم چار نمبر لیاقت آباد کے اندر داخل ہوئے تو ہم نے دور سے دیکھا کہ دو گلیوں سے شعلے نکل رہے ہیں۔ لوگوں کی چھوٹی چھوٹی ٹولیاں ادھر سے اُدھر پھر رہی ہیں اور کچھ لوگ گلیوں میں سڑکیں توڑ کر رکاوٹیں بنا رہے ہیں۔

انتظامیہ کا یہ طرز عمل کیوں تھا ہمیں نہیں معلوم۔ حالانکہ اس سے پہلے ۲۱ فروری ۱۹۸۳ء اور ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ء کے سلسلہ ہائے فسادات میں انتظامیہ کا طرز عمل اس قدر افسوس ناک نہ تھا۔ انتظامیہ کے اس طرز عمل پر ہر شخص حیران اور شیعہ بے چین تھے۔ ۱۳ اپریل ۱۹۸۳ کو ڈیفنس سوسائٹی کی امام بارگاہ میں جلسہ ہونے کی اطلاع ملی۔ لوگ گیارہ بجے دن سے وہاں اکٹھا ہونا شروع ہو گئے اور تقریباً ۳ بجے تک دو ہزار افراد کا مجمع اکٹھا ہو گیا بغیر کسی پبلسٹی کے دور دراز علاقہ میں اتنا مجمع اکٹھا ہو جانا قوم کے شدید جذبات کو ظاہر کرتا ہے۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے علماء خطبا بھی جمع ہو گئے۔ یہاں جو ممتاز شخصیتیں جمع ہوئیں ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ مولانا علی مدد صاحب (ہیئت ائمہ مساجد) مولانا عباس کمیلی صاحب، مولانا عباس حیدر صاحب عابدی، علامہ عرفان حیدر صاحب عابدی، پروفیسر علی شاہ صاحب نقوی، صغیر حسین صاحب جعفری ایڈووکیٹ اور جناب محمد حسین دھانجی۔

عوام جلسہ شروع ہونے سے پہلے ہی انتہائی جذباتی ہو رہے تھے۔ جب جلسہ شروع ہوا اور تقریروں نے ذرا طول کھینچا تو مجمع مشتعل ہونے لگا ہر طرف سے آوازیں آنے لگیں کہ ہمیں تقریریں نہیں فیصلہ چاہیے۔ ہم کٹنے مرنے کو تیار ہیں، ہم انتقام لیں گے۔ جب مجمع تقریباً بے قابو ہو گیا اور مقررین کو بات کرنا دشوار ہو گیا تو صدر جلسہ مولانا علی مدد صاحب کھڑے ہوئے مگر مجمع کا وہی انداز رہا تو دو تین منٹ تک دو تین افراد میں کچھ کھسر پھسر ہوئی اور پھر مولانا علی مدد صاحب کے کان میں کچھ کہا گیا چند لمحوں بعد علی مدد صاحب نے اعلان کر دیا کہ پرسوں ۱۵ اپریل مارٹن روڈ کی امام بارگاہ میں بعد نماز جمعہ جلسہ ہوگا۔

غالباً آخری تقریر علامہ عرفان حیدر صاحب کی تھی۔ آپ نے انتہائی جوشیلی تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ پرسوں کے جلسہ میں ہمیں کم از کم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک لاکھ آدمی چاہیے۔اور یہ بھی کہا گیا کہ اگر جلسہ کے التواء کا اعلان ہم سے منسوب کر کے بھی کیا جائے تو آپ یقین نہ کیجئے گا۔اس کے بعد جلسہ اختتام پذیر ہوا۔لوگ خوش اور مطمئن تھے کہ اب کچھ کرنے کا وقت آ گیا۔اس اطمینان کی خاص وجہ یہ تھی کہ جلسہ گاہ میں پرزور الفاظ کے ساتھ یقین دلایا گیا تھا کہ اب صاحبان محراب ومنبر میں اتحاد قائم ہو چکا ہے۔مگر افسوس کہ یہ بات خیال وخواب ثابت ہوئی۔

سانحہ جامع مسجد وامام بارگاہ شاہِ نجف مارٹن روڈ

۱۴/اپریل ۱۹۸۳ کو امام بارگاہ شاہ نجف مارٹن روڈ کی چھت پر ایک بم پھٹا۔جس میں ایک نوجوان زخمی ہو گیا۔کہا جاتا ہے کہ وہ بم بنا رہا تھا۔چنانچہ زخمی نوجوان اور دوسرے سات افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔مارشل لاء کورٹ سے قید اور کوڑوں کی سزا ہوئی۔مگر کچھ عرصہ کے بعد زخمی نوجوان کو چھوڑ کر باقی افراد کی سزا معاف کر دی گئی۔

اُدھر امام بارگاہ ڈیفنس سوسائٹی کے جلسہ کے بعد خطباء جلسہ اور حکام بالا کے درمیان سلسلہ جنبانی شروع ہو گئی۔چنانچہ دوسرے دن یعنی ۱۴/اپریل کو گورنر سے ان خطباء کی ملاقات ہوئی۔ابھی ملاقات کا سلسلہ جاری تھا کہ امام بارگاہ میں بم پھٹنے کی اطلاع آئی اور تمام خطباء کے چہرے اتر گئے۔

رات ہوتے یہ خبریں پھیلنا شروع ہو گئیں کہ کل کا ہونے والا جلسہ ملتوی کر دیا گیا ہے۔مگر پھر بھی ہزاروں افراد کو یقین نہیں آیا اور وہ جلسہ کے وقت پر مارٹن روڈ پہنچنا شروع ہو گئے۔وہاں کی حالت یہ تھی کہ پولیس نے ہر اُس راستہ کو بلاک کر دیا تھا کہ جو امام بارگاہ تک پہنچتا تھا۔اندر بستی کی گلیوں میں فوج اور پولیس کا پہرہ اس طرح لگایا گیا تھا کہ امام بارگاہ کے دروازے تک کوئی نہ پہنچ سکے۔لوگ سینکڑوں کی تعداد میں کوارٹروں کی گلیوں میں امام بارگاہ کے چاروں طرف منڈلاتے رہے۔

چند سو نوجوانوں کا ہجوم ماتم کرتا ہوا امام بارگاہ کے دروازے تک پہنچ جانے میں کامیاب ہو گیا۔مولانا علی مدد صاحب، علامہ عباس حیدر عابدی، علامہ عرفان حیدر عابدی اور جناب صغیر حسین جعفری (ایڈووکیٹ) وہاں موجود تھے کہ مجمع کو سمجھا بجھا کر واپس بھیج دیں گے مگر وہاں کوئی کسی کی سننے کو تیار نہ تھا۔عجب افراتفری کے عالم میں کسی نے ایک ڈی ایس پی کو چاقو مار کر زخمی کر دیا۔دو تین اور افسروں کے چوٹیں آئیں۔بہر حال جب صورت حال قابو میں نہیں آئی تو ہجوم پر شیلنگ کرا دی گئی۔شر پسند بھاگ گئے۔تقریباً تین سو افراد امام بارگاہ میں داخل ہو گئے اور نماز جمعہ (ظہرین) ادا کی۔نماز کے بعد ان تمام افراد کو گرفتار کر کے مختلف تھانوں میں بھیج دیا گیا۔

امام بارگاہ کے باہر کا حال یہ تھا کہ کچھ لوگ قرب وجوار کی گلیوں میں منڈلا رہے تھے اور کچھ جہانگیر روڈ پر کھڑے تھے۔لوگوں کی ایک کثیر تعداد محفل شاہ خراسان پہنچ چکی تھی جہاں چاروں طرف فوج اور پولیس کا پہرہ تھا۔عام لوگ افسردگی کے عالم میں بیٹھے ہوئے تھے۔نوجوان ادھر سے اُدھر مشتعل پھر رہے تھے۔جنکا کوئی والی وارث نہیں تھا۔ہاں کچھ نوجوانوں کے منہ سے یہ ضرور سنا کہ علامہ عباس کمیلی صاحب آئے تھے اور پھر آنے کا کہہ گئے ہیں۔مگر وہ اسوقت وہاں پہنچے جب چاروں طرف دھواں ہی دھواں تھا۔

قائداعظم کے مزار کے سامنے جہاں سے راستہ امام بارگاہ کو جاتا ہے وہاں فوج اور پولیس متعین تھی،تقریباً ڈیڑھ سو فٹ کے فاصلہ سے ایک رسی باندھ دی گئی تھی اور اسی کے اندر ہجوم تھوڑی تھوڑی دیر بعد فلک شگاف نعرے لگا رہا تھا۔یہ سلسلہ تقریباً ۶ بجے شام تک جاری رہا۔

یکا یک ایک نوجوان ایک چھوٹا سا علم سجائے اسی رسی کی طرف جاتا نظر آیا۔پھر تھوڑے تھوڑے وقفہ سے رسی کے قریب ماتم ہوتا رہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اچانک تقریباً سو نوجوان ماتم کرتے ہوئے آگے بڑھنے لگے۔ اور فوج و پولیس کے قریب پہنچ گئے تو شیلنگ کرادی گئی۔ پھر چاروں طرف سے شیلنگ شروع ہوگئی۔ تقریباً پچہتر افراد گرفتار کر لئے گئے۔ مارٹن روڈ اور خراسان کے گرفتار شدگان میں سے بہت سے افراد مختلف وجوہ کی بنا پر مقدمہ چلائے بغیر چھوڑ دئے گئے۔ مگر پھر بھی سینکڑوں افراد کو سمری ملٹری کورٹ سے دس دس کوڑوں اور ایک ایک سال قید کی سزا ہوگئی۔ یہ سب کچھ دو دن کے اندر ہوگیا۔ دو دن پہلے لیاقت آباد کے چالیس سنیوں کو کوڑے لگ چکے تھے۔ ایک ایک سال کی سزا ہو چکی تھی لیکن اب سب کی سزائیں بھی معاف ہو چکی ہیں۔

(ص ۱۴۵۔۱۴۸ جلتی مسجدیں، علی اکبر شاہ)

اقوال معصومین

''ضرورت مندوں کا تمہاری طرف رجوع کرنا، اللہ کی اُن نعمتوں میں سے ہے، جن سے اُس نے تمہیں نوازا ہے۔ تم ان نعمتوں سے اُکتا نہ جانا ورنہ ان سے ہاتھ دھو بیٹھو گے''

(حضرت امام حسین علیہ السلام)

''اپنے نفس کے بارے میں سوچو کیوں کہ تمہارے علاوہ اور اس کے متعلق نہیں سوچے گا۔ اور اپنے نفس کا اتنا حساب لو اور اتنی پوچھ گچھ کرو، جتنا ایک ذمے دار اور فرض شناس آدمی اس سے حساب لے گا''

(حضرت امام زین العابدین علیہ السلام)

''صلۂ رحم اعمال کو پاکیزہ، اموال کو زیادہ، بلاؤں کو دُور حساب کو آسان اور موت میں تاخیر ڈالتا ہے''

(حضرت امام محمد باقر علیہ السلام)

''جو مومن اپنے کسی برادر مومن کی نصرت پر قادر ہو اور وہ اُس کی مدد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی آخرت میں مدد کرے گا اور جو نصرت پر قدرت و اقتدار کے باوجود پہلو تہی کرے تو اللہ اُسے دنیا و آخرت میں اپنی نصرت سے محروم کر دے گا''

(حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جداگانہ دینیات پر
مولانا مفتی محمد شفیع صاحب
مرحوم کی رائے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سنی وشیعہ تعلیم دینیات کے معاملہ میں میری قدیم سے یہ رائے ہے کہ شیعی حدیث وفقہ چونکہ سنی حدیث وفقہ بہت زیادہ مختلف ہے۔ان کی تعلیم میں اگر صرف اس قدر مشترک پر اکتفا کیا جائے جو دونوں مذہبوں میں متفق علیہ ہیں تو دینی ضروریات کے بہت بڑے حصہ سے دونوں جماعتوں کے طلباء محروم ہوجائیں گے اور عملی طور پر وہ تعلیم بالکل ناکافی ہوگی۔اگر اختلافی مسائل کو بصورت اختلاف پڑھایا جائے تو طلباء کے ذہن کو مشوش کرنا اور اختلاف کی بنیاد ڈالنا ہے۔

اس لئے صحیح صورت میرے نزدیک یہی ہے کہ شیعہ حدیث وفقہ باقاعدہ مدون بھی ہیں اس کو علیحدہ پڑھایا جائے اور امتحان کے پرچے بھی الگ الگ ہوں۔میں نے کراچی یونیورسٹی میں نصاب کمیٹی کے ممبر ہونے کی حیثیت سے اس رائے کا اظہار بھی بار بار کیا اور اب کراچی یونیورسٹی میں اس کے مطابق دونوں نصاب علیحدہ کر بھی دیئے گئے ہیں اور تجربہ سے یہ بھی ثابت ہوچکا ہے کہ یہ طریقہ اتحاد بین المسلمین کے لیے بھی مضر نہیں بلکہ مفید ہے اور اتنی علیحدگی سے یونیورسٹی پر کسی مالی بار کا بھی اضافہ نہیں ہوا۔جس کی وجہ اس طریق کے جاری کرنے میں عملی دشواری ہو۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ

بندہ محمد شفیع عفی عنہ (مہر دارالعوم)

(ص ۸۹۔۹۱ خطیب اعظم مولانا سید محمد دہلوی حالات زندگی وتاثرات
مرتبین سید احمد جوہر وسید محمد رضا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخبارات کی روشنی میں

سانحہ مسجد قمر بنی ہاشم و مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد

اور رُوداد مجلس برائے ایصال ثواب شہدا انجولی

☆

سانحہ جامع مسجد و امام بارگاہ شاہِ نجف باغ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخبارات میں شائع ہونے والے اشتہار کا متن

مجلس عزاء

آج بروز جمعہ ۱۸ مارچ بوقت ۲ بجے دن


مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں علماء ایکشن کمیٹی

کی جانب سے مجلس عزا منعقد ہوگی

جس میں صرف فضائل ومصائب اہلبیت ہونگے۔

علماء ایکشن کمیٹی

(روزنامہ جنگ ۱۸ مارچ ۱۹۸۳)



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیاقت آباد میں کرفیو فائرنگ سے ۲۷ زخمی، ایک ہلاک امام بارگاہ سے اسلحہ برآمد

بلوائیوں پر فوجی عدالت میں مقدمہ

کراچی ۱۹ مارچ (سرکاری ہینڈ آؤٹ) مقامی انتظامیہ نے لیاقت آباد کی صورتحال کے پیش نظر لیاقت آباد تھانے کی حدود کے علاقوں میں آج سہ پہر چار بجے سے تاحکم ثانی کرفیو لگا دیا ہے پولیس نے مرکزی امام بارگاہ کو اپنے حفاظتی کنٹرول میں لے لیا ہے اور تلاشی کے دوران مذکورہ امام بارگاہ سے کثیر تعداد میں آتشیں اسلحہ اور تیزاب کی بوتلیں بھی اپنے قبضے میں کر لیں، گذشتہ شب ہونے والی سولہ گرفتاریوں کے بعد آج ایک سو گیارہ مزید افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ جن میں شیعہ مجلس عمل کے آٹھ اراکین بھی شامل ہیں ان پر مارشل لاء کے تحت مقدمات چلانے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ پولیس کو یہ حکم بھی دیا گیا ہے کہ وہ علاقے میں قانون شکن عناصر کی روک تھام کے لئے وسیع پیمانے پر گشت کرے۔ ایک سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق لیاقت آباد کے علاقے میں آج بارہ دوکانوں، چھ مکانات اور ایک سینما گھر کو آگ لگا کر تباہ کر دیا گیا ایک گھڑی ساز کی دوکان کو بھی جزوی طور پر لوٹ لیا گیا اور مخالف گروہوں میں فائرنگ کے تبادلے کے دو واقعات ہوئے۔ ان واقعات میں زخمی ہونے والے ۲۷ افراد کو اسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ جن میں سے ۴۶ افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد اسپتال سے فارغ کر دیا گیا لیکن ایک شخص زخموں کی تاب نہ لا کر ہلاک ہو گیا دن بھر کے دوران آج ۱۷ مزید افراد کو گرفتار کر لیا گیا چنانچہ کل سے اب تک گرفتار ہونے والوں کی تعداد ۱۴۴ ہو گئی۔

کرفیو

آج شام جاری ہونے والے ایک سرکاری ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ آج سہ پہر چار بجے سے تاحکم ثانی لیاقت آباد تھانے کے حدود میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدام علاقے میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ گرفتاریوں سے متعلق پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ روز کے واقعہ کے بعد سولہ افراد کو گرفتار کیا گیا تھا لیکن اس کے بعد جائے واردات سے ایک سو گیارہ مزید افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے جن میں شیعہ مجلس عمل کے مندرجہ ذیل آٹھ آراکین بھی شامل ہیں محمد حسن ترابی، محمد بلال، سید نذر الحسنین، محمد موسیٰ، مرزا یوسف حسین، مرزا صادق حسن غلام نبی، شہاب الدین اور محمد علی راشدی۔

سرکاری ہینڈ آؤٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مذکورہ بالا رہنماؤں پر مارشل لا کے تحت مقدمہ چلایا جائے گا اور جن افراد کو حراست میں لیا گیا ہے ان کے مقدمات کا جائزہ لیا جائے گا۔ جو قصوروار پائے جائیں گے ان پر بھی مارشل لا کے تحت مقدمہ چلایا جائے گا پولیس نے گذشتہ رات اور آج علی الصبح مرکزی امام بارگاہ کی تلاشی کے دوران جو آتشیں اسلحہ برآمد کیا ہے اس میں تین ریوالور چھبیس خنجر، سترہ گولیاں ایک تلوار ایک میگزین اور تیزاب کی سترہ بوتلیں شامل ہیں ایک اور ریوالور امام بارگاہ کے قریبی علاقے سے بھی برآمد کیا گیا۔

پولیس نے فوری طور سے مرکزی امام بارگاہ کو اپنے کنٹرول میں لے لیا ہے اور قانون شکن عناصر کی روک تھام کے لئے علاقے میں پولیس کو گشت میں اضافہ کر دینے کا بھی حکم دیا گیا ہے آج شام کرفیو کے نفاذ کے بعد سے کسی ناخوشگوار واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں ملی۔ رونما ہونے والے یہ تمام واقعات صرف لیاقت آباد کے علاقے تک ہی محدود رہے اور شہر کے باقی علاقوں میں صورت حال معمول کے مطابق رہی کرفیو زدہ علاقے میں کل صبح سات بجے سے نو بجے تک اور سہ پہر چار بجے سے شام چھ تک کرفیو نرم کر دیا جائے گا۔

(روزنامہ امن کراچی ۲۰ مارچ ۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کے سامنے ہنگامہ ۱۲ افراد جاں بحق

فائرنگ کے نتیجے میں ۴ پولیس والوں سمیت ۳۵ افراد زخمی، مشتعل ہجوم نے دو دکانیں اور چار گاڑیاں نذر آتش کر دیں ۱۶ افراد گرفتار، ہائیکورٹ کے جج کے ذریعے تحقیقات کا حکم

کراچی ۱۸ مارچ (اسٹاف رپورٹر) کراچی انتظامیہ نے آج رات ایک بجے کے بعد مندرجہ ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے۔ ہیئت ائمہ مجلس عمل نے جمعہ ۱۸ مارچ کو بعد نماز جمعہ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں مجلس عزا کا اہتمام کیا ہے۔ اس مقصد کے لئے بعض اخبارات میں اشتہارات بھی شائع ہوئے چنانچہ اس کے مطابق امام بارگاہ میں ۲ بجے کے قریب کوئی تین ہزار افراد جمع ہو گئے۔ تاہم یہ مجلس عزا اپنے منتظمین کے ہاتھوں ایک غیر قانونی احتجاجی جلسے میں تبدیل ہو گئی۔ اجتماع کا ایک حصہ قانون شکنی پر اتر آیا! اور علاقے کے باشندوں پر اور وہاں موجود پولیس پر پتھراؤ شروع کر دیا۔

اس اشتعال انگیزی پر مقامی باشندوں نے بھی جوابی پتھراؤ کیا پولیس نے دونوں طرف کے شر پسند عناصر کو آنسو گیس استعمال کر کے منتشر کر دیا اور صورتحال قابو میں کر لی گئی۔ مقامی باشندے اس کے بعد امام بارگاہ کے سامنے سڑک پر جمع ہو گئے اور دونوں طرف سے ایک دوسرے پر اینٹیں پھینکی گئیں جس کے بعد دونوں میں جھگڑا ہوا اسی دوران امام بارگاہ میں موجود بعض افراد نے آتشیں اسلحہ سے فائرنگ شروع کر دی اس فائرنگ اور لڑائی کے نتیجے میں ۱۲ افراد ہلاک ہو گئے اور ۳۵ افراد جس میں چار پولیس والے بھی شامل ہیں زخمی ہوئے اس پر مقامی افراد نے مشتعل ہو کر سخت ردعمل کا اظہار کیا اور دو دکانوں اور چار گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ اخبارات کے پریس میں جانے تک کئی افراد کو گرفتار کیا گیا تھا۔ حکومت نے ان واقعات کی عدالتی تحقیقات کا حکم دیا ہے جو ہائیکورٹ کا ایک جج کرے گا۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ مارچ ۱۹۸۳)

لیاقت آباد میں ہنگامہ دو افراد ہلاک پینتیس زخمی، عدالتی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا

کراچی ۱۸ مارچ (اے پی پی) کراچی کی انتظامیہ نے حسب ذیل پولیس نوٹ جاری کیا ہے ہیئت ائمہ مجلس عمل نے جمعہ ۱۸ مارچ کو بعد نماز جمعہ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں ایک مجلس عزا کا اہتمام کیا تھا اس سلسلے میں بعض اخبارات میں اشتہار بھی شائع ہوئے چنانچہ تقریباً دو بجے دوپہر ۳ ہزار کے لگ بھگ افراد امام بارگاہ میں جمع ہو گئے۔ تاہم مجلس عزا کو منتظمین نے غیر قانونی احتجاجی جلسے میں تبدیل کر دیا۔ اس اجتماع کا ایک حصہ بے قابو ہو گیا۔ اور اس نے علاقے کے مکینوں اور وہاں موجود پولیس پر پتھراؤ کرنا شروع کر دیا۔ اس اشتعال انگیزی پر مقامی لوگوں نے بھی جوابی پتھراؤ شروع کر دیا۔ پولیس نے آنسو گیس استعمال کر کے دونوں طرف کے شر پسندوں کو منتشر کر دیا اور صورتحال پر قابو پا لیا۔

بعد ازاں مقامی مکین دوبارہ امام بارگاہ کے سامنے سڑک پر جمع ہو گئے اور پتھراؤ کا تبادلہ شروع ہو گیا اس دوران امام بارگاہ میں موجود کچھ افراد نے آتشیں اسلحہ سے فائرنگ شروع کر دی چنانچہ اس فائرنگ اور ہنگامہ کے نتیجہ میں دو افراد ہلاک اور ۳۵ افراد جن میں چار سپاہی بھی شامل ہیں زخمی ہو گئے۔

مقامی آبادی نے اس پر مشتعل ہو کر دو دکانوں اور گاڑیوں کو نذر آتش کر دیا۔ اسکے بعد ہجوم کو منتشر کر دیا گیا۔ اور صورتحال پر قابو پا لیا گیا۔ آخری اطلاعات کے مطابق ۱۶ افراد حراست میں لئے جا چکے تھے۔ جبکہ رات کے دوران مزید گرفتاریوں کا امکان ہے حکومت نے ہائی کورٹ کے ایک جج کے ذریعے ان واقعات کی عدالتی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ (روزنامہ حریت ۱۹ مارچ ۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیاقت آباد میں تصادم کی تحقیقات کے لئے جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل ٹریبونل چھ ہفتہ میں رپورٹ پیش کردے گا

کراچی ۲۰ مارچ (پ ر) ایک سرکاری اعلامیہ کے مطابق حکومت سندھ نے سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے مشورے سے مسٹر جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل تحقیقاتی ٹریبونل مقرر کیا ہے جو ۱۸ مارچ کو لیاقت آباد میں مرکزی امام بارگاہ کے قریب ہونے والے فرقہ وارانہ تصادم کے واقعات کی تفتیش کرے گا اس تصادم میں جانی و مالی نقصان ہوا تھا یہ تحقیقاتی ٹریبونل ۱۸ مارچ کو ہونے والے جانی و مالی نقصانات کو وجوہات کا تعین کرے گا صورتحال سے نمٹنے کے لئے انتظامیہ کے اقدامات کافی یا ناکافی ہونے کا تعین کرے گا اور مستقبل میں ایسے واقعات کے اعادہ کی روک تھام کے لئے تجاویز پیش کرے گا ٹریبونل کو اپنی تحریری رپورٹ جلد از جلد صوبائی حکومت سندھ کو پیش کرنا ہوگی لیکن یہ مدت چھ ہفتوں سے زائد نہیں ہوگی۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰، مارچ ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل ۱۴ مارچ سے فرقہ وارانہ ہنگاموں کی تحقیقات شروع کرے گا

گواہی دینے کے خواہشمند افراد سے ۳۰ مارچ تک اپنے نام پتے درج کرانے کی ہدایت

کراچی ۲۱ مارچ (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس ناصر اسلم زاہد جنہیں صوبائی حکومت نے لیاقت آباد میں مرکزی امام بارگاہ کے نزدیک فرقہ وارانہ ہنگاموں کی تحقیقات کے لئے ٹریبونل مقرر کیا ہے ۲۴ مارچ سے سندھ ہائی کورٹ کی عمارت میں تحقیقات شروع کریں گے اس سلسلے میں آج یہاں ایک سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ جس میں ایسے تمام افراد کو ۳۰ مارچ ۱۹۸۳ تک سندھ ہائی کورٹ رجسٹرار کے پاس مکمل پتوں کے ساتھ اپنے نام درج کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جو ۱۸ مارچ کو پیش آنے والے واقعہ کے بارے میں ٹریبونل کے سامنے پیش ہونے میں دلچسپی رکھتے ہوں جو اس واقعہ سے متعلق کوئی شہادت رکھتے ہوں یا اس واقعہ کے بارے میں کوئی مواد پاس رکھتے ہوں اور اس سلسلے میں گواہی دینا چاہتے ہوں۔ ٹریبونل ۲۴ مارچ سے مقامی انتظامیہ کی جانب سے شہادت قلمبند کرنا شروع کرے گا۔ جبکہ عوام کو جانب سے شہادتیں ۴ اپریل سے شروع ہوں گی۔ ٹریبونل نے مزید کہا کہ ٹریبونل اپنی تحقیقات پر زور جاری رکھے گا۔ اس ٹریبونل کی حدود کار میں یہ تین باتیں شامل ہونگی (۱) ان حالات کی تحقیقات کی جائے اور ان اسباب کا تعین کیا جائے جو ۱۸ مارچ کو مالی اور جانی نقصانات کا سبب بنے (۲) صورت حال پر قابو پانے کے لئے انتظامیہ کے اقدامات کافی تھے یا صورت حال اس کے برعکس تھی (۳) مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام کے لئے کون سی انتظامی تدابیر اختیار کی جائیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۲۲ مارچ ۱۹۸۳)

صرف امام بارگاہ کی حدود میں جلسہ کرنے کی اجازت دی گئی تھی

فرقہ وارانہ فساد کی تحقیقات کرنے والے ٹریبونل میں ڈپٹی کمشنر ویسٹ کا بیان

کراچی ۲۶ مارچ (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد کے ۱۸ مارچ کے فرقہ وارانہ فسادات کی تحقیقات پر مامور ٹریبونل کے سربراہ عدالت عالیہ سندھ کے جناب ناصر اسلم زاہد نے آج ڈپٹی کمشنر ویسٹ جناب خالد سعید کا بیان قلمبند کرنا شروع کیا۔ بیان جاری تھا کہ عدالت کا وقت ختم ہوگیا اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سماعت کے لیے ملتوی کردی گئی۔ مسٹر خالد سعید نے اپنے بیان میں بتایا کہ کوان کے دفتر میں امن کمیٹی کے ارکان کا اجلاس ہوا تھا۔ اجلاس کونسلر عابد حسین، سید ظہیر رضا، احمد نایاب، مظفر حسین، ایس انور مرتضیٰ، رفعت عسکری، ریحان اعظمی، تھانے کے انچارج نے شرکت کی تھی۔ ایس پی لیاقت آباد اور ڈی ایس پی سیکورٹی ڈیوٹی پر تھے جس کی بنا پر وہ اجلاس میں شرکت نہ کر سکے تھے۔ اجلاس کا مقصد یہ تھا کہ امن وامان برقرار رکھا جائے۔ دونوں فرقوں کے شرکاء نے یقین دلایا تھا کہ وہ امن وامان قائم رکھنے کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے امام بارگاہ کے ٹرسٹیوں سے بھی فون پر بات چیت کی تھی جنہوں نے امن وامان برقرار رکھنے کے لیے اپنے تعاون کا یقین دلایا تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ میں نے ڈی ایس پی لیاقت آباد کو ہدایت کی تھی کہ وہ امن کمیٹی کے ارکان سے رابطہ رکھیں۔ ڈی ایس پی نے انہیں بتایا تھا کہ تھانہ انچارج نے امن کمیٹیوں کے ارکان کے ساتھ کئی اجلاس کیے ہیں انہوں نے کہا کہ ۱۷ مارچ کی شام کو ڈپٹی کمشنر شرقی ملک شاہد جاوید کے دفتر میں ڈی ایم ایل اے کی زیر صدارت اجلاس ہوا تھا جس میں کمشنر کراچی ڈی آئی جی اور تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں اور ایس ایم ایل اے نے شرکت کی تھی اجلاس میں طے کیا گیا تھا کہ صرف امام بارگاہ کی حدود میں جلسہ کرنے کی اجازت ہوگی اور کسی کو باہر کی جگہ استعمال کرنے نہیں دی جائے گی۔ اس فیصلے پر عملدرآمد کرنے کے لیے لیاقت آباد ڈویژن کی پولیس کے علاوہ ایس پی لیاقت آباد کو پندرہ پلاٹون دی گئی تھی اور پانچ مجسٹریٹ ڈیوٹی پر لگائے گئے تھے۔ اس فیصلے سے ایس پی اور ڈی ایس پی لیاقت آباد کو مطلع کردیا گیا تھا۔

(روزنامہ جنگ ۲۷ مارچ ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ویسٹ پر جرح مکمل کرلی

کراچی ۲۷ مارچ (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل سانحہ لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ وڈپٹی کمشنر ویسٹ خالد سعید کا بیان اور ان پر جرح مکمل کرلی گئی کل ایس پی لیاقت آباد اظہر فاروقی کا بیان قلمبند کیا جائے گا۔ ٹریبونل میں امام بارگاہ کی جانب سے سید صغیر حسین جعفری ایڈوکیٹ جماعت اہل سنت کی جانب سے ایم ایم اے کے زئی اور سواد اعظم اہل سنت کی جانب سے خواجہ شرف الاسلام ایڈوکیٹ پیش ہوئے۔

(روزنامہ جنگ ۲۸ مارچ ۱۹۸۳)

سانحہ لیاقت آباد خصوصی تحقیقاتی ٹریبونل کی ہدایت

کراچی ۲۷ مارچ (اسٹاف رپورٹر) سانحہ لیاقت آباد کی عدالتی تحقیقات کے لیے قائم کیے جانے والے سندھ ہائی کورٹ کے خصوصی ٹریبونل کے سربراہ جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد نے ہدایت کی ہے کہ ۱۸ مارچ کو لیاقت آباد میں ہونے والے واقعہ سے متعلق جو افراد بھی ٹریبونل میں اپنا بیان قلمبند کرانا چاہتے ہوں ۳۰ مارچ تک اپنے نام، مکمل پتہ اور دیگر کوائف سے سندھ ہائی کورٹ کے رجسٹرار کو آگاہ کردیں۔ عوام کی جانب سے پیش ہونے والے ان گواہوں کو بیانات ۴ اپریل سے قلمبند کیئے جائیں گے۔

(روزنامہ جنگ ۲۸ مارچ ۹۸۳

کسی کو امن امان تباہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے

علماء اختلافی مسائل اور فروعی اختلافات کو اپنی تقاریر کا موضوع نہ بنائیں، مختلف تنظیموں کے بیانات

کراچی ۲۷ مارچ (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ کراچی کے کونسلر محمد صدیق راٹھور کی قیادت میں کونسلر حافظ محمد فاروق بیگ اور سماجی کارکنوں پر مشتمل ایک وفد نے مارشل لاء حکام سے ملاقات کی اور انہیں علاقے کے صورتحال سے آگاہ کرنے کے علاوہ کراچی ویسٹ کے گرفتار شدگان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہائی کے بارے میں بات چیت کی مارشل لاء حکام نے وفد کی درخواست پر لیاقت آباد تھانہ میں درج ایف آئی آر ۱۱۰/۸۳ کے تحت گرفتار شدہ افراد کی رہائی کے احکامات جاری کر دیئے جبکہ مزید گرفتار ہونے والے افراد کے معاملے پر بھی ہمدردی سے غور کرنے کا وعدہ کیا۔

دریں اثناء تحریک نظام مصطفیٰ کی تشکیل کردہ قانونی کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ زیر حراست افراد کے مکمل کوائف سے کمیٹی کو آگاہ کریں اس کے علاوہ سانحہ لیاقت آباد کے بارے میں عینی اور دستاویزی شہادتوں سے بھی کمیٹی کو آگاہ کریں تاکہ انہیں اس مقصد کے لئے قائم کئے جانے والے ٹریبونل کے سامنے پیش کیا جاسکے ممتاز علمائے اہل سنت مفتی ظفر علی نعمانی، مولانا محمد حسن حقانی، قاری رضا المصطفےٰ اعظمی، مولانا جمیل احمد نعیمی اور محمد حنیف حاجی طیب نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تمام انبیاء کرامؑ، صحابہ کرامؓ، اہل بیت اطہارؑ اور بزرگانِ دین کی تعظیم وتوقیر اہل سنت کا امتیازی نشان ہے اور ان کی جانب سے کبھی امن وامان کا مسئلہ کھڑا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ حضور اکرمؐ اور جملہ بزرگان دین کے خلاف تقریر یا تحریر کے بارے میں جو قانون موجود ہے اس پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور کسی کو امن وامان تباہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔

ان رہنماؤں نے امن امان کی بحالی میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا ہے اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ تحقیقاتی ٹریبونل میں حقائق پیش کریں علاوہ ازیں تحریک نظام مصطفےٰ کراچی ڈویژن کا اجلاس مفتی عبدالسبحان قادری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ لیاقت آباد کے واقعات کی تحقیقات کرنے والے ٹریبونل کے دائرہ کار میں ۱۷ جنوری سے پیشتر ہونے والے واقعات کو بھی شامل کیا جائے اجلاس نے فیصلہ کیا کہ تحریک نظام مصطفیٰ کی جانب سے جناب مشتاق احمد ریاضی ٹریبونل میں پیش ہوں گے۔

تنظیم دعوت حق کے رہنما پروفیسر محمد عثمان رمز نے اہلیانِ کراچی سے اپیل کی ہے کہ وہ مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور انہیں آپس میں دست وگریباں کرنے کی سازشوں کو آپس کے اتحاد، محبت اور یگانگت کے ذریعے ناکام بنادیں انہوں نے علماء سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اختلافی مسائل اور فروعی اختلاف کو اپنی تقاریر کا موضوع بنانے سے گریز کریں اور ان عناصر کے عزائم کو ناکام بنادیں جو فرقہ وارانہ منافرت پھیلا کر ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔

(روزنامہ حریت ۲۸ مارچ ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل میں ایس پی لیاقت آباد کا بیان

کراچی ۲۷ مارچ (ہینڈ آوٹ) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد کی سربراہی میں تحقیقاتی ٹریبونل نے آج ایس پی لیاقت آباد جناب اظہر علی فاروقی کی شہادت قلمبند کی انہوں نے اپنے بیان میں بتایا کہ ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ کو مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں ایک مجلس عزا منعقد کی جارہی تھی اور کراچی میں کشیدگی کے باعث اس بات کی کوشش کی گئی تھی کہ منتظمین کو مجلس عزا منعقد نہ کرنے پر آمادہ کیا جائے لیکن منتظمین نے مجلس عزا منعقد کرنے پر اصرار کیا جس کے پیش نظر اس سلسلے میں احتیاطی اقدامات کئے گئے تاکہ امن وامان میں خلل نہ پڑے ڈی ایس پی اور انچارج تھانہ لیاقت آباد نے اس کمیٹی کے اراکین اور علاقے کے بااثر افراد سے رابطہ کیا اور ان تمام نے امن عامہ برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ۱۷ مارچ ۱۹۸۳ کی شام ڈی ایم ایل اے کراچی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کے اندر مجلس کے انعقاد کو روکا نہیں جائیگا تاہم مرکزی امام بارگاہ سے جلوس کے نکلنے اور وہاں واپس آنے کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اجازت نہیں دی جائے گی۔ ان کی قیادت میں پولیس فورس کو امن عامہ برقرار رکھنے سے متعلق ایک عملی حکم جاری کر دیا گیا اور علاقے میں پولیس فورس تعینات کر دی گئی۔

تقریباً ڈھائی بجے دن الاعظم کی طرف سے دو بسیں آئیں اور مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کے مقابل اور سڑک کے دوسری طرف آ کر رک گئیں ان بسوں سے اترنے والے افراد مجلس میں شرکت کے لیے آئے تھے اور وہ نعرے لگاتے ہوئے امام بارگاہ کی طرف جا رہے تھے اس مجمع میں سے ایک یا دو لڑکوں نے دوسری طرف کھڑے لوگوں پر پتھر پھینکے جو مخالف گروہوں میں پتھراؤ کے تبادلے کا باعث بن گیا اور پولیس کو شام کے وقت صورتحال کو قابو میں کرنے اور ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس استعمال کرنی پڑی حالات معمول پر آنے کے بعد سے چند گرفتاریاں عمل میں آئیں ایس پی لیاقت آباد پر انکوائری میں حصہ لینے والی پارٹیوں کے وکلا نے جرح بھی کی۔

(روزنامہ حریت، ۲۹ مارچ ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل میں ایس ڈی ایم لیاقت آباد کا بیان

کراچی ۲۹ مارچ (ہینڈ آوٹ) سندھ ہائیکورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد کی سربراہی میں تحقیقاتی ٹریبونل نے آج کارروائی شروع ہونے پر سب ڈویژنل مجسٹریٹ لیاقت آباد خواجہ شفیق احمد کا بیان قلمبند کیا۔ جو مقامی انتظامیہ کی جانب سے پیش کئے جانے والے تیسرے گواہ تھے۔ ٹریبونل نے مقامی انتظامیہ کی جانب سے مزید شہادت قلمبند کرانے کے لئے سماعت ۱۴ اپریل تک ملتوی کر دی اس روز صبح ۱۱ بجے کارروائی دوبارہ شروع ہوگی۔ سندھ ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے کہا ہے کہ عوام کی درخواست پر ٹریبونل نے بیان قلمبند کرانے کے خواہشمند افراد کو اپنے نام درج کرانے کی مہلت میں اضافہ کر دیا ہے اور اس مقصد کے لئے تاریخ میں توسیع کر کے ۱۴ اپریل کر دی گئی ہے عوام کی شہادتیں ۱۰ اپریل کو صبح گیارہ بجے سے قلمبند کی جائیں گی۔

(روزنامہ حریت، ۳۰ مارچ ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل میں مزید چار گواہوں کے بیانات

کراچی ۱۲، اپریل (اسٹاف رپورٹر) سانحہ لیاقت آباد کی تحقیقات کرنے والے خصوصی ٹریبونل نے جو سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل ہے گذشتہ روز تین گواہوں اور آج ایک گواہ کا بیان قلمبند کرنے کے بعد سماعت کل تک کیلئے ملتوی کر دی اب تک ٹریبونل تقریباً پچاس گواہوں کے بیانات قلم بند کر چکا ہے۔

(روزنامہ حریت، ۱۳، اپریل ۱۹۸۳)

لیاقت آباد محلّہ امن کمیٹیوں کے کنوینروں سے ایس ایم ایل اے کراچی ویسٹ کا خطاب

کراچی: ۱۹، اپریل (اسٹاف رپورٹر) ایس ایم ایل اے کراچی (ویسٹ) بریگیڈیر خالد محمود نے لیاقت آباد محلّہ امن کمیٹیوں کے کنوینروں پر زور دیا ہے کہ عوام سے رابطہ قائم کریں اور انہیں تلقین کریں کے بے بنیاد افواہوں پر کان نہ دھریں وہ لیاقت آباد کے مختلف حصوں میں تشکیل دی جانے والی امن کمیٹیوں کے کنوینروں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور علاقہ ایس پی نے بھی شرکت کی امن وامان کی بحالی میں امن کمیٹیوں کے کردار کو سراہتے ہوئے انہوں نے کنوینروں سے کہا کہ شر پسندوں اور افواہیں پھیلانے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے، ایس ایم ایل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے نے انہیں یقین دلایا کہ انتظامیہ کی جانب سے بھرپور تعاون اور تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ محلّہ امن کمیٹیوں کے کنوینروں نے علاقہ میں صورت حال معمول پر آنے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کو امن اور ہم آہنگی کی بحالی میں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

(روزنامہ حریت، ۲۰، اپریل ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل نے بیانات قلمبند کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی

کراچی ۲۳ اپریل (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل سانحات لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل نے عوام اور جماعتوں کے نمائندوں کے بیانات قلمبند کرنے کے لئے سماعت میں ۲۶ اپریل تک توسیع کردی ہے ٹریبونل نے ایسے تمام افراد کو ہدایت کی ہے کہ اپنے بیانات قلمبند کرانے کے سلسلے میں اس مدت کے دوران صبح گیارہ بجے تک سندھ ہائی کورٹ کے رجسٹر سے رجوع کرسکتے ہیں۔

(روزنامہ حریت، ۲۴، اپریل ۱۹۸۳)

تحقیقاتی ٹریبونل میں حلف نامے داخل کرنے کی تاریخ میں توسیع

کراچی ۲۴ اپریل (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل سانحہ لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل نے عدالت میں گواہی کی حیثیت سے بیان قلمبند کرانے والے افراد کی جانب سے حلفنامہ داخل کرنے کی تاریخ میں مزید پانچ یوم کی توسیع کردی۔ قبل ازیں یہ مدت ۲۵، اپریل تک تھی جسے اب بڑھا کر ۳۰، اپریل کردیا گیا ہے۔ ٹریبونل کے سربراہ نے ہدایت کی ہے کہ متعلقہ افراد ہائی کورٹ کے رجسٹرار کے پاس اپنے حلفنامے اس مدت میں داخل کردیں۔

(روزنامہ حریت، ۲۵، اپریل ۱۹۸۳)

عوام بھائی چارے کی فضا قائم کرنے میں تعاون کریں، بریگیڈیئر اخیان گل

مکانات چھوڑ کر جانے والے تحفظ اور اعتماد کے ماحول میں گھروں کو واپس آجائیں

کراچی ۲۵، اپریل (اسٹاف رپورٹر) قائمقام ڈپٹی مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کراچی بریگیڈیئر اخیان گل طاہر نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ خیر سگالی کے سچے جذبات سے باہمی تعاون اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنے میں انتظامیہ کی مدد کریں وہ آج یہاں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور عوامی نمائندوں کے ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے انہوں نے کہا کہ جو افراد اپنے مکانات چھوڑ کر چلے گئے ہیں تحفظ اور باہمی اعتماد کے ماحول میں اپنے گھروں کو واپس آجائیں ڈی ایم ایل اے نے کہا کہ یہ مقامی باشندوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے پڑوسی کا تحفظ اسلامی تعلیمات کے مطابق کریں۔

انہوں نے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں شرپسند عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نگاہ رکھیں اور ان بیرونی افراد کی نشاندہی کریں جو کسی علاقے میں گڑبڑ کے ذمہ دار ہیں انہوں نے کہا کہ ایسے افراد کو فوری طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوالے کیا جائے تاکہ ان کے خلاف ضروری کارروائی کی جاسکے قائمقام ڈی ایم ایل اے نے اجلاس کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ان کے عزیز و اقارب اور بچے کسی قسم کی سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث نہیں ہوں گے جس سے علاقے کے امن وسکون کے لئے کوئی مسئلہ پیدا ہو۔

قبل ازیں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور نمائندوں نے قائم مقام ڈی ایم ایل اے کو بتایا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکمل بھائی چارے اور دوستی کی فضا میں رہتے ہیں چند شر پسندوں نے ان کے دلوں میں نفرت کی خلیج پیدا کرنے کی کوشش کی تھی مگر انہیں اس میں کامیابی نہیں ہوسکی۔ اجلاس میں جناب علامہ سید محمد رضی رکن وفاقی مجلس شوریٰ جناب عبید الرحمٰن رکن مجلس شوریٰ جناب کوثر علی قادری، جناب منور جمال، جناب پروفیسر علی رضا شاہ نقوی، جناب مولانا عباس کمیلی، جناب سید انور حسین جعفری جناب باقر علی ہیمانی، جناب سید صغیر حسین جعفری جناب محمد ظفر کونسلر، جناب صفدر حسین قاضی ایڈوکیٹ جناب عبدالستار ایڈوکیٹ، جناب رضی حیدر جناب رضوان حسین جناب رئیس احمد، جناب محمد حسن اور جناب شمس الحسن نے شرکت کی۔

(روزنامہ حریت، ۲۶، اپریل ۱۹۸۳)

عوام سے امن وہم آہنگی برقرار رکھنے کی اپیل

کراچی ۲۶، اپریل (ہینڈ آؤٹ) کراچی کے قائم مقام ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بریگیڈئر اخیان گل طاہر نے عوام سے امن وہم آہنگی برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے وہ آج یہاں اپنے دفتر میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور سماجی کارکنوں کے وفد سے بات چیت کررہے تھے انہوں نے کہا کہ مسلمان ہونے کے ناطے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ دوسرے فرقوں کا احترام کرے وراپنے پڑوسیوں کی دیکھ بھال کرے وفد نے ملاقات میں امن وہم آہنگی برقرار رکھنے میں مدد کرنے کے اظہار کا اعادہ کیا وفد میں سید محمد ریاض الدین سہروردی سید محمد فاروق احمد، شیخ لیاقت، باقر علی ہیمانی، لیاقت حسین، سرکار حسن اور شرافت حسین شامل تھے

(روزنامہ حریت، ۲۷، اپریل ۱۹۸۳)

لیاقت آباد کے نمائندہ وفد کی ایس ایم ایل اے سے ملاقات

کراچی ۲۹، اپریل (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد کے ایک نمائندہ وفد نے حلقہ نمبر ۲۹ کے کونسلر حافظ محمد فاروق بیگ کی قیادت میں ایس ایم ایل اے ویسٹ بریگیڈیئر خالد محمود سے ملاقات کی۔ وفد نے موجودہ پرسکون حالات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید یقین دہانی کرائی کہ علاقائی امن کمیٹیاں کسی بھی فرقے سے وابستگی سے قطع نظر اہل لیاقت آباد کی جان ومال اور عزت وآبرو کا پورا پورا تحفظ کریں گی۔ وفد نے ان افراد سے جو حالیہ ہنگاموں کے دوران لیاقت آباد سے منتقل ہوگئے ہیں اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھروں کو واپس آجائیں تاکہ علاقے کی پرامن صورت حال کو مزید تقویت حاصل ہو۔ وفد میں سید محمد حسن، سید حسن عسکری، سید منتظر مہدی، سید سبط حسن اور جناب علی جان خاں شامل تھے۔

(روزنامہ حریت، ۳۰، اپریل ۱۹۸۳)

لیاقت آباد کے متاثرہ باشندوں کو ہدایت

کراچی ۶۰ مئی (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد کے ان باشندوں کو جن کے مکانات اور دوکانوں کو لیاقت آباد کے علاقے میں ہونے والے حالیہ ہنگاموں میں نقصان پہنچا ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ۹ مئی کو صبح ۹ ۱/۲ بجے ڈپٹی کمشنر کراچی ویسٹ سے رابطہ قائم کریں اور اپنی شناختی دستاویزات اور انہیں جو نقصان پہنچا ہے اس کے بارے میں متعلقہ دستاویزات پیش کریں۔

(روزنامہ حریت ۷ مئی ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل نے اپنی تحقیقات مکمل کرلی

کراچی ۱۰ مئی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل سانحہ لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل نے گذشتہ روز تحقیقات مکمل کرلی ہے۔ ٹریبونل جلد ہی صوبائی گورنر کو اپنی رپورٹ پیش کردے گا۔ تحقیقاتی ٹریبونل کے سامنے ۲۰ چشم دید گواہوں کے علاوہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی جماعتوں اور اداروں کے نمائندوں نے اپنے بیانات قلمبند کرائے تحقیقات میں صفائی کے وکلاء اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ نے بھی ٹریبونل کی مدد کی۔ واضح رہے کہ صوبائی گورنر کی ہدایت پر اس خصوصی ٹریبونل نے ۱۸ مارچ کو لیاقت آباد میں ہونے والے سانحہ پر ۲۰ مارچ سے تحقیقات شروع کی تھی۔ (روزنامہ حریت، ۱۱ مئی ۱۹۸۳)

سانحہ لیاقت آباد کے تحقیقاتی ٹریبونل نے گورنر کو رپورٹ پیش کردی

کراچی ۳۰، مئی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس ناصر اسلم زاہد پر مشتمل سانحہ لیاقت آباد کے خصوصی تحقیقاتی ٹریبونل نے آج اپنی رپورٹ صوبائی گورنر لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی کو پیش کردی ہے۔ یاد رہے کہ ۱۸ مارچ کو لیاقت آباد میں دو فرقوں کے درمیان ہونے والے تصادم کے واقعہ کی عدالتی تحقیقات کے لئے ۲۰ مارچ کو حکومت سندھ نے خصوصی تحقیقاتی ٹریبونل کے قیام کا اعلان کیا تھا۔

(روزنامہ حریت، ۳۱ مئی ۱۹۸۳)

سانحہ مرکزی امام بارگاہ اور سانحہ شاہ خراسان کے چند قیدی

مولانا حسن ترابی شہید، مولانا محمد بلال، مولانا نذر الحسنین، مولانا محمد موسیٰ (مرحوم)، مولانا مرزا یوسف حسین، مولانا مرزا صادق حسن، مولانا غلام نبی، مولانا شہاب الدین (مرحوم)، مولانا محمد علی راشدی، علی محمد بچے (مرحوم) آغا محمود، آغا آفتاب حیدر (علامہ آغا آفتاب جعفری) صادق عباس، یاور عباس، راحت عابدی

سانحہ لیاقت آباد کے چند قیدی (سی ایریا)، الطاف حسین کاظمی، ارشد حسین، رئیس احمد۔

سانحہ جامع مسجد وامام بارگاہ شاہ نجف مارٹن روڈ۔ دو مقامات پر فساد تین اعلیٰ افسر زخمی، سرکاری اعلان

کراچی ۱۵، اپریل (اپ پ) نظامت کراچی میں درجہ ذیل پریس نوٹ جاری کیا علماء اور معززین کے ایک گروپ نے ۱۳ اپریل کو یہ فیصلہ کیا تھا کہ جمعہ کو شاہ نجف امام بارگاہ میں احتجاجی جلسہ کریں گے۔ لیکن مذاکرات کے بعد ان علماء اور معززین نے ایک ہینڈ بل کے ذریعے فیصلہ کیا کہ جلسہ ملتوی کردیا جائے۔ اس اعلان اور اپیل کے باوجود تقریباً ساڑھے تین سو افراد آج شاہ نجف میں جمع ہوگئے۔ انہوں نے غنڈہ گردی کی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افراد پر حملہ کیا۔ جس سے تین سینئر افسر شدید زخمی ہوگئے۔ مشتعل ہجوم کو منتشر کردیا گیا اور بڑی تعداد میں موقع پر گرفتاریاں ہوئیں منتشر ہونے والا ہجوم شاہ خراسان میں دوبارہ جمع ہوگیا جس کی تعداد بڑھتی گئی۔ اس ہجوم نے بھی تشدد انگیز کاروائیاں کیں اور پرامن طور پر منتشر ہونے سے انکار کردیا شام چھے بجے اس ہجوم نے ایک جلوس نکالنے کی کوشش کی منتشر ہونے کے دوران تقریباً ایک سو افراد شاہ خراسان امام بارگاہ کے اندر داخل ہوگئے اور پتھراؤ شروع کردیا جس سے دو کانسٹیبل شدید زخمی ہوئے۔ تاہم کم سے کم طاقت استعمال کرکے اور تقریباً ۵۷ افراد کو گرفتار کرکے صورتحال پر قابو پالیا گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علماء کے بیانات

مولانا شیخ علی مدد نے امام بارگاہ شاہ نجف میں رونما ہونے واقع کو نہایت غیر ذمہ دارانہ اور غلط قرار دیتے ہوئے اس واقعہ کی مذمت کی ہے اور ہم مذہب لوگوں سے درخواست کی ہے کہ وہ شر پسندوں کا محاسبہ کریں اور حکومت بھی شر پسندوں کا محاسبہ کرے۔

علامہ عباس حیدر عابدی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج شاہ نجف میں جو سانحہ پیش آیا وہ انتہائی افسوس ناک ہے کچھ لوگوں نے نماز کی خواہش کے ساتھ اندر داخل ہونے والوں کے ساتھ مل کر صورتحال کو بگاڑا اور خشت باری کی۔ میں تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ شر پسندوں کے بہکاوے میں نہ آئیں۔ پیار محبت اور اخوت اسلامی کی فضا کو برقرار رکھیں اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ فتنہ پھیلانے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹے۔

علامہ سید عرفان حیدر عابدی نے کہا ہے کہ علمائے ملت جعفریہ کے متفقہ فیصلے کے مطابق امام بارگاہ شاہ نجف کا اجتماع حکومت سے مذاکرات کے بعد منسوخ کر دیا گیا تھا قوم کو تمام وسائل استعمال کر کے مطلع بھی کر دیا گیا تھا قوم نے اپنے رہنماؤں کا احترام کیا مگر کچھ لوگ گلیوں میں جمع ہو گئے۔ شاید ان کو منسوخی کی اطلاع بروقت نہیں مل سکی تھی جن میں شر پسند اور غیر محبّ وطن شامل ہو گئے۔ انہوں نے اشتعال انگیزی کی اور پر امن رہنے کی تلقین کو نظر انداز کیا۔ ان کی تخریب کاری کے باعث انتظامیہ سے تصادم کا ناخوش گوار واقعہ ہوا۔ اشتعال انگیزی کرنے والے لوگ محبّ وطن نہیں ہیں۔ ہر محبّ وطن شہریوں سے اپیل ہے کہ پر امن رہیں۔ افواہوں پر کان نہ دھریں اور اتحاد بین المسلمین کو فروغ دیں۔

(روزنامہ امن کراچی ۱۶ اپریل ۱۹۸۳)

حجۃ الاسلام مولانا علی مدد کا بیان

کراچی ۱۷، اپریل (پ ر) حجۃ الاسلام شیخ علی مدد نے آج ایک بیان میں ایسے تمام افراد کی مذمت کی ہے جو اسلامی بھائی چارے کی فضا کو ختم کر کے فتنہ وفساد کے مرتکب ہو رہے ہیں انہوں نے کہا: رسول خداؐ نے فرمایا ہے کہ فتنہ قتل سے بڑا گناہ ہے لہٰذا ہم ہر اسلامی فرقے سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ایسے عناصر کی نشاندہی کریں جو شیعہ سنی فساد کر کے ملک کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں ایسے افراد یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ تو ہو سکتے ہیں اسلام دوست نہیں ہو سکتے۔

(روزنامہ حریت ۱۸، اپریل ۱۹۸۳)

سانحہ مارٹن روڈ کے چند قیدی

محمد رضا، کاظم رضا، منیر حسین، حسن عسکری، وسیم حسین، ہاشم عباس، ظفر عباس، مصطفیٰ حسن علی، امیر حیدر، علی صفدر، حسن نقی (مولانا حسن ظفر نقوی)، راشد حسین، مرتضیٰ حسن، باقر رضا، سلیم حیدر، ذاکر حسین، قاسم حسین، حیدر علی، علی انور، نذر عباس، دلاور عباس، اسد مسعود، کمال نفیس، اعجاز عباس، تقی رضا، محمد حسین بیگ، تسنیم حیدر، احمد حسین، منظر عباس، تنویر حسین، نایاب حیدر، عابد حسین، ذوالفقار اختر، فرحت عباس، عادل عباس، محمد ابراہیم، مسیّب حسین، آفاق یوسف، عابد اکبر، محمد علی، علی امام، رفاقت علی، قمر عباس، محمد محسن مرزا محمد سیدین، اولاد حیدر، سجاد حسین، محمد ضیغیم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حق بات پہ
کوڑے اور زنداں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حق بات پہ کوڑے اور زنداں
باطل کے شکنجے میں ہے یہ جاں
انساں ہیں کہ سہمے بیٹھے ہیں
خوں خوار درندے ہیں رقصاں

(حبیب جالب)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام بارگاہ شاہ نجف میں دھماکہ اور پولیس پر حملہ کرنے کے الزامات میں ۱۳۵، افراد کو کوڑے لگا دیے گئے ایک تا تین سال قید بامشقت کی سزا

کراچی ۱۷، اپریل (اے پی پی) کراچی سنٹرل جیل میں آج ۵ افراد کو کوڑے لگائے گئے جو امام بارگاہ شاہ نجف میں دھماکہ اور غیر قانونی طور پر آتشگیر مادہ رکھنے کے مجرم قرار دیے گئے تھے۔ سرسری سماعت کی فوجی عدالت نے آج ان آٹھ افراد کے خلاف مقدمہ کی سماعت کی اور انہیں سزا سنادی جن پر ۱۴، اپریل ۸۳ کو امام بارگاہ شاہ نجف میں دھماکہ اور غیر قانونی طور پر آتشگیر مادہ رکھنے کا الزام تھا عدالت کے فیصلہ کے مطابق ان آٹھ افراد کو تین سال قید بامشقت اور ان میں سے پانچ کو پندرہ پندرہ کوڑوں کی سزا دی گئی۔

دریں اثناء ایک اور سرکاری اعلان کے مطابق۔ سرسری سماعت کی فوجی عدالت میں ۲۸۲، افراد پر گڑبڑ پھیلانے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملہ کرنے اور ان کے فرائض میں رکاوٹ ڈالنے کے الزامات کے تحت مقدمہ چلایا گیا ان میں سے ۱۵۲، افراد کو بری کر دیا گیا اور ۱۳۰، افراد کو ایک ایک سال قید بامشقت اور دس تا پندرہ کوڑوں کی سزا دی گئی۔ کوڑے لگانے کی سزا پر آج سنٹرل جیل کراچی میں عملدرآمد ہوا۔ ان افراد کو امام بارگاہ شاہ نجف مارٹن کوارٹرز سے ۱۵ اپریل کو گرفتار کیا گیا تھا۔ (روزنامہ جنگ ۱۸، اپریل ۱۹۸۳)

امام بارگاہ شاہ نجف میں گڑبڑ کرنے والے ۱۳۰، افراد کو قید اور کوڑوں کی سزا

کراچی ۱۷، اپریل (ہینڈ آؤٹ) سرسری سماعت کی ایک فوجی عدالت نے ۱۵، اپریل ۱۹۸۳ کو امام بارگاہ شاہ نجف مارٹن کوارٹرز پر گڑبڑ کرنے اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں پر حملہ کرنے اور ان کے قانونی فرائض کی ادائیگی میں رکاوٹ پیدا کرنے کے الزام میں ۲۸۲ افراد پر مقدمہ چلایا ان میں سے ۱۵۲، افراد کو بری کر دیا گیا جبکہ ۱۳۰، افراد کو سزا سنادی گئی۔ ان افراد کو ایک ایک سال قید بامشقت اور دس سے پندرہ کوڑے فی کس تک کی سزا سنائی گئی مجرموں کو کوڑے کراچی سنٹرل جیل میں مارے گئے۔ (روزنامہ حریت ۱۸، اپریل ۱۹۸۳)

لیاقت آباد، نیو کراچی اور شاہ خراسان کے ہنگاموں میں ملوث ۵۳، افراد کو سزا کراچی ۲۱، اپریل (اے پی پی) سرسری سماعت کی فوجی عدالتوں نے لیاقت آباد، نیو کراچی اور شاہ خراسان کے ہنگاموں میں ملوث ۵۳، افراد کو قید اور کوڑوں کی سزا سنائی ہے۔ یہ لوگ ۱۸، مارچ کو لیاقت آباد، ۲۰، مارچ کو نیو کراچی اور ۱۵ اپریل کو شاہ خراسان کے ہنگاموں میں ملوث پائے گئے تھے۔ فوجی عدالتوں نے ۱۰۴، افراد کے خلاف مقدمات چلائے جن میں سے ۵۱، افراد کو بری کر دیا گیا جبکہ ۵۳، افراد کو سزا سنائی ان لوگوں کو ایک ایک سال کی قید اور پانچ سے دس کوڑوں تک سزا دی گئی ہے۔ بعد میں ان لوگوں کو سنٹرل جیل میں کوڑے لگا دیئے گئے۔ (روزنامہ حریت ۲۲، اپریل ۱۹۸۳)

اداریہ: مساجد کو بچایئے

پچھلے چند دنوں سے فرقہ وارانہ کشیدگی کی آڑ میں جو واقعات ہو رہے ہیں وہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے خالصتاً لادینی تخریب کاری کا نمونہ ہیں۔ یہ تخریب کاری پیشہ ور اور تربیت یافتہ تخریب کار کبھی شیعوں کے نام پر کرتے ہیں اور کبھی سنیوں کے نام پر۔ ان کا مقصد کشیدگی کو برقرار رکھنا اور اس کشیدگی کے ذریعے ملتِ مسلمہ کے بنیادی ادارے مسجد کا تقدس پامال کرنا ہے۔ اب سے دو تین ہفتے قبل سوادِ اعظم اہل سنت کے علماء کی طرف سے عامۃ المسلمین کو مطلع کیا گیا تھا کہ ان کے نام سے نامعلوم عناصر اشتعال انگیز پمفلٹ اور پوسٹر چھاپ رہے ہیں۔ لوگ اس فریب میں نہ آئیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوروز قبل ممتاز شیعہ علماء نے امام بارگاہ شاہ نجف کے واقعات سے اہل تشیع کی کھلی برأت کا اعلان کرتے ہوئے ان واقعات کے ذمہ دار عناصر کی دوٹوک مذمت کر کے اُن کے لیے مؤثر سزا کا مطالبہ کیا تھا۔

جس علاقوں میں تخریب کاری کے واقعات ہورہے ہیں اُس علاقے کے رہنے والوں کا عام مشاہدہ یہ ہے کہ کشیدگی پھیلانے، فساد کھڑا کرنے یا تخریب کاری کا ارتکاب کرنے والے اجنبی چہروں کے لوگ ہوتے ہیں جو کہیں باہر سے آتے ہیں اور آناً فاناً آگ لگا کر چلے جاتے ہیں اور ردّعمل کے طور پر علاقے میں کشیدگی، بدگمانیاں اور افواہیں پھیل جاتی ہیں۔ جو جلتی پر تیل کا کام کرتی ہیں۔ یہ حرکتیں جو بھی عناصر کررہے ہیں وہ نہ شیعہ ہیں اور نہ سنی وہ دین اسلام کے اصل دشمن ہیں اور ان کا مقصد یہ ہے کہ عام مسلمانوں کے جذبات میں چنگاریاں بھروا کر خود مسلمانوں کے ہاتھوں مساجد اور باہم دیگر لوگوں کی جان ومال کو تباہ وبرباد کیا جائے۔ کچھ عرصہ یہ مذموم سلسلہ جاری رہے گا تو عام مسلمان از خود مسجد سے بھی بیزار ہوجائیں گے اور مذہب کو فساد کی اصل جڑ سمجھ کر اس سے متنفر ہوجائیں گے۔ یہ ہوگا تب ہی اس ملک میں مذہب کی رکاوٹ کو دور کر کے الحاد کی بنیاد پر چلنے والے پروگراموں کو توسیع دی جاسکے گی۔ یہ سوچی سمجھی سازش ہے۔ مسلمانوں کو خواہ وہ شیعہ ہوں یا سنی دین کے اصل دشمنوں کو پہچان کر اُن کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے۔ خود کو شیعہ سُنی میں بانٹ کر اور ایک دوسرے سے دست بگریباں ہوکر اسلام کے دشمنوں کو اسلام کے خلاف اپنا مورچہ مضبوط کرنے کا موقع نہ دینا چاہیے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ تمام مسلمان بالعموم اور اہل لیاقت آباد بالخصوص ہوشمند اور باشعور ہونے کا ثبوت اس کشیدگی کو ختم کر کے دیں گے۔

(روزنامہ جسارت ۱۸ اپریل ۱۹۸۳)

حالیہ واقعات میں سزا پانے والوں کے لیے رحم کی اپیل کی جاسکتی ہے

ڈی ایم ایل اے کا کھلی کچہری سے خطاب

کراچی ۲۰ جون (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد میں ہونے والے واقعات میں ملوث جن افراد کو فوجی عدالتوں سے مختلف میعاد کی سزاؤں کا حکم سنایا جاچکا ہے ان کے لواحقین ان کی رہائی کے سلسلے میں رحم کی اپیلیں مارشل لاء حکام کے پاس دائر کرسکتے ہیں۔ یہ بات ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر میجر جنرل محمد افضل خان نے آج رات ضلع ساؤتھ میں لگائی جانے والی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقعہ پر ایس ایم ایل اے ساؤتھ بریگیڈئر اخیان گل طاہر، ڈپٹی میئر عمر یوسف ڈیڈا، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ شمس العارفین، ایس ڈی ایم سول لائنز۔ اعلیٰ پولیس وسول حکام، مجلس شوریٰ، بلدیاتی کونسلر اور سماجی کارکن بھی بھاری تعداد میں موجود تھے۔

میجر جنرل محمد افضل خان نے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن افراد کو اور طلبا کو سزائیں سنائی گئی ہیں وہ کسی ماں کے بیٹے ہیں اور سزا کا سن کر ماں کے دل پر کیا گزرتی ہے اس کا مجھے پوری طرح احساس ہے کیونکہ میں خود بھی خدا کے فضل سے صاحب اولاد ہوں مگر جن لوگوں کو ان افراد کے ہاتھوں نقصان پہنچا ہے ان کے بھی جذبات واحساسات ہیں اگر میری اولاد بھی جرم کریگی تو اس کو بھی قانون کے مطابق پوری سزا دی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ کوڑوں کی سزاؤں کا مجھے ذاتی طور پر بے حد دکھ ہوتا ہے مگر والدین کو چاہیئے کہ وہ اولاد کی بہترین تربیت کریں اور نیک کردار وعمل کی ہدایت کریں جس نے اولاد کی بہتر تربیت نہیں کی وہ گنہگار ہے۔

ڈی ایم ایل اے نے شہر کے حالیہ واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان واقعات کا مذہب اور اسلام سے کوئی تعلق نہیں، نماز نہ پڑھنے والے اسلام کے نام پر چھریاں مار رہے ہیں انہوں نے یاد دلایا کہ ہم جس مذہب کے پیروکار ہیں اس کا رسول کہتا ہے کہ وہ شخص مومن نہیں جس کے ہاتھ اور زبان سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔ آج ہم اس قدر گر چکے ہیں کہ فروعی باتوں پر فساد پھیلا رہے ہیں جبکہ فسادی واجب القتل ہے اسلام میں فتنہ پھیلانے والے کے لیے حکم ہے کہ وہ ملک کی ایک تنہائی آبادی ہی کیوں نہ ہو حاکم اس کو قتل کر دے کیونکہ فتنہ قتل سے زیادہ سنگین جرم ہے۔ جب قتل کی سزا موت ہے تو اس کی سزا کیا ہو سکتی ہے؟۔ انھوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ فتنہ وفساد کی فضاء کو ختم کریں اور اخوت وبھائی چارگی کے جذبے سے ملک کی تعمیر وترقی میں حصہ لیں۔

(روزنامہ حریت ۲۱، اپریل ۱۹۸۳)

حالیہ ہنگاموں میں گرفتار اور سزا پانے والے تمام افراد کی رہائی

احترام رمضان میں گورنر کا حکم

۱۴ جون (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی نے حالیہ ہنگاموں میں گرفتار اور سزا پانے والے تمام افراد کو رہا کرنے کا حکم دیا ہے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے جاری شدہ پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ مقامی انتظامیہ اور مارشل لا حکام کی کوششوں کے نتیجے میں کشیدہ علاقوں میں امن وامان کی فضاء بحال ہو چکی ہے اور وہاں سے اپنے مکانات چھوڑ کر چلے جانے والے افراد بھی واپس آ گئے ہیں۔

اس موقع پر مختلف مکاتب فکر کے علماء وفاقی مجلس شوریٰ کے ارکان، بلدیاتی کونسلروں اور معزز شہریوں نے یقین دہانی کرائی تھی کہ تمام علاقوں میں امن وامان برقرار رکھنے میں انتظامیہ سے بھرپور تعاون کیا جائے گا اور مختلف فرقوں کے درمیان کسی قسم کے قابل اعتراض واقعہ کو رونما نہیں ہونے دیا جائیگا چنانچہ گورنر سندھ و مارشل لا ایڈمنسٹریٹر زون سی لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی نے حکم دیا ہے کہ حالیہ ہنگاموں میں گرفتار اور سزا پانے والے تمام افراد کو فوری طور پر رہا کر دیا جائے۔

(روزنامہ حریت ۱۳، جون ۱۹۸۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولانا سید انیس الحسنین کا ایک اہم اور تاریخی بیان

سندھ بلوچستان ہائی کورٹ متفرق درخواست نمبر 11/1968 محترمہ شیریں بائی دختر جناح کی جانب سے دائر درخواست برائے جانشینی سرٹیفکٹ بسلسلہ ترکہ فاطمہ جناح متوفیہ کے سلسلے میں مولانا انیس الحسنین نے بطور گواہ عدالت کو بتایا کہ ''میں ایک شیعہ مولوی ہوں میرا تعلق اثنا عشری مسلک سے ہے۔ مجھے تقریباً دو بجے رات قائداعظم کی نماز جنازہ پڑھانے کے لیے گورنر جنرل ہاؤس بلایا گیا۔ وہاں پہنچنے پر میری ملاقات محترمہ فاطمہ جناح سے ہوئی اُنہوں نے ہدایت کی کہ پہلے میت کو غسل دوں لیکن جب اُنہوں نے مجھے کہا کہ اس کی کوئی جلدی نہیں اور میں گھر جا کر صبح واپس آ سکتا ہوں کیونکہ یہ رسومات لوگوں کو اطلاع کر کے ادا کرنی چاہیں۔

میں اثنا عشری غسال کو اپنے ہمراہ لے کر گیا۔ اس کا نام شیخ ہدایت حسین المعروف حاجی کلو ہے۔ وہ ابھی تک زندہ ہے میں نے اثنا عشری طریقے کے مطابق غسل کا اہتمام کیا۔ یہ غسل گورنر جنرل ہاؤس کے ایک غسل خانے میں دیا گیا۔ محترمہ فاطمہ جناح نے مجھے نماز پڑھوانے کے لیے کہا۔ نماز اسی کمرے میں پڑھائی جہاں میت رکھی گئی تھی۔ صرف نو یا دس افراد موجود تھے ان میں کچھ نام میں لے سکتا ہوں مثلاً یوسف ہارون، ہاشم رضا، قاسم رضا، آفتاب حاتم علوی، حاجی کلو اور دوسرے غسال۔

اس اثناء میں مولانا شبیر احمد عثمانی پہنچ گئے۔ میں نے اُنہیں بتایا کہ میں شیعہ مسلک کے مطابق رسوم ادا کر رہا ہوں۔ جس پر اُنہوں نے جواب دیا کہ اُنہیں کوئی اعتراض نہیں اور یہ کہ وہ صرف قائداعظم کا چہرہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ میں اُنہیں قائداعظم والے کمرے میں لے گیا۔ جہاں انہوں نے چہرہ دیکھا اور چلے گئے۔ کمرے کے باہر موجود ملک کی نمایاں شخصیات سمیت نواب لیاقت علی خان موجود تھیں۔ اُنہیں بھی پتہ تھا کہ شیعہ روایات کے مطابق تدفین کی جا رہی ہے لیکن کسی نے کوئی اعتراض نہ کیا۔ گورنر جنرل ہاؤس کے صحن میں لے جانے تک میں میت کے قریب بیٹھا رہا۔ اس وقت لوگوں کو چہرہ دیکھنے کی اجازت دے دی گئی تھی۔ اب میت سرکاری اہتمام میں چلی گئی تھی میں اس کے ساتھ نہیں گیا تھا''

(ص ۳۸ قائداعظم کے خاندانی تنازعے مصنف خالد احمد
پرنٹ لائن پبلشرز لاہور پہلا ایڈیشن سن اشاعت اپریل ۲۰۰۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک وکیل کے قلم سے کراچی کے حالات کا تجزیہ

جناب نذیر حسین شاہ کاظمی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کراچی

بشکریہ لاجواب مقالہ (جوابی حلف نامہ)

کراچی میں علمائے اسلام کا تحریر مباحثہ

مؤلف ومحلف: تاج المبلغین۔ مولانا تاج الدین صاحب حیدری قبلہ

صدر دارالتبلیغ الامامیہ گوجرانوالہ کینٹ

jabir.abbas@yahoo.com

(نوٹ: جوابی حلف نامہ کا ابتدائیہ پیش کر رہے ہیں جو ایک نامور قانون داں اور اس مقدمہ میں ملت جعفریہ کی جانب سے وکیل نے تحریر کیا ہے۔ جوابی حلف نامہ سندھ ہائی کورٹ میں فریق مخالف کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات کے جواب کے طور پر عدالت میں پیش کیا گیا اور کتابی شکل میں ''لاجواب مقالہ'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ یہ تاریخی اہمیت کی دستاویز ہونے کے علاوہ ایک وکیل کی نگاہ سے حالات کا بھرپور تجزیہ بھی ہے)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بلا عنوان

نظم میں عربی، فارسی اور اردو غزل اور مذہبی شاعری کا ایک ضخیم مجموعہ مطبوعہ اور غیر مطبوعہ ہے۔ نثر میں ''عربی ادب کے پچیس سال'' جیسے مقالات بھی ہیں جو بذات خود ایک کتاب ہے۔

کانفرنسوں اور سیمناروں کے مقالات بھی صدہا عربی افسانوں کے تراجم افسانوں بھی ادبی اور تحقیقی مضامین بھی تاریخ اسلام پر بھی بے شمار مقالات بھی، جن کے شائع شدہ اور قلمی صفحات میری تین الماریوں میں بے ترتیب پڑے ہیں۔

اس لیے کہ ان کی ترتیب و تنظیم کے لئے جس سرمائے کی ضرورت ہے وہ اتفاق سے ان لوگوں کے پاس ہے جو کاغذ کو فقط حساب کتاب یا پارسلوں میں باندھنے کے لئے مخصوص سمجھتے ہیں۔

میں نے تقریباً چالیس سال سے روزانہ دس سے پندرہ صفحات کے حساب سے جو حاصل مطالعہ و مشاہدہ قلم بند کیا ہے، وہ میرا فرض تھا۔ اس کی ترتیب واشاعت اس معاشرہ سے متعلق ہے جو چاہے تو ان کو نذر آتش کر دے یا مناسب سمجھے تو ان کو مستقبل کے لئے محفوظ کر لے۔

مجھ سے بہت عظیم اہل علم وفکر کے نتائج تباہ ہو گئے اور ارباب دولت کے ہفوات آب زر سے لکھے گئے مگر آخری فیصلہ تاریخ نے کیا جو فیصلوں میں بڑی بے رحم اور غیر جانبدار ہے۔

سید ضیا الحسن موسوی''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابتدائیہ

ماہ جنوری ۱۹۸۳ء سے عروس البلاد کراچی فرقہ وارانہ کشیدگی اور منافرت کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ ۱۳ جون ۱۹۸۳ء کی اخباری خبر ہے کہ اسیران وسزا یافتگانِ فسادات کراچی کو رہائی ملی ہے۔ دمِ تحریر حالات کافی بہتر ہیں۔ ماحول اب بھی خوفزدہ ہے، کل کیا ہوگا وقت بتائے گا۔ عمالِ حکومت، عمائدین وزعمائے شہر فرقہ وارانہ ہم آہنگی پیدا کرنے میں کوشاں ہیں۔ اب تک لیاقت آباد جسے کراچی کا شورش گڑھ کہنا چاہیے مسلمانوں کے لیے نشان حسرت بنا ہوا ہے۔ یہاں کیا ہوا؟ اہلِ کراچی ودیگر ہم وطنوں پر ظاہر ہے۔ قریباً ایک درجن شیعہ مساجد اور امام بارگاہیں ہدف تاخت وتاراج وندرِ آتش ہوئیں۔ بقیاسِ اغلب دوسو سے زائد شیعہ گھروں کو لوٹ لیا گیا بلکہ لوٹ مار کے بعد نذرِ آتش کر دیا گیا جس کی بنا پر شیعہ متاثرین علاقہ سے ترکِ سکونت کر کے چلے گئے۔ یہ متروکہ املاک اور عبادت گاہیں اب بھی حساس ذہنوں اور صلح جو صاحبانِ دل وضمیر کے لیے لمحۂ فکریہ ہیں۔ کراچی شہر کے متاثرہ علاقہ جات میں متعدد بار کرفیو نافذ ہوا۔ پولیس اور فوج محوِ گشت رہی۔ حالات پر قابو پانے کی کوشش کی گئی۔ تفتیش کیلئے کراچی میں ایک تحقیقاتی ٹریبونل کی تشکیل ہوئی جس کے سربراہ مسٹر جسٹس ناصر اسلم زاہد مقرر ہوئے۔

اس دیباچہ کی تالیف کا مقصد فروغِ اتحاد بین المسلمین ہے نہ کسی کی دل آزاری پیش نظر ہے، نہ کسی فرقہ اسلامیہ کی کم مائیگی یا بالاتری نفسِ مضمون ہے۔ پاکستان میں فرقہ وارانہ یکجہتی بدرجۂ اتم موجود ہے اور اہلِ خرد نظر عمیق رکھتے ہیں۔ البتہ کچھ عناصر ماضیِ قریب سے سامنے آئے ہیں جن کا کردار مشکوک اور ارادے مذموم نظر آتے ہیں۔ ہر مخلص، امن پسند اور بہی خواہِ مملکت یہ محسوس کرنے لگا ہے کہ آخر اس ہنگامہ آرائی کا کیا جواز ہے، فرقہ وارانہ کشیدگی سے بالآخر کیا حاصل ہوگا؟ یہ امر مسلمہ ہے کہ جب ملک ہنگامہ آرائی، داخلی انتشار اور تخریب کاری کا شکار رہتا ہے تو اندرون ملک عدم استحکام اور بیرون ملک ملّی ساکھ کا فقدان رہتا ہے۔ ہر نمک خوار پاکستانی کا یہ فرض منصبی ہے کہ وہ ان تخریب کاروں اور ملک دشمن عناصر کی نشاندہی کرے اور انتظامیہ کا فرضِ اولین ہے کہ وہ سماج دشمن، ملک دشمن اور اسلام دشمن شر پسندوں کا قلع قمع کرے۔

دہلی اور نیو دہلی کی طرز پر کراچی میں نیو کراچی آباد ہے۔ یہ آبادی ایک کثیر النفوس شہر ہے جو کراچی کی مضافات میں واقع ہے۔ نیو کراچی میں سیکٹر ۱۱۔ جی ایک داخلی حصہ ہے یہاں اہلِ تشیع کی مختصر آبادی ہے جنہوں نے ۱۹۵۶ء سے اپنی دینی ضروریات کے لیے ایک قطعہ پلاٹ پر مسجد تعمیر کر لی تھی۔ اس کا نام مسجد سکینہ رکھا گیا۔ ایک امام بارگاہ بھی قائم ہوا جس کا نام امام بارگاہ شاہِ کاظمین رکھا گیا۔ شیعہ آبادی اپنے دینی امور میں ان دو عبادت گاہوں سے استفادہ کر رہی تھی۔ اس علاقہ میں گودھرا مسلم شیخ برادری بھی آباد ہے۔ یہ حضرات اہل سنت والجماعت مسلک رکھتے ہیں۔ ہر دو مکاتب فکر کے مسلمان، بھائی چارہ کی فضا میں رہائش پذیر تھے۔ برصغیر میں شیعہ سنی صدیوں سے آباد ہیں۔ سنی اکثریت کی آبادیوں میں شیعہ رہتے آئے ہیں اور شیعہ اکثریت کی آبادیوں میں سنی آباد ہیں۔ معمولی کشیدگی ہر معاشرہ، ہر قریہ بلکہ ہر گھر میں موجود ہوتی ہے۔

شیعہ سنی مسلک کے لوگ آپس میں رشتہ داریوں سے تار و پود ہوئے ہیں بلکہ ایک گھر میں خاوند شیعہ ہے تو بیوی سنی۔ بیٹا سنی ہے تو بیٹی شیعہ۔ دودھیال شیعہ ہے تو ننھیال سنی۔ کسی فرقہ کی فقہ شرع ان رشتہ داریوں اور جداگانہ کیش ومسلک کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے۔ پھر یہ فتنہ کہاں سے اٹھا ہے جو ملک وملت کی بنیادیں ہلا رہا ہے۔ اس فتنہ پرور کی نشاندہی ہو چکی ہے۔ یہ نہ شیعہ ہے نہ سنی۔ یہ فتنہ پرور اسلام کے مشترک ومقدس نام پر تخریب کاری کرتا نظر آتا ہے۔

اس فتنہ پرور کے عزائم کیا ہیں۔ اس فتنہ پرور سے شیعہ بیزار اور سنی نالاں ہیں۔ اس فتنہ پرور تخریب کار کی بابت حکومت وقت فکر کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تا کہ نظام اسلام کے نفاذ کی سرگرم کوششیں سبوتاژ نہ ہوں۔ اندرونِ ملک استحکام رہے، بیرونِ ملک ساکھ بڑھے، شیعہ سنی کا اور سنی شیعہ کا لحاظ کرے۔ پڑوسی، پڑوسی کا حق ادا کرے اور اسکے جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کرے۔ سادہ لوح مسلمان کسی مفاد پرست کی نصائح قبیحہ کا شکار نہ ہوں۔

نیو کراچی سیکٹر ۱۱۔ جی کی مسجد سکینہ کی معمولی مرمت جاری تھی کہ کچھ مقامی لوگ مزاحم ہوئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ یہ مسجد سکینہ نذرِ آتش کر دی گئی اور امام بارگاہ شاہ کاظمین کو منہدم کر دیا گیا۔ مقامی شیعہ تنظیم انجمن فدایان پنجتن کی فریاد درخور اعتنا و سماعت نہ سمجھی گئی۔ چنانچہ یہ معاملہ ایک بالغ النظر تنظیم "ہیئت ائمہ مساجد امامیہ" کے سپرد ہوا۔ یہ معزز تنظیم شیعہ علمائے محراب پر مشتمل ہے۔ اس تنظیم نے ایک فریادی احتجاج منعقد کرنے کیلئے نشتر پارک جو ایک عمومی پارک ہے اور اس نوع کے اجتماعات کے لیے مختص ہے، میں جمع ہو کر نمازِ وحدت ادا کرنے کا اعلان کیا۔ مقامی انتظامیہ نے اپنی صوابدید پارک کو مقفل کر دیا اور اطراف میں پولیس فورس تعینات کر دی۔

چنانچہ نشتر پارک میں انعقادِ نمازِ وحدت نہ ہو سکا۔ اب شیعہ مجمع امام بارگاہ حضرت علی رضاؑ جو قریب ہی برلب محمد علی جناح روڈ پر واقع ہے۔ کی جانب آ گیا اور نمازِ وحدت ادا کی گئی۔ حکومت سندھ نے ہیئت ائمہ کے مطالبات صحیح جان کر من وعن منظور کر لیے۔ اس طرح یہ احتجاجی جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ منظور شدہ مطالبات پر کیا گزری، اس کی تفصیل تو نہیں اجمالی تذکرہ انہی اوراق میں کیا جائیگا۔ یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ اہل تشیع نے اس احتجاجی نشست میں نہ کوئی توڑ پھوڑ کی نہ فرقہ وارانہ مسئلہ پیدا کیا۔

صرف اتنا کہا کہ احتجاجی انتظامیہ کی نااہلی کے بارے میں ہے جس کے باعث شیعہ عبادت گاہیں محفوظ نہیں ہیں اور اس ضمن میں حکومت کو یاد دلانا چاہا کہ جنوری ۱۹۸۴ء کے واقعہ محفل شاہِ خراساں کے بعد حکومت نے اہل تشیع کی عبادت گاہوں کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے اوپر لے لی تھی۔ واضح رہے کہ واقعہ محفل شاہ خراساں میں شیعہ مسجد، عزاخانہ اور شبیہہ جنت البقیع کو نقصان پہنچایا گیا تھا اور مسجد میں موجود قرآن مجید کے نسخے بھی نذرِ آتش ہو گئے تھے۔

اس طرح یہ مسئلہ جو نیو کراچی سے متعلق تھا اور ایک مقامی معاملہ تھا خوش اسلوبی سے حل ہو گیا۔ مسجد سکینہ کا پلاٹ مقامی شیعہ انجمن کو الاٹ کر دیا گیا اور امام بارگاہ کے لیے متبادل پلاٹ دیدیا گیا جس پر شیعہ آبادی نے چار دیواری کھڑی کر دی جو بعد میں منہدم کر دی گئی۔

اب سوادِ اعظم اہلسنت کے بارے میں سنیے۔ دیوبندی مسلک کے حضرات خود کو سوادِ اعظم اہل سنت کہتے ہیں۔ بریلوی مسلک کے سنی حضرات بھی سوادِ اعظم ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ان دو مسالک کے درمیان بھی عقیدے کے اختلافات موجود ہیں لیکن ان کی تفصیل دینا مطلوب نہیں ہے۔

بعض غیر شیعہ مذہبی تنظیمیں حکومت کے منصفانہ فیصلہ سے بلاوجہ ناراض ہو گئیں اور اہل تشیع کے خلاف محاذ آرائی شروع کر دی۔ انہوں نے کئی ہنگامی جلسے اور کانفرنسیں منعقد کیں۔ شیعوں کے منظور شدہ مطالبات کو منسوخ کرنے کے لیے حکومت پر زور دیا اور اپنے دس مطالبات پیش کر دیے اور بہتر گھنٹے کا نوٹس حکومت کو دیدیا۔ اب حکومت کے لیے صورتِ حال معمہ بن گئی۔ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔ چنانچہ مسجد سکینہ کا الاٹمنٹ منسوخ کر دیا گیا بلکہ حسبِ اطلاع بعد میں کسی دوسرا سنی شیخ جماعت کے حوالے کر دیا گیا۔ اہل تشیع کے منظور شدہ مطالبات منسوخ ہو جانے کے بعد سوادِ اعظم کی تحریک زیادہ موثر اور جاندار ہو گئی۔ جلسے جلوسوں، کانفرنسوں، اجتماعات، تقاریر کا سلسلہ اور انعقاد زور پکڑ گیا۔ اخباری خبروں اور رپورٹوں نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس غیظ وغضب کا شکار شیعہ عبادت گاہیں ہوگئیں۔ اہل تشیع کی ذاتی املاک کو نذرِ آتش کیا جانے لگا اور شیعوں کے گھروں میں لوٹ مار اور توہین کا بازار گرم ہوگیا۔ کچھ شیعہ افراد بے تقصیر موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے جن کا تعلق مسجد خیر العمل انچولی کے سانحہ سے ہے۔ انچولی کے سانحہ کے ان شیعہ مرحومین کے ایصالِ ثواب کی مجلس مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد میں ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ء کو ہونا قرار پائی۔ اس مجلس کا انتظام حسب اطلاع تنظیم ہیئت ائمہ مساجد امامیہ نے کیا تھا۔ آغاز مجلس دو بجے دن قرار پایا لیکن یہ مجلس فضائل ومصائب وایصالِ ثواب برپا نہ ہوسکی۔ کیونکہ غیر شیعہ عناصر نے مرکزی امام بارگاہ کا محاصرہ کرلیا اور حملہ کرنے کی بار بار سعی کی۔ اس طرح صورتِ حال کشیدہ ہوگئی۔ حاضرین مجلس کو رات بھر مرکزی امام بارگاہ میں محصور رہنا پڑا۔

پولیس نے متعدد افراد کو حراست میں لے لیا۔ اسیران سانحہ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کو ۱۳ جون ۱۹۸۳ء کو رہا کر دیا گیا۔ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد پر جو ہنگامہ آرائی کی گئی اس کے بارے میں حکومت سندھ نے تحقیقاتی ٹریبونل زیر صدارت جناب مسٹر جسٹس ناصر اسلم زاہد مقرر کر دیا تھا جس میں طویل کاروائی ہوئی جو قریباً دو ماہ پر محیط تھی۔ اس فاضل ٹریبونل نے اپنی رپورٹ حکومتِ سندھ کو بھیج دی ہے جس کے مندرجات سے ہم بے خبر ہیں۔

مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کراچی کے سانحہ کے بابت جو تحقیقات ٹریبونل مقرر ہوا اس میں مقامی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے اپنے بیانات قلمبند کرائے تھے اور شیعہ سنی تنظیموں کی جانب سے بھی گواہان پیشِ عدالت ہوئے۔ دورانِ شہادت شیعہ گواہوں پر فقہی، شرعی اور مذہبی نوعیت کے سوالات کیے جانے لگے جس پر فاضل جج موصوف نے بصرت چاہا کہ مذہبی نوعیت کے سوالات کے جوابات علمائے فریقین دیں۔ چنانچہ راقم الحروف نے امامیہ کونسل آف پاکستان کی جانب سے چار علمائے شیعہ کے نام پیش کیے جن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

۱۔ مولانا تاج الدین صاحب حیدری۔ صدر دارالتبلیغ الامامیہ گوجرانوالہ کینٹ۔
۲۔ مولانا آغا سید ضمیر الحسن صاحب نجفی آف احمد پور سیال ضلع جھنگ۔
۳۔ مولانا عبدالکریم مشتاق صاحب مقیم ناظم آباد کراچی۔
۴۔ مولانا محمد اسحٰق نجفی مقیم محمود آباد کراچی۔

ان علمائے کرام میں سے صرف مولانا تاج الدین صاحب حیدری کو کارِ خاص کے لیے بلایا گیا۔ موصوف ۲۲ اپریل ۱۹۸۳ء کو معہ معاونین سعید وگراں قدر لائبریری کراچی پہنچ گئے۔ اگلے روز فاضل ٹریبونل کو آگاہ کیا گیا کہ شیعہ عالم بنفسِ نفیس موجود کراچی ہیں۔ فریق مخالف (سوادِ اعظم اہلسنت) کے فاضل وکیل (خواجہ شرف الاسلام صاحب) نے فاضل ٹریبونل کو مطلع فرمایا کہ ان کے عالم دین بھی ملتان سے آچکے ہیں لیکن ملتان سے آنے والے سنی عالم دین کا کوئی تحریری حلف نامہ یا جوابی حلف نامہ ٹریبونل کے ریکارڈ پر نہیں آیا اور نہ ہی ان کا نام کسی فریق کے علم میں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جج صاحب موصوف نے حکم دیا کہ استفسارات واعتراضاتِ فریقین جو فقہ شرع سے متعلق ہوں حلف نامہ جات کی صورت میں علمائے دین فرداً فرداً داخل ٹریبونل کریں تاکہ ان کے جوابات تحریری طور پر مخالف فریقین کے علماء دے سکیں۔ اس حکم کی تعمیل کی گئی۔ چنانچہ فریقین نے اپنے علمائے دین کے حلف نامہ جات بذریعہ وکلاء داخل ٹریبونل کیے۔ ایک مختصر حلف نامہ (اعتراضات سے مبرا) مولانا تاج الدین صاحب حیدری نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مورخہ ۲۷ اپریل ۱۹۸۳ء کو داخل ٹریبونل کیا جو اس مرقعہ میں شامل کیا گیا ہے تا کہ حوالہ کے لیے زیر نظر رہے۔

غیر شیعہ تنظیموں نے بھی اپنے اپنے علماء کے حلف نامہ جات داخل کیے۔ کاروائی میں شریک فریقین میں نقول کا تبادلہ ہوا۔ سنی تنظیموں کے معترضین علماء کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ مولانا عبدالسبحان صاحب القادری۔ صدر تحریک نظام مصطفیٰ کراچی۔

۲۔ مولانا محمد وسایا الخطیب صاحب۔ نائب صدر جماعت اہلسنت کراچی۔

۳۔ مولانا محمد اسفندیار صاحب ناظم اعلیٰ سوادِ اعظم اہلسنت پاکستان جامعہ دارالخیر کراچی۔

مولانا تاج الدین صاحب حیدری نے میری معیت میں ہر سہ علمائے مذکورہ کے حلف نامہ جات کا بغور مطالعہ فرمایا اور اعتراضات واستفسارات کا جائزہ لیا۔ معترضین علماء کے علیحدہ علیحدہ تحریری حلف نامہ جات سے لیے گئے اعتراضات شاملِ گلدستہ ہیں قارئین کیلئے فکر انگیز ہیں۔

راقم الحروف کو جب یہ محسوس ہوا کہ شیعہ عالم دین کی اشد ضرورت ہے تو مولانا موصوف سے رابطہ کی کوشش کی گئی۔ ان کا ٹیلی فون نمبر میرے پاس نہ تھا۔ مدرسہ محمدیہ سرگودھا میں مولانا ملازم حسین اصغر سے ٹیلیفون پر رابطہ ہوا۔ ان کی معرفت بلوا کر کرنل (ریٹائرڈ) سید شبیر حسین شاہ صاحب سے اس مرحلہ کے بارے میں بات چیت ہوئی۔ مقصد یہ تھا کہ کرنل صاحب موصوف مولانا تاج الدین حیدری سے رابطہ قائم کریں اور کراچی بھجوائیں کرنل سید شبیر حسین صاحب اور مولانا ملازم حسین اصغر صاحب نے مناسب تگ ودو کی، ممتاز حسین صاحب جعفری آف وزیر آباد کی وساطت سے مولانا تاج الدین حیدری کو دارالتبلیغ گوجرانوالہ کینٹ میں پیغامات پہنچائے اور ٹیلیگرام وغیرہ بھجوائے۔ ان دنوں میں مولانا تاج الدین حیدری صاحب (حسب اطلاع ٹیلیفون) مجالس کے سلسلہ میں ڈیرہ غازیخان گئے ہوئے تھے۔ مجھے فون پر کرنل شبیر حسین صاحب نے بتایا کہ مولانا تاج الدین حیدری گوجرانولہ واپس آنے والے ہیں کیونکہ ان کا بشمولِ وفد صدرِ مملکت جناب ضیاء الحق صاحب سے گوجرانوالہ میں ملنے کا پروگرام ہے۔

چنانچہ حسب پروگرام صدر مملکت گوجرانوالہ تشریف لائے۔ اس مخصوص تاریخ پر مولانا تاج الدین حیدری بھی واپس گوجرانوالہ پہنچ گئے۔

واضح رہے کہ مولانا تاج الدین حیدری اپنے حلقہ انتخاب سے منتخب کونسلر بھی ہیں۔ اس ناطہ سے اور معروف شیعہ عالم ہونے کے باعث صدر مملکت سے ان کا ملاقات کا پروگرام مرتب ہو چکا تھا۔ بنابریں مولانا تاج الدین حیدری، مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ کی سربراہی میں شامل وفد ہو کر صدر مملکت سے قومی مفادات بالخصوص کراچی کے حالیہ فرقہ وارانہ فسادات کے بارے میں مخصوص معروضات پیش کرنا چاہتے تھے۔ میرا خط بقدرِ مضمون مختصر ہے

۱۶۔۴۔۸۳

قبلہ مولانا تاج الدین حیدری صاحب مدظلہ العالی

السلام علیکم!

امید ہے آپ بخیر وعافیت ہوں گے اور خداوند عالم وچہاردہ معصومین علیہم السلام آپ کو محفوظ ومامون رکھیں۔ اسی خط کے اندر ایک خط جس کا مکتوب الیہ کرنل سید شبیر حسین شاہ آف سرگودھا ہے ندھے اور یہ ملفوفہ اضافی ہے حالات فوٹو اسٹیٹ خط سے آپ کو پتہ چل جائیں گے۔ تاکیداً عرض ہے کہ آپ معہ حوالہ جات تیار رہیں اور دوسرے ٹیلیفون پر آپ کو مطلع کیا جائیگا کہ کراچی میں آپ کو کسی مخصوص تاریخ پر تشریف لانا ہے۔ یہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قومی کام ہے۔آپ مولانا مرحوم مبلغ اعظم کی جگہ بی بی عالیہ کے وکیل ہیں۔اس لیے یہ دینی فریضہ واجب ہے۔مطلق غفلت نہ کریں۔کراچی میں آپ کی آمد آمد کا شور وغل ہے۔

عدالت کی پیشی کی تاریخ تاحال مقرر نہیں ہوئی۔دوسرا ٹیلیفون کرنے پر آپ کو براہ راست یا بذریعہ کرنل صاحب موصوف تاریخ مقررہ سے آگاہی ہوگی۔آپ اپنے ساتھ چاہیں تو ایک معاون لاسکتے ہیں۔خرچہ ظاہر ہے ہمیں برداشت کرنا ہے۔اطمینان سے آئیں اور یہ ٹالنے والی بات نہیں ہے۔آپ میرے غریب خانہ پر تشریف لاچکے ہیں۔

کیفیت ایک استغاثہ کی رکھتا ہے۔میرا یہ خط مولانا تاج الدین حیدری کو مل چکا تھا۔اس مختصر مکتوب کو پڑھنے کے بعد مولانا تاج الدین حیدری پر یہ بات واضح ہوچکی تھی کہ ان کا کراچی جانا ایک ایسا فریضہ ہے جس سے پہلوتہی کرنا ہر لحاظ سے نامناسب تھا۔واضح رہے کہ میں نے اپنے خط میں بھی تاکیداً لفظ ''فریضہ'' تحریر کیا تھا تاکہ مولانا تاج الدین حیدری پر اہمیت واضح ہو، وہ اپنی مصرفیات ترک کردیں اور عازم کراچی ہوں۔

میرا اضطراب اور مولانا تاج الدین حیدری کی آمد

(جمعہ ۲۲، اپریل ۱۹۸۳ء) جب راقم الحروف تحقیقاتی ٹریبونل میں شیعہ عالم کو پیش کرنے کا عہد کرچکا تو میرے دل ودماغ میں اضطرابی کیفیت پیدا ہوچکی تھی۔ایک آدھ دن قبل کرنل سید شبیر حسین شاہ صاحب نے مجھے فون پر بتایا تھا کہ مولانا موصوف گوجرانوالہ میں نہیں تھے۔اس اطلاع پر کہ تاحال کرنل صاحب کا رابطہ مولانا موصوف سے نہیں ہوسکا تھا۔میں سخت مضطرب ہوا۔یوم جمعہ کے باعث عدالتی تعطیل تھی۔میں سنگین تذبذب کا شکار رہا تھا۔

پورا دن فکرمند رہا کہ کل ٹریبونل میں کس عالم دین کے موجود ہونے کی اطلاع دوں گا۔رات ہوچکی تھی۔میں متفکر ومضطرب اپنے کمرے میں بیٹھا ہوا اکیلا سوچ رہا تھا کہ کل ٹریبونل میں کیا کہوں گا۔عالم دین کو پیش کرنے کا وعدہ کیا جاچکا تھا اور مطلوبہ عالم دین سے رابطہ قائم نہیں ہوسکا تھا۔رات کے دس بجے کا وقت ہوگا کہ کسی نے ہمارے دروازے پر گھنٹی بجائی۔میں نے اپنے لڑکے ذکی رضا کو دریافت کرنے کے لیے بھیجا تو اس نے واپس آکر بتایا کہ کچھ آدمی ایک سوزوکی گاڑی سے اپنی کتابوں کے کچھ صندوق اتار چکے ہیں اور کچھ اتارے جارہے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ مولانا تاج الدین حیدری کے آدمی ہیں۔اس اطلاع پر میں خوش تو ہوا لیکن ذرا سوچا کہ صرف کتابیں اور مولانا صاحب کے بھیجے ہوئے افراد وقت کی ضرورت سے عہدہ براء نہیں ہوسکیں گے۔

تھوڑی دیر میں تین افراد میرے پاس بالائی منزل پر آپہنچے۔کتابوں کے صندوق نیچے رکھوادیے گئے۔اس صورت حال میں دعا سلام کے بعد جو پہلا سوال میرے ذہن میں مرتب ہوا وہ یہ تھا کہ مولانا تاج الدین حیدری کیوں نہیں آئے۔یہ تینوں افراد میرے سوال کا مفہوم فوراً سمجھ گئے۔ان میں سے مولوی غلام حسین نے مسکرا کر بتایا کہ ان کے استاد مولانا تاج الدین حیدری آج رات بذریعہ ہوائی جہاز کراچی پہنچ رہے ہیں۔آپ ان کے لیے گاڑی اور آدمی بھیجیں جو اُن کو ایئرپورٹ سے گھر پر لے آویں۔میں نے اپنے لڑکے ذکی رضا اور بھانجے عنایت حسین کو ایئرپورٹ بھیجا۔بحمداللہ وہ مولانا موصوف کو لیکر رات کے ایک بجے کے قریب گھر پر آگئے میں جاگ رہا تھا۔

مولانا کے انتظار میں بیٹھا تھا۔مولوی صاحب تشریف لے آئے میں نے ان کے چہرے پر ایک لمحہ کے لیے نظر جمائی۔تصور میں مبلغ اعظم مولوی محمد اسمٰعیل مرحوم کو دیکھا۔مولانا سے بغل گیر ہوکر میں نے ان کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے بار بار کے شکریہ کہنے پر مولانا صاحب نے کہا کہ میں اپنے فرض کی تکمیل کیلئے آیا ہوں۔ آپ کے خط نے مجھے پابند اور بے قرار کر دیا تھا۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ یہ خط مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ نے پڑھا اور مجھے کراچی جانے کی تاکید کی اور بقیہ مصروفیات ترک کرنے کا حکم دیا۔ میں نے مولانا صاحب سے مختصر کیفیت رات کے وقت عرض کی اور بتایا کہ کل عدالت میں پیشی نہیں ہے۔ صرف عدالت میں نام بتانا ہے کہ کون شیعہ عالم کشائش عقدہ کے لیے کراچی میں تشریف فرما ہے کہ طلبی پر حاضر ٹریبونل ہوسکتا ہے۔ مولانا صاحب کے تاثرات سے میں نے یہ محسوس کیا کہ ابھی تک محسن قوم شیعہ، مبلغِ اعظم محمد اسمٰعیل دیوبندی مرحوم زندہ ہیں۔

یہ امر قابلِ وضاحت ہے کہ میں نے مولانا تاج الدین صاحب حیدری کو (مولانا محمد اسمٰعیل دیوبندی مرحوم کے بعد) بی بی عالیہ سیدہ طاہرہ فاطمہ زہراؑ کا وکیل کہا ہے۔ یہ میرا ذاتی اندازِ فکر ہے۔ قارئین کرام کی آراء مختلف ہوسکتی ہیں۔ راقم الحروف کے ساتھ امامیہ کونسل کا رابطہ اور شیعہ وکلاء کے پینل کی تشکیل ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ء کے سانحہ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کے بابت حکومت کے پریس نوٹ مجریہ ۱۹ مارچ ۱۹۸۳ء کے مطابق تحقیقاتی ٹریبونل کی تشکیل ہوچکی تھی اور کاروائی کا آغاز ہوچکا تھا۔

اس اندوہناک سانحہ کے بعد ایک تنظیم بنام شیعہ کونسل کی ہنگامی تشکیل کی خبر بھی اخبارات میں شائع ہوچکی تھی۔ اس شیعہ کونسل میں وکلاء کا پینل بھی مرتب ہوا تھا۔ شیعہ کونسل کی کارگزاری کے بابت کچھ نہ لکھنا ہی بہتر ہے تاکہ باہمی شکوہ وشکایت کا جواز پیدا نہ ہوسکے البتہ کراچی کے معروف شیعہ قانون دان سید صغیر حسین صاحب جعفری جو بذات خود متذکرہ شیعہ کونسل کے نامی گرامی رکن تھے۔ تحقیقاتی ٹریبونل میں فلاح المومنین ٹرسٹ لیاقت آباد (یہ ٹرسٹ مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کراچی کا نگران ادارہ ہے) کی جانب سے پیش ہوئے لیکن دوسرے دن ٹریبونل کا بائیکاٹ کر دیا۔ اسی طرح حسبِ نقل درخواست زیرِ نظر انجمن فدائیان پنجتن سیکرٹریٹ۔ جی نیو کراچی کے عہدیدار مرزا تقی شوق نے بھی ٹریبونل سے کنارہ کشی کرلی اور شریک انکوائری وکاروائی ٹریبونل نہ ہوئے۔ اب ٹریبونل میں شریک کار کوئی شیعہ تنظیم موجود نہ تھی۔ اس طرح ٹریبونل کی کاروائی یکطرفہ رُخ اختیار کرسکتی تھی۔

اہلِ علم بالخصوص قانون اور عدالتی امور سے واقفیت رکھنے والے اہل الرائے حضرات اچھی طرح جانتے ہیں کہ عدالتی فیصلے فائل پر موجود مواد کی روشنی میں کیے جاتے ہیں۔ جن لوگوں نے یہ سمجھا کہ تحقیقاتی ٹریبونل میں کاروائی کسی شیعہ تنظیم کی عدم موجودگی کے باعث یکطرفہ رخ اختیار کرسکتی ہے، ان میں امامیہ کونسل پیش پیش تھی۔ یہ ملک گیر شیعہ تنظیم ہے۔ اس کا اپنا ڈھانچہ ہے اور کارکردگی۔ کراچی میں اس تنظیم کی شاخ محوِ عمل ہے۔ کراچی میں سید صغیر رضا زیدی امامیہ کونسل کے علاقائی سیکریٹری ہیں۔ اس تنظیم نے شامل انکوائری ٹریبونل ہوکر اپنا فریضہ ادا کیا۔ ضروری اخراجات برداشت کیے۔ واضح رہے کہ راقم الحروف اور دیگر وکلاء مشمولہ پینل نے اس معزز تنظیم کو اپنے پیشہ ورانہ معاوضہ سے مستثنیٰ رکھا۔ ہمارے لیے یہ سعادت ہے کہ اس دینی کام میں امامیہ کونسل کی وساطت سے ہم شریکِ کاروائی ہوئے۔

ٹریبونل کی کاروائی شروع ہوئے دو دن ہوچکے تھے اور بائیکاٹ جس کا تذکرہ اوپر کیا گیا ہے، عمل میں آچکا تھا۔ ناچیز عدالت میں حسب معمول اپنے عدالتی کام میں مشغول تھا کہ مجھے امامیہ کونسل کے کارکن تلاش کر رہے تھے۔ میرے لیے یہ بڑا اعزاز ہے کہ مجھے اس کارِ منصبی کے لیے موزوں تصور کیا گیا۔ وگرنہ من آنم کہ من دانم۔ سید صغیر رضا زیدی، شیخ ریاض علی، راجہ نصیر اسد، سید اکبر حسین، سید دلیر حیدر رضوی وغیرہ نے صورتِ احوال بیان کی۔ ٹریبونل میں پیش ہونے کے لیے مجھے مقرر کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریبونل میں کوئی شیعہ تنظیم شاملِ کاروائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں ہے کیونکہ شیعہ کونسل کے معزز رکن وکیل سید صغیر حسین صاحب جعفری نے بعض وجوہ کی بنا پر بائیکاٹ کر دیا ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ ٹریبونل کے فیصلے یکطرفہ رخ اختیار کریں۔

میں نے ان حضرات کو پوری اعانت کا یقین دلایا لیکن وضاحت کی کہ عموماً اس قسم کی پیچیدہ اور محنت طلب قانونی اور عدالتی کاروائیوں کے لیے معاون وکلاء کی ضرورت ہوگی۔ مجھے شیعہ وکلاء کا پینل بنانے کا اختیار دیدیا گیا۔ میں نے اپنے علاوہ جن فاضل وکلاء کو شامل پینل کیا ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب وزیر علی ایف وزیر صاحب

۲۔ جناب سید اختیار حسین صاحب رضوی

۳۔ سید علی رہبر صاحب رضوی اور

۴۔ جناب احمد علی صاحب

ان فاضل وکلاء نے مجھ سے حقیقی تعاون فرمایا۔ ہر مرحلہ پر میری حوصلہ افزائی کی اور اپنی مساعی جمیلہ سے میرے شریک کار رہے۔ میں ان کی اعانت کا شکر گزار ہوں۔

اس ابتدائیہ کا شامل گلدستہ کرنا کیوں ضروری ہوا؟ اس کا ذکر بعد میں کروں گا۔ پہلے یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ مولانا تاج الدین صاحب حیدری کی عرق فشانی کا اجمالی تذکرہ کردوں کہ مولانا تاج الدین صاحب حیدری نے کس جان گذاری، تندہی، فرض شناسی اور عقیدت سے اس کام کی تکمیل کی جوان کے ذمہ لگایا گیا۔ یہ بات مخفی نہیں کہ مولانا تاج الدین صاحب حیدری شیعیت سے مشرف ہوجانے سے پہلے مسلک اہلسنت والجماعت سے منسلک تھے اور خاصی شہرت کے حامل سنی عالم تھے۔ نسبتاً سنی عقائد کی طرز پر وسیع مطالعہ رکھتے ہیں۔ قرآن مجید، تفاسیر، تراجم، کتب عقائد وکلام اور تواریخ اسلام کی بلیغ النظر علمیت رکھتے ہیں۔ اس خصوصیت میں مبلغ اعظم مولانا محمد اسماعیل دیوبندی مرحوم ومغفور کی زندہ مثال ہیں۔ مبلغ اعظم مرحوم کی طرح یہ بھی عقائد مذہب حقہ شیعہ اثنا عشری امامیہ سے مشرف وفیض یاب ہوگئے اور ناقدانہ انداز میں کتب سواد اعظم کا مطالعہ شروع کیا۔

خداداد استعداد کی بنا پر اعتراضات واستفسارات کے مدلل جوابات مرتب کرنے اور برسر عام بطرز مناظرہ استدلال دینے کی شہرۂ آفاق اہلیت پائی۔ موصوف دارالتبلیغ الامامیہ گوجرانوالہ کینٹ کے سرپرست اور صدر ہیں۔ امور تبلیغ مذہب حقہ امامیہ میں لحہ بہ لحہ کوشاں ومصروف ہیں۔ سلسلہ درس وتدریس بھی ہے۔ مجالس ومحافل میں بھی تبلیغ مسلک امامیہ میں عرق ریز ہیں اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے سلسلہ میں محسن ملت جعفریہ مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ کے معتمد علیہ شریک کار ہیں۔

جب کراچی میں مولانا موصوف کے ذمہ تردید اعتراضات کا کام سونپا گیا وہ دینی انہماک سے حوالہ جات مرتب کرنے لگے۔ ان کے پاس ایک ضخیم ذاتی لائبریری تھی جس سے کما حقہ استفادہ کیا گیا۔ ان کے معاونین مولوی غلام حسین مہدی یعسوب (مولانا موصوف کے فرزند ارجمند) اور ثناء اللہ نے اعانت کی۔ میں ان کے تحقیقی کام قانونی نقطۂ نظر سے جانچتا رہا اور ان کے تحقیقی مواد کو قانون کی محتاط تحریر میں ڈھالتا رہا۔ بعض مراحل میں سید اختیار حسین رضوی ایڈووکیٹ اور سید علی رہبر رضوی ایڈووکیٹ میرے مدد ومعاون رہے۔ یہ کار عظیم قریباً دو ہفتہ تک جاری رہا۔

ان محققین کی جماعت میرے غریب خانہ پر مقیم رہی۔ میں نے حسب توفیق خاطر ومدارات کی۔ امامیہ کونسل کی عنایات بھی شامل حال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہیں۔ معززین شہر کا تانتا بندھا رہا۔ بعض علمائے کرام بھی تشریف آور ہوئے۔ ضعیف العمری کے باوجود مولانا محمد باقر شمس قبلہ رنجہ قدم ہوئے۔ علامہ عرفان حیدر عابدی صاحب کی آمد بھی ہماری ہمت افزائی کا موجب ہوئی۔ مشہور مبلغ سید فرزند رضا رضوی مدظلہ، معہ جناب سید ظہیر عباس رضوی صاحب نے بھی ہماری جانفشانی کا جائزہ لیا۔ دیگر حضرات کے نام فرداً فرداً لکھنا باعثِ طوالت ہوگا۔

اس لیے معذرت خواہ ہوں۔ بعض اکابرین ملت نے دعوتِ طعام کی زحمت بھی فرمائی لیکن مولانا اس قدر مصروف تھے کہ صرف مصافحہ و تعارف کی حد تک ہی ملاقات رہتی۔ ہر آنے والا مطمئن تھا کہ جس جان کوشی سے جوابات مرتب ہو رہے ہیں، مخالفین کے لیے انشاءاللہ دلائل قاطع وبراہین ساطع ثابت ہوں گے۔

وقت کی کمی، کام کی زیادتی اور شدتِ مصروفیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایک مرحلہ پر ہمیں ۲۶ گھنٹے مسلسل متواتر تحقیق و تحریری کام کرنا پڑا جبکہ دوسرے ہی دن جوابی حلف نامہ جات ٹریبونل میں داخل کرنا ضروری تھا۔ مولانا صاحب تحقیق وحوالہ جات کو طول دے رہے تھے اور وقت کا دامن تنگ ہوتا جارہا تھا۔ مجھے اس طرح محسوس ہو رہا تھا کہ مولانا کا مافی الضمیر ابھی تشنۂ تسکین تھا۔

میں نے مولانا سے گزارش کی کہ عدالتی حکم کے مطابق آج ۱۱ بجے دن جوابی حلف نامہ جات کا داخل کرنا لازمی ہے۔ قارئین کرام مذہب شیعہ پر کیے گئے حلفی اعتراضات وحلفی جوابات کا مطالعہ کرکے اندازہ لگا سکیں گے کہ اس کارِ عظیم کی نوعیت کیا تھی، کتنا وقت درکار تھا، کتنا وقت دستیاب تھا اور کس قدر صحتِ مضمون پیشِ نظر تھی کیونکہ آخر یہ دستاویز دائمی عدالتی ریکارڈ کا حصہ بننا تھی۔ وقت کی کمی اور کام کا حجم ہمارے آڑے نہ آسکے، کم از کم میں اس دستاویز سے مطمئن ہو چکا تھا کیونکہ اعتراضات کا کوئی پہلو تشنۂ تکمیل نہیں رہا تھا۔ میں نے اس دستاویز کے صفحات کو یکجا کرکے شمار کیا۔ یہ ۷۶ صفحات کی ایک مدلل کتاب (بہ قدر حجم نہیں بنفسِ مواد) مرتب ہو چکی تھی۔

اس جوابی حلف نامہ کے آخری دو صفحات اضافی ہیں۔ یہ جامع الازہر مصر کا فتویٰ بخط عربی واردو ہے۔ اس طرح یہ گلدستہ ۷۸ صفحات کی ایک مستند تاریخی دستاویز تھی جو معرضِ وجود میں آچکی تھی۔ قارئینِ عظام کے لیے ہدیۂ تبریک ہے۔ مؤلفین وقارئین بہ فضل ایزدی وبہ کرم چہاردہ معصومین علیہم السلام مثاب وماجور ہونگے۔

اب حسبِ وعدہ عرض کروں گا کہ اس ابتدائیہ کو پیش لفظ کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ پچھلے صفحات کے مطالعہ سے ایک مخدوش فضا کا نقشہ نظروں کے سامنے آتا ہے۔ کراچی کا عمومی اور لیاقت آباد کا خصوصی ماحول احاطۂ تحریر میں شامل ہوجاتا ہے۔ کراچی یہ روشنیوں کا شہر، کھنڈرات میں تبدیل ہوتا نظر آرہا تھا۔ مسلمان خوف زدہ تھے اور گوشہ نشین ہوا چاہتے تھے۔ یہ افراتفری، یہ نفسانفسی، یہ بے حسّی، یہ چشم پوشی اور بے لحاظی کسی تخریب کار، شر پسند کی صنعت گری تھی۔ اس کا جواب تاریخ مرتب کرے گی۔

اسلام چودہ سو سال پہلے ضوفشاں ہوا، کئی ادوار سے گزرا۔ زمانے کی شکست وریخت نے اس کا حلیہ بدلنے کی کوشش کی لیکن اصلی اسلام محفوظ ہے، مفقود نہیں ہوا۔ یہ اللہ کا پسندیدہ دین ہے۔ اس کو تا بہ ابد قائم ودائم رہنا ہے۔ طاغوتی طاقتیں اسلام کے درپے آزار ہیں۔ فرقہ واریت کو بلاوجہ ہوا دی جارہی ہے۔ مسلمان کو مسلمان سے دست وگریبان کیا جارہا ہے۔ یہ سامراجی اور صیہونی سازشیں ہیں جو مسلمان کو نیست ونابود دیکھنا چاہتی ہیں۔ اقوامِ عالم میں جہاں مسلمان فروکش ہیں وہاں وہاں تخریب کاری معمول بن چکی ہے۔ پاکستان میں بھی یہ عناصر دیکھنے میں آرہے ہیں۔ شیعہ سنی تو بھائی بھائی ہیں، ان کا اللہ ایک ان کا قرآن ایک ان کا آخری نبی ایک ..... انبیاء ومرسلین اور آسمانی کتب اور ملائکہ پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے پختہ عقائد، علاوہ ازیں اکثر دینی امور میں یک جہتی، ایک جیسی رسوم، ملتے جلتے اعتقادات، درود سلام اور فاتحہ پر کاربند۔

البتہ بعض جزوی مسائل میں اختلاف ہے تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ صدیوں سے شیعہ سنی شیر وشکر ہیں۔ آپس میں مل جل کر رہتے آئے ہیں۔ شیعوں پر کئی اعتراضات ہوئے۔ ان پر سیر حاصل جوابات دیئے گئے جو زینت وآرائش کتب خانہ جات ہو چکے ہیں۔ ہیں۔ تشنہ تحقیق ذہن خردمندی سے استفادہ فرمائیں۔

کراچی میں مخالفین شیعہ کی تشنگی طبع پھر عود کر آئی، شیعہ فقہ وشرع وعقائد کو ہدف تنقید بنایا گیا، علمائے اہلسنت والجماعت نے جن کے میں دیوبندی اور بریلوی مسلک کے علمائے مشاہیر شامل ہیں۔ اعتراضات کی علیحدہ علیحدہ جدولیں بصورت حلف نامہ جات مرتب کر کے شیعہ علمائے دین سے جواب طلب کیا، معترضین علماء اہلسنت والجماعت اسمائے گرامی گزشتہ اوراق میں پیش قارئین کیے جا چکے ہیں۔ ان اعتراضات کے مجموعی اجمالی جوابات مولانا تاج الدین صاحب حیدری نے ترتیب فرمائے ہیں۔ اعتراضات وجوابات اگلے صفحات میں قارئین کرام کے پیش نظر ہوں گے، استفادہ فرمائیں۔ یہ مختصر کیفیت احوال تھی جن کے پیش نظر پیش لفظ کی صورت میں تعارف کتاب کی ضرورت پڑی۔

ایک خاص نکتہ ہے جس کی وضاحت یہاں ضروری ہے۔ وہ یہ کہ شیعوں کو اپنے عالم دین کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت ایک مجبوری تھی۔ نہ اعتراضات کیے جاتے نہ جوابات لیے جاتے۔ بھوکے سے اگر کوئی سوال کرے کہ دو اور دو کتنے ہوتے ہیں تو اس کی کیفیت جوع کا تقاضا ہے کہ وہ کہے گا کہ چار روٹیاں۔ نہ بھوکے سے گنتی پوچھو نہ روٹیاں فراہم کرنے کی ذمہ داری لو۔ اسی طرح اہل تشیع کو کافر کہنے یا تجویز دیے جانے کی سعی فرمائی گئی ہے تو شیعہ اپنا دفاع کیوں نہ کریں۔

شیعہ کسی جامد وصامت شے کا نام نہیں ہے۔ یہ محمد وآل محمد کا مذہب ہے۔ مجالس ومحافل سے استفادہ کرتے کرتے ان کے بچے بھی سرسری جواب دینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ اہل تشیع حضرات اس کتاب کو ضرور پڑھیں اور بچوں کو پڑھائیں تاکہ وہ مستقبل کے ہونہار شیعہ مناظرین کہلائیں۔

مقطع ابتدائیہ کے طور پر چند سطور سپرد قلم ہیں۔ ٹریبونل کی کاروائی میں شریک اراکین امامیہ کونسل، شیعہ گواہوں، سامعین، ہوشمند وکلاء صاحبان وعلمائے کرام، اکابرین ملت بالخصوص نوجوانان ملت جعفریہ کے ہم شکر گزار ہیں کہ جنہوں نے اس کار عظیم میں بہ قدر استطاعت قولے فعلے ہماری ہمت افزائی فرمائی۔

سب سے زیادہ مولانا تاج الدین صاحب حیدری کے مرہون منت ہیں کہ انہوں نے ہماری آواز پر لبیک کہا اور دینی شغف اور انہماک سے اس فریضہ کی تکمیل کی۔ یہ ایک مجموعی کوشش تھی جس کے باعث ہم اس کار عظیم سے عہدہ براء ہو سکے۔ خوف طوالت کے باعث مزید وضاحتیں کرنے سے قاصر ہوں۔

سید نذیر حسین شاہ نقوی

ایم اے ایل ایل بی۔ ایڈوکیٹ ہائیکورٹ۔ کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

''ڈی ایم ایل اے کی جانب سے پیش کردہ چودہ نکات''

ہیئت ائمہ مساجد امامیہ کراچی کو دیئے گئے برائے جواب اور اختیار دیا گیا کہ جو چاہے تغیر اور تبدیلی کریں کمی وزیادتی کریں جواب دیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمہ

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا

کراچی میں حالیہ فرقہ وارانہ فسادات کے نتیجہ میں جو حالات رونما ہوئے وہ کسی سے چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ مسلمانوں میں اب بھی ایسے چند افراد موجود ہیں جو حالات کو معمول پر لانے میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں ان عناصر کی حوصلہ شکنی اور مذموم عزائم سے باز رکھنے کے لیے ضروری سمجھا جارہا ہے کہ ایک متفقہ لائحہ عمل تیار کیا جائے جو کہ سب کو قابل قبول ہو، اور حالات کو سدھارنے میں مددگار ثابت ہو، ہم کسی مسلک یا دینی فرائض میں مخل ہونا نہیں چاہتے اور نہ ہی یہ حق دوسروں کو دے سکتے ہیں، ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہر فرقہ اور مسلک پر یقین رکھنے والوں کو اپنے مذہبی رسومات ادا کرنے کی پوری آزادی ہے، جب تک وہ دوسروں کے عقائد میں مداخلت نہ کریں۔ اس معاملہ میں کچھ غلط فہمیاں پیدا کی گئی ہیں اور اس بنیاد پر ہنگامہ آرائی تک نوبت پہونچی، ہم کچھ نکات کی وضاحت کرنا اور ضمانت دینا ضروری سمجھتے ہیں تاکہ مستقبل میں شکایت نہ ہو، وہ ضمانتیں اور یقین دہانیاں مندرجہ ذیل ہیں

۱) امام بارڑوں، مساجد اور دیگر مذہبی احاطوں کو خالصتاً مذہبی رسومات کے لیے استعمال کیا جائے گا، کسی سیاسی یا احتجاجی جلسوں کی پابندی ہوگی۔

۲) کوئی ایسا قول یا فعل نہیں سرزد کیا جائے گا، جس سے دوسرے مسلمانوں کی دل آزاری ہو یا ان کے عقیدے اور مسلک کو ٹھیس پہونچے۔

۳) لاؤڈ اسپیکر آرڈیننس کی خلاف ورزی نہیں کی جائے گی اور لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کو محدود کیا جائے گا اگر نہایت ضروری سمجھا تو یقین دہانی کرانی ہوگی کہ آواز صرف سامعین تک محدود رہے۔

۴) مذہبی جلسوں، جلوسوں پر چونکہ تاحال سرکاری پابندی نہیں ہے لہذا کسی ایسے راستے پر سے نہیں گزریں گے جس پر یا تو وہاں کے رہائش پذیر لوگ اعتراض یا ناپسندیدگی کا اظہار کریں یا ایسا کوئی دینی مدرسہ یا مسجد ہو جہاں کے منتظمین اس جلوس کا گزر گوارہ نہ کریں ایسی حالت میں جلوس کے راستے میں باہمی مفاہمت کے ذریعے ردوبدل کیا جائیگا۔

۵) اگر جلوس کے اوقات دیگر حضرات یا راستے کے مکینوں کے لیے باعث زحمت ہوں تو اس میں بھی تبدیلی کی جائیگی اور کوئی بھی نیا جلوس علاقے کے لوگوں کی مرضی کے خلاف نہیں نکالا جائیگا۔

۶) نیا امام بارگاہ بناتے وقت بھی علاقے کے لوگوں کی رضامندی لینا ضروری ہوگی جو ایسے مذہبی مقامات زیر تعمیر ہیں یا جن کے لیے صرف پلاٹ مختص کیے گئے ہیں یہی طریق کار اختیار کیا جائے گا۔

۷) اگر امام بارگاہ یا مذہبی مقامات کے اندر جگہ ناکافی ہو تو اس بات کا خیال رکھا جائیگا کہ زائد افراد ایسی جگہ نہ بیٹھیں جس سے ٹریفک میں خلل پڑے یا مقامی باشندوں کو دشواری کا سامنا کرنا پڑے۔

۸) امام بارگاہوں یا مذہبی مقامات کے تقدس کا لحاظ رکھتے ہوئے وہاں کسی قسم کا اسلحہ یا گولہ بارود نہ رکھا جائے گا اور نہ لے جایا جائے گا۔ اس طرح جلوس میں بھی کوئی ہتھیار یا اسلحہ، ماتمی زنجیر یا کوئی اور اوزار جو صرف ماتم میں استعمال ہوتے ہوں وہ مستثنیٰ ہونگے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۹) جلوس کا کسی ایسی جگہ ٹھہرنے سے پرہیز کریگا جہاں دوسرے مسلک کے لوگوں کی عبادتگاہ ہو۔اوراس کے قیام سے انھیں دکھ پہونچے۔

۱۰) امن عامہ کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت کسی بھی مذہبی جلسے یا جلوس پر پابندی کا حق محفوظ رکھ سکتی ہے البتہ اس حق کا استعمال باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے کیا جائے گا، ایسے کسی فیصلے کا اثر اس جلسے جلوس کے مستقبل پر یا کسی اور طرح کے رسم پر نہیں ہوگا۔

۱۱) امن عامہ کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کثیر التعداد جلوس کو کم کیا جائے گا اوران کی تعداد متعین کی جائیگی اور صرف وہی جلوس نکالے جائیں گے جو کسی اہمیت کے حامل ہونگے۔

۱۲) نظم وضبط کے قائم رکھنے کی ذمہ داری مذہبی رسومات عبادت گاہوں کے اندر یا باہر ادا کرتے وقت منتظمین انجمن پر عائد ہوگا۔سرکاری انتظامیہ باہر سے مداخلت کے خلاف ضروری کاروائی عمل میں لائیگی۔

۱۳) مذہبی نوعیت کے اجتماعات یا جلوسوں میں کوئی ایسا اشتہار یا تصویر وغیرہ نہیں اٹھائی جائے گی جس کا تعلق مذہبی تقریب سے نہ ہو۔جس سے دوسروں کے عقیدے مجروح ہوں یا جس سے کسی کی دل آزاری ہو۔

۱۴) ایسے تمام "پلاٹ" جن پر بغیر الاٹمنٹ کے مساجد یا امام باڑے یا عبادت گاہیں بنائی گئی ہیں، رضا کارانہ طور پر خالی کردی جائیں گی۔

ہمیں امید واثق ہے کہ مندرجہ بالا اقدامات سے فرقہ وارانہ مسائل کا حل نکل آئیگا، بہرکیف اگر کہیں بھی تنازعہ سامنے آجائے تو اسی طرح مل بیٹھ کر باہمی مفاہمت سے مسئلے کا حل تسلی بخش تلاش کیا جائے گا امن عامہ میں خلل ڈالنے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائے گی۔

"چودہ نکات" پر ہیئت ائمہ مساجد امامیہ (رجسٹرڈ) کراچی کا فیصلہ

۱۴ جون ۱۹۸۳ حوالہ ۵۳۳-۸۳

"ہیئت ائمہ مساجد امامیہ (رجسٹرڈ) کراچی کی معرفت مارشل لا انتظامیہ نے مصالحت کیلئے ایک چودہ نکاتی فارمولا منظوری کیلئے دیا تھا۔ جس پر ہیئت ائمہ مساجد نے، ۲ جون کو عسکری مسجد دستگیر میں ٹرسٹ کے اراکین اور جلوس کے پرمٹ ہولڈرز کو بلایا تھا۔اس اہم اجتماع میں مختلف علاقوں سے آنے والے افراد نے قومی مفاد کے مدنظر چودہ نکاتی فارمولا مسترد کردیا۔

ہیئت ائمہ مساجد نے فیصلہ کیا کہ چودہ نکاتی فارمولے میں حکومت مسجد وامام بارگاہ اور جلسہ وجلوس کے منتظمین کی رائے کو مقدم رکھے۔ کسی فرد یا فریق کو اجازت نہیں کہ انفرادی حیثیت سے یا کسی فرضی تنظیم کا سہارا لیکر ہمارے مطالبات ومقاصد کی نمائندگی کرے۔ملت جعفریہ کی یقین دہانی کے لیے کافی ہے کہ ۲ جون، کے اجلاس میں جو متفقہ فیصلہ کیا گیا ہے ہیئت اس کی برابر پیروی کررہی ہے اور ایسے عناصر کو بے نقاب کرنے کی ہمیشہ کوشش جاری رکھے گی جو ملت جعفریہ کے مفاد کو قربان کرکے ذاتی اغراض حاصل کرنا چاہتے ہیں۔غیور ملت جعفریہ، نام نہاد قائدین کے گٹھ جوڑ سے ہوشیار ہے اور ہیئت ملک وملت کی سلامتی اور دینی امور کی حفاظت کے لیے کام کرتی رہیگی۔

شیخ علی مدد

صدر: ہیئت ائمہ مساجد امامیہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کل کراچی شیعہ کنونشن

۱۲، اگست ۱۹۹۴ء، بمقام اسلامک ریسرچ سینٹر

کراچی کے حالات کے پیش نظر ایک متفقہ لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ اور مرکزی تنظیم عزاء کراچی نے متذکرہ کنونشن منعقد کرنے کا فیصلہ کیا جس میں کراچی کے تمام علماء کرام خطباء عظام، ماتمی انجمنوں ودیگر تنظیموں، ٹرسٹ کے عہدیداران، دانشوران ملت، وکلاء نیز ودیگر تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے نمائندگان حضرات کو مدعو کیا گیا۔

اس کنونشن میں پوری قوم نے بھرپور اور مکمل شرکت فرمائی جس کی مختصر فہرست یوں ہے۔

۶۴ علماء کرام، ۱۷ خطباء عظام، ۱۴۰ نمائندگان تحریک جعفریہ، ۴۶ نمائندگان مرکزی تنظیم عزا، ۷ نمائندگان آئی او، ۱۳ نمائندگان آئی ایس او، ۱۲۶ ماتمی انجمنیں، ۴۶ نمائندگان ٹرسٹ، ۴۱ وکلاء حضرات، ۲۷ دانشوران ملت، ۱۹ نمائندگان یوم حسینؑ آرگنائزنگ کمیٹی، ۵ نمائندگان یوم حسین آرگنائزیشن اور ۴۲ نمائندگانِ بوتراب اسکاؤٹس نے شرکت کی۔

ان کے علاوہ لشکر امام زمانہ، المدد ویلفیئر، علمدار والنٹیئر، شہید فاؤنڈیشن، پاسبان اسلام اور دیگر تنظیموں کے نمائندگان نے بھی شرکت فرمائی اور مندرجہ ذیل قراردادیں منظور کی گئیں۔

قراردادیں:

۱) آج کا یہ نمائندہ اجتماع تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ اور مرکزی تنظیم عزا کراچی کے اشتراک عمل کے نتیجہ میں اتحاد ملت کے روح پرور مظاہرے کو ایک نیک فال قرار دیتا ہے اور امید کرتا ہے کہ یہ اشتراک عمل ملت جعفریہ کی فلاح اور پاسبانی حقوق شیعیان حیدر کرارؑ کے لیے قائم و دائم رہے گا۔ (انشاءاللہ)

۲) یہ اجتماع وزیر اعلیٰ سندھ کی جانب سے سانحہ نیو کراچی کو خود ساختہ بم دھماکہ قرار دینے کی مذمت کرتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ عبداللہ شاہ نے یہ بات کہہ کر ملت جعفریہ کی توہین کی ہے آج کا اجتماع عبداللہ شاہ کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ دشمنان اہل بیتؑ کی سرپرستی بند کردیں ورنہ خدا ان کا احتساب کرے گا۔

۳) گلبہار تھانہ میں ملت جعفریہ کے ۱۰۰ علماء اور کارکنان پر بغاوت کا مقدمہ درج کیا گیا۔ یہ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ DSP ناظم آباد کے خلاف کاروائی کی جائے اور مقدمہ کو خارج کیا جائے۔

۴) دشمن اتحاد اسلام ہفت روزہ رسالہ "تکبیر" نے سانحہ نیو کراچی کو اپنے موجودہ شمارہ میں غلط انداز میں شائع کیا اور ملت جعفریہ کے مخلص رہبر و کارکن علامہ حسن ترابی کے بارے میں غلط الفاظ استعمال کیے یہ اجتماع رسالہ کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ اپنا انداز تبدیل کرے نیز یہ اجتماع علامہ حسن ترابی پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔

۵) شہر کراچی کی انتظامیہ عموماً اور خصوصاً ڈپٹی کمشنر سینٹرل اور DSP ناظم آباد و دیگر سرکاری ایجنسیاں ملت جعفریہ کے قتل میں برابر کی شریک ہیں کیوں کہ گلبہار میں تقریباً ۱۸ گھنٹے تک دہشت گرد ملت جعفریہ کے گھروں پر مسلسل جدید اور خودکار آتشی اسلحوں سے حملہ آور رہے متعدد بار رابطے کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باوجود انتظامیہ نے کوئی کاروائی نہ کی یہ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پولیس اور دیگر سرکاری ایجنسیوں کو متعصب افسران سے پاک کیا جائے اور ملت جعفریہ کے شہداء کے قاتلوں کو گرفتار کر کے پھانسی دی جائے ورنہ ملت جعفریہ اپنا شرعی حق استعمال کرنے کی مجاز ہوگی۔

۶) چند روز قبل کورنگی میں سپاہ یزید کے دہشت گرد کلاشنکوف اور دیگر اسلحہ سے لیس گرفتار ہوئے لیکن رکن قومی اسمبلی مظفر علی شجرہ کی مداخلت پر علاقہ کی انتظامیہ نے ان کو رہا کر دیا اجتماع مطالبہ کرتا ہے کہ سرکاری سطح پر دہشت گردوں کی سرپرستی بند کی جائے ورنہ عوام ان کا احتساب کریں گے۔

۷) ملت جعفریہ کو یہ فخر حاصل ہے کہ اس کا ہر فرد جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہے اور ملت جعفریہ کسی لسانی یا فقہی گروہ سے کوئی عناد نہیں رکھتی بلکہ وطن عزیز میں ناصبیت وخارجیت اور فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے ہمیشہ سے ہمہ وقت مصروف کار ہے۔

۸) عید میلاد النبیؐ کا ماہ مبارک شروع ہو چکا ہے۔ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ میلاد النبیؐ کے جلوس ومحافل کو تحفظ فراہم کرے اور میلاد النبیؐ کے مخالفین ودہشت گردوں کے خلاف کاروائی کرے۔

۹) تعلیمی اداروں خصوصاً جامعہ کراچی کی انتظامیہ نے جامعہ کراچی میں یوم حسینؑ منعقد کرانے کی اجازت نہ دی ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان اداروں کو متعصب افراد سے پاک کیا جائے۔

۱۰) اجتماع مطالبہ کرتا ہے کہ جو دشمنان اسلام دشمنان اتحاد امت ملت جعفریہ کے خلاف غلیظ زبان اور رکیک نعرے بلند کرتے ہیں حکومت ان کو لگام دے ورنہ ملت جعفریہ ان شرپسندوں سے خود نمٹے گی۔

۱۱) اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ تمام شعائر اللہ اور علمائے اسلام کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے ورنہ قہر الٰہی و احتساب عوام کے لیے تیار ہو جائے۔

۱۲) اجتماع کل یعنی ۱۳، اگست ۹۴ کو امام بارگاہ شہداء کربلا نچولی میں ہونے والی شہدائے اسلام کانفرس میں بھرپور شرکت کا اعلان کرتا ہے۔

شہدائے اسلام کانفرنس

۱۳، اگست ۱۹۹۴، بمقام امام بارگاہ کربلا، بلاک ۲۰ فیڈرل بی ایریا، کراچی۔

شیعہ کنونشن منعقدہ ۱۲، اگست ۱۹۹۴ء میں منظور کردہ قرارداد نمبر ۱۲ کے تحت شہدائے اسلام کانفرنس کا ۱۳، اگست ۱۹۹۴، بمقام امام بارگاہ کربلا، بلاک ۲۰ فیڈرل بی ایریا، میں انعقاد ہوا جسمیں قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی اور علامہ سید تقی شاہ صاحب نائب صدر تحریک جعفریہ پاکستان نے اپنے اوپر کراچی میں داخلہ پر عائد پابندی کی پروانہ کرتے ہوئے خصوصی شرکت فرمائی اور تمام شب کانفرنس میں موجود رہے۔

جلسہ گاہ اور اسٹیج جو کہ مسجد خیر العمل کے صحن میں بنایا گیا تھا نہایت ہی بہترین انداز میں آراستہ کیا گیا جو کہ تحریک جعفریہ اور مرکزی تنظیم عزا کے کارکنان کی جانفشانی کے مرہون منت تھا صرف ایک دن کے نوٹس پہ کانفرنس کا انعقاد کراچی کے غیر محفوظ حالات میں انتہائی دشوار ہدف تھا لیکن صد آفرین ان کارکنان تحریک جعفریہ ومرکزی تنظیم عزا کو جنہوں نے اپنی انتھک اور بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک نہایت بہترین ومنظم جلسہ کا انعقاد کیا۔ بوتراب اسکاؤٹ کو مذہبی اجتماعات کے انعقاد اور رہنمائی میں جو کمال حاصل ہے اس کے تحت حالات کے پیش نظر رہنمائی اور تمام بیرونی انتظامات سرانجام دینے کا فریضہ بوتراب اسکاؤٹ کنٹرول کمیٹی نے قبول کیا اور تمام انتظامات بحسن وخوبی سرانجام دیے۔

مسجد وامام بارگاہ سے باہر مسجد خیر العمل روڈ پر تحریک جعفریہ، مرکزی تنظیم عزا، بوتراب اسکاؤٹس، دیگر ماتمی انجمنوں اور تنظیموں کے کیمپ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نصب تھے۔ مختلف انجمنوں کی جانب سے پانی اور چائے کی سبیلوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ کسی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ابتدائی طبی امداد کے انتظامات یوم حسین آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے کیئے گئے تھے۔ ان تمام انتظامات کی خصوصی نگرانی علامہ حسن ترابی اور جناب شمس الحسن شمسی نے بنفس نفیس کی۔

تقریباً ساڑھے آٹھ بجے سے مومنین جوق در جوق جلسہ میں شرکت کے لیے تشریف لانا شروع ہوگئے ساڑھے نو بجے تک جلسہ گاہ، امام بارگاہ شہدائے کربلا کا ہال اور تمام چمن زار جو کہ مسجد وامام بارگاہ کے درمیان ہے اور مسجد خیر العمل روڈ پر ہزاروں مومنین کی آمد سے کھچا کھچ بھر چکا تھا یہاں پر مومنین کرام خصوصاً تنظیموں اور ماتمی انجمنوں کے کارکنان لائق صد ستائش ہیں کہ انہوں نے کسی اشتعال انگیزی یا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ خود کیا اور نہ ہی کسی کو اس کی اجازت دی۔

شرکائے شہدائے اسلام کانفرنس

کراچی میں رہنے والے تمام مومنین کرام نے خواہ کسی بھی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھتے تھے اس کانفرنس میں بھرپور شرکت کی اور خود کو ایک زندہ قوم کا باشعور اور ذمہ دار فرد ثابت کیا اس مجمع کثیر میں جن مومنین کرام تک ہماری رسائی ہو پائی اور اسٹیج پر مدعو کیے گئے ان میں قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی، حجۃ الاسلام علامہ سید تقی شاہ صاحب (نائب صدر تحریک جعفریہ)، حجۃ الاسلام مولانا سید عالم شاہ موسوی، حجۃ الاسلام مولانا غلام علی وزیری، حجۃ الاسلام مولانا شیخ شہاب الدین، پروفیسر علی رضا شاہ نقوی، علامہ عباس کمیلی علامہ عرفان حیدر عابدی، مولانا نواب حیدر عابدی، مولانا سید آقا حیدر تقوی، مولانا ظفر عباس، مولانا حسن ظفر نقوی، مولانا شبیر میثمی، مولانا غلام حسین کراروی، سید محمود الحسن رضوی، سید صغیر حسین جعفری ایڈوکیٹ، سید وقار حسین نقوی ایڈوکیٹ، جناب ایس ایم حیدر صاحب، جناب سید شمشیر حیدر جعفری صاحب اور چچا وحید الحسن کے علاوہ بے شمار قابل صد احترام ومراتب عالیہ پر فائز علماء، زعماء، دانشوران ملت، شعراء کرام، نمائندگان ٹرسٹ اور ماتمی انجمنوں نے شرکت کی بوجہ اختصار تمام اسمائے گرامی تحریر کرنا مشکل امر ہے۔

کاروائی شہدائے اسلام کانفرنس

۱۰ بجے حجۃ الاسلام مولانا شبیر میثمی نے تلاوت کلام پاک سے کانفرنس کا آغاز کیا۔ نظامت کے فرائض جناب الطاف حسین، جناب آفتاب مرزا اور جناب ڈاکٹر رئیس حیدر نے انجام دیے۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد جن علماء کرام، خطبائے عظام، شعرا کرام، دانشوارانِ ملت وکلا اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کانفرنس سے خطاب فرمایا ان میں سے چند کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ حجۃ الاسلام مولانا شیخ شہاب الدین صاحب، حجۃ الاسلام عالم شاہ موسوی، پروفیسر علی رضا شاہ نقوی، علامہ عباس کمیلی، علامہ سید عرفان حیدر عابدی، حجۃ الاسلام مولانا شبیر میسمی، حجۃ الاسلام مولانا سید حسن ظفر نقوی، سید صغیر حسین جعفری، جناب ایس ایم حیدر، جناب سبط جعفر صاحب، جناب سید باقر رضا صاحب، جناب شہرت بلگرامی صاحب، جناب زائر رضا صاحب، جناب محمد علی نجفی اور جناب حسن ایاز صاحب۔

ان تمام حضرات نے شہدائے اسلام کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اتحاد ملت جعفریہ کی تعریف کی۔ مقررین نے واضح کیا کہ اتحاد ملت کی موجودہ صورت حال انشاء اللہ بارآور ثابت ہوگی جس کے ذریعے ہم دشمنانِ ملت جعفریہ اور استعماری ایجنٹوں کے بزدلانہ اور گھناؤنے عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔ مختلف مقررین نے یہ بھی باور کرایا کہ ملت کے موجودہ اتحاد و یگانگت کے خلاف سازشوں کا ارتکاب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے والے دشمنانِ ملت جعفریہ ہیں اور ملت کے موجودہ اتحاد و یگانگت کے خلاف ان کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔

مقررین نے دشمنانِ ملت جعفری خصوصاً سپاہ یزید کے بزدل دہشت گردوں کی دہشت گردی کی مذمت کی اور کہا کہ یہ آمروں کی باقیات ملک میں انتشار و فرقہ واریت کے سہارے مملکت خداداد کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہیں ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں ان دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دینے اور ان کے مذموم اور مکروہ کاروائیوں کو روکے۔ حکومت اگر ان دہشت گردوں کی کاروائیوں سے باز رکھنے کی اہلیت نہیں رکھتی تو ملت جعفریہ خود محافظ پاکستان ہے آگے بڑھ کر ان بے لگام دہشت گردوں کو خود لگام دے گی اور تمام حالات کی ذمہ دار موجود حکومت ہوگی۔

مقررین نے یاد دلایا کہ جتنی قربانیاں اور کاوشیں تشکیل و تعمیر پاکستان میں ملت جعفریہ کی ہیں اور کسی مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی نہیں ہے بلکہ دہشت گرد نجدی ٹولہ تشکیل پاکستان کے وقت قائداعظم کو کافر اعظم کے لقب سے پکارتا تھا اور آج بھی یہی لوگ استحکام پاکستان کو کمزور کرنے کے لیے مذہب کی آڑ میں استعمار کی سازشوں پر عمل پیرا ہیں۔

مقررین نے پاکستان خصوصاً کراچی کی انتظامیہ اور پولیس کے رویے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ان اداروں سے متعصب اور استحکام پاکستان کے خلاف کاروائیوں میں ملوث افراد سے پاک کیا جائے اور تمام پاکستان میں ملت جعفریہ کے مظلوم شہداء کے قاتلوں کو بلا تاخیر گرفتار کر کے کھلی عدالتوں میں مقدمات چلا کر عبرتناک سزا دی جائے۔

مقررین نے واشگاف الفاظ میں باور کرایا کہ ملت جعفریہ عزاداری پر کسی بھی قسم کی پابندی برداشت نہیں کرے گی ہم عزاداریٔ امام مظلومؑ کو اپنی اوپر واجب گردانتے ہیں اور اگر حکومت مراسم عزاداری کو تحفظ فراہم نہیں کر سکتی تو ہم خود تمام مجالس وجلوس ہائے عزا کا تحفظ کرنے کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

مقررین کے پُرفکر اور ولولہ انگیز خطابات اور شعراء کرام کے پرجوش کلام اور نوحہ خواں حضرات کے پُر درد نوحہ خوانی کے بعد علامہ تقی شاہ صاحب کو خطاب کی دعوت دی گئی۔ جناب نے اپنے خطاب میں ملت جعفریہ پر ہونے والے مظالم کے تاریخی حوالوں سے ثابت کیا کہ ظلم وستم اور بربریت کے انتہائی اقدامات سے بھی کلمۂ حق اور دین حق کے اجراء و تبلیغ اور عزاداری سید الشھداءؑ پر کوئی آنچ نہ آسکی انہوں نے مومنین سے اپیل کی کہ وہ اپنے آپ کو انتہائی سنگین حالات میں بھی عزاداری امام مظلوم کے لیے تیار رکھیں جو کہ دین حق کی ترویج کا سب سے موثر ذریعہ ہے۔

علامہ تقی شاہ صاحب کے خطاب کے بعد محمد علی نجفی نے اپنے مخصوص انداز میں نوحہ پیش کیا اس کے بعد قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی صاحب نے طاغوت شکن خطاب فرمایا۔ اپنے محبوب ومحترم قائد کا خطاب سننے کے لیے تقریباً تمام شب گزرنے اور بارش کے باوجود ہزاروں کی تعداد میں مومنین کرام تشریف فرما رہے۔

آپ نے اپنے خطاب میں دوٹوک الفاظ میں حکومت کو متنبہ کیا کہ مراسم عزاداری ملت جعفریہ کے لیے واجب اور شہ رگ حیات ہیں اور اس میں کسی قسم کی رخنہ اندازی برداشت نہیں کی جائے گی ہم قانون کا احترام کرتے ہیں لیکن اب ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پاکستان میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں ہے اسلامیان پاکستان کو بے دریغ کھلے بندوں قتل کیا جا رہا ہے ان کے قاتل دہشت گروں کے خلاف تمام ثبوت مہیا ہونے کے باوجود کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں۔ مساجد وامام بارگاہوں، جلوس ومجالس کے اجتماعات اور مومنین کرام پر بزدلانہ حملے کئے جا رہے ہیں اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے ہم ان دہشت گردوں کو استحکام پاکستان اور مسلمانان پاکستان کا دشمن تصور کرتے ہیں اور ملت جعفریہ کے خلاف قانون سازی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خصوصاً نام نہاد ناموسِ صحابہ بل کے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں پیش کیے جانے کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے اسے ملک میں انتشار اور فرقہ واریت کی جڑ تصور کرتے ہیں اور یہ باور کرا دینا چاہتے ہیں کہ اس قسم کے اقدامات کو روکنے اور ان سازشوں کو کچلنے کی ہم بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔

آپ نے اہل تشیع اور اہل تسنن کے اختلافات خصوصاً مسئلہ خلافت جو کہ چودہ سال قدیم ہے ان کی آڑ میں مسلمانانِ پاکستان کو ایک دوسرے کے خلاف صف آرا کرنے کو، ہم طاغوت خصوصاً امریکہ اور اسکے حاشیہ بردار مسلمان سربراہان مملکت کی سازش تصور کرتے ہیں۔

قائد محترم نے ملت جعفریہ کو انتہائی حالات سے نبرد آزما ہونے اور ہر قسم کی قربانی کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے کی تلقین فرمائی۔

صبح چار بجے قائد ملت کے ایمان افروز خطاب کے بعد شہداء اسلام کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔ باقاعدہ اختتام سے قبل شمس الحسن شمسی نے ۱۲، اگست کو منظور کی جانے والی قراردادوں کو دوبارہ پیش کیا اور متفقہ طور پر شرکائے کانفرنس سے منظور کرایا۔

ملی یکجہتی کونسل کا مشترکہ اعلامیہ

ذیل میں ملی یکجہتی کونسل کا مشترکہ اعلامیہ، ہم تاریخ کے ایک ریکارڈ کی حیثیت سے پیش کر رہے ہیں ممکن ہے اس کے کسی نکتے کے کسی حصہ سے یا اس کی تعبیر سے کسی کو اختلاف ہو لیکن اس امر سے اختلاف نہیں کیا جا سکتا کہ مخلصین امت مسلسل اتحاد کے لئے کوشاں رہے ہیں۔ اس اعلامیے کی روح اور جذبہء اتحاد سے تو کسی کو اختلاف نہیں۔ جذبہ اور اعلیٰ مقصد موجود ہو تو اتحاد کی بابرکت منزل کی طرف پیش رفت آسانی سے جاری رہ سکتی ہے۔ (م۔ح)

۱۹۹۵ء میں مذہبی جماعتوں کے سرکردہ افراد سر جوڑ کر بیٹھے اور طویل بحث ومباحثہ کے بعد ''ملی یکجہتی کونسل'' بنانے میں کامیاب ہو گئے۔

جس نے ۲۳ اپریل ۱۹۹۵ میں ایک ضابطہء اخلاق پر اتفاق کیا اور تمام گروہوں کے سرکردہ افراد نے اس پر اپنے دستخط کئے جو کہ یہ ہے:

۱۔ اختلافات اور بگاڑ کو دور کرنے کیلئے ایک اہم ضرورت یہ ہے کہ تمام مکاتب فکر نظم مملکت اور نفاذ شریعت کے لئے ایک بنیاد پر متفق ہوں۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے ہم ۳۱ سرکردہ علماء کے ۲۲ نکات کو بنیاد بنانے پر متفق ہیں۔

۲۔ ہم ملک میں مذہب کے نام پر دہشت گردی اور قتل وغارت گری کو اسلام کے خلاف سمجھتے، اس کی پرزور مذمت کرنے اور اس سے اظہار برأت کرنے پر متفق ہیں۔

۳۔ کسی بھی اسلامی فرقہ کو کافر اور اس کے افراد کو واجب القتل قرار دینا غیر اسلامی اور قابل نفرت فعل ہے۔

۴۔ نبی اکرمؐ کی عظمت وحرمت ہمارے ایمان کی بنیاد ہے اور آنحضورؐ کی کسی طرح کی توہین کے مرتکب فرد کے شرعاً وقانوناً موت کی سزا کا مستحق ہونے پر ہم متفق ہیں اس لئے توہین رسالتؐ کے ملکی قانون میں ہر ترمیم کو ہم مسترد کریں گے اور متفق اور متحد ہو کر اس کی مخالفت کریں گے۔ عظمت اہل بیت اطہار وامام مہدی رضی اللہ عنہم، عظمت ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن اور عظمت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین وخلفائے راشدین ایمان کا جزو ہے۔ ان کی تکفیر کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے اور ان کی توہین وتنقیص حرام اور قابل مذمت وتعزیر جرم ہے۔

۵۔ ایسی ہر تقریر وتحریر سے گریز واجتناب کیا جائے گا جو کسی بھی مکتبہء فکر کی دل آزاری اور اشتعال کا باعث بن سکتی ہے۔

۶۔ شر انگیز اور دل آزار کتابوں، پمفلٹوں اور تحریروں کی اشاعت اور تقسیم اور ترسیل نہیں کی جائے گی۔

۷۔ اشتعال انگیز اور نفرت انگیز مواد پر مبنی کیسٹوں پر مکمل پابندی ہوگی اور ایسی کیسٹیں چلانے والا قابل سزا ہوگا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۸۔دل آزار، نفرت آمیز اور اشتعال انگیز نعروں سے مکمل احتراز کیا جائے گا۔

۹۔تمام مسالک کے اکابرین کا احترام کیا جائے گا۔

۱۱۔تمام مکاتب فکر کے مقامات مقدسہ اور عبادت گاہوں کا احترام وتحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

۱۲۔جلسوں، جلوسوں، مساجد اور عبادت گاہوں میں اسلحہ خصوصاً غیر قانونی اسلحہ کی نمائش نہیں ہوگی۔

۱۳۔عوامی اجتماعات اور جمعہ کے خطبات میں ایسی تقریریں کی جائیں گی جن سے مسلمانوں کے درمیان اتحاد واتفاق پیدا کرنے میں مدد ملے۔

۱۴۔عوامی سطح پر ایسے اجتماعات منعقد کئے جائیں جن سے تمام مکاتب فکر کے علماء بیک وقت خطاب کر کے ملی یکجہتی کا عملی مظاہرہ کریں۔

۱۵۔مختلف مکاتب فکر کے متفقات اور مشترکہ عقائد ونکات کی تبلیغ اور نشر واشاعت کا اہتمام کیا جائے گا۔

۱۶۔باہمی تنازعات کو افہام وتفہیم اور تحمل ورواداری کی بنیاد پر طے کیا جائے گا۔

۱۷۔ضابطہ اخلاق کے عملی نفاذ کے لئے ایک اعلیٰ اختیاراتی بورڈ تشکیل دیا جائے گا جو اس ضابطہ کی خلاف ورزی کی شکایت کا جائزہ لے کر اپنا فیصلہ صادر کرے گا اور خلاف ورزی کے مرتکب کے خلاف کاروائی کی سفارش کرے گا۔

(بشکریہ سہ ماہی تقریب المذاہب اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۶)

jabir.abbas@yahoo.com

"یہ شیعہ سنی کا جھگڑا نہیں ہے بلکہ ان دونوں کو آپس میں لڑوانے کی سازش ہے
بیس تو کیا ہم مومنین کی قربانی روزانہ دیں گے لیکن
دشمن کی سازش یعنی شیعہ سنی فساد نہیں ہونے دیں گے"

(شہید علامہ حسن ترابی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت سے پہلے تو مر نہیں سکتا

''۱۹۲۵ء میں حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ کورم ایجنسی کے قاضی ہوگئے۔ کورم اور پشاور کے اردگرد حافظ صاحب کی قابلیت اور حسن کردار کا اتنا چرچا ہوا کہ اپنے اور بیگانے سب گرویدہ ہوگئے خصوصاً جب انہوں نے پشتو زبان سیکھ کر مقامی زبان میں تقریر شروع کی تو لوگ آپ کی تقریر کے گرویدہ ہوگئے۔

آپ نے عوام کو پابند شریعت اور واقف عقائد کیا۔ آزاد قبائل میں مقبولیت واثر سے مشتعل ہوکر قتل کرنے کی ناپاک کوشش کی گئی۔ حافظ صاحب اپنے مکان کے باغیچے میں نماز پڑھ رہے تھے کہ نور خان نامی دشمن آن پہنچا۔ آپ نے نیت کی، سورتیں پڑھیں، رکوع کیا وہ تاک میں تھا کہ سجدے میں جائیں اور فائر کرے۔ حافظ صاحب سجدے میں گئے دشمن نے پستول نکال کر نشانہ باندھا لیکن جھٹکا لگا اور پستول گر گیا۔

اُس نے ہمت کی پستول اُٹھا کر دوبار نشانہ باندھا اس مرتبہ رعشے کی وجہ سے گولی نہ چلا سکا۔ آخر مجبور ہوگیا، سامنے آیا اور پیروں پر گر پڑا۔ معافی مانگنے لگا۔ آپ نے پاس بٹھایا، کھانا کھلایا اور کچھ روپے دیئے اور ہنسی خوشی رخصت کیا''

(مطلع انوار مولانا مرتضیٰ حسین فاضل)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دہشت گردی کے خلاف
جعفریہ الائنس
کی
جیل بھرو تحریک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس دیوار زنداں سے شہید سید ندیم حسین کی ایک تحریر

لانڈھی جیل کراچی 26.05.1990

وفاداران راہ حق السلام علیکم

آغاز کلام رہبر عالیقدر آیت اللہ خامنہ ای کے اس قول سے کرتا ہوں ''خدائی فریضہ کی پہچان میں غفلت نہیں کرنا چاہیے اور اُسے آسان نہیں سمجھنا چاہیے۔ دنیا کے سیاسی اور فوجی نظاموں کا خوف کھائے بغیر اپنے خدائی معیاروں پر گامزن ہونا ہماری بنیادی پالیسی ہے''

امید ہے کہ آپ لوگ انشاءاللہ بفضل خدا خیریت سے ہوں گے۔ ہم لوگ بھی بحمداللہ یہاں خیر وعافیت سے ہیں دیگر احوال یہ ہے کہ خدا جو کچھ کرتا ہے وہ بندے کے لیے بہتر ہی ہوتا ہے۔ ہم نے یہاں تھانہ سے لے کر جیل تک بہت سے تجربات ورفوائد بھی حاصل کئے ہیں۔ انشاءاللہ آپ لوگوں نے بھی تجربات ومشاہدات، دوست حقیقی کی پہچان، منافق کی پہچان اور بہت سے ساتھیوں کو اندر سے پہچانا ہوگا اور بہت سے نئے روابط قائم ہوئے ہوں گے۔

تھانہ جسم کی مضبوطی کی جگہ ہے اور قوت و برداشت، ضبط واداکاری اور حاضر دماغی کی جگہ ہے جبکہ جیل بالکل ایک الگ دنیا یہاں آکر انسان آزادی کی قدر ومنزلت کو پہچان سکتا ہے اور انسان شناسی بھی کرسکتا ہے۔ جیل میں آکر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے قبر میں آگئے یعنی قبر کا رقبہ بڑا ہے، مردے آپس میں مل سکتے ہیں جن کی اپنی جان پہچان یا پیسہ ہے وہ بہت آرام سے رہتے ہیں یعنی جیل اُن کے لیے جنت ہے۔ اور جو غریب اور لاوارث ہیں وہ سخت مشقت کرتے ہیں، جیل اُن کے لیے دوزخ ہے۔ پولیس والے، منشی اور جوابدار اُن پر فرشتوں کی طرح ہر وقت مسلط رہتے ہیں اور جو کوئی اُن کو (پیسوں وغیرہ سے) خوش رکھتا ہے اُس کے لیے وہ رحمت کے فرشتہ ثابت ہوتے ہیں اور جو کوئی غریب ہو یا پیسہ نہ دے سکتا ہو تو وہ اُس کے لیے دوزخ کے فرشتے ثابت ہوتے ہیں جس طرح آخرت میں تین طبقے ہوں گے اسی طرح یہاں بھی تین طبقہ ہیں یعنی ایک بہت امیر طبقہ، درمیانہ اور غریب طبقہ۔ امیر طبقہ جو ہے وہ اپنے نیک اعمال (یعنی پیسے) کی وجہ سے آرام میں رہے گا جبکہ درمیانہ طبقہ چھوٹے موٹے کام اور چمچہ گیری کر کے آرام میں رہے گا اور غریب طبقہ بیچارا ہمیشہ گالیاں، ڈنڈے کھا کر، اور سخت مشقت کر ہمیشہ بے آرام رہے گا (یعنی دوزخ)

دوسرے رخ سے بھی جیل ایک گہری جگہ ہے یعنی یہاں آکر حضرت یوسفؑ کی قید، امام سید سجادؑ، امام موسیٰ کاظمؑ اور دوسرے رہبران اسلام کے تصورات بھی کرسکتے ہیں نہ جن کی ملاقات آتی تھی اور نہ کوئی اُن کے ساتھ ہوتا تھا لیکن پھر بھی وہ خدا کے سہارا قید کاٹتے تھے۔ آج کے ان جیلوں کی اُن قید خانوں کے مقابلے کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ہمارا سلام ہوں اُن اماموں پر جو اسلام کی خاطر سالہا سال کی قید کے باوجود حق پر قائم رہے اور کبھی وہیں قید خانہ میں اپنے رب سے جا ملے۔ سلام ہو حضرت یوسف پر اور ان کے والدین پر جنہوں نے ایک طویل عرصہ تک اپنے فرزند کی جدائی پر صبر کیا۔ سلام ہو امام موسیٰ کاظم کے خانوادہ پر جنہوں نے حضرت کی قید پر صبر وشکر کیا۔ خداوند سے دعا ہے۔ ایے خدا تو ہمیں بھی امامؑ کے غلاموں کی طرح قید کی صعوبتوں پر صبر اور شکر کرنے کی توفیق عطا فرما اور ہمارے گھر والوں کو بھی ہم سے دور رہنے پر صبر اور شکر کی توفیق عطا فرما۔ ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو حقیقی پیروکاران امام موسیٰ کاظمؑ بنا بحق محمد وآل محمدؐ''

(حوالہ ص ۲۶/۲۵ ''شمع محفل'' کتابچہ بیاد شہید سید ندیم حسین شائع کردہ آئی ایس او گلبہار یونٹ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلے روز

دہشت گردی کے خلاف جعفریہ الائنس کی جیل بھرو تحریک

کراچی (کرائم رپورٹر) عزیز آباد کے علاقے میں جعفریہ الائنس کے زیر اہتمام شیعہ رہنماوں نے احتجاجاً گرفتاریاں پیش کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ دنوں نارتھ ناظم آباد میں واقع مسجد سجادیہ کے پیش امام مولانا علی حسنین نقوی کی دہشت گردوں کے ہاتھوں ہلاکت کے بعد ان کی نماز جنازہ میں شیعہ راہنماؤں نے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا اور احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کیا تھا۔ جس پر عزیز آباد کے علاقے میں واقع بوتراب امام بارگاہ میں ان کے سوئم کے بعد جعفریہ الائنس کے راہنماؤں نے ایک ہزار مظاہرین کے ساتھ عائشہ منزل پر جا کر گرفتاریاں پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔ علاقہ ڈی ایس پی نے مظاہرین کو روکنے کے لیے لاٹھی چارج کیا جس پر مظاہرین مشتعل ہو گئے اور انہوں نے گاڑیوں پر پتھراؤ کیا۔ جس پر ڈی ایس پی فرار ہو گئے اور ایس ایچ او عزیز آباد کی مشتعل مظاہرین نے پٹائی کر دی۔ بعدازاں مکاء چوک پر جعفریہ الائنس کے کنوینر علامہ عباس کمیلی تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے راجہ نصیر اسد، نوحہ خواں ساجد حسین، احتشام، ضامن اور شاہد کو گرفتار کر لیا۔ قیادت کی ہدایت پر مظاہرین پرامن منتشر ہو گئے۔ بی بی سی کے مطابق جعفریہ الائنس نے طے کیا ہے کہ روزانہ شہر میں کسی جگہ سے گرفتاریاں پیش کی جائیں گی اور حالیہ ہلاکتوں پر احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ (روزنامہ اساس ۸ ستمبر ۲۰۰۱)

دوسرے روز

حکومت جان بوجھ کر حالات خراب کر رہی ہے۔ شیعہ علماء

کراچی (کرائم رپورٹر) جعفریہ الائنس کے رہنماؤں علامہ حسن ترابی، مولانا مرزا یوسف حسین اور مولانا حسن ظفر نقوی نے انچولی میں واقع امام بارگاہ میں احتجاجی جلوس میں شرکت کے لیے آنے والوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملت جعفریہ کی جانب سے جیل بھرو تحریک شروع کرنے کے ساتھ حکومت کے ایوانوں میں بھونچال آ گیا ہے۔ حکومت تحریک کو کچلنے کے لیے سرگرم ہو گئی ہے اور حالات کو جان بوجھ کر خراب کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملت جعفریہ کے دشمن سمجھ رہے ہیں کہ وہ ملت جعفریہ کے وجود کو قتل و غارت گری کا بازار گرم کر کے ختم کر دیں گے لیکن یہ ان کی بھول ہے۔

انھوں نے کہا کہ ملت جعفریہ کے لوگوں کے قتل عام پر حکمرانوں کی خاموشی سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ دہشتگردوں کو حکومت کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔ ملت جعفریہ اپنی جنگ خود لڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کے خلاف آواز احتجاج بلند کرنے کیلئے ہم نے پرامن طریقہ اختیار کیا ہے لیکن حکومت اسے پرتشدد بنا رہی ہے۔ ملت جعفریہ کے حوصلہ بلند ہیں اور وہ اپنے خلاف ہر سازش کو ناکام بنا دے گی۔ بعدازاں ان رہنماؤں کی سربراہی میں مجلس کے شرکاء، جن کی تعداد ہزاروں میں تھی مسجد و امام بارگاہ خیر العمل سے "لبیک یا حسینؑ" کے نعرے لگاتے ہوئے امام بارگاہ سے باہر نکلے اور گرفتاری دینے کے لیے پولس کے پاس چلے گئے۔ (روزنامہ انصاف ٹائمز ۹ ستمبر ۲۰۰۱)

تیسرے روز

امام بارگاہ رضویہ پر شیعہ رہنماؤں نے گرفتاریاں دیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اہل تشیع کے قتل کی وارداتوں کے خلاف اتوار کو امام بارگاہ رضویہ میں غدیر چوک پر جعفریہ الائنس کے رہنماؤں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولانا عون محمد نقوی، مولانا شیخ لطیف، مولانا علی رضا جعفری، مولانا سید ظہیر عباس عابدی اور مولانا ہاشم رضا نے گرفتاریاں دیں۔

قبل ازیں ہزاروں افراد ماتم کرتے اور حکومت کی بے حسی کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے رضویہ امام بارگاہ سے غدیر چوک تک گئے۔اس موقعہ پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جعفریہ الائنس کے رہنماؤں نے کہا کہ انچولی کے سنی بھائیوں نے ہماری مدد کر کے ثابت کر دیا کہ شہر میں فرقہ کشیدگی یا جھگڑا نہیں ہے۔ایجنسیوں نے سادہ کپڑوں میں ملبوس لاٹھیاں بردار شر پسندوں کو اجتماع میں داخل کیا تھا جس کو ہم نے ناکام بنا دیا۔

اجتماع سے مرزا یوسف حسین، علامہ حسن ظفر نقوی، مولانا محمد عون نقوی، اور مولانا ظہیر عباس عابدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے حملہ آوروں کی لاٹھیاں توڑ کر ہنگامہ کرنے کی سازش ناکام بنا دی سنی بھائی ہم سے تعاون کر رہے ہیں ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

مولانا مرزا یوسف حسین نے کہا کہ ہم نے دنیا کو دکھا دیا کہ ملت جعفریہ متحد ہے اور اس کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا ہے۔مولانا محمد عون نقوی نے کہا کہ دشمن چاہے کتنی سازشیں کر لے وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا ہے۔

(روزنامہ ایکسپریس ۱۰ ستمبر ۲۰۰۱)

انچولی میں اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا

کراچی (کرائم رپورٹر) جعفریہ الائنس کے نائب صدر مولانا مرزا یوسف حسین نے کہا ہے کہ انچولی سوسائٹی میں پولیس کی شیلنگ، لاٹھی چارج اور فائرنگ کے واقعہ کے بعد اتحاد بین المسلمین کی واضح مثال دیکھنے میں آئی۔

انہوں نے بتایا کہ بلاک ۱۷ جہاں اہلسنت کی آبادی ہے، نے پولیس کی بلا جواز شیلنگ، لاٹھی چارج اور فائرنگ کو دیکھتے ہوئے اپنے گھروں کے دروازے اہل تشیع کے افراد کے لیے کھول دیئے اور گھروں کے باہر گیس سے بچاؤ کے لیے پانی اور نمک فراہم کرنا شروع کر دیا۔مولانا نے کہا کہ کراچی میں ایک مخصوص ٹولہ شیعہ افراد کو چن چن کر قتل کر رہا ہے۔ (روزنامہ انصاف ٹائمز ۱۰ ستمبر ۲۰۰۱)

چوتھے روز

جیل بھرو تحریک کے چوتھے روز جعفر طیار سوسائٹی سے مزید ۵ گرفتاریاں

کراچی (کرائم رپورٹر) جعفریہ الائنس کی جانب سے اہل تشیع علماء، ڈاکٹرز، دانشوروں اور سرکردہ شخصیات کی ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردوں کی سرکاری سرپرستی کے خلاف شروع کی گئی جیل بھرو تحریک کے چوتھے روز مزید پانچ گرفتاریاں پیش کیں۔

تفصیلات کے مطابق جعفریہ الائنس کی جانب سے کراچی سمیت ملک بھر میں اہل تشیع علماء، ڈاکٹرز وکلاء، تجار، دانشوروں اور سرکردہ شخصیات کی تواتر سے ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردوں کی سرکاری سرپرستی کے خلاف ۷ ستمبر سے شروع ہونے والی ''جیل بھرو'' تحریک کے چوتھے روز مولانا رضی حیدر کی قیادت میں مزید پانچ گرفتاریاں، ملیر سٹی تھانے میں واقع مرکزی امام بارگاہ جعفریہ طیار سوسائٹی سے ہزاروں افراد پر مشتمل ایک ماتمی جلوس کی شکل میں ''لبیک یا حسینؑ'' کا ورد کرتے ہوئے محمدی ویلفیئر کے دفتر کے نزدیک پہنچ کر رضا کارانہ پیش کر دیں۔

گرفتاریاں دینے والوں میں مولانا رضی حیدر، مولانا اطہر مشہدی، مولانا علی عباس کاظمی، رضا مولائی اور تنویر حیدر شامل ہیں۔جعفر طیار میں احتجاجی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے علامہ حسن ظفر نقوی نے کہا کہ اب ہم سڑکوں پر نکل آئے ہیں اور اب یہ احتجاج ختم ہونے والا نہیں ہے۔اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موقعہ پر علامہ حسن ترابی نے کہا کہ تحریک جعفریہ پاکستان کے مرکزی صدر علامہ سید ساجد علی نقوی نے شیعہ عوام کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ اب احتجاج اور گرفتاریوں کا سلسلہ کراچی سے نکل کر پورے ملک میں ہوگا اور جلد ہی دیگر شہروں میں گرفتاریاں دینے کا سلسلہ شروع ہوگا۔

(روزنامہ جانباز، ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱)

پانچویں روز

جامع مسجد مصطفیٰ عباس ٹاؤن جیل بھرو تحریک کے پانچویں روز مزید ۵ گرفتاریاں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلزار ھجری تھانے کے حدود میں جعفریہ الائنس کی جیل بھرو تحریک کے پانچویں روز مزید پانچ گرفتاریاں پیش کر دیں۔

تفصیلات کے مطابق جعفریہ الائنس کی جانب سے اہل تشیع کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف جاری احتجاجی گرفتاریوں کے پانچویں روز گلزار ھجری تھانے کے حدود میں واقع جامع مسجد مصطفیٰ میں حسب معمول احتجاجی جلسے کے بعد مولانا شیخ مختار، مولانا وقار حیدر تقوی، باقر حسین، قاسم اور حاجی یوسف نے گرفتاریاں پیش کیں۔

(روزنامہ جانباز، ۱۲ ستمبر ۲۰۰۱)

☆☆☆☆☆

''جو لوگ قومیت اور قوم پرستی کے نام پر مسلمانوں کی صفوں میں انتشار و افتراق ایجاد کرنا چاہتے ہیں وہ شیطان کے لشکر، استعماری طاقتوں کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹانے والے اور قرآن کے مخالف ہیں''

(امام خمینیؒ)

''قومی عصبیت سے بچو کیونکہ یہ تفریق اور نفرت پیدا کرتی ہے۔ اپنی زندگی پر اسلام کا نفاذ کرو۔'' ''روشن خیالی، لبرل ازم اور سوشل ازم اسلام کے منافی ہیں، ان سے دُور رہو اور جو لوگ ان کا نعرہ لگاتے ہیں انہیں پریشانی کے علاوہ کچھ نہیں ملا''

(مفتی اعظم عبدالعزیز آل الشیخ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جامعہ کراچی میں طلباء نے گورنر بلوچستان کا گھیراؤ کرلیا

چہلم کے جلوس پر پابندی کے خلاف نعرے بازی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی میں امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (آئی ایس او) کے کارکناں نے گورنر بلوچستان اویس غنی کا گھیراؤ کیا۔ درجنوں کارکنوں نے حضرت امام حسینؑ کے چہلم کا جلوس برآمد ہونے پر پابندی کے خلاف گورنر بلوچستان کو ایچ ای جے انسٹیٹیوٹ کی عمارت میں ۲ گھنٹے تک محصور رکھا۔

انچارج وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی پروفیسر عطاء الرحمٰن کی گاڑی پر پتھراؤ کیا۔ بعدازاں اویس غنی سے مذکرات اور مطالبات کی منظوری کے بعد مظاہرین منتشر ہوگئے۔ گورنر بلوچستان ہفتہ کو ابراہیم جمال انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کرنے جامعہ پہنچے تھے۔

صورت حال اس وقت کشیدہ ہوئی جب وہ دورہ مکمل کرکے ابراہیم جمال انسٹی ٹیوٹ سے باہر جارہے تھے اسی دوران آئی ایس کے درجنوں کارکنوں نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے ایچ ای جے پر دھاوا بول دیا، کارکن میں عمارت میں داخل ہوگئے۔ طالبات سمیت مظاہرین نے گورنر بلوچستان کی گاڑی کا گھیراؤ کرلیا۔

بعدازاں وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ نے گورنر اویس غنی کو ایچ ای جے کی عمارت میں بھیج دیا۔ اس دوران مظاہرین نے عمارت کے دونوں دروازے پر دھرنا دے دیا۔ بعدازاں آئی ایس او کے راہنماؤں نے گورنر بلوچستان سے مذاکرات کئے۔ گورنر اویس غنی نے ملٹری سیکرٹری کو ہدایت کی کہ وہ چیف سیکرٹری سے رابطہ کریں کہ گنداوہ، روجھان جمالی، نصیرآباد ڈویژن، کوئٹہ اور صوبہ بھر میں چہلم امام حسینؑ کے جلوس برآمد کرنے کی اجازت دے دی جائے۔ انہوں نے سانحہ کوئٹہ کی عدالتی تحقیقات کے لیے قائم کمیشن میں جسٹس نادر خان کی دوبارہ تقرری کے احکام جاری کئے اور زخمیوں کے مناسب دیکھ بھال کرنے کی ہدایت دیں۔

گورنر اویس غنی نے کہا کہ آئی جی بلوچستان شعیب سڈل کی برطرفی کا فیصلہ عدالتی رپورٹ آنے کے بعد کیا جائے گا۔ جلوس عاشورہ پر بعض اے ٹی ایف کے اہلکاروں کے جان بچانے کے لیے فائرنگ کی تھی۔ جلوس پر پابندی جانیں بچانے کی خاطر تین ماہ کے لیے لگائی گئی ہے میں ضمانت دیتا ہوں کہ اس کے بعد پابندی ہٹالی جائے گی۔ بعدازاں مظاہرین منتشر ہوگئے۔

(روزنامہ ایکسپریس، ۱۱ اپریل ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار

شیعہ علماء کونسل کا سندھ ہائی کورٹ پر احتجاجی دھرنا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان سندھ کے زیر اہتمام علماء نے احتجاجی دھرنا سندھ ہائی کورٹ پر دیا۔ جو تقریباً ڈھائی گھنٹے سے زائد جاری رہا۔ علماء جیسے ہی ہائی کورٹ کے گیٹ پر پہنچے تو ہائی کورٹ کا مین گیٹ بند کر دیا گیا۔ مگر علماء گیٹ کھول کر اندر ہائی کورٹ بلڈنگ میں گئے اور دوسری منزل پر دھرنا دیا۔

علماء کے وفد نے علامہ قنبر نقوی کی قیادت میں علامہ حسن ترابی، سید اکرام ترمذی، مولانا شبیر حسین مولانا محمد عون نقوی، مولانا اکبر ناصری اور کوثر زیدی کے ساتھ چیف جسٹس ہائی کورٹ کے پرسنل سیکریٹری اور رجسٹرار سے ملاقات کی اور ایک یادداشت ہائی کورٹ کے رجسٹرار کے پاس جمع کروادی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے علامہ حسن ترابی نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اب تک شیعہ شہداء کے قاتلوں کو ہونے والی سزاؤں پر عمل درآمد کرانا چاہیے۔ مولانا شبیر حسین میثمی نے کہا کہ حکومت عوام کو سکیورٹی دینے میں ناکام ہوگئی ہے لہٰذا مستعفی ہو جائے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۴ مئی ۲۰۰۴)

(یادداشت کے مکمل متن کا اردو ترجمہ صفحہ ۔۔۔۔۔۔ پر ملاحظہ فرمائیں)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاسبان عزا کے تحت سندھ اسمبلی پر دھرنا۔ حکومت کے خلاف نعرے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان عزا نے سانحہ مسجد حیدری اور حکومت سندھ کے رویے کے خلاف اتوار کو ایک احتجاجی ریلی نکالی۔ مظاہرین کے ایک بڑی تعداد محفل شاہ خراسان سے ریلی کی صورت میں نکلی اور سندھ اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنا دے کے بیٹھ گئی۔ مظاہرین نے اس دوران حکومت کے خلاف نعرے بازی جاری رکھی۔ پاسبان عزا کے ایس ایم حیدر نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہفتہ کو ہمارے جن نوجوانوں کو پولیس نے گرفتار کیا ہے اگر انہیں رہا نہ کیا گیا تو ہم یہیں دھرنا دے کر بیٹھے رہیں گے۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں معاوضہ نہیں قاتلوں کی گرفتاری چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سازشیوں اور ایمان بیچنے والوں کی حکومت ہے ایک طرف دہشت گرد ظلم کر رہے ہیں اور دوسری طرف حکومت بھی مظالم کر رہی ہے۔

ایک طرف تو حکومت مساجد اور امام بارگاہوں کی حفاظت کرنے میں ناکام ہو رہی ہے دوسری طرف ہمارے کارکنوں کو بلا جواز گرفتار کر کے جھوٹے مقدمات بنائے جا رہے ہیں۔ بعد ازاں حکام کی یقین دہانی پر مظاہرین دھرنا ختم کر کے پریس کلب روانہ ہو گئے۔ جہاں سے وہ پر امن طور پر منتشر ہو گئے۔

(روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۲۴ مئی ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرقہ واریت تاریخی پس منظر، علل واسباب ایک مطالعہ

تحریر: سید حسن مرتضیٰ

ڈاکٹر شاہد مسعود خٹک کے مطابق ''اگر ہم اسلام کی تاریخ کا جائزہ لیں تو اوائل ہی سے عصبیت شروع ہوگئی تھی رسول اکرم محمد مصطفیٰؐ کے وصال کے بعد قبائلی کلچر اور عصبیت نے سر اُٹھانا شروع کر دیا تھا، مگر شروع کے ادوار کے صحابہ کرام کے بلند کردار، بالغ نظری اور دین محمدیؐ سے مکمل لگاؤ کی وجہ سے یہ فتنہ سر نہ اُٹھا سکا۔ مگر بعد کے ادوار میں ملوکیت میں مختلف بادشاہوں نے اس عصبیت کو اپنے سیاسی اقتدار کے فروغ واستحکام کے لیے خوب ہوا دی۔

اموی اور عباسی حکومتوں کی درجنوں مثالیں تاریخ کے صفحات پر موجود ہیں جب فیصلے اسلامی شریعت کے بجائے خاندان اور قبیلے کی بنیاد پر کیے جاتے تھے اسلامی تاریخ کے مختلف ادوار میں اقتدار کے کھیل میں عصبیت اور فرقہ واریت کا ہتھیار کثرت سے استعمال ہوا''

(عصبیت اور مذہبی فرقہ واریت پاکستانی معاشرہ ایک سماجی ونفسیاتی جائزہ، روزنامہ جنگ ۳۱ نومبر ۲۰۰۴)

ڈاکٹر مبارک علی اپنی کتاب ''علماء اور سیاست'' میں لکھتے ہیں کہ ''اسلامی معاشرہ کے ابتدائی دور میں جبکہ مسائل اس قدر پیچیدہ نہیں تھے مذہب کی تعلیم کو ہر فرد آسانی کے ساتھ سمجھ سکتا تھا لیکن فتوحات اور مذہب کی تبدیلی کی وجہ سے بڑی تعداد میں لوگ مسلمان ہونا شروع ہوئے تو اسلامی معاشرہ قبائلی دور سے نکل کر جاگیردارانہ اور ملوکیت کے دور میں داخل ہوگیا'' (ص۔۸)

پھر ہوا یہ کہ ''ایک اور عظیم تغیر جو اس ملوکیت میں رونما ہوا وہ یہ تھا کہ اس میں قوم، نسل، وطن اور قبیلہ کی وہ تمام جاہلیت پر مبنی عصبیتیں پھر سے اُبھر آئیں، جنہیں اسلام نے ختم کر کے خدا کا دین قبول کرنے والے تمام انسانوں کو یکساں حقوق کیساتھ ایک امت بنایا تھا۔ بنی امیہ کی حکومت ابتداہی سے ایک عرب رنگ لیے ہوئے تھی جس میں عرب مسلمانوں کے ساتھ غیر عرب نومسلموں کے مساوی حقوق کا تصور قریب قریب مفقود تھا''

(ص۱۶۹۔۱۷۰ خلافت وملوکیت، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی)

مولانا مزید لکھتے ہیں کہ ''سب سے بڑی مصیبت جو ملوکیت کے دور میں مسلمانوں پر آئی، وہ یہ تھی کہ اُس دور میں قانون کی بالادستی کا اصول توڑ دیا گیا حالانکہ وہ اسلامی ریاست کے اہم ترین بنیادی اُصولوں میں سے تھا'' (ص۱۷۲)

اسی دور ملوکیت میں بادشاہوں نے اپنے مفاد، سیاسی اغراض ومقاصد اور حکومت کے قیام وبقاء کے معاملے میں نہ صرف شریعت کی عائد کردہ پابندی سے انحراف کیا بلکہ وہ اپنے سیاسی تقاضے ہر جائز اور ناجائز طریقے سے پورے کرتے ہوئے حرام اور حلال کی حدود کو بھی پامال کر دیتے تھے کہنے کو ان کے عہد میں مملکت کا دستور اسلامی تھا۔

شریعت سے روگردانی بنی امیہ (41ھ مطابق 661ء تا 132ھ مطابق 750ء) کے دور میں

معاویہ کے چند اقدامات:

۱۔ برسر منبر حضرت علیؑ پر سب وشتم (۱۷۴)

۲۔ دیت کے معاملہ میں سنت کو تبدیل کر دیا گیا (۱۷۳)

۳۔ مال غنیمت کی تقسیم کے معاملے میں صریح احکام کی خلاف ورزی (۱۷۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۔ گورنروں کو قانون سے بالاتر قرار دیا گیا (۱۷۵)

۵۔ سر کاٹنا اور لاشوں کی بے حرمتی اسی دور میں مسلمانوں کے اندر شروع ہوئی (۱۷۶)

یزید کے چند اقدامات:

۱۔ حضرت امام حسینؑ کی شہادت (۱۷۹)

۲۔ واقعہ حُرّہ (۱۸۱)

۳۔ خانہء کعبہ پر سنگ باری (۱۸۴)

مروان کے چند اقدامات:

۱۔ عین حج کے موقع پر خانہ کعبہ پر چڑھائی (۱۸۵)

۲۔ عدالتی فیصلے کے بغیر حالت قید میں قتل (۱۸۶)

۳۔ بے قصور انسانوں کی قید (۱۸۶)

بنی امیہ کی حکومت کی طاقت دیکھ کر گمان نہیں ہوتا تھا کہ کسی کے ہلانے سے ہل سکے گی، لیکن اُن کے جبر اور استبداد کے باوجود پوری ایک صدی بھی قائم نہ رہ سکی اور عباسیوں نے آسانی سے اُن کا تختہ اُلٹ دیا اور وقت نے دیکھا کہ اُن پر رونے والی ایک آنکھ بھی نہ تھی۔

شریعت سے روگردانی بنی عباس (132ھ مطابق 750ء تا 656ھ مطابق 1258ء) کے دور میں

۱۔ دمشق اور بصرہ میں قتل عام اور لاشوں کے بے حرمتی (۱۹۲)

۲۔ امان یافتہ پناہ گزینوں کا قتل عام (۱۹۳)

۳۔ نفسِ ذکیہ کی مدینہ میں شہادت (۱۹۴)

۴۔ بیت مال کا معاملہ بھی اموی طرز عمل سے مختلف نہ تھا (۱۹۵)

۵۔ عدلیہ پر خلیفہ اور اُمراء کا دباؤ بھی بنی امیہ جیسا تھا (۱۹۵)

ان تمام واقعات کی تفصیل مولانا مودودی صاحب کی مشہور تصنیف ''خلافت وملوکیت'' میں دیئے گئے صفحہ نمبر پر دیکھی جاسکتی ہے۔ المختصر یہ ہے رُوداد ان تبدیلوں کی جو خلافت کی جگہ ملوکیت کے آجانے سے رونما ہوئیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کسی 'خاندان' یا گروہ کا اپنے اقتدار کے لیے کوشاں ہونا اور زبردستی اُسے قائم کرنا کیا خرابیاں پیدا کرتا ہے۔

پروفیسر شمیم احمد اپنے مقالے ''ہماری تاریخ کا لمحہ موجودہ ایرانی انقلاب کے حوالے سے'' جو کہ حلقہ احباب کوئٹہ میں ۱۹۸۰ میں پڑھا گیا، میں کہتے ہیں کہ ''کتنا عبرت انگیز موڑ ہے کہ جو نظام تمام طاغوتی نظاموں اور جاہلیتی معاشروں کی بیخ کنی کر کے انقلابی معاشرہ قائم کرنے آیا تھا وہ خود اسی ملوکیت، موروثیت، بادشاہت، جاگیرداری اور طبقاتی فرق وامتیاز میں مبتلا ہو گیا جسے ختم کرنا اس کا اصل مقصد تھا اور جسے حضور اکرمؐ کی حیات طیبہ میں تبدیل کر کے قرآنی معاشرہ بنا دیا گیا تھا۔

چنانچہ آج دنیا کی بدترین ملوکیت اور طبقاتی تضادات کا شکار مسلم معاشرے ہی نظر آتے ہیں۔ خلافت راشدہ کے بعد چودہ صدیوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صرف حضرت عمر بن عبدالعزیز کے چند برسوں کی انفرادی کوششوں کو چھوڑ کر پوری دنیائے اسلام میں ایک دن بھی اسلامی نظام کہیں نفاذ نہیں ہوسکا۔ یہ صدیاں صرف مسلمانوں کی بادشاہتوں اور مفاد پرست طبقات کا وہی گھناؤنا نظام اپنے اندر چھپائے بیٹھی ہیں جس کی بیخ کنی کے لیے اسلام آیا تھا''۔ (ص۔۳۹)

آپ مزید لکھتے ہیں کہ ''مسلم ملوکیت سے اسلامی انقلاب کے ذریعے قرآنی معاشرہ میں لوٹنے کی سب سے پہلی کوشش حضرت امام حسینؑ نے کی۔ ملوکیت جو امت مسلمہ کے وجود میں سرایت کر رہی تھی، اس کے لیے حضرت امام حسینؑ نے اپنے اور اپنے جاں نثاروں کے خون سے تاریخ کی عظیم اور بے مثال قربانی پیش کی اور یوں خون حسینؑ ملوکیت اور حقیقی اسلام کے درمیان حائل ہوگیا اور پھر کبھی تاریخ میں ملوکیت اسلام پر ایمان رکھنے والوں کے لیے قابل قبول نہ ہوسکی''۔ (ص۔۱۵)

خلفائے عباسی اور مغلوں کے زوال کے بعد کی تاریخ کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مسلمانوں کے دو عظیم گروہوں یعنی شیعہ سنی کو جدا جدا کرنے اور مسلمانوں کے اتحاد و یگانگت کو ختم کرنے کے لیے عالم کفر اور استعمار نے کتنی بڑی سرمایہ کاری کر رکھی ہے۔ جناب جواد منصوری کے مطابق ''ایران میں صفوی خاندان کے دور سے عثمانی سلطنت کے خلاف جو لڑائیاں اور جنگ آزمائیاں ہوئیں وہ مغلوں کے حملے کے بعد اسلامی ممالک میں مذہبی جنگوں کی آگ بھڑکانے کے سلسلے میں استعماریوں کے کردار کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ منحوس جنگیں جو واضح طور پر اسلامی ممالک کی وحدت کے خاتمے کے لیے روسی اور برطانوی استعمار کی مشترکہ کوششوں کی پیداوار تھیں۔ بعد کے ادوار (افشاری اور زندی دور) میں بھی جاری رہیں اور قاچاری دور میں تو یہ اور وسیع پہلوؤں اور شکلوں میں جلوہ گر ہوئیں''۔

(ص۹۱، شناخت استکبار)

''پاپائیت، بہائیت، قادیانیت اور وہابیت وغیرہ جیسے رنگا رنگ فرقے جو اصطلاحی معنوں میں مذہبی تھے لیکن حقیقت میں مذہب کے رنگ میں محض سیاسی تھے۔ مسلمان عوام کے ذہنوں کو شریعت اسلامی سے منحرف کرنے کے لیے سلطنت برطانیہ کی نوآبادیوں کی وزارت کے ارباب اختیار کی ذہنی پیداوار تھے یہ تمام کوششیں مسلمانوں کی وحدت و یگانگت کے خاتمے کیلئے کی جارہی تھیں کیونکہ مشرق و مغرب کی استکباری طاقتوں کو بخوبی علم تھا کہ دنیا کی اقوام میں مسلمان عظیم ترین اہمیت کے حامل ہیں''۔

(ص۹۲، شناخت استکبار)

دراصل عالم کفر و استکبار اسلام کے جلیل القدر پیغمبر کے ہاتھوں ذلت اُٹھا چکا تھا جب رسول اکرمؐ نے دور جاہلیت کے لوگوں کی ہدایت کرتے ہوئے انہیں ''لا الہ الا اللہ'' جیسے وحدت آفریں کلمہ کی طرف بلانے کے لیے کیا کیا سختیاں جھیلیں اور کیا کیا کوششیں کیں اُس دور کی دو طاقتور کافر حکومتوں (ایران و روم) کو عقیدہ و ایمان رکھنے والی مسلمان قوم کے ہاتھوں نا کوں چنے چبوائے۔

نو آبادیاتی دور:

جب نو آبادیاتی دور میں عیسائی مشنری کی یلغار ہوئی تو اپنے مذہب کے دفاع کے لیے علماء نے اپنی جماعتیں تشکیل دیں اپنے منصوبوں اور منشور پر عملدرآمد کیلئے عوام سے چندے کی اپیلیں کیں چنانچہ جن جماعتوں کو زیادہ چندہ ملا اُنہوں نے اپنے پیسے سے اپنے لیے جائدادیں خریدیں، جماعت کا دفتر، اپنے عقائد و نظریات کی تبلیغ کے لیے دینی مدرسے سے قائم کیے جہاں تشدد طالب علموں اور اساتذہ کی تربیت کی جائے اور یتیم خانوں کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلسلہ شروع ہوا۔ جس کے نتیجے میں علماء کی ایک پیشہ ور جماعت وجود میں آ گئی جس نے معاشرے میں رفاہی کاموں کو اپنے ذمہ لے لیا اور چندوں کی وصولی یابی سے خود اُن کی مالی حالت بہتر ہوگئی۔ ان رفاہی کاموں میں مسلمان امراؤ اور جاگیرداروں نے بھی حسب توفیق مدد کی۔

آزادی کی تحریک:

جب برصغیر میں آزادی کی تحریک شروع ہوئی اور سیاسی جماعتیں میدان میں آئیں تو علماء نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا کہ وہ خود کو صرف مذہبی معاملات تک کیوں محدود رکھیں بلکہ اُن اختیارات کیلئے جدوجہد کریں جو انہیں برطانوی دور حکومت سے قبل حاصل تھے۔ چنانچہ مذہبی اُمور کے ساتھ ساتھ سیاسی اُمور میں رہنمائی کی ضرورت کے پیش نظر سیاسی اور مذہبی جماعتیں وجود میں آئیں۔

خلافت تحریک کے دوران مذہبی جماعتوں کی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے مذہبی جذبات کا مسلم لیگ کی سیکولر قیادت نے بھرپور فائدہ اُٹھایا۔ حالانکہ یہ مذہبی جماعتیں نظریہ پاکستان کی مخالف تھیں تشکیل پاکستان کے دوران علماء ومشائخ اور مذہبی جذبات کو مسلم لیگ نے کامیابی سے اپنے حق میں استعمال کیا۔

فرقہ واریت کی ابتداء:

اگرچہ ہندوستان میں مختلف مذاہب، ذاتوں، برادریوں اور قوموں کے لوگ آباد تھے اور ان میں مذہبی اختلافات سے لے کر لسانی اور ثقافتی فرق موجود تھے مگر فرقہ واریت کی ابتداء برطانوی دور حکومت میں ہوئی۔

اسباب:

۱) فرقہ واریت ہندوستان میں نہ تو تاریخی ارتقاء وترقی کے نتیجہ میں پیدا ہوئی اور نہ یہ ہندوستانی عوام میں موجود تھی بلکہ یہ نوآبادیاتی نظام کے بعد جو سیاسی، معاشی اور سماجی تبدیلیاں ہوئیں ان کے نتیجہ میں پیدا ہوئی۔

۲) ہندوستان میں چونکہ قومیت کی جڑیں نہیں تھیں، لوگوں کی شناخت کسی مذہب کے پیرو کی وجہ سے ہوئی تھی جس کی وجہ سے دوسری علامتیں دب گئیں اور مذہبی شناخت زیادہ ابھر کر سامنے آئی۔

۳) نوآبادیاتی دور میں ہندو اور مسلمانوں کے اختلافات کو خاص طور پر تاریخ کے ذریعے سے ابھارا گیا اور تاریخ کو اس طرح سے پیش کیا گیا کہ دونوں ایک دوسرے کے دشمن نظر آئیں کیونکہ اس کے ذریعہ برطانوی حکمران یہ ثابت کرنا چاہتے تھے کہ اہل ہندوستان آپس میں لڑتے رہتے تھے اور یہ صرف برطانوی حکومت ہے کہ جو اُنہیں خانہ جنگی سے روکے ہوئے ہے اس لیے برطانوی حکومت کا قائم رہنا ہندوستان کے مفاد میں ہے۔

۴) ہندوستان میں فرقہ واریت کے فروغ کا سبب مسلمانوں کا یہ احساس تھا کہ اکثریتی جماعت (ہندو)، ان کی تہذیب وثقافت اور ان کی شناخت کو ختم کردے گی دوسری جانب ہندوں نے سوچا کہ گرچہ مسلمان اقلیت میں ہیں مگر یہ دوسرے مسلمان ملکوں کے ساتھ مل کر سیاسی اقتدار قائم کرنا چاہتے ہیں۔

قیادت اور مفادات: ۔ فرقہ وارانہ تحریکوں کی قیادت متوسط اور طبقہ اعلیٰ کے افراد کے ہاتھوں میں ہوتی تھی اور یہ اپنے مفادات کو اپنی کمیونٹی کے مفادات بنا کر پیش کرتے تھے۔ جبکہ فرقہ واریت کے نتیجہ میں برپا ہونے والے فسادات میں نقصان ہمیشہ غریب عوام اور عام لوگوں کا ہوتا، انہیں کے گھر بار جلتے اور وہی قتل ہوتے۔ قیادت ان جھگڑوں سے دور رہتی تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلمانوں میں فرقہ واریت کی ابتداء:

اگر چہ ۱۹۲۰ سے فرقہ واریت کی اصطلاح ان خاص معنوں میں استعمال ہونے لگی تھی۔ جیسا کہ ۱۹۲۸ میں نہرو رپورٹ میں اقرار کیا گیا کہ ''فرقہ واریت بنیادی طور پر ہندو اور مسلمانوں کے درمیان اختلافات کا نام ہے''۔ ۱۹۳۸، ۱۹۴۵ اور ۱۹۴۶ کے برسوں میں فرقہ واریت کو خوب فروغ حاصل ہوا۔ ابتدا میں کہا گیا کہ ''مسلمانوں کے مفادات خطرے میں ہیں''، بعد میں ''اسلام خطرے میں ہے'' کا نعرہ بلند کیا گیا اور اس طرح مذہب کی بنیادوں پر عوام کو ابھارا گیا اور مدد کے لیے مولویوں اور پیروں کو سیاست میں لایا گیا۔

المیہ:

فرقہ واریت قومی شعور کی بیداری میں سب سے بڑی رکاوٹ بنی اور اسکی وجہ سے برطانوی سامراج نے ہندوستان میں قومی تحریکوں کو منظم نہیں ہونے دیا اور اگر کہیں کامیابی ہوئی تو فرقہ واریت کی مدد سے اسے کمزور کیا۔ دوسری طرف برطانوی حکمرانوں نے وقت ضرورت اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے ہندو اور مسلمان فرقہ پرستوں کی سرپرستی بھی کی اور آپس کے اختلافات کا بھرپور فائدہ اٹھایا۔

(کتاب ''تاریخ کی روشنی'' از ڈاکٹر مبارک علی سے استفادہ کیا گیا)

وقت کے ساتھ ساتھ فرقہ واریت کا سلسلہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیاں تک محدود نہیں رہا بلکہ برطانوی حکمرانوں کی سازشوں کی وجہ مسلمانوں کے درمیان مزید فرقے وجود میں آئے اور یہ عفریت ان تمام فرقوں میں پھیل گئی اور نوبت لڑائی جھگڑے اور قتل وغارت گری تک جا پہنچی۔ برطانوی سامراج نے مسلمانوں کے منتشر ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھایا۔

آل انڈیا سنی کانفرنس اور آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا قیام اور ۱۹۳۹۔۱۹۴۰ کے لکھنو کے فرقہ وارانہ فسادات جس کا واضح ثبوت ہیں کہ جن میں ایک انداز کے مطابق تیس ہزار افراد نے مختلف مواقع پر اجتماعی گرفتاریاں پیش کیں

پاکستانی معاشرہ اور اسلام:

پس منظر: ڈاکٹر مبارک علی کے مطابق ''مغل سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے ہونے کے بعد مسلمان جس طرح کمزور ہوئے تھے اس کا واحد علاج یہ ڈھونڈا جارہا تھا کہ اُنہیں متحد کیا جائے اور ان کے اختلافات کو ختم کر کے ان میں اتفاق کو پیدا کیا جائے۔ اس لیے ہر مذہبی جماعت نے اس کا دعویٰ کیا کہ وہ واحد جماعت ہے جو مسلمانوں کو متحد کرے گی اور دوسری تمام جماعتیں اختلافات پیدا کرنے والی ہیں۔ اس لیے ہر جماعت اس مہم میں مصروف ہوگئی کہ اتحاد کی خاطر دوسری جماعتوں کو ختم کر دیا جائے تا کہ صرف ایک جماعت اور اس کے عقائد پر پوری قوم کو ایک کیا جائے''

جب ان کوششوں میں رکاوٹیں آئیں تو اُنہوں نے ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرانے اور اسلام کا دشمن گردانا شروع کر دیا جس کی وجہ سے عدم برداشت اور مخالفت کے جذبات معاشرے میں پروان چڑھنا شروع ہو گئے۔

چونکہ ان جماعتوں کا دارومدار چندوں پر تھا لہٰذا اُنہیں یہ خطرہ رہتا تھا کہ اگر انکے پیروکار کم ہو گئے یا چھوڑ کر چلے گئے تو انکے مالی وسائل پر اُسکا اثر پڑے گا۔ اس لیے انہوں نے غیر دوستانہ اور مخالفانہ رویہ کو اختیار کیا تا کہ ان کا علیحدہ وجود برقرار رہے۔

چندے پر انحصار کی بدولت علماء کی ذاتی کردار اور اُن کی تعلیم وتبلیغ پر بہت زیادہ اثر ہوا کیونکہ چندہ دینے والوں کی غالب اکثریت خوشحال اور دولت مند مسلمانوں کی تھی اس لیے اُنہوں نے جہالت، غربت، مفلسی، بھوک اور بیماری جیسے سماجی مسائل کو نہیں چھیڑا۔ اس کے برعکس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُنہوں نے معاشرے کے ڈھانچے کو جوں کا توں برقرار رکھنے پر زور دیا اور ہر تبدیلی کی مخالفت کی۔ (ص ۸۷۔۸۸، علماء اور سیاست، ڈاکٹر مبارک علی)

پاکستان کا قیام:

ڈاکٹر خٹک کے مطابق ''عام آدمی کے لیے تشکیل پاکستان کے وقت ہی یہ تاثر پیدا ہو گیا تھا کہ پاکستان میں اسلامی معاشرہ قائم کیا جائے گا اور یہ ہی معاشرے کے تمام سماجی، معاشی اور ثقافتی مسائل کا حل ہے مگر جب جائزہ لیا جائے تو یہ امر واضح ہے کہ پاکستان کے قیام کے بعد سے کبھی کسی حکومت کو اسلامی نظام کا نفاذ سے کوئی دلچسپی نہیں رہی اور نہ ہی کوئی حقیقت پسندانہ کوشش کسی دور میں کی گئی مگر اسلام کا نام ہر ضرورت کے موقع پر ہر سیاسی قوت وشخصیت نے اپنے ذاتی مقاصد اور فوائد کے لیے استعمال کیا کیونکہ وہ اس نعرے کی سحر انگیزی کا علم رکھتے تھے اس لیے اس کا بھرپور استعمال ہوا''۔

(عصبیت اور مذہبی فرقہ واریت پاکستانی معاشرہ ایک سماجی ونفسیاتی جائزہ، روزنامہ جنگ ۳۱ نومبر ۲۰۰۴)

لہٰذا قیام پاکستان کے فوراً بعد علماء کی جانب سے ملک میں نفاذ شریعت کا باقاعدہ مطالبہ ہونے لگا تاکہ یہ ایک اسلامی مملکت بن سکے۔ قیام پاکستان کے ابتدائی ایام میں سیکولر قیادت اور علماء کے درمیان اس بات پر کش مکش شروع ہو گئی کہ پاکستان کی ریاست کس قسم کی ہوگی آیا یہ ملک ایک سیکولر جمہوری ہوگا جس میں ہر عقیدہ و مذہب کے لوگوں کو برابر حقوق حاصل ہونگے یا اسلامی ریاست بنایا جائے گا جس میں صرف مسلمانوں کو تمام حقوق حاصل ہونگے اور غیر مسلموں کو ثانوی درجہ حاصل ہوگا۔

علماء کی یلغار کے سامنے آخر کار حکومت کی قائم کردہ کمیٹی نے ۱۹۴۹ میں قرارداد مقاصد کے نام سے ایک دستاویز تشکیل دی جس میں صدارتی نظام حکومت کی سفارش کے ساتھ ساتھ صدر کے لیے مسلمان مرد کی شرط کو لازمی قرار دیا گیا اور عورتوں کو صدر بننے کے حق سے محروم کر دیا گیا۔ ڈاکٹر مبارک علی کے مطابق ''پاکستان کی مختصر تاریخ میں ہم علماء کا آہستہ آہستہ طاقت ور ہونا دیکھتے ہیں اُس کی ابتدا اس طرح سے ہوئی کہ سیکولر قیادت نے اُنہیں خوش کرنے کے لیے ان کے تھوڑے بہت مطالبے مان لئے تاکہ ان کی حمایت حاصل کی جائے لیکن ان کی یہ ہی کمزوری علماء کے آگے بڑھنے میں معاون ثابت ہوئی اس کے نتیجے میں جمہوری اور سیکولر ادارے برابر کمزور ہوتے چلے گئے اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ تمام سیاسی پارٹیاں خود کو مذہبی ثابت کرنے کے لیے علماء کے ہاتھوں میں کھلونا بن گئیں۔ (ص ۱۱۶، علماء اور سیاست، ڈاکٹر مبارک علی)

اسی وجہ سے آج بھی پاکستان میں درباری علماء کی سرکاری ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ ہر سربراہ حکومت کے قوم سے خطاب کے موقع پر قرآن و سنت سے سیاق وسباق سے ہٹ کر ایسی آیات ڈھونڈ نکالیں جنہیں وہ اپنے مطالب ومقصد کے جواز کے طور پر پیش کر سکیں۔

ہر حکمران عام مسلمانوں کے ساتھ ساتھ علماء کی دل جوئی، اور حمایت حاصل کرنے کے لیے اسلام کے نعرہ کے ساتھ ساتھ عمرے کرنا، خانہ کعبہ اور مسجد نبوی میں حاضری، محفل نعت وقرأت، سیرت النبیؐ کے جلسوں میں شرکت اور مزاروں پر چادریں چڑھانا اپنے لیے ضروری خیال کرتا ہے۔ جو کہ اُس کے مذہبی کردار کو اجاگر کرنے کا ایک سلسلہ ہے۔ درحقیقت تمام سیاسی اور معاشرتی قوتیں اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ مذہبی نعرے، مذہبی کردار اور مذہب کے نام پر گروہ بندیاں عام پاکستانیوں کے لیے اہمیت رکھتی ہیں اور اقتدار کی لڑائی میں ایک اہم قوت ہیں۔

پاکستانی معاشرے میں مذہب کا ایک پرفریب استعمال اہل اقتدار اور قومی وسائل اور آسائشوں پر قابض طبقے نے یوں کیا کہ اُنہوں نے درباری علماء، مشائخ اور گدی نشینوں کے ذریعے سے عام مسلمانوں کو باور کرایا کہ ''مذہب فقط تقدیر پر اسی طرح راضی ہونے کا نام ہے کہ جو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کے پاس ہے وہ عطیہء خداوندی ہے اور اُنہیں حسب و مال اور اقتدار اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے اور ان محروم طبقات کو اس پر راضی بہ رضا ہونا چاہیے۔ وہ اپنے جائز حقوق کے سلسلے میں ان کے ناجائز اور غیر منصفانہ قبضے کے خلاف ہرگز احتجاج نہ کریں کیونکہ یہ مذہب کی تعلیمات کے خلاف اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث ہوگا۔ جو تیرے پاس تیرا نصیب اور جو میرے پاس ہے میرا نصیب"

(علماء اور سیاست، ڈاکٹر مبارک علی)

اس صورت حال پر سندھ کے سابق گورنر اور نامور قانون داں جناب فخر الدین جی ابراہیم نے اپنے انٹرویو میں کیا دلچسپ تبصرہ کیا ہے کہ "حکمرانوں کو شکر ادا کرنا چاہیے کہ غریب عوام ہر محرومی کو خدا کی مرضی سمجھ کر صبر کر لیتے ہیں ورنہ کب کا انقلاب آچکا ہوتا"۔

(۱۴ ستمبر ۲۰۰۵، جنگ ٹڈو یک میگزین)

پاکستان میں غربت، جہالت، افلاس، ناانصافی، بیماری اور طبقاتی زبوں حالی جیسے حقوق العباد پر مبنی مسائل پر آج تک کوئی قابل ذکر تحریک اسلام کے نام پر مولوی حضرات نے نہیں چلائی کیونکہ اس طبقہ کا شعور فرقہ واریت سے آگے نہیں بڑھ سکا ہے اور جو چند عوامی مسائل پر مبنی تحاریک ہیں بھی تو وہ دراصل ملکی حکمرانوں یا پھر امریکی مفادات کیلئے لڑی جانے والی جنگ ہے۔

معاشی مسائل سے عوام کو توجہ ہٹانے کیلئے مذہبی رجعت پسندوں کی فرقہ وارانہ تحریکیں چلائی گئیں پاکستان میں آج تک اسلام اور مولوی دو ایسے عنصر ہیں جو اکثر بیشتر سیاسی مقاصد کیلئے استعمال ہوتے ہوئے آئے ہیں۔

ضیاء الحق حکومت اور فرقہ واریت:

پس منظر: پاکستان کی تاریخ اور سیاست میں اسلام کا نام سب سے ہنرمندی اور کامیابی سے جنرل ضیاء الحق نے استعمال کیا۔ پی این اے تحریک نظام مصطفیٰ کے نتیجے میں خود اقتدار سنبھال لینے کے بعد اس نعرے کو اُنہوں نے پی این اے سے چھین لیا اور خود اس کے علمبردار بن گئے۔ ضیاء الحق نے چند ادھورے اقدامات کے علاوہ نفاذ اسلام کیلئے سنجیدہ اور بنیادی اہمیت کی حامل کوشش نہیں کی مگر وہ عام مسلمان کی کمزوری کو بہت اچھی طرح بھانپ گئے تھے۔ اُنہوں نے افغانستان جنگ کو جہاد یا متبرک اسلامی جنگ میں بدل دیا اسی طرح مذہبی راہنماؤں، مشائخ اور دینی قوتوں کے ساتھ ذاتی فراخ دلی کے برتاؤ سرکاری پلاٹوں کی بندر بانٹ کے ساتھ ساتھ نفاذ اسلام کے خوش نما وعدوں کے سہارے اپنا گیارہ سالہ دور اقتدار مکمل اختیار و قوت سے بسر کیا۔

روش ندیم کے مطابق "فوج استعماری طاقتوں کا سب سے وفادار" منظم اور مضبوط ادارہ ہوتی ہے اور جب سامراجی طاقتوں کو طفیلی ملک کے اندر یا باہر کسی قسم کی بے چینی یا تبدیلی نظر آتی ہے تو اقتدار فوج کے حوالے کر دیا جاتا ہے تاکہ سامراجی عمل ڈسٹرب نہ ہو۔ ساری عمر بیرکوں میں بتانے والی فوج یک دم عوام کی نمائندہ بن کر قوم پر مسلط ہو جاتی ہے۔ عوام کی سیاسی جماعتوں اور جمہوری اداروں کو ختم کر دیتی ہے اور ملکی قوانین کو منسوخ کر دینے کے بعد فوج کا نمائندہ جرنیل اپنا ذاتی قانون قوم پر ٹھوس دیتا ہے"۔

(ص۔۹۱ پاکستان برطانوی غلامی سے امریکی غلامی تک)

جس آئین کے تحت جنرل ضیاء الحق نے حلف اُٹھایا تھا اور آئین اور قانون کی بالادستی کا وعدہ کیا تھا اُس کے متعلق فرماتے ہیں "آئین آئین ہے کیا؟ دس بارہ صفحوں کا کاغذی پرزہ جسے میں جب چاہوں پھاڑ کر پھینک دوں۔ اگر میں آج اعلان کر دوں کہ کل سے ہم کسی مختلف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظام کے تحت زندگی بسر کریں گے تو مجھ کو کون روک سکتا ہے۔ میں جس طرف چاہوں سب اُسی طرف چلیں گے۔

(اخباری کانفرنس تہران، بحوالہ ص ۱۰۷ پاکستان انقلاب کے دہانے پر)

ان غیر جمہوری اومطلق العنان حکمرانوں کی مدد کے لیے امریکی سامراج نے کئی قسم کے مذہبی لیڈر، دانشور، مذہبی جماعتیں اور لسانی تنظیموں کی کھیپ تیار کی ہوتی ہے۔ ان ہی مذہبی تنظیموں کے کندھوں پر امریکہ نے نصف صدی پر محیط سوشلزم اور سوشلسٹ ممالک کے خلاف سرد جنگ لڑی اور کھربوں ڈالر خرچ کیے۔ ان مذہبی جماعتوں نے رسمی طور پر مذہب کو پیش کر کے پاکستانی معاشرے کے ایک بڑے طبقے کو سیاسی طور پر مفلوج کر دیا۔ اپنے اقتدار کی بقا اور دوام کے لیے دیدہ ودانستہ جنرل ضیاء الحق نے صوبائی، لسانی، علیحدگی پسندی پہ مبنی اور فرقہ وارانہ مسائل کو اُبھارا اور ان میں شدت پیدا کر دی تا کہ ملک کے سیاسی، معاشی، ثقافتی اور طبقاتی مسائل سے عوام کی توجہ ہٹائی جا سکے۔

ڈاکٹر کلیم صدیقی اپنے مقالہ "پاکستان میں اسلامی انقلاب کی ضرورت اور اُس کا لائحہ عمل" میں لکھتے ہیں کہ ہمیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ پاکستان میں اسلامی حکومت کے قیام کی کوشش کو امریکہ، روس، چین، بھارت اور عربوں کی قومی حکومتیں ناکام بنانے کی بھرپور کوشش کریں گی۔ یہ اسلام دشمن قوتیں صرف اُس قسم کے نام نہاد اسلام کی اجازت دیں گی جیسا اسلام آج پاکستان کی فوجی (ضیا) حکومت نافذ کر رہی ہے۔ اسلام کے نفاذ کا جو پروگرام آج فوجی حکومت کی طرف سے برسرِ عام آ رہا ہے اور وہ قومیت اور جمہوریت میں ملوث اسلام جو جماعت اسلامی کی طرف سے پیش ہوتا رہا ہے دراصل اسلام نہیں بلکہ اسلام کے ساتھ مذاق ہے"۔ (ص ۱۹۔۲۰)

آپ مزید لکھتے ہیں کہ اس وقت ملک کے حکمران وہ فوجی افسر ہیں جنہوں نے ملک کے ہر قومی اور اسلامی دستور کو بار بار اپنے پیروں تلے روندا ہے۔ موجودہ آمر (ضیاالحق) حکومت کا کوئی دیرپا نقطۂ نظر نہیں یہ حکومت لحہ بہ لحہ زندہ ہے۔ اس نے اپنے وجود کو قائم رکھنے کی خاطر ایک اسلامی نظام کو نفاذ کرنے کے جعلی پروگرام میں پناہ لے رکھی ہے۔ اس حکومت کے شب و روز امریکی امداد، سعودی عرب کی امداد اور بیرون ملک پاکستانیوں کی کمائی پر گزارتے ہیں۔ اس طرح کی کمائی سے پاکستان کے حکمراں آج اپنی عیاش زندگیوں کو سنوارے ہوئے ہیں غضب تو یہ ہے کہ وہ بھی موجودہ حکومت کو چیلنج نہیں کر سکتی۔ موجودہ حکومت نے اسلام کے نام پر وہ سب کچھ اپنا لیا ہے جو پہلے جماعت اسلامی کا حصہ ہوتا تھا اور جماعت اسلامی کا پسندیدہ لبادہ اب فوجی حکومت نے پہن رکھا ہے" (ص ۳۴۔۳۵) جنرل ضیاء کے اسلامی نظام کے نفاذ پر ڈاکٹر (ریٹائرڈ) جسٹس جاوید اقبال اپنی کتاب "اپنا گریباں چاک" میں لکھتے ہیں کہ "جنرل ضیا کی اسلامائزیشن" سے پاکستان ایک انتہا پسند، متشدد اور آگے کے بجائے پیچھے کی طرف دوڑنے والے ملک کے روپ میں ظاہر ہوا" (ص ۲۰۲)

چند اہم عوامل جو فرقہ واریت کی شدت میں اضافے باعث ہوئے۔

۱۔ افغانستان جنگ/ جہاد؟

۲۔ انقلاب ایران کی کامیابی/ سامراج کا خوف اور انقلاب کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں

۳۔ وہابیت کی تبلیغ سرکاری سرپرستی میں

۴۔ مدارس/ نصاب/ تکفیر کے فتوے

۵۔ غیر ملکی امداد/ ملکی غیر ملکی مذہبی لٹریچر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۶۔نیم دلانہ حکومتی اقدامات،عمومی رویہ اور دُہرا معیار

۷۔عدلیہ کا کردار

۸۔ذرائع ابلاغ کا کردار

۹۔سرکاری ایجنسیوں کا کردار

۱) افغانستان جنگ/ جہاد؟: مغرب بالخصوص امریکہ کو جب تک روس سے خطرہ تھا تو انہوں نے کھربوں ڈالر خرچ کر کے نصف صدی پر محیط سرد جنگ لڑی اور وہ روس کا کچھ نہ بگاڑ سکے لیکن جب روس نے افغانستان پر لشکر کشی کی تو مغرب نے اس سنہری موقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔اُس وقت علاقہ میں موجود سامراج کے نمائندے جنرل ضیاء الحق نے امریکی مفادات کے تحفظ کو جہاد قرار دے دیا۔روش ندیم کے مطابق ''یہ کس قدر مضحکہ خیز بات تھی کہ جو سرمایہ دار، جاگیردار، بیوروکریسی اور فوج اپنے ملک میں اسلامی نظام کی راہ کی سب سے بڑی رکاوٹ تھے وہ افغانستان میں اسلامی نظام کے تحفظ اور نفاذ کی جنگ لڑنے لگے۔یہ جہاد جس کا ٹھیکہ ملک کی تمام مذہبی جماعتوں کو دیا گیا تھا امریکہ واسرائیل کے بھیجے ہوئے اسلحے سے لڑا گیا۔اس جہاد میں مذہبی جماعتوں اور فوجی جرنیلوں نے اسلحہ خورد برد کر کے کروڑوں ڈالر کمائے''

(ص ۱۶۸۔پاکستان برطانوی غلامی سے امریکی غلامی تک)

اپنوں نے ہمیں لوٹا: افغانستان میں ایک سیاسی جنگ لڑی جارہی تھی جسمیں وقت کی دو عالمی قوتیں روس اور امریکہ مدمقابل تھیں تو اس جنگ کو سامراجی مفادات کے تحفظ کی خاطر سازش کے ذریعے سے جہاد قرار دے دیا گیا۔مجاہدوں کی تربیت، اسلحہ اور رقوم کی فراہمی مغرب سے ہوتی رہی پوری دنیا کے جنگ جو اور اپنی حکومتوں کے باغی پاکستان میں جمع ہوتے جہاں سے وہ روسی فوجوں اور کمیونزم کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کے لیے افغانستان میں داخل ہوتے تھے افغانستان سے روس واپس چلا گیا کمیونزم غروب ہونے لگا اور روس کا شیرازہ بکھر گیا۔اس سارے کھیل میں پاکستان کو کیا حاصل ہوا محمود شام کی زبانی سنیں ''ایک دروازے پر کوئلے سے درج شعر یہ نہ صرف (پاکستانی) سفارت خانے کے مکینوں بلکہ افغانستان کی مدد کرنے والے ہر پاکستانی کے دل سے نکلی ہوئی۔آہ کے مترادف ہے۔

اپنوں نے ہمیں لوٹا غیروں میں کہاں دم تھا　　کشتی ہے وہاں ڈوبی پانی بھی جہاں کم تھا

یہاں رہتے ہوئے پاکستانیوں پر کیا گزری ہوگی۔اُن کے ارمان کس طرح بکھرے ہوں گے،ان کے ارکان کس طرح ٹوٹے ہوں گے۔ ہم نے جن کے لیے اپنے ملک کو داؤ پر لگا دیا۔ناجائز اسلحے کے ڈھیر لگتے رہے، ہمارے نوجوان ہیروئن کے دُھویں میں جوانیاں گم کرتے رہے۔دینا بھر کے مسلح جنگ جو عناصر نے ہمارے گھر میں راستہ بنالیا۔اب وہی لوگ، اُنکے نوجوان، انکے ساتھی دیواریں گرا رہے تھے، دروازے توڑ رہے تھے، پیٹرول چھڑک رہے تھے، سفیر پاکستان زخمی ہوگئے ایک (سفارتی) اہلکار جاں بحق بھی ہوا تھا وہ دندنا رہے تھے ''مرگ بر پاکستان''

(کابل میں چند لمحے رپورٹ محمود شام، جنگ مڈویک ۱۲۔۱۸ جون ۲۰۰۲)

تاریخ کا فیصلہ: اکتوبر ۲۰۰۶ میں شہزادہ بندر بن سلطان کی آپ بیتی برطانیہ میں ''دی پرنس'' کے نام سے شائع ہوئی جس میں افغان جہاد کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ یہ جہاد کے بجائے انا اور مفادات کی جنگ تھی۔شہزادے نے انکشاف کیا کہ ''امریکہ نے یہ جنگ ڈالروں کے بل بوتے پر لڑی اور ڈالروں کی مدد ہی سے جیتی''۔امریکہ اور سعودی عرب نے مجاہدین کو اسلحہ اور گولہ بارود کے ساتھ ساتھ ڈالروں سے بھی نوازا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہزادہ بندر بن سلطان بن عبدالعزیز السعود ۲۲ برس (۱۹۸۳ سے ۲۰۰۵) تک، امریکہ میں سعودی عرب کے سفیر رہے۔ ۱۹۸۰ کی دہائی میں انہوں نے افغان جنگ میں بڑا مرکزی کردار ادا کیا۔

جاوید چوہدری صاحب کے بقول ''میں، میری نسل افغان جہاد کے دوران پل کر جوان ہوئی تھی لہٰذا ہم اِسے کفر اور اسلام کی جنگ سمجھتے تھے اور اس جنگ میں کام آنے والے مجاہدین کو شہید اور زخمیوں کو غازی کہتے تھے، لیکن مجھے شہزادہ بندر بن عباس کی کتاب پڑھ کر معلوم ہوا یہ جنگ جہاد نہیں تھا یہ امریکہ اور سوویت یونین کی انا کا ٹکراؤ تھا اور سعودی عرب، اس میں امریکہ کا زبردست حریف تھا۔ ہم جنرل ضیاء الحق کو، اس جنگ کی بنیاد پر مجاہد اسلام اور ۲۰ ویں صدی کا سلطان صلاح الدین ایوبی سمجھتے تھے۔ لیکن شہزادہ بندر بن سلطان نے امریکی ڈالروں کو اس جنگ کی کامیابی کی وجہ قرار دیا ہے اور اس جنگ میں شریک تمام مجاہدین کو کرائے کا قاتل ثابت کر دیا''

(''وہ گدھا کہاں ہیں''، جاوید چوہدری، روزنامہ ایکسپریس کراچی)

احمد رشید کے خدشات درست ثابت ہونے لگے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ''۱۹۸۲ سے میرا یقین تھا کہ اسلام آباد نے افغانستان کے متعلق جو پالیسی وضع کر رکھی ہے وہ آگے چل کر پاکستان کی قومی سلامتی، ملکی سیاست اور اسلامی بنیاد پرستی سے متعلق مسائل پیدا کرنے کا سبب بن گئی''۔

(ص۔۹، طالبان احمد رشید)

طالبان کی آمد: نومبر ۱۹۹۲ میں طالبان کی منظر نامے پر آمد ہوئی۔ طالبان بنیادی طور پر دیوبندی مسلک کے نظریات کے حامل تھے جن کی اکثریت پاکستان ہی میں پلی بڑھی اور انہوں نے جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا فضل الرحمٰن کے مدرسوں میں تعلیم حاصل کی۔ زیادہ تر دینی مدرسے دیہی علاقوں اور افغان مہاجر کیمپوں میں قائم تھے اور دیوبندی مسلک سے اتفاق رکھتے تھے اور مدرسوں کو سعودی عرب سے مالی امداد ملتی تھی۔

یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ دیوبندی مسلک برطانوی ہندوستان میں منظر عام پر آیا۔ عبدالوہاب (۱۷۹۲-۱۷۰۳ء) نے عرب بدوؤں کو تصوف کے اثر سے نکالنے کے لیے وہابی تحریک شروع کی تھی جنگ افغانستان کے ابتدائی دنوں میں سعودی عرب نے اپنے ہاں طویل عرصے سے روپوش افغان عبدالرؤف سیاف کو وہابی جماعت ''اتحاد اسلامی'' قائم کرنے کے لیے پشاور بھیجا تھا۔ طالبان کی نظریاتی اساس دیوبندی مسلک کی انتہا پسند تعبیر ہے جس کی تعبیر و توجیہہ یا تو انہوں نے خود کی یا پاکستان میں قائم افغان کیمپوں میں اسلامی جماعتوں نے تبلیغ کی۔

۲) انقلاب اسلامی ایران کی کامیابی، سامراج کا خوف اور انقلاب کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں:

انقلاب: استاد شہید مرتضیٰ مطہری کے مطابق ''سیاسی اصطلاح میں انقلاب کا مطلب یہ ہے کہ علاقے یا ملک کے عوام اپنا مطلوبہ نظام لانے کے لیے موجودہ حاکمیت کے خلاف بغاوت کر دیں دوسرے لفظوں میں انقلاب عملی طور پر مروجہ حالات کے خلاف اس شورش انگیزی کو کہا جاتا ہے جس سے کوئی نئی صورت حال پیدا ہو سکے''، لیکن اس کے لغوی معنی ''قلب'' کے مادے سے ماخوذ ہیں جس کا مطلب تہ و بالا کرنا اور عام تغیر و تبدیلی لانا ہے

انقلاب کے متعلق نظریات: استاد شہید لکھتے ہیں کہ ''عام طور پر انقلاب کے سلسلے میں دو نظریات پیش کیے جاتے ہیں۔

پہلا نظریہ: درحقیقت دنیا کے جملہ معاشرتی انقلابات اگرچہ بظاہر ان کی شکل و وضع ممکن ہے ایک دوسرے سے مختلف ہو لیکن بہ لحاظ ماہیت، اقتصادی اور مادی واقع ہوئے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرا نظریہ: جملہ انقلابات محض مادی اصل کے ہی حاصل نہیں اس دوسرے نظریے کے مطابق اقتصادی اور معاشرتی نقطہ نظر سے معاشرے کے خوش حال اور محروم دو طبقوں میں تقسیم، انقلاب لانے کے لیے شرط لازم نہیں ہے کیونکہ اس بات کا بہت امکان ہوتا ہے کہ انقلابی انسان بھی خوبیوں کے حامل ہوں اور عوام اپنے کھوئے ہوئے حقوق حاصل کرنے کے لیے باغی ہو جائیں۔

ان مذکورہ دو نظریوں کے علاوہ انقلاب کی ماہیت تصوری و خیالی بھی ہو سکتی ہے لوگ ایک مکتب فکر پر ایمان و یقین رکھتے ہیں اس مکتب فکر کی روحانی قدروں کے ساتھ سختی سے وابستہ ہیں جب وہ دیکھتے ہیں کہ ان کا مکتب فکر معرض خطر میں ہے اور اُسے فسخ کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں تو وہ غصے سے بھڑک اُٹھتے ہیں اور اشتعال کے عالم میں اپنے اصول مکتب کو برقرار رکھنے اور اُسے ترویج دینے سے روکنے پر غصے میں انقلاب لانے پر آمادہ ہو جائیں'' (بحوالہ صفحہ ۱۸۷۔۱۸۸ اشناخت استکبار، جناب جواد منصوری)

انقلاب اسلامی ایران کو تاریخ عالم میں یہ شرف و امتیاز حاصل ہے کہ یہ واحد انقلاب ہے جس میں مذکورہ تینوں عوامل نے دوش بدوش کام کیا ہے۔ بلاشبہ انقلاب اسلامی نے ایک بالکل نیا نمونہ اور نئی مثال قائم کی ہے۔ باوجود عالمی استکبار نے نت نئے حیلوں اور بہانوں سے انقلاب کو شکست دینے کی سعی لا حاصل کی۔ مختلف علاقوں میں داخلی جھگڑے، تفرقہ پردازی، قومی مسائل چھیڑنا، دائیں بائیں بازو کی جماعتوں کے انتہا پسند عناصر کی حوصلہ افزائی اور تقویت، معروف انقلابی شخصیتوں کی شہادت، ناکام فوجی بغاوت کی منصوبہ بندی، براہ راست فوجی حملہ/عراق کی انقلاب اسلامی کے خلاف ننگی جارحیت مسلط کردہ جنگ، اقتصادی پابندیاں اور فوجی کارروائی کی دھمکیاں سب اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

ڈاکٹر کلیم صدیقی اپنے مقالہ ''پاکستان میں اسلامی انقلاب کی ضرورت اور اُس کا لائحہ عمل'' میں کہتے ہیں کہ ''آج پاکستان میں صرف باشعور طبقہ ہی اس بات کو محسوس نہیں کر رہا ہے بلکہ ملک کا بچہ بچہ اس حقیقت سے واقف ہے کہ پاکستان میں حکمران طبقے نے ایک زبردست استحصالی نظام کو اُن پر مسلط کر رکھا ہے۔ پاکستان کے بے بس مسلمانوں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ان کے اسلامی معاشرہ کو تیزی کے ساتھ مغربیت کی طرف لے جایا جا رہا ہے۔ سیاسی اور انتظامی بدعنوانیاں اب عام ہو کر معاشرے کی اخلاقی بنیادوں کی جڑ کاٹ رہی ہیں ایک ملک جس کے حصول کے لیے قربانیاں دی گئی تھیں کہ وہاں ایک مثالی و اخلاقی معاشرہ تشکیل دیا جائے گا ان حکمرانوں کے ہاتھوں مغربیت، فحاشی اور بداخلاقیوں کا مرکز بن گیا ہے۔ ملک کا معاشی نظام بے لگام سرمایہ داروں کے حوالے کر دیا گیا ہے اور ساتھ ساتھ جاگیرداری نظام اور بھی جابرانہ انداز اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان کے دولت مندوں کی دولت بڑھتی چلی گئی ہے اور غربا کی غربت میں بھی اس تناسب سے اضافہ ہوا ہے۔'' (ص۔۲۵۔۲۶)

یہ وہ تمام عوامل ہیں جو کہ کسی بھی معاشرے میں اسلامی انقلاب برپا کرنے کے لیے بنیاد کی پہلی اینٹ کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر کلیم صدیقی کے آج نا صرف پاکستان بلکہ ترکی، مصر، عراق، شام، سعودی عرب، انڈونیشیا، سوڈان، اور شمالی افریقہ کی مسلمان ریاستوں میں یہ سب عوامل پائے جاتے ہیں۔ لیکن کمی ہے تو مسلمانوں کے یک جا اور منظم ہونے کی۔ بے لوث اور صالح قیادت کی جس کا منشا امت مسلمہ کے سیاسی مقاصد کا حصول ہو اور اُس کے اپنے طبقاتی مفادات نہ ہوں۔

عوام اور متقی قیادت کی یکجائی، معاشرے کی از سر نو تشکیل کرتے ہیں معاشرے میں خود اعتمادی اور اپنے بیرونی دشمن سے نپٹنے کی صلاحیت پیدا کر دیتے ہیں جو کہ ایک خالص اسلامی معاشرے کا طرۂ امتیاز ہے۔

امریکی سامراج کو کیا ہوا: کیا ہوا کہ امریکی سامراج اور اُس کے حواریوں کے ساتھ، جو اس قدر خوف زدہ اور پریشان ہے۔ امامؒ امت فرماتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں۔امریکہ اپنے تمام دعووں، تمام جنگی ساز وسامان اپنے پٹھوؤں کی تمام دولت اور مظلوم عوام کے بے پایاں ثروت کے باوجود تمام تر ذرائع ابلاغ پر اختیار رکھنے کے باوجود ایران کی غیور قوم اور ملتِ حضرت بقیۃ اللہ ارواحنا الفداء کے مقابلہ میں کچھ اس طرح سے خوار ورسوا ہو چکا ہے کہ اُسے کچھ سوجھتا ہی نہیں کہ کہاں جائے اور کسے اپنا وسیلہ بنائے'' (ص ۵، صحیفہ انقلاب، امام خمینیؒ کا وصیت نامہ)

انقلاب ایران نے بڑی طاقتوں اور بالخصوص امریکہ کے غرور کو توڑنے اور چھوٹی اقوام کے اعصاب پر اس کی ہیبت کے بوجھ کو تقریباً ختم کر دیا ہے۔ مذہب پر رجعت پسندی کا الزام لگانے والے ہوں یا سیکولر دنیا کے لوگ، جو مذہب کو قوت کی حیثیت سے تسلیم کرنے سے انکاری تھے، وہ انقلاب ایران کی صورت میں اسلام کی سیاسی قوت کے بھرپور اور نتیجہ خیز مظاہرے دیکھ کر ہکا بکا رہ گئے۔

امریکہ کا نفسیاتی مسئلہ یہ تھا کہ ہم نے شاہ کی حفاظت کے لیے اسلحہ کے انبار فوجی لاؤلشکر، ساوک جیسی سفاک تنظیموں، سراغ سانیوں کی مختلف ایجنسیوں، مغرب زدہ مفاد پرست طبقے کی بالادستی اور امریکی تہذیبی گرفت کا جو مضبوط حصار قائم کیا تھا اُسے ان مدرسوں سے فارغ تحصیل علماء اور اُنکے پیروکاروں توڑ پھوڑ کر رکھ دیا۔ ہمارے انتظامات میں کیا کوتاہی تھی۔ جہاں جہاں ایران کی مانند انتظامات کیے ہیں ان کو کیسے ناقابل شکست وریخت بنایا جائے۔

انقلاب اسلامی کی خصوصیات: انقلاب ایران کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ انقلاب فرانس اور انقلاب روس کی بنیاد مذہب سے بغاوت پر استوار نہیں ہوا، بلکہ مذہب کی جانب مراجعت پر برپا ہوا۔ انقلاب ایران کا پورا خمیر عقیدۂ توحید اور اسلام کو مکمل نظام حیات کی حیثیت سے نفاذ کرنے کے عزم سے اُٹھا۔ اس کو قوت محرکہ محض معاشی مفادات نہیں تھے بلکہ ایمان کی قوّت کے سرچشمے سے پھوٹی اور مادی وسائل کے اس دور میں مادیت پر ایمان کی برتری کا لوہا منوایا۔

جناب محمد صلاح الدین شہید (سابق ایڈیٹر تکبیر) انقلاب ایران کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ''امام خمینیؒ کی قیادت میں تاریخ کا یہ انوکھا تجربہ دنیا کے سامنے آیا کہ ایمان اور جذبہ شہادت کے ذریعہ بڑی سے بڑی قوت کو کس طرح شکست دے سکتے ہیں۔ اس تجربے نے دنیا کی تمام اسلامی تحریکوں کو متاثر کیا۔ ان کے حوصلوں کو بلند کیا۔ دنیا کے مظلوم اور کچلے ہوئے لوگوں میں نئی امنگ پیدا کی۔ انکے اندر چھائی ہوئی مایوسی وپژمردگی کو دور کر کے یقین واعتماد کی تازہ روح پھونکی اور امید کی روشنی سے ان کے ذہنوں کو منور کیا''

(ص۔۱۳۹ انقلاب ایران)

ڈاکٹر مبارک علی کے مطابق ''ایرانی انقلاب جن باتوں کی وجہ سے دوسرے انقلابوں سے مختلف ہے وہ یہ ہیں یہ ایک ایسے معاشرے میں آیا ہے کہ جو سماجی ومعاشی لحاظ سے ترقی یافتہ تھا۔ یعنی روسی اور چینی معاشروں کے مقابلہ میں زیادہ آگے تھا۔ انقلاب کا مرکز شہر رہے، جبکہ چین، کیوبا، اور ویت نام کے انقلاب دیہاتوں میں آئے اور وہاں سے شہروں میں منتقل ہوئے۔ اس شہنشائیت یا قدیم نظام کو ہڑتالوں اور مظاہروں کے ذریعے ختم کیا مسلح انقلاب کے ذریعے نہیں اور اس کی کامیابی میں کسی غیر ملکی کا ہاتھ نہیں ہے''۔

(ص۔۹۰۔۹۱ تاریخ کی روشنی میں)

اسلامی وحدت: آج عالمی استکبار کا نمائندہ امریکہ ہو یا دیگر مغربی طاقتیں، جس چیز سے پریشان ہیں، وہ ہے اسلامی معاشرے کی انقلابی وحدت کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اسلامی وحدت کی بنیادی وجہ اسلام پر ایمان وعمل ہے۔ یہی امر اُن کی تشویش واضطراب کا باعث ہے۔ اپنے استعماری غلبے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے برسوں میں مشرق وسطیٰ کے ممالک اور خصوصاً ایران میں انہیں جن نقصانات کا سامنا کرنا پڑا اُس کی اصل وجہ بھی بالکل یہ ہی نکتہ تھا۔ اسی لیے وہ اپنی پرانی اور مجرب چال، تفرقہ ڈالو اور حکومت کرو' سے کام لے کر انقلاب کے اثرات کو زائل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

مرجعیت کی تقسیم اور تباہی کا ایک منصوبہ:

امریکہ میں شائع شدہ کتاب "A plan to divide and destroy the Theology" میں CIA کے شعبہ "شیعہ" کے اہم رکن Babwood Words کے دست راست ڈاکٹر مائیکل برانٹ کے انٹرویو کے چند نکات پوری صورت حال کی وضاحت کے لیے کافی ہیں۔

ڈاکٹر مائیکل برانٹ کہتا ہے کہ عالم اسلام صدیوں پہلے مغربی حکومتوں کے زیر تسلط تھا، اگرچہ گزشتہ صدی میں بہت سارے اسلامی ممالک آزاد ہو گئے ہیں لیکن ان کے استقلال و آزادی پر مغربی ثقافت، سیاست اور تعلیم مسلط رہی ہے۔ خاص طور پر ان ممالک کا سیاسی نظام ہمارے کنٹرول میں تھا۔ اور ان ممالک کی آزادی کے بعد بھی اُنہوں نے اپنی تہذیب کو سکھانے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی، بلکہ مغربی نظام کو اپنے معاشروں میں رائج رکھا" وہ مزید کہتا ہے کہ "انقلاب اسلامی ایران نے ۱۹۷۸ میں ہماری سیاست کو زیادہ نقصان پہنچایا ہے پہلے ہم خیال کرتے تھے کہ یہ حالات شاہ ایران کے انتہائی غلط، ناقص، ظلم و جبر اور پریشان کرنے والی سیاست کے خلاف ملت ایران کا فطری ردعمل ہے جس سے مذہبی عناصر بھی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ہمیں امید تھی کہ شاہ کے برطرف ہونے کے بعد ہم اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر کے اپنی سیاست کو دوبارہ دوام بخشیں گے۔

پہلے تین برسوں میں امریکہ کی سخت ناکامی کے بعد سفارت خانہ امریکہ کے پکڑے گئے افراد اور صحرائے طبس میں ہوائی جہازوں کی نابودی اور اسلامی بیداری کی زیادہ نشو ونما کے بعد مغرب سے نفرت اور اس کے بعد انقلابی جوش وخروش کے اثرات کا ظہور مختلف ملکوں خصوصاً لبنان، عراق، کویت، بحرین اور پاکستان میں ہوا تو CIA کے اعلیٰ عہدیداروں کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں انگلینڈ کی خفیہ سروس MIG کے نمائندوں نے بھی شرکت کی (کیونکہ انگلینڈ کا ان ممالک کے بارے میں تجربہ زیادہ ہے)۔

اس میٹنگ میں معلوم ہوا کہ ایران کا انقلاب شاہ ایران کی ناقص سیاست کے فطری ردعمل کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ اس کے باطن میں اس کے کچھ اور اسباب اور دوسرے حقائق بھی موجود تھے۔ ان اسباب میں سے اہم ترین سبب "ایران کے مذہبی مراجع" کا ایران کے سیاسی نظام کی رہبری حاصل کرنا اور پیغمبر اسلامؐ کے نواسہ حضرت امام حسینؑ کی ۱۴۰۰ سال قبل شہادت کا واقعہ ہے جس کی یاد میں شیعہ کئی صدیوں سے نہایت غم و اندوہ کے ساتھ عزاداری کرتے ہیں۔

یہ ہی دو ستون ہیں جن کی بناء پر شیعہ مسلمان دوسرے مسلمانوں سے زیادہ متحرک اور فعال نظر آتے ہیں اس میٹنگ میں طے پایا کہ شیعہ اسلام کے مطالعے کے لیے اور اس پر وجیکٹ پر عمل درآمد کے پروگرام بنانے کیلئے ایک الگ اور مستقل شعبے کی بنیاد ڈالی جائے اور اس کے لیے سب سے پہلا بجٹ چالیس ملین ڈالر (دو ارب چالیس کروڑ روپے) منظور ہوا" مائیکل کے مطابق "اس پروجیکٹ کو تکمیل تک پہنچانے کیلئے تین مرحلے زیر نظر رکھے گئے۔

۱۔ اطلاعات کا جمع کرنا اور اعداد و شمار کی جمع آوری کے لیے تین مرحلے زیر نظر رکھے گئے Data Collection

۲۔ مختصر وقت کے مقاصد Short Term Targets : شیعوں کے خلاف پروپیگنڈے کرنا، شیعہ سنی اختلافات کو ہوا دے کر فسادات پیدا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنا اور سنی اکثریت کے ساتھ ان کی لڑائی کرانا تا کہ ان کی توجہ امریکہ کی طرف مبذول نہ ہو سکے۔

۳۔ طویل مدتی اغراض ومقاصد Long Term Targets: تشیع کو ختم کرنے کے لیے طویل مدت کے اغراض ومقاصد پر عمل درآمد کے پہلے مرحلے میں پوری دنیا میں محققین بھیجے گئے۔ان میں سے کچھ افراد پاکستان بھی بھیجے گئے (جن کے نام مضمون میں لکھے ہوئے ہیں) ان میں سے ایک ڈاکٹر شوموئیل کا نام ہے اُن کا کام کراچی کی عزاداری کے بارے میں تحقیق کرنا تھا اُنہوں نے اپنی ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور کراچی کے ایک شیعہ نشین علاقے رضویہ سوسائٹی میں بطور Paying Guest مقیم تھے۔اسی طرح ایک جاپانی نکومہ نامی عورت کے موضوع پر اپنی ڈاکٹریٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

نوٹ: اس واقعہ کا تذکرہ پروفیسر سید زین العابدین نے اپنی ایک غیر مطبوعہ تحریر ''جون 2004 اور اس سے قبل رونما ہونے والے واقعات (فرقہ واریت کے حوالے سے) ایک نظر'' میں کیا ہے۔پروفیسر صاحب لکھتے ہیں کہ ''ایک اہم بات سنئے کراچی ہی میں ایک صاحب مسٹر ولیم اللہ جانے امریکن تھے یا انگریز، کسی اور ملک کے۔اُنھوں نے رضویہ سوسائٹی کو اپنا مستقر بنایا، جی عزاداری پر ریسرچ کر رہے ہیں، بچارے کو کوئی اور موضوع نہیں ملا۔ہم یہاں 1950 سے رہتے ہیں، ہمیں نہیں معلوم کراچی میں شیعوں کی کتنی امام بارگاہیں، کتنی مساجد ہیں؟ کہاں کہاں واقع ہیں؟، اُن کا حدود اربعہ کیا ہے؟ کتنے لوگوں کی گنجائش ہے؟، کتنے افراد فجر میں آتے ہیں؟، کتنے ظہر میں، کتنے مغرب میں؟۔یہ سارے کوائف اُنھوں نے جمع کئے Phd کیا، یہ گئے وہ گئے۔ساتھ ہی ایک امریکن/انگریز خاتون نے کوئٹہ کو اپنا مستقر بنایا، اُنھوں نے بھی عزاداری پر ریسرچ کیا اور وہ تمام کوائف جو کراچی سے جمع کئے گئے تھے کوئٹہ سے اکٹھے کئے کہ کتنی مساجد کہاں کہاں واقع ہیں، کتنے لوگ فجر، کتنے ظہر میں اور کتنے مغرب میں آتے ہیں۔Phd کیا اور واپس روانہ ہو گئیں۔یہاں پر بہت سے پہلو قابل غور ہیں:

۱) ان ریسرچ اسکالروں کو عزاداری سے کیوں دلچسپی پیدا ہوئی، کوئی اور موضوع کیوں منتخب نہ کیا؟

۲) پورے ملک سے کراچی اور کوئٹہ ہی کا انتخاب کیوں؟

۳) کتنی مساجد ہیں؟، کتنے آدمیوں کی گنجائش؟، کتنے فجر میں ہوتے ہیں؟، کتنے ظہر میں ہوتے ہیں؟ کتنے مغرب میں ہوتے ہیں؟ ان باتوں کا عزاداری سے کیا تعلق؟

۴) یہ Phd کس یونیورسٹی سے کیا؟ مقالہ Thesis چھپا کہ نہیں؟''

مولانا صادق حسن قبلہ نے ۲۰۰۶ کے عشرہ مجالس منعقدہ لاہور اس واقعہ کا ذکر میں ان الفاظ میں کیا ہے کہ ''یہاں پر میں ایک چھوٹی سی بات کہہ رہا ہوں اسے قاعدہ، کلیہ نہ سمجھیں یہ ۱۰۰ فیصد نہیں ہے مگر آج کے حالات میں ۸۰ فیصد تو ضرور ہے، بہت ڈرتے ڈرتے کہہ رہا ہوں لیکن ہے بڑا مسئلہ، وہ یہ کہ آج کے دور اور حالات میں یہ بات اتنی کھل گئی ہے کہ جو آدمی کنورڈ (CONVERED) ہوتا ہے زیادہ تر وہ ہمارے مذہب کو نقصان ہی پہنچا رہا ہے۔چنانچہ ہم جب کافروں کو مسلمان ہوتے دیکھا تو ہم بڑے خوش ہو جاتے ہیں کہ ایک کافر کفر چھوڑ کر مسلمان ہو گیا، اُسے ہم سر پہ بیٹھا لیتے ہیں بعد میں پتہ چلتا ہے کہ یہ مسلمان کیوں ہوا تھا۔ہمیں نقصان پہنچانے اور ہمارے درمیان انتشار پیدا کرنے اور اسی طرح جب کوئی غیر شیعہ، جب شیعہ ہوتا ہے حق کی بصیرت کے ساتھ تو وہ ہماری سر آنکھوں پر لیکن ایک تجربہ اور مشاہدہ یہ کہ آج کے دور میں سچے اور حقیقی کنورڈ ہونے والے تو بہت کم رہ گئے زیادہ تر کسی سازش کا حصہ بن کے آتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور جب میں اپنی بات کروں 1974، جس سال میں نے اپنی پہلی مجلس پڑھی تھی، کراچی میں ایک علاقہ ہے رضویہ سوسائٹی، پوری اپنی بستی اور میں وہیں رہتا تھا۔ اُس وقت اس رضویہ سوسائٹی میں ایک بڑا سا یعنی ایک عجیب قسم کا جوش پھیلا ہوا تھا۔

ایک امریکن گورا رضویہ سوسائٹی میں آیا اور یہ کہہ کر آیا کہ میں نے شیعت قبول کر کے آیا ہوں اور میں آپ کے درمیان رہنا چاہتا ہوں۔ اچھا 1974 میں تو لوگوں نے امریکن گورے دیکھے ہی نہیں تھے۔ اب جو دنیا اتنی قریب آئی ہے گلوبل ویلج بنی۔ جنھوں نے برٹش کا زمانہ دیکھا ہے برطانیہ کے گورے تو دیکھے تھے یہ امریکہ کے گورے یہ ہوتے ہی کسی اور ٹائپ کے (The Stopped White man) مائیکل مور نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا اردو ترجمہ میں نے حال ہی میں کراچی میں دیکھا (گھامڑ گورے) خود گھر کا بھیدی بتا رہا ہے۔

کتنے بیوقوف اور کتنے نادان۔ لیکن 1974، ارے پورے رضویہ سوسائٹی میں ایک شور مچ گیا۔ یہ دیکھو ہمارے مذہب کی حقانیت سینکڑوں میل دُور امریکہ کا گورا اور وہ شیعت قبول کر رہا ہے اور پھر وہ ہر جگہ ایک سائیکل تھی اُس کے پاس مرحوم مرزا آفتاب عالم قزلباش کے مکان میں (Paying Guest) تھا۔ وہ سائیکل پر ہر مجلس میں پہنچا جا رہا ہے اور جہاں کسی مجلس میں پہونچا مجلس پڑھنے والے کا موضوع تبدیل ہو گیا۔ اسلام یہ ہے، شیعت یہ ہے اور اتنی بڑی قربانی دی اور ہم کتنا اس کا احسان مانیں اور کتنا سر آنکھوں پر بیٹھائیں ہماری مجلس میں آ گیا۔

ہم تو واقعاً خوشی سے پھول کر غبارہ ہو گئے۔ ہر مجلس میں یہ ہی گھومے جا رہا ہے اور لوگ اُس کی تعریف کر رہے ہیں۔ اور ابھی حال میں ہی سی آئی اے کی ایک کتاب چھپی تو پتہ چلا کہ یہ سی آئی اے کا وہ ایجنٹ ہے جسے خاص اس لیے کراچی کی رضویہ سوسائٹی میں بھجوایا گیا تھا کہ جا کے دیکھ کے آؤ شیعت کیا ہے کیسی ہے، کیا چیزیں اُن کے پاس ہیں جو ان پر حملہ کیا جائے تو یہ اپنی عقل کو چھوڑ دیتے ہیں اور جذبات میں آ جاتے ہیں۔ اب پتہ چلا، 1974 میں کتنے لوگ تھے جن کو اب تک یاد ہے۔ مجھے تو اس لیے یاد ہے کہ میری چھٹی مجلس تھی زندگی کی، اُس میں یہ آیا تھا۔"

(ص ۱۳۰۔۱۳۲ پیغامِ اسلام مجموعہ مجالس ۲۰۰۶ مقرر علامہ صادق حسن (آف آسٹریلیا) ناشر اِدارہ شاہ خراسان لاہور سال اشاعت مئی ۲۰۰۶)

ابتدائی اور سرسری جائزہ کے طور پر درج ذیل تین سوالات پوچھے گئے

۱۔ شیعہ حضرات دنیا کے کن علاقوں میں رہتے ہیں اور کتنی تعداد میں ہیں اور ان کے عقیدتی اور معاشرتی حالات کیا ہیں اور ان کے باہمی اختلافات کیا ہیں۔

۲۔ شیعوں کے داخلی اور اندرونی تضادات کو کس طرح متحرک کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ شیعوں اور سنیوں کے درمیان موجودہ اختلافات کو کس طرح بڑھائے جا سکتے ہیں۔

ڈاکٹر مائیکل برانٹ کے مطابق "ہم نے بہترین خطوط پر تمام ممالک کے شیعوں کے بارے میں اطلاعات جمع کرنے کے بعد مندرجہ ذیل نکات حاصل کیے:

۱۔ شیعوں کے مراجع تقلید اس مذہب کی طاقت کا سرچشمہ ہیں، جو ہر زمانے میں دین کی حفاظت کرتے ہیں اور اُس کے اصولوں پر ثابت قدمی کے ساتھ قائم رہتے ہیں۔ اُنہوں نے تشیع کی طویل تاریخ میں کبھی بھی غیر اسلامی حاکم کی بیعت نہیں کی۔ ایک مرجع (آیت اللہ شیرازی) کے فتویٰ کے سبب انگریز ایران میں داخل نہیں ہو سکے"۔ نیز اُنہوں نے کہا، "شیعوں کا عظیم ترین علمی مرکز عراق میں تھا، جسے صدام اپنی تمام کوششوں کے باوجود نہ خرید سکا۔ بلکہ اُسے بند کرنے پر مجبور ہوا۔ جو ابھی تک ویران ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیا کے دوسرے علمی مراکز نے وقت کے حکام کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کی ہے۔ جبکہ ایران کے علمی مرکز قم نے ظالم شہنشاہ کے تخت کو اُلٹ دیا اور ایک سپر پاور امریکہ کے مقابلے میں کھڑا ہوا۔

لبنان میں آیت اللہ موسیٰ صدر کی تحریک نے انگلینڈ، فرانس اور اسرائیل کی افواج کو بھاگنے پر مجبور کیا اور اسرائیل کی تاسیس کے بعد ایک بہت بڑی مزاحمت ''حزب اللہ'' کی شکل میں وجود میں آئی۔

ان تمام معلومات کی بناء پر ہم اس نتیجہ پر پہنچ گئے کہ براہ راست شیعوں کو نقصان پہنچانا اور اپنی پیروی کرانا بہت مشکل ہے، لہٰذا یہ طے پایا کہ پس پردہ رہ کر کام کرنا چاہیے اور ہم برطانیہ کے پرانے فارمولے ''تقسیم کرو اور حکومت کرو۔ کو ایک دوسرے فارمولے ''تقسیم کرو اور ختم کرو'' میں بدل کر اس پر عمل درآمد شروع کیا''۔ اُنہوں نے یہاں پر لمبی مدت کے مقاصد کا اعلان کیا ہے۔ ہم ان مقاصد کا خلاصہ بیان کرتے ہیں۔

جن افراد کو شیعوں سے اختلاف ہے، ان کو شیعوں کے خلاف منظم اور مضبوط کر کے ان کے ہاتھوں شیعوں کے کافر ہونے کے تصور کو پھیلانا ہے اور منفی پروپیگنڈوں کے ذریعے شیعوں کو عام مسلمانوں کے معاشرے سے الگ تھلگ کیا جائے''

انہوں نے لکھا ہے کہ ''یہ منصوبہ بھی طے ہوا ہے کہ جاہل اور کم پڑھے لکھے افراد کو جمع کر کے ان کو تقویت دیں اور جب اُن کی تعداد مناسب ہو جائے تو شیعوں کے خلاف مسلح جدوجہد کرا دیں اور دوسری طرف بڑی ہوشیاری کے ساتھ ایک محاذ شیعوں کے مراجع کے خلاف کھولیں، جو اُن کے درمیان (ففتھ کالم) بن جائیں اس طرح شیعت کا چہرہ مسخ ہو جائے گا اور نوبت یہ آئے گی ہر خاص و عام غیر مقبول ہو کر رہ جائے گا اور ان کے مراجع عام لوگوں میں نفرت کا نشانہ بنیں گے'' ڈاکٹر مائیکل برانٹ کہتا ہے ''شیعہ واقعہ کربلا کی یاد میں جمع ہو کر مراسم عزاداری برپا کرتے ہیں۔ ایک آدمی مجلس پڑھتا ہے اور واقعہ کربلا بیان کرتا ہے اور سامعین اُس کو سنتے ہیں اور مجلس کے بعد جو ان سینہ زنی اور نوحہ خوانی کرتے ہیں۔ یہ ذاکر اور سامعین ہمارے لیے بہت اہم ہیں، کیونکہ ان ہی عزاداری کی مجالس سے شیعوں میں جوش و خروش اور آزادی کی چاہت اور باطل کے خلاف جنگ کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

لہٰذا ہم نے مجلس پڑھنے والوں، مجلس کے بانیوں اور سامعین کو اپنے کنٹرول میں لینے کے لیے کئی ملین ڈالرز کی رقم مختص کی ہے اور یہ کام اس طریقے سے انجام پاتا ہے کہ پہلے مرحلہ میں ہم شیعوں میں ایسے افراد تلاش کرتے ہیں جو کہ اثر و نفوذ والے ہونے کے ساتھ ساتھ شہرت اور دولت کے بھی دلدادہ ہوں نیز اپنے عقائد میں کمزور ہوں تا کہ ہم ان کے ذریعے سے عزاداروں میں نفوذ پیدا کریں''

(ص ۵۔ ۱۱ افقہ صادقؑ تاریخ اور سازش کے آئینے میں، از ذوالفقار علی زیدی ۲۰۰۶ ایڈیشن)

نیا دشمن: مغرب کے تیور اُسی وقت ہی واضح عندیہ دے رہے تھے، جب اشتراکی اتحاد ختم ہونے کے بعد بھی مغرب نے نیٹو افواج کو مزید مضبوط کرنا شروع کر دیا تھا حتیٰ کہ سوویت یونین اور وارسا معاہدے سے ٹوٹنے والے ممالک کو بھی ممبر شپ کی دعوتیں دی جا رہی تھیں۔ اتنے مضبوط اتحاد کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آ رہی تھی کہ آئندہ مقابلہ اسی فاقہ کش (مسلمان) سے ہے جو موت سے ڈرتا ہی نہیں''

(جہاد و دہشت گردی، ذوالفقار علی چٹھہ جنگ ۱۴ اکتوبر ۲۰۰۴)

سرد جنگ کے خاتمے اور سوویت یونین کا شیرازہ بکھیرنے کے بعد امریکہ کے لیے سب سے بڑا خطرہ ایران کی جمہوری اسلامی حکومت، افغانستان میں اسلامی بنیاد پرستوں کا کنٹرول، وسط ایشاء کی نوزائدہ اسلامی ریاستوں پر اس کے اثرات اور ملوکیت سے جان چھڑا لینے والے اور جان چھڑانے کی جدوجہد کرنے والے کلمہ گو مسلمان ہیں۔ غرض یہ کہ عالم اسلام مغرب کی نظروں میں نئے دشمن کی حیثیت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ عالم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلام کی علامتی قیادت ایران کر رہا ہے۔

ایران پر عراق کا حملہ، کویت پر عراق کا حملہ، افغانستان میں مسلسل مداخلت کے ذریعے عدم استحکام اور افغانستان وعراق پر امریکی جارحیت، عراق میں شیعہ سنی تفریق کو ہوا دینا اور لبنان میں القاعدہ کی بغل بچہ تنظیم فتح الاسلام کی شکل میں خانہ جنگی کو پھر سے شروع کرنے کی کوششیں سب اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

۳) وہابیت کی سرکاری طور پر سرپرستی: نامور صحافی جناب ارشاد احمد حقانی جنرل ضیاء الحق کے دور حکومت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''جنرل ضیاء الحق کے دور میں ایک مخصوص قسم کی مذہبیت کو فروغ ملا ہے جنرل صاحب نے دین کی فلاحی تعلیمات پر عمل درآمد کی تو خاص کوشش نہ کی۔ عدل اجتماعی کے تقاضوں کی تکمیل کی نہ صرف کوئی فکر نہ کی بلکہ ان حلقوں کی حوصلہ افزائی کی جو ملک میں ظالمانہ معاشی اور معاشرتی نظام برقرار رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔ جنرل صاحب معاشرے کے مراعات یافتہ اور عوام دشمن حلقوں کے فطری حلیف تھے انہیں اپنی حکومت کا بہت بڑا ستون اور سہارا سمجھتے تھے۔ اہل مذہب کو بھی مقاصد کے لیے بھرپور طریقے سے استعمال کیا اور ایک خاص قسم کی مذہبی شدت پسندی کو ہوا دینے کا باعث بنے۔ جس کا ایک نتیجہ یہ نکلا کہ مذہبی فرقہ واریت اور منافرت تمام حدوں کو پار کر رہی ہے''

(مذہب کو منفی قوت نہ بنایئے ۱۵ جولائی ۱۹۹۵ جنگ لاہور)

مذکورہ مخصوص قسم کی مذہبیت کی تشریح ڈاکٹر اسرار احمد نے اپنی کتاب ''شیعہ سنی مفاہمت کی ضرورت واہمیت'' میں ان الفاظ میں کی ہے۔ ''اگرچہ پاکستان میں حنفی اور اہل حدیث کے مابین کافی چپقلش پیدا ہو جاتی ہے، کیونکہ شافعی مالکی اور حنبلی تو یہاں نہ ہونے کے برابر ہیں، غالب اکثریت تو احناف کی ہے لیکن سلفی یا اہل حدیث حضرات اقلیت میں ہونے کے باوجود خاصے فعال ہیں اور چونکہ کئی بیرونی حکومتیں ان کی مددگار اور پشت پناہ ہیں اس لیے اُن کی حیثیت اپنے اصلی سائز سے بڑی ہوگئی ہے'' (ص ۲۰، شیعہ سنی مفاہمت کی ضرورت واہمیت)

یہ ہی وہ مخصوص فرقہ (طبقہ) ہے جو کہ اپنی انتہا پسندی اور سامراجی عزائم کی تکمیل کے لیے باقی تمام فرقوں کو نیست ونابود کرنا اور اُنکو صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش لاحاصل کرتا ہے۔ ملک کے اکثر شہروں میں مساجد پر قبضے اسی سلسلے کی کڑی ہیں جن میں مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو چکی ہے۔ یہ ہی تیسرا فریق جس کو ضیاء الحق کے دور میں کھلی چھٹی ملی ہوئی تھی جو کہ اصل فساد کی جڑ ہے ہمیشہ چھپا رہتا ہے یا چھپا دیا جاتا ہے جیسا کہ ڈاکٹر اسرار احمد نے اپنی کتاب ''شیعہ سنی مفاہمت کی ضرورت واہمیت'' میں کہا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب میں سنیوں کے فرقوں کے باہمی تصادم اور اختلافات کی بات نہیں کی گئی نہ اُن کا حل پیش کیا۔ حنفیوں اور سلفیوں کی چپقلش کو کم کرنے کی کوئی تدبیر پیش نہیں کی گئی ہے۔ حالانکہ یہ غور کرنا اتنا ہی لازمی ہے جتنا سنی اور شیعہ کے مابین مفاہمت۔

اسی نوعیت کی فکر مولانا عبدالستار خان نیازی کے کتابچے ''اتحاد بین المسلمین'' میں نظر آتی ہے۔ جہاں مولانا نے بریلوی اہلسنت اور دیوبندی اہل حدیث کے درمیان ہی اتحاد کی بات کی ہے اور شیعوں کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے یہ صورت حال بھی درست نہیں ہے۔

شیعہ اور سنی فرقوں کے درمیان اختلافات ایک تاریخی پس منظر رکھتے ہیں، ان اختلافات سے فائدہ استعمار اور اُن کے نمک خوار اُٹھا کر خوں ریزی کرتے اور دنیا کو یہ باور کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ یہ شیعہ سنی لڑائی ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ شیعہ اور سنی دو مکاتب فکر صدیوں سے چلے آرہے ہیں اور یہ بھی ناقابل تردید حقیقت ہے کہ آزادی سے قبل برصغیر پاک وہند میں صرف دو فقہا کی فقہ نافذ ہوئیں جنہیں گورنمنٹ آف انڈیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایکٹ مجریہ ۱۹۳۵ کے تحت قانونی حیثیت دی گئی تھی اول فقہ حنفی دوم فقہ جعفری۔

''متحدہ ہندوستان کی سرزمین میں بسنے والے مسلمانوں کا مذہب اہلسنت والجماعت تھا۔ جن کو آج کل بریلوی مکتب فکر کے نام سے یاد کیا جانے لگا ہے اور جملہ جماعتیں جو آج کل نظر آرہی ہیں وہ انگریزی دور حکومت میں اسی جماعت سے، برطانوی حکومت کے تخریبی منصوبے کے تحت جدا ہو کر بنی تھیں ماسواء شیعہ حضرات کے جو سرزمین پاک و ہند میں مغلوں کے دور حکومت سے موجود تو تھے لیکن انتہائی قلیل تعداد میں یعنی آٹے میں نمک کے برابر''

(ص ۱۱۲، تخلیق پاکستان میں علماء اہلسنت کا کردار علامہ شاہ تراب الحق قادری بحوالہ ص ۸۰ برطانوی مظالم کی کہانی مولفہ عبدالحکیم خان اختر)

یہ ہی وہ انتہا پسند گروہ ہے جو کہ فرقہ وارانہ فسادات میں شامل ہوتا ہے کبھی اہلسنت والجماعت بریلویوں سے جھگڑا کرتے ہیں تو دوسری طرف شیعہ اثنا عشری سے لڑتا ہے۔ ان کی سوچ کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ ''مزار شریف میں کمانڈر ملا نیازی کے منصب سنبھالنے کے چند گھنٹے بعد ہی طالبان ملاؤں نے اعلان کرنا شروع کر دیا کہ شیعہ یا تو سنی مسلک اختیار کر لیں یا ایران چلے جائیں یا موت قبول کر لیں۔ شیعوں کے لیے مساجد میں عبادت کرنے پر پابندی لگا دی گئی'' (ص ۱۰۸ طالبان احمد رشید)

سب ترے سوا کافر آخر اس کا مطلب کیا سر پھرا دے انساں کا ایسا خبط مذہب کیا

(یگانہ چنگیزی)

اسی دور (ضیائی) میں بادشاہی مسجد لاہور اور کھارادر (کراچی) میں یارسول اللہ کے نعروں کے جواب میں شانِ رسالتؐ میں بے ادبی کی گئی۔

طالبان اور بعض انتہا پسند پاکستانی: طالبان اور بعض انتہا پسند پاکستانی دیوبندیوں کے درمیان تعلقات بہت مضبوط ہیں، کیونکہ دونوں نظریاتی اعتبار سے ایک مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے ہیں دونوں ہی شیعوں کے کٹر دشمن ہیں۔ خوست میں اُسامہ بن لادن اور طالبان نے سپاہ صحابہ اور دیگر فرقہ وارانہ تنظیموں کے افراد کی تربیت کے لیے کیمپ قائم کر رکھے ہیں۔ ۱۹۹۸ میں جب پاکستانی حکومت نے شیعوں کے قتل اور فرقہ وارانہ وارداتوں میں ملوث افراد کی گرفتاری شروع کی تو ان لوگوں کو اُسامہ بن لادن اور طالبان نے پناہ دی۔ لشکر جھنگوی نے افغانستان کے شہر سروبی میں تربیتی کیمپ قائم کیا ہوا تھا۔ (آئی جی سندھ کی پریس بریفنگ جنگ ۱۴ جولائی ۲۰۰۲)

احمد رشید کے مطابق طالبان نے پاکستان کے انتہا پسند اور متشدد سنی گروپوں کو اسلحہ بھی دیا اور پناہ بھی دی جنہوں نے پاکستانی شیعوں کو قتل کیا'' (ص ۲۵۴ طالبان)

طالبان اور اُن کے ہم خیال پاکستانی انتہا پسندوں نے دنیا بالخصوص مغرب کو ایک نئی قسم کی انتہا پسندی سے روشناس کروایا جسے مغرب نے ایک نئی اصطلاح ''اسلامی دہشت گردی'' کا نام دیا، حالانکہ اسلام تو مذہب ہے امن و آشتی کا لیکن چند عاقبت نا اندیش افراد کی بدولت اسلام موردِ الزام ٹھہرا۔ اس جنونیت کا بہت ہی بھیانک نتیجہ سامنے آیا طالبان کے تربیت یافتہ اور اُن کے ہمراہ لڑنے والے انتہا پسند غیر ملکی تو غیر ملکی خود پاکستانی بھی اپنے ملک کے وجود کے لیے خطرہ بن گئے اور آج بھی وزیرستان، وانا، فاٹا اور دیگر سرحدی علاقہ جات میں شورش اُن ہی کے وجود کی مرہون منت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴) دینی مدارس:

پس منظر: اسلام میں حصول تعلیم کی تاکید واہمیت موجودہ دور کی اصطلاحات ''دینی'' اور ''دنیاوی'' کی تفریق نہیں ہے، بلکہ تمام علوم یکساں اہمیت کے حامل رہے ہیں، اکثر علماء موجودہ تقسیم جو کہ انگریز کی مسلط کردہ ہے سے قبل دونوں قسم کے علوم میں ایک حد تک عبور رکھتے تھے۔ تاریخ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلا مدرسہ جو ''اصحاب صفہ'' نے مدینہ میں قائم کیا تھا اُس میں تقریباً اُس دور کے سبھی علوم پڑھائے جاتے تھے، جن میں قرآن وحدیث ریاضی، طب، نجوم، علم انساب وغیرہ کے ساتھ ساتھ تیراندازی، ورزش، تیرا کی وغیرہ بھی سکھائی جاتی۔

برصغیر میں یہ تفریق انگریزوں نے بارہ سوسال بعد پیدا کی، ۱۸۳۷ تک یہ ہی طریقہ رہا اور مختلف علوم اور شعبوں کے ماہرین ان ہی مدارس سے پیدا ہوئے۔ ۱۸۳۷ ہی میں فارسی جو ان مدارس کی زبان تھی، ختم کردی گئی۔ مدارس کے اوقاف پر قبضہ کے ساتھ صاحب ثروت مسلمانوں کی جانب سے قائم کردہ اثاثہ جات بھی انگریز سرکار نے ضبط کر لیے۔

چند ابتدائی مدارس کا قیام: اورنگ زیب عالمگیر نے فروری ۱۷۰۷ میں لکھنؤ میں فرنگی محل خرید کر مدرسے کی بنیاد رکھی اور مئی ۱۷۴۸ میں ملا نظام الدین مدرسہ کے استاد مقرر ہوئے جو کہ درس نظامی طرز تعلیم کے بانی ہیں۔ اس کا اہم مقصد ایسٹ انڈیا کمپنی کے ابتدائی دور میں ایسا نصاب تعلیم تھا جس سے قاضی، مفتی اور مقنن پیدا کیے جاسکیں۔ ۱۸۵۷ میں یہ دورِ تعلیم مکمل طور پر زوال پذیر ہوا۔

☆ دارالعلوم دیوبند کا قیام ۳۰ مئی ۱۸۶۶ کو عمل میں آیا۔ جبکہ قدیم وجدید علوم کی مشترکہ تعلیم کے لیے ندوۃ العلماء ۲ ستمبر ۱۸۹۸ کو قائم کیا گیا۔

☆ مدرسہ سلطان المدارس لکھنؤ ۱۸۴۷ میں قائم ہوا اور دس برس جاری رہنے کے بعد بند ہوگیا دوبارہ ۱۸۹۲ میں شروع کیا گیا۔ (حافظ سید ریاض حسین نجفی صاحب قبلہ کے ''مقدمہ'' سے استفادہ کیا گیا ہے، امامیہ دینی مدارس پاکستان، ناشر: وفاق المدارس الشیعہ پاکستان)

ایک اور نقطہ نظر: ڈاکٹر مبارک علی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ ''مدرسہ کے قیام سے پہلے مذہبی تعلیم یا استاد کے گھر پر دی جاتی تھی یا پھر مسجد میں جہاں بیک وقت کئی استاد حلقے بنا کر طالب علموں کو پڑھایا کرتے تھے۔ یہ تعلیم عام طور پر نجی ہوتی اور ریاست بہت کم ان کی مالی امداد کیا کرتی تھی''

(۲۳ علما اور سیاست)

برصغیر پاک وہند میں مولوی مملوک علی کے دو شاگردوں مولانا قاسم نانوتوی اور سرسید احمد خان کے قائم کردہ مدارس علی گڑھ اور دیوبند وقت کے ساتھ ساتھ دو مکتبہ فکر بن گئے ان دونوں مکتب فکر کے اثرات آج بھی پاکستانی معاشرے میں نمایاں طور پر موجود ہیں علی گڑھ کی طرز پر قائم تعلیمی اداروں کے افراد پاکستان کے اقتدار اعلیٰ پر فائز ہیں۔ درحقیقت یہ مغرب کی ثقافت سے متاثر ہونے کے ساتھ اُن کے افکار وثقافت کی نشر و اشاعت کے بعد مبلغین کا کام انجام دیتے ہیں۔ دوسری طرف دیوبند کے نمائندہ دینی مدارس میں لاکھوں افراد درس نظامی کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جب مختلف سیاسی ادوار میں تعلیم کے لیے قومی آمدنی کی شرح تناسب کا صرف ۲ فیصد خرچ کیا جائیگا تو حکومت کا نظام تعلیم کیسے قائم رہ سکتا ہے۔ حکومتی بجٹ کی ایک خطیر رقم دفاع کے نام پر رکھ لی جاتی ہو تو ریاستی تعلیمی نظام کا مقدر تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں۔ حکومتی ناکامی کے سبب سے پیدا ہونے والے خلاء کو دینی مدارس نے کسی حد تک پُر کیا۔ ان کا حکومتی نظام تعلیم کے متوازی وسیع وعریض دینی مدارس کا نیٹ ورک ہے جس میں اکثریت دیوبندی مسلک سے وابستہ ہے۔ ان مدارس میں طالب علم مفت تعلیم، رہائش، خوراک اور لباس بہت آسانی سے دستیاب ہے جو کہ پاکستان کے محروم، غریب اور نچلے طبقے کے لیے جو کہ پسماندہ اور دیہاتی پس منظر رکھتا ہے ایک عظیم نعمت کی مانند ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بغور دیکھو یہ اسلام کا لہو تو نہیں؟: جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ اسلام ہی ہماری شناخت اور نظریاتی اساس ہونے کے ساتھ ساتھ تشکیل پاکستان کی بنیاد بھی ہے اس لیے اقوام عالم میں پاکستان کو ایک نظریاتی ریاست کے طور پر شناخت حاصل ہے۔ اسلام دشمن اور پاکستان مخالف قوتیں ہنود ہوں یا یہود، امریکہ ہو یا اُسکے یورپی حواری اُن کا ہدف یہ ہی ہمارا اسلامی تشخص ہے اسلامی دنیا کی واحد ایٹمی طاقت ان تمام لوگوں کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے۔ اس لیے وہ ہماری نظریاتی سرحدوں پر کاری ضرب لگانے کے لیے ہر وقت سرگرم رہتے ہیں۔

جناب ترمذی صاحب اپنی کتاب حساس ادارے میں لکھتے ہیں کہ ''اسلام دشمن قوتیں ہمیشہ ہی ہماری اس بنیاد سے خائف ہیں اور یہ جانتے ہوئے کہ پاکستان بلاشبہ اسلام کا قلعہ ہے وہ ہمہ وقت ہماری اس قوت پر ضرب لگانے میں مصروف رہتی ہیں اور ان کی کوشش ہے کہ ہمیں اسلامی قوت بننے سے روکنے کے لیے ہمارے اندر گروہی، مذہبی، لسانی، سیاسی اور ثقافتی اختلافات کو اس قدر ہوا دی جائے کہ بالآخر ہم ٹکڑوں میں بٹ جائیں اور یوں ہماری وہ قوت زائل ہو جائے جو ہماری نظریاتی اساس ہے اس مقصد کے حصول کے لیے پاکستان کے کونے کونے میں ''اسلامی مکتبوں'' کا ایک جال پھیلا دیا گیا ہے جہاں زیادہ تر کم پڑھے لکھے، قدامت پسند اور غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والے مذہبی جنونیوں کو دوسرے اسلامی عقائد کے خلاف اشتعال انگیزی اور درگزر نہ کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔ ان مذہبی مکاتب کے یہ نوجوان طلباء مکمل طور پر اپنے اساتذہ کے زیر اثر ہیں جو ان کو گمراہ کرنے اور اسلام کے نام پر قتل وغارت کرنے کے کھلے سبق دیتے ہیں اور اس کار خیر کے عوض بھاری معاوضے حاصل کرتے ہیں یوں ان کارکردگی اتحادِ بین المسلمین کے بنیادی تصور کو ملیا میٹ کر کے رکھ دیتی ہے۔ اور ان عاقبت نااندیشوں کا یہ شیطانی فعل گلیوں اور بازاروں میں معصوم انسانوں کا لہو بہانے کا موجب بنتا ہے۔

''چنانچہ اس حقیقت سے کوئی ذی فہم انکار نہیں کر سکتا کہ مذہبی منافرت کا یہ بڑھتا ہوا طوفان پاکستان کی قومی سالمیت کے لیے زہر قاتل کی حیثیت رکھتا ہے۔ بدقسمتی تو یہ ہے کہ ہمارے ہاں مذہبی جنونیوں کی ایک بڑی تعداد دشمن کی چال کا شکار ہو چکی ہے اور ایک دوسرے کے عقیدے کی بنیاد پر دشمن کا پھیلایا ہوا نفرت کا یہ جال مضبوط تر ہوتا جا رہا ہے''۔ (ص ۱۶۱۔۱۶۲)

مدارس کے بارے میں پیٹر مارسڈن اپنی کتاب 'طالبان افغانستان میں جنگ، مذہب اور نیا نظام' میں لکھتے ہیں کہ ''طالبان کے بارے میں امریکہ کا کردار دلچسپی سے خالی نہیں ہے اُس نے سوویت یونین کو کمزور کرنے کی حکمت عملی کے مطابق اسلامی تنظیموں کو مدد پہنچائی، پاکستان کو ایک بڑا اسٹیشن بنایا گیا جہاں دینی مدرسوں، یتیم خانوں اور دارالعلوموں کے طلبا کو جہاد کے لیے تیار کیا جاتا تھا اس طرح طالبان کو وجود میں لانے کا ذریعہ امریکہ ہی ہے، جو پاکستان کے ذریعے مجاہدین کو اسلحہ سپلائی کرتا تھا''

(ص ۱۰۰۔ طالبان پیٹر مارسیڈن)

آپ مزید لکھتے ہیں کہ ''سعودی عرب نے اس دور میں جو کردار ادا کیا وہ بھی اہمیت رکھتا ہے اس نے سفارتی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لیا بلکہ ثقافتی محاذ پر توجہ دی، اس نے نئی مسجدیں، اسکول دارالعلوم اور ادارے بنوائے طالبان کے عقیدے اور کام کرنے کے طریقوں پر سعودی عرب کی پوری پوری چھاپ ہے جوں ہی سوویت یونین نے افغانستان میں اپنی فوجیں بھیجیں، سعودی عرب کو مداخلت کرنے کا موقع مل گیا اس مداخلت سے اُسے یہ امید ہوئی کہ افغانستان پر ایرانی اثرات کم کرنے میں مدد ملے گی''

(ص ۱۰۲۔ طالبان پیٹر مارسیڈن)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدارس اور انتہا پسندی کے اسباب:

ماحول: اکثر مدارس کا اپنا ایک مخصوص ماحول ہوتا ہے جہاں مخصوص نظریات اور مذہب کے علاوہ سب کھڑکیاں دروازے اور راستے اس طرح بند ہوتے ہیں کہ تازہ ہوا کا جھونکا بھی داخل نہیں ہوسکتا۔ان مدارس کے بچوں کو اس وقت اکیسویں صدی میں بھی جانوروں کی طرح زنجیروں سے باندھ کر رکھا جاتا ہے۔(روزنامہ ڈان ۲ مئی ۲۰۰۴) مخصوص ماحول، وضع قطع، مقصد اور تفریح کے ذرائع کا نہ ہونا وہ اسباب ہیں جن کی بنا پر وہ معاشرے کے عام بچوں سے کٹ کر رہ جاتے ہیں۔

مدارس کے اپنے مخصوص نصاب کی وجہ سے طالب علموں کے ذہن میں ایک خاص نقطہ نظر بن جاتا ہے جس کا وہ شدت سے پرچار کرتے ہیں اور دوسروں کے نقطہ نظر کو سمجھنے اور برداشت کرنے سے قاصر ہوتے ہیں اس مخصوص ماحول کا ایک بھیانک پہلو یہ بھی ہے کہ ان افراد کا عمل اور اُن کا موقف اور مسائل کے سلسلے میں ان کا اظہار پسندیدگی یا ناپسندیدگی بڑی حد تک اُن کی اپنی اطلاعات اور نقطہ نظر سے تعلق رکھتا ہے۔

''اگر کسی شخص کو کچھ عرصے کیلئے کسی محفوظ مقام پر رکھا جائے اور بیرونی دنیا سے اُس کے تمام روابط منقطع کر کے اُسے محض ایک مخصوص اور متعین ذریعے سے اطلاعات بہم پہنچائی جاتی رہیں تو کچھ عرصے کے بعد یقیناً وہ پہلے جیسا نہیں ہوگا وہ ایک ایسا شخص ہوگا جو اُن ہی نقطہ ہائے نظر اور اقدار پر مشتمل ایک سلسلہ فکر رکھتا ہوگا۔ جو اُس عرصے میں فکری اعتبار سے اُسے غذا میں ملتے رہے ہیں۔(البتہ سو میں کوئی ایک آدھ استثنائی صورت بھی ہوسکتی ہے)''۔ (ص ۵۸ شناخت استکبار، جواد منصوری)

سماجی رویہ: یہاں پر زیر تعلیم بچے دیگر عام بچوں کی طرح ڈاکٹر، انجینئر، سائنس داں، سپاہی یا مکینک بننے کا نہیں سوچتے۔اس کی سب سے بڑی وجہ وہ عام سماجی رویہ ہے کہ دینی تعلیم کو باوجود تمام دینی محبت، اہمیت اور حمیت کے دعووں کو کم تر سمجھا جاتا ہے۔والدین اپنے خوبصورت لائق وفائق بچے کے متعلق اکثر یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ یہ بڑا افسر بنے گا، ڈاکٹر بنے گا، پائلٹ بنے گا، وغیرہ وغیرہ دوسری طرف ذہنی اور جسمانی طور پر پسماندہ بچوں کیلئے دینی تعلیم کا انتخاب کیا جاتا ہے کہ چلو دین ہی کی تعلیم حاصل کرلیں تاکہ اپنی روٹی روزی کے لیے محتاج نہ ہوں۔

نسلی تضاد: ڈاکٹر مبارک علی اپنے ایک مضمون ''نسلی تضادات'' میں اس مخصوص ماحول کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''ایک مرتبہ جب نسلی گروہ اپنی حدود کو مضبوط کرلیتا ہے اور اس میں افراد کو شامل کر کے اس سے باہر نکلنے کا راستہ بند کردیتا ہے تو اس مرحلے پر ہر فرد کی وابستگی اپنے گروپ سے گہری ہوتی چلی جاتی ہے اور وہ اپنی ذات کو گروپ کی ذات سے ملا دیتا ہے۔اور جس قدر وہ گروپ کی ذات میں گم ہوتا جاتا ہے اسی قدر وہ اپنے رویے اور سوچ میں انتہا پسند ہوتا چلا جاتا ہے اور اپنے گروپ کے لیے ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہوجاتا ہے۔

اُس کی اخلاقیات وہ ہوتی ہیں کہ جس سے اُس کے گروپ کو فائدہ ہو اور جو بھی دوسرا گروپ دشمن کے طور پر آتا ہے وہ اُسے ختم کرنے کے لیے تیار ہوجاتا ہے اس میں اُس کے لیے کوئی قانون وغیرہ قانونی تصور نہیں ہوتا ہے صرف اپنے گروپ کی بقاء اور برتری کا سوال ہوتا ہے اسی لیے لٹیرے، قاتل اور خونی گروپ میں ہیرو بن جاتے ہیں اُس کی مثالیں ہمیں پاکستان کے معاشرے میں بھی ملیں گی جہاں لسانی اور مذہبی گروپ بنے ہوئے ہیں اور اُنہوں نے اپنے حامیوں کو اپنی حدود میں محصور کر کے اُن کے ذہنوں کو بدل دیا ہے'' (ص ۱۳۶ تاریخ اور دانشور)

پاکستان میں مدارس کے پھیلاؤ: ۱۷ اگست ۲۰۰۴ کے جنگ اخبار کے مطابق ''دینی مدارس کے پانچوں وفاق کے تیرہ ہزار مدرسوں میں گیارہ لاکھ سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں۔قیام پاکستان کے وقت مغربی پاکستان میں دینی مدارس کی کل تعداد ۱۴۷ تھی جن میں سے ۱۳۷ پہلے سے موجود اور ۱۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدارس بھارت سے منتقل ہوئے۔ ۱۹۵۰ میں یہ تعداد ۲۱۰ جبکہ ۱۹۶۰ میں ۴۰۱، ۱۹۶۱ میں ۵۶۳ اور ۱۹۶۶ میں تعداد ۸۹۳ تک پہنچ گئی۔ ضیاء الحق کے گیارہ سالہ دور اقتدار کے دوران دینی مدارس کی سرکاری سرپرستی اور مالی امداد کے سبب دینی مدارس کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا جبکہ اسی دوران دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ کو فوج اور محکمہ تعلیم میں ملازمتیں دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق اس وقت پانچوں وفاق کے دینی مدارس

۱۔ وفاق المدارس عربیہ پاکستان ۲۔ تنظیم المدارس عربیہ پاکستان

۳۔ وفاق المدارس سلفیہ پاکستان ۴۔ وفاق المدارس شیعہ پاکستان

۵۔ رابطۃ المدارس اسلامیہ پاکستان

کے مختلف درجوں میں گیارہ لاکھ طلباء وطالبات میں طلباء کی تعداد ۱۰ لاکھ ۶۵ ہزار جبکہ طالبات کی تعداد ۹۳۸۷۲ ہے۔ ذرائع کے مطابق ان مدارس میں، دیوبندی مکتب فکر کے ۸ ہزار مدارس، بریلوی مکتب فکر کے ۲ ہزار مدارس، اہل حدیث مکتب فکر کے ۲۵۰ مدارس، شیعہ مکتب فکر کے ۲۰۰ مدارس۔ (نوٹ: امامیہ دینی مدارس پاکستان تالیف سید محمد ثقلین کاظمی کے مقدمہ میں حافظ سید ریاض حسین نجفی صاحب قبلہ نے مدارس کی تعداد ۴۰۴ اور طلباء کی تعداد بارہ ہزار بتائی ہے۔ یہ مقدمہ ۳ ستمبر ۲۰۰۴ کو تحریر کیا گیا تھا)۔

۱۔ پاکستان نے پہلے ہی اپنے غیر ملکی سفارت خانوں کو ہدایت جاری کر رکھی تھی کہ جو کوئی آئے اور مجاہدین کے ساتھ مل کر لڑنا چاہے اُسے پوچھ گچھ کے بغیر ویزا دے دیں۔ اس کار خیر میں سی آئی اے کے علاوہ اخوان المسلمین نے مشرق وسطیٰ، عالم اسلامی نے سعودی عرب اور فلسطینی مجاہدین نے رضا کار بھرتی کیے اور اُنہیں پاکستان بھیج دیا جہاں آئی ایس آئی اور جماعت اسلامی نے ان کے استقبال کے ساتھ ساتھ قیام، تربیت اور حزب اسلامی میں شمولیت کے انتظامات کیے۔ ۱۹۸۲ سے ۱۹۹۲ تک دس سال کے عرصے میں مختلف ۴۳ اسلامی ملکوں سے ۳۵۰۰۰ شدت پسند افغان مجاہدین سے آ ملے"

۲۔ "لاکھوں غیر ملکی مسلمانوں نے ان سیکڑوں مدرسوں میں داخلہ لے لیا جنہیں وہاں (پاکستان کی فوجی حکومت مالی امداد فراہم کر رہی تھی"۔

(ص ۱۷۸ طالبان از احمد رشید)

۳۔ پاکستان کو ایک بڑا اسٹیشن بنایا گیا جہاں دینی مدرسوں، یتیم خانوں اور دارالعلوموں کے طلبہ کو جہاد کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔ اس طرح سے طالبان کو وجود میں لانے کا ذریعہ امریکہ ہی ہے"۔

(ص ۱۰۰ طالبان از پیٹر مارسڈن، ترجمہ ڈاکٹر سید سعید احمد)

طاقت کی زبان: یہ بات ہم سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہمارا معاشرہ، حکمران طبقہ کبھی بھی مولوی کو حکومتی معاملات اور معاشرے میں برابری کا مقام دینے کا دلی طور پر روادار نہیں تھا مگر افغانستان کی جنگ، اسلامی انقلاب ایران، طالبان کا دور اقتدار اور بن لادن وملا عمر کی (بظاہر) کرشماتی شخصیات نے ان مدرسوں کے طالب علموں کو پاکستان معاشرے میں جہاں طاقت کی زبان کا چلن عام ہو چکا ہے متشدد طرز عمل اور کلاشنکوف کی سیاست کے راستے اپنے آپ کو منوانے کا راستہ دکھایا۔

اب دینی طالبعلم روایتی کردار ادا کرنے کے بجائے معاشرے میں برتر سماجی رتبہ چاہتا ہے وہ اب مدرسہ میں بیٹھ کر حسن اخلاق کی باتیں، نماز کی امامت، رمضان کی تراویح، نکاح وجنازہ پڑھانے اور معاشرہ کی عطا کردہ زکوٰۃ وخیرات پر مزید پلنے کو تیار نہیں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس لیے ہمیں پاکستان کے مختلف شہروں میں سرکاری زمین پر قبضہ کر کے مساجد اور مدارس قائم کرنے کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ نظر آتا ہے۔ اکثر کے ارگرد دُکانیں تعمیر ہوتی ہیں موجودہ وقت میں ''لال مسجد اسلام آباد'' کی مثال کافی ہے۔ یہ وہی غیر قانونی لال مسجد ہے جس میں ۲۰ جنوری ۱۹۸۰ کو ضیاالحق نے پورے ملک میں زکواۃ اور عشر کے نظام کے نفاذ کا اعلان کیا تھا (حوالہ حساس ادارے ص ۲۶۸) جو کہ ملک میں فقہی تقسیم کو مزید گہرا کر گیا۔ اس مسجد کے امام صاحب کی گاڑی دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث تھی اور مولانا روپوش ہو گئے تھے اعجاز الحق نے مولانا کی حکومتی اداروں سے جان چھڑائی۔

دو مختلف طرز تعلیم معاشرے میں ٹکراؤ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ دو نمائندہ طبقوں کے طور پر بھی واضح شکل اختیار کر چکے ہیں۔ اب لڑائی دو طبقوں کے درمیان کھلی جنگ میں تبدیلی ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر شاہد مسعود خٹک ''جھنگ کے مولانا اعظم طارق اور عابدہ حسین'' کی مثال پیش کرتے ہیں جو کہ مذہبی اور اشرافیہ کے نمائندوں کے ٹکراؤ کی بھی مثال ہے۔

تکفیر کے فتوے: تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی اتحاد بین المسلمین کی تحریک آگے بڑھی، پرچم اسلام کی سربلندی کے آثار پیدا ہوئے، امت میں بیداری کے نتیجہ میں اللہ کی زمین پر اللہ کے قانون کے نفاذ کا مرحلہ آیا تو سامراج کی صفوں میں کھلبلی مچ گئی اور استعمار کی نیندیں اڑ گئیں۔

ایسے میں ملوکیت اور اسلام دشمن طاقتوں نے ملائیت کو آلہ ء کار بنایا، جنہوں نے ملت کے مخلص، دیندار اور اسلام محمدی پر عمل پیرا مسلمانوں کے خلاف کفر و ارتداد کا الزام لگا کر ملت کے اتحاد کو پارہ پارہ کیا۔ جس کی وجہ سے ملت آپس میں دست و گریباں ہو کر نہ صرف اپنی توانائیاں ضائع کرتی رہی بلکہ اسلام دشمن طاقتوں کی مضبوطی کا سبب بنی۔ اللہ کی زمین اس کے نیک بندوں کے خون سے رنگیں ہونے لگی۔ عدل و انصاف کے وہ سارے خواب جو دکھی اور ظلم و ستم میں جکڑی ہوئی انسانیت نے دیکھے تھے بکھرنے لگے۔ مٹھی بھر نام نہاد علماء کروڑوں مسلمانوں کی قسمت سے کھیلتے رہے اور فتویٰ فروشی کا کاروبار خوب چمکا۔ مسلمان گروہ در گروہ تقسیم ہوتے رہے۔

کاش ان فتوؤں کا بازار گرم کرنے والوں کو معلوم ہوتا کہ وہ کتنا بڑا جرم کر رہے ہیں درحقیقت وہ اس صدی کو جو کہ غیروں کے مطابق مسلمانوں کی صدی ہے، قتل کر رہے ہیں۔ مسلمانوں کے مستقبل کو تاریک کر رہے ہیں کیا وہ نہیں سمجھتے کہ ان فتوؤں کا کیا نتیجہ ہوگا۔ ماضی کے گڑے مردے اکھاڑنے سے کیا حاصل؟۔ اس نااتفاقی کی بدولت اسلام دشمن اور سامراجی طاقتوں نے آج دنیا بھر میں مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا ہے۔ کیا فلسطین، کیا کشمیر، کیا افغانستان، کیا عراق، جہاں کھلے عام مسلمانوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔

لیکن کچھ ایسے صاحب دل اور دیدہ ور ہر دور میں موجود ہوتے ہیں جو استعمار کی شاطرانہ چالوں کو اپنے جذبہ ایمانی اور تائید ایزدی سے ناکام بنانے کی سعی اور اسلام دشمنوں سے مقابلہ کرتے ہیں۔ سید جمال افغانی، حسن البناء، امام خمینی، شہید سید عارف حسین حسینی، شہید علامہ ضیا الدین رضوی، شہید علامہ حسن ترابی اور دیگر وحدت مسلمین کے لیے کام کرنے والے مجاہدوں کو اس کا صلہ قید و بند اور دار و رسن کی صورت میں اور کبھی تکفیر کی شکل اور کبھی موت کی شکل میں ملا لیکن انہوں نے ہار نہ مانی۔ کام کو آگے بڑھانے کی راہیں ہموار ہوئیں کچھ ماحول بہتر ہوا اور استعمار کے خلاف بات کرنے کا حوصلہ ملا۔ مغربی تمدن اور استعمار کی سرگرمیوں سے متعلق بے شمار تحریری مواد انقلاب ایران کی بدولت دستیاب ہوا۔

۵) غیر ملکی امداد اور لٹریچر: ڈاکٹر مبارک علی اپنی کتاب ''علما اور سیاست میں لکھتے ہیں کہ ''۱۹۷۰ کی دہائی میں جب سے اُنہیں (علماء کو) عرب ملکوں سے امداد ملنی شروع ہوئی ہے ان کا سیاسی کردار ان کے مذہبی کردار سے زیادہ اہم ہو گیا ہے۔ بلکہ ان میں سے کچھ تو ایسی جماعتیں ہیں جو محض

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیاسی بن کر رہ گئی ہیں جسکی وجہ سے علماء کا کردار جواب تک تھا بہت حد تک بدل چکا ہے۔ان کے اردگرد کلاشنکوف کے حفاظتی دستے نظر آنے اور شان وشوکت والے طرز رہائش کو اختیار کرنے سے ان کی تشخیص عالموں والی نہیں رہی بلکہ یہ بھی جاگیرداروں کی صف میں شامل ہوگئے ہیں۔

(ص۵۔۶)

اس کے ساتھ ساتھ اپنی مذہبی تنظیموں اور شخصیات کا بھی نگاہ احتساب سے جائزہ لیں، جن کے آنگن میں رات دن ہن برستا ہے اور جو اپنی سرگرمیوں سے بالواسطہ سامراجی عزائم کی تقویت کا باعث بنتی ہیں''۔

(مشاہدات وتاثرات مولانا کوثر نیازی، ۲فروری ۱۹۸۴ جنگ کراچی)

سلسلہ پرانا ہے: مجھے وہ زمانہ یاد ہے جب ۱۹۲۶ کے قریب سلطان ابن سعود کے خلاف ہندوستان میں مہم چلی تھی کہ اُس نے قبّے گرادیئے ہیں اس بناء پر ہندوستان کی مسلمان قیادت یعنی خلافت کمیٹی میں دوگروہ پیدا ہوگئے ایک طرف سلطان ابن سعود کا حامی گروہ تھا جس کی قیادت مولانا ابوالکلام آزاد کررہے تھے اور اس گروہ میں تمام وہی لوگ تھے جو بعد میں احرار کے نام سے موسوم ہوئے دوسری طرف مولانا محمد علی، شوکت علی اور اُن کی خلافت کمیٹی تھی۔ ہمارا خاندان غزنوی خاندان کا معتقد تھا اور سلطان ابن سعود کا سب سے بڑا حامی خود غزنوی خاندان تھا بلکہ ان کے تو سلطان سے مراسم تھے اور سلطان ابن سعود اس خاندان اور اس کے ذریعے اہل حدیثوں کی بھی تھوڑی بہت مالی امداد کیا کرتے تھے''۔

(ص۱۳ حدیث دل عبداللہ ملک ایک کمیونسٹ کا روزنامچہ حج)

لہٰذا ان غیر ملکی امدادوں کی وجہ سے معاشرے میں ایک پیشہ ور علماء کی حمایت وجود میں آگئی۔ جو کہ مالی طور پر روز بروز مستحکم ہوتی چلی گئی۔ جس کے بارے میں عام طور پر مشہور ہے کہ انہوں نے پیسے کھالیے۔ بدعنوانیوں اور غبن کی شکایتیں اُن کے خلاف زبان زدعام ہیں۔

عمومی طور پر امداد مساجد و مدارس اور یتیم خانوں کے لیے ہوتی ہے لیکن اکثریت نے اپنے عقائد اور نظریات کی تبلیغ، نشر واشاعت، جائیدادیں خریدنے، آفس کے قیام، اور اپنے معیار زندگی کو بلند کرنے پر خرچ کیا۔ اسی غیر قانونی دولت کی ریل پیل کے باعث اسلحے کی نمائش، جدید پر تعیش گاڑیوں اور باڈی گارڈز کی فوج جیسے اقدامات ہمیں آج نظر آتے ہیں۔ اس سے پہلے آپ نے مولانا کوثر نیازی کا غیر ملکی امداد سے متعلق اشارہ پڑھا ہے اب ایک اور مولانا جن کا تعلق جمعیت علمائے اسلام سے ہے اپنی کتاب ''جو مجھ پر گزری'' میں لکھتے ہیں ''سینئر افسر کہنے لگا کہ تم عراق بھی گئے تھے اور عراقی حکومت تمہاری مالی مدد کرتی رہی ہے۔ میں نے کہا کہ میں عراقی مذہبی وزارت کی دعوت پر گیا تھا اور عراقی حکومت میری نہیں بلکہ مسجد و مدرسہ بنانے میں مدد کرتی ہے''۔ ''ایک افسر کہنے لگا تمہارے نام پر کاٹے گئے عراقی قونصل کی طرف سے چیک جو کہ نیشنل بینک پی آئی ڈی سی برانچ سے کیش کرائے گئے تھے ہمارے پاس موجود ہیں۔ میں نے کہا وہ چیک میرے نام نہیں بلکہ جامعہ فاروقیہ کے نام ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ میں بنک میں دستخط کرتا تھا۔

(ص۱۰، جو کچھ مجھ پر گزری، مولانا جاوید نعمانی، جولائی ۱۹۸۷ ایڈیشن)

جدید مثال: ایوان صدر میں افطار ڈنر پر ملک بھر سے مدعو مدیران اخبارات ورسائل اور سینئر کالم نویسوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ ''ہم مسجدوں اور مدرسوں کا غلط استعمال کررہے ہیں۔ اُنہوں نے بتایا کہ حال ہی میں کراچی میں ڈیفنس اتھارٹی کی مسجد سلطان میں ایک انتہائی اہم عسکری شخصیت نماز پڑھنے گئی۔ مسجد کے اندر سب ٹھیک ٹھاک تھا۔ باہر آئے تو انہوں نے دیکھا کہ کچھ نوجوان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پمفلٹ اور پوسٹر بانٹ رہے تھے۔ اس شخصیت نے فوراً حکم دیا کہ انہیں گرفتار کیا جائے۔ ان سے پوچھ گچھ ہوئی تو ایک بہت بڑا گروہ بے نقاب ہوا۔ ان کے بتانے پر چھاپے مارے گئے تو بے شمار لٹریچر، پمفلٹ اور ۱۳ لاکھ روپے برآمد ہوئے باہر سے ایسی سرگرمیوں کے لیے پیسا آرہا ہے۔ جنوبی افریقہ سے، مشرق وسطیٰ سے فنڈنگ ہورہی ہے۔ (روزنامہ جنگ ۲۱ نومبر ۲۰۰۳ اسلام آباد اسپیشل رپورٹ)

ملکی وغیر ملکی مذہبی لٹریچر: چھاپے خانے (پریس) کی ایجاد سے قبل مذہبی رواداری اور امن پسندی کا دور تھا اور برطانوی تسلط سے قبل مناظروں کا بھی کوئی دستور نہ تھا۔ عیسائی مشنریوں نے جب اسلام اور ہندوستان کے دیگر مذاہب کی خامیوں کو اجاگر کرکے عیسائیت کی تبلیغ شروع کی تو مناظروں کا سلسلہ چل نکلا۔ مسلمان علماء نے بھی عام مسلمانوں کی گمراہی کے خطرات کے تحت ان میں بڑھ چڑھ کا حصہ لیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ مناظرے اسلام اور دیگر مذاہب کے درمیان ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کے مذہبی فرقوں کے درمیان بھی ہونے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان تناؤ کے ساتھ فرقوں کے درمیان بھی تناؤ پیدا ہونے لگا نوبت لڑائی جھگڑے تک آگئی۔ پریس کی ایجاد کے بعد مناظروں کا سلسلہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کم ہوتا چلا گیا اور اس کی جگہ مذہبی لٹریچر کی اشاعت شروع ہوگئی اب لوگوں کو مذہبی لٹریچر گھر بیٹھے ملنے لگا۔

متفقہ نقطہ نظر: تمام مسلمانوں کا اس بات پر دوٹوک اتفاق ہے کہ صرف کلام اللہ یعنی قرآن مجید ہی ایک ایسی واحد کتاب ہے جس میں ایک حرف بلکہ ایک نقطے تک کے لیے بھی شک وشبہہ کی گنجائش نہیں ہے۔ جہاں تک کتب احادیث وتواریخ کا سلسلہ ہے وہ فریقین (اہل سنت واہل تشیع) کے علماء، محدثین ومورخین کی محنت کا ثمر ہیں جو مواد اُنہیں دستیاب ہوا اُنہوں نے سلسلہ، سند اور راویوں کے نام سمیت درج کردیا۔ سنی ہوں یا شیعہ کوئی بھی مسلمان یہ عقیدہ نہیں رکھتا کہ بخاری ومسلم، شیخ کلینی اور شیخ صدوق پر ایمان لانا اور ان کتب کے تمام متن کو من وعن تسلیم کرنا مثل ایمان بر خدا اور رسولؐ اور مثل قرآن واجب ہے۔

البتہ اہل سنت نے خاص اصطلاح کے تحت صحاح ستہ کو صحیح کا مقام دیتے ہیں حالانکہ یہ درست نہیں ہے جس کی وضاحت مفتی نظام الدین شامزی نے اپنی کتاب ''عقیدہ ظہور مہدیؑ'' صفحہ ۱۲۱ پر یوں کی ہے ''امام بخاری اور امام مسلم نے کہیں بھی نہیں فرمایا کہ ہم نے سب صحیح احادیث کو جمع کیا ہے اور کوئی صحیح حدیث ان دونوں کتابوں سے باہر نہیں رہی بلکہ خود ان حضرات کے اقوال موجود ہیں کہ ہم نے صرف صحیح احادیث نقل کیں ہیں اور بہت سی احادیث باقی ہیں جن کو ہم نے نقل نہیں کیا ہے'' دوسری جانب شیعہ علماء کسی بھی کتاب کو سوائے قرآن مجید صحیح کی صطلاح کے ساتھ یاد نہیں کرتے صحاح ستہ میں ایک سو سے زیادہ شیعہ راویوں کی احادیث پائی جاتی ہیں جبکہ شیعہ علماء سنی ثقہ راوی کی حدیث کو موثق کا نام دیتے ہیں۔ اور کتب اربعہ میں سنی راویوں کی احادیث ملتی ہیں۔ غرض یہ کہ دونوں ایک دوسرے کی روایت قبول کرتے رہتے ہیں۔ اب عموماً یہ قبیح عادت رواج پکڑ گئی ہے کہ کسی مکتب فکر کا مصنف کسی دوسرے مذہب پر کیچڑ اُچھالنے کے لیے اس مذہب کی چھوٹی بڑی کتب میں موجود ناپسندیدہ مواد کو جمع کرکے یہ تاثر دیتا ہے کہ فلاں مذہب غلط ہے۔ کیونکہ اس مذہب کی کتابوں میں یہ قابل اعتراض باتیں ہیں۔ یہ فکر اپنی جگہ خود غلط ہے کیونکہ عقائد کا دارومدار قرآن مجید اور متفق علیہ سنت رسولؐ پر ہے محض روایات پر نہیں۔

پھر وقت کے ساتھ ساتھ پریس کی مدد سے علمی خیانتیں ہونے لگیں۔ محمدؐ وآل محمدؐ کے فضائل ومناقب کو گھٹانے کی بے ہودہ سازشیں ہونے لگیں۔ جب علیؑ اور اولاد علیؑ میں کوئی نقص تلاش نہیں کرپاتے تو دشمنان علیؑ واولاد علیؑ کی تعریف میں مبالغہ سے کام لیتے۔ تاریخ سے حوالے دیتے ہیں تو بد دیانتی کرتے، سیاق وسباق سے بے پرواہو کر اپنے مطلب کی بات نکال کر بڑی ڈھٹائی سے شائع کردیتے۔ اب تو حد یہ ہوگئی ہے کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مختلف مذہبی کتابوں کے جدید ایڈیشنوں سے فضائل اہلبیتؑ کو حذف کر کے شائع کیا جا رہا ہے۔ ذیل میں ہم صرف دو مثال پیش کر رہے ہیں ایک ہے مولانا شبلی نعمانی کے دور کی اور ایک ہے موجودہ دور کی۔

ا۔ ایک مطبع (پریس) میں ''شرح عقائد نسفی'' چھپ رہی تھی معارف نے اس کتاب کی وہ تمام عبارت قلمزد کر دی تھیں جن میں خلافت کی بحث ہے اور الائمۃ من قریش کی حدیث مذکور ہے۔ مطبع والے نے مجبوراً اس قلمزد نسخے کو چھاپا''۔ (ص۔۸۶۔۸۷ سفرنامہ روم وشام ومصر شبلی نعمانی)

''سعودی خانوادے نے کمپیوٹر سے کام کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا پرنٹنگ پریس مدینے میں لگایا ہے، جس پر ۱۵۰ ملین ڈالر کی لاگت آئی ہے اور اسکے لیے ۱۰۰ ملین ڈالر کی رقم ہر سال بجٹ میں رکھی جاتی ہے۔ فیصلہ کیا گیا ہے کہ یہ چھاپہ خانہ ہر سال قرآن مجید کی ۷ ملین جلدیں اور اسی طرح شیعہ مذہب کے خلاف بہت سی کتابیں شائع کرے گا۔ یہ ادارہ ایک امریکی فرم کی زیر نگرانی وہدایت کام کرنے کے لیے تشکیل دیا جا رہا ہے''۔

(ص۔۱۹۸ شناخت استکبار۔ جواد منصوری)

۲) تحریف قرآن ایک باطل نظریہ نامی مضمون میں علامہ شیخ محسن علی نجفی لکھتے ہیں کہ ''علامہ رحمۃ اللہ کیرانوی اپنی معروف تصنیف ''اظہار حق'' جلد دوم ص۸۹۔۹۰ میں عدم تحریف کے بارے میں امامیہ کا واضح موقف نقل کرتے ہیں اور امامیہ کے علمائے سلف کے اقوال سے اس موقف کو ثابت کرتے ہیں۔ یہ کتاب قاہرہ، استنبول، اور کراچی سے متعدد بار چھپ چکی ہے۔ ترکی، فرانسسی، انگریزی، گجراتی اور اردو زبان میں اس کتاب کا ترجمہ ہوا ہے مگر کسی ایڈیشن میں کوئی کمی بیشی اور خیانت نہیں ہوئی لیکن نہایت افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ سعودی عرب کے معروف ادارہ ''نامۃ الادارث للبوث العلمیۃ والافتاء والدعوہ والارشاد'' ریاض کی طرف سے شائع شدہ کتاب ''اظہار حق'' میں انتہائی بددیانتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈھائی صفحات پر مشتمل وہ متن حذف کر دیا گیا جس میں مؤلف نے ثابت کیا تھا کہ اہل تشیع عدم تحریف قرآن کے قائل ہیں''۔ (ص۔۱۲ ماہنامہ منہاج الحسینؑ لاہور اکتوبر ۲۰۰۵)

مصر کی تحریک اخوان المسلمین کے مشہور دانشور سید قطب نے ۱۹۴۹ میں ایک کتاب ''العدالۃ الاجتماعیۃ فی الاسلام'' لکھی ہے یعنی ''اسلام میں عدل اجتماعی'' اس کتاب کا ترجمہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور سے ۱۹۶۹ میں شائع ہوا۔ (ترجمہ لیاقت نیشنل لائبریری میں حوالہ نمبر ۲۹۷۶۳۲۷ ش ھ دی باردوم ۱۹۶۹) مترجم ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی اپنے مقدمے میں لکھتے ہیں۔ ''حذف وترمیم: اس کتاب کی تصنیف کا زمانہ ۱۹۴۸ء ہے۔ پہلا ایڈیشن ۱۹۴۹ء میں شائع ہوا اور اس کے بعد چار ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ پانچواں ایڈیشن ۱۹۵۸ء میں شائع ہوا ہے بہت سی اہم ترامیم اور اضافے مصنف نے دوسرے ہی ایڈیشن میں کر دیے تھے، لیکن نظر ثانی کا عمل اس کے بعد بھی جاری رہا اور پانچویں ایڈیشن میں پھر بہت سے اہم حذف واضافے پائے جاتے ہیں۔ اس حذف وترمیم کا اثر زیادہ تر کتاب کے ان صفحات پر پڑا ہے، جن کا تعلق امیر معاویہ اور بنو امیہ اور حضرت عثمانؓ کے دور خلافت سے ہے۔ ہم بڑی مسرت کے ساتھ یہ اطلاع دینا چاہتے ہیں کہ مترجم کی درخواست پر مصنف نے آخری مطبوعہ ایڈیشن کے بعض مقامات پر پھر نظر ثانی کی ہے۔ یہ ترامیم تمام تر امیر معاویہ اور حضرت عثمانؓ سے متعلق ہیں''۔

(صفحہ ۴۸۔۴۹ کتاب مذکورہ، بحوالہ سیرت امام زین العابدینؑ۔ ص ۳۴۔۳۲، از ضیاء الحسن موسوی)

زبدۃ العلماء سید آغا مہدی لکھنوی قبلہ کے مطابق ''مدرسۃ الواعظین کے مدرس اعلیٰ مولانا سید عدیل اختر صاحب مرحوم نے ''علمی خیانتیں'' لکھ کر تحریف کو یکجا کیا تھا جس نے اس چالاکی کی سب سے پہلے قوم کو اطلاع دی تھی'' (صفحہ ۱۸ زندگانی حضرت شہزادہ علی اکبرعلیؑ) مولانا عدیل اختر طالب نثراہ نے مقصد کتاب کی وضاحت ان الفاظ میں کی ''اس کتاب کا مقصد یہ ہے کہ جن حضرات کے پاس اس وقت اصلی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتابیں موجود ہیں ان کی خصوصی حفاظت کریں جن کے پاس نہیں ہیں وہ جب حاصل کریں تو کوشش کر کے وہ نسخے حاصل کریں جو غیر محرف ہیں اور آئندہ نسلوں کے پاس یہ سند رہے کہ کتابوں میں اس طرح ''علمی خیانتیں'' کی گئی ہیں''۔

(ص ۱۷، صلح الحسنؑ مولانا عدیل اختر ناشر ادارہ تعلیم وتربیت لاہور)

اندرونی طور پر شر انگیز اور دل آزار کتابوں کی طباعت کے ساتھ ساتھ۔ عرب ممالک سے درآمد شدہ عربی کتابوں نے بھی جلتی پر تیل کا کام کیا ان عربی کتب میں اہل بیت عظام، صحابہ کرام اور امہات المومنین کے خلاف تلخ اور شر انگیز مواد کی وجہ سے مسلمانوں کے باہمی اتحاد اور داخلی امن وامان خطرے میں پڑ گیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فریقین ایک دوسرے کے نظریے وعقیدہ کو مثبت طور پر سمجھنے کے لیے اس مذہب کی مستند کتبِ عقائد، علماء اور محققین کی تصریحات پر اعتماد کریں۔

اس صورتحال کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ ایک نام نہاد مذہبی گروہ کی جانب سے شیعوں کے خلاف خود ساختہ عقائد بنا کر شائع کئے گئے۔ ایک ایسا ہی واقعہ ملتان شہر میں پیش آیا، ''پولیس چھاپے کے دوران لٹریچر سامنے آیا، جسے شیعوں کے نام سے شائع کیا جا رہا تھا، اس میں پیغمبر اسلامؐ، صحابہ کرام اور ازواج مطہرات کے خلاف ہرزہ سرائی کی گئی تھی لیکن پولیس چھاپے سے ان کا یہ ناپاک منصوبہ ناکام ہوا''۔

(ص ۲۴۸ شہید راہ وحدت علامہ حسن ترابی حسن مرتضیٰ)

چند مولویوں نے خود ساختہ پمفلٹس کے ذریعہ ملت جعفریہ کے خلاف زہر اُگلا حتیٰ کہ ایک میں غلط عقائد ملت سے منسوب کئے اور ملت نامور کے رہنماؤں کے نام اور جعلی دستخط بھی تھے اس سلسلے میں شہید علامہ عارف حسین الحسینی نے لاہور کے معروف اہلسنت عالم دین مفتی محمد حسین نعیمی سے ملاقات کے دوران وضاحت کی کہ ان عقائد کا ملت جعفریہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ (ص ۱۴۴ سفیر نور تسلیم رضا خان)

اور مکالمے کا فقدان کیا رنگ دکھاتا ہے: علامہ حسن ترابی شہید نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ''مجھے یاد ہے کہ ۱۹۸۴ میں گھارو میں، میں، علامہ طالب جوہری، علامہ عرفان حیدر عابدی، علامہ عباس کمیلی، فضل علی سید مولانا سلیم اللہ، مولانا اسفندیار، مفتی زرولی وغیرہ ایک مقدمہ میں ایک ساتھ بند تھے۔ ہمارا ٹی وی لاؤنج مشترکہ تھا۔ اب ہوا یہ کہ ان مولاناؤں نے علامہ طالب جوہری کا ایران سے چھپنے والا قرآن کریم خاموشی سے چرا لیا اور تین دن تک وہ اس میں کوئی نئی چیز ڈھونڈتے رہے اب آپ خود اندازہ لگائیں کہ اتنے پائے کے علماء جب ہمارے عقائد سے واقف نہیں تو کیا ہوگا۔ پھر ہم نے انہیں امام خمینیؒ کی کچھ کتابیں دیں''۔

(تکبیر کراچی ۱۴ فروری ۲۰۰۱ شمارہ)

وزارتِ مذہبی امور کی درخواست پر ''مجلس عمل علمائے شیعہ پاکستان'' کی شائع کردہ کتاب فرقہ واریت اور اس کا سدباب'' برائے اراکین سینٹ وقومی اسمبلی پاکستان'' میں اردو وعربی کتب میں دل آزار اور تلخ مواد کی تفصیلی نشاندہی کی گئی ہے۔

۶) نیم عادلانہ حکومتی اقدامات، عمومی رویہ اور دوہرا معیار: اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ میں شیعہ سنی بھائیوں کی طرح اکٹھے رہتے ہوئے تمام اختلافات اور متنازعہ مسائل کو علمی انداز میں آپس میں زیر بحث لاتے رہے ہیں لیکن یہ پہلی دفعہ ۱۹۸۵ میں ضیاالحق کے دورِ حکومت میں ہوا کہ آئین پاکستان کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک تنگ نظر، محدود سوچ اور سامراج عزائم کی تکمیل کے لیے نام نہاد مذہبی تنظیم کو آزادی کے ساتھ کام کرنے کا موقع دانستہ دیا جاتا رہا۔ جو مسلمان کے قتل عام، ۔۔اور آپس میں لڑانے کے لیے خالص علمی مباحثوں کو گلی کوچوں میں لا کر نیم خواندہ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کم عقل وشعور کے حامل افراد کو شیعوں کے خلاف بھڑکاتی رہی ہے۔ ۱۹۹۴ میں اسلام آباد کو اسلحے سے پاک کرنے کے وفاقی وزیر داخلہ جناب نصیراللہ بابر کے احکامات کو چیلنج کرتے ہوئے سپاہ صحابہ کے رکن قومی اسمبلی مولانا اعظم طارق نے قومی اسمبلی کے فلور پر کہا کہ ''میں نے بندوقیں استعمال کی ہیں۔ راکٹ فائر کیے ہیں اور میں جانتا ہوں کہ ایسی صورت حال سے کیسے نبرد آزما ہوا جاتا ہے''۔ لیکن یہ نہیں بتایا کہ کس کے خلاف استعمال کیے ہیں۔ ان کے چونکا دینے والے الفاظ نے اسمبلی کے ماحول کو انتہائی سنسنی خیز بنا دیا۔

(روزنامہ ڈان یکم ستمبر اسلام آباد بیورو رپورٹ)

۳ جولائی ۱۹۹۳ کے ڈیلی فرنٹیر پوسٹ میں چھپنے والے ایک مضمون کے مطابق ''انجمن سپاہ صحابہ'' پاکستان کے شیعوں کے خلاف ایک دہشت گرد تنظیم نہ ہونے کی قلعی اُس وقت کھلی جب انجمن کے ایک غیر معروف اور غیر اہم لیڈر کو چند ہفتے قبل جھنگ میں قتل کر دیا گیا۔ انجمن کے صدر مولانا ضیاالحق قاسمی نے جمعہ کے طویل خطبہ کے دوران اس بات پر زور دیا کہ شیعوں کے خلاف جہاد کیا جائے۔ عورتوں سے کہا گیا کہ وہ اپنے زیور بیچ کر ہتھیار خریدیں جیسا کہ کراچی والوں نے ایم کیو ایم کو پنجابی پختون اتحاد کے خلاف منظم کرنے کے لیے کہا تھا۔

یہ ہی انجمن کی خون آلودہ فرقہ وارانہ سیاست ہے۔ جس میں اُسکی بقا مضمر ہے اور اب شیعوں کو محور بنا کر اُنہوں نے اپنے مقصد تخلیق کو پالیا ہے۔ دراصل انجمن سپاہ صحابہ ایک دہشت گرد تنظیم ہے نہ کہ ایک سیاسی پارٹی۔ اس کی سرکردہ قیادت اہل حدیث ہے جبکہ اس کے حامی زیادہ تر مہاجر ہیں جو پنجاب میں آباد ہیں۔ انجمن کے زیادہ متحرک طبقے میں مقامی بدمعاش اور ڈرگ مافیا کا ناجائز دھندہ کرنے والے لوگ ہیں۔ جو جھنگ اور اس کے گردونواح میں رہتے ہیں اس کی قیادت ایک خوفناک شہرت رکھتی ہے۔

(فرنٹیر پوسٹ خصوصی اشاعت ۳ جولائی ۱۹۹۳)

دہشت گردی کے خلاف امریکی احکامات کے تحت لڑی جانے والی جنگ میں مصروف حکومت وقت نے داخلی دہشت گردی کے خلاف دیدہ ودانستہ طور پر اپنی آنکھوں کو بند کر رکھا ہے۔ بلکہ اکثر حکومتی اقدامات سے داخلی دہشت گردی کو تقویت ملی ہے۔

۱۲ جنوری ۲۰۰۲ کو بڑے زور وشور کے ساتھ سپاہ صحابہ اور تحریک جعفریہ (بیلنس پالیسی کے تحت) اور چند جہادی تنظیموں پر حکومت کی جانب سے پابندی عائد کر دی گئی اور بعض لیڈروں کو عارضی طور پر حراست میں لے لیا گیا، تاہم ان پر کسی پر بھی عدالت میں مقدمہ نہیں چلایا گیا حتیٰ کہ ان کو بخش دیا گیا جن پر الزامات کی ایک طویل فہرست موجود تھی۔ مثال کے طور پر مولانا اعظم طارق کے خلاف ۶۹ مقدمات قائم تھے لیکن ان کے خلاف بھی عدالت میں کوئی مقدمہ نہیں چلایا گیا۔ قومی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کی اجازت دے دی گئی اور قومی اسمبلی کی نشست حاصل کرنے کے تین ہفتے بعد ہی ان کو جیل سے رہا کر دیا گیا۔ چنانچہ اپنے قتل کی واردات ہونے تک وہ اسمبلی میں جنرل پرویز مشرف کی حکومت کی حمایت کرتے رہے۔ نوبت بہ ایں جا رسید کہ ان کی حمایت برقرار رکھنے کی خاطر حکومت نے مولانا اعظم طارق کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کو بھی سرے سے نظر انداز کر دیا تھا۔ ان میں وہ وارنٹ بھی شامل تھا جو انسداد دہشت گردی کی عدالت نے جولائی ۲۰۰۰ میں جاری کیا تھا''۔

(انٹرنیشنل کرائسس گروپ برسلز کی رپورٹ کے خلاصہ سے اقتباس، بحوالہ جنگ ۲۲ فروری ۲۰۰۴)

حافظ حسین احمد نے ۲۹ نومبر ۲۰۰۳ کو جیکب آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران انکشاف کیا کہ ''جمالی (سابق وزیراعظم) ملت اسلامیہ (کالعدم سپاہ صحابہ) کے ایک ووٹ سے وزیراعظم بنے اور اُس کو دہشت گردی میں ملوث ہونے پر کالعدم قرار دے دیا'' (روزنامہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ ۳۰ نومبر ۲۰۰۳)۔ میر ظفر اللہ خان جمالی سرکار کو اسمبلی سے اعتماد حاصل کرنے کے لیے ملت اسلامیہ کے ایک ووٹ کے بدلے ۸۷ دہشت گردوں کو جیلوں سے رہا کرایا گیا۔

(حوالہ انٹرویو شہید علامہ حسن ترابی ہفت روزہ تکبیر ۲۶ جنوری ۲۰۰۵)

دوہرا معیار: حکومت کے دوہرے رویے کی ایک مثال یہ ہے کہ ''مختلف مساجد کے خطباء کو سرکار نے گریڈ ۱۲/۱۶ اور ۱۷ تک دیئے گئے جب کہ مرکزی شیعہ مسجد اسلام آباد کے خطیب کو گریڈ ۹ تک محدود رکھا گیا ہے۔

(ص ۲۴۰ امامیہ ڈائریکٹری ۲۰۰۱)

☆ حکومت کی جانب سے جناح اسپتال کے ڈاکٹر معاویہ کے ورثا کے لیے 6 لاکھ روپے معاوضہ، بیوہ کے لئے تاحیات پنشن، قریبی عزیز کیلئے سرکاری ملازمت اور بچوں کی مفت تعلیم کی جو مراعات ملیں وہ اب تک شہید ہونے والے کسی ڈاکٹر کے لواحقین کو نصیب نہیں ہوئیں۔

(ایچ آر سی پی رپورٹ)

☆ داؤد کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سلیم چوہدری کے لواحقین، بھی اسی قسم کی مراعات کے مستحق ٹھہرے مگر جامعہ ملیہ کے شہید پرنسپل ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی کے اہل خانہ کو یہ مراعات نہیں ملیں؟۔ آخر کیوں؟

☆ تحریک جعفریہ پاکستان پر پابندی کے سلسلے میں حکومت کی جانب سے سپریم کورٹ میں پولٹیکل پارٹیز ایکٹ 1962 کے تحت دائر کردہ ریفرنس (فروری ۲۰۰۲)، کی سماعت آج چھ سال بعد بھی شروع نہیں ہوئی۔

انوکھا اور عجیب مطالبہ: کیا ہابیل اور قابیل برابر ہیں، کیا ابراہیمؑ اور نمرود برابر ہیں، کیا موسیٰؑ اور فرعون برابر ہیں کیا محمدؐ عربی اور ابوجہل وابولہب برابر ہیں، کیا حسینؑ اور یزید برابر ہیں۔

کیا امن پسند اور شر پسند، قانون کا پاسدار اور قانون شکن مقتول اور قاتل، مظلوم اور ظالم کیا برابر ہو سکتے ہیں۔ کیا ان کے ساتھ مذاکرات ہو سکتے ہیں؟، کیا ظالم کے مظالم کو معاف کیا جا سکتا ہے؟۔ کیا ان کے ساتھ بیٹھا جا سکتا ہے؟۔

مہذب دنیا کے قوانین، قاعدے اور کلیوں کے مطابق ان سب سوالوں کا جواب ہے ''نہیں'' معاشرے کے بنیادی ڈھانچہ کو برقرار رکھنے کے لیے قانون شکن قاتل اور ظالم کو سزا دینا ضروری ہے بصورت دیگر معاشرہ ایک مہذب معاشرہ نہیں رہے گا۔

موجودہ روشن خیال، اعتدال پسند اور اپنے تئیں جمہوری حکومت کی جانب سے اب کھلے عام یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ دہشت گردوں سے مذاکرات کرو۔ اپنے مقتولوں کا خون معاف کرو۔ ان رسوائے زمانہ افراد سے بات چیت کے ذریعے اپنے اختلافات کو ختم کرو۔

ظالم اور مظلوم کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنے کی حکومتی حکمت عملی کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۹۹ سے لے کر اگست ۲۰۰۷ کے دوران بھی مکتب تشیع کے پیروکاروں کا قتل عام مسلسل جاری ہے۔ جیسا کہ سابقہ حکومتوں کے دور میں ہوتا رہا ہے۔

حکومت وقت کا مکتب تشیع کی نمائندہ جماعت تحریک جعفریہ/ اسلامی تحریک کا دہشت گرد گروہ سپاہ صحابہ/لشکر جھنگوی سے موازنہ، مقابلہ اور ہم پلہ قرار دینا درحقیقت اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈالنے کے ساتھ ساتھ انصاف، قانون اور عدل کا خون کرنے کے مترادف ہے۔

حکومتی سطح پر مہذب دنیا کے قوانین کو پامال کرتے ہوئے ''بیلنس کرنے کی پالیسی'' کا اصول، کلیہ اور قاعدہ ایجاد کیا گیا ہے۔ جس کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مطابق امن پسندوں سے، قانون کے پاسداروں سے، مقتولوں کے ورثاء سے، اور مظلوموں سے یہ مطالبہ کیا جارہا ہے کہ شر پسندوں سے، قانون شکن افراد سے، قاتلوں اور ظالموں سے مذاکرات کیئے جائیں اور اُن کو معاف کر دیا جائے، اُن سے صلح کی جائے۔

ہمارے خون سے آلودہ ہیں جو ہاتھ وہ ہاتھ ان کو بہت لگتے ہیں پیارے (حبیب جالبؔ)

تحریک جعفریہ اور سپاہ صحابہ میں چند اہم اور بنیادی فرق:

۱۔ تحریک جعفریہ ایک قوم کی نمائندہ جماعت ہے جس کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے جو کہ دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی، ''جامعہ الازہر مصر'' میں پڑھائی جانے والی پانچ مستند فقہوں میں سے ایک فقہ فقہ جعفری پر عمل پیرا ہے۔ جبکہ فریق مخالف کسی مسلک کی ترجمان نہیں اور نہ ہی دینی جماعت یا تنظیم ہے بلکہ پس چلمن حلقوں کی پیداوار ہے۔

''ھیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام ذوالفقار شاہ کی مطالعاتی رپورٹ ''فرقہ وارانہ دہشت گردی کراچی میں ۱۹۹۴ تا ۲۰۰۳ پر ۱۳ ستمبر ۲۰۰۲'' پر اظہار خیال کرتے ہوئے اُس وقت کے ایس ایس پی پولیس (انٹیلیجنس برانچ) نے بتایا کہ ''فرقہ وارانہ دہشت گردی حکومت کی مذہبی جنونیوں کی سرپرستی کا نتیجہ ہے اور ان جماعتوں کو وجود بخشنے والے بھی ان پر قابو پانے میں ناکام ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاستدان، عدلیہ، سول بیوروکریسی، فوج اور ملاّ بھی حکومتی اقدامات میں شامل ہیں۔ ۱۹۸۰ کی دہائی میں فوج نے افغانستان جنگ کے دوران مالی مفادات کے حصول کے لیے ان کی سرپرستی کی''۔ (ص ۳۸ رپورٹ مذکورہ)

۲۔ تحریک جعفریہ پاکستان نے اپنے قیام سے لے کر تادم تحریر کبھی بھی ریاست اتھارٹی کو چیلنج نہیں کیا۔ نہ ہی کسی بھی ملک کے سفارت کاروں، زیر تربیت فوجیوں کو قتل کیا، نہ ہی سماج دشمن، جرائم پیشہ افراد اور منشیات واسلحہ فروشوں کی سرپرستی کی ہے۔ بلکہ ہمیشہ قانون کی پاسداری کی ہے جبکہ فریق مخالف نے مجرموں کو عدالتوں سے فرار کرایا، قرآن اور مساجد کو جلایا اور مسیحوں کو قتل کیا۔

سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس جناب سید سجاد علی شاہ کے از خود نوٹس کے جواب میں ۱۸ اگست ۱۹۹۷ کو سپریم کورٹ آف پاکستان اسلام آباد میں تحریک کی جانب سے جمع کرائے جانے والے بیان (جو کہ ۲۲ صفحات پر مشتمل ہے) کے ہمراہ فرقہ وارانہ مواد پر مشتمل سپاہ صحابہ کی چار سو کتب، تین سو کتب کی فوٹو اسٹیٹ کاپیاں، پانچ سو کتابچے اور پمفلٹ، ایک سو آڈیو ویڈیو کیسٹس، ۱۹۹۰ سے ۱۹۹۷ تک اخباری تراشے، ۱۹۸۵ سے ۱۹۹۷ تک مختلف عدالتوں کی طرف سے سپاہ صحابہ کے خلاف فیصلوں کی نقول، اب تک گرفتار ہونے والے دہشت گردوں کے اعترافی بیانات کے اخباری تراشے اور ویڈیو کیسٹس سپاہ صحابہ کی سرگرمیوں کا ناقابل تردید ثبوت آج بھی سپریم کورٹ کے کسی گوشے میں موجود ہوگا۔

۳۔ تحریک جعفریہ نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کی مخلصانہ کوششیں کی ہیں جس کا ایک ثبوت ملی یکجہتی کونسل کا قیام بھی ہے۔ جس میں ملک کی ۱۷ مذہبی جماعتوں کے علاوہ سپاہ صحابہ بھی شامل تھی۔ اگر مذاکرات میں مخلص تھے تو ملی یکجہتی کونسل اس کے لیے بہترین فورم تھا لیکن چند ہفتے کے بعد ہی کونسل کے فیصلوں سے اختلاف کرتے ہوئے راہ فرار اختیار کی۔

۴۔ ملی یکجہتی کونسل کے بعد بننے والی ''متحدہ مجلس عمل'' کے اتحاد سے بھی سپاہ صحابہ نے دانستہ گریز کیا کیونکہ اب مقتدرہ دینی جماعتوں کے قائدین اپنے اجلاسوں میں سپاہ صحابہ کی فکری اساس، طرز سیاست، عقائد ونظریات کو نہ صرف رد کرتے ہیں بلکہ اُنہیں مکتب دیوبند کا ترجمان بھی نہیں سمجھتے ہیں کچھ اس طرح مکتب اہل حدیث اور بریلوی حضرات بھی رائے رکھتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۵۔متحدہ مجلس عمل نے درحقیقت ''سپاہ صحابہ'' کو بالکل تنہا کر دیا ہے اس سے پہلے وہ کبھی دیوبندی مکتب، کبھی اہل حدیث اور کبھی بریلوی مکتب میں پناہ لیتے تھے۔

۷)عدلیہ اور پولیس کا کردار: کرۂ ارض پر انسانوں نے جب گروہی صورت میں رہنا شروع کیا تو امن واماں سے رہنے کے لیے انہوں نے نظم و ضبط کے کچھ اصول طے کیے۔گروھوں کا حجم بڑھتا گیا اور اصول وضوابط بھی ضرورت کے مطابق تبدیل ھوتے رھے۔ہمیں سات ہزار سال قدیم پتھروں کی سلوں پہ تحریر شدہ تاریخ بتاتی ہے کہ اس وقت تک انسان مہذب ہو چکا تھا۔

عراق سے ملنے والے کتبوں کے مطابق آج سے سات ہزار سال قبل ایک حکومت وجود رکھتی تھی جس کے کچھ اصول وضوابط تھے جو کہ تحریری شکل میں ملے ہیں۔ان میں زندگی گزارنے کے بنیادی سے ذاتی افعال تک سب کے سب ریاست کی جانب سے اصول مقرر کر دیے گیے تھے۔ قوانین پر عملدرآمد کے لیے مختلف ٹیمیں ترتیب دی گئی تھیں جو اپنے دائرۂ کار میں آنے والے تمام امور پر گہری نظر رکھتی اور قانون کی خلاف ورزی پر سزائیں بھی دیتی تھیں۔کام کی نوعیت کی مناسبت سے ان ٹیموں کے نام رکھ دیے گے اور رفتہ رفتہ یہ ھی ٹیمیں اداروں کی شکل اختیار کر گیئں۔اس تہذیب نے شاندار ترقی کی۔معاشرے کے مختلف مسائل کے حل کے لیے ادارے وجود میں آئے۔کرۂ ارض پر مختلف ممالک کی حد بندیاں ہوئیں اور ان کی شناخت کے لیے پرچم تشکیل دیئے گئے۔

دور حاضر میں مختلف ترقی یافتہ اور مہذب ملکوں میں قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنا کر ادارے مضبوط تر بنائے جا رہے ہیں۔ریاست کے بنیادی اداروں مقننہ، انتظامیہ، عدلیہ اور ذرائع ابلاغ کا اپنا اپنا کردار ہے۔یہ تمام ادارے اپنے ملکی آئین اور اس کے تحت حاصل ہونے والے انسانی حقوق کا خیال رکھتے ہیں مہذب ملکوں میں ان اداروں کا احترام کیا جاتا ہے۔''شائستہ قوموں نے عدل اور انصاف کے تصور کی تشکیل اس طرح سے کی ہے کہ اس کا مجسمہ یا تو ایک آنکھ کے ساتھ بنایا یا پھر بغیر آنکھ کے، ایک آنکھ سے مراد ہے کہ سب کو ایک آنکھ سے دیکھا جائے اور اندھا ہونے سے یہ مطلب ہے کہ انصاف کا ترازو چشم ظاہر بیں کے فریب سے متاثر نہیں ہوتا''۔

(ص ۲۳۷۔۱۲۳۸افکار پریشاں جسٹس (ر)ایم آر کیانی)

عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ اگر عدلیہ کی اولین ذمہ داری ہے تو ثانیا پولیس کی بھی ہے گو کہ اس کی نوعیت معاون کی ہے۔قانون کو پامال کرنے والوں کے معاملے کو عدالت کے روبرو پیش کرنے سے قبل اسکی تفصیل وترتیب کو ضابطوں کے مطابق بنانا ہے تا کہ عدالت کہہ سکے کہ پولیس نے تفتیش کا حق ادا کر دیا۔

پولیس کی مثبت کارکردگی کی بنیاد پر عدالت کو قانون شکن افراد کو قانون کے مطابق سزا دینے کے سوا کوئی چارہ نظر نہ آئے۔یہ ہی پولیس کا بنیادی کردار ہے اگر پولیس مجرم کو چابکدستی سے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لاتی ہے تو وہ اپنا فرض ادا کر رہی ہے بصورت دیگر معاشرہ اسے مجرم سمجھتا ہے۔

مہذب معاشرے میں عدلیہ ہر قسم کے جرائم، لاقانونیت اور دہشتگردی کی راہ میں رکاوٹ اور خاتمے کا سب سے اہم اور کلیدی ادارہ ہوا کرتی ہے۔جس ملک میں عوام کے مختلف گروہوں کو عدالتوں سے انصاف مل رہا ہوتا ہے تو وہ ملک ہر قسم کے بحران سے با آسانی نکل جایا کرتے ہیں اور استحکام اور خوش حالی ان کا مقدر ہوتا ہے۔''اگر قانون کے ذریعے انصاف نہ ملے تو وہ قانون ''کالاقانون'' کہلاتا ہے۔اگر انصاف کو قانون

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

،قاعدے اور ضابطے میں نہ رکھا جائے تو انصاف انصاف محض سراب تصو ہوگا۔الغرض قانون کا اولیں تقاضا اور مقصد انصاف کا حصول ہے اور انصاف کے لیے قانون کی بالادستی لازمی ہے''۔

(ص ۱۹۶ میرے مشہور مقدمے ایس ایم ظفر)

ملکی سطح پر فرقہ وارانہ دہشت گردی سے متعلق ابھی تک سرکاری یا غیر سرکاری سطح کوئی ایسی تحقیق یا بحث سامنے نہیں آئی ہے جو اس عفریت کے وجود میں آنے اور روز بروز فروغ پانے کے علل واسباب پر روشنی ڈالتی ہو۔اگست ۱۹۹۷ میں سپریم کورٹ آف پاکستان نے فرقہ وارانہ دہشت گردی کے واقعات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے مختلف مذہبی تنظیموں کا موقف سننے کا حکم جاری کیا۔جس کے جواب میں ۱۸ اگست ۱۹۹۷ کو تحریک جعفریہ پاکستان کے وفد نے سپریم کورٹ آف پاکستان میں اپنا بیان ریکارڈ کروایا،ثبوت اور تجاویز پیش کیں۔

چند اہم تجاویز:

☆ سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیشن تشکیل دیا جائے جو فرقہ واریت اور دہشتگردی کے علل اور اسباب ،ملوث افراد،اور گروہوں کا تعین کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے خاتمہ کے لیے قابل عمل تجاویز دے۔

☆ چالان مکمل ہونے کے بعد عدالتوں سے بلا تاخیر سماعت کے ذریعے دہشت گردوں کی کڑی سزا کا اہتمام کیا جائے اور اس پر فوری طور پر عملدرآمد کرایا جائے۔

☆ جو اپیلیں اعلیٰ عدالتوں میں دائر ہوں،ان کی سماعت کا بلا تاخیر اہتمام کروا کر انہیں نمٹایا جائے تا کہ دہشت گردوں کو جلد ان کے جرم کی سزا مل سکے۔

☆ جن کیسوں کو اعلیٰ عدالتیں نہیں سن رہیں،ان کیلئے ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ فوراً ان کی سماعت کریں۔

☆ دہشت گردی کے واقعات میں جو مختلف گینگ اب تک پکڑے گئے ہیں جیسے سرائے عالمگیر (کھاریاں کیس)،سرگودھا میں راحیل گینگ،لاہور میں رمضان گینگ،فیصل آباد میں بٹ گینگ،بھاول نگر میں میکلوڈ گنج کیس،جھنگ،ملتان،اور دیگر شہروں میں گرفتار شدہ گاں کے بیانات کی روشنی اور معلومات کے ذریعہ دہشتگردوں کے خلاف فوری اور ضروری کاروائی کر کے ان کے نیٹ ورک ختم کیا جائے۔

☆ دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والوں کے خلاف بھی سخت اور فوری کاروائی کرائی جائے،

☆ ہر واقعے کی تحقیقات غیر جانبدار اور اچھی شہرت کے حامل افسراں سے کرائی جائے،

☆ مسلمانوں کے کسی بھی مسلک کی تکفیر،تکفیر سازی کے ذریعہ قتل وغارت گری پر اُکسانے کو نا قابل معافی جرم قرار دیا جائے۔

☆ زیر التواء کیسوں کی جلد سماعت کی جائے۔

☆ افواج پاکستان کی مدد سے پورے ملک سے ناجائز اسلحہ برآمد کرنے کا انتظام کیا جائے،بیانات کی حد تک کام کے بعد سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے خاموشی ہوگئی۔

ستمبر ۲۰۰۲ میں ''ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان'' کے زیر اہتمام ''کراچی میں فرقہ وارانہ تشدد ۱۹۹۴۔۲۰۰۲ ایک مطالعہ از ذوالفقار شاہ'' رپورٹ منظر عام پر آئی جو کہ اپنی نوعیت کی پہلی سنجیدہ کوشش تھی۔اس میں فرقہ وارانہ دہشت گردی کے اسباب ، ملوث گروہوں،حکومتی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوتاہیوں، پولیس اور عدلیہ کی کارکردگی کے ساتھ ساتھ مذکورہ مدت میں ہونے والی وارداتوں پر روشنی ڈالی گئی تھی۔

اس رپورٹ کے مطابق ''۱۴ اپریل ۱۹۹۴ تا ۲۴ جون ۲۰۰۲ کے دوران مختلف وارداتوں میں دوسو (۲۰۰) اہل تشیع دہشتگردی کا شکار ہوئے۔ (حالانکہ ہماری تحقیق کے مطابق یہ تعداد ۲۶۰ ہے)۔ رپورٹ میں دیئے گئے اعداد وشمار کا تجزیہ عدلیہ اور پولیس کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے:۔

ستمبر ۲۰۰۲ تک زیر سماعت مقدمات کی تعداد ۸۷	۴۳۔۵ فیصد
زیر تفتیش مقدمات کی تعداد ۲۸	۱۴۔۰ فیصد
داخل دفتر مقدمات کی تعداد ۳۱	۱۵۔۵ فیصد
جن کی نوعیت نہیں معلوم ۲۵	۱۲۔۵ فیصد
فیصلہ شدہ مقدمات کی تعداد ۲۰	۱۰۔۰ فیصد
تفتیش زیر غور ۹	۴۔۵ فیصد
کل ۲۰۰	۱۰۰ فیصد

جن بیس شہداء کے مقدمات کا فیصلہ ہوا وہ سانحہ محفل مرتضیٰؑ اور سانحہ محفل ابوالفضل عباسؑ سے تعلق رکھتے تھے۔ جن کو انسداد دہشتگردی کی عدالت نے سزا موت کی سزا سنائی تھی۔ سزا کے خلاف ملزمان کی اپیل کو منظور کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے انسداد دہشت گردی کی عدالت کو مقدمہ کی دوبارہ سماعت کا حکم دیا۔ ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف ملزمان کی اپیل کو منظور کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کی انسداد دہشت گردی کی اپیلنٹ بینچ کو مقدمہ کی سماعت کا حکم دیا۔

انسداد دہشت گردی کی اپیلنٹ بینچ نے ۱۷ اپریل ۲۰۰۴ کو دو کے سوا تمام ملزمان کو باعزت بری کر دیا واضح رہے کہ جن دو کو سزا ہوئی ہے ان کا تعلق فیروزہ آباد میں واقع ایک گھر میں گھس کر ۷ افراد کو ہلاک کرنے کا الزام تھا۔ تینوں مقدمات کی سماعت ایک ساتھ ہوئی کیونکہ تینوں واقعات ایک ہی روز ہوئے تھے۔ مختصر یہ کہ سانحہ محفل مرتضیٰؑ اور سانحہ محفل ابوالفضل عباسؑ کے تمام قاتل باعزت بری ہوگئے۔ قابل غور بات یہ ہے کہ ان تمام ملزمان نے بھری عدالت میں بغیر کسی دباؤ اور خوف اقرار جرم کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''اگر انہیں دوبارہ موقع ملا تو وہ شیعوں کو قتل کریں گے۔ کیا اس اقرار جرم کی کوئی حیثیت نہیں ہے!

پولیس کی تفتیش کا معیار:

☆ لاہور ہائی کورٹ نے اکتوبر ۱۹۹۶ میں ایک مقدمے کے فیصلہ میں اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے تحریر کیا کہ ''گزٹیڈ افسر کا یہ فرض ہے کہ وہ تازہ جرائم کے بارے میں اندراجات اور روزنامچوں کا بھی معائنہ کریں اور شکایت کنندہ، گواہان اور دوسرے باخبر لوگوں سے بھی بات چیت اور پوچھ گچھ کریں مگر گزٹیڈ افسران یہ سارے کام اپنے ماتحت ملازمین پر چھوڑ دیتے ہیں۔ وہ صرف ایک کام کرتے ہیں کہ ادھر یا ادھر دباؤ کے تحت تفتیش یا تحقیقات ایک پولیس ملازم سے لے کر دوسرے پولیس ملازم کو دے دیتے ہیں''۔

(ص ۱۸۷ پولیس شہری معاشرے کا اہم بازو شفقت تنویر مرزا)

☆ عدالت نے اپنے فیصلے میں پولیس کے رویے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ ''مقتول ایس پی (علی محمد بلوچ ایس پی کرائم برانچ فیصل آباد)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے لیکن ان کے مقدمے کی تفتیش ایک تھانیدار نے کی۔ کسی افسر نے نگرانی تک نہیں کی۔ اگر ایک پولیس افسر کے ساتھ یہ صورتحال ہوسکتی ہے تو عام لوگوں کے ساتھ کیا ہوگا۔

(روزنامہ جنگ ۱۷ جولائی ۲۰۰۲)

عام لوگوں کے ساتھ یہ ہوا:

☆ محفل زینبیہ ناظم آباد کے سیکورٹی گارڈ علی محمد عرف نذیر شہید کے مقدمہ کے فیصلہ میں عدالت نے اپنی آبزرویشن میں کہا کہ ''پولیس قانون کے مطابق تفتیش نہیں کرتی جس کے باعث ملزمان شک کا فائدہ حاصل کرکے بری ہوجاتے ہیں''۔

☆ شہید علامہ رضی حیدر نجفی اور انکے بیٹے شہید عباس علی کے مقدمہ قتل کے فیصلہ میں عدالت نے لکھا کہ ''شناختی پریڈ میں قانونی سقم تھا، واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور زخمی محمد علی کو عدالت میں پیش نہیں کیا گیا''۔

غور طلب بات یہ ہے کہ جن افراد کا دن رات جرم، مجرم، سے واسطہ پڑتا ہو اور وہ ہر قسم کے دباو اور منفی صورتحال میں کام کرنے کے عادی ہوں وہ بھی فرقہ وارانہ دہشت گردی میں ملوث مجرموں کے خوف اور دہشت کے مارے، ان کے مقدمات کی سماعت سے معذرت کرلیں یا پھر انکار کردیں (لاہور ہائی کورٹ کی ۸ ڈویژن بنچوں نے آقائے گنجی دوست ڈائریکٹر ایرانی ثقافتی مرکز لاہور کے قاتلوں کی اپیلوں کی سماعت سے معذرت کرلی تھی حوالہ جسٹس (ر) سجاد علی شاہ کی کتاب) ایسے میں ایک نوعمر بچہ جس کی عمر شاید ۱۴ یا ۱۵ سال ہوگی، جس نے اپنے باپ اور بھائی کو خون میں تربتر دیکھا ہو، سے کیسے امید کی جاسکتی ہے کہ وہ عدالت میں آکر ان خونی درندوں کو شناخت کرے اور وہ ماں جس نے اپنے سہاگ اور لخت جگر کی قربانی دی ہو، وہ کس دل سے اپنے جگر گوشے کو گھر سے عدالت جانے کی اجازت دے۔ (روزنامہ جنگ، ۱۲ جولائی ۲۰۰۶)

﴿ سانحہ مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ کے مقدمہ میں سندھ ہائی کورٹ نے مجرم کو باعزت بری کرتے ہوئے اپنے فیصلے میں لکھا کہ ''مقدمے کے میڈیکو لیگل آفیسر نے عدالت (ہائی کورٹ) میں یہ بات تسلیم کی کہ گوشت کے جو ٹکڑے بھیجے گئے تھے وہ سیل نہیں تھے لہٰذا ڈی این اے ٹیسٹ کا سارا عمل مشکوک ہوگیا''۔

(روزنامہ جنگ، ۸ مئی ۲۰۰۷)

مذکورہ واقعات میں پولیس کی دانستہ یا نادانستہ غفلت، کوتاہی، تربیت کا فقدان اور بدعنوانی یا رشوت ستانی جو بھی سبب رہا ہو مگر عدالتوں کسی بھی پولیس والے کے لیے کوئی سزا تجویز نہیں کی تاکہ آئندہ کسی انسان کے ساتھ ایسا ظلم نہ ہو۔ حالانکہ پولیس کی دانستہ یا نادانستہ غفلت، کوتاہی اور تربیت کے فقدان کی وجہ سے عدالت سے ملزمان بری ہوگئے۔ وگرنہ کسی کی جان گئی آپ کی ادا ٹھہری یا پھر

نہ مدعی، نہ شہادت، حساب پاک ہوا یہ خون خاک نشیناں تھا رزق خاک ہوا (فیض احمد فیض)

اس مقام پر شفقت تنویر مرزا کی یہ رائے بھی قابل غور ہے کہ ''فوجداری انصاف میں آخری فیصلہ تو عدالت دیتی ہے مگر اس سے پہلے کے سارے مراحل پولیس کو ہی طے کرنا پڑتے ہیں۔ اس ضمن میں اسے قانون کے سارے پھسلتے میدانوں میں سے گزرنا پڑتا ہے جبکہ اس پھسلن میں اسے خال خال ہی کامیابی ہوتی ہے۔ کیونکہ ایف آئی آر سے لے کر اس میں دو چار نہیں سیکڑوں سخت مقامات آتے ہیں مجموعی طور پر غلط تربیت (تربیت کا فقدان) رشوت ستانی، بدعنوانی، وکیلوں کے اسٹائل، ملزماں کی کارستانیاں، عدلیہ کی ادائیں غرضیکہ بعض اوقات پولیس غالب کے اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مصرعے میں مجسم ہو جاتی ہے۔ ع میں ہوں اپنی شکست کی آواز

(ص ۱۸ پولیس شہری معاشرے کا اہم باز و شفقت تنویر مرزا)

روزنامہ جنگ کراچی ۶ جنوری ۲۰۰۵ کے مطابق سندھ کے مذہبی امور کے وزیر نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ ''کراچی میں مختلف مذہبی تنظیموں کے ۷۵ کارکن گرفتار ہیں جن کے خلاف دہشتگردی اور فرقہ وارانہ انتہاپسندی ۱۷۶ مقدمات درج ہیں۔ ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیموں سپاہ صحابہ، جیش محمد، لشکر جھنگوی، حرکت الانصار، اور جنداللہ وغیرہ سے ہے۔ گرفتار ملزماں کے خلاف پولیس نے انسداد دہشتگردی کے ۱۷۶ مقدمات پیش کئے تھے جن میں سے ۹۳ مقدمات میں ملزماں کو سزائیں سنائی گئیں جبکہ ۸۳ مقدمات عدالتوں میں زیر سماعت ہیں''۔ جن ۹۳ مقدمات میں ملزماں کو سزائیں سنائی گئیں ان میں سے چند کے ملزمان کی سزاوں پر عمل درآمد کا حال بھی سُنیے۔

☆ سندھ ہائی کورٹ کی اپیلٹ بنچ نے گلشن اقبال میں ڈاکٹر سید رضا مہدی جعفری کو فائرنگ کر کے ہلاک کرنے کے الزام میں ماتحت عدالت سے مفتی شاہد حنیف کی عمر قید کی سزا، سزائے موت میں تبدیل کر دی جبکہ دوسرے ملزم خلیل کی سزائے موت بحال رکھی۔

(روزنامہ جنگ ۷ فروری ۲۰۰۷)

☆ سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے سولجر بازار میں ڈاکٹر محمد رضا پیرانی کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے الزام میں انسداد دہشت گردی کی عدالت سزائے موت کے خلاف عطااللہ اور محمد اعظم کی اپیلیں مسترد کر دیں اور ماتحت عدالت کا فیصلہ بحال رکھا۔

(روزنامہ جنگ ۱۸ نومبر ۲۰۰۶)

☆ سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے اکتوبر ۱۹۹۹ میں مسجد وامام بارگاہ جؒ میں فائرنگ کر کے ۱۰ نمازیوں کو ہلاک اور ۸ کو زخمی کرنے کے الزام میں انسداد دہشت گردی کی عدالت سے عمر قید کی سزاوں کے خلاف دلدار عرف دلاور کی اپیل منظور کر لی اور سزا کو کالعدم قرار دے دیا جبکہ ملزم سعید عرف کالیا کی اپیل مسترد کر دی اور سزا بحال رکھی تاہم جرمانے کی رقم ۲ لاکھ سے کم کر کے ایک لاکھ کر دی۔ عدالت نے دونوں اپیل کنندہ کی سزائیں بڑھانے کے لیے سرکار کی اپیل مسترد کر دی۔

(روزنامہ جنگ ۵ نومبر ۲۰۰۶)

☆ سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے کورنگی میں مذہبی اسکالر سید اطہر حسین کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے الزام میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کی طرف سزائے موت کے خلاف عطااللہ اور اعظیم کی اپیلیں مسترد کر دیں اور ماتحت عدالت کا فیصلہ بحال رکھا۔

(روزنامہ جنگ ۲۱ اکتوبر ۲۰۰۶)

☆ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے ۱۹۹۹ میں ملیر کے مرزا عباس کو قتل کرنے کے الزام میں سزا یافتہ ملزم سعید معیز کے بلیک وارنٹ جاری کر دیے۔ ملزم کو ۶ جون ۲۰۰۶ کو کراچی سنٹرل جیل میں پھانسی دی جائے گی۔ اس کے دو ساتھی ملزمان وسیم اور طارق کی سزائے موت کو اعلیٰ عدالتوں نے عمر قید میں تبدیل کر دیا تھا۔ (روزنامہ جنگ یکم جون ۲۰۰۶)

☆ کراچی سنٹرل جیل میں ایک قیدی کی پھانسی کی سزا روک دی گئی۔ جیل حکام کے مطابق سزائے موت کے قیدی سعید معیز کو ۶ جون ۲۰۰۶ کو پھانسی دی جانی تھی لیکن مقتول کے لواحقین نے اسے معاف کر دیا اور عدالت میں تحریری طور پر معافی نامہ دے دیا۔

(روزنامہ جنگ ۶ جون ۲۰۰۶)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

☆سپریم کورٹ کی ڈویژن بنچ نے وزارت دفاع کے ڈائریکٹر لیبارٹریز سید ظفر حسین زیدی کو قتل کرنے کے الزام میں ماتحت عدالت سے سزائے موت کے خلاف محمد طلحہ، خلیل احمد اور مفتی شاہد کی لیو ٹو اپیل مسترد کردی۔ اور ہائی کورٹ کا فیصلہ بحال رکھا۔

(روزنامہ جنگ ۱۸ مئی ۲۰۰۶)

☆سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے گلبہار اور ناظم آباد میں بیکری مالکان دو سگے بھائیوں محمد حسین اور اسد علی کو فائرنگ کر کے اور ملازم حامد علی کو زخمی کرنے کے الزام میں انسداد دہشتگردی کی عدالت سے سزائے موت اور دو لاکھ روپے جرمانے کے خلاف کامران احمد فاروقی اور جمیل الرحمٰن کی اپیلیں مسترد کردیں اور سزائے موت کا فیصلہ بحال رکھا ہے۔ (روزنامہ جنگ یکم دسمبر ۲۰۰۵)

☆سندھ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے (ر) ڈی ایس پی سید صادق حسین شاہ اور ان کے بیٹے پولیس کانسٹبل سید عابد حسین شاہ کو قتل کرنے کے الزام میں گرفتار محمد سعید اور عبدالوسیم کی سزائے موت کے خلاف اپیلیں مسترد کردیں۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت کا فیصلہ بحال رکھا۔

(روزنامہ جنگ ۲۰ اگست ۲۰۰۳)

ان ۹۳ مقدمات کے اکثر ملزمان مختلف عدالتوں سے باعزت بری یا پھر ضمانتوں پر رہا ہوگئے، تادم تحریر ایک بھی مجرم کی سزا پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ ۲۹ جون ۲۰۰۲ کو گرفتار ہونے والے ہائی پروفائل دہشتگرد، جس کی گرفتاری پر اس وقت کے آئی جی پولیس سندھ نے پریس کانفرنس منعقدہ یکم جولائی ۲۰۰۲ میں بتایا تھا کہ ملزم نے کراچی میں ۳۸ اور پنجاب میں ۳۰ وارداتوں کا اعتراف کیا ہے۔ اس دہشتگرد کو بھی پس چلمن حلقوں کے حکم پر عدالت نے ضمانت پر رہا کردیا ہے۔ حکومت کی جانب سے اس خبر کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش کی اور ذرائع ابلاغ نے بھی اس خبر کو چھپایا۔ لیکن نجی ذرائع اس خبر کی تصدیق کرتے ہیں۔

''سینیٹ کو جمعرات کے روز دہشت گردی کے زیر التوا مقدمات کی تفصیلات بتاتے ہوئے وفاقی وزیر قانون وصی ظفر نے بتایا کہ سوا دو ہزار (۲۰۲۵) مقدمات گزشتہ چار سال سے زیر التواء ہیں'' اس صورتحال میں یہ توقع رکھنا کہ ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کردیا جائے گا ایک خوش فہمی ہوگی۔ اگر ایسے سنگین واقعات میں ملوث مجرموں کو جلد از جلد عبرتناک سزائیں نہ دی جاسکیں اور سالہا سال ان کے مقدمات عدالتوں میں زیر التواء رہیں تو اس سے ان کی حوصلہ افزائی یقینی امر ہے۔ (اداریہ روزنامہ جنگ، ۳ اکتوبر ۲۰۰۴)

کسی بھی ادارے کے وجود، حدود، فرائض اور کارکردگی کے بارے میں پہلے مرحلے میں بہترین منصف وہ ہوتے ہیں جن کا اولاً، اس ادارے سے واسطہ پڑتا ہے۔ معاشرے میں ان کی شہادت کو سند قبولیت حاصل ہوتی ہے۔ دوسرے مرحلے پر معاشرے میں سوچنے اور سمجھنے والے افراد، مبصر، تجزیہ نگار، صحافی اور ناقدین ہوتے ہیں جن کا کچھ علم براہ راست اور کچھ اکتسابی ہوتا ہے، یہ شہادت بھی معتبر ہوتی ہے تیسرے اور آخری مرحلے پر ان افراد کی گواہی ہوتی ہے، جو خود اس ادارے کا حصہ ہوں یا رہے ہوں جسے ہم گھر کی گواہی بھی کہتے ہیں۔ اس میں اکثر اپنی تعریف اور دفاع کا عنصر پایا جاتا ہے۔ اس کے باوجود ادارے کی مثبت اور منفی کارکردگی کے بارے میں اس کی حیثیت معتبر ہونے کے ساتھ ساتھ دستاویزی بھی ہوتی ہے۔

ایک گواہی عدالتوں کے بارے میں: ''سابق وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کے خلاف توہین عدالت کے مقدمے کی تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری عدالتوں میں سچ عنقا ہوتا جارہا ہے۔ مثلاً اس مقدمے میں ایک بار عدالت کو یہ دقت بھی پیش آئی کہ سپریم کورٹ پر حملہ کرنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والوں کو ملک کی نامور اور محترم شخصیات نے دوران گواہی شناخت نہ کیا مزید یہ کہ قانون کی بالادستی تو ایک طرف مقدمہ کے دوران ہر ادارے کی جانب سے اپنی طاقت کا بھرپور مظاہرہ دیکھنے میں آیا'' (ص ۸۔۹ عدالت میں سیاست ایس ایم ظفر)

ایک گواہی پولیس کے بارے میں: ''عوام الناس آج قانون کی حکمرانی کے موجودہ معیار سے غیر مطمئن ہیں قانون کی قوت نافذہ، پولیس کی کارکردگی، جبر وتشدد، رشوت اور غیر معیاری پیشہ ورانہ مہارت کی وجہ سے (پولیس) سخت تنقید کی زد میں ہے۔ دوسری طرف پولیس کو شکایت ہے کہ اسے کام کرنے کے لیے آزاد، بے لاگ اور غیر جانبدار ماحول میسر نہیں آرہا۔ بااثر لوگوں کی طرف سے اپنے مخالفین کو دبانے کے لیے اسے بطور ہتھیار استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسے افراد کی قانون سے متصادم خواہشات کی تکمیل کے لیے گنجائش نہ نکالنے والے افسروں کو اپنے اس انکار کی سزا، تبادلہ، معطلی، یا پھر محکمانہ کارروائی کی صورت میں بھگتنا پڑتی ہے۔''

(عباس خان سابق آئی جی پولیس پنجاب کی رپورٹ بحوالہ ص ۲۷۰۔۲۷۱ پولیس، شہری معاشرے کا اہم بازو، شفقت تنویر مرزا)

مذکورہ رپورٹ کے حوالے سے بطور سزا تبادلے کا ایک واقعے آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ ۱۸ فروری ۱۹۹۵ (ایف آئی آر ۱۳۹/۹۵ نیو کراچی تھانہ) میں بفرزون کے ایک گھر میں چار سگے بھائیوں (آغا برادران) کو حالت روزہ میں شہید کرنے والے سفاک درندوں کو اس وقت کے ڈی ایس پی عباس علی انڑ نے گرفتار کرلیا تھا۔ لیکن پھر ہوا یہ کہ نادیدہ طاقتوں کے حکم پر ان کا تبادلہ بلدیہ ٹاؤن کر کے قاتلوں کو رہا کر دیا گیا۔

(نیوز لائن کراچی اسپیشل مارچ ۱۹۹۵)

عباس خان سابق آئی جی پولیس پنجاب اپنی رپورٹ مذکورہ میں، محکمہ پولیس میں ایک اہم اور دوررس نتائج کی حامل تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ''اور تو اور بعض انتہا پسند فرقہ وارانہ تنظیموں نے اپنے حامی اراکین کی مدد سے محکمہ پولیس کی صفوں میں ایسے تربیت یافتہ کارکن گھسیڑ دیے، جن میں سے بعض نہ صرف بھرتی کے بعد اپنی مخالف تنظیموں کے نمایاں افراد کے قتل کے مرتکب ہوئے، بلکہ اپنی تنظیموں کو مالی وسائل مہیا کرنے کے لیے جا بجا بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں کو ڈکیتی کا نشانہ بناتے بھی دیکھے گئے''۔

(ص ۲۷۳، پولیس، شہری معاشرے کا اہم بازو شفقت تنویر مرزا)

اس ذیل میں دو واقعات پیش ہیں:

☆ ۲۸ اپریل ۲۰۰۱ (ایف آئی آر ۱۱۸۔۲۰۰۱ تھانہ اورنگی ٹاؤن) اورنگی ٹاؤن میں بلدیہ کراچی کے ملازم شہید سید شمیم رضا کے قتل میں تھانہ اورنگی کا وائرلیس آپریٹر ملوث تھا۔ جس نے گرفتاری کے بعد سنسنی خیز انکشافات کیے تھے

☆ ۷ مئی ۲۰۰۴ (ایف آئی آر ۱۱۸۔۲۰۰۴ تھانہ میٹھادر) مسجد حیدری سندھ مدرسۃ الاسلام میں خودکش بم دھماکے میں پولیس کانسٹبل اکبر نیازی ملوث تھا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲، اکتوبر ۲۰۰۴)

پولیس اور عدلیہ کے بارے میں ایک حاضر سروس افسر کی رائے:

''جو ادارے تحفظ فراہم کرتے ہیں، جن میں عدلیہ اور پولیس سرفہرست ہے۔ آج عوام الناس ان ہی سے خوفزدہ ہیں عجیب المیہ ہے کہ جن اداروں سے عدل وانصاف کی توقع ہونی چاہیے۔ ان پر بے انصافی اور زیادتی کے الزامات میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے، جس کی وجہ سے کوئی شہادت نہیں دیتا، پولیس مقدمات کو غلط سلط کرتی ہے، وقوع کہیں کا ہوتا ہے ریکارڈ میں کسی دوسری جگہ کا لکھتی ہے، تاریخ ووقت بدل دیتی ہے، ملزمان کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام بدل دیتی ہے۔ گواہ کچھ کہتے ہیں، وہ لکھتی اپنی مرضی سے ہے یا پھر کسی بڑے کے اشارے پر لکھتی ہے یا حکومت کے حکم پر لکھتی ہے''۔

(ص ۲۹۵۔۲۹۶ حقوق انسانی ومذاہب اور پولیسنگ ڈاکٹر سید مظہر علی شاہ)

دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کے لیے ایک بہتر عدالتی نظام ناگزیر ہے کیونکہ اکثر اوقات دہشت گردی کے ضمن میں حکومتوں پر دباو آتا ہے کہ یہ مقدمات تمام قتل کے مقدمات سے الگ سیاسی نوعیت کے ہیں پس مجرمان رعایت کے مستحق ہیں، یہ پالیسی نقصان دہ ہوتی ہے۔ قتل بہرحال قتل ہے خواہ سیاسی مقاصد کے پیش نظر کیا جائے یا پھر نجی وجوہات کی بناء پر کسی بھی ملک میں انسانی حقوق کا حصول، تحفظ اور بالادستی عدلیہ کی ذمہ داری ہوتی ہے یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ جب عدلیہ خودمختار، آزاد اور ایماندار ہو۔ اس کے فیصلے عدل اور انصاف پر مبنی اور ہر قسم کے امتیازات سے مبراء ہوں۔ بلاخوف وخطر، انصاف اور قانون کی پاسداری کے لیے ہوں۔ اس کے فیصلے نتائج سے بے پرواہ ہوکر کیے ہوں، حقدار کو حق ملتا ہوا دکھائی دے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر معاشرتی ابتری اور جرائم میں اضافہ ناگزیر ہے مجرم اور جرائم کا خاتمہ ایک خواب ہی رہے گا۔

جسٹس (ر) محبوب احمد نے سہیل وڑائچ کو انٹرویو دیتے ہوئے سوال ''کیا ججوں کو اپنے فیصلوں میں زیادہ بہادری دکھانی چاہیے؟ کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ''بالکل انہیں بہادر ہونا چاہیے۔ اس میں بہادری کی کیا بات ہے یہ تو ان کا فرض ہے جس کی انہیں بجا آوری کرنی چاہیے۔

(ص ۱۹۱، عدلیہ کے عروج وزوال کی کہانی)

معاشرے میں نفسانفسی اور پولیس کی جانب سے روا رکھے جانے والے رویے کی بناء پر لوگوں میں اپنی مذہبی، اخلاقی، معاشرتی اور قانونی ذمہ داری ''گواہی'' دینے سے اس حد تک گریز پایا جاتا ہے۔

حادثے سے بڑا سانحہ یہ ہوا لوگ ٹھہرے نہیں حادثہ دیکھ کر (عنایت علی خان)

شہید علامہ حسن ترابی نے ایک موقعہ پر کہا تھا کہ ''باپ بیٹے کے قاتلوں کے خلاف اور بیٹا باپ کے قاتلوں کے خلاف اپنی جان کے خوف کی وجہ سے گواہی دینے سے گھبراتا ہے''۔

(ڈاکٹر رضا پیرانی، ڈاکٹر رضا جعفری اور ڈاکٹر اسد بخاری کی مجلس ترحیم سے خراسان میں خطاب)

دوسری جانب پولیس تحفظ فراہم کرنے کے بجائے، گواہوں کو ہراساں کرتی ہے جیسا کہ سانحہ مسجد رحؒ کے گواہوں کے ساتھ ہوا۔ دوران سماعت ملزمان کی دیدہ دلیری کا یہ عالم تھا کہ مسجد کے پیش امام (جو کہ چشم دید گواہ تھے) کو قاتل ہاتھ سے بندوق کا نشان بنا کر قتل کرنے کی دھمکیاں بھری عدالت میں دیتا تھا۔

ایک انٹرویو میں جسٹس (ر) محمد حلیم نے سوال کہ ''کراچی کی بگڑی ہوئی صورتحال کا کیا علاج ہوسکتا ہے؟ کے جواب میں کہا کہ ''ہماری سمجھ میں اس کا علاج نہیں، ہر شخص جو جرم کرتا ہے، وہ چھوڑ دیا جاتا ہے اس طرح قیام امن کیسے ہوگا۔ ملزم کے خلاف شہادت ہو تو، کورٹ اس کو نہیں چھوڑتا ہے۔ جب گواہی نہیں تو پھر سزا کیسی''۔

(ص ۱۴۹، عدلیہ کے عروج وزوال کی کہانی سہیل وڑائچ)

جج کو نتائج کی پروا کرنی چاہیے؟ ''یقیناً نہیں۔ یہ تو جج کا کام ہے ہی نہیں۔ جج کا کام صرف اتنا ہے کہ وہ دیکھے کہ کیس کے حقائق کیا ہیں اور قانون کیا کہتا ہے۔ بس اس کے مطابق فیصلہ کردے' جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ کا کہنا ہے کہ جج کو دیکھنا چاہیے کہ کہیں اس کے فیصلے کے نتیجے میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تباہی تو نہیں آئے گی؟ ''نہیں میرے نزدیک یہ جج کا کام نہیں ہے۔ کیس کے حقائق اور قانون کے علاوہ، اگر جج اپنے فیصلے میں تیسرا عنصر شامل کرتا ہے تو وہ غلط ہے۔ بالکل غلط ہے کیونکہ کیس کے حالات جج نے پیدا نہیں کیے ہوئے۔ اس نے بطور امپائر واقعات اور قانون کی روشنی میں اپنا فیصلہ صادر کرنا ہوتا ہے''۔

(انٹرویو جسٹس جواد ایس خواجہ ص ۲۲۹، عدلیہ کے عروج وزوال کی کہانی سہیل وڑائچ)

مختصر یہ کہ نااہل اور بدعنوان پولیس، کمزور عدلیہ، متزلزل اور بدعنوان انتظامیہ تینوں مل کر دہشت گردی اور جوابی تشدد کے مسائل کو فروغ دیتے ہیں تاکہ ان کی کارکردگی پر پردہ پڑا رہے۔ مجموعی طور پر ملک میں جرائم کی صورتحال خصوصاً سنگین مقدمات کا روز بروز اضافہ، تفتیش میں قابل اعتراض تساہل اور طوالت، عدالتی کارروائی میں غیر ضروری تاخیر اور قانون شکن افراد پر کمزور گرفت، عوام میں خوف اور ہراس کا باعث ہے۔

۸) ذرائع ابلاغ کا کردار: دنیا کی قوموں کا رویہ اس تصویر کے مطابق بنتا ہے جو ان کے ذہنوں میں تشکیل پاتی ہے اور اس تصویر کو بنانے میں ان معلومات کا بہت ہاتھ ہوتا ہے، جو کسی معاشرے کے عام انسان تک پہنچائی جاتی ہیں۔ جیسی معلومات ہونگی ویسی ہی تصویر بھی ذہن میں بنے گی۔ عہد حاضر میں کسی ملک کے ذرائع ابلاغ جس آزادی، ایمانداری اور ذمہ داری سے اپنے عوام تک پہنچاتے ہیں، اس ملک میں ایماندار اور ذمہ دار ذہن پروان چڑھتا ہے۔ ذرائع ابلاغ اگر سچ بولتے ہیں تو معاشرے میں بھی سچ کا بول بالا ہوگا۔ ذرائع ابلاغ اگر جھوٹ بولتے ہیں تو معاشرے میں بھی منافقت اور مکر وریا کاری فروغ پائیں گے۔ کسی قوم کا مزاج اور کردار کا اعلیٰ ترین اظہار اسکی صحافت اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہی ہوتا ہے کیونکہ صحافت کسی ملک کی سیاست، اس کی فکری بالیدگی، اس کی تہذیب وثقافت اور قومی اداروں کے عزائم اور حوصلوں کی عکاس ہوتی ہے۔

(ص ۱۱۱۔۱۱۲ خوشامدی ادب اور سیاست پروفیسر وارث میر)

مملکت کے دیگر ستونوں کی مانند چوتھے ستون، یعنی صحافت نے بھی ملت تشیع کے خلاف ہونے والی دہشت گردی پر عجیب وغریب رویہ اپنائے رکھا۔ حق وانصاف کی بالادستی کا نعرہ تو لگایا جاتا رہا، ظالم کی مذمت اور مظلوم کی حمایت کا دعویٰ تو ہوتا رہا لیکن عملی اقدامات کا فقدان رہا۔ مذہبی دہشت گردی کے عوامل اور ان کا تدارک، دہشتگردوں کی نشاندہی، قانون کی عملداری میں تاخیر اور شر پسندوں کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے قلمی جدوجہد خال خال ہی نظر آتی ہے۔

سارے جہاں میں ہونے والے سامراجی ظلم وستم، تشدد وبربریت اور معاشرتی ناانصافی پر تبصرے مضامین، اداریئے اور مقالے تو شائع ہوتے رہے لیکن مملکت پاکستان کے قیام کے لیے، اپنا سب کچھ قربان کر دینے والی اور تحریک آزادی میں برابر کے شریک مکتب تشیع کے خلاف ہونے والی دہشتگردی پر پاکستانی ذرائع ابلاغ (سوائے چند انگریزی روزناموں اور جرائد کے) کی خاموشی ایک سوالیہ نشان ہے۔

دوسری جانب مذہبی دہشت گرد تنظیموں کی پریس ریلیز کو واضح جگہوں پر جلی سرخیوں کے ساتھ اشاعت اور عدالتوں سے سزا یافتہ مجرموں کی وکٹری کے نشان والی تصاویر دانستہ شائع کر کے انہیں ہیرو بنا کر پیش کیا گیا۔ (روزنامہ جنگ کی ۵ جون ۲۰۰۵ کی اشاعت میں مسجد وامام بارگاہ علی رضا کے ملزم گل حسن کی وکٹری کے نشان والی تصویر ایک مثال ہے) پولیس سروس کے انعام الرحمٰن سحری کے مطابق ''اخبارات کی تشہیر اور زیادہ تفصیل دہشت گردوں کے لیے پسندیدہ ترین امر ہے کیونکہ دہشت گردوں کے مقاصد لوگوں کے ذہنوں پر نقش ہو جاتے ہیں۔ دہشت گردوں کو اخباری نمائندوں کی صورت میں عوام تک براہ راست رسائی مل جاتی ہے''۔ (ص ۲۹۳ دہشت گردی ایک مکمل مطالعہ سنگ میل پبلی کیشنز لاہور)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عام طور پر پاکستانی ذرائع ابلاغ اس بات کا پرچار کرتے ہیں کہ ''دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے'' جبکہ حقیقت اس کے بر خلاف ہے۔ دہشت گرد جب بھی دہشتگردی کرتے ہیں تو اس کا پس منظر مذہبی ہی ہوتا ہے کیونکہ اکثریت کا تعلق مدرسوں سے ہوتا ہے جہاں ان کو تشیع کے خلاف دہشت گردی، عبادت اور ثواب کا سبق پڑھایا جاتا ہے۔ جس کی مثال:

۱) مفتی شاہد، جو کہ دہشت گردی اور قتل کی کئی وارداتوں میں ملوث تھا، ملیر ۱۵ کے قریب ریلوے لائن کے ساتھ واقع مسجد میں امامت کے فرائض انجام دیتا تھا۔ ۱۲ جنوری ۲۰۰۲ کو سپاہ صحابہ پر پابندی لگاتے ہوئے صدر پاکستان نے اپنے خطاب میں اس بات کا خصوصی ذکر کیا تھا۔ (صدر پاکستان کی نشری تقریر، مورخہ ۱۲ جنوری ۲۰۰۲)

۲) اسلام آباد ائیر پورٹ پر خودکش شناخت ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حملہ آور حافظ محمد یونس کا تعلق ڈیرہ غازی خان کے علاقے رشید آباد سے تھا اور اس نے ایک دیوبندی مدرسے سے تعلیم حاصل کی تھی۔ ملزم حافظ محمد یونس ڈیرہ غازی خان کی ایک مسجد میں امامت کے فرائض انجام دے رہا تھا (ڈیلی ایکسپرس کراچی، ۱۵ فروری ۲۰۰۷)

افسوس صد افسوس کہ یہ سب کچھ اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔ دھونس، دھمکی، ان کا معمول، فتنہ پردازی شیواہ اور دوسرے کی اولادوں کو جہاد فی سبیل اللہ کے نام پر اُکسا کر فساد فی سبیل اللہ کا فریضہ انجام دیا جا رہا ہے۔ ان کا اوڑھنا بچھونا ملت اسلامیہ کے خلاف سازشوں اور اتحاد کو پارہ پارہ کرنے سے عبارت ہے کم از کم اسلام کے نام پر مکتب تشیع کے خلاف دہشت گردی کو جہاد کا نام دینے والوں کا مذہب واضح ہے لہٰذا وہ شر پسند ''نامعلوم'' کے زمرے میں نہیں آتے ہیں بلکہ ان کا حسب ونسب، فکر وہدف سب کچھ عیاں ہے یہ الگ بات ہے کہ ذرائع ابلاغ اور سرکاری ایجنسیاں کی دیدہ ودانستہ پردہ پوشی کرتی ہو۔

تکلف برطرف قاتل کو، قاتل لکھ دیا جائے

۹) سرکاری ایجنسیوں کا کردار: فرقہ واریت کی آڑ میں جاری دہشت گردی کو ہمارے ملک کی سرکاری ایجنسیوں نے بھی بہ وقت ضرورت اپنے مفاد کے لیے بڑی بے خوفی اور بے دردی سے استعمال کیا۔ حالیہ برسوں میں سانحہ نشتر پارک کے فوراً بعد علامہ حسن ترابی پر خودکش حملہ، اس کی بہت روشن اور واضح اور جدید مثال ہے۔ جب کبھی عوام کی توجہات کا رُخ موڑنا ہوتا ہے تو اس قسم کی واقعات اچانک پُر امن شہری ماحول کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں پورا شہر اور اُس کے باسی خوف ودہشت کے دبیز چادر کے تلے دب جاتے ہیں۔

اکثر یہ ایجنسیاں برسر اقتدار حکومت یا اپنی حلیف سول ایجنسیوں کو نیچا دکھانے کے لیے بھی گل کھلاتی ہیں۔ کیونکہ اُن کو یقین ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کے قانون اور اخلاق سے ماوراہیں اور کسی کے روبرو جوابدہ نہیں ہیں۔

کوئی اور تو نہیں ہے پس خنجر آزمائی ہمی قتل کر رہے ہیں ہمی قتل ہو رہے ہیں (عبیداللہ علیم)

۵ فروری ۲۰۰۱ کو مظفر کرمانی شہید کی شہادت کے روز امن وامان قائم رکھنے کے نام پر بڑے پیمانے پر علماء کرام کی گرفتاریاں ہوئیں۔ ۹ فروری کو تمام قیدیوں کو سکریٹری سندھ اور کمشنر کراچی کی جانب سے منعقدہ اجلاس کے لیے چیف سکریٹری سندھ کے آفس لے جایا جاتا ہے کہ دوران اجلاس اطلاع آئی کہ ''مسجد وامام بارگاہ عسکری دستگیر سوسائٹی پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے دو افراد شہید ہو گئے۔

(روزنامہ عوام کراچی، ۱۰ فروری ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷ مارچ، ۲۰۰۵ وزیراعظم پاکستان شہر کراچی میں علماء ومشائخ کانفرنس سے خطاب کررہے تھے کہ فردوس کالونی ناظم آباد میں ملت تشیع کے ایک فعال فرزند اور حکومت سندھ کے افسر سید نقی عباس نقوی کو شہید کردیا گیا۔ (روزنامہ جنگ ۸ مارچ ۲۰۰۵)

ایک بدترین مثال پشاور شہر کی بھی ہے جہاں صدر پاکستان کی موجودگی کے باعث ہائی الرٹ ہونے کے باوجود تحریک جعفریہ کے مرکزی جنرل سیکریٹری انور علی اخوند ایڈوکیٹ کو شہید کردیا گیا اور حملہ آور باآسانی فرار ہوگئے" صدر جنرل پرویز مشرف کے دور اقتدار میں پہلی بار سرکاری سطح پر اس بات کا اعتراف کیا گیا کہ ملت جعفریہ کے قتل میں ملوث کالعدم تنظیموں کی تشکیل میں بعض سرکاری ادارے شامل رہے ہیں اور کالعدم تنظیموں کی مسلح تربیت، اسلحہ اور فنڈز کی فراہمی کہاں سے ہوتی رہی ہے یہ بات اب سب پر عیاں ہے"۔

(سینیٹر علامہ محمد عباس کمیلی کی پریس کانفرنس، بحوالہ روزنامہ جنگ، ۲ جون ۲۰۰۵)

رینجرز کی موجودگی میں حملے:

☆ ۱۶ راگست ۲۰۰۳ ملیر ۱۵ میں ڈاکٹر سید ابن حسن کو اُن کے اسپتال کے سامنے دن دہاڑے شہید کردیا جاتا ہے اور نامعلوم حملہ آور فرار ہوجاتے ہیں۔ قابل افسوس بات یہ ہے کہ اسپتال کی چھت پر موجود پکٹ میں رینجرز کے چاق چوبند جوان بے خبر رہتے ہیں۔

(روزنامہ جنگ ۱۷ راگست ۲۰۰۳)

☆ ۲۵ جون ۲۰۰۱ سولجر بازار میں ڈاکٹر محمد پیرانی پر اُن کی کلینک کے سامنے جان لیوا حملہ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں وہ شہید ہوگئے۔ علاقے کے لوگوں کے مطابق حملے کے وقت اُنکی کلینک کے سامنے ناگوری بلڈنگ کی چھت پر قائم پکٹ میں رینجرز موجود تھے۔ افسوس کہ حملہ آور باآسانی فرار ہوگئے۔ (روزنامہ عوام ۲۷ جون ۲۰۰۱)

قاتل تھانے میں موجود تھے: ۱۶ ستمبر ۲۰۰۰ کے روزنامہ خبریں کراچی کے مطابق "تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے اتحاد ٹاؤن میں مذہبی دہشت گردوں کے ہاتھوں سید افضال شاہ کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مقتول سید افضال شاہ کے قتل میں ملوث ۲ ملزمان کو علاقے کے لوگوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا۔ جبکہ باقی ۲ ملزمان جن میں سرغنہ بھی شامل ہے فرار ہوگئے۔ جب مقتول کا جنازہ تھانے پہنچا تو وہ دونوں وہاں موجود تھے جو غائب ہوگئے تھے ان کی تھانے میں موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ قتل کی منصوبہ بندی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے کی گئی۔

(روزنامہ خبریں ۱۶ ستمبر ۲۰۰۰)

سرکاری کارتوس کے خول: علامہ حسن ترابی شہید کا یہ بیان آج بھی اخبارات کی فائیلوں میں محفوظ ہے کہ "محفل مرتضیٰ پی ای سی ایچ ایس" سے ۹ ایم ایم کے کارتوسوں کے خول ملے ہیں جو کہ صرف سرکاری ایجنسیاں استعمال کرتی ہیں۔

(روزنامہ جنگ ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

سینٹ کی کمیٹی کے خدشات: سینٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے مذہبی واقلیتی امور نے اپنی رپورٹ میں حکومت وقت سے کہا ہے کہ "وہ اپنی سرکاری ایجنسیوں پر بھی نظر رکھے تاکہ ان کی فرقہ وارانہ ہنگاموں میں ملوث ہونے کی تصدیق ہوسکے۔ کمیٹی نے غیر ملکی ایجنسیوں کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا بلکہ حیرت انگیز طور پر ملکی ایجنسیوں کے ملوث ہونے کے امکان کی نشاندہی کی ہے"۔

(روزنامہ ڈان ۲۷ ستمبر ۱۹۹۴ راسلام آباد بیورو رپورٹ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہادت کا سفر تاریخ کے آئینہ میں

از مولانا احمد علی امینی صاحب قبلہ

رحلت سرور عالمؐ کے بعد ہی جس طرح ظلم وعدوان کا طواف اہلبیتؑ رسالت کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا اسی طرح جو لوگ اُن کے محبّ، مخلص اور حلقہ بگوش تھے ان کے خلاف بھی ظلم وجور وسرکشی کی تیز آندھیاں چلنے لگیں اور ہونا بھی یہی چاہئے تھا اس لئے کہ حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰؐ کی حدیث ہے، کہ ایک شخص حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ:

''میں آپ کو دوست رکھتا ہوں حضرت نے فرمایا فقر وفاقہ کے لئے تیار ہو جا۔ اس نے عرض کیا میں حضرت علیؑ کو بھی دوست رکھتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا۔ بلا کے لئے تیار ہو جا''۔

چنانچہ حضرت امیرؑ کے وہ محبّ جن کے لئے سوید بن غفلہؒ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت علیؑ کو فرماتے ہوئے سُنا ہے ''کہ خدا کی قسم اگر میں دنیا کو منافق پر اچھی طرح اونڈیل دوں جب بھی وہ مجھے دوست نہ رکھے گا۔ اور اگر (بغرض محال) میری تلوار سے مومن کو اذیت بھی پہنچ جائے جب بھی وہ مجھے دوست رکھے گا۔ یہ اس لئے کہ میں نے جناب رسول خداؐ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ آے علیؑ تم کو دوست نہیں رکھے گا مگر مومن اور دشمن نہیں رکھے گا مگر منافق''

(ص ۶۴۵، نہج البلاغہ ترجمہ علامہ ذیشان حیدر جوادی)

شیعوں کا عظیم کردار

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے محبوں کے لئے فرمایا کہ ''میرا محبّ محبت میں اتنا پختہ اور دشمن دشمنی میں اتنا سخت ہے'' تاریخ میں ان محبوں کا ایک اور عظیم کردار بھی دکھائی دیتا ہے وہ یہ کہ مخالفین اہلبیتؑ اور دشمنان علی ابن ابی طالبؑ نے جب ان دوستوں کو سنہرے رد پہلے سکوں سے اپنی جانب مائل کرنا چاہا انہوں نے فاقہ کشی میں رہنا گوارا کیا، عیال واطفال کو بھوک میں تڑپتا دیکھنا پسند کیا، پھٹے پرانے کپڑوں کا پہننا، ٹوٹے پھوٹے مکانوں میں رہنا اختیار کیا لیکن محبت سے دست برداری اختیار نہیں کی بلکہ محباں اہل بیت تو ہفت اقلیم کی شاہی پر حب اہل بیت کو ترجیح دیتا ہے۔

چنانچہ روایت میں ہے کہ حضرت صادق آل محمدؑ کی خدمت میں ایک مرتبہ ایک شیعہ حاضر ہوا اور اپنے فقر وفاقہ کی شکایت کی حضرتؑ نے فرمایا تم تو بڑے مالدار ہو۔ اس نے عرض کیا میں تو فاقوں سے مر رہا ہوں آپ فرماتے ہیں کہ تو مالدار ہے حضرتؑ نے فرمایا اچھا یہ بتا اگر کوئی شخص تجھ سے کہے کہ ہفت اقلیم عالم کی شاہی لے کر، اُس کے عوض میں مجھے اہل بیت رسالتؐ کی محبت دے دو، کیا تم ایسا کرو گے؟ اُس مومن نے عرض کی کہ مولا یہ تو نہیں ہو سکتا۔ حضرت نے فرمایا پھر تجھ سے زیادہ مال دار کون ہے جو ہفت اقلیم کی شاہی کو ہماری محبت میں ٹھکرا رہا ہے۔

شیعوں کو منصب وجاہ کی لالچ دی گئی کہ محبت علیؑ سے دست بردار ہو کر اسے حاصل کر لیں، انہوں نے پامردی سے اُسے بھی ٹھکرا دیا اور محبت امیر المومنینؑ سے ایک انچ قدم بھی نہیں ہٹایا، ان کو بڑی بڑی جاگیریں پیش کی گئیں سرشاران محبت علیؑ نے اُسے بھی رد کر دیا۔ جب اس سے بھی کام نہ چلا تو ڈرانا دھمکانا شروع کیا، عطیہ بیت المال سے محروم کر دیا گیا۔ شہادت (گواہی) نا قابل قبول قرار دے دی گئی لیکن جام ولا سے مست شیعہ اس کو بھی جھیل گئے اور پائے استقلال میں لغزش نہ پیدا ہوئی۔

اس اسلحہ کے کند ہو جانے کے بعد ہتھکڑیاں، بیڑیاں اور طوق زنجیر قید وبند میں شیعیان امیر المومنینؑ وپیروان اہلبیتؑ مبتلا کئے گئے آوارہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وطن کیے گئے۔ گھر کھدوائے گئے املاک واموال ضبط کرلئے گئے مگر وہ ان تمام مظالم کے بعد بھی جادہ محبت پر ثابت قدم رہے۔ تو ظالموں نے نشہ حکومت سے سرشار ہوکر جسمانی اذیتیں دینا شروع کیں اعضاء بریدہ کیے آنکھوں میں گرم سلاخیں چبھوئیں سولی پر چڑھادیا میثم تمارؒ کا کردار رکھنے والے محبان امیر المومنینؑ نے سولی پر چڑھ کر فضائل امیر المومنینؑ کے دفتر کھول دے بالآخر بہتوں کی زبانیں گدی سے کھنچوگئیں مگر کیا مجال کہ حضرت سے اظہار برأت کریں۔

تاریخ شاہد ہے کہ ظالموں کے ظلم میں جتنی شدت بڑھتی جاتی تھی سرمستِ محبان علیؑ میں اتنا ہی ثبات واستقلال بڑھتا جاتا تھا یہاں تک کہ اب وہ وقت بھی آیا کہ طوق وسلاسل میں جکڑ کے کفن سامنے رکھ کر قبریں کھود کر پہلو قبر میں بٹھادیا گیا اور کہا گیا رات بھر کی مہلت اور ہے اگر صبح تم نے علیؑ سے برات کرلی تو آزاد کردیے جاؤ گے ورنہ انہیں قبروں میں قتل کے بعد یہی کفن پہنا کر دفن کردے جاؤ گے۔ لیکن اللہ رے جوش وولولہ، اللہ رے سچی محبت صبح کو جب جلاد آیا تو علیؑ علیؑ کی تسبیح وردزبان تھی۔ موت کے گھاٹ اُتر جانے کو شہد سے زیادہ شیریں جانا۔ جناب حجر بن عدی اوران کے رفقاء ایسا کرکے راہیانِ جادہ محبت اہلبیت کے لیے ایک لافانی نمونہ عمل بن کر موت سے ہم آغوش ہوگئے۔

کردار محبانِ علیؑ کی دردناک داستان یہیں پر ختم نہیں ہوتی ہے بلکہ ابھی ظالم کے ترکش ظلم میں کچھ اسلحے باقی ہیں۔ محبان علیؑ کو وہ ان سے آزمانا چاہتا ہے چنانچہ وہ وقت بھی آگیا کہ عشق علیؑ کے متوالے زندہ درگور کیے گئے، دیواروں میں زندہ چنوا دیئے گئے۔ لیکن ہمارا اسلام ہو، اُن محباں علی وآل علیؑ جنہوں نے ہنسی خوشی، زندہ درگور اور دیواروں میں چنوائے جانا قبول کیا۔

زندہ باد عشق علیؑ پائندہ باد محبت امیر المومنینؑ

محبان علیؑ وعاشقان حیدر کرار کا یہ دور ابتلا حضرت سرور دوجہاں احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰؐ کی آنکھ بند ہوتے ہی شروع ہوگیا۔ ابھی حضرت کی رحلت کو تھوڑا زمانہ بھی نہ گذرنے پایا تھا کہ اہلبیتؑ طاہرین کے ساتھ شیعوں پر بھی شدائد شروع ہوگئے۔

جناب سعدؓ بن عبادہ کو حالت مرض میں سقیفہ بنی سامرہ میں کیوں روندا گیا؟ محبت علیؑ ابن ابی طالبؑ میں۔

بنوخیضہؓ اور مالکؓ بن نویرہ کو موت کے گھاٹ کیوں اتارا گیا؟ محبت علیؑ ابن ابی طالبؑ میں۔

جناب عمارؓ بن یاسر کو کیوں اتنا زدوکوب کیا گیا کہ مرض فتق میں مبتلا ہوگئے؟ محبت علیؑ ابن ابی طالبؑ میں۔

جناب ابوذر غفاریؓ کو کیوں شہر بدر کیا گیا؟ محبت علیؑ ابن ابی طالبؑ میں۔

محبانؑ علیؑ ابن ابی طالبؑ میں یہ ثبات قدم کیوں نہ ہوتا اس لئے کہ خان بن سدیر امام محمد باقرؑ سے روایات کرتے ہیں کہ علیؑ کی محبت خدا کی دل میں نہیں ڈالتا ہے مگر یہ کہ خدا اُس کے قدم کو مضبوط کردیتا ہے۔ اور اس کے دوسرے قدم کو بھی مضبوط کردیتا ہے۔ (مناقب ابن شہر آشوب ج ۳ صفحہ ۱۲) غرض یہ حشتے غونہ از خروارے ہے۔

صدر اوّل اسلام میں مصائب الشیعہ کی جس عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا تھا اس پر ہر صدی میں بلند تر منزلیں تیار ہوتی رہیں ہیں اور آج بھی تیار ہورہی ہیں (ص ۱۷ تا ۲۱، مصائب الشیعہ ج ۱، مصنف الحاج سعادت حسین خان)

بنی امیہ کے دور حکومت شیعوں پر کس قدر ظلم ڈھائے گے لیکن اس کے باوجود اُنہوں نے مکتب تشیع کو محفوظ رکھا۔ بنی عباس کے دور میں کس قدر مظالم کے پہاڑ توڑے گئے مگر ہمارا اسلام ہو اُن پر جوان مظالم سے سرخرو نکلے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکتب تشیع اور مذہب اہلبیت، وہ مذہب ہے جو صدر اسلام سے لے کر آج تک بے نظیر ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اسلام کے نام پر قربانی دی جاسکتی ہے مگر جو قربانیاں مذہب تشیع کی ہیں وہ تاریخ میں لاثانی اور بے مثال ہیں۔ اسلام کے نام پر سر کٹ چکے ہیں مگر نیزوں پر سر بلند سروں کی کہانی صرف شیعوں کی تاریخ ہے۔

اسلام کے نام پر مختلف ایذوں اور تکالیف برداشت کرنے والے تو ہیں لیکن زندگی بھر کے لیے عزیز واقرباء اور وطن کو ترک کرنا شیعوں کی تاریخ کی انفرادیت ہے۔ تاریخ اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ میں نمازیں تو بہت پڑھیں گئیں مگر تلواروں اور موت کی آغوش میں نماز پڑھنا شیعوں کا تاریخی امتیاز ہے۔

کراچی کی مسجد باب العلم شمالی ناظم آباد، مسجد محفل مرتضیٰ پی ای سی ایچ ایس، مسجد ومحفل ابوالفضل العباس پی آئی بی کالونی، مسجد حرگرین ٹاؤں، مسجد علی مرتضیٰ اعظم بستی، مسجد حیدری، مسجد علی رضا، کوئٹہ کی مسجد کلاں، سیالکوٹ کی مسجد زینبیہ، لاہور کی مسجد کشمیریاں اور روالپنڈی کی مسجد شاہ نجف وغیرہ کے نمازیوں کی شہادت اسی سلسلے کا تسلسل ہے۔

☆☆☆☆☆

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا
لہو تلاش کروں

ہیئت آئمہ مساجد امامیہ پاکستان (رجسٹرڈ) کے صدر اور امام جمعہ جامع مسجد نور ایمان مولانا مرزا یوسف حسین نے ۱۵ جون ۲۰۰۱ کو خطبہ دیتے ہوئے کہا کہ محفلِ مرتضیٰؑ اور سانحہ PIB کالونی امام بارگاہ (محفل ابوالفضل العباسؑ) کے مجرموں اور قاتلوں کو جنہوں نے اپنے جرم کا عدالت میں اعتراف کیا ہے اور آئندہ مزید ایسا کرنے کی دھمکی دی گئی ہے۔

ان قاتلوں کی سزائے موت پر عمل درامد روک دیا گیا ہے۔ اسطرح حکومت اور عدالتیں مجرموں کی سرپرستی کر کے دہشت گردی کو فروغ دے رہی ہے۔

(عالمی امامیہ خبر نامہ جولائی ۲۰۰۱ ناشر عالمی امامیہ کونسل پاکستانِ سندھ)

''محفل مرتضیٰ پی ای سی ایچ ایس'' سے ۱۹ ایم ایم کے کارتوسوں کے خول ملے ہیں جو کہ صرف سرکاری ایجنسیاں استعمال کرتی ہیں''

(علامہ محمد حسن ترابی شہید بحوالہ روزنامہ جنگ ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہمیتِ شہادت، قرآن وحدیث کی روشنی میں

تحریر: مولانا شاہد رضا کاظمی

''اور خبردار راہِ خدا میں قتل ہونے والوں کو مردہ خیال نہ کرنا وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے یہاں رزق پا رہے ہیں۔ خدا کی طرف سے ملنے والے فضل وکرم سے خوش ہیں اور جو ابھی تک ان سے ملحق نہیں ہو سکے ہیں ان کے بارے میں یہ خوش خبری رکھتے ہیں کہ ان کے واسطے بھی نہ کوئی خوف ہے اور نہ حزن۔ وہ اپنے پروردگار کی نعمت، اس کے فضل اور اس کے وعدے سے خوش ہیں کہ وہ صاحبانِ ایمان کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔''

(سورہ آلِ عمران ۱۶۹-۱۷۱)

اللہ کی راہ میں شہید ہو جانا یعنی ''القتل فی سبیل اللہ'' ایک ایسا بلند ارفع اور اعلیٰ ہدف ہے کہ جس کی جستجو میں ایک باایمان شخص کہ جو اسلام کی نسبت، پختہ اور مضبوط غیر متزلزل عقیدے کا حامل انسان ہوا کرتا ہے اپنے پورے سرمایۂ حیات کو داؤ پر لگا دیتا ہے۔ لہٰذا شاید اسی وجہ سے اگر تاریخِ انبیاء، آئمہ طاہرین علیہم السلام، اولیا کرام اور صالحین کرام کو ملاحظہ کریں تو ان پاک ہستیوں کا بھی ہدف، یہی شہادت (القتل فی سبیل اللہ) دکھائی دیتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ (شہادت) وہ راستہ ہے کہ جو مختلف قسم کی مشکلات اور درد والم کے سایے میں زندگی اور حیات کو اس کا صحیح مفہوم عطا کرتا ہے۔ یہ مشکلات اور درد والم وہ مشکلات ہیں کہ جنھیں اللہ کے مومن بندے اس روئے زمین پر اللہ کے مقصد اور ہدف کو تحقیق بخشنے کے لئے تحمل اور برداشت کرتے ہیں۔ اور شاید اس کی وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ شہادت ایک ایسا راستہ ہے کہ جس پر چلتے ہوئے اللہ کے مخلص بندے اپنے نفس کو پاک اور پاکیزہ کرتے اور اسے اس بات پر آمادہ کرتے ہیں کہ ہمیشہ ہوئی وہوس اور دنیا کی ان لذتوں سے بیزاری کا اظہار کرے کہ جو انہیں اپنے معبودِ حقیقی سے اور اسکی رضا وخوشنودی سے دور رکھتی ہیں۔

۱۔ قرآن، حدیث اور شہادت: اگر ہمیں شہادت کی عظمت واہمیت اور اس کے فلسفے کو قرآن اور حدیث کی نگاہ سے دیکھنا اور سمجھنا ہو تو پھر سب سے پہلے ہمیں زندگی کا مفہوم اور وجود وبقا کے مفہوم اور اس کے فلسفے کو سمجھنا ہوگا دوسرے الفاظ میں ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ خدا کو انسان کا وجود پسند ہے یا اس کا عدم؟ کیا خدا کو اس کا (ہونا) پسند ہے یا (نہ ہونا)؟ اس کی (بقا) پسند ہے یا اس کا (فنا) ہونا پسند ہے؟ کیا خدا انسان کی نابودی اور ہلاکت کے درپے ہے؟

ان مندرجہ بالا سوالوں کا جواب اگر یہ دیا جائے کہ خدا کو اس کا (نہ ہونا) نابودی اور فنا پسند ہے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسے پھر خدا نے کیوں (خلق) کیا؟ کیوں اسے (وجود) عطا کیا؟ یہ مذکورہ جواب قرآن وحدیث اور عقل کے مطابق صحیح نہیں۔ لہٰذا اس سوالوں کا جواب جاننے کے لئے ہمیں قرآن اور کلامِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآئمہ طاہرین علیہم السلام سے رجوع کرنا ہوگا۔

خداوندِ عالم نے قلبِ پیغمبر (ص) پر سب سے پہلے جس سورہ کی آیات کو نازل کیا وہ سورہ علق کی ابتدائی (۵) آیات ہیں۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ O

ان مذکورہ آیات میں خداوندِ عالم نے انسان کو عطا کردہ مختلف نعمتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

سب سے پہلے جس نعمت کا تذکرہ کیا ہے وہ اس انسان کی (خلقت اور تکوین) ہے اگر یہ نعمتِ الٰہی نہ ہوتی تو ہرگز انسان کا وجود نہ ہوتا۔ کیونکہ یہ خداوندِ عالم کی ہی ذات ہے کہ جو اس بات پر قدرت رکھتی ہے کہ (وجود) کی عظیم نعمت سے سرفراز کر سکے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بعد جس نعمت کا تذکرہ کیا ہے وہ (علم اور معرفت) کی نعمت ہے کہ جس کی بدولت انسان کو اس بات کا علم ہوا کہ خدا نے اسے وجود کی نعمت سے نوازا ہے۔ اور وہ یوں اس دنیوی زندگی میں اپنے وجود کی حیثیت اور اہمیت کو جان کر الٰہی اہداف اور مقاصد کی بنیاد پر زندگی گزارتا ہے۔

اسی طرح خداوندِ عالم کا (سورہ مومنون میں آیت نمبر ۱۱۵) میں ارشاد ہے کہ:

''کیا تم گمان کرتے ہو کہ تمہیں بے کار پیدا کیا گیا ہے۔ اور تم ہماری جانب واپس نہیں پلٹائے جاؤ گے۔''

اس آیتِ کریمہ پر معمولی سے غور اور قائل کے بعد یہ بات سامنے آتی ہے کہ خدا نے اس انسان کو (وجود) جیسی عظیم نعمت سے سرفراز کیا ہے۔

یہ کوئی معمولی نعمت نہیں۔ خدا نے اسے (وجود) عطا کیا یعنی اسے (ہونا) عطا کیا ہے نہ (نہ ہونا) کہ جو ''عدم'' ہے۔ بلکہ خدا نے اسے ''کتم عدم'' سے نکال کر ''عالمِ وجودِ امکانی'' کا محور قرار دیا ہے۔

خدا نے اسے خلق کر کے اور وجود عطا کر کے کوئی عبث اور بے ہودہ کام انجام نہیں دیا۔ بلکہ اس (وجود) کو عطا کر کے اسے (بقا) کی نعمت سے نوازا ہے۔

اس کے لئے (فنا مطلق) کی نفی کر دی۔ اس مطلب پر اس آیت کا دوسرا حصہ یعنی (۔۔۔وانکم الینا لاترجعون) دلالت کرتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ یعنی کیا تمہیں ہماری جانب پلٹ کر نہیں آنا؟ واپس جانا، خود (وجود) اور (بقا) کی دلیل ہے۔ ''رجوع'' کا لفظ (وجود) سے تعلق رکھتا ہے۔ نہ (عدم) سے۔

ان مذکورہ آیاتِ کریمہ سے یہ معلوم ہوا کہ جب خدا کی نگاہ میں انسان کی نسبت اس کا بہترین تحفہ اور نعمت، اس کا خلق ہونا ہے تو پھر کیونکر خدا اس کے لئے فنا اور نابودی کو پسندیدہ قرار دے کر اسے (شہادت اور قتل فی سبیل اللہ) پر اکسا اور متحرک کر سکتا ہے۔ لہٰذا خدا انسان کے لئے زندگی چاہتا ہے وجود چاہتا ہے، بقا چاہتا ہے، نہ فنا، نابودی اور ہلاکت۔

حدیثِ قدسی میں ہے کہ (ترجمہ) ''اے آدم کے فرزند میں نے دنیا اور اس کون ومکان کی تمام چیزوں کو تیرے لئے خلق کیا ہے۔ جب کہ تجھے میں نے اپنے لئے خلق کیا ہے''۔

اس مذکورہ حدیثِ قدسی کو وقت کے ساتھ ملاحظہ کرنے کے بعد اگر ہم اسماء الٰہیہ قدسیہ کو ملاحظہ کریں تو اسماء الٰہیہ کے درمیان ایک اسم بنام (باقی) دکھائی دیتا ہے۔ یعنی (اسی کی ذات کو بقا حاصل ہے) اب اگر ہم غور کریں تو معلوم ہوگا کہ مگر وہ ذات کہ جو باقی ہو اور فنا، اسکی ذات میں نہ ہو، تو کیا یہ ممکن ہے کہ جس (وجود) کو اس نے اپنے لئے خلق کیا ہو۔ وہ فنا ہو جائے اور خود باقی رہے!؟

یہاں پر آ کر کوئی ہماری اس مذکورہ بات اور گفتگو کو سن کر اور دیکھ کر ہم سے سوال کرے کہ (سورہ رحمٰن) میں خداوندِ عالم صاف اور واضح طور پر ہر چیز کے فنا اور نابود ہونے کا تذکرہ کر رہا ہے۔ ہر چیز کہ جو اس روئے زمین پر ہے اسے فنا ہونا ہے جب کہ باقی رہنے والی ذات، خدا کی ذات ہے۔ تو پھر تم (اے جنوں اور انسانو) اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ہر چیز کے فنا اور نابود ہونے کا تذکرہ کر رہا ہے۔ ''ہر چیز کہ جو اس روئے زمین پر ہے اسے فنا ہونا۔

اس آیت کا ظاہر یہ بتلا رہا ہے کہ انسان ''فانی'' ہے۔ تو پھر کس طرح سے ہم یہ یقین کریں کہ وہ (باقی) رہنے کے لئے (وجود) میں آیا ہے۔

جواب: اس آیتِ کریمہ پر اگر غور کریں تو معلوم ہوگا (فنا) خدا کی نعمتوں میں سے نعمت ہے۔! وہ کس طرح؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ اس طرح سے کہ خدا نے جب یہ کہا (کل من علیھا فان) اس کے فوراً بعد یہ کہا (فبائی آلاء ربکما تکذبان) یعنی یہ (فنا) ایک نعمت ہے تم دونوں (جن اور انسان) کس طرح سے اس نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اب سوال یہ کہ یہ (فنا) کس طرح سے نعمت ہے؟ مگر (فنا) نعمت ہو سکتی ہے؟

علامہ طباطبائی اپنی تفسیر (المیزان) میں اس آیت کے ذیل میں فرماتے ہیں دنیا کا اختتام، آخرت کا آغاز ہے کہ جو خدا کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ کیونکہ دنیوی زندگی، اخروی زندگی کے لئے مقدمہ ہے۔ جب کہ یہ بدیہی امر ہے کہ مقدمہ سے نتیجے اور غرض کی جانب حرکت کرنا اور منتقل ہونا نعمت ہے۔ لہٰذا (فنا) ایک نعمت ہے، کہ جس کے ذریعے سے (آخرت) یعنی نتیجے کی جانب پیش قدمی شروع ہوتی ہے۔ اور خدائے متعال کی جانب انتقال ہے۔

دوسرے الفاظ میں یہ بات صحیح ہے کہ انسان عدم سے وجود میں آیا ہے۔ لیکن فلاسفہ اور محققین کی رائے کے مطابق (وجود) فنا اور عدم کے قابل نہیں۔ ورنہ ایک شئے کا اس کی ضد کے ساتھ متصف ہونا لازم آئے گا۔ اور یہ محال ہے۔ ہاں موجودات، عدم اور فنا کو قبول کرتے ہیں۔ لیکن اپنے اپنے اعتبار سے۔ نہ موجودات ہونے کے عنوان سے عدم اور فنا سے متصف ہوتے ہیں۔ (فکر کریں)

لہٰذا اس وجہ سے شاید خداوند عالم نے سورۂ آلِ عمران (۱۶۹-۱۷۱) میں یہ فرمایا کہ ''اور خبردار راہِ خدا میں قتل ہونے والوں کو مردہ خیال نہ کرنا وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے یہاں رزق پا رہے ہیں۔ خدا کی طرف سے ملنے والے فضل وکرم سے خوش ہیں اور جو ابھی تک ان سے ملحق نہیں ہو سکے ہیں ان کے بارے میں یہ خوش خبری رکھتے ہیں کہ ان کے واسطے بھی نہ کوئی خوف ہے اور نہ حزن۔ وہ اپنے پروردگار کی نعمت اس کے فضل اور اس کے وعدہ سے خوش ہیں کہ وہ صاحبانِ ایمان کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔''

مندرجہ بالا بیان سے معلوم ہوا کہ دنیا سے چلا جانا، ظاہری طور پر دکھائی نہ دینا، یعنی موت کا طاری ہو جانا، انسان کے لئے فنا اور نابودی نہیں۔ بلکہ (موت) آئمہ طاہرینؑ کے اقوال کے مطابق (پل) ہے جس ایک جہاں (دنیا) سے دوسرے جہاں (آخرت) تک پہنچتا ہے۔ (موت) اللہ سے ملاقات (بقا) کا ذریعہ ہے۔ (موت) متقین کے لئے اور اولیاء خدا کے لئے بہترین چیز ہے۔ مولائے کائناتؑ خطبہ (۱۹۳ خطبہ) میں فرماتے ہیں کہ ''یعنی اگر خدا کی جانب سے مقرر کردہ (موت) ان کے لئے نہ ہوتی تو ہرگز ان کی روحیں ثوابِ الٰہی کے حصول اور عتاب سے محفوظ رہنے کی خاطر ایک لحظہ بھی ان کے جسموں میں باقی نہ رہتی۔'' خداوند عالم کا ارشاد ہے (سورۂ ملک، آیت ۲)'' یعنی خدا نے موت اور حیات کو (خلق) کیا تا کہ تمہیں آزمائے کہ تمہارے درمیان بہترین عمل کس کا ہے؟''

اس آیت پر غور کر کے معلوم ہو رہا ہے کہ (موت) فنا کا نام نہیں۔ بلکہ (وجود اور تکوین) کا نام ہے۔ (ہونے) کا نام ہے۔ نہ (نہ ہونے) کا یعنی خدا نے جس طرح سے ''حیات'' کو خلق کیا اس طرح ''موت'' کو بھی خلق کیا۔ یعنی دونوں خدا کی مخلوق ہیں۔

۲۔ موت کی بہترین صورت: خداوند عالم کا ارشاد ہے (سورۂ انبیاء، آیت ۳۵) یعنی ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ ''جب خدا کے اس فرمان کے مطابق موت کا ذائقہ لازمی طور پر چکھنا قرار دیا ہے تو پھر آیا موت کی کوئی ایسی صورت یا انداز ہے جو شیریں ہو، لذت آور ہو۔؟ رسولِ خداؐ کا ارشاد ہے (بحار الانوار جلد ۱۰۰، صفحہ ۸)'' یعنی اشرف ترین موت، شہادت کی موت ہے۔

سورۃ آلِ عمران کی آیت (۱۶۹، ۱۷۱) میں موت کی بہترین صورت شہادت کو قرار دے دیا ہے۔ یعنی اس سے بڑھ کر موت کی اور کون سی اچھی صورت ہو سکتی ہے کہ جس میں خدا شہیدوں کی شہادت کے بعد کی کیفیت کو بیان کر رہا ہے کہ یہ لوگ شہادت کے ذریعے سے موت کو حاصل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے کے بعد خدا کے لطف وکرم سے رزق پاتے ہیں اور خدا کی عنایات اور فضل سے خوش اور مطمئن ہیں اور اپنے اہلِ خانہ، عزیزوں اور دوستوں کو پیغام دیتے ہیں کہ وہ ان کا غم اور افسوس نہ کریں۔ اور ان کی فکر نہ کریں۔ خدا نے انھیں بہترین نعمتوں اور فضل سے ہم کنار کیا ہے۔

امیر المومنینؑ کا نہج البلاغہ خطبہ ۱۲۳ میں ارشاد ہے۔ یعنی تحقیق موت تمہاری جستجو ہے۔ چاہے انسان میدان کارزار میں ہو یا میدانِ جنگ سے بھاگنے والا ہو۔ بہترین اور مکرم ترین موت اللہ کی راہ میں قتل ہو جانا ہے۔ اس ذات کی قسم کہ جس کے قبضۂ قدرت میں علی ابن ابیطالبؑ کی جان ہے۔ میرے لئے ہزار مرتبہ شمشیر کی ضربت کو کھانا آسان ہے۔ اس موت سے کہ جو خدا کی مخالفت کی حالت میں بستر پر آئے۔

۳۔ شہادت، شکر کا مقام ہے نہ صبر کا: امیر المومنینؑ کا نہج البلاغہ خطبہ ۱۵۶ میں ارشاد ہے! ''میں نے رسولؐ سے کہا اے پیغمبرِ خداؐ کیا آپ نے جنگِ احد کے دن کہ جب چند اصحاب (مسلمان) درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور مجھے شہادت نصیب نہ ہوئی کہ جو مجھ پر بڑا گراں گزرا تو آپؐ نے اس وقت مجھے کہا تھا کہ (اے علیؑ) تمہیں آنے والے دنوں میں شہادت نصیب ہوگی۔''

اس کے بعد مولاؑ فرماتے ہیں کہ رسولِ خداؐ نے مجھے کہا کہ ''ایسا ہی ہوگا کہ تم شہادت پاؤ گے۔ جب تم شہادت کے درجے پر فائز ہو گے تو اس وقت تمہارے صبر کا کیا عالم ہوگا؟'' میں نے رسولِ خداؐ کو جواب دیا کہ ''اے پیغمبر خداؐ شہادت، صبر کا مقام نہیں بلکہ خوشی اور شکر کا مقام ہے۔''

۴۔ شہادت اور الٰہی تحفے: (۱) تمام گناہوں کا معاف ہو جانا۔ کنز العمال میں رسولِ خداؐ کی روایت ہے: ''ہر چیز کی بخشش کا ذریعہ شہادت ہے۔ سوائے قرض کے۔'' ایک اور روایت میں ہے کہ شہید کا ہر گناہ قرضہ کے علاوہ معاف ہو جاتا ہے۔

(۲) قبر میں آزمائش اور امتحان سے محفوظ رہتا ہے۔ روایت میں ہے کہ ''جو دشمن کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے صبر سے (اور استقامت) سے کام لے یہاں تک کہ قتل ہو جائے یا غالب آجائے تو اس سے قبر میں سوال وجواب نہیں ہوں گے۔'' (رسولِ خداؐ، کنز العمال)

(۳) زندگی اور حیات کا عطا ہونا۔ شہید اپنی شہادت پیش کر کے موت کو حیات اور زندگی عطا کرتا ہے۔ سورۃ آلِ عمران کی آیت (۱۶۹) یعنی ''جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں تم انھیں مردہ تصور مت کرو بلکہ وہ زندہ ہیں۔'' سورۃ بقرہ کی آیت (۱۵۴) یعنی ''جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں تم انھیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تم اس کا شعور نہیں رکھتے۔''

شہادت ایک ایسا معنوی امر ہے معرفت اور شفاعت کی کہ ایک انسان مومن اس کی معرفت اور شفاعت حاصل کرنے کے بعد اس دنیا کو وسیلہ سمجھتا ہے نہ ہدف جب کہ رسولِ خداؐ کا فرمان ہے (الدنیا مزرعۃ الآخرۃ) دنیا، آخرت کی کھیتی ہے۔ دنیا ایسا وسیلہ ہے جس سے اولیاء اللہ سہارا لیتے ہوئے منزلِ مقصود اور ہدف تک پہنچتے ہیں۔ لہٰذا اس نظر اور منطق کا حامل شخص (مومن) دنیا کی ظاہری نعمتوں کو اپنے ہاتھ سے جاتے ہوئے دیکھ کر شرمندگی اور افسوس کا احساس نہیں کرتا۔ کیونکہ اس کی نگاہ ان چیزوں اور تحائف پر ہے کہ جو خدا کے پاس ہے لہٰذا آئمہ معصومینؑ کے فرمان کے مطابق شہداء کے سوا کسی مرنے والے کی دنیا میں واپس آنے کی آرزو نہیں ہوتی، کیونکہ انہوں نے خدا کی جانب سے اپنے لئے جو اکرام واحترام اور انعامات ملاحظہ کئے ہوتے ہیں وہ باعث بنتے ہیں کہ دنیا میں جا کر دوبارہ شہادت کے مرتبے پر فائز ہوں۔

اگر شہادت کی محبت نہ ہوتی تو دین باقی نہ رہتا اور نہ ہی دین کا درخت سرسبز وشاداب ہوتا۔ بلکہ یہ اسی کی محبت ہے کہ جس کی وجہ سے دین ہرا اور بھرا ہے کیونکہ شہادت ہی انسان کو بلند معنوی قوت عطا کرتی ہے کیونکہ شہادت سے محبت رکھنے والے انسان، اللہ کی عطا کردہ قوت سے جہاد کرتے ہیں اس کے ارادے سے فعالیت دکھاتے ہیں اور اس کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ لہٰذا انھیں اللہ کی راہ میں شہادت کا رتبہ ملتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(شہادت) یعنی گواہی دیتے ہیں کہ واقعاً اللہ کی ذات حق ہے لہٰذا اس بنا پر شہداء کرام کی سیرت کو اگر ملاحظہ کریں تو ان کی سیرت کی بنیاد اللہ پر ایمان کامل اور قوی اعتماد ہے۔ یہ ایسا ایمان ہے کہ شہادت اور شہداء کی معرفت نہ رکھنے والے انسانوں کو حیران اور ششدر رہونے پر مجبور کرتے ہیں اور وہ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ شہداء کی عظیم حرکت اور فعالیت کی تفسیر کرسکیں۔ لہٰذا ناسمجھی کی بنیاد پر (شہادت) کو ایک نامعقول اور غیر سنجیدہ حرکت قرار دے کر تمسخر کی نگاہ سے ملاحظہ کرتے ہوئے دشمنانِ اسلام ودین ومذہب کو حق کی بنیادیں متزلزل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

(بشکریہ شہید فاؤنڈیشن پاکستان (رجسٹرڈ))

☆☆☆☆☆

حماس کی آواز ھماری آواز ھے۔

''حماس کی آواز ہماری آواز ہے۔ پوری ملت اسلامیہ کی آواز ہے
ہم امن پسند لوگ ہیں۔ نماز اور قرآن پڑھتے ہیں اور
ظلم کے خلاف جہاد کرتے ہیں لیکن
امریکا اور برطانیہ کی نظر میں یہ انتہا پسندی ہے تو ہم انتہا پسندی کرتے رہے گئے''
اُنہوں نے حکمرانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ''ہم امن پسند لوگ ہیں اور ہمیشہ پُرامن رہیں گے
انتہا پسندوں کے مقابلے میں امن کی دعوت دیتے رہیں گے
ملک وقوم کی بقاء امت مسلمہ کے اتحاد میں ہے
نفرتیں پھیلانے والے ہمارے دشمن ہیں ہمیں ان کے خلاف جہاد جاری رکھنا ہے''

علامہ محمد حسن ترابی شہید کا ۱۴ جولائی ۲۰۰۶ کو اپنی شہادت سے کچھ دیر پہلے جامعہ مسجد بنوری ٹاؤن کے باہر نماز جمعہ کے بعد پاکستان میں سب پہلے کراچی میں لبنان وحزب اللہ سے اظہار یکجہتی اور اسرائیل وامریکہ کی مذمت میں نکالی جانے والی ریلی سے (آخری) خطاب سے اقتباس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہداء کی کرامات

تحریر: محترمہ نرجس مرتضیٰ زیدی

جناب حُر کا جسدِ تازہ اوران کے سر پر بندھا ہوا رومال: محدث جزائری نے کتاب ''انوار نعمانیہ'' میں لکھا ہے: جس وقت شاہ اسمٰعیل صفوی کربلائے معلّٰی کی زیارت سے مشرف ہوا اور سنا کہ کچھ لوگ جناب حُر کے بارے میں معترض ہیں اور انہیں اچھا نہیں سمجھتے تو اس نے حکم دیا کہ آپ کی قبر کو کھودا جائے۔ چنانچہ قبر کھودی گئی تو لوگوں نے دیکھا کہ آپ کا جسد بالکل ویسا ہی تر و تازہ ہے جیسا روز شہادت کربلا میں تھا اور ذرا برابر بھی متغیر نہیں ہوا ہے اور آپ کے سر پر ایک رومال بندھا ہوا ہے۔

چونکہ تاریخ میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی تھی کہ روز عاشور جناب سید الشہداؑ نے اپنا رومال جناب حُر کے سر کے زخم پر باندھا تھا لہٰذا شاہ نے حکم دیا کہ اس رومال کو کھول لیں تا کہ وہ اسے تبرکاً اپنے کفن میں رکھے۔ جونہی لوگوں نے اس رومال کو کھولا تو جناب حُر کے زخم سے تازہ خون جاری ہو گیا۔ آخر کار اس رومال کو پھر آپ کے زخمی سر پر باندھ دیا گیا تو خون بند ہو گیا۔ اس طرح لوگوں کو آپ کا حسنِ حال معلوم ہو گیا (کہ نصرتِ حسینؑ کے صلے میں کتنا عظیم مرتبہ آپ کو ملا ہے) پھر بادشاہ نے ان کی قبر پر ایک عالیشان مقبرہ بنوایا اور اس کی دیکھ بھال اور صفائی کے لئے اس پر ایک خادم معین کیا۔

حضرت حذیفہ یمانیؓ حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ: ۱۳۵۱ھ میں عراق کے شاہ امیر فیصل نے پیغمبر خداؐ کے جلیل قدر صحابی حضرت حذیفہ یمانیؓ اور حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ کو خواب میں دیکھا کہ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ ''ہم کو قبور سے منتقل کر کے دوسری جگہ دفن کرو'' دریائے فرات کا پانی مزارات کے قریب پہنچتا ہے۔ ۲۰ ذی الحجہ کو حکومت عراق نے شاہی تزک و احتشام کے ساتھ جنازہ اٹھوایا اور لاکھوں مسلمانوں کو ان دو مقدس صحابیوں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ دونوں جسم بالکل محفوظ تھے۔ کفن بوسیدہ نہیں ہوئے تھے۔ داڑھیوں کے بال اور آنکھوں کی چمک برقرار تھی۔ بشیر الحسن فوٹو گرافر نے عکس حاصل کیا اور اخبارات میں یہ حالات قلمبند ہوئے۔

(ص ۱۵۷ ''شیعوں پر کیا گزری'' تحریر زبدۃ العلماء آغا سید مہدی لکھنوی طبع دوم)

جناب ابو جعفر کلینیؒ کی قبر میں ایک شیر خوار بچہ (وفات ۳۲۹ھ): جناب شیخ کلینیؒ صاحب ''کافی'' جن کا مزار بغداد میں پل کے قریب واقع ہے۔ ایک مرتبہ ظالم حکام میں سے ایک شخص کو یہ فکر ہوئی کہ جناب امام موسیٰ کاظمؑ کی قبر مبارک کو خراب کرنے کی بے ادبی کرے تا کہ کوئی شخص کاظمین کی زیارت کے لئے نہ جا سکے اس کا وزیر باطناً شیعہ تھا۔ وہ بیحد حیران و پریشان ہوا کہ تدبیر کرے کہ وہ ظالم حاکم اپنے فاسد ارادے سے باز آ جائے۔ اس سلسلے میں وہ کچھ کہہ بھی نہیں سکتا تھا کیونکہ ان لوگوں کو اگر ذرا سا بھی شبہ ہو جاتا کہ یہ شیعہ ہے تو اس کی جان معرض خطر میں پڑ جائے گی۔ بہر حال اس فاسد ارادے کے ساتھ وہ لوگ کاظمین کی طرف چلے، جونہی پل کے پاس پہنچے، وزیر نے کہا، یہاں اس مذہب کے ایک بڑے عالم کی قبر ہے جو امام موسیٰ کاظمؑ کے نمائندوں میں سے تھے۔ شیعہ لوگ کہتے ہیں کہ اس شخص (عالم) کا جسدِ خاکی بھی تر و تازہ ہے اور بوسیدہ نہیں ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ اگر بادشاہ کی رائے ہو تو اسے دیکھ لیا جائے۔ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ ان لوگوں کا کہنا درست ہے تو پھر امام موسیٰ بن جعفرؑ کی قبر کو ہاتھ لگانا قرینِ مصلحت نہ ہوگا، حاکم نے اس بات کو قبول کر لیا اور حکم دیا کہ اس کے مطابق جناب کلینیؒ کی قبر کو کھودا گیا تو لوگوں نے دیکھا کہ آپ کی لاش بھی تر و تازہ ہے۔ (حضرت حُر اور شیخ کلینیؒ کے واقعات رفیق رضوی شاعر اہلبیت کی کتاب ''لکھی ان لکھی'' میں بھی دیکھے جا سکتے ہیں جو کہ ادارہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محسنِ ادب کے تحت ۱۹۹۶ میں شائع ہوئی تھی)۔

جناب شیخ صدوق کا جسدِ خاکی تروتازہ تھا (وفات ۳۸۴ھ): کتاب ''روضات الجنات'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ ۱۲۳۸ھ کے حدود میں جناب شیخ صدوقؒ کے مقبرے میں بارش کی وجہ سے کچھ خرابی اور شگاف پڑ گیا تھا۔ لوگوں نے چاہا کہ اس کی مرمت وتعمیر کردیں، چنانچہ لوگ سرداب میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ آپ کا جسدِ شریف قبر کے اندر صحیح وسالم ہے، حالانکہ آپ بہت جسیم تھے اور آپ کے ناخنوں پر ابھی تک خضاب کا اثر باقی تھا۔ یہ خبر تہران میں مشہور ہوئی اور فتح علی شاہ کے کانوں تک یہ خبر پہنچ تو بادشاہ علماء کی ایک جماعت اور ارکان سلطنت کے ساتھ تحقیق حال کے لئے گیا۔ اس نے جیسا سنا تھا بعینہ ویسا ہی دیکھا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ اس شگاف کو بند کردیں اور مقبرے کو نئے سرے سے تعمیر کریں اور اس میں آئینہ کاری کریں۔ (صفحہ نمبر ۶۹ تا ۷۱ معاذ از آیت اللہ شہید دستغیب)

میر انور شاہ شہید: (سترہویں صدی) سید عاقل شاہ صاحب جو مشہور صوفی بزرگ تھے شاہ شرف بوعلی قلندر ابن سید فخر ولی (جو کرمان میں دفن ہیں) کی دسویں پشت سے تھے ان کا سلسلہ نسب حسین الاصغرؑ ابن امام زین العابدینؑ سے ملتا ہے۔ سترھویں صدی کے اوائل میں آکر تیراہ میں آباد ہوئے۔ تیراہ (کوہاٹ کے نزدیک پہاڑوں میں گھرا ہوا علاقہ ہے جس میں آج کل جو گیزئی بنگش آباد ہیں) یہاں آکر تبلیغ اسلام کا کام شروع کیا۔ ان کے بعد ان کے بیٹے سید میاں دادشاہ صاحب نے باپ کی جگہ سنبھالی۔ تبلیغ ودرس کا سلسلہ جاری رکھا۔ سید میاں دادشاہ صاحب کے بعد ان کے بیٹے سید میر انور شاہ صاحب (المعروف میاں بزرگوار) نے تبلیغ کے کام کو مزید آگے بڑھایا اور اپنے علاقے سے نکل کر تبلیغ کا آغاز کیا۔

آپ صاحب فیض وکمال صوفی بزرگ تھے اور آپ کو یہ فیض وکمال مودت حضرت امام علی ابن موسیٰ رضاؑ سے ملا تھا۔ جب حضرت میر انور شاہ نے دعوت حق شروع کی تو لوگ بکثرت مشرف بہ اسلام ہوئے وہیں ان کے دشمنوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔ آپ کے خاندان میں ایک درجن سے زائد صوفی بزرگ پیدا ہوئے ہیں اور اسی خاندان نے اس علاقے میں عزاداری امام حسینؑ اور ملنگی (وجد وسماع) شروع کی اسی بناء پر لوگ ان کے جانی دشمن ہوگئے اور جناب میر انور شاہ صاحب کے مسکن کو نیست ونابود کرنا چاہا۔ یہاں آئے دن حملے ہوتے رہتے تھے جن میں افغانی بھی شامل ہوتے۔

آخر کار ۱۸۶۰ء میں ایک گھمسان کا رن پڑا جس میں مقامی لوگوں کے ساتھ ہزاروں کی تعداد میں افغانی بھی شامل تھے کلایہ پر ٹوٹ پڑے اور اس کو تباہ وبرباد کردیا گیا اور کلایہ ویران ہوگیا۔ سید میر انور شاہ اپنے معتقدین کی اکثریت کو بچا کر پیواڑ نکل گئے دشمنوں نے علاقے میں آگ لگادی اور جلا کر خاکستر کردیا۔

کچھ عرصہ بعد میر انور شاہ صاحب نے دوبارہ کلایہ کو آباد کیا لیکن دشمنوں نے ان کو چین کا سانس نہ لینے دیا اور پھر حملے شروع کردیئے یہ کشمکش جاری رہی حتیٰ کہ ۱۸۷۰ء میں دو درجن سے زائد قبائل افغانیوں کی مدد سے چاروں جانب سے گھیرے میں لے کر حملہ کردیا گیا جس میں کافی جانی نقصان ہوا لیکن دشمن اپنے تمام تر مظالم کے باوجود اس خاندان کو راہِ حق سے ہٹا نہ سکے۔

دشمنوں کے ساتھ کشمکش جاری رہی اسی دوران میر انور شاہ صاحب انتقال فرماگئے اور آپ کے بیٹے قدرۃ السالکین زبدۃ العارفین نے آپ کی جگہ سنبھالی لیکن ۱۹۲۷ میں کلایہ ایک بار پھر مسمار کردیا گیا گھروں کو آگ لگادی گئی۔ گو میر انور شاہ صاحب کا انتقال قضائے الٰہی سے ہوا تھا لیکن چونکہ آپ کے خاندان میں اس سے قبل شہید ہونے والے کا تاریخ میں پتہ نہیں ملتا اس مناسبت سے آپ کو شہید اول کہا جاتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید اس لیے کہا جاتا ہے کہ ۴۵ سال بعد دشمنوں نے آپ کے جسد خاکی کو قبر سے نکال کر آپ کا سر تن سے جدا کیا اور تین ماہ تک کٹے ہوئے سر کو تیراہ کے علاقے میں تشہیر کرتے رہے بعد میں آپ کے خاندان نے سر کو حاصل کیا اور آپ کے نواسے کی قبر میں دفن کر دیا۔ اس سلسلے میں حیرت انگیز پہلو یہ ہے کہ ۴۵ سال بعد جب دشمنوں نے قبر کو کھودی تو آپ کا جسم سلامت برآمد ہوا۔ جس سے سر کو علیحدہ کیا گیا پھر تین ماہ تک سر کی نمائش ہوتی رہی لیکن اس میں کوئی خرابی یا بدبو وغیرہ پیدا نہیں ہوئی۔

(ص ۱۱۔۱۳ شہید، سوانح حیات قائد عارف حسین الحسینی) تحریر غضنفر کاظمی، امامیہ پبلیکیشنز لاہور

اس روایت کی تصدیق خود قائد شہید نے اپنے خطاب ممتاز آباد ملتان میں ان الفاظ میں کی ''بخدا آپ جائیں اور پوچھیں اور کرزئی ایجنسی میں ہمارا پورا گھرانہ لٹ گیا تھا قبر کھود کر ہمارے جد امجد کا سر تن سے جدا کیا گیا اس حالت میں ہمارے جد اعلیٰ نے علیؑ ولی اللہ کا نعرہ بلند کیا ہے۔

(ص ۱۲۲، میثاق خون، شہید قائد کے خطابات العارف اکیڈمی)

زبدۃ العلماء آغا سید مہدی لکھنوی اپنی کتاب ''شیعوں پر کیا گزری'' میں تیراہ کے حالات کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ ''تیراہ میں شیعوں پر مظالم ہوئے ملک میں گھر گھر چندہ ہوا اور بیکسوں کی امداد بڑے پیمانہ پر کی گئی۔ اس اقدام میں وہی اکثریت شریک تھی جو ہر دور میں حرف غلط کی طرح ہم کو مٹاتے رہے''۔ (ص ۱۵۵، ''شیعوں پر کیا گزری'')

انیس ویں صدی کا ایک شہید: غازی علم دین شہید برصغیر پاک و ہند میں بھی ایک ایسی ہی ہستی ''غازی علم دین'' شہید کی بھی ہے جنہوں نے ۲۱ سال کی عمر میں اپنی جان ناموس رسالت پر قربان کر کے شہادت کا عظیم مرتبہ پایا۔ ۳۱ اکتوبر ۱۹۲۹ کو میانوالی جیل میں غازی علم دین شہید کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا اور اس طرح ۲۱ سال کی جوانی کی عمر میں ناموس رسالت پر قربان ہو کر شہادت کا عظیم مرتبہ حاصل کیا۔ انگریزوں نے زبردستی میانوالی جیل کے احاطے میں دفن کر دیا جہاں آپ ۱۴ دن مدفون رہے مسلمانان لاہور نے انگریز سرکار سے احتجاج کیا کہ غازی علم دین کو ان کی وصیت کے مطابق میانی صاحب کے قبرستان میں دفن کیا جائے اور اس وصیت کو عملی جامہ پہنانے کیلئے عطاءاللہ شاہ بخاری کی قیادت میں علامہ اقبال، حکیم احسن، بشیر احمد رفیقی، ملک لعل دین، شیخ غلام مصطفیٰ حیرت، مولانا محمد بخش مسلم بی اے، میاں نیاز احمد ایم اے نے گورنر موڈی سے ملاقات کی۔ گورنر نے کہا کہ ہمیں مسلمانوں سے خطرہ ہے۔ امن وامان کی ضمانت علامہ اقبال نے دی یوں ۱۴ دن بعد لاش میانوالی جیل سے نکال کر لاہور لائی گئی ہر طرف خوشبو پھیل گئی اور چہرہ مبارک تر و تازہ تھا۔ غازی علم دین شہید کے جنازے میں لاکھوں افراد نے شرکت کی اور انہیں میانی صاحب کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مسجد وزیر خاں کے خطیب سید دیدار علی شاہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ علامہ اقبال نے میت کو قبر میں اُتارا۔

(صفحہ ۱۳۸، لاہور میں مشاہیر کے مدفن، از ایم آر شاہد)

۲۱ ویں صدی کا ایک شہید (ڈاکٹر) عباس حیدر کشمیر اب ہم آپ کو ماضی قریب کے ایک شہید کے شہادت کے بعد کے واقعات سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں جن کے جسد خاکی کا قانونی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پوسٹ مارٹم ہوا حیدری باغ قبرستان میں دفن شہید حیدر عباس کشمیری جو کہ ڈاکٹر حیدر عباس کشمیری کے نام سے معروف ہیں۔

فرسٹ جوڈیشل مجسٹریٹ (سینٹرل) کے حکم نامہ نمبر ۲۰۰۱/۵۴ تاریخ ۱۵ دسمبر ۲۰۰۱ کی رو سے ۲۰ دسمبر ۲۰۰۱ کو شہید کے جسد خاکی کے پوسٹ مارٹم کے لیے قبر کشائی کی گئی پوسٹ مارٹم کی کاروائی کا فیصلہ انتہائی عجلت میں کیا گیا تھا۔ قبرستان کو چاروں طرف سے پولیس نے گھیر رکھا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیس کا تفتیشی افسر محمد انعام خان (جوڈیشل کورٹ سینٹرل) چھٹی پر تھے لہٰذا جناب محمد افضل خان (جوڈیشل کورٹ سنٹرل ۲) کی زیر نگرانی پوسٹ مارٹم کی کاروائی مکمل کی گئی۔ پوسٹ مارٹم کے لیے اسپیشل میڈیکل بورڈ تشکیل دیا گیا تھا جس کے ممبران کے اسماء گرامی یہ ہیں۔

۱۔ ڈاکٹر پروفیسر طارق مرزا صاحب، (ممبر)

۲۔ ڈاکٹر حامد علی صاحب، اے ایم ایس سول اسپتال (ممبر)

۳۔ ڈاکٹر ایم قاسم سومرو صاحب، پولیس سرجن کراچی (کنوویز)

۴۔ ڈاکٹر حافظ محمد اطہر صاحب، سینئر میڈیکو لیگل آفیسر سول اسپتال (ممبر)

۵۔ ڈاکٹر عرفان قریشی صاحب، (ممبر)

رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ کے ارکان اور پولیس اہلکار ۲۰ دسمبر ۲۰۰۱ کو ساڑھے بارہ بجے دن کو حیدری باغ قبرستان پہنچے۔ بارہ بجکر پچاس منٹ پر قبر کشائی شروع ہوئی۔ ایک بجے جسد خاکی کو قبر سے نکالا گیا اور ایک بجکر ۵ منٹ پر پوسٹ مارٹم شروع ہوا جو کہ رپورٹ کے مطابق ۲ بجکر ۱۵ منٹ پر ختم ہوا۔ قبرستان کے گورکن محمد بخش لاشاری کے مطابق ''لاش کی تازگی اور کفن کو دیکھ کر میڈیکل بورڈ کے اراکین اور پولیس نے اُسے شہید کی لاش تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا لیکن قبر کی نشاندھی کرنے والے شخص اور گورکن کی یقین دہانی کہ ''یہ ہی شہید حیدر عباس کشمیری کی قبر ہے'' پوسٹ مارٹم کی کاروائی کی گئی۔

☆ بیرونی معائنہ کے ذیل میں کالم نمبر ۱۱ اور ۱۲ کے مطابق جسد خاکی کا کفن محفوظ تھا لیکن پوسٹ مارٹم کی وجہ سے خون آلود ہو چکا تھا۔

☆ ''شہید کا جسد خاکی جزوی طور پر (MUMIFIED) ''یعنی جیسے کہ محفوظ کیا گیا ہو۔ ویسے ہی جیسا کہ قدیم مصری تہذیب کے آثار اور احرام مصر میں موجود بادشاہوں کو کیا گیا تھا۔

☆ کالم نمبر ۱۴ کے مطابق موت اور پوسٹ مارٹم کے درمیان تقریباً ڈیڑھ سے دو ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔

☆ کالم نمبر ۱۵ کے مطابق جب شہید کے جسد خاکی پر موجود زخم کے معائنہ کے لیے کٹ (cut) لگایا گیا تو خون جاری ہو گیا جس پر دوبارہ ٹانکے لگا کر زخم کو بند کر دیا گیا۔ ☆ واقعہ کا چشم دیدہ گواہ محمد بخش گورکن بھی ہے اور اُنکے مطابق پوسٹ مارٹم کی مکمل کاروائی آدھے گھنٹے میں ہو چکی تھی۔

سفر کی سمت غلط ہو تو اے جہاں والو — نہ زندگی میں نہ مرنے پہ چین ہوتا ہے

ہوئے ہیں یوں تو بہت قتل پر شہید ہے وہ — کہ جس کی لاش کا وارث حسینؑ ہوتا ہے

(احمد نوید)

محترم جناب رفیق رضوی صاحب کی کتاب ''لکھی ان لکھی'' میں بھی ایک شوہر و زوجہ جو کہ ذکرِ حسینؑ کرتے تھے کا واقعہ ملتا ہے۔ جس کے مطابق منگلا ڈیم کی موجودہ جگہ پر یہ دونوں مدفون تھے دورانِ تعمیر قبر کی منتقلی ہوئی تو دونوں کے جسد خاکی بالکل تر و تازہ تھے۔ نام اور دیگر تفصیل دستیاب نہیں ہے اگر کسی صاحب کے علم میں ہو تو مہربانی فرما کر مہیا کر دیں تا کہ آئندہ اشاعت میں اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔ شکریہ

(شہید کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کا عکس صفحہ نمبر ۔۔۔۔۔۔ پر ملاحظہ کریں)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قُم سے ایک خط

مولانا سید رضا حیدر رضوی، (مدرسہ رسالت، قم المقدسہ، حال مقیم برطانیہ)

زندہ قوموں کا ہمیشہ یہ شعار رہا ہے کہ وہ اپنے محسنین کو کبھی نہیں بھولتیں۔ اپنی اقدار کو فراموش نہیں کرتیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ آج صفحہ روزگار پر حیاتِ باوقار گزار رہی ہیں، اور اس قوم میں کوئی فرد یا چند افراد کوئی کارنامہ انجام دے جائیں تو انکی یاد کبھی دلوں سے محو نہیں ہوتی اور انکی پر عظمت شخصیت ہر آن و ہر لمحہ دلوں پر نقش رہتی ہے۔ کیا شرق کیا غرب آپ جہاں جائیں آپ کو ہر ملک وقوم کی محسن ومحبوب شخصیات کی یادگاریں نمایاں نظر آئینگی۔ ماسکو میں لینن کی یادگار ہو یا پیکنگ میں ماؤزے تنگ کی مومی یا لندن میں سینوٹاف اسی طرح شرق میں آجایئے آگرہ کا تاج محل ہو یا اکبر آباد میں اعتماد الدولہ کی قبر، لاہور میں مینارِ پاکستان ہو یا کراچی میں بانیِ پاکستان کا مزار غرضیکہ کہیں بھی کسی نے اپنی ملک وملت کے لئے کوئی قابلِ قدر کام انجام دیا تو اسکی ملت نے اسکی خدمات کے اعتراف میں ایک خوبصورت یادگار تعمیر کردی یا ایسے اقدامات کئے جس کے باعث اسکی یاد ہمیشہ باقی رہتی ہے۔

یہ سب صرف اس لئے کہ انسان اپنے ماضی کی طرف نگاہ کر کے اپنے اسلاف کے افکار و کردار سے روشناس ہو جاتا ہے۔ اپنی حقیقتوں کا احساس کر لیتا ہے اور جس قوم کو اپنی حقیقتوں کا احساس ہو جائے وہ کبھی بھی پستی ومحرومی کا شکار نہیں ہوتی اس قوم کو کوئی قوت مسخر نہیں کر سکتی یہ قوم کسی سے شکست نہیں کھا سکتی۔ اسکی زندہ وتابندہ مثال مملکتِ ایران میں بخوبی دیکھی جا سکتی ہے۔ راقم الحروف نے ایک ایک دن میں ستر ستر شہداء کو کندھا دیا ہے سینکڑوں جنازے اٹھتے دیکھے ہیں۔ قوم کے ایک سے ایک ہونہار سپوت اسلامِ عزیز پر اپنی قیمتی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ ایک جوان شہید ہوتا ہے دوسرا شہادت کے لئے تیار ہو جاتا ہے، یہ جذبہ کیوں اور کیسے؟

یہ صرف اس لئے کہ وہ تعلیماتِ قرآنی کے تحت احسان کا بدلہ احسان سے دیتے ہیں یعنی ان میں جو پہلے شہید ہو چکے ہیں انکی شایانِ شان تجہیز وتکفین ہوتی ہے ان کے شہید ہو جانے پر انکی عظیم یادگار قائم کی جاتی ہے جسے دیکھ کر جذبہ شہادت فروغ پاتا ہے دریائے ایثار وقربانی موجیں مارنے لگتا ہے، شہید کی عظمت ومنزلت نگاہوں میں گھوم جاتی ہے شہید کا مقام ورتبہ دوسروں میں قدرتی طور پر جوش مارنے لگتا ہے۔

یہ سب تعلیماتِ اسلامی ہیں اسلام انسان کو احسان شناسی سکھاتا ہے حقائق کو درک کرنے کا درس دیتا ہے لیکن افسوس کہ ہم نے احسان شناسی کی اسلامی تعلیمات کو یکسر فراموش کر دیا ہے۔ حالانکہ قرآن کریم پکار پکار کر کہہ رہا ہے" ھل جزاء الاحسانِ الّاالاحسان" اور ہم ہیں کہ احسان کا بدلہ احسان فراموشی سے دے رہے ہیں۔

جولائی ۱۹۷۹ء میں اسلام آباد کنونشن کے موقع پر جاں بحق ہونے والے محمد حسین شاد شہید کی اہلیانِ شورکوٹ نے تاریخی عالی شان یادگار قائم کی۔ اسکی مکمل سوانح حیات ایک وسیع وعریض سنگِ مرمر پر کندہ کرا کے اس کے مرقد پر نصب کرائی۔ اور ہر سال اس کے شایانِ شان برسی منائی جاتی ہے۔ اسکی روح کو ایصالِ ثواب کیلئے یادگاری ادارے اس کے نام سے قائم کئے ہیں۔ جو ملت کی فلاح وبہبود کیلئے کام انجام دے رہے ہیں۔ لیکن نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ربیع الاول ۱۹۷۸ء علی بستی میں کراچی کے تاریخی خونیں فسادات کے نتیجے میں متعدد افراد شہید ہوئے قوم کے لائق ترین ہونہار نوجوان اور بزرگانِ ملت نے مذہبِ حقہ اور عزت وناموس کی خاطر اپنی قیمتی جانیں قربان کیں اسکے بعد ربیع الثانی ۱۹۸۳ء میں پھر خونفشاں فسادات ہوئے اور اس میں مظلوم وبے گناہ مومنین کا قتلِ عام ہوا اس موقع پر بھی ملت کے قابلِ فخر جوانوں اور بزرگوں نے تحفظِ قرآن ومسجد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی خاطر اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور رتبہ شہادت پر فائز ہوئے۔ میں ان مقدس ہستیوں کو کسی جذباتی لگاؤ کے تحت شہید نہیں کہہ رہا بلکہ انکی شہادت قرآن وحدیث سے ثابت ہے اور یہ معجزات قرآن وحدیث کی رو سے حقیقی شہید ہیں دلیل کے لئے ملاحظہ ہوں چند آیات واحادیث۔

''اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کئے جائیں انہیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تمہیں انکی اس زندگی کا شعور نہیں'' (سورہ بقر)

''اور جو لوگ خدا کی راہ میں قتل کئے گئے انہیں تم مردہ مت سمجھو بلکہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کی طرف سے رزق دیے جاتے ہیں''

(سورہ آلِ عمران) نیز ملاحظہ ہو سورہ حج آیت ۵۸۔ سورہ محمد آیت ۴

قولِ معصوم: من مات علیٰ حب آل محمد مات شهيد

حدیثِ نبوی: من قتل دون دينه محفر شهيد

جو شخص دین کی حفاظت میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے

حدیثِ نبوی: جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے۔

عزیزانِ گرامی ذرا سوچئے کیا ۱۹۷۸ء میں شہید ہونے والے شہنشاہ، عشرت علی اور بشیر حسین نیز دیگر شہداء ۱۹۸۳ء میں شہید ہونے والے سید ساجد حسین، شاہد حسین، سید امتیاز حسین، سید محمد احسن رضوی، نعیم حیدر اور ڈاکٹر سید عباس حیدر کیا شہید نہیں تھے؟

اور اگر شہید ہیں تو پھر ہم نے ان کے جذبہ شہادت کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے کیا کیا؟ ہم نے انکی یاد کو ہمیشہ اپنے دلوں میں جگہ دینے کے لئے کونسا اقدام کیا؟ ہم نے ان مقدس شہداء کی یادگار قائم کرنے کے کیا اقدامات کئے؟ ہم نے انکی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنے کے لئے کیا کیا۔ جواب بالکل نفی میں ہے تو کیا یہ قوم ومذہب کے عظیم شہداء کے ساتھ ناانصافی نہیں ہے؟ کیا انکی قیمتی جانوں کا بدلہ صرف یہی ہے کہ ایک دفعہ مجلسِ سوئم و چہلم کرادی جائے اس کے بعد انہیں فراموش کر دیا جائے؟ کیا احسان کا بدلہ یہی احسان فراموشی ہے؟

قارئین محترم!

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا سید الشہداء حضرت امام حسینؑ مظلوم کے حقیقی پیروان میں شمار کیا جائے تو ان شہداء کو بھی یاد رکھنا ہوگا۔ کیونکہ انہوں نے بھی سید الشہداء حضرت امام حسینؑ کی تاسّی کرتے ہوئے راہِ حق میں اپنی جانیں قربان کی ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی قوم زندہ وبیدار رہے تو شہادت کی عظمت ومنزلت کا اعتراف کرنا ہوگا۔ شہید کو اس کا حق دینا ہوگا جذبہ شہادت وحریّت کا پرچار کرنا ہوگا۔ شہیدانِ راہِ حق کی یادگار قائم کرنی ہوگی۔ وگرنہ ''تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں''

(بشکریہ شہید ۱۹۸۴ء دار التبلیغ الاسلامی پاکستان، کراچی)

قول معصوم

''ظلم کرنے والا، اُس کا مددگار، اُس پر راضی رہنے والے سب ہی (ظلم میں) شریک ہیں'' (حضرت امام محمد تقی علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خون شہداء کے تقاضے اور ہماری ذمہ داریاں

سید اظہار مہدی بخاری (روالپنڈی)

ہم ماضی کی تاریخ کا مطالعہ کریں اور پاکستان کے ماضی قریب کے حالات کا تجزیہ کریں تو یہ بات بار بار مشاہدے میں آتی ہے کہ جب بھی یہاں کوئی اہل علم، روحانی، مذہبی، سیاسی، سماجی یا تنظیمی و جماعتی شخصیت شہید ہوتی ہے تو اس کے دنیاوی مقام و مرتبے اور دینی تقاضوں کے مطابق مراسم تجہیز و تکفین ادا کی جاتی ہیں۔ اس کے بعد بے گناہ قتل پر بھرپور احتجاج کیا جاتا ہے۔ احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

خبری بیانات شدت کے ساتھ جاری کئے جاتے ہیں۔ شہید کے جنازے کے اجتماع پر، پھر سوئم، چہلم اور پھر برسی کے اجتماع پر دھواں دھار تقریریں کی جاتی ہیں، جس میں اس واقعہ کی مذمت کی جاتی ہے، دہشت گردوں اور قاتلوں کی گرفتاری کے مطالبات دہرائے جاتے ہیں، شہید سے اظہار یکجہتی کیا جاتا ہے اور شہید کے اوصاف کی قصیدہ خوانی ہوتی ہے، اکثر شہداء تو پہلی برسی کے بعد ہی ورثاء اور متعلقین کے اذہان سے محو ہو جاتے ہیں، چند خوش قسمت شہداء ایسے ہوتے ہیں جن کے تعزیتی اجتماعات ایک سال سے زائد عرصہ تک جاری رہتے ہیں اگرچہ ان اجتماعات کو شہید کے تذکرے کے ساتھ ساتھ شہید کے مشن کی ترویج کا ذریعہ ہونا چاہیے تھا لیکن ایسا اکثر نہیں ہوتا۔

مذہب اہل بیتؑ اور مکتب تشیع کا امتیاز تو یہی ہے کہ اس کی بنیاد ہی شجاعت سے پہچانی گئی ہے۔ حضرت امیر حمزہؓ سے لیکر امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ تک اور امام حسن مجتبیٰؑ سے لے کر امام حسن عسکریؑ تک، شہید اول سے لے کر شہید عارف الحسینیؒ، شہید سید ضیاء الدین رضوی اور شہید حسن ترابی تک ایک طویل سلسلہ شہادت ہے جو تاریخ شیعیت پر محیط ہے۔ شہادت کی چاشنی سے اہل تشیع دیگر مکاتب کی نسبت زیادہ آگاہ ہیں اس لئے ان کی ذمہ داریاں بھی کچھ الگ اور منفرد ہیں۔

اگر شہادت کے درج بالا سلسلے کا بنظر غائر جائزہ لیا جائے تو ہم اس المیے سے باخبر ہوں گے کہ ہم نے ان شہداء کے ساتھ ان کے استحقاق کے مطابق وفاداری اور وفا شعاری کا مظاہرہ کسی دور میں بھی کاملاً نہیں کیا۔ حضرت امیر حمزہ کی شہادت کے موقع پر نبی مکرمؐ نے اپنے چچا کے غم میں اپنے تمام اصحاب و انصار کو غم منانے کا حکم فرمایا۔ امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ کی مظلومانہ شہادت پر عوامی اور اس وقت کے ہمدردوں کا ردعمل بھی تاریخ میں رقم ہے۔ حضرت امام حسن مجتبیٰؑ کے پُر درد جنازے کے ساتھ ہونے والے سلوک پر مسلمانوں کی خاموشی بھی ہماری یادداشتوں میں محفوظ ہے۔ امام حسینؑ کے ساتھ پیش آنے والے عالمگیر واقعہ پر مسلمانوں کا سکوت بھی ہمارے اذہان میں آج تک رقم ہے۔ امام زین العابدینؑ سے لے کر امام حسن عسکریؑ کی شہادت تک عوامی سرد مہری ہمیں اب بھی کف افسوس ملنے کے علاوہ کوئی سہارا فراہم نہیں کر رہی۔ پھر شہید اول سے لے کر ہر دور کے علماء اور بزرگان اور دین سے عقیدت رکھنے والے انسان کی شہادت پر ہمارا روایتی انداز بھی تاریخ کی ایک ناقابل تردید حقیقت بن چکی ہے۔

دنیا کے دیگر خطوں کے حالات اور ماضی، حال، مستقبل سے صرف نظر کرتے ہوئے اگر ہم صرف اپنے وطن عزیز پاکستان کے گذشتہ ساٹھ سال نہ سہی بلکہ چالیس سالہ تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں ٹھیڑھی (خیر پور میرس سندھ ۱۹۶۳) میں ہونے والے شیعوں کے قتل عام پر بھی ہم نے اس قدر اس سانحے کی حقیقی مظلومیت تھی۔ پھر گلگت میں ہونے والے علی الاعلان لشکر کشی (۱۶ مئی تا ۲۶ مئی ۱۹۹۸ء امور شمالی علاقہ جات قاسم شاہ کی سرپرستی تفصیلات کے لیے ملاحظہ فرمائیں شہداء گلگت بلتستان از محبت علی قیصر) اور قتل عام پر بھی اجتماعی سطح پر ہمارا ردعمل ویسے نہیں آیا جیسے اس واقعہ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تقاضہ تھا۔ پھر پاراچنار اور صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں تسلسل کے ساتھ اہل تشیع سے ہونے والی زیادتیوں پر آواز نہیں اُٹھائی گئی۔ گذشتہ مارشل لائی دور کے آغاز میں شیعہ مساجد وامام بارگاہوں، قرآن کریم، شعائر اللہ، تبرکات وزیارات اور شیعہ املاک کو متعدد بار نذر آتش کرنے کے باوجود بھی ہم خواب غفلت سے بیدار نہیں ہوئے۔ پھر اسی مارشل لائی دور میں شیعہ مکتب فکر کے خلاف کفر کے فتوے لگانے والے اور شیعہ عقائد واکابرین کے خلاف غلیظ ترین اور زہریلی زبان استعمال کرنے والوں کے خلاف بھی ہم اس گمراہ کن پروپیگنڈے کا شکار ہوکر منتشر ہوگئے کہ یہ ہماری ہی قومی جماعت کے تشکیل پانے کا ردعمل ہے۔

آخر کار وہ وقت بھی آیا کہ ہمارے پہلے سے ہی مظلوم قائد علامہ عارف حسین الحسینی کو شہید کردیا گیا لیکن اس دفعہ بھی وہی ہوا جو ماضی کے شہداء کے ساتھ ہوچلا آرہا تھا یعنی شہید حسینی کا نام لے لے کر اپنے ذاتی مفادات کا حصول شروع ہوگیا اور شہید کے مشن، شہید کی جماعت، شہید کے بنائے ہوئے نائبین اور قائدین، شہید کی سیاسی وقومی پالیسیوں کی مخالفت شہید کے نام پر ہی شروع کردی گئی اور شہید کے نام پر مگر مچھ کے آنسو بہا کر بعد کے دور میں شہید کے مشن کی تکمیل میں براہ راست رکاوٹیں ڈالی گئیں۔ شہید کے مقدمے کی پیروی اور شہید کے مشن کی تکمیل کے عملی جدوجہد ترک کرکے ہر سال شہید کی برسی کے پروگرام منعقد کرکے اپنے مخصوص ایجنڈے کو تقویت دی جاتی رہی اور مزار شہید پر حاضری کے بہانے سادہ لوح نوجوان کے اذہان کو راہ راست سے ہٹانے کا سلسلہ شروع ہوا جس کا واضح نقصان موجودہ حالات میں ملت کے سامنے عیاں اور واضح ہوچکا ہے۔

شہید علامہ عارف حسینی کی شہادت کے بعد پاکستان میں پیروکاران مکتب تشیع کے قتل عام کا سلسلہ باقاعدہ اور منظم ہوتا گیا اور اس میں تیزی آتی گئی اور ہم سے اتنے قیمتی اثاثے چھینے گئے جن کے مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی، ڈاکٹر محمد علی نقوی، انور علی اخونزادہ، خورشید انور ایڈوکیٹ، سید جاوید حیدر تقوی، ذوالفقار حسین نقوی، ایوب علی صدیقی، اعجاز رسول نگری، سید وقار حسین نقوی ایڈوکیٹ، علامہ بدرالدین میکھو، علامہ سید ضیاء الدین رضوی اور علامہ حسن ترابی اس کی چند مثالیں ہیں۔

ماضی قریب میں علامہ ضیاء الدین رضوی کی شہادت کے واقعہ کو ہی دیکھ لیجئے ان کی شہادت کے موقع پر ملی حوالے سے قابل قدر ردعمل سامنے نہیں آیا اور ان کے مشن (بالخصوص نصاب تعلیم کے حوالے سے اقدامات) کے لیے عملی کام کرنے کی بجائے بہت سے گروہوں نے احتجاج کے نام پر چند اجتماعات منعقد کرکے داخلی انتشار کو فروغ دیا اور قومی قیادت پر تنقید کی جاتی رہی اب جب ان کا منفی مقصد پورا نہیں ہوا تو وہ شہید ضیاء الدین کی شہادت کو ہی بھول گئے۔

دوسری بڑی مثال علامہ حسن ترابی شہید کی ہے۔ (یہاں ضمناً اس بات کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ ہمارے ہاں یہ عادت اور کلچر فروغ پاچکا ہے کہ جب کوئی اعلی، پرخلوص، سرگرم، مجاہد، مبارز، شجاع، مصلح، متقی، معتمد اور ملی اتحاد کا درد رکھنے والی شخصیت اس دنیا میں موجود ہوتی ہے تو اس پر تنقید، طعن وتشنیع، الزامات، تہمت سنگ زنی اور بہتان طرازی کا سلسلہ جاری رکھا جاتا ہے اور جب وہ شخصیت اس دنیا سے چلی جاتی ہے یا شہید کردی جاتی ہے تو اس کے کردار کی تعریفیں شروع ہوجاتی ہیں، اس کی کمی محسوس کی جانے لگتی ہے اس کے نام پر اپنے مفادات کی تکمیل اور بعض اوقات چندے کے نام پر مالی مفادات بھی حاصل کیے جاتے ہیں جو نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ اس کی بیخ کنی کی سخت ضرورت ہے) جنہیں ان کی زندگی میں ہر تکلیف سے دوچار کیا گیا اور ان پر ہر قسم کی تنقید کی گئی اور الزامات لگائے گئے لیکن جب وہ شہید ہوگئے تو پھر سب کو ان کے جانے کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دکھ ہونے لگا اوران کا ثانی اور متبادل کسی آنکھ کو نظر نہیں آیا۔ یہی ہمارا المیہ ہے کہ ہر شہید کی شہادت کے واقعہ کے بعد ہم اسی طرز عمل کو دہراتے اور پھر زندہ لوگوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اوران کو قبر کی وادی میں دھکیلنے تک اپنی عادت جاری رکھتے ہیں۔

میرا خیال ہے اب بہت ہو چکا لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے اس کلچر کو فروغ پانے سے روکا جائے شہداء کے بے گناہ خون کا احساس کیا جائے، شہداء کے یتیموں کا لحاظ رکھا جائے، شہداء کے مقدمات کی عدالتوں سے عدم پیروی کا خیال کیا جائے، شہداء کے خانوادوں کی تنہائی کا احساس کیا جائے، شہداء کے قاتلوں اور دہشت گردوں کی مسلسل بریت اور رہائیوں سے باخبر رہا جائے، شہداء کے پسماندگان کی بیچارگی اور مفلسی کا ادراک کیا جائے۔

ماضی میں تشیع کے خلاف ہونے والی تمام سرکاری اور ریاستی سازشوں اور دہشت گردی کے پس پشت حقیقی قوتوں کا شعور حاصل کیا جائے اور مستقبل میں تشیع کے خلاف تیار کی گئی سازشوں کے مقابلے کی تیاری کی جائے، اپنی خاموشی، لاتعلقی، سرد مہری، بلاوجہ تنقید، گروہ بندی، گروپ سازی، ذاتی و جماعتی اختلافات، سطحی اختلافی امور، لاحاصل بحث، الزامات واتہامات کا سلسلہ جاری رکھ کر شہداء کے خون سے انحراف اور مفر اختیار نہ کیا جائے بلکہ ہمارے درمیان موجود جید علماء قومی قائدین، ہمدرد و مخلص شخصیات اور ملت کی حقیقی قیادت پر فائز شخصیت (علامہ سید ساجد علی نقوی) اور قومی جماعت کا احترام اس کی زندگی میں ہی کیا جائے اوران کی ضرورت کی اہمیت کو سمجھا جائے، ان کی خدمات اور زحمات کی قدر دانی مسائل کے حل کے لیے ان کے پالیسیوں پر عمل کیا جائے۔

پاکستان میں تشیع کے خلاف دہشت گردی سمیت تمام اقدامات کے خلاف لائحہ عمل اختیار کرنے کے لئے ان پر اعتماد کیا جائے اور انکی پشت پناہی کی جائے۔ تاکہ آنے والے کل میں ہم کف افسوس نہ ملتے رہیں اور ندامت کے آنسو نہ بہاتے رہیں اور اپنے کئے پر نہ پچھتاتے رہیں اور اپنے بلا جواز کاموں کی غیر ضروری توجیہہ بیان نہ کرتے رہیں۔

یہی شہداء کے مقدس لہو کا تقاضا ہے۔

یہی مستقبل میں ہر قسم کے مسائل ومشکلات سے بچنے کا راستہ ہے۔

یہی شہداء کے مشن کی تکمیل کا واحد ذریعہ ہے۔

اور یہی ہمیں شہداء کے قافلے سے ملانے کی سیدھی راہ ہے۔

آیئے شہدائے ملت سے عہد کریں کہ ہم

..... شہدا کے لہو کا پاس اور لحاظ رکھیں گے۔

..... شہداء کے مشن کو جاری رکھیں گے۔

..... شہداء کے لیے اپنے داخلی اتحاد کو قائم رکھیں گے۔

..... شہداء کے نام پر اپنی ذاتی اور گروہی نمود ونمائش کرنے کی بجائے ملی اور قومی سطح پر بننے والی پالیسوں کے احیاء اور نفاذ کیلئے مل کر کام کریں گے۔

..... اور بالا آخر شہداء کے ساتھ شامل ہوں گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت نے ہم کو چنا

امتحاں کے واسطے

ماں	(شہید سید وقار حسین نقوی ایڈووکیٹ)	کراچی
باپ	(شہید ڈاکٹر آغا سید حیدر عباس)	کراچی
بہن	(خواہر شہید سید ندیم حسین)	کراچی
بھائی	(سید محمد علی فرزند مولانا سید رضی حیدر)	کراچی
زوجہ	(شہید علامہ سید علی حسنین نقوی)	کراچی
بیٹا	(فرزند شہید سید صابر حسین ہاشمی)	کراچی
بیٹی	(شہید شوکت حسین مرزا)	کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تشکیل پاکستان میں شیعیت کا کردار

(علامہ حسن ترابی کے ایک طویل مضمون سے اقتباس)

''آج وقت کی سب سے بڑی ضروری یہ ہے کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو پاکستان کی جدوجہد اس کے مذہبی سیاسی تمدنی اور اقتصادی پس منظر سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان زعماء اور کارکنوں کی خدمات سے بھی آگاہ کریں جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ تشکیل پاکستان میں شیعوں نے ایثار جان ومال کے ذریعے حصہ لیا اور تحریک آزادی کو اپنے انفاس واموال وثمرات کی قربانی کے ذریعے سے مضبوط وفعال بنایا تو یہ کوئی نئی بات نہیں اس لئے کہ شیعہ قوم کا فکری اساس ہی ظلم کے خلاف جہاد ہے اور یہی شیعوں کی پہچان ہے۔ اور

اسلام کی تعلیم بھی، شیعہ عدل کو حیات کائنات کا قانون اور زندگی کی بقاء اور ارتقاء کا اصول مانتے ہیں ظلم کے خلاف جہاد کو زندگی کا مقصد اول سمجھتے ہیں تشیع دراصل قیام قسط وعدل کی تحریک کا دوسرا نام ہے۔

احسان کر کے جتانا محمدؐ وآل محمدؐ کے ماننے والوں کی فکر وضمیر کے خلاف ہے لیکن اگر کسی خاص مقصد کے تحت سچائی کو چھپایا جائے۔ وفاداروں کو غدار اور غداروں کو وفادار ثابت کرنے کی ناپاک وناکام کوشش کی جائے تو ان احسانات کو جتا دینا سیاہ چہرہ سے سفید نقاب ہٹا دینے کے مترادف ہے۔ تاکہ تاریخ کا ریکارڈ درست رہ سکے۔

۳۰ دسمبر ۱۹۰۶ میں جن شیعہ عمائدین نے شہر ڈھاکہ میں آل انڈیا مسلم لیگ کی سنگ بنیاد رکھی تو ان بنیاد رکھنے والوں میں بانی محرک حضرت عماد الملک مولوی حسین بلگرامی، سر آغا سوئم، راجہ صاحب محمود آباد سر محمد علی خان اور عزیز مرزا شامل تھے۔

حضرت عماد الملک مولوی سید حسین بلگرامی عرصہ دراز تک حیدر آباد دکن دولت اصفیہ کے مختلف عہدوں پر فائز رہے بعدہ انگلستان میں وزیر ہند کے ممبر کونسل منتخب ہوئے تصنیف وتالیف کے میدان آپ کے یادگار وہ خطبات عالیہ ہیں جو وقتاً فوقتاً آپ علی گڑھ ایجوکیشنل کانفرنس میں دیتے رہتے تھے جو رسائل عماالملک کے نام سے شائع ہوئے اور ادبی وفکری دنیا میں بہت مقبول ثابت ہوئے آپ نے قرآن کا ترجمہ انگریزی زبان میں کیا تھا''

(ماہنامہ تحریک جولائی اگست ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک ماں کے تاثرات

آہ! شہید سید وقار حسین نقوی

والدہ شہید

رائے ونڈ ریلوے اسٹیشن سے کچے کی جانب پانچ میل دور ایک پسماندہ گاؤں موضع بھیل کے ایک مشترکہ خاندانی نظام تحت آباد سادات گھرانے میں رہائش پزیر تین بھائیوں میں سے منجھلے بھائی سید شبیر حسین کے یہاں ۱۶ مئی ۱۹۵۲ کو ایک بچہ پیدا ہوا جو صورت میں اپنے دادا کی تصویر تھا۔ جن کو ہم سید وقار حسین نقوی کے نام سے جانتے ہیں۔

کچھ وقت گاؤں رہنے کے بعد سید شبیر حسین اپنے خاندان کے ہمراہ پشاور چلے گئے جہاں کچھ عرصے قیام کے بعد مستقلاً لاہور آ گئے۔ لاہور کے حسینیہ ہائی اسکول سے سید وقار حسین نے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اسکول کے منتظم شہید کے ماموں سید محمد صادق تھے۔ جو اپنے وقت کے ایک دیندار اور مصلح شخصیت تھے جنہوں نے اُس دور میں شیعہ بچوں کے یتیم خانہ بنوایا، پریس لگا کر دینی رسائل جاری کیے اور فروغ عزاداری کے سلسلے میں ملک کے علاوہ بیرون ملک مبلغین کو روانہ کیا۔

اس ماحول اور تربیت کا اثر تھا کہ شہید وقار حسین بھی دینی امور میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے باوجو تعلیم سے کبھی غافل نہیں ہوئے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ ملازمت بھی کرتے رہے۔ پہلے کراچی میں اسٹیٹ بنک میں کچھ عرصہ ملازمت کی پھر پاکستان اسٹیل ملز سے وابستہ رہے۔ جس کے بعد ایک سال سعودی عرب میں برسر روزگار رہے۔ سعودی عرب سے پاکستان واپس آ کر شادی کی۔ کراچی میں اپنی دینی خدمات کا آغاز دو امام بارگاہوں کے انتظامی امور کے سنبھالنے سے کیا۔ پھر ایک مدرسے کی بنیاد رکھی جہاں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم کا بھی انتظام تھا۔ اسی دوران معاشیات میں ایم اے کیا اور مقابلے کا امتحان (C.S.S) پاس کیا، ابتدائی پوسٹنگ گلگت میں ہوئی مگر والدہ نے جانے کی اجازت نہیں دی کیونکہ گلگت جانے کی وجہ سے دینی خدمات کے سلسلے میں التوا پیدا ہو رہا تھا۔ ان تمام سرگرمیوں کے باوجود شہید نے تعلیم کے سلسلہ کو بھی جاری رکھا، LAW کا امتحان پاس کیا اور وکالت شروع کر دی۔

وکالت کے دوران بھی یہ صوفی منش انسان بندگان خدا کی بلا معاوضہ خدمت انجام دیتا۔ تحریک جعفریہ سندھ کے قانونی مشیر ہونیکی وجہ سے ملت جعفریہ سے متعلق مقدمات کی ایک بڑی تعداد آپ کے پاس ہوتی تھی۔ سہیون سے اغوا ہونے والے مغوی افراد کی رہائی ہو یا آگرہ تاج کالونی کے جلوس عزا کے گرفتار شدگان عزاداروں کی رہائی، شہید وقار نقوی پیش پیش نظر آتے تھے۔ پاسبان اسلام کے نام سے اسکاؤٹ تنظیم کا اجراء بھی شہید کا کارنامہ ہے جو مجالس عزا کے انتظامات میں معاون و مددگار ثابت ہوئے۔ شہید نے کئی مدارس کے امتحانات میں مہتمم کے فرائض بھی انجام دیئے۔

آپ کی ملی خدمات اور صلاحیتوں کے پیش نظر آپ کو تحریک جعفریہ پاکستان کا ایڈیشنل مرکزی سکریٹری جنرل منتخب کر لیا گیا جس کے سبب آپ کی مصروفیات میں بے حد اضافہ ہو گیا۔ آپ کی شمار شہید علامہ عارف حسین الحسینی کے انتہائی معتمد ساتھیوں میں ہوتا تھا۔ شہید اتحاد بین المسلمین کے داعی تھے۔ مگر اس سب کے باوجود اُنہوں نے اپنی دینی و مذہبی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اپنی خاندانی امور کو بھی بطریق احسن نبھایا۔ اپنے بہن اور بھائیوں کی شادیاں کیں۔ شہید وقار حسین نقوی کی فعالیت دشمن کی نگاہوں میں ایک طویل عرصے سے کھٹک رہی تھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یکم محرم الحرام مطابق ۱۶ اپریل ۲۰۰۰ کی صبح جب شہید اپنی صاحبزادی کو فاطمہ ڈینٹل کالج واقع شہید ملت روڈ پر اُتارنے کے لیے رو کے تو دہشت گردوں اور دشمنان اہلبیت نے گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس سید وقار حسین نقوی، آپ کے بڑے صاحبزادے سید ارصاد مہدی جو بی کام کا امتحان پاس کر چکے تھے اپنے والد کا دفتری امور میں ہاتھ بٹانے تھے اور ڈرائیور سید اقبال حسین موقعہ پر ہی شہید ہو گئے جبکہ آپ کی صاحبزادی شدید زخمی ہو گئیں۔ آپ کے پسماندگاں میں ضعیف والدہ، اہلیہ، ۴ صاحبزادیاں اور ۳ صاحبزادے ہیں۔

شہداء کی نماز جنازہ امام بارگاہ شاہ کربلا رضویہ سوسائٹی میں ادا کی گئی اور تدفین سخی حسن قبرستان میں عمل میں آئی جبکہ ڈرائیور سید اقبال حسین کی تدفین شہید کے آبائی علاقہ پاراچنار میں عمل میں آئی۔

جو جی کے مرتے ہیں اُن کی الگ ہے نسل　　جو مر کے جیتا ہے وہ میرا خانوادہ ہے

(اختر ہاشمی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک باپ کے جذبات

شہید ڈاکٹر آغا حیدر عباس کے والد سے ایک ملاقات

شہزاد علی سید

آدم سے لیکر خاتم تک اور خاتم سے لیکر امامت تک زندگی کا قافلہ چلتا رہا ہے اور چلتا رہیگا۔ زندگی نام ہی ہے مسافرت کا۔ سفر تمام ہوا زندگی ختم ہوئی۔ کہیں سفر طویل ہے تو کہیں قلیل۔ اب یہ بندے بندے کی بات ہے کہ وہ اپنے طویل یا مختصر سے سفر میں مٹی کا قرض چکاتا ہے یا نہیں۔ بہتیرے اپنے طویل سفر میں معدوم ہی رہتے ہیں اور کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جو بن کھلے مرجھاتے ہیں مگر اپنے مختصر سے سفر میں وہ کچھ کر جاتے ہیں جو آنے والوں کے لئے مشعل راہ کا کام دیتے ہیں۔ عباس انہیں شخصیتوں میں سے ایک ہے جو ابھی شاخِ نازک پہ سنبھل بھی نہ سکا تھا کہ قزاق اجل نے کام تمام کر دیا ایسے لوگ عظیم ہوتے ہیں اور ان کو جنم دینے والے بھی عظیم تر۔

سید رضی حیدر صاحب، عباس کے والد محترم ہیں۔ ہم نے اس عظیم فرزند کے عظیم باپ سے ان کے خیالات جاننے کی کوشش کی۔ جو گفتگو انہوں نے کی جو نظریات انہوں نے بتائے یقیناً اس میں کچھ اختلافی پہلو ہوں گے مگر یہ عظیم فرزند کے عظیم باپ کے نظریات ہیں۔ اس عظیم فرزند کے جو ہمارا محسن ہے۔ ہمیں اس میں خیانت کرنے کا کوئی حق نہیں۔

ہم بنیادی طور پر مذہبی لوگ ہیں۔ سیھن پورالہ آباد (انڈیا) میں ایک بڑا وقف ہے جہاں ہمارے زیر انتظام مذہبی امور بحسن وخوبی انجام پاتے ہیں۔ عباس شہید کی تعلیم سینٹ پال اسکول میں ہوئی جہاں سے انہوں نے سنیئر کیمبرج کیا مغربی ماحول کی وجہ سے ان میں تھوڑا سے مغربی رنگ آ گیا تھا۔ مناسب وقت پر روک تھام کیوجہ سے وہ زیادہ دیر قائم نہ رہا اور میڈیکل کالج میں داخلے کے بعد خاص طور سے تبدیلی نمایاں ہوئی اور مذہب سے خاصا لگاؤ پیدا ہو گیا یہ بڑی خوش آئند بات ہے اور ہم بھی بہت مطمئن ہوئے جوں جوں وقت گذرتا گیا مذہب سے لگاؤ بڑھتا رہا اور مذہبی معاملات میں خاصی دلچسپی لینے لگے صحت سے غفلت اور اس خیال سے کہ ایم۔ بی۔ بی ایس فائینل سال ہے میں نے سمجھایا تھا کہ ڈاکٹر بن کر وہ اپنی قوم کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔

ان باتوں سے وہ خاموش ہو جاتے تھے ویسے بھی وہ مجھ سے بحث نہیں کرتے تھے اسی دوران مجھے ملک سے باہر جانا پڑا اور جب واپس آیا تو کہانی ختم ہو چکی تھی۔ میں ایک عظیم امید کی کرن اور بہت سی مشقتوں کا پھل ظاہری طور پر کھو بیٹھا ہوں۔ عالم مادی کے فنا ہونے والے مفاد اور سرسری نظریہ دنیاوی کے لحاظ سے تو نقصان اُٹھایا اور لوگوں کی نظروں میں بھی جو حقیقت سے نا آشنا ہیں، یہی ہے۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری تنگ نظری ہے یا اسے دنیاوی مفاد پرستی سمجھیں یا قرآنی آیتوں اور احادیث ائمہ سے غفلت کے اسباب تصور کریں کیونکہ عقل انسانی حقیقی فیصلے کرنے سے قاصر ہے جیسا کہ ارشاد باری ہے ''تم کو علم نہیں دیا گیا ہے حقیقت پر مبنی مگر بہت کم''۔ اور عقل کے فیصلے کے بارے میں اللہ فرماتا ہے، ''اے انسان بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو تم انہیں دل سے پسند کرتے ہو لیکن حقیقت میں وہ تمہارے لئے مضر ہیں اور بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو تم پسند نہیں کرتے ہو مگر حقیقت میں وہ تمہارے لئے سعادتِ ابدی کا باعث ہیں''۔

اس ترجمے سے معلوم ہوا کہ عقلِ انسانی کے ظاہری فیصلے کسی کام کے نہیں۔ اور ایک طرف اگر شہیدانِ راہِ حق کے بارے میں بیان ہونے والی احادیث کی طرف نظر کی جائے تو معلوم ہوگا کہ راہ خدا میں شہادت ایک عظیم منزلت اور ایک اعلیٰ شرافت اور بے انتہا عزت اور حقیقت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں خدائی نعمت ہے۔ قیامت میں شہید کئی گناہ گاروں کے لیے باعثِ شفاعت بنتا ہے اور دنیا میں اہل دل کیلئے طاقت ہے اور جہاد چاہنے والوں کے لیے قوت ہے اور آئندہ آنے والی نسل کیلئے درس عبرت ہے جیسا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ صرف بیٹے کی ایک شہادت نے اس کراچی کے اندر عمومی طور پر اور رضویہ سوسائٹی کے جوان طبقہ کے اندر خصوصی طور پر اسلامی جذبہ اور مذہبی خدمات کے اثرات نمایاں کر دیئے ہیں جسکا واضح ثبوت دار التبلیغ الاسلامی کا قیام ہے اور انشاء اللہ عنقریب اسمیں اضافہ ہونیکا امکان ہے۔

کیا اچھا ہوتا اگر ہم اس مذہب حقہ کے ماننے والے تمام افراد کے اندر ایسا جذبہ پیدا ہوجائے اور مذہبی علماء واقعی عالم دین کا رویہ اپنائیں اور مذہب حقہ پنجتن پاکؑ کی خدمت کو تو کیا سے کیا ہوتا۔ اور میں نے جو حدیثیں اور روایات علمائے کرام وذاکرین عظام سے شہید کے بارے میں سنیں تو مجھے بہت ہی اطمینان ہوا۔ حضرت پیغمبر اسلامؐ سے روایت ہے کہ ایک دروازہ جسکا نام باب الجاہدین ہے اللہ کی راہ میں شہادت پانے والوں کیلئے یہ دروازہ مخصوص ہے،

دوسری روایت میں ہے: سب سے پہلا قطرہ شہید کا جو زمین پر گرتا ہے تو اسی وقت اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے سب گناہوں کو بخش دیتا ہے ایسی عظیم مغفرت کے باوجود اگر کوئی شہادت کو سعادت نہ سمجھے تو وہ حیف قساوت قلبی کے علاوہ کچھ نہیں۔ بعد میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ سب کو خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔"

(بشکریہ شہید دار التبلیغ اسلامی ۱۹۸۴)

نوٹ: شہید کے والد جناب آغا سید رضی حیدر صاحب حبیب بینک کے سینئر انتظامی عہدے سے ریٹائرڈ ہوئے ہیں آپ کے دوسرے صاحبزادے آغا غلام حیدر سانحہ مسجد حیدری سندھ مدرسۃ الاسلام میں ۷ جولائی ۲۰۰۵ کو شدید زخمی ہوئے ۱۳ جولائی ۲۰۰۵ کو راہی ملک عدم ہوئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بہن کے احساسات

خواہر شہید سید ندیم حسین کا مجلس سوئم پر خطاب

ہم سرخرو ہیں! ہماری والدہ محترمہ سرخرو ہیں!

حضرت فاطمہ زہراؑ کے سامنے کہ ہم نے ان کے پوتے (حضرت) علی اکبرؑ کا ایک فدیہ

ان کے حضور پیش کیا۔ قرآن میں ارشاد خداوندی ہے کہ

''ان لوگوں کو مردہ نہ کہو جو خدا کی راہ میں شہید ہوئے وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کی طرف سے رزق پاتے ہیں''

آج ندیم حسین کی شہادت بتاتی ہے کہ

وہ راہ حسینؑ کا مسافر تھا، وہ امام زمانہؑ کی راہوں کو ہموار کرنیکی سعی کرنے والا تھا۔

ہمارا سلام ہو اُس ماں پر، جس نے ایسی تربیت کی اپنے فرزند کی

کہ وہ دین کی نصرت کرتے ہوئے شہید ہو گیا۔ ہمارا وہ بھائی!

جس کی سدا سے یہ آرزو تھی کہ وہ جام شہادت نوش کرے۔

وہ کامیاب ہوا ! اُس نے جام شہادت نوش کیا ! اُس نے اپنے ہدف کو پالیا!

ہماری مائیں اور ہماری بہنیں جو شریک عزائے حسینؑ ہیں

ہمیں تعزیت پیش کرنے کے لیے تشریف لائیں ہیں

اُن سے فقط اتنی گذارش ہے کہ خدارا! مقصد امام حسینؑ کو سمجھیں

جناب زینبؑ کی پیروی کریں اور

ایسے ندیموں کو اپنی گودوں میں پروان چڑھائیں،

ایسی تربیت دیں کہ وہ اسلام کی راہ میں،

(حضرت) امام حسینؑ کی راہ میں شہید ہو جائیں۔

ان میں جہاد کا، شہادت کا جذبہ ہو!

ہمارا بھائی کا قصور کیا تھا؟ فقط اتنا کہ وہ یہ چاہتا تھا کہ

اس پاک سرزمین پر سامراج کو، استعمار کو، طاغوت کو کامیابی حاصل نہ ہو۔

ان کی چالیں ناکام ہوں۔ سپاہ یزید کبھی کسی امام بارگاہ کی بے حرمتی نہ کر سکے۔

عزاداری کو نقصان نہ پہنچا سکے۔ یہ جلوس، یہ عزاداری (امام) حسینؑ،

ہمارا اسلامی تشخص ہمیشہ باقی رہے اور اسلام (محمدیؐ) سربلند رہے۔

امام نے جس مقصد کے لیے اپنی جان کو قربان کیا تھا، وہ ہمیشہ ہمارے پیش نظر رہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمارا بھائی بھی یہی چاہتا تھا۔ اُس کی بھی یہی آرزو تھی۔

اس نے اپنی آرزو کو پایا۔ اے امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ

آپ کو ہمارا بھائی پسند تھا! آپ نے ہمارے بھائی کو واپس بلا لیا۔

یا امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ ہماری آپ سے التجا ہے کہ

ہماری ماؤں اور ہماری بہنوں کو

جناب زینب علیہا السلام کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما!

ہمارے برادران کو جذبہ (حضرت) علی اکبر علیہ السلام عطا فرما!

ہم سے ہمارا بھائی چھٹا ہے، جدا ہوا ہے لیکن ہمارا بھائی زندہ ہے

آج ہمارے بھائی کی روح ہمارے اردگرد موجود ہے!

ہماری آنکھیں اُسے دیکھنے سے قاصر ہیں

ہمیں معلوم ہے کہ ہمارا بھائی زندہ جاوید ہے اور اس بزم عزا میں موجود ہے۔

جو شہادت کی عظمت کو پالیتا ہے! جو سمجھ جاتا ہے کہ شہادت کیا ہے؟ تو

اُس کے لیے موت، موت نہیں رہتی! موت شہد سے زیادہ شیریں ہو جاتی ہے۔

اور وہ بڑھ کر شہادت کو اپنا شعار بنا لیتا ہے۔ شہید ندیم حسین کا یہی پیغام ہے کہ

''دیکھو خط محمدؐ و آل محمد علیہم السلام کو نہ چھوڑنا اور اس راہ پر چلتے رہنا''

دشمن یہ نہ سمجھے کہ ہمارے ایک ندیم کو شہید کر کے حسینی مشن کو آگے بڑھنے سے روک دیں گے

نہیں یہ مشن کبھی نہیں رک سکتا ہے۔ بلکہ ہمیشہ آگے بڑھتا ہی رہے گا۔

چاہے اس راہ میں ہمیں کتنی ہی جنازے اٹھانے پڑیں لیکن

ہمارے قدم پیچھے نہیں پلٹیں گے بلکہ

آگے ہی بڑھتے رہیں گے۔

یا امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ

ہم کو اتنی قوت، استقامت اور توفیق عطا فرما کہ

ہم تمام مومنین اور مومنات کربلا والوں کے

نقش قدم پر چلیں اور شہید کی عظمت کو سمجھیں۔

والسلام

(حوالہ ''شمع محفل'' کتابچہ بیاد شہید سید ندیم حسین شائع کردہ آئی ایس او گلبہار یونٹ سے اقتباس)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بھائی کے احساسات

مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا

سید محمد علی فرزند شہید مولانا سید رضی حیدر نجفی

وہ ۱۲ ستمبر ۲۰۰۱ کی ایک عام سی صبح تھی جب ایک گھرانہ کے ۴ افراد اپنے گھر سے فروغ وتحصیل علم کے لیے نکلے۔ سربراہ گاڑی چلا رہے تھے اُن کی اہلیہ اور دو فرزند ہمراہ تھے یہ دونوں آنے والی نسلوں کو علم کی دولت سے مالا مال کرنے کے لیے اسکول جا رہے تھے۔ اہلیہ کو اُن کے اسکول چھوڑنے کے بعد یہ باپ بیٹے اپنی منزل یعنی حبیب پبلک اسکول کی جانب سفر کر رہے تھے۔ سربراہ کا نام مولانا سید رضی حیدر نجفی ہے جو گاڑی چلا رہے تھے، چھوٹے فرزند سید عباس علی اُن ساتھ فرنٹ سیٹ پر اور سید محمد علی پچھلی سیٹ پر بیٹھے ہوئے تھے۔

اس اندوہناک سانحہ کی باقی تفصیل سید محمد علی کی زبانی ''تقریباً ساڑھے سات بجے جب ہماری کی گاڑی شون سرکل چورنگی پر روکی تو اُس وقت ایک آدمی پنجاب کالونی کی طرف سے دوڑتا ہوا ابّو کی گاڑی کے پاس آیا، وہ ہمیں دیکھ رہا تھا ہم نے اُس کو دیکھا وہ ایک انتہائی خوف ناک اور چیچک زدہ چہرے کا مالک تھا۔ وہ ہنس رہا تھا میرے دل نے کہا کہ یہ کچھ کرنے والا ہے۔ اُس نے ڈرائیونگ سیٹ کے بالکل قریب آ کر ابو پر فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کی آواز نہیں تھی۔ گولیاں میرے ابو اور چھوٹے بھائی سید عباس علی کو لگ رہیں تھیں۔

میں پیچھے بیٹھا ہوا دیکھ رہا تھا کہ میرا بھائی بالکل سفید ہو گیا، ابو کو گولیاں لگتی رہیں اور میں رو رہا تھا ابو نے مجھے پیچھے مڑ کر دیکھا پھر اپنا سر سیٹ پر ٹکا دیا یہ دیکھ کر میں نے ابو سے پوچھا ابو کیا ہوا اور آگے کی جانب بڑھا تو ایک سنسناتی ہوئی گولی میرے سر میں لگی۔ مگر گولی کی تکلیف بالکل بھی محسوس نہیں ہوئی۔ پھر لوگ جمع ہو گئے اور مجھے دوسری گاڑی میں ڈال کر اسپتال لے جایا جانے لگا تو میں نے اپنی گاڑی کی جانب دیکھا تو پتہ چلا کہ میرا چھوٹا بھائی بھی ابو کے ہمراہ شہید ہو چکا ہے''

میرے والد کی کسی شخص سے بھی دشمنی نہیں تھی اور نہ ہی کسی مذہبی یا سیاسی تنظیم سے تعلق تھا البتہ وہ ایک خانے خدا اور امام بارگاہ بعنوان ''مسجد وامام بارگاہ صاحب الزماںؑ'' بلاک ۱۴ گلستان جوہر میں تعمیر کرانے کے گناہگار ضرور تھے۔ اس کے سنگ بنیاد کے وقت سے ہی قریب واقع ناصبیوں کے مدرسے والوں نے اس کی تعمیر کے خلاف ایک محاذ بنا لیا تھا۔ دو مرتبہ اس مسجد کی چار دیواری کو گرایا گیا مگر خدا کے کاموں میں کسی کی نہ چل سکی اور وہ مسجد وامام بارگاہ تعمیر ہو کر رہی۔ میرا خیال ہے شاید یہی سبب ہو اُن کی شہادت کا؟

مجھے فخر ہے کہ میں ایک صاحب اخلاق وکردار شخص کا فرزند ہوں۔ میرے والد نے بلا تفریق مذہب ومسلک غریبوں کی امداد کی، وہ ہر شخص کے کام آنے والے انسان تھے۔ مجھے یاد آ رہا ہے کہ ریاض نامی (شاید فرضی نام ہو) ایک اہلسنت سے تعلق رکھنے والا ایک شخص اکثر ابو سے ملنے مسجد آتا تھا اور کبھی گھر ڈیفنس بھی۔ ابو اُس کی مدد کرتے تھے۔ اس واقعہ سے ایک ہفتہ قبل وہ گھر آیا تھا۔ پھر ۱۱ ستمبر کی رات تقریباً ۱۲ بجے ابو کو اُس کی فون کیا اور کہا کہ میں صبح کو سعودی عرب جا رہا ہوں آپ کو خدا حافظ کہنا ہے۔

اس اندوہناک واقعہ کو بیان کرنا کتنا مشکل اور تکلیف دہ ہے یہ اُس کے دل ودماغ سے پوچھے کہ جن کے عزیزوں کو اُن سے جدا کر دیا گیا ہے کوئی عام انسان اس کرب کا تصور بھی نہیں کر سکتا ہے جو ان کے گھر والوں سہتے ہیں۔ محمدؐ وآل محمدؐ کے صدقے میں خدا نے ہم کو صبر عطا کیا ورنہ شاید میرا اور میری والدہ کا زندہ رہنا ممکن نہ ہوتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہماری مالک دو جہان سے دست بستہ درخواست اور دعا ہے کہ کسی بھی انسان حتیٰ دشمن کے ساتھ بھی ایسا کوئی سانحہ پیش نہ آئے۔ آمین یاربُ علمین بحق آل لطاھرین

نوٹ۔ اس بچے کو واقعہ کی جزیات آج بھی یاد ہیں مگر اس ملک میں رائج قانون۔ قانون کی بالادستی کا راگ الاپ نے والے اور انصاف کو گھر کی دہلیز پر فراہمی کے نعرے لگانے والے اس بچے کو انصاف تو کجا تحفظ بھی فراہم کرنے سے قاصر ہیں لہذا گرفتار شدہ قاتل عدالت سے باعزت بری ہو گئے۔

القرآن

جس نے ایک بے گناہ انساں کو قتل کیا اس نے گویا تمام انسانوں کو قتل کیا
اور جس نے ایک انساں کی جان بچائی اس نے گویا تمام انسانوں کی جاں بچائی۔
(مائدہ ۳۲)

تم نہ خوف زدہ ہو نہ غمگین اگر تم مومن ہو تو سب سے سربلند ہو۔
(سورۂ آل عمران ۱۳۹)

اقوال معصومینؑ

''میرے دین کا قوام (قیام) چار چیزوں سے ہے۔ علماء کے علم سے اور مالداروں کی سخاوت سے حاکموں کی عدالت سے اور فقراء محتاج لوگوں کی دعا سے۔ (حضرت محمد مصطفیٰؐ)

''ہم جس چیز کا حکم دیتے ہیں اگر اس پر عمل کرتے ہو اور جس چیز سے روکتے ہیں اس سے پرہیز کرتے ہو تو ہمارے ماننے والوں میں سے ہو ورنہ ہرگز نہیں''
(حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک زوجہ کے جذبات

آہ! مولانا سید علی حسنین نقوی شہید

تحریر: عاصمہ علی حسنین نقوی

مولانا سید وصی احمد نقوی کے گھر میں ۱۴ مارچ ۱۹۶۳ء کو جس مولود نے آنکھ کھولی اس کا نام پیدائش سے پہلے ہی بشارتاً تجویز ہو چکا تھا۔ والد خود مولانا تھے انہیں خواب میں حکم دیا گیا تھا کہ اپنے بیٹے کا نام علی حسنین رکھنا ہے۔ منصۂ شہود پر آنے والے اس مولود کا اپنے والد کی اولاد میں چوتھا اور آخری نمبر تھا۔ والدین انڈیا صوبہ بہار ضلع کھجوا سے پاکستان بننے کے بعد کراچی ہجرت کر کے آئے۔

خانوادۂ امامت سے پنجتن پاکؑ میں شامل تینوں آئمہؑ کی سیرت کا عکاس بنے اور وہی ہوا۔ بچہ پروان چڑھتا رہا جب شعور کی سرحدوں سے بہت دور تھا جبھی باپ کی پیشانی کو اپنے ننھے ہاتھ سے دباتے ہوئے اور دوسرے ہاتھ سے اپنے سینے پر ماتم کر کے یا حسینؑ کہتا رہتا والد مذاق سے ٹوکتے اور کہتے کیا ابھی سے باپ کی مجلس پڑھ رہے ہو۔ سچ کہا ہے پوت کے پاؤں پالنے میں ہی نظر آجاتے ہیں۔ یہ لاشعوری حرکات وسکنات پکار پکار کر اس بچے میں چھپے ذاکر کو عیاں کر رہی تھیں۔ مگر یہ صرف ''دیدۂ بینا'' رکھنے والے لوگ جانتے تھے۔ اور والد تو خود صاحب تقویٰ تھے انہوں نے اپنے اس ''گوہر یگانہ'' کو پہچان لیا تھا۔ والدہ خود ایثار وصبر کی اپنی مثال آپ تھیں جنہوں نے اپنے شوہر کی پہلی بیوی سے بیٹے کو اپنی اولاد سے زیادہ محبت دی اور اتنی زیادہ مادرانہ شفقت سے پالا کہ اگر انکی اپنی حقیقی والدہ بھی ہوتیں تو اتنی شفقت نہ دے پاتیں۔ اسکے ساتھ ساتھ اپنی ایک بیٹی اور دو بیٹوں کی اتنی اچھی تربیت کی کہ دنیا حیران رہ گئی سچ ہے ''عورت چاہے تو بگاڑ دے اور چاہے تو بنا دے'' انکے ایک بیٹے علی حسنین نقوی کو تو دنیا نے خود ہی مان لیا۔

بچہ اپنے والدین کے سائے اور بہن بھائیوں کی محبت بھری فضاؤں میں پروان چڑھتا رہا وقت گذرتا رہا اور بچے کی اندرونی و بیرونی خوبیاں پالش ہوتی رہیں۔ والدین سے بڑی نعمت دنیا میں اور کوئی نہیں جب تک والد حیات رہے علی حسنین نے اُن سے پورا فیض اُٹھایا۔ پھر الٰہی فیصلہ پر ۱۹۸۴ میں والد دنیا سے چلے گئے مگر جاتے وقت وہ علی حسنین سے بالکل راضی تھے جدائی کا صدمہ تو تھا مگر اطمینان تھا کہ باپ راضی گئے ہیں اک والدہ رہ گئی تھیں علی حسنین نے دل وجان سے اپنی اک واحد متاع حیات کی خدمت کو حاصل زندگی سمجھ لیا تھا۔ وہ جس نے ''عالم دین'' بننا اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا تھا دورانِ تحصیل علم اپنی والدہ کی بیماری کی وجہ سے انہیں تعلیم روکنا پڑی مگر ماں کی خدمت کو فرض اولین سمجھتے ہوئے انہوں نے اپنی والدہ کی اسقدر خدمت کی کہ اگر پوری زندگی کوئی اور عمل نہ بھی کرتے تو جنت کی ضمانت کے لئے یہی کافی تھا۔ یہ ماں کی دعائیں اور اُنکا خلوص تھا کہ وہ عالم دین بننے کے سفر پر پھر چل پڑے۔ ماں دُعائیں دیتی دنیا سے ۱۹۸۹ میں رخصت ہوئی تھیں۔

علی حسنین سے مولانا تک کا سفر انہوں نے کراچی کے امام حسینؑ فاؤنڈیشن سے شروع کیا، کراچی بورڈ سے ایف۔اے اور کراچی یونیورسٹی سے بی۔اے کیا پھر لاہور کے حوزۂ علمیہ جامعۃ المنتظر سے ایم اے عربی اور ایم اے اسلامیات کیا جو کہ پنجاب یونیورسٹی سے الحاق شدہ ہے۔ ایران کے شہر ''قم'' میں ایک سال تحصیل علم کیا۔ شادی کرنا سنت نبویؐ ہے ملتان کے معروف نقوی خاندان کی لڑکی کو پروردگار نے شہید کا جوڑ قرار دیا۔ شہید نے ۲ مئی ۱۹۹۳ بمطابق گیارہ ذیعقد کو سنت نبویؐ کو پورا کیا۔ اللہ نے شہید کو ۲ بیٹوں کی نعمت عظمیٰ سے نوازا۔ شہید کو بیٹی کی بہت تمنا تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید نے لاتعداد افراد کو تعلیم قرآن سے سرفراز کیا۔ شہید حبیب پبلک اسکول میں ناظرہ واسلامیات کی تعلیم دے رہے تھے۔ اس کے علاوہ شہید امامت کرنے کی عظیم ذمہ داری بھی نبھا رہے تھے۔ اللہ کے گھر میں نیابت کے فرائض مختلف ادوار میں مختلف مقامات پر ادا کرتے رہے۔ سب سے پہلے اسلامک ریسرچ سینٹر میں امامت کا عظیم فریضہ سرانجام دیا۔ پھر پی آئی اے ائیر پورٹ پر اثنا عشری مسجد میں فرائض امامت ادا کیے مسجد امامیہ میں پیش نماز رہے۔ اور اب حسینیہ سجادیہ کے مغربین کے پیش امام تھے۔ اس کے علاوہ نمازِ جمعہ وعیدین پڑھاتے تھے۔

انتہائی خوش الحانی سے قرأت کرتے تھے کہ آواز ہی سے لوگوں کے دل کھنچنے لگتے ایک بار ڈنمارک سے آئے ہوئے کچھ لوگوں نے اُنکی قرأت سنی تو انہیں ڈنمارک میں پیش امامی کی آفر کی مگر شہید نے پاکستان سے جانا مناسب نہ سمجھا اور عاجزی سے معذرت کرلی وہ قانع ومطمئن اپنے حال میں مگن، خوش رہنے والے۔ اپنے بیوں بچوں سے عشق کی حد تک محبت کرتے تھے۔ کبھی بچوں کو نہیں مارا کہتے تھے کہ اگر مارنے سے نشان پڑ جائے تو دیت ادا کرنی پڑتی ہے۔ اسقدر محتاط اور شرعی زندگی گزارتے تھے۔ رنگوں میں سفید رنگ بہت زیادہ پسند کرتے تھے کھانے میں دال چاول رغبت سے کھاتے تھے ویسے جو کچھ مل جاتا اللہ کا شکر کرکے کھالیتے تھے۔

سیرت ائمہ کا چلتا پھرتا نمونہ تھے۔ کم کھاتے اور انتہائی کم سوتے تھے رجب کے مہینے سے روزے رکھ لیا کرتے تھے۔ پیش امام ہونے کے ساتھ ساتھ ذاکر اہل بیتؑ بھی تھے تقریباً سارا سال ہی مجالس سے خطاب کرتے تھے۔ مصائب جناب سیدہ کا اکثر وبیشتر تذکرہ کرتے تھے۔ جہاں مولاؑ کا نام یا مصائب کا ذکر کرتے یا سنتے آنکھوں میں اشک اُمنڈ آتے تھے۔ ہر رشتہ میں کامیاب تھے بہترین بیٹا، بہترین بھائی، بہترین شوہر، بہترین باپ، بہترین داماد غرض کہ الفاظ نہیں کہ اُنکی حقیقی تعریف کی جائے حضرت علیؑ کے قول کے مطابق ''دنیا میں ایسے رہو کہ لوگ ملنے کے مشتاق رہیں اور جب چلے جاؤ تو لوگ تمہیں یاد کریں''۔

انہوں نے ایسی ہی زندگی بسر کی بچوں میں بچہ جوانوں میں جوان اور بزرگوں میں بزرگ اور عالموں میں عالم تھے۔ مختصراً پابند شرع خوش گفتار، حلیم الطبع، منکسر المزاج، بردبار، ملنسار، غریب پرور، غریب نواز ائمہؑ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ضرورت مندوں کی خفیہ طور پر مدد کرتے تھے۔ کہ اب شہادت کے بعد اس راز سے پردہ اٹھا ہے۔ جھوٹ کبھی مذاق میں بھی نہیں بولتے تھے۔ ایک بار ایک ضرورت مند آیا شہید کے پاس ان دنوں فقط دوسو روپے تھے جھوٹ گوارا نہ تھا اس لئے اس سے کہا کہ میرے پاس صرف دوسو روپے ہیں۔ سو تم رکھ لو اور سو میں رکھ لیتا ہوں تمہارا بھی اللہ مالک ہے اور میرا بھی۔ ہر ممکن طور پر بس ''طاہر'' رہنے کی کوشش کرتے تھے۔ اسلئے سڑک پر بھی اتنی احتیاط سے چلتے کہ کوئی چھینٹ نہ آئے۔ طہارت وپاکیزگی کی تقریباً آخری حدوں پر تھے۔ زندگی کی دعائیں دیتے اور زندہ رہنا چاہتے تھے۔ انتہائی مہمان نواز تھے گھر میں کچھ نہ ہو تو بھی مہمان کو کھانا کھلائے بغیر جانے نہ دیتے۔ شہادت کے دن گھر میں بھانجا ملنے آیا ہوا تھا۔ تقریباً ۴ بجے اسکول سے گھر آئے۔ زوجہ نے کھانے کا پوچھا تو بولے کہ نہیں پہلے میں نہاؤں گا اگر وقت بچے گا تو کھانا کھاؤں گا۔

شہید طہارت کے معاملے میں بہت سخت تھے تقریباً سوا یا ڈیڑھ گھنٹے تک نہایا کرتے تھے کہ شرعی طور پر بہت سے لوگوں کی نماز کے وہ ذمہ دار تھے۔ اس دن بھی حسب معمول غسل کرکے نکلے تو وقت دیکھ کر بولے کہ نہیں ابھی کھانا نہیں کھاؤں گا چائے دیدو۔ زوجہ نے چائے بننے رکھ دی تو بچوں کو ٹیوشن پر چھوڑنے کے لئے جانے لگے ملنے والی آئی ہوئی تھیں انہوں نے کہا کہ بچے اب کچھ بڑے ہوگئے ہیں اکیلا بھیجا کریں تو فوراً بولے نہیں میں کم از کم تین سال تک اپنے بچوں کو خود چھوڑ کر آؤں گا۔ چھوڑ کر آئے تو چائے اور ڈبل روٹی کا سلائس لیا۔ گھر سے نکلتے ہوئے متعدد بار اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زوجہ کو خدا حافظ کہتے رہے زوجہ سے کہا کہ بھانجے کو روک لینا رات کو میں نماز پڑھا کر آتا ہوں ساتھ کھانا کھائیں گے۔ باوضو تھے جیب میں تسبیح تھی جو کہ ہمیشہ رہتی تھی ''آؤ آ کر دروازہ بند کرلو'' زوجہ کو کہا پیچھے آئیں تو پلٹ کر حسب عادت دو تین بار خدا حافظ کہا۔ انہوں نے دروازہ بند کرلیا۔

حسب معمول وہ عرشی شاپنگ مال کے نزد بس اسٹاپ تک پہنچ کر کھڑے مسجد پہنچنے کیلئے بس کے منتظر تھے یزید لعین نے مولاؑ کے اس ذاکر کو پکڑ لیا۔ سر اور دل پر گولیاں ماریں اتباعِ حسینی کا یہ زندہ نمونہ وقت شہادت نماز کی طرف تھا وہ جس نے انتہائی پاکیزہ زندگی گزاری۔ کبھی کسی تحریک تنظیم میں شامل نہ رہے بجز تحریک محمد وآل محمدؐ کے۔ کبھی کسی کا دل نہ دکھایا ہر مکتبہ فکر نے شہید سے محبت کی ہے اتنا پاکیزہ لہو کہ جسکی تاثیر نے عالم کے نظام کو بدل کر رکھ دیا۔ جسکے لہو اور بے گناہی نے شیطان بزرگ کو بھی ہلا کر رکھ دیا جسکے جاتے ہی عتاب الٰہی نے اپنی جھلک دکھانا شروع کردی ہے۔

اے بنی آدمؑ نگاہِ قلب سے بغور دیکھ!
کربلا برپا تھی کل کربلا برپا ہے آج
کربلا برپا رہے گی تا ابد محشر تلک

زندگی حقیقی زندگی کا حامل شہید۔ مردوں میں زندہ ''اگر ایک کے مرنے سے دس زندہ ہوں تو یہ زندگی ہے'' اور علی حسنین نقوی سے بڑھ کر کون زندہ ہوگا کہ جس نے اپنی زندگی دے کر پوری قوم کو نئی زندگی دیدی شہید کب مرتے ہیں اور ایسے شہید زندہ تھے زندہ ہیں اور زندہ رہیں گے۔ سنو ایمان والو!

دعائے نیم شب میں اٹھا کر دونوں ہاتھوں کو
کبھی جو رب سے کچھ مانگو تو ایسی زندگی مانگو

(عالمی امامیہ میگزین کراچی)

اقوال معصومین

''نیکوکاروں کو نیکی کی ضرورت، ضرورت مندوں سے زیادہ ہے کیونکہ نیکی کرنے سے اُنہیں اجر وثواب اور عزت وشہرت حاصل ہوتی ہے لہذا جب کوئی نیکی کرتا ہے تو سب سے پہلے خود اپنے حق میں نیکی کرتا ہے''
(حضرت امام محمد تقی علیہ السلام)

''جہالت اور کنجوسی مذموم ترین عادتیں ہیں'' (حضرت امام علی نقی علیہ السلام)

''اللہ سے ڈرو اور ہمارے لیے زینت بنو باعث شرمندگی نہ بنو'' (حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام)

''اگر ہدایت کے طالبگار رہو گے تو ہدایت ملے گی اور اگر ڈھونڈو گے تو پاؤ گے'' (حضرت امام مہدی علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بیٹے کے جذبات

پیارے ابو! مجھ سے کیوں ناراض ہو گئے؟

دنیا سے چلے گئے، خواب میں ہی آجایا کرو۔ اب میں کس کے ساتھ کھیلوں گا۔ کون مجھے اسکول جانے کے لیے بیدار کرے گا؟

ایک معصوم بیٹے کی باتیں، یادیں، جس کا باپ دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بنا (کراچی کے در و دیوار پر خون کے چھینٹے پھیلتے جارہے ہیں۔ ہر گلی، ہر محلے اور ہر علاقے میں موت کا سناٹا ہے۔ بازاروں میں لوگ ہیں لیکن اُن کے دل بجھے ہوئے اور چہرے خوف زدہ ہیں۔ ہر دروازے کی آڑ سے موت جھانکتی نظر آتی ہے۔ کبھی بیواؤں کی ڈوبتی ابھرتی سسکیاں سنائی دیتی ہیں تو کبھی ماؤں کی آہیں، اُن کی پکار ساعت سے ٹکراتی ہیں تو عجیب بے چینی سی ہوتی ہے اور جب بچوں کی سہمی سہمی نظریں اِدھر اُدھر اپنے باپوں کو تلاش کرتی ہیں تو سنگدل سے سنگدل انسان بھی تھرا جاتا ہے لیکن درندہ صفت انسانوں کے دل نہیں تڑپتے۔ دہشت گردوں کے ہاتھوں اب تک نہ جانے کتنے گھر برباد ہو گئے، کتنی ماؤں کی گود اُجڑ گئی، کتنی سہاگنیں بیوہ ہو گئیں اور کتنے بچے یتیم ہو گئے۔ آئے دن دہشت گردوں کی گولیوں کی زد میں بے گناہ لوگ اپنے پیاروں کو بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ اُن پیاروں پر کیا بیت رہی ہے، اس کا احساس ایک معصوم بچے کی دکھ بھری داستان سے بخوبی ہو سکتا ہے۔ یہ والدین کا اکلوتا بچہ ہے۔ اس معصوم کا پیارا باپ دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بن گیا۔ باپ تو دنیا سے چلا گیا لیکن بیٹا باپ کے بغیر کیسے زندگی گزار رہا ہے۔ کس طرح قدم قدم پر اپنے ابو کو یاد کر رہا ہے۔ اس کا اندازہ معصوم یتیم بیٹے کا حال دل اُسی کی زبانی سُن کو ہو جائے گا)۔

میں وہ بدنصیب بیٹا ہوں، جس کے پیارے ابو کو درندوں نے زبردستی مجھ سے چھین کر کبھی نہ واپس آنے والے جہاں میں بھیج دیا۔

ابو! مجھے آج بھی یاد ہے کہ جب میں چھوٹا سا تھا، آپ مجھے اپنی گود میں لے کر سیر کرانے لے جاتے تھے، اگر کبھی پیدل چلنا پڑتا اور سفر طویل ہوتا تو آپ مجھے چلتے چلتے اپنی گود میں لے لیتے کہ میں آپ کا چھوٹا سا بیٹا کہیں تھک نہ جاؤں اور جب آپ چلتے چلتے تھک جاتے تو بجائے مجھے گود سے اتارنے کے اپنی کاندھوں پر بٹھا لیتے اور یہ سفر اور بھی خوبصورت ہو جاتا تھا۔ جب آپ مجھ سے میری طرح بچوں کی زبان میں باتیں کرتے اور میری اکثر باتوں پر آپ بے ساختہ ہنستے کہ میں اپنے بھولپن میں نہ جانے کس بات کا کیا جواب دیتا تھا۔ مجھے ابھی تک اپنی پہلی سالگرہ یاد ہے، جب آپ نے پورے خاندان اور اپنے دوستوں کو مدعو کیا تھا، اس دن آپ بہت خوش تھے اور بار بار مجھے دوسروں کی گود سے اپنی گود میں لے لیتے تھے، خوب پیار کرتے تھے اور سب سے کہتے کہ یہ میرا بیٹا ہے، بہت ہی پیارا بیٹا.....! میں اس سالگرہ کی ویڈیو دیکھتا ہوں تو سارے منظر ثابت کرتے ہیں کہ واقعی آپ نے میری سالگرہ کا اہتمام کتنے بڑے پیمانے پر کیا تھا اور اہتمام میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔

جب میرے اسکول میں داخلے کا وقت آیا تو آپ مجھے کسی بڑے اور اچھے اسکول میں داخل کرانے کے لیے کتنے متفکر تھے تاکہ میرا مستقبل اچھا ہو اور میری بہترین شخصیت بن سکے، ہاں اسکول کا وہ پہلا دن بھی مجھے یاد ہے جب اسکول جانے سے پہلے آپ نے گھر پر یونیفارم میں میرا فوٹو بنایا تھا اور کہا تھا کہ آج میرے بیٹے کا اسکول میں پہلا دن ہے، یہ فوٹو اس کی یادگار رہے گا اور ہاں آپ اور امی جب اسکوٹر پر مجھے اسکول چھوڑنے گئے تھے تو راستے میں اسکوٹر پنکچر ہو گئی تھی اور اسکول ٹائم شروع ہونے میں چند منٹ تھے، آپ نے مجھے اسی پنکچر اسکوٹر پر بٹھا کر پیدل ہی تیزی سے چلنا شروع کیا، امی بھی ساتھ ساتھ تیزی سے پیدل ہی چلی جارہی تھیں، آپ پسینے میں شرابور تھے اور کوشش کر رہے تھے کہ کسی بھی طرح وقت پر اسکول پہنچ جائیں، کیوں کہ آج میرے اسکول کا پہلا دن تھا اور بالآخر مجھے اسکول کے گیٹ تک ٹھیک وقت پر لے کر پہنچ گئے تھے، ابو ایسی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محبت تو کم باپ کرتے ہوں گے جیسی آپ کو مجھ سے تھی۔

اسکول کے رزلٹ والے دن آپ نے میری خاطر دفتر سے چھٹی کر لی تھی اور خوش ہو کر کہا تھا کہ میرے بیٹے کا آج رزلٹ ہے اور میں خود اپنے بیٹے کے ساتھ اسکول جاؤں گا، آپ میرے خاطر دیر تک نتیجے کا انتظار کرتے رہے اور جب میرے رزلٹ کا اعلان ہوا تو آپ کی خوشی دیدنی تھی، ایسا لگتا تھا کہ دنیا میں صرف یہی ایک باپ ہے، جس کے بیٹے کا آج رزلٹ آیا ہے، ہم خوشی خوشی گھر آرہے تھے لیکن میری صرف ایک فرمائش پر آپ نے مجھے باہر کھانا کھلایا اور ہم انجوائے کر کے گھر آئے تھے، راستے میں آپ نے مجھے بیٹ بال لے کر دی تھی اور کہا تھا اب چھٹیوں میں ہم اپنے بیٹے کے ساتھ کرکٹ کھیلیں گے۔ پھر جب آپ بولنگ کراتے تھے تو اس احساس کے ساتھ کہ کہیں کوئی تیز بال آپ کے بیٹے کو زخمی نہ کر دے اور جب میری بولنگ اور آپ کی بیٹنگ کا وقت آتا تو مجھے لگتا تھا کہ آپ جان بوجھ کر جلدی آؤٹ ہو جاتے کہ میرے بیٹے کو کسی بھی طرح صرف خوشی ملے اور کوئی تکلیف نہ ہو، پچھلے سال تو چھٹیوں میں آپ نے بڑے پروگرام بنائے تھے، ہم صبح صبح پارک چلے جاتے اور خوب ورزش سے لطف اندوز ہوتے تھے اور ہاں آپ نے بھی تو اپنی سالانہ چھٹیاں میرے اسکول کی چھٹیوں کے ساتھ لی تھیں کہ ہم خوب اچھی طرح چھٹیاں انجوائے کریں گے اور پھر واقعی ہم نے کئی پکنک منائیں، گیمز کھیلے اور بہت انجوائے کیا تھا مگر آج میں ہوں اور میری تنہائی.....! آپ کی یادیں، آپ کی باتیں، آپ کا پیار اور میٹھی میٹھی ڈانٹ سب کچھ ایک خواب سا ہو کر رہ گیا ہے، سب کچھ ختم ہو گیا اور آپ مجھے چھوڑ کر نہ جانے کہاں چلے گئے اور میں اس دنیا میں آپ کے بغیر بالکل تنہا اور اداس ہو کر رہ گیا ہوں، میرے دوست مجھے بلاتے ہیں، میں نہیں جاتا، امی سمجھاتی ہیں، میں نہیں سمجھ پاتا، خاندان کے لوگ اور آپ کے دوست سب مجھے پیار کرتے ہیں مگر ابو! آپ کی محبت، آپ کی چاہت، آپ کی شفقت کسی کے پاس نہیں ہے۔

ابو.....! کاش میں اس دن اسکول نہ جاتا اور کسی بہانے آپ کو بھی روک لیتا، اگر اس دن ہم دونوں گھر کے قریب والی مسجد میں نمازِ جمعہ پڑھنے جاتے تو آج بھی ہم ساتھ ساتھ ہوتے۔

مجھے یاد ہے ابو! اس دن آپ صبح بہت جلد سو کر اٹھ گئے تھے، آپ ہی نے مجھے جگایا تھا کہ ''بیٹے! اٹھو اسکول کا وقت ہو رہا ہے'' ہاں آپ ہی اکثر مجھے اٹھاتے تھے کہ آپ کی آواز میں دوستی اور محبت کا عنصر زیادہ تھا، امی تو بس کچن سے آوازیں دیتی تھیں کہ بیٹے! اٹھو جلدی کرو، جلدی اٹھو مگر آپ میرے سرہانے بیٹھ کر میرے بالوں میں انگلیاں پھیر کر ٹھنڈے میٹھے لہجے میں مجھے اٹھاتے تھے، ہاں اس دن میں آپ کی ایک ہی آواز پر اٹھ گیا تھا اور آپ نے نہ جانے کیوں میری ساری تیاری خود اپنے ہاتھوں سے کی تھی، ناشتے کے بعد میرا بیگ اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر اسکول وین تک خود مجھے چھوڑنے بھی آئے تھے اور حسبِ عادت چپکے سے مجھے دس روپے بھی دیے تھے کہ کولڈ ڈرنک پی لینا۔

جب میں اسکول سے واپس گھر آیا تو سب کچھ ٹھیک تھا، جمعہ کی وجہ سے اسکول کی چھٹی جلدی ہو جاتی ہے، اس لیے بھی میں تقریباً ایک بجے گھر آ گیا تھا، امی نے میری پسند کی ڈش بنائی تھی، میں نے کپڑے تبدیل کیے اور نہانے چلا گیا کہ آپ کا فون آجائے گا کہ ہاں بیٹا اسکول سے آ گئے، آج پڑھائی کیسی ہوئی، ہوم ورک کیا ملا اور یہ کہ آرام کر کے شام کو ٹھیک وقت پر ٹیوشن کے لیے چلے جانا۔ امی کھانا میز پر لگا چکی تھیں مگر میں باتھ روم میں ہی تھا، گرمی کی وجہ سے کچھ دیر اور نہانا چاہتا تھا، امی بار بار مجھے پکار رہی تھیں کہ اچانک فون کی گھنٹی بجی، میں بھی اتنی دیر میں نہا کر آ چکا تھا، فون ابو کے دوست کا تھا، انہوں نے نہ جانے کیا بات کہی کہ امی گھبرا گئیں اور ابو کا موبائل نمبر انہیں دیا اور فون بند کرنے کے بعد خود بھی ابو کا موبائل نمبر ملانے لگیں، بار بار ملاتیں لیکن نمبر ملنا تھا نہ ملا، کچھ دیر بعد ماموں کا فون آیا، یقین اور غیر یقینی کی کیفیت تھی، امی بس دعائیں کر رہی تھیں، رو رہی تھیں، دادا، دادی بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آ گئے تھے، امی ہر فون پر یہی کہہ رہی تھیں "ہاں ہاں! وہ اسی مسجد میں نماز پڑھتے تھے "ان کا موبائل نہیں مل رہا ہے، ان کے دفتر فون کیا تو وہاں بھی ان کے دیگر ساتھی بھی پریشان تھے، کوئی صحیح بات بتانے کی پوزیشن میں نہ تھا، گھر میں عجیب افسردگی کا عالم تھا، کھانا ٹھنڈا ہو چکا تھا، بھوک مٹ گئی تھی، دعائیں لبوں پر تھیں کہ تقریباً چار بجے ایک فون آیا اور پھر میں، امی، دادا اور دیگر لوگ دیوانہ وار ایدھی سرد خانے کی طرف دوڑے وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ حادثے کی صرف ایک ہی لاش اب تک آئی ہے، ایک شخص نے کہا کہ آپ چاہیں تو شناخت کر لیں اور وہ لاش میرے پیارے پیارے ابو کی تھی، پھر کیا تھا، سسکیاں چیخوں میں بدل گئیں، آہیں، آنسوؤں میں بہہ گئیں، امی بیہوش ہو چکی تھیں، میں اکیلا رہ گیا تھا، میرے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہوا ہے اور اب کیا ہوگا، میرے ابو بے حس و حرکت پڑے تھے، لوگ مجھے دیکھ کر چمٹاتے اور روتے تھے مگر مجھے تو رونا بھی نہیں آ رہا تھا کہ ابو نے مجھے کبھی رونے نہیں دیا تھا، میں بے حس سا سب کی شکلیں دیکھ رہا تھا، دادا بوڑھے اور بیمار تھے مگر اس دن انہوں نے اتنے بڑے غم کے باوجود مجھے ایک لمحے کے لیے بھی اپنے سے الگ نہیں ہونے دیا، میں نہیں جانتا تھا کہ موت کیا ہوتی ہے، میت کسے کہتے ہیں، قبر اور کفن کیا ہوتا ہے لیکن اس دن مجھے سب کچھ معلوم ہو گیا مگر میں ان تمام حالات میں بھی اپنے ابو کو ڈھونڈ رہا تھا، میں ان کا ہاتھ پکڑ کر گھر جانا چاہتا تھا، میں تھک گیا تھا، میرا دوست مجھے نہیں مل رہا تھا اور کوئی مجھے اس کے پاس جانے نہیں دے رہا تھا، جب بھی میں ابو کی طرف جانے کی کوشش کرتا، کوئی نہ کوئی مجھے چمٹا لیتا اور مجھ سے لپٹ کر یا گود میں لے کر رونے لگتا، وقت گزرتا رہا، نمازِ جنازہ ہوئی، سب ابو کو لے کر قبرستان گئے اور میں وہاں اپنی سب سے قیمتی اور خوبصورت ہستی کو چھوڑ کر خالی ہاتھ تنہا ہی اپنے گھر آ گیا، گھر پر امی بیہوش تھیں، عجب منظر تھا، ایسا منظر میں نے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا اور ہاں وہ رات..... میری زندگی کی پہلی طویل ترین رات جب میں اپنے پیارے ابو کے بغیر نہ جانے کب تک جاگتا رہا اور نہ جانے کب سو گیا۔

میرے ابو، اللہ میاں کے پاس چلے گئے تھے، وہ وہاں چلے گئے تھے جہاں سے کوئی بھی واپس نہیں آتا، لوگ کہہ رہے تھے کہ وہ جنت میں گئے ہیں، کیوں کہ وہ اللہ کے گھر میں اللہ کے احکامات کی خاطر اور اس کی عبادت کے لیے موجود تھے، جب اللہ نے ان کو اپنے پاس بلا لیا۔

میرے ابو کا سوئم، چہلم ہو چکا، سب لوگ اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے، اب میں ہوں، امی ہیں اور ابو کی یادیں، باتیں، سسکیاں اور آہیں جو کبھی چیخیں بن جاتی ہیں، میرے ابو جنت میں میرے بغیر اداس ہوں گے اور میں یہاں ان کے بغیر تنہا، اداس اور بے چین ہوں، کسی پل قرار نہیں آتا، ہر آہٹ پر ایسا لگتا ہے کہ ابو آ گئے ہیں، ہر روز شام پونے چھ بجے ایک مخصوص کال بیل کا انتظار کرتا ہوں مگر روزانہ یہ وقت بھی خاموشی سے گزر جاتا ہے اور میں تنہا اپنے ابو کو یاد کر کے روتا اور سسکتا رہ جاتا ہوں، امی بے حال رہتی ہیں، وہ بھی سسکتی رہتی ہیں تھوڑی تھوڑی دیر بعد اچانک مجھے چمٹا کر ہذیانی انداز میں چلانے لگتی ہیں، ابو آپ کیا گئے، سب کچھ چلا گیا، اب شام کے سائے تیزی سے گہرے ہونے لگتے ہیں، اب شام کے ساتھ ہی رات آ جاتی ہے اور جاتے جاتے ہمیں پھر صبح کے حوالے کر جاتی ہے، ہاں اب صبح چڑیاں نہیں چہچہاتیں، اب کوئلیں نہیں کوکتیں، اب مور نہیں ناچتے، اب آپ کے قہقہے نہیں گونجتے، اب ہمارے گھر میں خوشی کا کوئی لمحہ نہیں آتا، ہاں ایک چیز جو میں نے کبھی نہیں دیکھی تھی، وہ ہمارے گھر میں آ گئی ہے اور وہ ہے قبرستان کی سی خاموشی..... روتے روتے امی کی آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ گئے ہیں، کھانا پینا انہیں اچھا نہیں لگتا، رات کو دیر تک جاگتی رہتی ہیں، خلا میں گھورتی رہتی ہیں، میں قریب جاتا ہوں تو چونک کر جلدی سے اپنے آنسو صاف کر کے مجھے اپنے پاس بٹھا لیتی ہیں اور پھر زور زور سے رونے لگتی ہیں۔

اسکول کی چھٹیاں شروع ہو گئی ہیں مگر ابو کے نہ ہونے سے ہر طرف ویرانی ہے، کوئی خوشی، کوئی پروگرام، کوئی گیم، کوئی پکنک نہیں اور اب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو بارشوں کا موسم بھی آرہا ہے، بارشیں ہوں گی اور میں پچھلی چھٹیوں کی بارشوں کو یاد کر کے اکیلا بیٹھا رہوں گا اور ابو کو یاد کرتا رہوں گا کہ جب میں اور گھنٹوں چھت پر نہاتے تھے، بال کھیلتے تھے، امی چائے، پکوڑے لے کر چھت پر ہی آجاتی تھیں اور دیر تک ہم وہیں بیٹھے رہتے تھے۔

مگر میں چھت پر جاتے ہوئے خوف محسوس کرتا ہوں،

تنہائی کا خوف،

اکیلے پن کا خوف.....

اب چھٹیوں کے بعد اسکول کیسے جاؤں گا،

ابو ہی مجھے صبح جگاتے تھے، بیگ بھی ابو ہی لے کر وین تک جاتے تھے

اور چپکے سے دس روپے بھی دیتے کہ کولڈ ڈرنک پی لینا

مگر اب پینے کے لیے صرف گرم گرم آنسو ہی رہ گئے ہیں،

خدا حافظ ابو! خدا حافظ.....! ٹاٹا.....

(روزنامہ جنگ کراچی یکم جون ۲۰۰۴)

جناب ایم اے ایچ اصفہانی کا ایک عدالتی بیان

سندھ بلوچستان ہائی کورٹ متفرق درخواست نمبر 11/1968، محترمہ شریں جناح کی جانب سے دائر درخواست برائے جانشینی سرٹیفکٹ بسلسلہ ترکہ فاطمہ جناح متوفیہ کے سلسلے میں ایم اے ایچ اصفہانی نے بطور گواہ نمبر ا عدالت کو بتایا کہ" اتوار (۸ جولائی ۱۹۶۷ء) کی ایک سہ پہر کو میں دوپہر کے کھانے کے بعد قیلولہ کر رہا تھا کہ میری بیوی نے مجھے اُٹھایا۔ جاگ جانے پر اُنہیں نے مجھے بتایا کہ ایک بری خبر آئی ہے۔ مسٹر کے ایچ خورشید نے محترمہ فاطمہ جناح کے گھر سے میرے لئے فون پر ان کے موت کی خبر چھوڑی تھی اور درخواست کی تھی کہ مجھے جلد از جلد محترمہ کی رہائش گاہ پر پہنچنا چاہیے۔ میں پہنچا اور ان کی تدفین کے تمام انتظامات میں نے خود کیے۔

اُنہیں شیعہ طریقہ کے مطابق غسل دیا گیا۔ نماز جنازہ مولانا ابن حسن جارچوی نے پڑھائی جو ایک شیعہ مولوی ہیں۔ دعا کے بعد جسد خاکی ریاست کے سپرد کر دیا گیا۔ جنازہ سرکاری انتظامات کے تحت پولو گراؤنڈ لے جایا گیا، جہاں ایک اور نماز جنازہ ہوئی جس میں سب لوگ شریک ہوئے۔ اس کے بعد ان کا پر ہجوم جنازہ مزار قائداعظم پر لے جایا گیا جہاں اُنہیں ایک دن پہلے میری منتخب کی ہوئی جگہ پر دفن کیا گیا۔ ان کا جسم میں نے قبر میں اُتارا۔ میری موجودگی میں تلقین پڑھی گئی جو ایک شیعہ رسم ہے۔"

(ص ۲۵ قائداعظم کے خاندانی تنازعے مصنف خالد احمد
پرنٹ لائن پبلشرز لاہور پہلا ایڈیشن سن اشاعت اپریل ۲۰۰۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بیٹی کی یادداشت

غمناک یادداشت

تحریر: مہیم مرزا ملک

شوکت مرزا، سربراہ منتظم پاکستان اسٹیٹ آئل، جو 26 جولائی کو گولی کا نشانہ بن گئے جن کے قاتلوں کا آج تک سراغ نہ ملا۔ اس روز کو یاد کرتے رہنا جس دن ہم لوگوں کی زندگیاں تباہ ہوگئیں، یہ ایک صبر آزما امتحان تھا جس سے اب تک ہم لوگوں کو کسی فیصلہ کن نتیجہ پر پہنچنا باقی ہے۔ ابھی بھی مجھے اپنے شوہر کا فون آنا یاد ہے جب 26 جولائی کے بھیانک دن کی صبح 9 بجے ہمیں بتایا گیا کہ تمھارے باپ کو گولی ماردی گئی ہے۔ ان کے الفاظ سخت اذیت ناک، دل توڑنے والے تھے۔ میرا دل تو جم کر ہی رہ گیا، پیٹ میں مروڑ شروع ہوگیا اور ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ آگئی، اور مجھے رولائی پر رولائی آنے لگی اور اس کے علاوہ میں کچھ نہ کرسکی۔ ایسی بے آسی کے عالم میں میں نے کچھ بولنا چاہا، لیکن بولا ہی نہ گیا۔ ایک طرف کان میں فون کو چپکائے ہوئے میں نے جلدی سے اپنے کو بدلنے کی کوشش کی، بغیر یہ جانتے ہوئے کہ میں کدھر جارہی ہوں یا کیا کررہی ہوں۔ میں تو ڈر سی گئی بلکہ بہت زیادہ ڈر لگنے لگا۔ اب میں جان گئی تھی کہ وہ تو رخصت ہوگئے تھے۔ بس صرف یہی پتہ چلا تھا۔ اب میں اپنے چار سالہ بچے کو کیا بتاؤں؟ نو ماہ والے کو تو پتہ بھی نہ تھا کہ کیا ہوگیا تھا۔ مجھے بھی اس بارے میں بات کرتے ہوئے ڈر لگ رہا تھا کہ کیا واقعہ ہوگیا ہے، جیسے اونچی آواز میں کہنے پر حقیقت پُر مبنی ہوجاتی جو پہلے ہی حقیقت ہوچکی تھی۔ ابھی بھی ہمیں کچھ کہتے ہوئے تکلیف محسوس ہوتی ہے اور کاش کہ گھڑی کو میں پیچھے کر سکنے کے لائق ہوتی۔

اپنی والدہ کو مجھے اسلام آباد فون کرنا پڑا۔ اب میں ان سے کیا کہوں؟ ایسی المناک سنانی کیسے سناؤں؟ کسی صورت سے جب میں نے فون کر ہی لیا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ رو رہی تھیں اور مجھ سے پوچھنے لگیں کہ کیا وہ ٹھیک تھے اور کیا میری ملاقات ان سے ہوئی میں نے کہا کہ ہم لوگ ان کے پاس اب جانے والے تھے لیکن اس وقت میں یہ نہ بتاسکی کہ معلوم نہیں وہ کس جگہ پہ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ پہلی پرواز سے واپس آرہی تھیں

میں فی الفور گھر سے باہر نکل گئی میرے پیارے قابل احترام باپ دل وجان سے عزیز کہاں تھے؟ کیا کسی جسمانی تکلیف یا درد کی اذیت میں بے قرار تو نہ تھے۔ بس یہی باتوں کو میں سوچ سکتی تھی ہم لوگوں کو یہ تک پتہ نہ تھا کہ یہ وحشیانہ واقعہ کس جگہ ہوا، اور وہ کس ہسپتال میں لے جائے گئے۔ اپنی بہن اور بہنوئی کو ساتھ لے کر اور گاڑی چلاتے ہوئے ان کو تلاش بھی کرنا اپنی جگہ کیا کم ذہنی کوفت کا باعث تھا کہ آخر کار ہمیں بتایا گیا کہ وہ جناح ہسپتال میں تھے۔ اس وقت تک ہمیں یہ بتایا گیا کہ وہ ٹھیک تھے لیکن کسی صورت سے میں نے جان لیا تھا کہ ہمارے بابا ہمیشہ کے لیے رخصت ہوگئے تھے۔ ابھی بھی جو میں کافی مہینوں کے بعد یہ لکھ رہی ہوں اس منحوس دن کو گذرے ہوئے، میرا ہاتھ کانپ رہا ہے اور آنسو میری آنکھوں میں امڈ آرہا ہے۔ جیسے ہی میں ان کی طرف بڑھی اپنے بھائی کو میں نے اپنے شوہر کے ساتھ کھڑے ہوئے دیکھا، دونوں ایک دوسرے کو لپٹائے ہوئے تھے جب میری نظر پڑی تو ایسا محسوس ہوا کہ وہ دونوں مسکرا رہے تھے ہوسکتا ہے کہ وہ ابھی پرامید ہوں، کہیں زندہ ہی نہ ہوں۔ لیکن جیسے ہی میں ان کے نزدیک ہوئی میں نے دیکھا کہ وہ مسکرا نہیں رہے تھے ان کے چہروں پر شدید تکلیف کی وجہ سے مروڑ جیسی کیفیت ہوگئی تھی، کیونکہ جس بات کا علم نہیں ہوا تھا مجھے، وہ ان پر عیاں ہوچکی تھی۔ میرے چھوٹے بھائی نے اور تو کچھ نہ کیا صرف سر کو جھکا دیا۔ بس میں تو پٹ سے زمین پر گر پڑی اور جی چاہا کہ مرجاؤں۔ میرا بچپنا میری آنکھوں کے سامنے بجلی کے مانند کوند گیا۔ پھر تو ہم تینوں ایک دوسرے سے لپٹ گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے چاہا کہ میں چیخ مار کر رو پڑوں، زمین پر گر کر سر کو ٹکرا کر دے ماروں، چیخوں اور چلاؤں۔ ایسا کیسے ہو گیا؟ میں سمجھتی تھی کہ اس طرح کی باتیں تو فلموں میں ہوتی تھیں، ہم لوگوں کے ساتھ تو نہیں ہو سکتی تھیں۔ زندگی اتنی غیر مناسب تو نہیں ہے مجھے تو کسی صورت سے ان کو دیکھنا تھا۔ میں نے پرزور مطالبہ کیا کہ مجھے ان کو دکھاؤ، لیکن ہمیں یہ بتایا گیا کہ ان کا ابھی اکسرے ہو رہا ہے۔ تھوڑی دیر تک ہم نے انتظار کیا، لیکن ایک جم غفیر وہاں جمع ہو گیا، اور ان لوگوں نے ہمیں گھر جانے پر زور دیکر گھر بھیج دیا۔ ان لوگوں نے میرے باپ کو ہمیں دیکھنے بھی نہ دیا۔ میں کتنی خواہشمند تھی کہ دیکھ تو لیتی تا کہ ان کو لپٹا لیتی، اور آخری بار ان کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے لیتی، تھوڑی ہی دیر کے لیے صحیح، لیکن میں ایسا نہ کر سکی۔

کس طرح اور کیونکر میرے باپ جو ہمارے مشیر، محبوب، ناصح، مثل غازی اور دوست کے تھے ہم لوگوں کو یوں چھوڑ سکتے تھے؟ خدا کس طرح ان کو ہم لوگوں سے لے سکتا ہے؟

''براہ کرم اے آغا جی واپس آجاؤ،

مہربان من، آ بھی جاؤ''

اپنے آپ میں یہی، بار بار کہہ سکی

''ہم لوگوں کو آپ نہ چھوڑیں، نہ چھوڑیں، مجھے نہ چھوڑیں۔۔۔۔

آپ کے بغیر ہم لوگ نہیں رہ سکتے ہیں میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی''

ہم لوگوں کے گھر کی روشنی ہمیشہ کے لیے گل ہو گئی تھی۔

بیش بہا جوہر ہم لوگوں کا یہاں سے چرا لیا گیا تھا۔

اب صرف ایک ہی راستہ تھا

جس کے ذریعہ میں کبھی بھی دیکھ سکتی تھی،

بغل گیر ہو سکتی تھی یا بات کر سکتی تھی

اور وہ موت تھی صرف یہ راستہ تھا،

اس پر مجھے کسی طرح یقین نہیں ہو سکا

اس حقیقت پر میں کیسے راضی ہو جاؤں کہ

میں ان کو کبھی بھی نہ دیکھوں گی،

نہ بات کر پاؤں گی، نہ ان کی ہنسی سن سکوں گی،

نہ تو محبت بھری بات اور آواز اور

نہ ان کا پر از یقین، راہ نما مشورہ

میرا ذہن سمجھنے سے قاصر تھا

میں نے بار بار پڑھا اور سمجھنے کی کوشش کی کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موت کیا ہے، اور جو لوگ پیچھے رہ جاتے ہیں

ان کے لیے یہ کیا چیز ہے

بلکہ ابھی بھی یہ محسوس کرتی ہوں کہ خدا سے دریافت کروں کہ

''آخر ہم لوگ ہی کیوں؟ وہ ہی کیوں؟''

اتنے دیدہ زیب، خیال کرنے والے، محبتی، سادہ پسند، صابر، مہربان شریف النفس، انسان تھے مجھے یہ بتایا گیا کہ خدا اسی کو لے لیتا ہے جس کو سب سے زیادہ پیار کرتا ہے۔ کیا اس بات سے تسلی ہو سکتی ہے؟ کیا اس کی وجہ سے وہ پھر واپس آ سکتے ہیں۔

میں اپنا سر صرف خدا کے حضور جھکا سکتی ہوں فرمانبرداری کے تحت اور عرض کر سکتی ہوں کہ ہم لوگوں پر رحم فرمائیں۔ معاف فرمادے اور پھر ہم لوگوں کو اس آزمائش میں نہ ڈالیں۔ میں صرف مؤدبانہ عرض اور عذر خواہی کے طور پر معافی مانگ سکتی ہوں۔ ہر اس بات اور چیز کے لیے اس دعا کے ساتھ کہہ سکتی ہوں کہ کسی کو بھی اس قسم کی دردناک اذیت اور تکلیف میں مبتلا نہ کیا جائے ان کی زندگی کو انسانوں نے قطع کر دیا، اور ابھی بھی ہمیں یقین نہیں آ رہا ہے کہ اس طرح کی کاروائی میں خدائی اجازت شامل تھی، جس طرح موت میں عام طور پر ہوتی ہے۔ میں اپنی اس ناراضی کو کیا کروں سوائے اس کے کہ ان کے قاتلوں اور سازشیوں کو دائمی جہنم کی آگ جلاتی رہے جب میں رات کو سوتی ہوں تو دعا کرتی ہوں دلی خواہش کے ساتھ کہ میں ان کو خواب میں دیکھوں دن میں سارا دن بھی اسی لیے سونا چاہتی ہوں کہ صرف ان کو دیکھ لوں اسی طرح میری زندگی 26 جولائی سے گذر رہی ہے۔

انہوں نے اپنی زندگی ملک اور اس کے لوگوں کے لیے وقف کر دی تھی۔ ان کا قصور صرف یہ تھا کہ ایمانداری اور ایمان کو درست خیال کر تے تھے۔ رشوت ستانی اور بداخلاقی کو حقارت بھری نظر سے دیکھتے تھے خواہ مختصر ترین درجہ کی ہی کیوں نہ ہو (ان کا ادارہ) انگرو کا بنایا ہوا قلم وہ کسی کو نہیں دیتے تھے اور کہتے تھے ایسا کرنے کا وہ حق نہیں رکھتے تھے، بلکہ اگر ہم لوگ ان سے طلب کرتے تھے تو دینے کے بجائے وہ خرید کر دیدتے تھے شادی کے تحفے جو ہمیں ملے تھے اور حد سے زیادہ گران تھے، نہوں نے اس لیے سب کے سب واپس کرا دیے کہ دینے والے کی اس کے پیچھے نیت یہ تھی کہ ان سے کوئی خاص اعانت طلب کرے جو درست نہ تھا۔ انہوں نے ہم لوگوں کو تعلیم دی تھی کہ اپنے آپ کو مسلمان کہو، لیکن کبھی مذہبی فرقوں کے بارے میں بحث ومباحثہ میں حصہ نہ لو۔ اپنے کو پاکستانی سمجھو اور محسوس بھی ایسا ہی کرو، لیکن کبھی بھی عیسائی خیالات کو اہمیت مت دو۔

انہوں نے ہم لوگوں کو یہ سکھایا تھا کہ ہمیشہ کوشش کر کے دوسروں سے برتری حاصل کرو اور جو بھی اپنے پاس ہے اس میں فیاضی دکھلاؤ اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر دماغ کو نہ الجھاؤ۔ انہوں نے مزید یہ کہا کہ معافی طلب کرنے میں پہل کرو، اور اگر اعزہ اور دوستوں کے ساتھ کسی معاملہ میں کوئی بات ہو گئی ہو تو کوشش کر کے سلجھا لو۔ اپنی حیثیت سے گرا ہوا کام مت کرو اور دوسروں کی غلطیوں اور کمزوریوں پر غیر ہمدردانہ رویہ اختیار مت کرو۔ ہر قیمت پر اپنے خاندانی اعزہ کو ملا کر رکھو یہ سبق بھی انہوں نے ہم لوگوں کو دیا، ان سے ملتے جلتے رہو، ناداروں کی مدد کرو، اور بدقسمتی کے مارے ہوئے عزیزوں پر مہربانی سے پیش آؤ۔ اور ضرورت مندوں کی طرف دست شفقت دراز کرو، اور قصور کرنے والوں کے ساتھ ایمانداری اور راست بازی پر عمل کرو عام لوگوں کو تعلیم سے آراستہ کرنے کی تلقین کرتے تھے جہاں تک ممکن ہو، کیوں کہ تعلیم ہی ترقی حاصل کرنے کا راز ہے، بلکہ فی الحقیقت زندگی بخشنے کا ہمیشہ صبر اختیار کرو اور قوت برداشت اپنے میں پیدا کرو، اور جب کسی بات کے بارے میں غور کرو تو دل سے مت سوچو بلکہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دماغ سے، وہ کہتے تھے کہ یہ اہم بات ہے کہ زندہ رہنے کے لیے کوئی سبب چاہیے، بلکہ ایک ہدف اور کھلی بصارت، ہمیشہ دوسروں سے بہتر بننے کی کوشش کرتے رہو۔

میرا چار سالہ بچہ اپنے بغل میں اپنے نانا جان کی تصویر لے کر سوتا ہے اس کے ہر دل عزیز محبت کرنے والا نانا جو اسے عام بسوں میں ساتھ لے کر یا ٹیکسی یا رکشہ میں بٹھا کر سندباد پارک یا لمبی سیر، مختصر یہ کہ جہاں وہ جانے کو کہتا جاتے تھے۔ ہر کس وناکس سے اپنی پوری زندگی فرداً فرداً ان کے تعلقات تھے۔ صحیح معنوں میں وہ ہر اس صفت سے متصف تھے جو ایک نانا میں ہونی چاہیے۔ میرا بچہ مجھ سے کہتا رہتا ہے کہ اس کی دلی خواہش ہے کہ کسی صورت سے وہ واپس آجاتے، بلکہ وہ خداوند عالم سے التجا کرتا ہے کہ انہیں واپس بھیج دے۔ اس کو یہ یقین آ ہی نہیں سکتا ہے کہ وہ ان کو کبھی بھی نہیں دیکھے گا۔ وہ آسمانوں کی تصاویر دو اشخاص کے ساتھ بناتا ہے، ایک خدا دوسرا نانا جان۔ اس کو حیرانی ہے کہ کیا اس کے بابا اور ماما کو بھی لے لیا جائے گا۔ خود اس کا کمرہ بے شمار بڑے حجم کی بنی ہوئی تصاویر خود اس کی اپنی اور اس کے نانا جان کے ساتھ بھرا پڑا ہے تاکہ وہ ان کو بھول نہ جائے۔ وہ مجھ سے اس بات پر لڑتا ہے کہ یقین کے ساتھ یہ بات کہی جائے کہ اس کے کمرہ میں اس کے نانا جان کی تصاویر دوسرے کمروں کے مقابلہ میں زیادہ رکھی ہوئی ہیں۔ میرے چھوٹے بیٹے کو اس بات کا موقع ہی میسر نہ آیا یہ جاننے کا کہ اس کے نانا کی ہستی کتنی عظیم تھی، شخصیت عجیب وغریب، رحمدل، اپنے قسم کے آپ نانا تھے میرے پاس تو اب صرف تصاویر ہیں جو اسے دیکھا سکتی ہوں۔

وہ مجھ سے دریافت کرتا ہے کہ کوئی کسی کو گولی کیوں مارتا ہے خاص کر اس کے نانا جان کو جو اتنے بڑے آدمی تھے؟ میں اسکو کیا بتاؤں؟ یہ کہ ہم لوگوں کے معاشرے کی اصلی بنیاد ہی بکھر گئی ہے۔ کیا وہ یہ بات سمجھ سکتا ہے؟ اور یہ کہ ہم لوگوں کو اپنے آپ اس بات پر شرم آنی چاہیے، بلکہ قوم کو۔ کیا وہ اس بات کو سمجھ سکتا ہے؟ میں اس کو اور کیا جواب دوں جب مجھے خود ہی کچھ معلوم نہیں ہے۔ میں اس کو کیا بتاؤں کہ ہم لوگوں کو اپنے ملک پر فخر کرنا چاہیے جبکہ اس کے نانا جان کو یہاں کے رہنے والوں نے ہم لوگوں سے چھین لیا ہے۔ میں یہ اس کو کیسے بتاؤں کہ پاکستان میں رہو زندگی گذارو اور اسی کے لیے مرو، جبکہ یہ ملک اس قابل نہ رہا۔ میں اس کو کیسے بتاؤں کہ آزادی والے دن کو نہ تو میں اپنے مکان کے اوپر پاکستانی جھنڈا لگانا چاہتی ہوں اور نہ اپنی گاڑی کے اوپر، کس قیمت پر، میں کیسے بتاؤں کہ اب قومی ترانے نہ گاؤ۔

میں اپنے دونوں بچوں کو اب صرف یہ سکھانا چاہتی ہوں کہ جب تک اشد ضرورت ہے تو یہاں رہو اس کے بعد یہاں سے نکل جاؤ یہی بہتر ہے کہ دنیا کے کسی دوسرے ملک میں بطور دوسرے درجے کے شہری بن کر رہنا جہاں زندگی تو محفوظ ہو اور یقین بھی ہو۔ میرے پاس اور کوئی چارہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ یہیں رہوں اور یہ داستان بار بار بیان کرتی رہوں۔ اس نے تو ہم لوگوں کی زندگی کو ہمیشہ کے لیے مجروح کر دیا ہے۔ ایک لمحہ میں ہم لوگوں کی زندگیاں پارہ پارہ ہو کر رہ گئی ہیں، اور نہ تو ہم ہنس سکتے ہیں اور نہ وہ زندگی گزار سکتے ہیں جیسی گزارتے تھے۔

کوئی بھی کسی دور دراز واسطہ سے یہ ادراک کر سکتا ہے کہ ہم لوگوں پر کیا گذر گئی۔ میں اپنی والدہ کو جب دیکھتی ہوں اور میرا دل دکھ سے بھر جاتا ہے۔ وہ ایسے واقعہ کی سزاوار نہیں تھیں۔ جب بھائی پر نظر پڑتی ہے تو تڑپ جاتی ہوں کہ ابھی اس کو باپ کی ضرورت تھی۔ بہن کو دیکھ کر میرا یہی حال ہوتا ہے کہ اس کے بچے اپنے نانا جان کو کبھی نہ دیکھ سکیں گے۔ یا میرے بچے یہ نہ جان سکیں گے کہ وہ ایک خاص الخاص انسان تھے۔ مجھے اپنے اوپر بھی افسوس آتا ہے کہ میں اس پر کیف لمحات، اچھے اور برے وقت، بچوں کی نشو ونما، ان کی بالیدگی، ان کی خوشیاں، ترقی کو اپنے باپ کے ساتھ نہ دے سکی۔ میں ایسا محسوس کرتی ہوں جیسے کوئی اپاہج اپنی بیساکھی کھو بیٹھا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آخر ہم لوگ اتنے ظالم اور جنگلی نما قوم کیوں ہیں؟

ہم لوگ تو مسلمان ہیں

لیکن

ہم اور کچھ سوچتے ہی نہیں ہیں

سوائے اپنے ہی مسلمان ساتھیوں کو جان سے مارنے کے علاوہ

پھر دوسرے ممالک میں

دوسرے مذاہب کے لوگ

جب مسلمانوں کو قتل کرتے ہیں تو

اس کے بارے میں گفتگو کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

مقصد کیا ہے؟

ہم لوگوں نے ایسے وحشی نما انسان کیوں بنائے ہیں؟

کیا قاتلوں کی مائیں، باپ، بہنیں، بھائی اور بیٹے بیٹیاں نہیں ہوتے ہیں

؟مذہب نے جو قوت برداشت اور صبر کی تعلیم دی ہے وہ کیا ہوئی؟

ہم لوگ صرف خدا ہی کو پکار کر عبادت کر کے

التجا کر سکتے ہیں کہ اس ملک کو بچائیں

بشرطیکہ یہ بچانے کے لائق ہو۔

(ہیرالڈ کراچی شمارہ جنوری ۲۰۰۲)

ہر چند اہل جور نے چاہا یہ بارہا ہوجائے محو یاد شہیدان کربلا

باقی رہے نہ نام زمیں پر حسینؑ کا لیکن کسی کا زور عزیزو نہ چل سکا

عباسؑ نامور کے لہو سے دُھلا ہوا

اب بھی حسینیت کا علم ہے کھلا ہوا

(جوش)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مٹ جائے گی مخلوق تو انصاف کرو گے
منصف ہو تو اب حشر اُٹھا کیوں نہیں دیتے
فیض احمد فیضؔ

عشق بلا خیز کا قافلہ سخت جان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک ہی سانحہ میں شہید ہونے والے باپ بیٹے

☆

ایک ہی سانحہ میں شہید ہونے والے بھائی

☆

مختلف مقامات پر شہید ہونے والے بھائی

☆

ایک ہی/مختلف مقامات پر شہید ہونے والے رشتہ دار

☆

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خوف کا علاج

جب کسی امر سے دہشت محسوس کرو، تو اس میں پھاند پڑو کہ زیادہ خوف واحتیاط خطرہ سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے

(۷۵ کلمات حکمت ص ۸۶۱ نہج البلاغہ ترجمہ مفتی جعفر حسین / ص ۶۹۳ ترجمہ علامہ ذیشان حیدر جوادی)

باپ بیٹے جو ایک ہی سانحہ میں شہید ہوئے

شہید	تاریخ شہادت	مقامِ شہادت	رشتہ
گلزار حسین	۱۴ اکتوبر ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰؑ	باپ
ارشاد گلزار	۱۴ اکتوبر ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰ	بیٹا
مولانا سید رضی حیدر نجفی	۱۲ ستمبر ۲۰۰۱	گذری روڈ	باپ
سید عباس حیدر	۱۲ ستمبر ۲۰۰۱	گذری روڈ	بیٹا
محمد صادق حسین شاہ	۲۲ فروری ۲۰۰۱	الفلاح سوسائٹی	باپ
عابد حسین شاہ	۲۲ فروری ۲۰۰۱	الفلاح سوسائٹی	بیٹا
سید وقار حسین نقوی ایڈوکیٹ	۱۶ اپریل ۲۰۰۰	شہید ملت روڈ	باپ
سید ارصاد مہدی نقوی	۱۶ اپریل ۲۰۰۰	شہید ملت روڈ	بیٹا
سید حسنین نقوی	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حرؑ	باپ
سید صفدر حسین نقوی	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حرؑ	بیٹا
حاجی سفر علی بنگش	۲۶ اکتوبر ۱۹۹۸	ٹمبر مارکیٹ	باپ
رجب علی بنگش	۲۶ اکتوبر ۱۹۹۸	ٹمبر مارکیٹ	بیٹا
مرزا سرفراز حسین	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل ابوالفضل عباسؑ	باپ
مرزا باقر حسین	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل ابوالفضل عباسؑ	بیٹا
مرزا کامل حسین	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل ابوالفضل عباسؑ	بیٹا
سید اشرف علی نقوی	۱۰ اگست ۱۹۹۴	نقوی پریس	باپ
سید جعفر رضا نقوی	۱۰ اگست ۱۹۹۴	نقوی پریس	بیٹا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سگے بھائی جو ایک ہی سانحہ میں شہید ہوئے

شہید	تاریخ شہادت	مقامِ شہادت	رشتہ
ساجد علی ولد عبدالغفار	۱۳ جولائی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ	بھائی
محمد علی ولد عبدالغفار	۱۳ جولائی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ	بھائی
بشیر احمد ولد احمد دین	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حُرؑ، محمود آباد	بھائی
نذیر احمد ولد احمد دین	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حُرؑ، محمود آباد	بھائی
اسد علی ولد حاجی تقی	۲۷ ستمبر ۱۹۹۷	سبحان بیکری، ناظم آباد	بھائی
محمد حسین ولد حاجی تقی	۲۷ ستمبر ۱۹۹۷	شاندار بیکری، ناظم آباد	بھائی
مرزا کامل علی ولد مرزا سرفراز علی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل عباس	بھائی
مرزا باقر علی ولد مرزا سرفراز علی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل عباس	بھائی
آغا مسعود رضا ولد سید محمد آغا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بھائی
آغا محمود رضا ولد سید محمد آغا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بھائی
آغا اسد رضا ولد سید محمد آغا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بھائی
آغا یاسر رضا ولد سید محمد آغا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بھائی
سید رضا عباس ولد جعفر عباس	۴ فروری ۱۹۹۵	علی ہومز، نیو کراچی	بھائی
سید اختر عباس ولد جعفر عباس	۴ فروری ۱۹۹۵	علی ہومز، نیو کراچی	بھائی

سگے بھائی جو مختلف مقامات پر شہید ہوئے

آغا غلام حیدر ولد سید رضی حیدر	۱۳ جولائی ۲۰۰۴	حیدری مسجد، سندھ مدرسۃ الاسلام	بھائی
آغا حیدر عباس ولد سید رضی حیدر	۱۹ مارچ ۱۹۸۳	مرکزی امام بارگاہ، لیاقت آباد	بھائی
سید دلاور عباس ولد سید اشتیاق حسین	۲۲ ستمبر ۱۹۹۹	نیو کراچی	بھائی
سید ظفر عباس	۳۰ اگست ۱۹۹۵	نیو کراچی	بھائی
ڈاکٹر اقتدار ساجد نقوی	۳۰ مئی ۱۹۹۷	کورنگی	بھائی
ڈاکٹر ذوالفقار حیدر	۲۷ جولائی ۱۹۹۴	کورنگی	بھائی
حمید علی بھوجانی ولد نور محمد بھوجانی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ محفلِ مرتضیٰؑ	بھائی
شوکت علی بھوجانی	۱۹ اکتوبر ۱۹۹۴	سولجر بازار	بھائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی کو بلاوجہ چھیڑنا ہماری عادت نہیں مگر چھیڑنے والے کو چھوڑنا بھی ہماری عادت کے برخلاف ہے۔

(شہید علامہ سید عارف حسین الحسینیؒ، سفیر نور، ص ۱۳۱)

رشتہ دار جو ایک ہی/مختلف مقام پر شہید ہوئے

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	رشتہ
غلام حسین سُہراب	۲۷ فروری ۲۰۰۳	سبحان بیکری، لائٹ ہاؤس	چچا
محمد باقر مرچنٹ	۲۷ فروری ۲۰۰۳	سبحان بیکری، لائٹ ہاؤس	بھتیجے
انور علی مرچنٹ	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل مرتضیٰؑ، پی ای سی ایچ ایس	عم زاد
حمید علی بھوجانی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل مرتضیٰؑ، پی ای سی ایچ ایس	عم زاد
محمد محسن	۱۰ اگست ۱۹۹۴	سعید آباد	عم زاد
محمد حسنین	۱۰ اگست ۱۹۹۴	سعید آباد	عم زاد
آلِ مہدی	۱۶ جولائی ۱۹۹۴	لانڈھی بس اسٹاپ سے اغوا کیا لاشیں ایدھی ہوم سے ملیں	ماموں
انصار جعفری	۱۶ جولائی ۱۹۹۴	لانڈھی بس اسٹاپ سے اغوا کیا لاشیں ایدھی ہوم سے ملیں	بھانجے
عدیل رضا	۱۸ جون ۱۹۹۴	گودھرا کیمپ، نیو کراچی	چچا
وقار رضا	۱۸ جون ۱۹۹۴	گودھرا کیمپ، نیو کراچی	بھتیجے
دیگر			
حاجی سفر علی بنگش	۲۶ اکتوبر ۱۹۹۸	ٹمبر مارکیٹ، پرانا حاجی کیمپ	سُسر
الطاف حسین بنگش	۱۰ ستمبر ۲۰۰۱	سبزی منڈی، نیو ٹاؤن	داماد

''جو عقیدے کے راستے میں اپنا خون بہاتا ہے، اپنی جان دیتا ہے تو
پھر خدا اُسے وہ مقام دیتا ہے جو عام انسانوں کو میسر نہیں ہے''

(علامہ شہید عارف حسین الحسینی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ محمد حسن ترابی کے ایک یادگار خطاب سے اقتباس

میں آپ تمام سیاستدانوں سے پوچھتا ہوں آپ کے انسانی حقوق کے منشور کا کیا ہوا؟
آج بھی ہماری مسجد واقع فریئر روڈ پر غیر قانونی طور قبضہ کیا گیا
اور مسجد منہدم کر کے اس جگہ بیت الخلاء بنایا گیا
اور بنانے والے اسلام کے ٹھیکیدار بنے ہوئے ہیں
کیا تم میں سے کوئی ہے جو ہمیں ہمارا حق دلا دے۔
خانہ خدا کے تقدس کو بحال کرے۔ نہیں!
تم بے ہمت ہو، بزدل ہو،
تم خود فرقوں میں بٹے ہوئے ہو تمہارے ذاتی مفاد ہیں
اگر تم نے کسی ظالم کیخلاف کچھ کہا تو تمہارے مفادات کا خون ہوگا۔
آپ خاموش رہے۔ انصاف کا خون ہوا
انسانیت کا خون ہوا،
آپ خاموش رہے۔
تمہاری اس مجرمانہ خاموشی نے نئی نسل کو کلاشنکوف پکڑنے پر مجبور کیا۔
اللہ کی رحمت ہو ملتِ مظلوم پر
جس کا میں ایک ادنیٰ فرد ہوں
اس ملت نے ہر ظلم کا مقابلہ مظلومیت کیساتھ کیا۔
اس کا کوئی فرد نہ بکا۔ گولیوں کی بوچھاڑ میں
ہم نے مظلوم کربلا کی عزاداری کو جاری رکھا ہوا ہے۔

(سندھ کے وزیراعلیٰ جناب آفتاب شعبان میرانی نے مورخہ ۶/جون ۱۹۹۰ کو سندھ کے امن وامان کے سلسلے میں ایک کل جماعتی کانفرنس بلائی جس میں ملک کی 22 جماعتوں نے شرکت کی۔ مولانا محمد حسن ترابی نے امن کانفرنس میں اپنی عظیم ملت کی بے باک ترجمانی کی۔)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

درجہ شہادت پر فائز ہونے والے

☆ ذاکر حسینؑ
☆ مولانا / پیش امام / مؤذن
☆ عزادار / ماتمی
☆ ٹرسٹی / مسجد وامام بارگاہ کے عہدیدار
☆ معلم / مدرس
☆ مدرسے کے طالبعلم / طالبعلم
☆ اسکاؤٹ
☆ ڈاکٹرز
☆ انجینئرز
☆ وکلاء
☆ افواج پاکستان اور پولیس جوان
☆ کاروبار سے وابستہ افراد
☆ بینکوں اور مالیاتی اداروں سے افراد
☆ سرکاری اداروں سے وابستہ افراد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

''جولوگ قومیت اورقوم پرستی کے نام پرمسلمانوں کی صفوں میں انتشاروافتراق ایجادکرنا چاہتے ہیں وہ شیطان کے لشکر، استعماری طاقتوں کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹانے والے اورقرآن کے مخالف ہیں''

(امام خمینیؒ)

''آج اتحادبین المسلمین وقت کی ضرورت اوراسلامی نظام کے نفع میں ہے، اس کے خلاف حرکت کرنا، امریکا اورصیہونیوں کے فائدے میں ہے'' (رہبرمسلمین آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای)

''اے مسلمانو! ایک ہوجاؤ اللہ نے اپنی رسی تھامنے کا حکم دیا ہے۔ ایک امام کے پیچھے نماز پڑھنا ہمیں وحدت کا درس دیتا ہے، اسلام کو اللہ نے چنا ہے اور یہ سب دینوں سے افضل دین ہے''

(مفتی اعظم عبدالعزیز آل الشیخ)

مطالبات آسانی سے تسلیم نہیں کئے جاتے، اس کے لیے طویل اور مسلسل جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ اس لیے ہمیں بھی اپنی منزل مقصود پر پہنچنے کے لیے عمل پیہم اورعزم محکم اوریکجہتی کی ضرورت ہے جو قومیں راہ میں تھک کر بیٹھ جاتی ہیں وہ منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکیں

(علامہ سید محمد دہلوی)

'' فقہ سے فرقہ واریت نہیں پھیلتی، جس طرح کسی ایک مقدمہ میں مخالف وکیل، اس مقدمہ میں اپنے ساتھی وکیل سے مخالفت رکھنے کے باوجود اس کا دشمن نہیں ہوتا، اسی طرح فقیہ اسلام کا قانون دان ہوتا ہے، ایک فرقہ کا فقیہ دوسرے فرقہ کے فقیہ سے اختلاف رکھنے کے باوجود اس کا دشمن نہیں ہوتا'' (علامہ مفتی جعفرحسین)

''کسی کو بلاوجہ چھیڑنا ہماری عادت نہیں مگر چھیڑنے والے کو چھوڑنا بھی ہماری عادت کے برخلاف ہے۔''

(شہید علامہ سید عارف حسین الحسینیؒ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم کربلا کو اس لیے اہمیت دیتے ہیں کہ تم غدیر کی طرح کربلا بھی نہ بھول جاؤ۔ (حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضاؑ)

ذاکرِ حسینؑ

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	ذریعہ معاش
ڈاکٹر ندیم الحسن*	۲۲ اپریل ۱۹۹۵	بلاک آئی، نارتھ ناظم آباد	ڈاکٹر/مصنف
حکیم سید باقر حسنین	۱۰ جنوری ۱۹۹۵	مطب در مسجد اثنا عشری	حکمت/مطب
سید منظور الحسن	۲۱ مارچ ۱۹۸۳	گولیمار	درس وتدریس

مولانا حضرات

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	مقامِ تدفین
محمد حسن ترابی	۱۴ جولائی ۲۰۰۶	عباس ٹاؤن، کراچی	احاطہ جامع مسجد محمد مصطفیٰؐ
مشتاق حسین	۳۱ جولائی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضا	وادیِ حسینؑ
شاہد حبیب	۳۱ جولائی ۲۰۰۴	ایضاً	کالونی گیٹ قبرستان
غلام رسول	۱۴ اکتوبر ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰ	بلتستان
سید رضی حیدر نجفی	۱۲ ستمبر ۲۰۰۱	گذری روڈ	احاطہ مسجد وامام بارگاہ یثرب
علی حسنین نقوی	۴ ستمبر ۲۰۰۱	شاہراہِ پاکستان	وادیِ حسینؑ قبرستان
سید اطہر حسین رضوی	۵ مارچ ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ اصغریہؑ، کورنگی	مسجد وامام بارگاہ اصغریہ
محمد ایوب صابری	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ محفلِ مرتضیٰ	خراسان باغ، فیز۔۱
شفاعت علی نجفی	۸ جنوری ۱۹۹۱	گلگت	گلگت۔نگر

نوٹ: مولانا شفاعت علی نجفی کو زخمی حالت میں گلگت لے کر گئے وہیں اُن کا انتقال ہوا۔

موذن

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	مقامِ تدفین
فدا حسین	۳ مئی ۲۰۰۵	مسجد وامام بارگاہ مدینۃ العلم،	کورنگی قبرستان
عباس علی	۹ فروری ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ عسکری،	گلگت
محمد حسین بلتستانی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل عباسؑ	خراسان باغ۔۲
محمد علی	۱۶ ستمبر ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ علی، سوکوارٹرز کورنگی	کورنگی قبرستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزدار/ماتمی

شہید	تاریخ شہادت	مقام	وابستگی
نقی عباس	۷ مارچ ۲۰۰۵	حسن کالونی	انجمن تنظیم المومنین
ضامن علی	۱۹ اگست ۲۰۰۳	نصرت بھٹو کالونی	انجمن گلزار محمدی، گولی مار
دانش سبطین	۱۸ جون ۲۰۰۲	لیاقت آباد	انجمن شباب المومنین
ڈاکٹر زاہد حسین	۲ مارچ ۲۰۰۲	اورنگی ٹاؤن	انجمنِ معین العزاء
مشتاق حیدر	۲ جولائی ۲۰۰۱	اے بی سینیالائن	انجمن کے سالارِ دستہ
علی عباس	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
سید کامران حسین	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
سید حسن عباس	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
سید کوثر علی	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
سید منور حسین	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
سید ظفر عباس	۲۳ جولائی ۱۹۹۴	5-D موڑ، نیو کراچی	انجمن شیدائے عباس
غلام حیدر	۴ جون ۱۹۹۲	مسجد وامام بارگاہ باب العلم	انجمن غلامانِ حرؑ
زاہد حسین	۴ جون ۱۹۹۲	مسجد وامام بارگاہ باب العلم	انجمن غلامانِ حرؑ
میر سجاد محسن	۴ جون ۱۹۹۲	مسجد وامام بارگاہ باب العلم	انجمن غلامانِ حرؑ
سید بہادر علی جعفری	۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴	مسجد وامام بارگاہ امامیہ،	انجمن تبلیغِ امامیہ، مرکزی تنظیمِ عزا
سید شاہد حسین جعفری	۱۹ مارچ ۱۹۸۲	مسجد وامام بارگاہ امامیہ،	دستہ ناصرانِ حسینؑ
عشرت علی	۲۱ فروری ۱۹۷۸	مسجد حیدری، گولیمار	انجمن حسینیہؑ، گولیمار

”جو لوگ قومیت اور قوم پرستی کے نام پر مسلمانوں کی صفوں میں انتشار وافتراق ایجاد کرنا چاہتے ہیں وہ شیطان کے لشکر، استعماری طاقتوں کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹانے والے اور قرآن کے مخالف ہیں“

(امام خمینیؒ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ٹرسٹی/انتظامیہ سے وابستہ افراد

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	وابستگی
نقی عباس	۷ مارچ ۲۰۰۵	حسن کالونی	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ معصومیہ، حسن کالونی
ڈاکٹر رضا مہدی جعفری	۳۱ مئی ۲۰۰۲	گلشنِ اقبال	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ مدینۃ العلم
سید آلِ رضا رضوی	۲۳ اپریل ۲۰۰۲	قصبہ کالونی	ٹرسٹی مسجد علی وبارگاہ نواسۂ رسولؐ
ڈاکٹر مظفر سموں	۷ مارچ ۲۰۰۱	لیاری	ٹرسٹی لیاری
صادق علی ہمشیری	۳ فروری ۲۰۰۲	کھارادر	ٹرسٹی حسینیہؑ ایرانیان، کھارادر
سید جواد حسین رضوی	۲۹ جنوری ۲۰۰۲	ڈیفنس	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ بقیۃ اللہ
مسلم حسین	۲۹ دسمبر ۲۰۰۰	مومن آباد	ٹرسٹی ایرانی کیمپ، امام بارگاہ اورنگی ٹاؤن
سید وقار حسین نقوی ایڈووکیٹ	۴ جون ۲۰۰۰	شہید ملت روڈ	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ حرؑ، محمود آباد
میجر (ر) سید علی اعلیٰ جعفری	۲۰ دسمبر ۱۹۹۵	بلوچ کالونی	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ علی علیؑ
ڈاکٹر سید ندیم الحسن امروہوی	۲۲ اپریل ۱۹۹۵	نارتھ ناظم آباد	ٹرسٹی مسجد وامام بارگاہ جامعہ امامیہ
سید سمیع حیدر	۱۸ اگست ۱۹۹۳	نیو کراچی	صدر مسجد وامام بارگاہ جعفریہ

معلم

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	وابستگی
سید حسن حیدر رضوی	۲۷ نومبر ۲۰۰۷	گلستان جوہر	انسٹرکٹر مونوٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ
ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی	۶ مئی ۲۰۰۲	جامعہ ملیہ ملیر مین گیٹ	پرنسپل جامعہ ملیہ ملیر
مولانا سید رضی حیدر نجفی	۱۳ ستمبر ۲۰۰۱	گذری روڈ	ٹیچر حبیب پبلک اسکول
سید گل امام شاہ بخاری	۱۰ ستمبر ۲۰۰۱	سعید آباد	پرنسپل مونوٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ اورنگی
مولانا سید علی حسنین نقوی	۴ ستمبر ۲۰۰۱	شاہراہ پاکستان، F.B ایریا	ٹیچر حبیب پبلک اسکول
سید منظور الحسن رضوی	۲۲ مارچ ۱۹۸۳	گولیمار	(ر) ٹیچر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدرس

آقائے شیخ سلطانی کاشانی	۲۰ جنوری ۲۰۰۱	نارتھ ناظم آباد	مدرّس، مدرسہ دارُالحکمہ، نورِایمان، ناظم آباد
مولانا شیخ محمد ایوب صابری	۲۵ فروری ۱۹۹۵	محفل مرتضیٰ	مدرس جعفریہ پارسی کالونی

مدرسے کے طالب علم

فدا حسین	۹ جولائی ۲۰۰۱	جامعہ امامیہ ناظم آباد	جامعہ امامیہ ناظم آباد
علی حسن	۱۰ مارچ ۱۹۹۵	جامع مسجد دربار حسینی ملیر	نام معلوم نہیں

اسکاؤٹ

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	وابستگی
خواجہ انیس حیدر	یکم مارچ ۲۰۰۱	اسکاؤٹ کیمپ، پرانی نمائش	بانی حیدری اسکاؤٹ
سید سردار حسین جعفری	۱۵ مئی ۲۰۰۰	گلشنِ اقبال	بانی حسینی اسکاؤٹ
آغا سید مسعود رضا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بوتراب اسکاؤٹ
آغا سید محمود رضا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	سیکٹر 16/A بفرزون	بوتراب اسکاؤٹ

اے نوجواناں وطن آپ ملک کی اساس ہیں، چوکنا رہیں، آپ کے دین کی اساس کو تباہ نہ کیا جائے (قائد ملت جعفریہ مفتی جعفر حسین)

شہید طلباء

شہید	تاریخ شہادت	مقام شہادت
عبداللہ نورانی	۱۵ مئی ۲۰۰۴	مسجد حیدری سندھ مدرسۃ السلام
سید شاداب علی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
سجاد حسین	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
غضنفر عباس	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
محمد علی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
محمد سلمان آزاد	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
محمد سجاد علی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
محمد سلمان علی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
زین عباس	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دانش رضا	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ
سید سلمان اکبر	۵ جون ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضا
فدا حسین	۹ جولائی ۲۰۰۱	جامعہ امامیہ ناظم آباد
سید عباس حیدر	۱۲ ستمبر ۲۰۰۱	گزری روڈ
سید ارصاد مہدی	۱۶ اپریل ۲۰۰۰	شہید ملت روڈ
سید ظہیر عباس	۲۷ ستمبر ۱۹۹۸	نمائش چورنگی
سید سلمان نقوی	۱۷ مئی ۱۹۹۷	گلبہار
سید اجلال حسین	۲ نومبر ۱۹۹۶	سولجر بازار
محمد رضی	۱۱ جنوری ۱۹۹۵	جوہر آباد
آغا سید اسد رضا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	بفرزون
آغا سید یاسر رضا	۱۸ فروری ۱۹۹۵	بفرزون
سید عامر رضا	۱۹ فروری ۱۹۹۵	ناظم آباد
علی حسن	۱۰ مارچ ۱۹۹۵	حسین آباد ملیر
سید ندیم حسین	۲۱ جولائی ۱۹۹۴	گلبہار
میر سجاد محسن	۴ جون ۱۹۹۴	نارتھ ناظم آباد
زاہد حسین	۴ جون ۱۹۹۴	نارتھ ناظم آباد
غلام حیدر	۴ جون ۱۹۹۴	نارتھ ناظم آباد
سید امتیاز محسن	۲۲ فروری ۱۹۸۳	انچولی
سید شاہد حسین	۱۹ مارچ ۱۹۸۳	لیاقت آباد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک ایسے ملک میں جہاں 1310 افراد کیلئے ایک ڈاکٹر دستیاب ہے

44 ڈاکٹرز کو نشانہ بنانے کا مطلب کہ 57640 افراد کو علاج معالجہ سے محروم کر دینا ہے۔

کراچی میں فرقہ وارانہ تشدد 1994ء تا 2002ء ایک مطالعہ از ذوالفقار علی شاہ شائع کردہ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان صفحہ نمبر 17 کے مطابق ''21 اپریل 2001ء کو ڈاکٹر معاویہ کے قتل کے بعد شہر کے ڈاکٹروں نے خصوصاً جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر کے ڈاکٹرز نے 2 دن کی ہڑتال کی اور حکومت کو کاروائی کرنے کے لئے مجبور کرنے کی کوشش میں جے۔پی۔ایم۔سی کے شعبہ حادثات کے وارڈز بھی بند کرائے گئے۔ جس کی وجہ سے تمام شعبہ زندگی کے لوگ خصوصاً بیمار افراد شدید متاثر ہوئے۔حکومت کی جانب سے ڈاکٹر معاویہ کے ورثا کیلئے 6 لاکھ روپے معاوضہ، بیوہ کے لئے تاحیات پنشن، قریبی عزیز کیلئے سرکاری ملازمت اور بچوں کی مفت تعلیم کے اعلان کے بعد ہڑتالی ڈاکٹرز نے ہڑتال ختم کی۔

> کئی شیعہ ڈاکٹروں نے صدائے احتجاج بلند کی کہ ڈاکٹر برادری نے صرف ایک سنی ڈاکٹر کے قتل کے بعد ہی احتجاجاً ہڑتال کی ،مزید یہ کہ حکومت نے صرف ایک ڈاکٹر کیلئے ہی معاوضہ کا اعلان کیا جبکہ دیگر ڈاکٹرز خصوصاً شیعہ ڈاکٹروں کے متاثرہ خاندانوں کو نظر انداز کر دیا۔'' اس مطالعاتی رپورٹ کے صفحہ نمبر 21 پر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر حبیب الرحمن نے کہا کہ ''پی ایم اے ڈاکٹرز کی ہڑتال کے خلاف ہے لیکن ڈاکٹر معاویہ کے قتل کے بعد ڈاکٹرز کے مسلسل قتل عام کو روکنے میں ناکامی اور صاحبان اختیار کے غیر سنجیدہ رویہ کے خلاف ہڑتال کرنی پڑی۔'' مزید کہا کہ: ''پی ایم اے کی نظر میں شیعہ اور سنی ڈاکٹرز کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔''

ڈاکٹر حبیب الرحمن کا مندرجہ بالا انٹرویو خود ہی انکے دعوے ''کہ پی ایم اے کی نظر میں شیعہ اور سنی ڈاکٹرز کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے'' کی تردید کر رہا ہے۔ڈاکٹر معاویہ کے قتل سے قبل 38 ڈاکٹرز دہشت گردی کا شکار ہوئے جن میں ڈاکٹر سید رضا مہدی جعفری ایف آر سی ایس، ای این ٹی سرجن اور ڈاکٹر سید آل صفدر زیدی نیفرولوجسٹ کڈنی سنٹر جیسے قابل ذکر اور مایہ ناز شیعہ ڈاکٹرز بھی شامل تھے۔ان 38 ڈاکٹرز کے لئے ہڑتال کیوں نہ ہوئی کیا یہ ڈاکٹر معاویہ سے کسی لحاظ سے کم تر تھے یا ان کا قتل، قتل نہ تھا۔

اپریل 1994ء سے 31 اگست 2006 کے درمیان 44 ڈاکٹرز دہشت گردی کا شکار ہوئے جن میں 33 شیعہ اور 11 اہلسنت ڈاکٹرز شامل ہیں۔ایک ایسے ملک میں جہاں 1310 افراد کیلئے ایک ڈاکٹر دستیاب ہے (حوالہ ڈاکٹر شاہد حسن معیشیت کی جھلکیاں روزنامہ جنگ کراچی 22 اگست 2006ء) وہاں 44 ڈاکٹرز کو نشانہ بنانے کا مطلب ہے کہ 57640 افراد کو علاج معالجہ سے محروم کر دینا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

مسیحاؤں کے مقتل

علاقے کا نام / سال	1983	1994	1995	1996	1997	1999	2000	2001	2002	2003	2004	کل
اورنگی ٹاؤن / مومن آباد / سعید آباد	x	x	x	1	3	x	3	2	1	x	x	10
نارتھ ناظم آباد/ ناظم آباد / گلبہار	x	2	1	x	1	x	x	x	x	x	x	4
خواجہ اجمیر نگری / نیو کراچی	x	2	1	x	1	x	x	x	x	x	x	4
بغدادی / کھارادر / میٹھادر	x	x	1	x	x	1	1	x	1	x	x	4
جمشید روڈ / سولجر بازار / ایم اے جناح روڈ	x	x	x	x	x	x	x	x	1	x	2	3
گلشن اقبال / عزیز بھٹی	x	x	1	x	x	x	x	1	x	x	x	2
ملیر / جعفر طیار	x	x	x	1	x	x	x	x	x	1	x	2
کورنگی	x	1	x	x	1	x	x	x	x	x	x	2
گزری روڈ	x	x	x	x	x	x	x	x	1	x	x	1
لیاقت آباد	1	x	x	x	x	x	x	x	x	x	x	1
کل	1	5	4	2	6	1	4	3	4	1	2	33

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹرز

شہید	تاریخ شہادت	مقامِ شہادت	مقامِ تدفین
ڈاکٹر سید محسن رضا رضوی	۷ جولائی ۲۰۰۸	محمدی کلینک اعظم بستی	ڈیفینس سوسائٹی فیز اقبرستان
ڈاکٹر شاہد حبیب	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ	عظیم پورہ قبرستان
ڈاکٹر سید اسد رضا رضوی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ	سخی حسن قبرستان
ڈاکٹر ابنِ حسن	۱۶ اگست ۲۰۰۳	نزد ابنِ حسن اسپتال، ملیر	سخی حسن قبرستان
ڈاکٹر مظفر سموں	۷ مارچ ۲۰۰۲	بغدادی	میوہ شاہ
ڈاکٹر سید آلِ صفدر زیدی	۴ مارچ ۲۰۰۲	گذری روڈ	ڈیفنس قبرستان
ڈاکٹر سید راشد مہدی	۱۲ فروری ۲۰۰۲	مومن آباد	سخی حسن قبرستان
ڈاکٹر محمد رضا پیرانی	۲۵ جون ۲۰۰۱	سولجر بازار	حسینی باغ
ڈاکٹر سید اسد بخاری	۱۶ جون ۲۰۰۱	سعید آباد	وادیِ حسین
ڈاکٹر سید رضا مہدی جعفری	۳۱ مئی ۲۰۰۱	گلشنِ اقبال	احاطہ مسجد مدینۃ العلم
ڈاکٹر کرامت حسین	۲۹ اکتوبر ۲۰۰۰	اورنگی ٹاؤن	
ڈاکٹر مہتاب حسین کاظمی	۳۰ اکتوبر ۲۰۰۰	اورنگی ٹاؤن	
ڈاکٹر سبطین ڈوسا	۲ مئی ۲۰۰۰	کھارادر	حسینی باغ قبرستان
ڈاکٹر سید نیر حسین	۲ دسمبر ۲۰۰۰	اورنگی ٹاؤن	جنت البقیع ،اورنگی ٹاؤن
ڈاکٹر غلام حسین	۱۲ اپریل ۱۹۹۹	بغدادی	
ڈاکٹر شاکر حسین زیدی	۲۹ اگست ۱۹۹۷	گوہر کلینک، نیو کراچی	نیو کراچی ۶ نمبر قبرستان
ڈاکٹر سید جعفر عباس	۱۰ اگست ۱۹۹۷	ناظم آباد	
ڈاکٹر اقتدار ساجد نقوی	۳۰ مئی ۱۹۹۷	کورنگی	
ڈاکٹر انیس الحسن	۲۶ مئی ۱۹۹۷	سعید آباد	
ڈاکٹر سید منصور حسین	۷ مئی ۱۹۹۷	سعید آباد	
ڈاکٹر زاہد حسین	۲ مارچ ۲۰۰۱	اورنگی توسیعی	
ڈاکٹر محمد ثقلین	۲۹ اپریل ۱۹۹۷	سعید آباد	پاپوش نگر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر سید پرویز اختر	۲۴ جون ۱۹۹۶	سعود آباد	جعفر طیار سوسائٹی قبرستان
ڈاکٹر محمد حیدر بابر	۳ جون ۱۹۹۶	اورنگی ٹاؤن	
ڈاکٹر سرفراز علی شاہ	۱۱ جولائی ۱۹۹۵	ناظم آباد	
ڈاکٹر محمد حسین دیواجی	۱۲ اپریل ۱۹۹۵	کھڈہ مارکیٹ، کھارادر	حسینی باغ قبرستان
ڈاکٹر مہدی حسن	۱۸ فروری ۱۹۹۵	نیو کراچی	
ڈاکٹر عالی جاہ جعفری	۵ فروری ۱۹۹۵	گلشن اقبال	
ڈاکٹر سید محمد علی	۱۳ دسمبر ۱۹۸۴	نیو کراچی	خراسان باغ فیز۔۱
ڈاکٹر ابو قاسم جیوا	۱۲ ستمبر ۱۹۹۴	ناظم آباد	حسینی باغ قبرستان
ڈاکٹر سید ذوالفقار حیدر	۲۷ جولائی ۱۹۹۴	کورنگی	
ڈاکٹر کوثر علی	۶ مئی ۱۹۹۴	خواجہ اجمیر نگری	
ڈاکٹر سید ندیم الحسن امروہوی	۲۲ اپریل ۱۹۹۴	نارتھ ناظم آباد	احاطہ جامعہ امامیہ ناظم آباد
ڈاکٹر سید عباس حیدر	۱۹ مارچ ۱۹۸۳	مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد	سخی حسن قبرستان

خدا کی جانب سے کسی قوم کے لیے یہ بہت بڑا، عذاب ہے کہ اُن کے درمیان سے آپس کا اتحاد اُٹھ جائے (شہید علامہ حسن ترابی)

انجینئرز

شہید	تاریخ شہادت	مقامِ شہادت	شعبہ روابستگی
ابرار حسین	۳۱ جولائی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ،	انجینئر
سید ہاشم رضا	۱۳ اکتوبر ۲۰۰۳	سپارکو روڈ	الیکٹریکل انجینئر
سید احمد رضا نقوی	۱۸ اپریل ۲۰۰۰	بغدادی	پی ٹی سی ایل
نذیر احمد	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حرؑ، محمود آباد	پی آئی اے
مرتضیٰ ادیب زادہ	۱۳ دسمبر ۱۹۹۷	کلفٹن فلائی اوور	
علی ادیب زادہ	۱۳ دسمبر ۱۹۹۷	کلفٹن فلائی اوور	
مرزا محمد علی	۱۷ جولائی ۱۹۹۶	ڈاکٹر پرویز کے کلینک پر فائرنگ	پی آئی اے
سید محمد احسن رضوی	۲۲ فروری ۱۹۸۳	مسجد خیر العمل، انچولی	کے۔ای۔ایس۔سی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انڈسٹریلسٹ			
سید حسن عابدی	۱۵ نومبر ۲۰۰۱	کورنگی صنعتی ایریا	
منسٹری آف ڈیفنس، حکومتِ پاکستان			
سید ظفر حسین زیدی	۳ جولائی ۲۰۰۱	ناظم آباد	ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ

افواج پاکستان کے جوان

شہید	تاریخِ شہادت	مقامِ شہادت	عہدہ / وابستگی
سید وجیہ حسن	۱۶ اگست ۲۰۰۳	F۔ساؤتھ ایریا، ملیر	سابقہ فوجی
کیپٹن (ر) الطاف حسین	۱۰ ستمبر ۲۰۰۱	سبزی منڈی، نیوٹاؤن	(ر) کیپٹن
محمد رضا زیدی	۴ ستمبر ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰؑ	سابقہ فوجی
سید اعجاز حسین کاظمی	یکم اکتوبر ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حرؑ	(ر) پیٹی آفیسر
کیپٹن (ر) ڈاکٹر سید نیر حسین	۱۲ فروری ۲۰۰۰	اورنگی ٹاؤن	(ر) کیپٹن
محمود احمد تقوی	۱۷ اکتوبر ۱۹۹۸	ڈیرہ اسماعیل خان	پاکستان نیوی
میجر (ر) علی اعلیٰ جعفری	۲ دسمبر ۱۹۹۵	بلوچ کالونی	(ر) میجر
رجب علی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ محفل مرتضیٰؑ	سابقہ فوجی
کیپٹن (ر) ڈاکٹر سید مہدی حسن	۱۸ فروری ۱۹۹۵	نیو کراچی	(ر) کیپٹن
حبیب غلام علی	۱۸ جون ۱۹۹۴	سوسائٹی آفس	پاکستان ایئر فورس

ہم قوم ہیں کوئی گروہ نہیں، کسی گروہ کو کچل دینا آسان ہے، لیکن ہم تو وہ ہیں جنہیں تاریخ کے بڑے بڑے فرعون بھی نہیں کچل پائے

(علامہ طالب جوہری، ساتویں مجلس نشتر پارک ۱۴۲۰ھ)

وکلاء

سید وقار حسین نقوی	۴ جون ۲۰۰۰	شہید ملت روڈ	ایڈووکیٹ
سید سردار حسین جعفری	۱۵ مئی ۲۰۰۰	گلشنِ اقبال	ایڈووکیٹ
سید حسنین عباس زیدی	۲۴ اگست ۱۹۹۸	صدر	ایڈووکیٹ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پولیس جوان

شہید	تاریخ شہادت	مقامِ شہادت	عہدہ
گوہر علی	۱۰مارچ ۲۰۰۸	پٹیل پاڑہ	سپاہی
غلام عباس سایانی	۳۱ مئی ۲۰۰۴	امام بارگاہ علی رضا	سپاہی
عابد حسین شاہ	۲فروری ۲۰۰۲	الفلاح سوسائٹی	(ر) ڈی ایس پی
صادق حسین شاہ	۲فروری ۲۰۰۲	الفلاح سوسائٹی	سپاہی
سید ہاشم رضا	۲۸اپریل ۱۹۹۹	قصبہ کالونی	ایس آئی
آغا سید مسعود رضا*	۱۸فروری ۱۹۹۵	بفرزون	اے ایس آئی (روزہ میں شہید کیا گیا)
سید نایاب حیدر	۷فروری ۱۹۹۵	تقی سینٹر، بلاک جے	اے ایس آئی (روزہ میں شہید کیا گیا)
غلام عباس	۱۳دسمبر ۱۹۹۴	سعید آباد	اے ایس آئی
دلدار حسین شاہ			سپاہی
قاسم عباس		کورنگی ۱۰۰ کوارٹرز	سپاہی

نوٹ: *نامزد ٹریننگ آفیسر، اینٹی ٹیررسٹ اسکواڈ، اسلام آباد

بینکوں اور مالیاتی اداروں سے وابستہ شہداء

شہید	تاریخ شہادت	مقام شہادت	وابستگی
سید صابر حسین	۷ مئی ۲۰۰۴	مسجد حیدری	یونائیٹڈ بنک
آغا سید غلام حیدر	۱۳ مئی ۲۰۰۴	مسجد حیدری	حبیب بنک
سید احمر رضا	۱۷ مئی ۲۰۰۴	مسجد حیدری	اوریکس لیزنگ
علی اصغر فدائی	۲۷ مئی ۲۰۰۴	مسجد حیدری	اسٹینڈ چارٹرڈ بنک
سید محمد دانش سبطین	۱۸ جون ۲۰۰۲	عزیز آباد	اسٹیٹ بنک آف پاکستان
سید امیر حیدر	۸ دسمبر ۱۹۹۴	ملیر ہالٹ	حبیب بنک

تم اپنی عمر سے بڑھ کر تو جی نہیں سکتے میں اپنے وقت سے پہلے تو مر نہیں سکتا

(خالد علیگ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سرکاری اداروں سے وابستہ شہداء

۱	سید نقی عباس	۷ مارچ ۲۰۰۵	سندھ ایکسائز پولیس
۲	سید افسر عباس	۲۰ مئی ۲۰۰۴	پاکستان ریلویز
۳	سید حسن علی	۹ جنوری ۲۰۰۲	ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی
۴	سید شمیم رضا نقوی	۲۸ اپریل ۲۰۰۱	بلدیہ کراچی
۵	الطاف حسین بنگش	۱۰ ستمبر ۲۰۰۱	ڈی ای ٹیلی فون
۶	سید احمد رضا	۱۸ اپریل ۲۰۰۰	ٹیلی فون
۷	ڈاکٹر پرویز اختر	۲۴ جون ۱۹۹۹	پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ
۸	سید ظفر عباس رضوی	۳۰ اگست ۱۹۹۵	پاکستان پوسٹ
۹	سید مشتاق حسین	۱۲ دسمبر ۱۹۹۵	کمشنر آفس
۱۰	ڈاکٹر محمد علی	۱۳ دسمبر ۱۹۹۵	بلدیہ کراچی
۱۱	سید سعادت علی شاہ	۲۰ دسمبر ۱۹۹۵	رجسٹریشن آفس
۱۲	سید بہادر علی جعفری	۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴	پاسپورٹ آفس

جب قومیں مضبوط ہو جاتیں ہیں تو پھر ملکی حکومتیں ان کی محتاج رہتی ہیں (شہید ڈاکٹر محمد علی نقوی)

کاروبار سے وابستہ شہداء

شہید	تاریخ شہادت	نوعیت
خوجہ محمد کمیل	۷ مئی ۲۰۰۴	پیپر مرچنٹ
غلام حسین سہراب	۲۷ فروری ۲۰۰۳	بیکری
ضامن علی	۹ اگست ۲۰۰۳	جنرل اسٹور
رمضان علی	۱۱ فروری ۲۰۰۲	ایرانیان ٹی اسٹور
سید آزاد حسین	۱۰ فروری ۲۰۰۲	پان شاپ
صادق حسین ھمشیری	۳ فروری ۲۰۰۲	بیکری
سید کاظم رضا	۲۱ مارچ ۲۰۰۲	ویڈیو شاپ
اصفہان حیدر	۱۹ اپریل ۲۰۰۲	جنرل اسٹور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید آل رضا	۲۳ اپریل ۲۰۰۲	میڈیکل اسٹور
سید اصغر علی	۷ مئی ۲۰۰۲	ٹیلرنگ شاپ
حاجی آغا عباس علی	۲۵ مئی ۲۰۰۲	جوس شاپ
عباس حیدر	۱۶ اکتوبر ۱۹۹۸	شوا سٹور
حاجی سفر علی بنگش	۲۶ ستمبر ۱۹۹۸	ٹمبر مرچنٹ
مرزا پرویز علی	۳ فروری ۱۹۹۷	ایل پی جی شاپ
عبادت علی	۱۳ مئی ۱۹۹۷	پان شاپ
عرفان علی حسنی	۲۶ جولائی ۱۹۹۷	پان شاپ
سید مجاہد علی نقوی	۲ جنوری ۱۹۹۵	جنرل اسٹور
فیاض حسین	یکم جنوری ۱۹۹۵	بار بر شاپ
سید فخر عالم	۳ فروری ۱۹۹۵	جنرل اسٹور
سید حسن اصغر	۲۰ فروری ۱۹۹۵	چپس کارٹ
حاجی محمد بشیر محمد تقی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	کار ڈیلر
حمید علی بھوجانی	۲۵ فروری ۱۹۹۵	ٹریول ایجنسی
انور عباس	۲۵ فروری ۱۹۹۵	کیئرنگ اینڈ فارورڈنگ ایجنسی
سید گلزار حسین شاہ	۲ اگست ۱۹۹۵	ملک شاپ
دلاور حسین	۴ جون ۱۹۹۴	جنرل اسٹور
سید حسن عابد	۲۷ جولائی ۱۹۹۴	ویڈیو شاپ
سید اشرف علی نقوی	۱۰ اگست ۱۹۹۴	پرنٹنگ پریس
شاکر عباس	۱۰ ستمبر ۱۹۹۴	بار بر شاپ
تقی رضا	۱۷ اکتوبر ۱۹۹۴	میڈیکل اسٹور
ناصر احمد	۱۲۷ اکتوبر ۱۹۹۴	پان شاپ
زاہد حسین	۸ دسمبر ۱۹۹۴	جنرل اسٹور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

''شہادت موجب مسرت ہے نہ کہ سبب حزن وملال''

(آیت اللہ تقی بہجتؒ)

''میں اپنے جد کی مانند شہید ہونا چاہتا ہوں کہ میرا خون عراقی عوام کی آواز کا سبب بن جائے''

(شہید آیت اللہ باقر الصدر)

''خدایا ! میری ہدایت فرما، تا کہ میں ظلم سے باز رہوں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ ظلم وہ گناہ ہے جو قابل معافی نہیں''

(شہید ڈاکٹر مصطفیٰ چمران)

''سنی شیعہ اور تمام مکاتیب فکر کے علماء اور ذمہ دار افراد کو، آج اسلام کی خاطر اپنے اختلافات بھلا دینے چاہیں، بخدا آج مسئلہ کفر اور سنی کا نہیں، کفر اور شیعہ کا نہیں، کفر اور اسلام کا ہے''

(قائد شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی)

''جب میں تشیع کے حقوق کی بات کرتا ہوں، عزاداریِ سید الشہداء علیہ السلام کی بات کرتا ہوں تو یہ ہمارا حق ہے آئینی حق ہے''

(قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی)

''بات ہمارے اپنے رہنے یا نہ رہنے کی نہیں، بات ہے حسینیت کی بقا کی اور حسینیت کی بقا کا راز شہادتوں کا سلسلہ جب تک یہ سلسلہ جاری رہے گا حسینیت پر کوئی آنچ نہیں آسکتی ہے''

(مولانا سید حسن ظفر نقوی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملت کے جانباز
جو
قانون نافذ کرنے والے
اداروں کی
شیلنگ اور فائرنگ سے
شہید ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانیت کے قتل پہ جو بولتا نہیں
کہنا پڑے گا وہ بھی ہے قاتل کا ہم زباں
بزدل ہیں، کم نظر ہیں ، سپاہی نہیں ہے وہ
شہروں میں جو چلائیں نہتوں پہ گولیاں

حبیب جالبؔ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسینیؑ کارواں چلتا رہے گا
گولیوں کی چھاؤں میں

شہید	تاریخ شہادت	مقام شہادت	سبب شہادت	حوالہ
نجف ہادی	یکم جون ۲۰۰۴	انچولی، فیڈرل بی ایریا	پولیس کی شیلنگ، دم گھٹنے سے	اخبار جنگ ۳ جون ۲۰۰۴
حیدر علی	یکم جون ۲۰۰۴	نزد حسینی بلڈ بنک سولجر بازار	رینجرز کی فائرنگ	رسالہ ہیرالڈ ۴ جولائی ۲۰۰۴
رجب علی	۱۴ ستمبر ۲۰۰۱	نزد کالا پل (شہدائے مسجد علی مرتضیٰ کے جلوسِ جنازہ)	پولیس کا شیل لگنے سے	
منیر حسین بنگش	۲۷، اکتوبر ۱۹۹۸	نزد پرانی نمائش (حاجی سفر علی بنگش کے جلوسِ جنازہ)	۹۰ ونگ غازی رینجرز کی فائرنگ	(ر) چیف جسٹس سید سجاد علی شاہ کی کتاب
سید ظہیر عباس	۲۷، اکتوبر ۱۹۹۸	نزد پرانی نمائش (حاجی سفر علی بنگش کے جلوسِ جنازہ)	۹۰ ونگ غازی رینجرز کی فائرنگ	"Law Courts in Glass House" کا صفحہ 578۔
عصمت حسین	۱۸، دسمبر ۱۹۹۴	جعفر طیار سوسائٹی	رینجرز کی فائرنگ	نیوز لائن کراچی ایڈیشن، مارچ ۱۹۹۵
محمد حسین	۱۸ دسمبر ۱۹۹۴	جعفر طیار سوسائٹی	رینجرز کی فائرنگ	نیوز لائن کراچی ایڈیشن، مارچ ۱۹۹۵
شبیر علی	۱۸ دسمبر ۱۹۹۴	جعفر طیار سوسائٹی	رینجرز کی فائرنگ	نیوز لائن کراچی ایڈیشن، مارچ ۱۹۹۵
آغا سید حیدر عباس	۱۸ مارچ ۱۹۸۳	مرکزی امام بارگاہ، لیاقت آباد	پولیس کا شیل لگنے سے	
سید شہنشاہ حسین	۲۱ فروری ۱۹۷۸	نزد حیدریؑ مسجد، گولیمار	پولیس کی گولی سر میں لگی	کتابچہ جامعہ روحانیت

جب انسان سو جاتا ہے تو اُسے جگانے کے لیے پانی کے چھینٹوں کی ضرورت ہوتی ہے
جب کہ سوئی ہوئی ملتوں کو بیدار کرنے کے لیے خون کے چھینٹے درکار ہوتے ہیں

(شہید باقر الصدر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدایا !

''میری آبرو کو مالداری کے ذریعہ محفوظ فرما۔

اور

میری منزلت کو غربت کی بناء پر نگاہوں سے نہ گرنے دینا

کہ مجھے تجھے سے روزی مانگنے والوں سے مانگنا پڑے

یا

تیری بدترین مخلوق سے رحم کی درخواست کرنا پڑے

اور

اس کے بعد میں ہر عطا کرنے والے کی تعریف کروں

اور

ہر انکار کی مذمت میں مبتلا ہو جاؤں

جب کہ ان سب کے پس پردہ

عطا و انکار دونوں کا اختیار تیرے ہی ہاتھ میں ہے

اور

تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے''

(حضرت امام علی علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہدائے راہِ ولائیت
کے ہمراہ
شہید / زخمی ہونے والے
برادرانِ اہلسنت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمیں
صرف اہل تشیع پر تشدد
یا
اُن کے قتل پر دُکھ نہیں ہوتا
بلکہ
فرقہ واریت کی آڑ میں
استعمار کے ایجنٹوں کے ہاتھوں
بے گناہ قتل ہونے والے
ہر مسلمان
پر دلی صدمہ ہوتا ہے۔

(شہید قائد علامہ سید عارف حسین الحسینی، ص ۱۴۵ سفیر نور)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید/زخمی ہونے والے **برادرانِ اہلسنت**

۱) ۳۱ مئی ۲۰۰۵ ایم اے راجہ پولیس کانسٹیبل، مدینۃ العلم، گلشنِ اقبال میں بم دھماکہ سے شہید ہوئے۔

(حوالہ: روزنامہ امت ۳۱ مئی ۲۰۰۵)

۲) ۳۱ مئی ۲۰۰۴ ظہیر احمد سولجر بازار کے رہائشی سانحہ مسجد علی رضاؑ کے زخمیوں کیلئے خون دینے گئے تھے، حسینی بلڈ بنک کے نزدیک رینجرز کی فائرنگ سے شہید ہوئے۔ (حوالہ: ہیرالڈ جولائی ۲۰۰۴)

۳) ۲۳ اپریل ۲۰۰۲ ناصر علی، سید آلِ رضا رضوی کے ساتھ قصبہ کالونی میں شہید ہوئے۔

(حوالہ: HRCP پی/۷۵)

۴) ۱۱ اپریل ۲۰۰۲ فیروز آباد کے علاقہ میں اشرف بشیر شہید کے ساتھ اقبال حسین نامی اہلسنت شہید ہوئے۔

(حوالہ: HRCP اسٹڈی پی/۷۴)

۵) ۲۶ مئی ۲۰۰۲ ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی پرنسپل جامعہ ملیہ پر حملہ میں چوکیدار میرزمان شہید ہوئے۔

(حوالہ: HRCP اسٹڈی پی/۷۵)

۶) ۸ جولائی ۲۰۰۱ ڈاکٹر عشرت حسین شاہراہِ نوجہاں کے حدود میں نام کی مماثلت کی وجہ سے دہشت گردی کا شکار ہوئے۔

(حوالہ: HRCP اسٹڈی پی/۲۳۹)

۷) ۱۶ اکتوبر ۱۹۹۹ ڈاکٹر آلِ حسن اور ڈاکٹر مہتشم (باپ اور بیٹا) گلستانِ جوہر تھانہ کے حدود میں نام کی مماثلت کی وجہ سے دہشت گردی کا شکار ہوئے۔

(حوالہ: HRCP اسٹڈی پی/۱۸۱،۱۸۲)

۸) ۱۷ جنوری ۱۹۹۵ ۱۵ شعبان کی شب نیٹی جیٹی پُل پر بم بلاسٹ ہوا۔ دو خواتین زخمی ہوئیں اور ایک بچہ شکیل نام کا شہید ہوا۔

(حوالہ: سالانہ رپورٹ تحریکِ جعفریہ پی/۸۶)

۹) ۴ فروری ۱۹۹۵ فش ایمپوریم جمشید روڈ حملے میں سید محمد ساجد کے ساتھ ان کے ایک اہلسنت دوست بھی شہید ہوئے، نام معلوم نہیں ہوسکا۔

(حوالہ: مضمون سید محمد ساجد از محمد علی سید)

۱۰) مارچ ۱۹۹۵ جامعہ مسجد حسینیؑ حسین آباد ملیر مرکزی گیٹ پر بم بلاسٹ سے شہید ہوئے اہلسنت بچے

(۱) شازیہ معین (عمر ۱۵ سال) (۲) اظہار (عمر ۱۲ سال) (۳) رخسانہ (عمر ۸ سال) (۴) لالی (عمر ۷ سال) (۵) نام معلوم نہیں ہوسکا۔

(حوالہ: جنگ ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

۱۱) ۲۷ دسمبر ۱۹۹۴ کورنگی سوکوارٹرز پر واقع علم پر فائرنگ سے برادرِ اہلسنت شہید ہوئے جو کہ قریب ہی ٹھیلے پر اپنی روزی کمارہے تھے، نام معلوم نہ ہوسکا۔ (حوالہ: ۹۵-۱۹۹۳ سالانہ رپورٹ تحریکِ جعفریہ پی/۷۹)

۱۲) ۸ دسمبر ۱۹۹۴ ڈاکٹر سجاد حیدر کے کلینک جے ایریا کورنگی پر فائرنگ سے کمپاؤنڈر سجاد شہید ہوئے۔

(حوالہ: ۹۵-۱۹۹۳ سالانہ رپورٹ تحریکِ جعفریہ پی/۷۹)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۳) ۱۷ اکتوبر ۱۹۹۴ محفل شاہِ خراسان کے نزدیک فائرنگ سے اعجاز شہید ہوئے۔

(حوالہ: ڈان ۱۸ اکتوبر ۱۹۹۴)

۱۴) ۱۸ ستمبر ۱۹۹۴ انمول کولڈ ڈرنک شاپ، واقع جمشید روڈ پر مالک سید توقیر رضا شہید کو بچانے کی کوشش میں شہید ہونیوالے اہلسنت:

(۱) افسر علی قادری (۲) عبدالرحیم (۳) علوی کاکا (حوالہ: ڈان ۱۹ ستمبر ۱۹۹۴)

۱۵) ۲۴ جولائی ۱۹۹۴ محمد یوسف (ایدھی ایمبولنس ڈرائیور) مسجد وامام بارگاہ جعفریہ، گلبہار پر حملہ کے زخمیوں کو لینے گئے تھے دہشت گردی کا شکار ہوگئے۔ (حوالہ: روزنامہ جنگ ۲۵ جولائی ۱۹۹۴)

۱۶) ۲۲ جون ۱۹۹۴ اورنگی ساڑھے گیارہ میں طاہر عباس شہید کے قاتل کو پکڑنے کی کوشش میں مبارک نامی شخص زخمی ہوا۔

(حوالہ: ڈان ۲۳ جون ۱۹۹۴)

۱۷) ۱۶ جون ۱۹۹۴ ڈاکٹر مجاور کلینک لیاقت اسکوائر ملیر میں فائرنگ سے محمد بیگ نامی میڈیکل ریپ جو کہ جماعتِ اسلامی سے وابستہ تھے، شہید ہوئے۔

(حوالہ: ڈان ۱۷ جون ۱۹۹۴)

۱۸) ۵ جون ۱۹۹۴ امام بارگاہ شاہ تراب مصطفیٰ آباد ملیر میں واقع بیکری پر فائرنگ سے ۱۲ افراد زخمی ہوئے ایک کا نام ریحان تھا دوسرے کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔ (حوالہ: رپورٹ تحریکِ جعفریہ پی/۶۶)

۱۹) ۱۴ اکتوبر ۱۹۸۷ شاہِ نجف مارٹن روڈ سے ۲۰ صفر کو نکلنے والے جلوس پر بنوری ٹاؤن کے علاقہ میں فائرنگ سے مارٹن کوارٹرز کے رہائشی نامعلوم لڑکے کی شہادت ہوئی۔ عثمانیہ مسجد میں نمازِ جنازہ ہوئی، مولانا مرزا یوسف حسین نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

اورنگی میں امام بارگاہ کے متولی کا اغوا اور قتل

۲۰ سالہ زاہد حسین اپنی بہن کو ٹیوشن سینٹر چھوڑ کر واپس آرہا تھا

ایک پولیس اہلکار سمیت ۳ ملزمان نے اغوا کی کوشش کی

کراچی (کرائم رپورٹر) اورنگی ٹوسیع میں امام بارگاہ کے متولی اور ماتمی انجمن کے صدر کو قتل کر کے فرار ہونے والے سپاہ صحابہ کے تین کارکنان کو پولیس نے مقابلے کے بعد گرفتار کرلیا۔ جس میں ایک زخمی اور باوردی پولیس اہلکار شامل ہے تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب اورنگی ٹوسیع نشان حیدر چوک سیکٹر ساڑھے گیارہ میں ملزمان نے ۲۰ سالہ زاہد حسین ولد منظر حسین کو اُس وقت روک لیا جب وہ اپنی چھوٹی بہن کو ٹیوشن سینٹر چھوڑ کر گھر جارہا تھا۔ دہشت گرد نوجوان کو اغوا کر کے لے جارہے تھے جن میں ایک باوردی پولیس اہلکار بھی شامل تھے اسی اثنا میں زاہد حسین نے ملزم سے پستول چھین کر اُسے گولی ماردی جو کہ ملزم کی گردن میں لگی جس پر مشتعل ہوکر ملزم کے دیگر ساتھیوں نے زاہد حسین کو متعدد گولیاں مار کر ہلاک کردیا بعدازاں ملزمان نے اکبرزادہ نامی شخص کی سوزوکی پک اپ KF 7983 اسلحہ کے زور پر چھینی اور زخمی ساتھی کو لے کر فرار ہوگئے۔ اسی اثنا میں سوزکی کے مالک نے پولیس کو اطلاع کردی۔ جس پر پولیس نے ملزمان کو چاندنی پور کے قریب گھیر لیا اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی ملزم وسیم احمد ساوتھ ہیڈ کوارٹر کے ہیڈ کانسٹیبل اور ایک ملزم کو TT پستول کے ساتھ گرفتار کرلیا۔

(روزنامہ دن ۳ مارچ ۲۰۰۱ء)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہداء کے
حالات و واقعات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید علامہ محمد حسن ترابی

میں ڈرا نہیں، میں دبا نہیں ، میں جھکا نہیں ، میں بکا نہیں
مگر اہل بزم میں کوئی بھی تو ، ادا شناسی وفا نہیں

(خالد علیگ)

شہید راہ وحدت علامہ محمد حسن ترابی کی زندگی، خالد علیگ کے مندرجہ بالا شعر کی بھرپور ترجمانی کرتی ہے۔ کراچی سے سینکڑوں کلومیٹر دور شگر (اسکردو) میں ۶ رجولائی ۱۹۵۳ میں پیدا ہونے والی شخصیت نے کراچی پر بالعموم اور پاکستان میں بسنے والے مکتب تشیع پر بالخصوص نا قابل فراموش اثرات مرتب کئے۔

اپنی ابتدائی تعلیم کے بعد کراچی ہجرت اور تعلیم کی تکمیل اور اُس سلسلے میں جدوجہد شہید کی زندگی کا مشکل ترین دور تھا۔ والد کی وفات کے بعد مالی وسائل کی قلت آپ کی راہ میں حائل نہ ہوسکی۔ آپ نے رات دن ایک کر کے اپنی تعلیم مکمل کی اور اپنے آبائی شہر کے لیے روانہ ہوگئے۔

کسی سے نہ دبنے والے شہید حسن ترابی نے اُس وقت کے آمر ضیاالحق کی آمریت کے خلاف مؤثر آواز اُٹھائی جس کی وجہ سے حکومت وقت نے آپ کو ساتھیوں کے ہمراہ پابند سلاسل کر دیا۔ مگر آپ اور آپکی تنظیم "فدائیاں علی اکبرؑ" نے آمر وقت پر ثابت کر دیا کہ

ڈریں گے ہم نہ اسیری سے اب زمانے میں
کریں گے ماتم شبیرؑ قید خانے میں

(وحید الحسن ہاشمی)

آخر کار حکومت نے آپ اور آپکے رفقا کو رہا کر دیا۔ چند کے سوا باقی رفقاء نے اپنی اپنی مجبوریوں اور مصالحتوں کے تحت تنظیم سے علیحدگی اختیار کر لی۔ جس کا آپ پر شدید اثر ہوا اور آپ نے ایک بار پھر آبائی شہر سے کراچی ہجرت کی اور یوں کراچی آپ کا جائے مسکن ہوا۔ اب کراچی تھا اور آپ شہر کے کسی گوشے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ ہو، کسی جلوس کی برآمدگی کا مسئلہ ہو یا کسی شہری کا بغیر کسی تفریق مذہب وفقہ ذاتی مسئلہ ہو۔ شہید اپنی ذات اور تعلقات کی بنیاد پر اُسکے حل کے لیے سرگرداں رہتے اور مسئلہ حل ہو جانے کے بعد چین کا سانس لیتے تھے۔

اس بات سے بہت کم لوگ واقف ہونگے کہ ۱۸ مارچ ۱۹۸۳ سانحہ مسجد قمر بنی ہاشم اور مرکزی امام بارگاہ میں آپکی ذاتی اسکوٹر بھی دیگر گاڑیوں کے ساتھ نذر آتش ہوئی، دیگر علماء کے ہمراہ گرفتار ہوئے اور سب سے آخر میں بغیر کسی معافی نامہ کے جون ۱۹۸۳ میں رہا ہوئے۔ اسکے علاوہ ایک روحانی صدمہ نوزائیدہ بچہ کی وفات اور اُسکے تجہیز وتدفین میں عدم شرکت کا داغ بھی بڑی جواں مردگی سے برداشت کیا۔

علامہ طالب جوہری صاحب قبلہ نے چند روز پیشتر ایک نجی گفتگو میں شہید کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے فرمایا کہ "شہید اہلسنت اور اہل تشیع کے درمیان پل کی مانند تھے۔ وہ ایک بہادر، نڈر اور بیباک رہنما تھے۔ ان کے مشن اتحاد بین المسلمین کو جاری رکھا جائے۔"

علامہ راحت حسین الحسینی کے مطابق "شہید نہ صرف ایک شیعہ عالم دین تھے بلکہ ہر وقت اتحاد بین المسلمین کیلئے سرگرم عمل بھی رہے اور یہ ہی ان کا گناہ تھا جس کی وجہ سے شہید ملت اسلام و پاکستان کے دشمنوں کی آنکھوں میں کھٹکنے لگے اسی لیے امن و بھائی چارے کے علمبردار کو ظلم و بربریت کا نشانہ بنایا گیا"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ یعقوب علی توسلی شہید کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں کہ ''ان کی تمام جدوجہد اور فعالیت مسلمانوں کی فلاح و بہبود، ترقی و کمال، اتحاد و اتفاق اور امن و آشتی کیلئے وقف ہو چکی تھیں۔ یہ ہی مخلصانہ خدمات اور جدوجہد تھی جو دشمنان اسلام کیلئے ناقابل برداشت بن چکی تھی''

ڈاکٹر معراج الہدی صدیقی کے بقول ''علامہ حسن ترابی صرف ایک سیاسی لیڈر یا اہم شخصیت کا نام نہیں بلکہ اتحاد امت کے مشن کو لیکر انتھک جدوجہد کرنے والا، امت کو لڑانے کی سازشوں کو ناکام کرنے والا، صبر، برداشت، ایثار اور محبت کا پیکر، استعمار کی دھجیاں بکھیرنے والا اور ان کاموں کی وجہ سے غیروں ہی نہیں اپنوں کی نظر میں بھی مطعون ہونے والا''

پروفیسر سبط جعفر زیدی ایڈوکیٹ لکھتے ہیں کہ ''علامہ کے اس مقام تک پہنچنے میں کسی نمایاں خاندانی پس منظر، برادری و قومیت یا غیر معمولی تعلیم و تربیت یا توارث و سماجی حیثیت و منصب کو دخل نہ تھا بلکہ اپنی ذاتی محنت، لگن، جفاکشی، جدوجہد، بے جگری و دلیری اور جرأت و مردانگی کی وجہ سے آپ ایک مرکزی، قومی، عوامی شخصیت بن کر اُبھرے۔ سب سے بڑھ کر قوم کے شریک حال اور آڑے وقت میں موجود اور دستیاب ہوتے تھے۔ انکی شہادت کے بعد ان کی جگہ/خلا کو پُر کرنے کے لیے کئی افراد بھی ناکام پڑ رہے ہیں''

آل محمد رزمی صاحب کے مطابق ''وہ خود ایک مدبر تھے، ایک بردبار سنجیدہ لیڈر، تحریک جعفریہ کے روح تھے، اور علامہ حسن ترابی جیسے رہنما صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں، اُنہیں یہ مقام اور یہ شہرت راتوں رات نہیں ملی۔ ان کی شہرت کسی حادثے کا نتیجہ نہیں بلکہ تین دہائیوں کے محنت کا ثمر تھا''۔

انسانی فطرت ہے کہ اُس میں مختلف آرزوئیں پائی جاتی ہیں مثلاً کسی کا ہدف مالی وثروت ہے، تو کسی کا مقصد قدرت واقتدار ہے۔ کسی نے حصول علم کو اپنا نصب العین قرار دیا ہوا ہے تو کسی نے روحانی معنوی مراحل طے کر کے قرب خدا سے ہم کنار ہونے کا تعین کر رکھا ہے۔ کوئی شخص ایسا نہیں ملے گا جس کے دل میں کوئی نہ کوئی آرزو نہ ہو۔ کوئی ہدف نہ رکھتا ہو۔ البتہ تمام افراد کی آرزوئیں ایک جیسی نہیں ہوتی ہیں۔

آرزو یا ہدف تک پہنچنے کے لیے صحیح منصوبہ بندی کے ساتھ ساتھ استقامت بھی بہت ضروری ہے کیونکہ اس راہ میں بہت مشکلات و دشواریاں ناگہانی و ناگوار حوادث پائے جاتے ہیں۔ لوگوں کی باتیں، دشنام طرازی، گالم گلوچ سے حوصلے پست نہیں ہونے چاہیے کیونکہ مفاد پرست راہ میں روڑے اٹکاتے ہیں۔ دیگر یہ کہ وسائل کی کمی، اندرونی و بیرونی رکاوٹوں سے گھبرانا نہیں چاہیے۔

شہید حسن ترابی کی آرزو شہادت تھی جس کا اظہار اُنہوں نے مختلف افراد سے مختلف موقعوں پر کیا۔ شہر کے حالات انتہائی کشیدہ تھے۔ گھر سے نکلنے لگے تو اہلیہ نے ایک سیاہ مرغی کا صدقہ اُتارا تو شہید نے برجستہ کہا کہ ''صدقہ رد بلا ہے اور شہادت بلا نہیں خدا کا عظیم تحفہ ہے''

۱۶ اپریل ۲۰۰۶ کے قاتلانہ حملے میں بال بال بچ جانے پر، ملاقات کے لیے آنے والے علماء اور دیگر تنظیمی ساتھیوں سے کہا کہ ''شاید مجھ میں کوئی کمی تھی یا پھر میں اس قابل نہیں ہوں کہ خدا شہادت کی موت عطا کرے''

علامہ حسن ترابی شہید پر متعدد بار قاتلانہ حملے ہوئے مگر وہ نہ ہراساں ہوئے اور نہ خوف زدہ، بلکہ بڑی جرأت و ہمت کے ساتھ اپنی راہ پر گامزن رہے۔ ۱۶ اپریل ۲۰۰۶ کے واقعہ پر ڈاکٹر معراج الہدی صدیقی سے گفتگو کے درمیان فرمایا کہ ''ڈاکٹر آج تو بچ گیا ہوں لیکن لگتا ہے کہ آئندہ نہیں بچ سکوں گا۔

ایک اور قریبی دوست سے شہادت سے دو روز قبل کہا کہ ''لوگ میرے قتل پر آمادہ ہیں مجھ سے میرے خیر خواہ کہتے ہیں کہ میں کچھ عرصے کے لیے پاکستان سے چلا جاؤں لیکن میں بھاگ جانے والوں میں سے نہیں ہوں میں آخری دم تک راہ حق پر چلتا رہونگا''۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بات بھی آپ قریبی حلقے احباب کو ہی معلوم ہے کہ شہید نے ایران زیارت پر جانے کے لیے الحرمین ٹریولز سے ٹکٹ تک بنوالیے تھے مگر پہلے قاتلانہ حملے کے بعد اپنا ارادہ ملتوی کر دیا اور کہا کہ لوگ یہ سمجھے گے کہ میں ڈر کر بھاگ گیا۔ شہید کی دلی خواہش تھی کہ

اس طرح تیری حرارت میرے ایمان میں آئے　　موت بستر پر نہ آئے مجھے میدان میں آئے

آخر کار علامہ ترابی ۱۴ جولائی ۲۰۰۶ کو اپنی آرزو شہادت کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے یہ عجب نہیں کیونکہ امام خمینیؒ کے قول کے مطابق ''تعجب تو اُس وقت ہے کہ جب راہ حق کے مجاہدین بستر پر مریں اور جرائم پیشہ ظالم لوگ اپنے خبیث ہاتھ اُن کے خون سے آلودہ نہ کریں''

(آیت باقر الصدر کی شہادت پر تعزیتی بیان ص ۱۴۳ استعمار واستبداد کے خلاف علمائے عراق کی جدوجہد سید رمیز الحسن موسوی)

شہادت سے آشنا تھا سبھی کا دل دُکھا گیا　　وہ ایک دیا کیا بُجھا سینکڑوں دیئے جلا گیا

اب ہم سب کا فرض ہے کہ

عزیزو اُس سے محبت کا یہ ہی ہے ثبوت　　تم اس کی فکر کی وسعت کا اہتمام کرو

(مظہر عباس)

شہید ڈاکٹر سید ابن حسن

شہید ڈاکٹر سید ابن حسن ۱۹۴۱ میں ہندوستان کے ایک ممتاز گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ پاکستان بننے کے بعد اپنے والدین اور خاندان کے ہمراہ ہجرت کی اور پاکستان کے شہر کراچی کو اپنی جائے رہائش قرار دیا۔ اپنی ابتدائی تعلیم حاصل کے بعد ۱۹۶۵ میں ڈاؤ میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی سند امتیازی نمبروں سے حاصل کی۔ اس کے بعد امریکا کے ایک ادارے سے بھی طبی تعلیم کی سند حاصل کرنے کے بعد اپنے والد ڈاکٹر سید مہدی حسن کے قائم کردہ کلینک ''دارالشفا'' میں ان کے ساتھ پریکٹس کرنے لگے۔

واضع رہے کہ ''دارالشفا'' اس زمانہ میں ملیر کی آبادی کو طبی سہولتوں کی فراہمی کا واحد مرکز تھا۔

اپنی خوش اخلاقی، اخلاص، ہمدردی اور خدمت خلق کے جذبے کی بناء سے نا صرف اپنے خاندان بلکہ علاقے کی ہر دل عزیز شخصیت بن گئے۔ غریبوں، بیواؤں اور یتیموں کی مدد کو اپنا شعار بنالیا۔ ڈاکٹر سید ابن حسن شہید نے مسلسل ۳۸ سالوں تک ہزاروں بندگان خدا کی زبان، علاقہ اور عقیدہ کی تفریق کے خدمت کی۔

یہ ہی وجہ ہے کہ شہید کی نماز جنازہ میں ملیر کے برادران اہلسنت کی کثیر تعداد نے شمالی ناظم آباد تشریف لا کر شرکت کی۔ اپنے اور پرائے کی تمیز کے بغیر مخلوق خدا کی خدمت کرنے والا، ۱۶ اگست ۲۰۰۳ کو بھی اپنے گھر سے اسی خدمت کی بجا آوری کیلئے چلا تھا اور ابھی گاڑی سے اتر رہا ہی تھا کہ انسان نما بھیڑوں کی گولیوں کا شکار ہوگیا۔　　آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید سید ڈاکٹر سید ظفر مھدی زیدی

معاشرے سے ایک سوال ؟؟؟؟ تحریر ابن مجتبیٰ

ڈاکٹر آغا افتخار حسین اپنی کتاب ''قوموں کی شکست وزوال کے اسباب کا مطالعہ (ایک دعوت فکر) میں صفحہ ۱۰ میں لکھتے ہیں کہ ''سب سے پہلے میں ایک دلچسپ بات کا ذکر کروں گا جو مجھے مملکت روما کے زوال کے مطالعہ میں نظر آئی۔ اہل روما خصوصاً اپنے زوال کے دور میں علم وحکمت میں کم دلچسپی رکھتے تھے اور سپہ گری، فنون لطیفہ، شاعری، خطابت، موسیقی، فن تعمیر اور کھیل تماشے کی طرف زیادہ راغب ہو گئے تھے۔ چنانچہ معلّمی جو یونانی تہذیب میں چند وقیع (وقعت رکھنے والا، عزت دار، بلند مرتبہ، ذی عزت) پیشوں شمار کیا جاتا تھا، اب حقیر پیشہ تصور کیا جانے لگا تھا۔ جب علم کی قدر کم ہوگئی تو معلّمی کی کیا قدر رہتی۔ لہذا اہل روما کے بہترین افراد سپاہی، اعلیٰ افسر، شاعر، مقرر اور مختلف قسم کے ایکٹر اور کھلاڑی بن گئے''

☆ کچھ اسی قسم کی صورتحال سے ہم اور ہمارا معاشرہ دوچار ہے اور

☆ ہم ایک زوال آمادہ معاشرے میں زندگی گزار رہے ہیں۔

☆ آپ کو دنیا کے ۱۲ ویں بڑے شہر میں شاہراہوں پر جنگی جہاز، توپیں، تلواریں، فوارے،

☆ مگر کتاب یا تعلیم سے وابستہ کوئی چیز نظر نہیں آئے گی جو تعلیم یا استاد کی قدر و قیمت کو ظاہر کرتی ہو۔

☆ جو شریک سفر نہ تھے، اُن کے ناموں سے منسوب شاہراہیں تو ہیں

☆ مگر قوم کو زیور علم سے آراستہ کرنے والے افراد کے نام سے چند ہی سڑک منسوب کی گئی ہو پچھلے ساٹھ سالوں میں۔

☆ اب تو خوبصورتی کے نام پر شہر کی اہم چورنگیوں کو بھی سرمایہ داروں کے ہاتھوں فروخت کیا جا چکا ہے۔

☆ الکٹرانک اور پرنٹ میڈیا اعلیٰ افسر، شاعر، مقرر اور مختلف قسم کے ایکٹر اور کھلاڑی کو ہیرو بنا کر پیش کرتے ہیں مگر

☆ اساتذہ کے لیے اُن کے پاس بھی وقت نہیں ہے۔

☆ معاشرے کے دیگر طبقوں کا رویہ بھی اساتذہ کے ساتھ کچھ اچھا نہیں ہے

☆ جس کی مثال پروفیسر جکھرانی اور اُن کی اہلیہ کی المناک موت ہے۔

☆ اہل محلّہ اور سرکاری اداروں کی بے حسی اور انسان دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

☆ اس بے درد معاشرے میں اگر پرنسپل اساتذہ کو وقت پر آنے کی تاکید کیا کرتا ہو۔

☆ سوا آٹھ بجے کالج کا دروازہ بند کروا دیتا ہو؟ ☆ طالب علموں کو نقل کرنے سے منع کرتا ہو!

اپنے پیشے سے مخلص ہو، کسی سے خوفزدہ نہ ہو، کسی کی دھمکی کو خاطر میں نہ لاتا ہو،

جس نے کبھی راست بازی اور دیانت کا دامن چھوڑا، اور نہ ہی کبھی اپنی عزت نفس اور خودداری کا سودا کیا۔

جس نے کڑے سے کڑے وقت میں بھی اصولوں سے انحراف نہیں کیا اور نہ ہی ظلم اور ناانصافی کے آگے سر جھکایا۔

گولی ہی سے فرشتہ صفت پروفیسر ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی پرنسپل جامعہ ملیہ کو اپنی راہ کا خار سمجھنے والوں نے ہٹایا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بات ہے ۶ مئی سن ۲۰۰۲ کی صبح جب

وہ اپنے اہل خانہ کو خدا حافظ کہہ کر اپنے ڈرائیور کے ہمراہ جامعہ ملیہ کے لیے روانہ ہوئے۔

اہل خانہ اس حقیقیت سے بے خبر تھے کہ یہ ان کی آخری ملاقات ہے۔

سرکاری اور اخباری بیانوں کے مطابق ''چند نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے اُن کی گاڑی پر گولیوں کی بوچھار کردی''۔

پھر پروفیسر زیدی، ان کا ڈرائیور اور گیٹ کھولنے والا چوکیدار، تین ہنستے، بولتے،

جیت جاگتے انسان موت کی وادی میں گم ہوگئے۔

وہ ہی دفتری کاروائیوں کا سلسلہ، سرکاری سطح پر، قاتلوں کو پکڑنے اور

کیفر کردار تک پہنچانے کا ابلند بانگ دعوے۔

تدفین، سوئم اور چالیسواں کا روایاتی سلسلہ، قومی سطح پر ملت کی غفلت اور بے حسی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے،

سرکار نے ایک بار پھر اپنی بد دیانتی کا ثبوت دیا۔

داؤد انجینیرنگ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سلیم چودہری، بھی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوئے تھے

اہلیہ کی تاحیات پنشن، بچوں کی تعلیمی اخراجات اور ایک پلاٹ اہل خانہ کی خواہش کے الاٹ کرنے کا اعلان کیا گیا۔

پھر اُسی سال پروفیسر ڈاکٹر سلیم چودہری کو تمغہ امتیاز سے بھی نوازا گیا۔

دوسری جانب پروفیسر ڈاکٹر سید ظفر مہدی زیدی پرنسپل جامعہ ملیہ کے

لواحقین مندرجہ بالا تمام نوازشات سے محروم ! انُ کو صرف شہید کے واجبات ہی ملے۔

ایک ہی ملک کے دو شہریوں اور، ایک جیسی تعلیمی قابلیت اور عہدہ رکھنے والوں پروفیسروں کے لیے!!!!

دو علیحدہ علیحدہ پیمانے!!! کیا غیر منصفانہ اور جانبدارانہ رویہ نہیں ہے؟؟

کیا یہ ناانصافی نہیں؟؟ کیا تعصب نہیں ؟؟

جی ہاں یہ تعصب ہے۔ ناانصافی ہے۔ جانبدارانہ رویہ ہے۔

شہید پروفیسر ظفر مہدی زیدی کا پہلا گناہ شیعہ ہونا اور

دوسرے گناہ مہاجر ہونا ہے

جبکہ ثانی الذکر کا تعلق پاکستان پر ازل سے حکمران صوبے سے تھا

اور ۔۔۔ وہ شیعہ بھی نہیں تھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید بہادر علی جعفری

شہید بہادر علی جعفری B-A تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد اسٹیٹ لائف انشورنس میں ملازم ہو گئے۔ جہاں انہوں نے چودہ سال تک ملازمت کی۔ زندگی کا آخری چند سالوں میں آپ نے وفاقی حکومت کے اہم ترین ادارے پاسپورٹ آفس میں خدمات انجام دیں۔

آپ کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جو مختلف انجمنوں اور تنظیموں کے درمیان زندگی گزارتے تھے اور جن کا مقصد عزاداری کو پروان چڑھانا ہے جس کے لئے آپ نے انجمن تبلیغ امامیہ کی بنیاد ڈالی جو کہ شہر کراچی کی مشہور معروف انجمن ہے۔ انجمن میں آپ صدر کے فرائض انجام دیتے رہے اور مرتے دم تک اس سے منسلک رہے۔۔ علاوہ ازایں ماتمی انجمنوں کی مشترکہ تنظیم، تنظیم عزاء کے جنرل سیکریٹری اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے ایک فعال رکن کی حیثیت سے نفاذ اسلام کے لئے ہر وقت کوشاں رہتے تھے۔ ۱۹۸۳ء کے ہنگاموں کے بعد، ۱۹۸۴ء میں ایک بار پھر دہشت گردوں نے اپنے آقاؤں کے اشارے پر عزاداری امام حسینؑ میں رخنہ ڈالنے کی ناپاک سازش کی۔

ہر سال یوم عاشورا کے دن انجمن تبلیغ امامیہ کا قائم کردہ ماتمی جلوس علم وتعزیہ مسجد وامام بارگاہ امامیہ سی ایریا لیاقت آباد سے برآمد ہو کر سی ون ایریا (C-1) میں واقع کربلا جاتا ہے جہاں تعزیے دفن کئے جاتے ہیں۔ اس سال ۶، اکتوبر ۱۹۸۴ء، صبح عاشور کو ابھی عزادار اجلوس کی تیاری میں مشغول تھے اور پولیس بھی موجود تھی کہ اچانک چاروں طرف سے ہزاروں کی تعداد میں شر پسندوں امام بارگاہ کو گھیر لیا اور ماتم داروں پر حملہ آور ہو گئے۔ بلوائیوں کی ایک بڑی تعداد آتشی اسلحہ اور خطرناک ہتھیاروں سے مسلح تھی۔ شر پسندوں کے حملہ کی وجہ سے ماتم داروں نے امام بارگاہ میں پناہ لی۔ ان کا تعاقب کیا گیا اور ان پر فائرنگ کی گئی۔ گولیاں سید بہادر علی اور سید وجاہت علی کو لگیں جن سے وہ شہید ہو گئے۔ اور بہت سے ماتمی زخمی ہو گئے۔

ایف آئی آر نمبر 422/84 تھانہ لیاقت آباد تاریخ ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴، اور سب انسپکٹر محمد سلیم کے بیان کے مطابق ''میں انتظام ۱۰ محرم الحرام امامیہ امام بارگاہ ڈیوٹی پر گیا ہوا تھا کہ اندازاً ۱۱ بجے دن ایک جتھ جو کہ 800/900 آدمی پر مشتمل تھا جن کے ہاتھوں میں اسلحہ آتشیں، ریوالور، پستول، بارہ بور گن اور ڈنڈے تھے۔ جھنڈا چوک کی گلیوں میں مورچوں کی شکل میں آ جمع ہوئے۔ یہ مجمع اس بات پر بضد تھا شیعہ حضرات کو امام بارگاہ سے جلوس باہر نہیں لے جانے دیں گے اور شیعہ حضرات بھی جلوس نکالنے پر بضد تھے۔''۔

اسی اثنا میں پولیس کے اعلیٰ افسران اور منتظمین جلوس حالات کے پیش نظر اس بات پر رضامند ہوئے ''پولیس کی نگرانی میں علم وتعزیے کو بذریعہ ٹرک نزدیکی کربلا لے جانے انتظام کیا جائے۔ شیعہ حضرات نے نعرے لگانے شروع کر دیئے۔ بیشتر گلیوں میں جمع شدہ افراد نے فائرنگ مندرجہ بالا اسلحہ سے اور پتھراؤ شروع کر دیا۔ فائرنگ اور پتھراؤ سے شیعہ حضرات روڈ سے امام بارگاہ میں چلے گئے۔ مندرجہ بالا مجمع نے شیعہ حضرات پر مسلسل فائرنگ اور پتھراؤ کیا۔ جس سے کئی شیعہ حضرات زخمی ہوئے۔ بمشکل تمام اس مجمع کو منتشر کیا اور آنسو گیس چلانا پڑا۔ یہ مجمع شیعہ حضرات کے محلے کی طرف بڑھانا شروع ہو گیا اور گلیوں میں پھیل گیا اور شیعہ حضرات مکانا نمبر 8/12-9/12-8/13.10/15-4/11-7/10 اور مکان C13/10 پر پتھراؤ کر کے سامان نکل کر روڈ پر جلا دیا۔ اور توڑ پھوڑ شروع کر دی یہاں بھی آنسو گیس پھینکنا پڑی اور یہ مجمع ڈاک خانے چوک کی طرف چلا گیا''

(ایف آئی آر نمبر 422/84 تھانہ لیاقت آباد تاریخ ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴)

شر پسندوں کی چلائی ہوئی گولیاں شہید بہادر علی جعفری کے گلے اور سینے میں لگیں جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔ ضیاالحق کے مارشل لاء کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریک دور تھا۔

یہ کوئی عام دن نہ تھا بلکہ عاشوار کا دن تھا۔ پورے پاکستان کی طرح کراچی میں بھی ملت تشیع کی ایک بڑی تعداد عزاداری امام حسین کے سلسلے میں سڑکوں پر موجود تھی۔ قومی انتشار اور اپنوں کی غداری کی وجہ سے اس شہید عزاداری کا غسل وکفن اور نماز جنازہ عباسی شہید اسپتال میں سنگینوں کے سائے میں ادا کی گئی۔ جس میں چند خاندان کے افراد شریک ہوئے۔ نماز کی امامت جناب مولانا امداد امام اثر نے کی۔ بعد ازاں فوج کی نگرانی میں سخی حسن قبرستان۔ (رجسٹر اموات سخی حسن ص 425 سیریل نمبر 173) میں تدفین عمل میں آئی۔ شہید نے پسماندگان میں بیوہ، دو صاحبزادیاں اور تین فرزند ہیں۔

(معلومات اور دستاویزات کی فراہمی کے ہم فرزند شہید جناب سید آصف جعفری کے مشکور ہیں)

شہید حجت الاسلام مولانا محمد ایوب صابری

مولانا شیخ محمد ایوب صابری ولد خان محمد گلگت پاکستان میں ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئے۔ جب وہ ۶ سال کے تھے اس وقت ان کی والدہ اس دار فانی سے کوچ کر گئیں۔ ابتدائی تعلیم پاکستان میں حاصل کرنے کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے نجف عراق تشریف لے گئے جہاں مسلسل ۲۰ سال انہوں نے قیام کیا اور اعلیٰ دینی تعلیم جید علماء آیت اللہ العظمیٰ سید محسن الحکیم اور آیت اللہ العظمیٰ سید ابوالقاسم الخوئی کے زیر سرپرستی حاصل کی سینئر طالب علم ہونے کے ناطے نجف میں انہیں تقریباً ۱۴ سال تک نئے طلباء کو درس دینے کی ذمہ داری سونپی گئی جسے انہوں نے خوش اسلوبی سے نبھایا۔ شہید نجف اشرف کے بہترین استاتذہ میں سے تھے۔ ۱۹۷۵ میں عراقی حکومت نے انہیں دیگر لوگوں کی طرح غیر عراقی قرار دے کر ملک سے نکال دیا تھا۔

نجف سے پاکستان واپسی پر پی ای سی ایچ ایس میں واقع محفل مرتضیٰ میں انہیں پیش امام مقرر کیا گیا۔ جہاں نماز باجماعت کی امامت کے علاوہ نماز عشاء کے بعد روزانہ درس بھی دیتے تھے۔ وہ مجالس بھی پڑھتے تھے اور بچوں کے مدرسے کے اساتذہ کی رہنمائی بھی کرتے تھے۔ شہید مولانا کو اردو، گلگتی، ناگری، عربی اور فارسی زبان پر عبور حاصل تھا۔ وہ مدرسہ معصومین، مدرسہ جعفریہ، دارالحکمہ میں اعلیٰ دینی تعلیم کے مدرس تھے۔

شہید مولانا شیخ محمد ایوب صابری ایک بلند پایہ اسکالر تھے اور سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ انہوں نے محفل مرتضیٰ میں جہاں وہ شہید ہوئے تقریباً ۱۸ سال تک خدمات انجام دیں انہوں نے اپنے پسماندگان میں بیوی، دو بیٹے (گیارہ اور پانچ سال عمر) اور دو بیٹیاں (چھ اور دو سال عمر) چھوڑے ہیں۔

(ص ۱۷، جماعت نیوز خصوصی شمارہ، مارچ ۱۹۹۵)

شہید سیّد صادق حسین شاہ

شہید سیّد صادق حسین شاہ اکتوبر ۱۹۳۴ء میں سیالکوٹ میں پیدا ہوئے اور تعلیم بھی سیالکوٹ میں ہی حاصل کی۔ اپنی عملی زندگی کا آغاز سندھ پولیس کے سپاہی کی حیثیت سے سن ۱۹۶۱ء میں شہر کراچی سے کیا۔ سن ۱۹۶۴ء میں اے ایس آئی کے عہدے پر فائز ہوئے۔ سن ۱۹۷۱ء میں سب انسپکٹر، ۱۹۸۴ء میں انسپکٹر اور ۱۹۹۴ء میں ڈی ایس پی کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور سن ۱۹۹۶ء میں اسی رینک میں سندھ پولیس سے ریٹائرڈ ہوئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۹۷۴ میں شہید رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ آپ نے پسماندگان میں ۸ فرزندگان اور ۲ دختران کو سوگوار چھوڑا ہے۔ ماشاءاللہ شہید کے تمام بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہیں ہیں۔ ایک فرزند LLM, ایک LLB، ایک BBA، اور ایک B.com کر چکے ہیں۔

شہید کو دو سال سے دھمکیاں مل رہیں تھیں اور وہ اس کیلئے ذہنی طور پر تیار تھے۔ ۲۲ فروری ۲۰۰۱ میں جب وہ مدینہ مارکیٹ الفلاح کے قریب اپنی گاڑی کا پنکچر لگوا رہے تھے کہ اسی اثناء میں مسلح دہشتگردوں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے اُنہیں شہید کر دیا۔ ان کے ہمراہ ان کے فرزند سید عابد حسین شاہ بھی شہید ہوئے، جو سندھ پولیس میں ۱۹۹۳ء سے پولیس کانسٹبل کی حیثیت سے وابستہ تھے۔ شہید عابد حسین شاہ نے پسماندگان میں بیواہ، ایک بیٹا اور بیٹی کو سوگوار چھوڑا ہے۔ شہادت کے وقت ان کی عمر ۳۱ سال تھی اور انہوں نے جامعہ ملیہ سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا تھا۔

شہید باپ اور بیٹے کی تدفین ۲۳ فروری ۲۰۰۱ء کو سیالکوٹ شہر کے سیدانوالی قبرستان میں ہوئی، شہید کے قاتل گرفتار ہوئے اور سندھ ہائی کورٹ نے انسداد دہشتگردی کی عدالت کی پھانسی کی سزا کو بحال رکھا ہے۔ ہائی کورٹ نے انسداد دہشت گردی کی عدالت کا فیصلہ بحال رکھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس مسٹر غلام نبی سومرو اور جسٹس محمد افضل سومرو پر مشتمل ڈویژن بنچ نے فروری ۲۰۰۱ء میں تھانہ الفلاح کے علاقے میں ڈی ایس پی سید صادق علی شاہ اور اُن کے بیٹے عابد حسین شاہ کو قتل کرنے کے الزام میں گرفتار محمد سعید اور عبدالوسیم کی سزائے موت کے خلاف اپیلیں مسترد کر دیں۔

''اے ٹی سی کے جج ارشد نور خان کا فیصلہ بحال رکھا۔ عدالت نے ملزمان کو قتل میں سزائے موت، دو دو لاکھ روپے جرمانہ عدم ادائیگی پر مزید دو دو سال قید سخت اور اسلحہ رکھنے کے الزام میں ۷، ۷ سال سزاؤں کا حکم سنایا تھا۔''

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ اگست ۲۰۰۳)

اس وقت ملزمان کی سزا کے خلاف اپیل کی سپریم کورٹ میں شنوائی جاری ہے۔ معلومات کی فراہمی کے لیے ہم شہید کے فرزند سید رضوان حسین شاہ کے شکر گزار ہیں۔

اے خون شہیداں ، تیری ہر بوند پر قرباں
تو نے میرا ،اندیشہ جاں دور کیا ہے

(منظر ایوبی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید ڈاکٹر سیّد ندیم الحسن امروہوی نقوی

سید محمود الحسن رضوی

ڈاکٹر سیّد ندیم الحسن نقوی کا تعلق سادات امروہہ کے گہوارہ علمی سے تھا۔ آپ کی ولادت ۲۰ جولائی ۱۹۳۰ء مراد آباد میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم اپنے والدِ گرامی مفسرِ قرآن ادیب اعظم حضرت مولانا سیّد ظفر حسن امروہوی مرحوم کے سایہء عاطفت میں حاصل کی۔ ۱۹۴۷ء میں پاکر ہائی اسکول مراد آباد سے میٹرک کے امتحان میں کامیاب ہوئے۔ انٹرمیڈیٹ ۱۹۵۱ء میں سندھ یونیورسٹی سے کیا۔ ۱۹۵۴ء میں کراچی یونیورسٹی سے بی ایس سی میں کامیابی حاصل کی اور ڈاؤ میڈیکل میں داخل ہوئے۔ ۱۹۵۹ء میں ایم بی بی ایس میں کامیابی کے بعد جناح اسپتال کراچی میں ہاؤس جاب مکمل کیا اور اسی سال ۲۳ جنوری ۱۹۵۹ء کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے۔

۱۹۶۰ء میں BUTTER FIELD نامی جہاز میں ملیشیا کے حاجیوں کی طبی خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ خود بھی فریضہ حج ادا کیا اور زیاراتِ حجاز مقدس اور روضہ نبویؐ پہ حاضری کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ ۱۹۶۱ء میں ناظم آباد نمبر ۲ میں رضویہ سوسائٹی میں اپنا مطب شروع کیا اور آخر وقت تک اس علاقہ کی خدمت کی۔ ۶۳ء تا ۱۹۶۶ء کے دوران کراچی پولی ٹیکنک، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن اور سرکاری اسکولوں میں جز وقتی طبی خدمات انجام دیں۔ اول تو اس جہان بے ثبات میں مخلص افراد پائے کہاں جاتے ہیں اور اگر قسمت سے ایسی نعمت مل کر سلب ہو جائے تو اس کا درد اندازہ کچھ وہی کر سکتے ہیں، جو اس صدمے سے دوچار ہوں اور پھر اگر صدمہ اس طرح ناگہانی ٹوٹ پڑے کہ کہیں تصور و گمان میں بھی نہ ہو تو وہ دوچند ہو جاتا ہے۔

۲۲ اپریل ۱۹۹۴ء یوم جمعہ تقریباً ۴ بجے مجھے اطلاع ملی کہ ڈاکٹر صاحب کو شقی القلب اسلام دشمنوں نے گھر میں گھس کر شہید اور ان کے چھوٹے صاحبزادے کو زخمی کر دیا ہے۔ شہید خصائص نسائی کی کتابت کی تصحیح میں مشغول تھے کہ ناصبیت کے کارندے آپ کے دولت کدے میں داخل ہوئے، نام معلوم کر کے اور یہ یقین کر کے آپ ہی ڈاکٹر ندیم الحسن ہیں شہید کر دیا۔ شہید نے بیگم صاحبہ، تین صاحبزادیاں اور دو صاحبزادے سوگوار چھوڑے ہیں۔

شدت پسند گروہ کا ہمیشہ سے یہ رویہ رہا ہے کہ یہ صاحبان علم و تقویٰ کو کبھی برداشت کر ہی نہ سکے ائمہ معصومین اور اصحاب باوفا میں کوئی تلوار سے تو کوئی زہر ہلاہل سے شہید ہوا۔ ان ذوات مقدسہ کے مداح بھی ان کی چیرہ دستیوں سے محفوظ نہ رہ سکے۔ تاریخ شاہد ہے کہ اس گروہ نے جو ظالموں کا مداح ہے، ہمیشہ جبر و اکراہ سے اپنی بات منوانی چاہی، علم، روحانیت اور استدلال سے انہیں کیا ربط و تعلق، اس جہل مرکب کا طریقہ یہی رہا ہے کہ علم کی شمعوں کو بجھاتے رہو تا کہ ان کا جہل نظروں سے اوجھل رہے، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ چراغ سے چراغ جلتے رہے ہیں جن کی روشنی میں ان کا مکروہ چہرہ صاف نظر آتا رہا ہے۔ ہمارے ملک میں لاقانونیت کا یہ عالم ہے کہ اس قسم کی صدہا وارداتوں میں قتل و غارت گری کا کوئی بھی مجرم پکڑا نہیں جاتا ہے۔ اور مصطفیٰ زیدی کا یہ شعر صادق آتا ہے کہ

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے

طب کے پیشے کے ساتھ ساتھ دن رات کتب بینی، مضامین اور حوالوں کی تلاش اور ان کی ترتیب و تحریر کتنا مشکل کام ہے اور پھر جامعہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامیہ کی دیکھ بھال، خاص طور پر طلبہ کی فلاح و بہبود کا خیال اور لائبریری میں کتابوں میں اضافہ کی فکر۔ اس ادارے کے اُلجھے ہوئے معاملات کو سلجھانا، توسیع وتعمیر کی نگرانی۔ ان تمام کاموں کے لیے، کام کرنے والوں کو کس قدر وقت دینا پڑتا ہے، کس قدر ذہنی توانائیاں صرف ہوتی ہیں اور کتنی خواہشات کو دم توڑتے دیکھنا پڑتا ہے۔ اور پھر صلہ وستائش تو درکنار اُلٹا ہدف تنقید بننا پڑتا ہے۔ اس کا اندازہ یہ وہی حضرات لگا سکتے ہیں جو اس ڈھنگ اور ان مقاصد کے حصول کے لیے زندگی گزار رہے ہیں۔

ڈاکٹر ندیم الحسن کو صدہا آیاتِ قرآنی حفظ تھیں اور اپنی تقریر میں وہ معنیٰ کے ساتھ ان کی حقیقی تفسیر بیان کرتے تھے جس میں تفسیر بالرائے کا شائبہ تک نہ ہوتا تھا۔ موصوف اپنے مطالب کی وضاحت استدلال اور ثبوت کیلئے قرآن کریم کا برمحل حوالہ دیا کرتے تھے۔ یہ ہی علم الحدیث کا عالم تھا کہ آپ کو لاتعداد اور متفق علیہ احادیث یاد تھیں جن کے حوالے بخاری، مسلم اور ترمذی وغیرہ کے مجموعوں سے دیا کرتے تھے۔ اسی لیے آپ کی خطابت بڑی پُر اثر ہوتی تھی یوں بھی آپ پیشہ ور مقرر نہ تھے۔ اسی لیے آپ کے بیان میں بڑی تاثیر تھی۔ انفرادی مجالس کے علاوہ آپ نے مسجد باب العلم شمالی ناظم آباد، مسجد آلِ محمد نارتھ کراچی اور دیگر مقامات پر مرکزی عشروں میں خطابت کے جوہر دکھائے۔

ہر زندہ قوم میں تصنیف وتالیف کی غیر معمولی اہمیت ہوتی ہے۔ اگر کوئی مذہب ومسلک تصنیف وتالیف کے محاذ پر کمزور ہے تو وہ اپنا دفاع نہیں کر پاتا گو تقریر کی اہمیت سے بھی انکار ممکن نہیں لیکن تقریر کے مقابلے میں تحریر کی اہمیت ہر لحاظ سے زیادہ ہے۔ تاریخ انسانیت میں جو نام یاد رکھے جاتے اور دائمی اثرات کے حامل ہوتے ہیں، وہ ان افراد کے ہوتے ہیں جنہوں نے لاجواب تحریری اثاثے چھوڑے ہیں مثلاً سقراط، افلاطون، ارسطو، بوعلی سینا، شیخ مفید، علامہ یعقوب کلینی، علامہ حلی وغیرہ۔ تقریر وقتی طور پر بڑی پُر اثر ہوتی ہے لیکن تحریر کے دائمی اثرات ہوتے ہیں کسی مذہب کی حیات اس سے وابستہ ہوتی ہے کہ مخالف حلقوں کے مختلف استدلال کے مقابلے میں ان کا استدلال سے دفاع کیا جائے، موجودہ نسلوں کو حق پر قائم رکھ سکے اور آئندہ نسلوں کے لیے حق شناسی کے لیے مواد فراہم کرے۔ زندہ اور ترقی پزیر قوموں کی یہ علامت ہوتی ہے کہ اُن میں تصنیف وتالیف اور تحریر کی اہمیت ہوتی ہے۔ مردہ قوموں کی علامت یہ ہے کہ ان میں جذبات حاوی ہو جاتے ہیں اور نکتہ آفرینی اور لفاظی ٹھوس استدلال کی جگہ لے لیتے ہیں اور اس لیے تصنیف وتالیف وتحریر پر توجہ کم ہو جاتی ہے اور تقریر کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔

مجلس ملی کے ساتھیوں نے اس کمزوری اور کمی کو سمجھ لیا اور اپنے محدود وسائل سے بساط بھر کام شروع کیا۔ ڈاکٹر صاحب مجلس ملی کی کارکردگی میں پیش پیش نظر آئے۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم کی خواہش تھی کہ حضرت ادیب اعظم کی تمام کتابوں کو جن کی تعداد دوسو پچھتر ہے، کو دوبارہ معیاری کاغذ اور جلد سازی کے ساتھ دیدہ زیب انداز میں شائع کیا جائے۔ تفسیر قرآن کے بعد الشافی ترجمہ اصول کافی، الشافی ترجمہ فروغ کافی جو کئی جلدوں پر مشتمل ہے اور سیرت النبی کو دوبارہ بڑے جاذب نظر انداز میں شائع کر دیا۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنی تصنیفات وتالیفات کے لیے بنیادی کام کر لیا تھا، لیکن سب سے پہلے صحاح ستہ کا انتخاب شائع کرنا چاہتے تھے جبکہ میں صحیح بخاری کا انتخاب یعنی گلدستہ شائع ہو چکا ہے۔ خصائص نسائی کی کتابت مکمل ہو چکی ہے اس کے شائع کرنے کی جلدی تھی۔

جامعہ امامیہ اور مذہبی لٹریچر کے فروغ کے لیے ڈاکٹر ندیم الحسن اپنے اعزاء واحباب اور حلقہ تعارف کے وسائل کو بڑی خوش اسلوبی سے استعمال کرتے رہے۔ ان کی شہادت سے قوم میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ بہ آسانی پُر نہ ہو سکے گا۔ (بحوالہ ص ۷۷۔۸۵، خصائص نسائی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید سید ساجد

تحریر محمد علی سید

سید ساجد آثار قدیمہ کے شیدائی تھے، وہ جیل روڈ کو ہمیشہ ڈونگرسی روڈ ہی کہا کرتے تھے۔ ڈونگرسی روڈ جیل روڈ کا پرانا نام تھا۔ سید ساجد کا ڈارننگ روم کیا تھا، کوزے میں سمندر بند تھا۔ ایسبسٹاس کی نیچی چھت، ہر دیوار پر آثار قایمہ کے نمونے اور قمر جمیل صاحب کی بنائی ہوئی پینٹنگز (ان پینٹنگز کی نمایاں خوبی یہ تھی کہ انھیں کسی بھی رخ سے آویزاں کیا جاسکتا تھا، وہ ہر رخ سے الٹی نظر آتی تھیں) کمرے میں سبز قالین بچھا ہوا تھا۔ ایک لمبی سیٹی ایک دیوار کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔ چھت کے قریب ایک کونے میں انگریزوں کے زمانے کی ریلوے گارڈز کی لالٹین، دوسرے کونے میں گھوڑے تانگے پر لگنے والی پیتل کی لالٹین، ایک طرف کسی بڑی مچھلی کی ریڑھ کی سالم ہڈی، کانٹوں بھری جھاڑیاں، راستے سے جمع کیے ہوئے پتھر جن کے بارے میں سید ساجد کا خیال تھا کہ یہ تمام کے تمام قدرت کے ہاتھوں بنے ہوئے صدیوں پرانے مجسمے ہیں۔ ہم جیسے بے ذوق افراد کو سمجھانے کے لیے سید ساجد نے ان پتھروں پر آئل پینٹ سے آنکھ، ناک اور کان وغیرہ بنا رکھے تھے۔

ایک چیز بتانا بھول گیا وہ تھا سید ساجد کی مچھلیوں کا ایکوریم جو سید ساجد کی پہچان تھا۔ اس زمانے میں ایکوریم ہزاروں میں سے کسی ایک گھر میں ہوا کرتا تھا۔ وقت کے سمندر کی لہریں آتی جاتی رہیں اور پھر ایک اونچی لہر آئی اور وقت کا ریلا سارے منظر کو بہا کر لے گیا۔ سید ساجد دبئی چلے گئے۔ میری اور ناہید کی شادی ہوگئی۔ ساجد کا ڈونگرسی والا کوارٹر تین منزلہ پختہ مکان میں تبدیل ہوگیا اور اس پر ۲ جیل روڈ کی تختی لگ گئی۔ دبئی سے واپسی اور شادی کے بعد ساجد نے گھر کے نچلے حصے میں ایکوریم اور برڈز کی بڑی شاندار دکان کھول لی۔

۴ فروری ۱۹۹۵ء کا دن تھا اور رمضان کی تیسری افطاری سے کچھ پہلے کا وقت تھا جب علی وجدان مجھے، ساجد، پروین اور ناہید کو گھیرے ہوئے بیٹھے تھے اور محمد صلاح الدین مدیر تکبیر کی اہلیہ کا خط پڑھ کر ہمیں سنا رہے تھے جس میں مرحوم کی شریک حیات نے دین کے راستے میں قربان ہونے والوں کی خدمات کو سراہا تھا۔ میں حسب عادت بس مجبوراً ہی یہ خط سن رہا تھا۔ علی وجدان اس خط کو پڑھتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے۔ میں نے سبب پوچھا تو انھوں نے کہا کہ رونے کا سبب ہماری ملت کی زبوں حالی ہے۔ جناب زہراؑ اور جناب زینبؑ کی کنیزوں میں جس جذبے کا وجود لازمی ہے ہمارے ماحول میں اس کی ابھی بہت کمی پائی جاتی ہے۔ دنیا پرستی نے ہمیں اپنے شکنجے میں کس رکھا ہے۔ شہادت کے راستے پر قدم بڑھانے والے جناب فاطمہؑ اور جناب زینبؑ کی کنیزوں کی گود میں پرورش پایا کرتے تھے وہ ہمارے ماحول میں آج عنقا ہیں۔

ہاں تو میں بتا رہا تھا کہ علی وجدان کی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز تھیں۔ شہادت کا موضوع آیا تو علی وجدان نے کہا۔ ''میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے دین اسلام کی رہ میں شہادت نصیب کرے۔'' اس پر سید ساجد نے کہا'' ابے جاؤ تم کہاں شہید ہوگے شہید تو میں ہوں گا۔'' یہ جملہ کس نے ساجد سے کہلوایا! وہ بالکل ہی غیر انقلابی آدمی تھے اور ظاہر اً روایتی شیعہ۔ علی وجدان کو ڈرگ کالونی جانا تھا وہ افطار سے پہلے وہاں چلے گئے۔

سید ساجد افطار کے بعد نچلے حصے میں ایکوریم اور برڈز کی دکان میں جا بیٹھے۔ تھوڑی ہی دیر بعد کچھ لوگ دکان میں داخل ہوئے ساجد کو، ان کے ایک ملازم (غلام حسین) اور ایک اہل سنت دوست ( ) سمیت گولیوں سے بھون ڈالا۔

وقت کے سمندر کا ایک بڑا ریلا آیا اور سب کچھ بہا کر لے گیا میں نے ساڑھے آٹھ بجے علی وجدان کو فون کر کے اس سانحے کی اطلاع

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی۔اور پھر جو ہوا اس کا تصور کرنا مشکل نہیں لیکن یہ ضرور ہے کہ جب کوئی شہید ہوتا ہے تو وہ اکیلا شہید نہیں ہوتا۔اس کے بیوی بچے، بہن بھائی، دوست یار کسی نہ کسی حد تک سب ہی شہید ہو جاتے ہیں۔یہ وہ زمانہ تھا جب پاکستان کے مختلف شہروں خاص طور پر کراچی میں انسانی خون بہہ رہا تھا۔سارا ملک خوف وہراس کے عالم میں تھا۔ہر شخص دوسرے شخص سے خوف زدہ تھا۔ہر شخص خود کو اپنے گھر اور محلے تک محدود رکھنا چاہتا تھا۔

نوٹ جناب علی وجدان کے زیر طابع شعری مجموعہ ''مضراب الم'' کے لیے جناب محمد علی سید کے مضمون سے اقتباس چند تبدیلیوں کے بعد، شہید سید ساجد، محترم محمد علی سید کے برادر نسبتی اور جناب علی وجدان کے کراچی کے سب سے قدیم دوستوں میں سے ایک تھے
(جناب علی وجدان سے معذرت کے ساتھ حسن مرتضیٰ)

شہید سید ساجد حسین رضوی

شہید ملازمت پیشہ انسان تھے اور کے ای ایس سی میں نوکری کرتے تھے اور اپنے گھر والوں کے تنہا کفیل تھے۔آپ کا قیام ومقام شہادت سادات کالونی (انچولی) ہے۔اس بزرگ کو کیا کہیں کہ جو وقت شہادت تنہا نہیں بلکہ اپنے فرزند ارجمند کے ساتھ تھے۔یعنی ان لوگوں میں سے تھے جو تنہا اچھے عمل بجا نہیں لاتے بلکہ دوسروں کو بھی اس کی طرف مائل کرتے ہیں اور اپنے واجب فریضہ عمل بالمعروف ونہی عن المنکر سے عہدہ برآ ہوتے ہیں اور یقین میں وہ بلندی کہ جب فرزند یہ کہے کہ والد گرامی گولیاں برس رہی ہیں تو جواب میں کہتے ہیں کہ بیٹا ''موت خدا کے ہاتھ میں ہے''۔

یہ اسی کا پیروکار ہے کہ جس کو نہیں پہچانا کسی نے سوائے خدا اور اس کے رسولؐ کے اور یہ اسی کا ماننے والا ہے جو کہتا ہے کہ کیا فرق پڑتا ہے کہ ''علیؑ موت پر جا پڑے یا موت علیؑ پر آ پڑے''۔اور شہید محمدؐ وآل محمدؐ کے غم کو عام کرنے کیلئے ہر وقت کوشاں رہتے تھے اور بہ کثرت مجالس وغیرہ میں شریک ہوا کرتے تھے۔

۲۲ فروری ۱۹۸۳ جبکہ لیاقت آباد میں ہنگامہ جاری تھا کہ سہراب گوٹھ کے علاقے میں ناجائز قابضین کے خلاف انتظامیہ کی کاروائی کے سبب پٹھانوں اور پولیس محاذ آرائی شروع ہوگئی۔پٹھان حضرات کا ہجوم مسجد خیر العمل سے صاف نظر آرہا تھا، جہاں شیعہ جمع تھے۔تقریباً چار بجے شیعوں نے محسوس کیا کہ پٹھان مسجد پر حملہ کی نیت سے بڑھ رہے ہیں لہذا انہوں نے پتھراؤ شروع کر دیا۔ادھر سے جوابی فائرنگ شروع ہوگئی جس سے تین افراد شہید ہوگئے۔جن میں شہید سید ساجد حسین رضوی بھی شامل ہیں۔

شہداء شفاعت کریں گے

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا''
خداوند عالم قیامت کے دن تین گروہوں کی سفارش وشفاعت کو قبول کرے گا۔ایک انبیاء
دوسرے ائمہ اطہار اور علما جو اُن کے پیروکار ہوں اور تیسرے شہداء۔''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید سید امتیاز محسن

''جس شخص کو اس حالت میں موت آئے کہ وہ علم حاصل کرنے میں مصروف ہوتا کہ اسکے ذریعے مسلمانوں کو زندہ کردے اسکے اور پیغمبروں کے درمیان بہشت میں فقط ایک درجے کا فاصلہ ہوگا''۔

یہ نوجوان شہید بھی دین ودنیا کو حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنے کی کوشش میں مصروف تھے اور وقت شہادت آپ M.Sc میں زیر تعلیم تھے۔ ''جو شخص مسلمانوں کے راستے سے اس چیز کو ہٹا دیتا ہے جو انہیں تکلیف دیتی ہے تو خدا تعالیٰ اسے قرآن کی چار سو آیتیں پڑھنے کا ثواب دیتا ہے'' برادر شہید ان افراد میں سے تھے جو اپنی فکر کے ساتھ ساتھ دوسروں کی بھی فکر کرتے اور ہر وقت ان کی کوشش ہوتی کہ انہیں مشکلات سے نجات دلائیں۔ آپ I.S.O کے نہایت فعال رکن تھے۔ محسن کی ہر وقت یہ کوشش ہوا کرتی تھی کہ جام شہادت لینے میں اپنے بھائیوں سے سبقت لے جائیں جس کی مثال یہ ہے کہ جب علماء حق نے شہر کراچی میں قرآن و مسجد کے شہید ہونے پر احتجاج کیا تھا اس میں آپ ان پانچ افراد میں شامل تھے جو کفن پہنے ہوئے سب سے آگے تھے اور اس مجاہد حق نے بندر روڈ پر ناکام ہونے کے بعد اپنی روش کو ترک نہیں کیا۔

۲۲ فروری ۱۹۸۳ کو جب سہراب گوٹھ کے علاقے میں ناجائز قابضین کے خلاف انتظامیہ کی کاروائی کے سبب پٹھانوں اور پولیس محاذ آرائی جاری تھی اور پٹھان حضرات کا ہجوم مسجد خیر العمل انچولی سے صاف نظر آرہا تھا، جہاں شیعہ جمع تھے۔ تقریباً چار بجے شیعوں نے محسوس کیا کہ پٹھان مسجد پر حملہ کی نیت سے بڑھ رہے ہیں لہذا انہوں نے پتھراؤ شروع کر دیا۔ اُدھر سے جوابی فائرنگ شروع ہوگئی جس سے تین افراد شہید ہوگئے۔ جن میں ایک شہید سید امتیاز محسن بھی ہیں جنہوں نے مسجد خیر العمل کا دفاع کرتے ہوئے اپنے ہدف کو پالیا اور جام شہادت پی لیا۔

شہید شیخ عباس حیدر

شہید شیخ عباس حیدر ۲۳ جولائی ۱۹۷۴ کو شیخ راحت علی کے گھرانے میں لاہور میں پیدا ہوئے۔ ابراہیم علی بھائی اسکول سعود آباد سوسائٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۹۰ سے ۱۹۹۶ تک کراچی کے مشہور مدرسے ''مدرسہ جعفریہ'' پارسی کالونی پرانی نمائش میں دینی تعلیم (شرح لمعہ) تک حاصل کی۔ جسکے بعد وہ اپنے بھائیوں کے ساتھ فوٹیئر کے کاروبار میں مشغول ہو گے جو کہ باٹا شوز کی ایجنسی پر مشتمل اور بفرزون علاقے میں واقع ہے۔ ۱۹ فروری ۱۹۹۸ء کو شہید رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ قدرت نے آپ کو ایک فرزند سے نوازا۔

۵ مئی ۱۹۹۹ء کو تقریباً، رات دس بجے معمول کے مطابق چاروں بھائی دوکان بند کرنے کے لیے جمع تھے، اسی اثناء میں گھر میں (جو کہ دوکان سے نزدیک ہے) کچھ مہمانو کے آجانے کی وجہ سے دو بھائی گھر اور ایک بھائی، آنے والے مہمانوں کے کھانے کا انتظام کرنے چلے گے۔ دشمن نے بہت دیکھ بھال کر وقت چنا تھا اگر فرشتہ رحمت بن کر مہمان نہ آتے تو شاید جانی نقصان زیادہ ہوتا۔

اب شہید عباس حیدر، دوکان میں اکیلے تھے کہ اچانک موٹر سائیکل پر سوار دو دہشت گرد آئے، جن میں سے ایک نے دوکان میں داخل ہوکر حیدر عباس پر ٹی ٹی سے فائرنگ کردی۔ شہید نے موقعہ پر ہی اپنی جان، جان آفرین کے سپرد کردی۔ ۶ مئی ۱۹۹۹ء کو شاہراہ محمد مصطفیٰ جوہر پر واقع سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ اس سانحہ کے بعد بیواہ کی عقد، شہید کے دیور شیخ عمران حیدر سے کر دیا گیا۔ شہید کا اکلوتے فرزند شیخ مرتضیٰ حیدر، اپنی والدہ اور والد کی زیر نگرانی لاہور میں پرورش پا رہے ہیں اس وقت وہ تیسری جماعت کے طالبعلم ہیں اور اُن کی دو چھوٹی بہنیں بھی ہیں۔

(اس معلومات کی فراہمی کے لیے ہم خانوادہ شہید کے انتہائی ممنون ہیں مولف)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید ماسٹر سید منظور الحسن ابن سید آل حسن

سید محمود الحسن رضوی

ماسٹر سید منظور الحسن ۱۹۰۱ء فتحپور سیکری آگرہ کے مشہور سادات کے محلّہ شاہ گنج میں پیدا ہوئے۔ انٹر تک تعلیم حاصل کی۔ ملازمت کے سلسلہ میں گورکھپور، کانپور اور الہ آباد میں تعینات رہے تقسیم ہند کے بعد قبل از وقت پنشن لے کر کراچی پاکستان تشریف لائے اور مسجد وامامبارگاہ جعفریہ کے سامنے ۲/۳ حسین آباد گولیمار میں مشنری انداز میں بلا امتیاز مذہب ومسلک ورنگ ونسل اور زبان کے اس علاقہ کے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں مصروف ہو کر زندگی گزارنے لگے۔ عبادت الٰہی کے عاشق ہونے ساتھ ساتھ شہید ایک اچھے اور مقبول تحت اللفظ مرثیہ خواں بھی تھے اسی لیے محلّہ کی زیادہ تر مجلسیں آپ ہی پڑھتے تھے۔ ماسٹر صاحب کے پاس مرثیوں اور مذہبی کتب کا ایک بہت بڑا ذخیرہ تھا جس سے اس محلّہ کے پیر وجوان سب ہی فیضیاب ہوتے تھے۔

۱۸ مارچ ۱۹۸۳ کو مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد کا گھیراؤ ہوا۔ ۱۹ مارچ کو لیاقت آباد میں قتل وغارت کا بازار گرم ہوا اور اسلام کے نام پر بھڑکائی جانے والی آگ کے شعلے روائتی آگ کی مانند قریب تر بستی گولیمار کی جانب بڑھنے لگے تاکہ مسجد وامام بارگاہ کے قرب وجوار میں آباد شیعوں کی قدیم بستی حسین آباد کو خاکستر کیا جاسکے ۲۱ مارچ کو اس علاقے کو گھیر لیا گیا، نعرہ بازی اور کھمبے بجانے کا سلسلہ شروع ہوا۔ مسلح دہشت گرد لیاقت چوک کے قرب وجوار میں بے خوف وخطر گھومنے لگے، سو گولیمار کے گلی کوچوں میں بکثرت پولیس موجود تھی اور امن کے نام پر میٹنگ بھی ہو چکی تھی۔ انتظامیہ کے اعلیٰ افسران باخبر تھے اور امام بارگاہ کے سامنے والی سڑک پر حالات کا جائزہ لے رہے تھے۔

ایسے وقت میں جبکہ گولیمار کے گلی کوچوں میں پولیس بکثرت موجود تھی، ۸۳ سالہ یہ ہردلعزیز بزرگ نماز مغربین کی ادائیگی سے فارغ ہو کر کسی قسم کے خوف اور اپنے کردار وعمل اور رویہ پر کامل یقین رکھتے ہوئے کہ ان جیسے نحیف ونزار بزرگ کی کسی سے کیا لڑائی جھگڑا، لڑائی جھگڑا تو درکنار محلے میں کسی سے کبھی تلخ کلامی بھی نہ ہوئی ہو، نہ کسی مذہبی یا گروہی سیاست میں حصہ لیا ہو بلکہ مسلسل تیس پینتس سال بلا امتیاز مذہب وملت علاقے کی علمی خدمت کی ہو اور پھر اتنے قانون کے رکھوالے موجود ہو تو کوئی بلا جوز کیوں مار دے گا، دودھ لینے بازار لیاقت چوک کی جانب روانہ ہوگئے۔

چوک کی جانب جاتے ہوئے راستہ میں موجود مجمع میں سے ایک انتہائی شقی القلب پسر سعد نے شہید کے پیٹ پر خنجر سے وار کیا، جس سے آپ شدید زخمی ہوگئے اور اسی حالت میں گھر کی جانب واپس روانہ ہوئے جہاں سے پولیس نے اپنی گاڑی میں امام زین العابدین اسپتال روانہ کیا۔ اس سانحہ کے بعد حملہ آور شر پسند منتشر ہوگئے اور حسین آباد کی آبادی اُن کے شر سے محفوظ رہی۔

شہید کے صاحبزادے سید محمود الحسن رضوی کو اطلاع دی گئی، وہ فوراً اسپتال پہنچ گئے، جہاں بدقت تمام اسپتال کے سرجن صاحبان کو بلوایا گیا۔ زخم اس قدر کاری تھا کہ دو ماہر سرجنوں نے تقریباً تین گھنٹے آپریشن میں صرف کئے اور اس دوران چھ بوتلیں خون کی دی گئیں۔ یہ نحیف ونزار بزرگ آپریشن کے بعد ہوش میں نہ آسکا اور ۲۲ مارچ ۱۹۸۳ کو پونے چار بجے روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ علاقے میں کشیدگی اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی۔

پسماندگان کا ایثار وقربانی، سیرت حسینیؑ کے پیش نظر شہید کا غسل وکفن اور نماز جنازہ کھارادر میں ادا کی گئی اور تدفین نصف شب کو باغ کر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بلا المعروف جنت البقیع حب ریور روڈ قبرستان میں عمل میں آئی حالانکہ گولیمار کے قبرستان میں قبر تیار ہو چکی تھی۔ انتظامیہ کی نااہلی اور حالات کی ستم ظریفی کہ شہید کا جسد خاکی گولیمار نہیں لے جایا سکا، اُن کی نماز جنازہ مسجد جعفریہ میں ادا نہ کی جاسکی کہ جس کی تعمیر میں شہید نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا، اُس قبرستان میں تدفین نہ ہوسکی کہ جہاں ہر شب جمعہ جانا اُن کا معمول تھا۔

گولیمار میں رہنے والے اعزا، احباب اور شاگرد تو درکنار سگی ماں جائی بھی اپنے بھائی کا آخری دیدار نہ کرسکی۔ شہر میں حالات انتہائی کشیدہ تھے خانہ خدا اور کلام خدا کو نذرِ آتش کیا جا چکا تھا۔ ساکنان شہر قائد ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں جاتے ہوئے خود کو غیر محفوظ تصور کرتے تھے۔ شہید کے سوئم اور چہلم کے سلسلے میں قرآن خوانی اور مجلس کا انعقاد بیک وقت مسجد جعفریہ گولیمار اور مسجد خیر العمل سادات کالونی بلاک ۲۰ فیڈرل بی ایریا میں کیا گیا، جن میں کثرت سے علماء کرام، زعما ملت، قومی کارکنان اور مومنین کرام نے شرکت کی۔

جانے کب راز ہوا فشاں یہ مسلمانوں پر ظلم اسلام سکھاتا نہیں انسانوں پر

(سانحہ کراچی اور سواد اعظم کا اصلی چہرہ ناشر ادارہ سواد اعظم امامیہ لاہور سے کچھ تبدیلی کے ساتھ نقل کیا گیا)

نوٹ: شہید کے خون کی تاثیر دیکھئے کہ قاتل جو کہ ایک لسانی تنظیم سے وابستہ تھا رینجرز کی فائرنگ سے زخمی ہوا اور اس نے شہید ماسٹر منظور حسین کی چوکھٹ پر دم توڑا۔

شہید سید حسن علی رضوی ابن سید عابد علی رضوی

شہید حسن علی ۱۱ نومبر ۱۹۴۷ کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ بی اے تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۸ سال کی عمر میں حکومت سندھ ادارے ٹیکنیکل ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا، جہاں وہ شہادت کے وقت بطور سپرنٹنڈنٹ منسلک تھے۔ ۹ جنوری ۲۰۰۲ کو مدنیہ مسجد دستگیر کے نزدیک دہشتگردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ پسماندگاں میں بیوا، ۴ صاحبزادیاں اور ۲ صاحبزادے ہیں۔

شہید انتہائی فعال عزادار اور قومی کارکن تھے۔ ۱۹۸۶ سے ۲۰۰۰ تک انجمن تنظیم حسینی سے بحیثیت سرپرست اعلیٰ منسلک رہے۔ انجولی کا بڑا علم اور مسجد و امام بارگاہ تنظیم المومنین عزیز آباد کی سبیل آپ نے تعمیر کرائی۔ شہید کی تدفین ۹ جنوری ۲۰۰۲ کو یاسین آباد کے قبرستان میں والد کے پہلو میں عمل میں آئی۔

شہید مظفر کرمانی

شہید مظفر علی کرمانی ۱۹۶۰ میں کراچی کے قدیم علاقے کھارادر کے ایک مذہبی گھرانے میں آنکھ کھولی۔ بچپن روایتی انداز میں گزرا۔ زمانہ طالب علمی میں حسن اخلاق اور انتہائی ہنس مکھ شخصیت ہونے کی بنا پر آپ اساتذہ اور طالبعلموں میں یکساں مقبول تھے۔

اسکول کا زمانہ گزار کر جب آپ نے عالم شباب میں قدم رکھا تو گھرانے سے ملنے والے مذہبی رجحانات میں مزید پختگی اور وسعت پیدا ہوئی۔ یہ وہ وقت تھا کہ ''امام خمینی کی قیادت میں تاریخ کا یہ انوکھا تجربہ (انقلاب ایران) دنیا کے سامنے آیا کہ ایمان اور جذبہ شہادت کے ذریعہ سے بڑی سے بڑی کو کس طرح شکست دے سکتے ہیں۔ اس تجربے نے دنیا کی تمام اسلامی تحریکوں کو متاثر کیا، ان کے حوصلوں کو بلند کیا، دنیا کے مظلوم اور کچلے ہوئے لوگوں میں نئی امنگ پیدا کی، ان کے اندر چھائی ہوئی مایوسی اور پژمردگی کو دور کر کے یقین و اعتماد کی تازہ روح پھونکی اور امید کی روشنی سے ان کے ذہنوں کو منور کیا'' (ص ۳۹۔ انقلاب ایران، محمد صلاح الدین)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسری طرف وطن عزیز میں امریکی سامراج نے ایک منتخب جمہوری حکومت کو اُلٹ کر ایک فوجی آمر کو اقتدار سونپ دیا کیونکہ فوج استعماری طاقتوں کا سب سے وفادار ''منظم اور مضبوط ادارہ ہوتی ہے اور جب سامراجی طاقتوں کو طفیلی ملک کے اندر یا باہر کسی قسم کی بے چینی یا تبدیلی نظر آتی ہے تو اقتدار فوج کے حوالے کر دیا جاتا ہے تاکہ سامراجی عمل ڈسٹرب نہ ہو۔ ساری عمر بیرکوں میں گزرنے والی فوج یک دم عوام کی نمائندہ بن کر قوم پر مسلط ہو جاتی ہے۔ عوام کی سیاسی جماعتوں اور جمہوری اداروں کو ختم کر دیتی ہے اور ملکی قوانین کو منسوخ دینے کے بعد فوج کا نمائندہ جرنیل اپنا ذاتی قانون قوم پر ٹھوس دیتا ہے''۔ (ص۔۹۱ پاکستان برطانوی غلامی سے امریکی غلامی تک)

کراچی کے باسیوں اُس وقت حیران رہ گئے جب شہید مظفر کرمانی اور اُن کے چند ساتھیوں نے کراچی کی ایک مرکزی شاہراہ پر اُس وقت کے عالمی استعمار کے نمائندے شہنشاہ ایران کے خلاف رضا شاہ پہلوی مردہ باد، شہنشاہ ایران مردہ باد کا نعرہ بلند کیا جو مختصر وقت میں پاکستانیوں کی اکثریت کی آواز بن گیا۔ نظریہ ولائیت فقیہہ کی ترویج وحفاظت آپ کی زندگی کا ایک اہم مقصد بن گیا۔

آیت اللہ باقر الصدر اور اُن کی خواہر بنت الہدیٰ کی شہادت ہو، صدام تکریتی کی مسلط کردہ جنگ ہو، خلیج میں ایرانی مسافر طیارہ کی امریکہ کے ہاتھوں تباہی ہو، ضیاالحق کے نام نہاد ریفرنڈم کا موقعہ، ۶ جولائی ۱۹۸۷ کی قرآن وسنت کانفرنس لاہور ہو، قائد شہید علامہ سید عارف حسین کی شہادت کا سانحہ اور امام خمینی کی رحلت کا سانحہ ہو، ہر موقعہ پر شہید نے بھرپور قائدانہ کردار ادا کیا۔ جس کی پاداش میں حراست اور پولیس کے تشدد کا بھی نشانہ بنے۔

۶ جولائی ۱۹۸۰ کے اسلام آباد کے کنونشن کے موقعہ پر شہید نے قائد ملت جعفریہ مفتی جعفر حسین کے پیغام کو کراچی کے کونے کونے تک پہنچانے کے بعد نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ شرکت کی۔ ۲۹ اگست ۱۹۸۳ کو مفتی صاحب کی رحلت کے بعد ۱۰ فروری ۱۹۸۴ علامہ سید عارف حسین الحسینی کی قیادت کے اعلان پر پاکستان میں اسلامی انقلاب کے لیے جدوجہد کے عہد کی تجدید کرنے کے ساتھ اپنی کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔

تحریک جعفریہ سندھ میں فعالیت کے حوالے سے شہید مظفر کرمانی کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل تھی۔ کراچی میں تحریک کے دفتر کا قیام اور تحریکی سرگرمیوں خصوصاً کراچی میں ۱۹۹۰ کی دھائی کے اور ملک کے مختلف حصوں میں ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات کے متاثرین کی کے لیے مالی وسائل کی فراہمی میں قابل ذکر کردار ادا کیا۔

۲۵۔۲۶ نومبر ۱۹۹۰ کو تحریک کے کنونشن میں شرکت سے واپس آنے والے کراچی کے قافلہ کو دادو کے قریب ڈاکوں نے اغوا کر لیا۔ شہید مظفر کرمانی، شہید علامہ حسن ترابی (جنہیں ڈاکوں نے تاوان کی رقم کی فراہمی کے لیے آل محمد رزمی کی ضمانت پر کراچی روانہ کیا تھا) شہید وقار حسین نقوی، مولانا قنبر عباس، مرحوم مولانا شیخ علی مدد، مرحوم مولانا غلام اصغر نجفی (سہیون شریف) اور مرحوم سید غلام حسین شاہ (اراضی) کے تعاون مغوی مومنین کی رہائی عمل میں آئی۔

شہید کے کارناموں میں بقیۃ اللہ اسلامک انسٹی ٹیوٹ کا قیام، بنیادی اور نظریاتی موضوعات پر فکری سیمینارز کا انعقاد جو نہ صرف کراچی میں بلکہ سیالکوٹ، کوئٹہ، اسلام آباد کے علاوہ بعد ازاں شارجہ، ابوظہبی دارلاسلام اور ٹورنٹو میں بھی منعقد ہوئے۔ ذرائع ابلاغ کی اہمیت کے پیش نظر شہید نے ایک ہفت روزہ اخبار ''نوائے اسلام'' کا اجرء کیا جسے وہ روزنامہ بنانے کی کوششوں میں مصروف تھے مگر زندگی نے وفا نہ کی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید مظفر کرمانی امام خمینی کے اس فرمان کہ ''محرم کا مہینہ تلوار پر خون کی فتح کا مہینہ ہے'' کے مطابق محرم اور عزاداری کی اہمیت اور افادیت سے نہ صرف آگاہ تھے بلکہ اس کی ترویج واشاعت میں بھی بھرپور حصہ لیتے تھے جسکی مثال سوئم امام حسینؑ کے موقعہ پر خراسان (کراچی) سے بہتر تابوت کا جلوس اور ۷ اصفر کو سیالکوٹ میں بہتر تابوت کا جلوس اور ۲۹ صفر کو (کھارادر) واپسی اہل حرم کی مناسبت سے عماری کا جلوس ہیں۔

عجیب اتفاق کی بات ہے کہ شہید ڈاکٹر محمد علی نقوی اپنی شہادت سے ایک روز قبل اپنے تمام قریبی ساتھیوں آگاہ کررہے تھے کہ ذمہ دار ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ دہشت گرد تحریک کی کسی بڑی شخصیت کو نشانہ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں لہذا احتیاط کریں مگر شہید ہی ان کا نشانہ بن گئے۔ بالکل اسی طرح شہید مظفر کرمانی نے بھی شہادت سے چند روز قبل ہی اپنے تمام قریبی ساتھیوں آگاہ کیا تھا کہ احتیاط کریں کیونکہ دہشت گرد تحریک کی فعال شخصیت کو نشانہ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں مگر شہید ہی اُن کا نشانہ بن گئے۔

۲۰۰۱ میں شہید نے عازم حج ہونے کا عزم کیا اور اسی سلسلے ۵، فروری ۲۰۰۱ کی رات نوجوانوں کی فکری تربیت کے لیے سولجر بازار میں حسینی بلڈ بنک کے نزدیک مصروف تھے کہ دہشت گردوں نے گولیوں کی بارش کردی جس سے شہید اور اُن کے ساتھی نذیر عباس نے جام شہادت نوش کیا۔ ۶ فروری کو شہدا کی نماز جنازہ خراسان روڈ پر ادا کی گئی اور حسینی باغ میواشاہ میں تدفین عمل میں آئی۔

(ڈاکٹر) حیدر عباس کشمیری

حیدر عباس کشمیری، ۲ ربیع الاول ۱۳۸۱ھ مطابق ۱۹۶۱ کو حاجی غلام حسین کربلائی کے گھرانے میں کراچی میں پیدا ہوئے۔ کراچی کے قدیمی علاقے کھارادر کے رونق حبیب انگلش اسکول سے ۱۹۷۷ء میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۸۱ء میں پاک امریکن ٹیکنکل انسٹیوٹ سے ویلڈر ٹیکنیشن کا تین سالہ ڈپلومہ کیا۔ شہید نے اپنی عملی زندگی کا آغاز حبیب گروپ کراچی میں بطور ٹیکنیشن ۱۹۸۳ء شمولیت سے کیا۔ جہاں وہ ۱۹۹۲ء تک وہ ملازم رہے۔ ۱۹۹۳ میں رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ قدرت نے آپ کو ایک دختر سے نوازا، جو اس وقت چھٹی جماعت میں زیر تعلیم ہے۔

شہید ملت جعفریہ کے ایک فرد ہونے کے ناتے، تحریک جعفریہ سے ہمدردی رکھتے تھے جو آخری سانسوں تک جاری رہی لیکن کبھی تحریک میں باقاعدہ شمولیت اختیار نہیں کی۔ ۱۹۹۰ کی دھائی کے پُرآشوب دور میں شہید، شہدائے ملت کے خاندانوں سے حتی الامکان رابطے میں رہتے، اُن کی دل جوئی کرتے اور اُن کو تسلی دیتے۔ مومنین کی آبادیوں میں جاتے، اُن کی حوصلہ افزائی کرتے، اور ہمت بندھاتے تھے۔ شہید کی اسی فعالیت سے دشمن خائف تھے۔ شہید خود بھی اس امر سے باخوبی واقف تھے کہ جس راستے پر وہ گامزن ہیں اُس کی حتمی منزل شہادت ہی ہے۔ اُنہیں اپنی شہادت کا پہلے سے احساس تھا جس کا اظہار اپنی شہادت سے چند روز قبل اُنہوں نے اپنے زیر مطالعہ اخبار پر منیر نیازی کا یہ مشہور شعر لکھا کر کیا۔

کجھ شہر دے لوک وی ظالم سن
کجھ سانوں مرن دا شوق وی سن

۳ نومبر ۲۰۰۱ء کو حیدر عباس کشمیری کو دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا وقت شہادت آپ زبان پر تھا کہ ''دشمنانِ آل محمدؐ کا تعاقب کرنا'' ۴ نومبر ۲۰۰۱ کو حیدری باغ قبرستان میواشاہ میں تدفین ہوئی۔ شہداء کی کرامات کے ذیل میں شہید سے متعلق مزید معلومات موجود ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید سید شہنشاہ حسین

شہید سید شہنشاہ حسین بھی اسی دوستی کے قائل تھے اور اپنے دوستوں کو پہلے پیار و محبت کے ساتھ حق کی دعوت دیتے اور واجبات پر عمل کی گزارش کرتے اور اگر کوئی اس پر عمل نہیں کرتا تو کہا کرتے تھے کہ ہماری تمہارے سے دوستی اس صورت میں برقرار رہ سکتی ہے کہ تم نماز روزہ کے پابند ہو جاؤ۔ سید شہنشاہ حسین شہادت کے وقت انٹر کے طالب علم تھے، اساتذہ کرام نہایت مطمئن اور آپ پر نہایت مشفق تھے۔ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ شہید کھیلوں میں بھی بھرپور شریک ہوتے، کرکٹ نہایت پسند کرتے اور کرکٹ کے ایک اچھے کھلاڑی تھے۔

۲۱ فروری ۱۹۷۸ء، یوم ولادت رحمت للعالمینؐ کے روز جب شر پسندوں نے علی بستی گولیمار کے شیعہ گھروں پر حملہ کر دیا تھا یہ مجاہد جوان اپنے خالی ہاتھوں اپنی جان و مال کی حفاظت کرتا ہوا پولیس کی گولی سر میں کھا کر محمدؐ و آل محمدؐ سے جا ملا۔

شہید سید آلِ حسن بلگرامی

سید آل حسن بلگرامی ولد نواب سید ابوالحسن بلگرامی دہلی کے ایک باعزت گھرانے کے سپوت تھے۔ وہ جولائی ۱۹۲۲ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ پرائمری اور ثانوی تعلیم لکھنؤ میں حاصل کی۔ عثمانیہ اسکول سے انہوں نے میٹرک اور دہلی یونیورسٹی سے گریجویشن کیا۔ بلگرامی صاحب تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن تھے اور انہوں نے قائداعظم کی قیادت میں پاکستان کے قیام کے لئے اہم کردار ادا کیا۔ ۱۹۳۵ء میں صرف پندرہ سال کی عمر میں آل انڈیا مسلم لیگ کی طلباء تنظیم آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے رکن منتخب ہوئے۔ اس تنظیم نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن پاکستان کے قیام کے لئے بھرپور جدوجہد کی۔

دہلی میں انہوں نواب زادہ لیاقت علی خان کی جگہ دہلی مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صدر کا عہدہ سنبھالا اور کئی سال تک اس عہدہ پر فائز رہے۔ راجہ صاحب محمود آباد انہیں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور بہار اور بنگال کے مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے امدادی وفد کی ذمہ داری انہیں سونپی تھی۔ ۱۹۴۳ء سے ۱۹۴۶ء تک انہوں نے مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے متعدد وفود کی قیادت کی جو دہلی سے اہم مشن پر مختلف مقامات پر گئے۔

دہلی اور متحدہ ہندوستان کے دیگر علاقوں میں انہوں نے کئی یوتھ ریلیاں اپنے ذاتی وسائل سے منعقد کیں۔ صوبہ سرحد میں ہونے والے ریفرنڈم میں ابھی انہوں نے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔

سید آل حسن نے ۱۹۴۶ء میں دہلی میں پنڈت جواہر لال نہرو کی منعقد کردہ بین الاقوامی تعلقات کی کانفرنس میں بھرپور شرکت کی اور مندوبین سے پاکستان کے قیام کے حق میں بیانات جاری کروانے میں کامیاب ہوئے۔ اس طرح انہوں نے پنڈت جواہر لال نہرو کو تعلقات عامہ کے میدان میں اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام بنایا۔ جناب بلگرامی ورلڈ مسلم فیڈریشن کی ورکنگ کمیٹی کے رکن بھی منتخب ہوئے جس کے سربراہ اور پہلے صدر راجہ صاحب محمود آباد تھے۔ مصر کے ڈاکٹر مصطفیٰ مومن اور انڈونیشیا کے نائب وزیر خارجہ ڈاکٹر آغوش سلیم بھی اس کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔

۱۹۴۹ء میں مسلم یوتھ آرگنائزیشن کے قیام کیلئے سید آل حسن بلگرامی نے اہم کردار ادا کیا اور اس کی ورکنگ کمیٹی کے رکن بھی منتخب ہوئے جس کی سربراہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح تھیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۹۵۰ء میں وہ عوامی لیگ میں شامل ہوگئے لیکن بنیادی پالیسی میں پارٹی لیڈر شپ کے ساتھ اختلافات کی وجہ سے کئی سالوں تک پارٹی کی سرگرمیوں سے کنارہ کش رہے۔ تاہم ۷۱۔۱۹۷۰ء کے دوران وہ دوبارہ سیاسی میدان میں فعال ہوئے عوامی لیگ کراچی کے سینئر نائب صدر کا عہدہ سنبھالا اور آل پاکستان عوامی لیگ کی مرکزی ورکنگ کمیٹی کے رکن بھی بنے۔ انہوں نے فیڈرل بی ایریا سے صوبائی انتخابات میں بھی حصہ لیا۔ وہ اس نظریہ کے قائل تھے کہ عوامی لیگ ہی ایک ایسی جماعت ہے جو مشرقی اور مغربی پاکستان کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں کامیاب ہوسکتی ہے۔ سانحہ مشرقی پاکستان سے انہیں گہرا صدمہ پہنچا اور سیاست کے میدان سے وہ ریٹائر ہوگئے۔

شہید سید آل حسن بلگرامی اپنے دل کی گہرائیوں سے ایک مخلص اور ہمدرد انسان تھے اور ہر وقت ضرورتمندوں کی مدد کے لئے تیار رہتے تھے۔ اپنی زندگی کے آخری برسوں میں انہوں نے اندرونِ سندھ دینی تعلیم کی ترویج میں گہری دلچسپی لی اور اس سلسلے میں انہوں نے اندرون سندھ کے کئی دورے شہید محمد بشیر علی بھائی کے ہمراہ کئے جو خود بھی محفل مرتضیٰ میں ان کے ساتھ شہید کردیئے گئے۔

شهید سید محمود أحمد تقوی

سید محمود احمد نقوی ۱۹۶۴ء میں سنٹرل کراچی کے علاقے انچولی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام سید آفتاب احمد تقوی تھا جو کہ ٹیلی گراف اینڈ ٹیلی فون (T + T) میں اسٹنٹ چیف انجینئر تھے اور ایک مشہور و معروف مذہبی و سماجی شخصیت تھے۔ اپنی ملازمت کے دوران کئی مستحق افراد کو بلاتفریق فرقہ و مسلک ملازمتیں دلوائیں۔ اسکے ساتھ ساتھ انہوں نے امامیہ مسجد محلّہ جوگیا نوالہ ڈیرہ اسماعیل خان کی تعمیر و ترقی میں انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ اور ڈیرہ اسماعیل خان میں انجمن وظیفہ سادات و مومنین کی شاخ کھلوائی۔ شہید محمود احمد تقوی کا خاندان ہندوستان کے شہر ''امروہا'' کے محلّہ دانش مندان سے ہجرت کر کے لاہور آیا اور بعد ازاں ۱۹۶۹ء ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے چاہ سید منور شاہ میں سکونت اختیار کی۔

تعلیم سے فراغت کے بعد محمود تقوی نے پاکستان نیوی میں ملازمت اختیار کی شہید محمود ایک سادہ، رحمدل اور لوگوں کا دکھ درد بانٹنے والی شخصیت، عزیز و اقارب دوست احباب کے مطابق ایک متقی، پرہیزگار، صاف گو، خوش اخلاق، صوم صلواۃ کا پابند نوجوان اور عزادار حسینؑ تھے۔ ہر سال مرکزی جلوس میں باقاعدگی سے زنجیر زنی کرتے تھے۔

چونکہ شہید محمود علی تقوی کو عزاداری سید الشہداء حضرت امام حسینؑ سے خصوصی لگاؤ تھا، لہٰذا جب ڈیرہ اسماعیل میں روٹ کا مسئلہ پیدا ہوا اور کئی سال تازیے رکے رہے اور جلوس اپنے روایتی راستوں سے گزرتے ہوئے مقررہ مقام تک نہ پہنچ سکے تو آپ انتہائی افسردہ اور غمگین ہوئے۔ آپ کی شدید خواہش تھی کہ عزاداری کے روٹس بحال ہوجائیں، چاہے ہمیں اپنی جانیں بھی قربان کیوں نہ کرنا پڑیں۔ سانحہ تیس ستمبر سے قبل آپ ملازمت کے سلسلے میں کراچی میں رہائش پذیر تھے، جب آپ کو معلوم ہوا کہ تیس ستمبر ۱۹۸۸ء کو روٹ کی بحالی کے لیے جلوس کی کال دی گئی ہے تو عشق حسینؑ آپ کو ڈیرہ اسماعیل خان لے آیا۔ آپ نے ملازمت سے چند دن کی رخصت لی اور ڈیرہ اسماعیل خان پہنچ گئے۔ تیس ستمبر سے قبل جلوس کی تیاریوں اور دیگر مذہبی سرگرمیوں میں بھرپور جوش و خروش سے حصہ لیا۔ تیس ستمبر ۱۹۸۸ء کے روز جب شہادتیں یقینی تھیں ہر کسی کو علم تھا کہ جلوس حسینؑ کی طرف بڑھنے والا ہر قدم دراصل اپنی مقتل گاہ کی طرف سفر ہے اور جب جانثاران حسینؑ ابن علیؑ نے شمع عزاداری کو اپنے خون سے روشن رکھنے کا عزم کیا ہوا تھا۔ محمود تقوی بھی اس کاروان عشق کے ہم سفر تھا کہ جس کے حوصلے بلند اور یقین کامل تھا، کہ ہم جلد حوض کوثر پر سیراب ہونے والے ہیں۔ اسی تشنگی شہادت کے ساتھ محمود تقوی بھی آگے بڑھے، جن کے بڑھنے والے ہر قدم میں یزیدیت کو کچلنے کا اک عزم تھا اور آنے والے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت کے یزیدوں کے لئے ایک للکار تھی کہ خبردار اگر کبھی عزاداری سید الشہداء کی طرف میلی آنکھ اٹھا کر دیکھی تو حسینی جانثاروں کے خون کا سیلاب تمہیں خس وخوشاک کی طرح بہا کر لے جائیگا۔

شہید محمود تقوی آگے بڑھے ان کی زبان پر حسینیت زندہ باد اور یزیدیت مردہ باد کے شعار اور دل میں شہادت کی تڑپ تھی۔ آخر کار ایک سنسناتی گولی آپ کو پیٹ میں لگی اور آپ زخمی ہو کر نیچے گرے۔ آپ کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈیرہ اسماعیل خان لے جایا گیا۔ چونکہ گولی آپ کو گردے میں لگی تھی، لہٰذا آپ کو لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور منتقل کر دیا گیا۔ جہاں آپ پانچ دن زیر علاج رہے۔ شدید علالت کے دوران بھی آپ مسلسل جلوس کے حوالے سے پوچھتے رہے۔ جب تک جلوس رکا رہا افسردہ رہے اور جیسے ہی جلوس اپنے روٹ پر روانہ ہوا تو آپ مطمئن ہو گئے۔ دوران علالت آپ کے گاؤں کا ایک شخص (اہل سنت) آپ سے ملنے کیلئے پشاور آیا اور اس نے کہا کہ محمود میں نے تمہیں جلوس میں جانے سے منع بھی کیا تھا مگر تم نہیں رکے۔ اس پر شہید سخت خفا ہوئے اور اس شخص سے کہا کہ خبردار ایسا مت کہو یہ میرے مولا کا جلوس تھا اور اس پر میں اپنے آپ کو ہزاروں بار بھی نثار کر سکتا ہوں۔ یہ سننے پر وہ شخص بہت متاثر ہوا اور اس نے پورے گاؤں کو یہ واقعہ سنایا۔ شہید محمود تقوی ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۸ کو اپنی دیرینہ خواہش شہادت کے حصول سے ہمیشہ کیلئے امر ہو گئے۔

اکتوبر ۱۹۸۸ کو شہید کا جسد خاکی پشاور سے کراچی لایا گیا۔ الحسن ہال کے میں مولانا سید فاضل حسین موسوی نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور سخی حسن قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔

شہید کے بھائی سید عقیل تقوی نے کہا کہ ہمیں اپنے برادر پر فخر ہے۔ ہمیں چاہیے مشن شہداء پر سختی سے کاربند رہیں اور وہ لوگ جو عقیدہ جنگ سے مومنین کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں، اتحاد اور اخوت و بھائی چارہ پیدا کر کے ایسے اسلام دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنائیں۔

شہید حمید علی بھوجانی

حمید علی بھوجانی ۱۳ ستمبر ۱۹۴۵ء کو بمبئی میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کے بعد ان کے خاندان نے کراچی ہجرت کی جہاں پرانے شہر کے علاقے کھارادر میں انہوں نے ابتدائی اور ثانوی تعلیم حاصل کی۔

انہوں نے میٹرک کا امتحان نیشنل سیکنڈری اسکول سے پاس کیا۔ بی کام کی ڈگری گورنمنٹ کالج برائے کامرس اینڈ اکنامکس کراچی سے حاصل کی۔ بعد میں جامعہ کراچی سے انہوں نے ایم اے اکنامکس کی سند حاصل کی۔ ۱۹۶۷ء سے ۱۹۷۴ء تک انہوں نے پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز میں بطور ٹریفک سپروائزر اسلام آباد، کراچی اور ڈھاکہ میں کام کیا۔ ۱۹۷۴ء میں انہوں نے سیرین عرب ایئر لائن میں بطور اسٹیشن منیجر ملازمت اختیار کی اور اس عہدہ پر تقریباً ایک سال تک کام کیا۔

اس کے بعد انہوں نے اپنے چھوٹے بھائی جناب الطاف حسین بھوجانی کے ساتھ مل کر بھوجانی ٹریولز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے نام سے اپنی ذاتی ٹریول ایجنسی کا کام شروع کیا اور تادم مرگ اس کمپنی کے چیرمین رہے۔ شہید ایک اچھے اسپورٹس مین بھی تھے اور کرکٹ کے کھیل سے انہیں خاص لگاؤ تھا۔

انہوں نے اپنی تمام زندگی معاشرتی بہبود کے لئے وقف کر دی۔ پی آئی اے میں ملازمت کے دوران انہوں نے مزدوروں کی بہبود کے لئے کام کیا اور ۱۹۷۳ء میں پی آئی اے سی ایمپلائز یونین کے نائب صدر منتخب ہوئے اور اس عہدہ پر جنوری ۱۹۷۴ء تک فائز رہے جب انہوں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملازمت سے استعفیٰ دیا۔۹۲۔۱۹۹۱ء کے دوران وہ ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین بھی رہے۔۱۹۸۸ء میں وہ خوجہ (پیرائی) شیعہ اثناءعشری جماعت کراچی کے صدر منتخب ہوئے۔۱۹۹۱ء میں ورلڈ فیڈریشن آف خوجہ شیعہ اثناءعشری مسلم کمیونیٹیز کے اگزیکیوٹیو کاؤنسلر نامزد ہوئے۔ان دونوں عہدوں پر وہ اپنی شہادت تک فائز رہے شہید کے پسماندگان میں اہلیہ، دو صاحبزادیاں اور تین صاحبزادے ہیں۔

شہید محمد بشیر علی بھائی

محمد بشیر ولد محمد تقی علی بھائی ۱۴ اگست ۱۹۴۴ کو یوگانڈا کے شہر بوئیما میں پیدا ہوئے۔انہوں نے ابتدائی اور ثانوی تعلیم یوگانڈا کے شہر کمپالا میں حاصل کی۔کمرج ثانوی اسکول کا امتحان دینے کے بعد وہ اپنے والد کے ٹیکسٹائل اور دیگر متفرق تجارت کے کاروبار میں شامل ہوگئے۔۱۹۷۳ء میں ایدی امین نے ایشیائی باشندوں کو جب یوگانڈا سے ملک بدر کیا تو اس سے کچھ عرصے قبل ہی انہوں نے پاکستان کے شہر کراچی ہجرت کی۔

کراچی میں انہوں نے اپنے خاندانی نام کے تحت علی بھائی موٹرز کے نام سے گاڑیوں کی ڈیلرشپ کے کاروبار کا آغاز کیا۔کچھ ہی عرصے بعد انہوں نے کمپالا انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے نام سے ایک اور کمپنی کا قیام کیا اور پاکستان میں بننے والی سوزوکی گاڑیوں کی ڈیلرشپ حاصل کی۔انہوں نے علی بھائی گیرج کے نام سے ایک ورکشاپ بھی قائم کی اور گاڑیوں کی خرید وفروخت کا کاروبار علی بھائی آٹوز کے نام سے شروع کیا۔وہ ایک صف اول کے پراپرٹی ایجنٹ بھی تھے اور ڈاؤن ٹاؤن اسٹیٹ کے نام سے یہ کاروبار کرتے تھے۔بے روزگاری کا مسئلہ حل کرنے کی نیت سے بلا منافع بلا نقصان کی بنیاد پر انہوں نے پاک ریکروٹمنٹ سینٹر کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جس کے ذریعے کئی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے گئے۔خوجہ (پیرائی) شیعہ اثناءعشری جماعت کے بینر تلے ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے قیام کے بعد انہوں نے اپنے ادارہ کی تمام سرگرمیاں جماعت کو منتقل کردیں۔یوگانڈا میں اپنے قیام کے دوران بشیر بھائی حسینی والینٹیر کور کے لیڈر اور کمپالا جماعت کے تحت چلنے والے مدرسے کے سربراہ تھے۔

میت کے غسل وکفن کے سلسلے میں وہ ہمیشہ آگے ہوتے تھے اور متعدد لوگوں کو اس کام کی تربیت بھی دی۔وہ ذاکر حسینؑ بھی تھے اور کمپالا میں مجالس بھی پڑھتے تھے۔

پاکستان ہجرت کرنے کے بعد انہوں نے دارالحکمہ کے نام سے حوزۂ علمیہ قائم کیا اور کراچی کی کچی آبادی علی بستی میں بچوں کا ایک مدرسہ بھی قائم کیا۔اندرون سندھ کے لوگوں کو دینی تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے انہوں نے اندرون سندھ کے متعدد دورے بھی کئے۔

شہید محمد بشیر علی بھائی بلال ٹرسٹ آف پاکستان کو قائم کرنے والے ٹرسٹیوں میں سے ایک تھے اور بڑی کامیابی کے ساتھ پاکستان کے کئی علاقوں میں تقریباً ۳۶ مدرسے قائم کئے۔وہ المرتضیٰ اسکول کے بانی ممبر تھے اور دینی ودنیاوی تعلیم کے سلسلے میں گہری دلچسپی لیتے تھے۔

محفل مرتضیٰ کی غسل وکفن کمیٹی کے وہ سربراہ تھے اور اس شعبہ میں خدمات سرانجام دینے کے لئے وہ اس قدر سرگرم رہتے تھے کہ اپنی شہادت کے وقت بھی اس کام میں مشغول تھے۔وہ نماز جماعت کی امامت بھی کرتے تھے اور دینی درس بھی دیتے تھے۔وہ نماز میت بھی پڑھاتے تھے اور تلقین پڑھنے کی خدمات بھی انجام دیتے تھے۔بشیر بھائی ہر عمر اور ہر طبقے کے لوگوں کے درمیان آسانی سے گھل مل جاتے تھے اور پاکستان کے علماء سے بڑے دوستانہ تعلقات تھے۔وہ اپنے بھائیوں میں سب سے بڑے تھے۔شہید کے پسماندگان میں اہلیہ، دو صاحبزادیاں اور ایک صاحبزادے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید انور عباس

انور عباس ولد حیدر علی ملا ۱۵ر جولائی ۱۹۵۱ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے پرائمری اور سیکنڈری تعلیم حبیب پبلک اسکول سے حاصل کی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد مزید تعلیم سندھ مسلم کالج سے حاصل کر کے بی کام کی سند حاصل کی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد انہوں نے ایک مقامی بینک میں ملازمت اختیار کی ان کی بیگم کے بقول جب انہیں پتہ چلا کہ اسلامی قوانین کے مطابق جہاں سود کا کاروبار ہوتا ہو وہاں ملازمت نہیں کی جاسکتی تو انہوں نے یہ ملازمت ترک کر دی۔

اس کے بعد انہوں نے پورٹ قاسم پر کلیرنگ وفارورڈنگ ایجنسی قائم کی۔ شہید انور عباس ایک سرگرم سماجی کارکن تھے اور ہمیشہ بیواؤں اور یتیموں کی مدد کے لئے تیار رہتے تھے اور تعلیمی اداروں کو بھی عطیات دیتے تھے انہوں نے قم میں واقع مدرسہ رسالت کی پانچ سال تک مالی اعانت کی۔

شہید محفل مرتضیٰ میں لائی جانے والی میتوں کے غسل وکفن کے لئے ہر وقت حاضر رہتے تھے اور اس وقت شہید کئے گئے جب وہ ایک مومن کے غسل وکفن کی تیاری میں مشغول تھے۔ ان کے دوستوں اور عزیزوں میں وہ شفیق اور نرم طبیعت کی وجہ سے انتہائی مقبول تھے۔ وہ اپنے تین بھائیوں اور دو بہنوں میں سب سے بڑے تھے۔ شہید نے پسماندگان کے میں اہلیہ، تین صاحبزادیاں اور دو صاحبزادے ہیں۔

شہید فرحت عباس

فرحت عباس ولد شبیر علی ایچ رحیم ۲۶ جون ۱۹۶۶ کو کراچی میں پیدا ہوئے اور ابتدائی اور ثانوی تعلیم غلامان عباس اسکول سے حاصل کر کے ۱۹۸۲ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ مزید تعلیم انہوں نے سینٹ پیٹرک کالج کراچی سے حاصل کر کے سائنس گروپ میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان ۱۹۸۴ء میں پاس کیا اس کے بعد اسی کالج سے ۱۹۸۵ء میں آٹو موبائل انجینئرنگ میں ڈپلومہ حاصل کیا۔

بعد میں وہ اپنی والد کے گاڑیوں کے کاروبار میں شامل ہو گئے جو وہ طارق روڈ کراچی پر نیو پلیئر ڈرائیو کے نام سے کرتے تھے اور اپنی شہادت تک اسی کاروبار میں شامل رہے۔ شہید فرحت عباس فطرتاً ایک رحم دل انسان تھے اور ہر وقت غریبوں اور ضرورت مندوں کی امداد کے لئے تیار رہتے تھے وہ خدا سے ڈرنے والے انسان تھے اور اپنے دوستوں اور رشتہ داروں میں اپنی خوش اخلاقی کی وجہ سے ہر دلعزیز تھے۔ اپنے بھائی بہنوں میں وہ سب سے بڑے تھے۔ شہید نے پسماندگان کے میں اہلیہ، دو صاحبزادیاں ہیں۔

(ص ۲۲، جماعت نیوز خصوصی شمارہ، مارچ ۱۹۹۵)

شہید مرزا عارف حسین

تحریر سید زوار زیدی

اولاد کی محبت کیا ہوتی ہے اور اسے اپنے ہاتھوں آغوش لحد میں رکھنے کا تصور ہی کس قدر جان کاہ اور لرزا دینے ولا ہے، اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہیں رب کریم وعظیم نے اس نعمت سے سرفراز فرما رکھا ہے۔ وطن عزیز میں کیسے کیسے حادثات ہوئے کہ ایک ہی وقت میں پچاس، پچاس لاشے اٹھائے گئے۔ 7 مئی 2004ء بروز جمعہ کا سورج مکتب اہلبیتؑ کے چاہنے والوں کیلئے قیامت صغریٰ لے کر طلوع ہوا کہ جس روز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوپہر 01:15 پر ایک ظالم خودکش نے عین نماز ظہر باجماعت کے وقت اپنے آپ کو بارود سے اڑالیا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کے مطابق خودکش حملہ آور ایک پولیس اہلکار اکبر خان نیازی تھا جو سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کراچی میں زیر تربیت تھا۔ افسوس بلکہ صد افسوس کہ پولیس اور تحقیقاتی اداروں موجود چند فرض شناس اہلکاروں کی تحقیقات اس وقت سرد خانوں کی نظر ہوگئیں جب خفیہ قوتیں بے نقاب ہونے کو تھیں نام نہاد جہاد کے نام پر امریکی اسلام کی خدمت کرنے والوں کے چہرے سے نقاب اٹھنے کو تھا اوپر سے نیچے تک انعام واکرام اور دھونس ودھمکی کے بازار گرم ہوگئے یوں شہید نمازیوں کا لہو اک بار پھر سرد خانوں کی نظر ہوگیا۔ جب یہ دھماکہ ہوا تو حکومت اور سیکورٹی کے خود ساختہ آئرن مین جائے وقوعہ پر نہ صرف موجود نہیں تھے بلکہ سانحہ کے بہت دیر بعد پہنچے گو کہ یہ بات سب جانتے ہیں کہ میٹھادر تھانہ اور SSP آفس اس مسجد سے 100 میٹر سے زائد فاصلے پر نہیں..... یہ سب سوالیہ نشان ہے؟

بم ڈسپوزل اسکواڈ کے ماہرین مسجد حیدری کے خودکش بم دھماکے کے اثرات کو سمجھنے سے آج تک قاصر ہیں کیونکہ اس دھماکے میں معمولی زخمی ہونے والے نمازیوں نے یکے بعد دیگرے مختلف ہسپتالوں میں دم توڑ دیئے، البتہ ڈاکٹرز بھی اس امر سے حیران و پریشان تھے کہ ایک معمولی سا زخم کس طرح کس شخص کی جان اتنی آسانی سے لے سکتا ہے، ایک تحقیقی رپورٹ میں پتہ چلا کہ اس سانحے میں ایسے عناصر اور مرکبات استعمال ہوئے تھے جو معمولی زخم کو بھی اندر تک جھلسا کر رکھ دیتے تھے، بم ڈسپوزل اسکواڈ کے ماہرین کا کہنا ہے کہ اس طرز کا دھماکہ خیز مواد نہ تو پاکستان میں موجود ہے اور نہ ہی کسی اور گھناؤنے واقعے میں استعمال ہوا، اس بم دھماکہ میں استعمال ہونے والے مواد کو ''سی ٹین "C-10" کے نام سے پوری دنیا جانتی ہے۔ جو صرف امریکہ واسرائیل کے پاس ہے اب آپ خود فیصلہ کیجئے کہ مسلمانوں کی تمام مصیبتوں کا ذمہ دار کون ہے؟

مسجد حیدری کے اندوھناک سانحہ میں 19 مومنین شہید ہوئے اور 200 سے زائد زخمی ہوئے ان شہداء میں ایک شب زندہ دار مرزا عارف حسین تھے ان کی خصوصیت یہ تھے کہ ان کو بیشتر قرآنی آیات کے ساتھ ساتھ دعائے کمیل اور حدیث کساء زبانی یاد تھی ان کا اپنا خاص دعائیہ انداز تھا۔ شہید مرزا عارف حسین 6 اپریل 1968ء میں پیدا ہوئے بچپن سے ہی نماز، روزے کے شوقین تھے آپ کے گھر والوں کا کہنا ہے کہ بچپن میں جب آپ کی روزہ کشائی ہوئی تو اس کے بعد سے کوئی نماز قضا نہیں ہوئی نہ ہی کوئی روزہ چھوڑا، بروز شہادت آپ نے روزہ رکھا ہوا تھا۔ آپ کا معمول تھا کہ رجب، شعبان اور رمضان کے روزوں میں سے سارے روزے رکھے جائیں۔ محمدی ڈیرہ جوان کا جائے پیدائش بھی ہے یہاں سب سے پہلے اجتماعی دعائے کمیل کروانے کا شرف انہی کو حاصل ہے.. ولادت حضرت امام مہدیؑ کے سلسلے میں ISO کے زیر اہتمام مرکزی پروگرام بمقام نیٹی جیٹی میں دعائے کمیل پڑھنے کی دومرتبہ سعادت حاصل کی۔

آپ کی پرائمری ایجوکیشن کلثوم بائی ولیکا اسکول نزد جامعہ ملیہ ملیر، پرنس علی بوائز اسکول ملیر سے مڈل، ملیر انگلش اسکول سے میٹرک جبکہ انٹر اور گریجویشن لیاقت کالج ملیر سے کی، بی کام کے فوراً بعد گوکل شپنگ کمپنی میں ملازمت مل گئی یوں وہ عملی زندگی میں اپنے کارنامے سرانجام دینے لگے یہ بات پڑھ کر آپ کو حیرت ہوگی کہ شہید نے اپنی ملازمت سے کبھی ایک دن کی بھی چھٹی نہیں کی۔

مرزا عارف حسین شہید کے آباء واجداد کا تعلق یوپی کے علاقے فیض آباد سے تھا۔ محمدی ڈیرہ ملیر کراچی میں انجمن اصغریہ کی بنیاد آپ کے دادا آغا ظفر مہدی نے رکھی۔ آپ کو اپنے بزرگوں سے ہی تنظیم سازی اور قومی وعملی شعور حاصل ہوا شہید اور ان کے دوستوں نے کئی چھوٹے چھوٹے ادارے اور انسٹیٹیوٹ بنائے جن سے کئی لوگوں نے استفادہ حاصل کیا، اس کی سب سے روشن مثال ملیر کا مقبول نیو الیکNew Alika انسٹیٹیوٹ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے جو آج بھی اپنی خدمات بلاتفریق مذہب وملت سرانجام دے رہا ہے۔1991ء سے سینکڑوں طلباء وطالبات نے استفادہ حاصل کیا اور ابھی بھی کر رہے ہیں کیونکہ شہید عارف حسین ہمیشہ مسلک وفرقہ سے بلند وماوراہو کر سوچا کرتے تھے۔ان کا عمل اس کی روشن مثال ہے۔

1996ء میں آپ کی شادی خانہ آبادی آپ کی پھوپھی زاد سے طے پائی شادی کے کچھ عرصے بعد محمدی ڈیرہ ملیر کو خیر باد کر کے گلشن اقبال میں سکونت اختیار کی، شہید کو اپنی اولاد دیکھنے کی بہت زیادہ آرزو تھی ایک بیٹے کا انتقال آپ کے سامنے ہی ہوا تھا جس کا آپ کو بہت رنج تھا۔ قسمت کا کرنا کچھ یوں ہوا کہ شہادت کے چھ دن بعد آپ کے ہاں بیٹے کی ولادت ہوئی جس کا نام ''علی موسیٰ'' رکھا گیا دنیا کے کارخانے تو یونہی چلتے رہیں گے بس اب یوں ہوگا کہ ''علی موسیٰ'' ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ''ابو'' ''پاپا'' اور ''ڈیڈی'' کے لفظوں کی چاشنی سے محروم رہے گا۔

عزیز واقارب کے مطابق: شہید ہمیشہ اپنی شہادت کے لئے دل کی گہرائیوں سے دعا کیا کرتے تھے۔اپنی شہادت سے کچھ عرصے قبل اپنی اہلیہ کو حق مہر ادا کیا اور اپنے اکاؤنٹ کے بارے میں تمام تفصیلات سے آگاہ کیا جب چیک بک دینے لگے تو کہا ''زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں''۔شہید متقی، صالح اور پرہیز گار نوجوان گویا کامیاب ترین اور کامل شخصیت تھے شہادت نے آپ کے حسن کو اور نکھار دیا۔

قرآنی آیات کی روشنی میں ہمیں اس امر کا یقین ہے کہ شہید کبھی مرتا نہیں تو اس زمرے میں آپ کے والد محترم کا کہنا تھا کہ مرزا عارف حسین کی بچپن سے عادت تھی کہ فجر میں ہمیں اٹھایا کرتے تھے اور اپنے ساتھ نماز فجر باجماعت مسجد میں پڑھانے کی غرض سے لے جایا کرتے تھے۔ انہیں آج بھی اکثر یہ محسوس ہوتا کہ کہ شہید کہہ رہے ہیں کہ ''بابا فجر کی نماز کے لئے جماعت میں چلیں'' اور گفتگو بھی ہوتی ہے۔

(سالانہ مجلّہ الشہید ۲۰۰۷۔۲۰۰۸ سے چند تبدیلوں کے ساتھ)

محمد اسماعیل

محمد اسماعیل ولد شعبان علی موضع سکندر آباد تحصیل نگر میں ۱۹۵۶ء میں پیدا ہوئے۔۱۹۷۲ء میں آپ کراچی آگئے کراچی میں محنت مزدوری کرنے لگے اسی اثناء میں آپ ٹریننگ حاصل کر کے ڈرائیور بن گئے اور اپنے لئے گاڑی خریدلی کچھ مدت بعد ایک مومن جعفر علی نامی سیٹھ کی گاڑی چلانے لگے اور اپنی گاڑی فروخت کر کے اُنہیں کی مستقل ملازمت اختیار کر لی۔وہ شہید کو اپنے ساتھ عمان لے گئے، جہاں کافی عرصے قیام کرنے کے بعد واپس آ کر کراچی میں ہی اپنے رشتہ داروں میں شہید کی شادی کر دی۔خدا تعالیٰ نے انہیں ایک بیٹے اور ۲ بیٹوں سے نوازا تھا۔

وہ ایک دین دار شخص ہونے کے ناتے سے مذہبی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔۹ نومبر ۱۹۸۹ء بروز جمعرات بمطابق ۹ ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ کو علامہ اقبال کی یوم پیدائش کے سلسلے میں چھٹی تھی۔وہ اپنے گھر سے صبح کے وقت والدہ کے لئے دوائی لینے بازار نکلے، جب بازار میں پہنچے تو پتہ چلا کہ عزاء خانہ ابوطالبؑ پر دہابیوں نے ہلہ بول دیا ہے۔یہ سن کر گھر جانے کی بجائے سیدھے عزاء خانہ پہنچے تو جہاں پر ہر طرف سے فائرنگ ہو رہی تھی جب شہید عزاخانہ کے گیٹ کے پاس گئے تو دیکھا کہ ایک ملعون گیٹ کے اوپر لگے علم عباسؑ کو اکھاڑ رہا ہے۔وہ جونہی اوپر چڑھے ملعون نے علم کو اتار کر نیچے پھینکا شہید واپس نیچے آئے اور علم لے کر اوپر گئے اور اس ملعون کو دھکا دے کر نیچے گرایا۔پھر علم کو دوبارہ نصب کیا اور اس ملعون پر اوپر سے ایک بلاک نیچے گرایا۔جس سے اس کا سر پھٹ گیا اور وہیں واصل جہنم ہوا۔یہ دیکھ کر سامنے سے ایک لعین نے کلاشنکوف سے برسٹ مارا۔گولیاں لگیں تو شہید گیٹ سے نیچے گر گئے۔پھر وہاں سے شہید کو ہسپتال لے جایا گیا مگر راستے میں ہی شہید خالق حقیقی سے جا ملے۔

گھر والوں کو اس بارے میں خبر نہیں تھی۔شام تک نہ آئے تو ڈھونڈنا شروع کیا۔دوسرے دن خبر آئی کہ شہادت ہوئی ہے۔بہر حال شہید

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی لاش کو ہسپتال سے امام بارگاہ لے جایا گیا اور غسل وکفن کے بعد بذریعہ جہاز گلگت روانہ کیا گیا۔ اس طرح پانچ دن بعد سکندر آباد یعنی اپنے آبائی گاؤں میں دفن ہوئے۔ آج بھی تحصیل آفس سکندر آباد کے پاس زیارت جلوہ نما ہے۔ شہید کی والدہ وفات پا چکی ہیں جبکہ والد صاحب زندہ ہیں۔ بیوہ اور بچے کچھ مدت سکندر آباد میں رہنے کے بعد واپس کراچی آ گئے اور تا حال وہیں پر مقیم ہیں۔

(ص ۱۷۱ شہدائے گلگت وبلتستان)

ذاکر حسین

شہید ذاکر حسین ولد ابراہیم شاہ آستان محلّہ امبھری دینور گلگت میں ۱۵ اپریل ۱۹۷۰ کو پیدا ہوئے۔ جب سن شعور کو پہنچے تو والدین نے سکول میں داخل کرایا۔ میٹرک تک دینور اور گلگت میں تعلیم حاصل کی پھر اپنے کزن کے پاس کراچی چلے گئے اور وہاں کالج میں داخلہ لیا۔ پھر پڑھنے لگے۔ وہ شروع ہی سے مذہبی ذہن رکھنے والے انسان تھے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ آئی ایس او کے رکن بنے اور ہر مذہبی کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے۔

اُن دنوں کراچی مذہبی فسادات کی لپیٹ میں تھا۔ ۲۲ مئی ۱۹۹۰ء کو منگل کا دن تھا شہر میں حالات خراب تھے جس وجہ سے شہید کالج بھی نہیں جا سکے تھے۔ اپنے کمرے میں بیٹھ کر امتحان کی تیاری کر رہے تھے کہ اتنے میں یزیدی فوج وہاں پہنچ گئی اور دہشت گردوں نے کمرے میں گھس کر فائرنگ کی ذاکر حسین کے علاوہ ان کے دو دوست بھی موجود تھے۔ سب زخمی ہوئے جنہیں اسپتال داخل کرایا اس حادثے میں شہید ذاکر جانبر نہ ہو سکے۔ شہادت کے بعد شہید کے جسد خاکی کو گلگت لایا گیا اور دینور استان کے سائے میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ شہید کے والدین ضعیف العمری میں موجود ہیں۔ دہشت گردوں کو حکومت نے گرفتار کیا تھا مگر جلد ہی رہا کر دیا۔

شہید ایک شریف النفس اور کم گو شخص تھے۔ یہ ممکن ہی نہیں تھا کہ ان سے کسی کو کوئی ضرر پہنچے ہر ایک کے ساتھ ہنس مکھ اور محبت سے ملنے والے اور سب کے دل میں گھر کرنے والے جوان تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین۔

(ص ۱۷۸۔۱۷۹، شہدائے گلگت وبلتستان)

شہید فیاض حسین

آپ کے خاندان کا تعلق شاہ جیونہ شہر ضلع جھنگ سے تھا۔ ۱۹۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد دینی تعلیم کی طرف متوجہ ہو گئے۔ ۱۹۷۲ء میں درس باب الحوائج شاہ جیونہ سے قرآن پاک کی تعلیم کا آغاز کیا۔ پھر ۱۹۷۸ء میں ساہیوال ہنر سیکھنے تشریف لے گئے۔ یہاں آپ کی صحبت زیادہ دیندار لوگوں سے رہی جس کی وجہ سے آپ کا مذہب کے ساتھ اور زیادہ لگاؤ ہو گیا۔ ۱۹۸۰ء میں آپ کراچی روانہ ہو گئے۔ ۱۹۸۵ء میں آپ نے تحریک جعفریہ میں شمولیت اختیار کر لی اور بڑی دلیری کے ساتھ ملت کے حقوق کیلئے میدان عمل میں وارد ہوئے۔

ایک ملنگ نے محمدی کالونی (لیاری) کے بھٹو چوک میں ایک علم نصب کر رکھا تھا۔ ملنگ کے فوت ہونے پر اسکی بیوی منکروں سے مل گئی اور انہوں نے علم غازی عباسؑ کی بے حرمتی کی۔ لیکن آپ نے اس کیس کی پیروی کی اس کیس کو جیت لیا گیا اور تحریک جعفریہ کی سرپرستی میں علم غازی عباسؑ اسی مقام پر دوبارہ نصب کیا جو آج بھی عباس کی وفاؤں کی خوشبو بکھیر رہا ہے۔

شہید کی ایک عادت بن چکی تھی کہ جب بھی فرصت کے لمحات ملتے آپ دینی کتابوں کا مطالعہ کرتے اور علماء کرام کی کیسٹیں سن کر فیض

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاب ہوتے اور کثرت سے درود پاک کا ورد کرتے جہاں کہیں بھی سپاہ یزید کے کارندے مذہبی امور میں رکاوٹ ڈالتے آپ موقع پر پہنچ جاتے اور تحفظ عزاداری کیلئے اپنا کردار ادا کرتے آپ کو بارہا دھمکیاں دی گئیں کہ تم اگر اپنی سرگرمیوں سے باز نہ آئے تو تمہیں قتل کر دیا جائے گا۔ لیکن آپ نے کسی دھمکی کی پرواہ نہ کی اور دوستوں میں بیٹھ کر اکثر شہزادہ علی اکبرؑ کا یہ قول دہرایا کرتے تھے کہ جب ہم حق پر ہیں تو پھر کچھ فرق نہیں پڑتا کہ ہم موت پر جا پڑیں یا موت ہم پر آ پڑے۔ یکم جنوری ۱۹۹۵ء کو صبح ۵:۳۰ بجے شہید جب اپنی دکان میں تلاوت قرآن کر رہے تھے کہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے آپ کو شہید کر دیا۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

شہادت کے وقت آپ کا بھائی سجاد علی موقع پر موجود تھا۔ وہ اپنی نگرانی میں شہید کی لاش کو ہسپتال لے گیا قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد آپ کی میت بذریعہ ہوائی جہاز فیصل آباد روانہ کر دی گئی جہاں سے ایمبولینس کے ذریعے شاہ جیونہ پہنچائی گئی۔ اسی دوران آپ کی شہادت کی خبر پورے علاقے میں پھیل چکی تھی اور لوگوں کا بے پناہ جموم شاہ جیونہ میں جمع تھا آپ کی نماز جنازہ مولانا غلام حسین شیرازی صاحب نے پڑھائی اور آپ کو آبائی قبرستان میں دفن کر دیا گیا۔

(ص ۶۵۔۶۶، راہیان کربلا، یاور حسین شمسی)

شہید محمد حسن

شہید محمد حسن کا تعلق نگر کے گاؤں پسن سے تھا۔ آپ جناب داؤد کے بیٹے تھے۔ آپ ۱۹۶۷ء کو نگر میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم ناپن نگر میں حاصل کی۔ پھر آپ تعلیم کو خیر باد کہہ کر اپنے کزن غلام عباس کے ساتھ کراچی چلے گئے وہاں شہید نے میٹرک تک تعلیم حاصل کی پھر روزگار کی تلاش شروع کی اور آخر ایک پیٹرول پمپ پر ملازمت مل گئی اس طرح آپ اپنی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ گھر کے لئے بھی خرچہ بھیجنے لگے۔ اس دوران شہید وقتاً فوقتاً گلگت آتے جاتے رہتے اور اپنے والدین کی خبر گیری کرتے رہے۔

شہادت سے کچھ دن پہلے ہی شہید والدین سے مل کر کراچی چلے آئے تھے۔ ان دنوں کراچی فرقہ وارانہ فسادات کی لپیٹ میں تھا۔ ۸ دسمبر ۱۹۹۴ مسجد محمد وآل محمدؐ کورنگی میں بعد از نماز عشاء مجلس برپا تھی لہٰذا شہید اور اس کا ساتھی غلام نبی جو استور کے رہنے والے تھے نماز کے بعد مجلس سننے گئے۔ مجلس کے اختتام کے بعد شہید اور اس کے ساتھی باہر نکل کر گاڑی کا انتظار کر رہے تھے ساتھ بلوچستان کے ایک مومن حسن بلوچی بھی تھے۔ اچانک ایک سفید رنگ کی کار آئی اور قریب آ کر تینوں پر جدید ہتھیار سے فائرنگ کی جس سے تینوں مومنین گر گئے اور شہید محمد حسن نے وہیں پر داعی اجل کو لبیک کہا۔ پھر شہید کی لاش کو مسجد ابوالفضل عباسؑ لے آئے اور غسل کفن کے بعد کراچی میں ہی دفن کر دیا گیا۔ شہید غیر شادی شدہ تھے والدہ ماجدہ حیات ہیں۔

(ص ۲۴۱، شہدائے گلگت بلتستان)

شہید اعجاز حسین رضوی

شہید اعجاز حسین رضوی محلہ نگرل گلگت سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ نگرل کے جناب سید محمد علی شاہ رضوی کے صاحبزادے تھے۔ آپ شہادت سے تیس سال قبل گلگت میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم گلگت میں حاصل کرنے کے بعد شہید کراچی چلے گئے۔ کراچی میں ایف اے کرنے کے بعد واپس گلگت آئے اور اپنے رشتہ داروں میں شادی کی۔ خدا تعالیٰ نے دو بچوں سے نوازا۔ شہید نے گلگت میں ایک جنرل اسٹور کھولا اور اپنے گھر کی کفالت کرنے کی ذمہ داری سنبھالی۔ شہید آئی ایس او کے رکن بھی رہ چکے تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید کے دوسرے بھائی اجلال حسین رضوی کراچی میں تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ایک جنرل اسٹور بھی چلا رہے تھے۔ اُن دنوں اعجاز حسین امتحان دینے کے لئے کراچی آئے ہوئے تھے اسی دوران وہ کبھی کبھی بھائی کی دکان میں بیٹھتے تھے۔ جو کہ آئی ایس او کے سٹی صدر تھے جس وجہ سے سپاہ صحابہ کی نظروں میں تھے اور انہیں قتل کی دھمکی بھی دی گئی تھی۔

۲ نومبر ۱۹۹۷ء اجلال حسین کہیں گئے ہوئے تھے، اعجاز حسین بھائی کی دکان میں موجود تھے شہید اعجاز حسین دکان میں پہنچ کر ابھی بیٹھے ہی تھے کہ ایک گاڑی آئی۔ باہر روڈ سے اجلال حسین کہہ کر آواز دی، جونہی اعجاز باہر کی طرف متوجہ ہوئے، دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس سے وہ زخمی ہوکر گر گئے، واضح رہے کہ شہید کی شکل اپنے بھائی سید اجلال حسین سے ملتی تھی۔ ایک دوست نے، سول ہسپتال پہنچایا مگر وہ جانبر نہ ہوسکے اور جام شہادت نوش کیا۔ شہید کے جسد خاکی کو کراچی کے طلبہ نے ویگن بک کر کے گلگت روانہ کیا۔ شہید کی لاش جب گلگت پہنچی، پورے علاقے میں کہرام مچ گیا۔ شہید کو سفر آخرت کے لئے تیار کر کے ہزاروں اشک بار آنکھوں کے سامنے نگرل میں سپرد خاک کر دیا۔ شہید کے غم کو سہنے کے لئے بوڑھے والدین، بہن بھائی اور بیوہ اور دو معصوم بچے رہ گئے۔

شہید ایک کم گو ملنسار، ہنس مکھ اور نمازی انسان تھے ہر ایک کے ساتھ خوش اسلوبی سے ملنا ان کا شیوہ تھا۔ قناعت پسند ہونے کے ساتھ ساتھ سخی بھی تھے۔ خدا تعالیٰ شہید کو محفل حسینی میں جگہ دے آمین۔

(ص ۲۵۳۔۲۵۴، شہدائے گلگت وبلتستان)

شہید سید اعجاز حسین کاظمی

آپ یکم جنوری ۱۹۵۶ء کو چک نمبر ۱۴۲ اگ ب گھڑتل خورد چک جھمرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے خاندان کا تعلق بڈھیال قاضیان چک موسیٰ تحصیل رنبیر سنگھ پور ضلع جموں مقبوضہ کشمیر سے ہے۔ آپ کے والد سید محمد تقی کاظمی فوج میں شعبہ توپ خانہ میں ملازم تھے اور حوالدار کے عہدے پر ریٹائرڈ ہوئے۔

قیام پاکستان کے بعد آپ کے خاندان کے لوگ مقبوضہ کشمیر سے پاکستان منتقل ہوگئے اور چک نمبر ۱۴۲ اگ ب گھڑتل خورد میں آباد ہوگئے۔ یہاں آپ کے چچا سید نثار حسین کاظمی اور خاندان کے دوسرے افراد نے مل کر امام بارگاہ قصر بتول تعمیر کی اور عزاداری سید الشہداء کا آغاز کیا۔ مذہبی سوجھ بوجھ ورثے میں ملی تھی۔ بچپن ہی سے پابند صوم وصلوٰۃ تھے۔ آپ نے میٹرک گورنمنٹ ہائی اسکول سالار والا سے پاس کیا اور چونکہ والد فوجی تھے اس لئے اعجاز حسین کاظمی بھی فوج کی ملازمت کو ترجیح دیتے تھے۔ ملی جذبہ دل میں کروٹ لیتا تھا کہ مہاجرین کیساتھ ہونے والی زیادتیوں کا بدلہ لینے کا اس کے سوا کوئی دوسرا ذریعہ نہیں تھا۔

لہٰذا آپ نیوی میں بھرتی ہوگئے اور ترقی کرتے ہوئے (P.O) پیٹی آفیسر کے عہدے تک پہنچے۔ سروس کے دوران ۲ سال تک دوہا قطر میں ڈیپوٹیشن پر بھیج دیئے گئے۔ آپ ۱۰ اپریل ۱۹۹۴ء کو نیوی کی ملازمت سے ریٹائرڈ ہوگئے سروس کے دوران جو آپ کو میڈل ملے۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ تمغہ صد سالہ جشن ولادت قائداعظم (02-05-1977) ۲۔ ہجری تمغہ (02-03-1981) ۳۔ جمہوری (02-06-1989) ۴۔ گولڈن جوبلی (02-06-1990) ۵۔ دس سالہ سروس میڈل (02-03-1999)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ریٹائرمنٹ کے بعد آپ نے کراچی میں ادویات بنانے والی ایک غیر ملکی فرم میں سپر وائزر کے طور پر ملازمت کرلیا اور الفلاح سوسائٹی (نزد وائرلیس گیٹ) میں سکونت اختیار کرلی۔ مذہب سے محبت کی وجہ سے یہاں بھی آپ مذہبی سرگرمیوں میں پیش پیش رہے تھے۔ گرین ٹاؤن اور گولڈن ٹاؤن کے درمیان مسجد حُر کی انجمن کے سیکرٹری فنانس کے طور پر قومی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

یکم اکتوبر ۱۹۹۹ء بروز جمعۃ المبارک مسجد حُر میں فجر کی نماز باجماعت ادا کی جارہی تھی۔ کہ نسل حجاج بن یوسف نے بے گناہ نمازیوں پر فائرنگ کردی۔ اس فائرنگ کے نتیجے میں آپ اور چھ یا سات دیگر نمازی موقع پر شہید ہوگئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) خانہ خدا کو بے گناہوں کے خون سے رنگین کردیا گیا۔ کئی لوگ شدید زخمی ہوگئے۔ آپ کی میت آپ کے گاؤں چک نمبر ۱۴۲ ارب گھڑتل خورد لائی گئی۔ گردونواح سے بلا تفریق لوگوں نے شرکت کی اور سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آپ کو دفن کردیا گیا۔ شہید کا ایک پسندیدہ شعر :

موت آئے دین حق پر ہمیں کوئی غم نہیں عباسؑ کے علم کی ہوا ساتھ ساتھ ہے

(ص ۱۵۰۔۱۵۱، راہیان کربلا، یاور حسین شمسی)

شہید امجد حسین

برمس بالا گلگت سے تعلق رکھنے والے نوجوان شہید امجد حسین جناب محمد علی کے بڑے صاحبزادے تھے۔ آپ گلگت میں ہی ۱۹۷۹ء میں پیدا ہوئے۔ جب سن شعور کو پہنچے تو والدین نے انہیں اسکول میں داخل کرایا اور یوں شہید نے میٹرک تک تعلیم حاصل کی پھر شہید کراچی چلے گئے۔

کراچی میں پولی ٹیکنیکل کالج میں داخلہ لیا اور یوں ۳ سال تک کراچی میں زیر تعلیم رہے۔ شہید نماز کے پابند تھے۔ یکم اکتوبر ۱۹۹۹ء کی صبح اپنے نمازی ساتھیوں کے ساتھ مسجد حُر گرین ٹاؤن کراچی میں نماز پڑھنے گئے۔ آپ لوگوں کے ساتھ فجر کی نماز کی نیت کی ہی تھی کہ دہشت گرد مسجد میں داخل ہوئے اور جدید ہتھیاروں سے گولیاں برسائیں جس سے بہت سارے نمازی زخمی ہوکر گرے۔ جن میں سے ۹ مومنین جام شہادت نوش کیا۔ ان شہداء میں شہید امجد حسین بھی تھے۔ شہید کی لاش کو کراچی سے گلگت پہنچایا گیا اور یوں برمس بالا ہی میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ شہید کے غم کو سہنے کے لئے بوڑھے والدین اور بہن رہ گئے ہیں۔ گھر کی کفالت کی ذمہ داری شہید کے والد کے کندھوں پر ہے جو کہ PWD میں ملازم ہیں۔

شہید ایک مذہبی، پکے نمازی انسان تھے۔ مذہبی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ علمائے کرام کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ان کی خدمت کرنا اپنے لئے فخر سمجھتے تھے۔ بڑوں کی خدمت کرنا اور چھوٹوں سے محبت کرنا ان کا شیوہ تھا۔ محلے میں ہر ایک ان کا شیدائی تھا۔ اب ان کی کمی ہر ایک محسوس کررہا ہے۔ شہید کو خدا تعالیٰ اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

(ص ۲۵۷۔۲۵۸، شہدائے گلگت بلتستان)

شہید میر سجاد محسن

۱۱ مئی ۱۹۷۴ کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۹۰ میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ وقت شہادت آپ انٹر سال دوئم کے طالبعلم تھے۔ اسکے علاوہ شہید پاکستان کسٹمز کی جانب سے ہاکی بھی کھیلتے تھے۔ انجمن غلامان حر کے جوائنٹ سکریٹری تھے۔ اس سے قبل شہید العباس اسکاؤٹ سے بھی وابستہ تھے۔ آپ نے والدین، تین بھائی اور بہنیں کو سوگوار چھوڑا ہے۔ ۴ جون ۱۹۹۴ نوچندی جمعرات کو باب العلم پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور احاطہ مسجد میں جمعہ کے دن ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں مغرب کے وقت سپرد خاک کیا گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہید زاھد حسین

۲۲ جون ۱۹۷۴ کو کراچی میں پیدا ہوئے، ۱۹۹۰ میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور شہادت کے وقت آپ انٹر سال دوئم کے طالبعلم تھے۔ شہید نے سوگواروں میں والدہ، چھ بہنیں اور دو بھائی چھوڑے ہیں۔ ۴ جون ۱۹۹۴ نو چندی جمعرات کو باب العلم پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور احاطہ مسجد میں جمعہ کے دن ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کیا گیا۔

شہید سید غلام حیدر(شہنشاہ)

۵ فروری ۱۹۶۷ کو کراچی میں سید اکمل حسین کے گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۸۵ میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ وقت شہادت آپ بی کام کے طالبعلم تھے اور اپنے گھر میں انجمن غلامان حر کا فری کوچنگ سنٹر بھی چلا رہے تھے۔ شہید نے اپنے پسماندگاں میں والدہ، دو بہنیں اور تین بھائی کو سوگوار چھوڑا ہے۔

۴ جون ۱۹۹۴ نو چندی جمعرات کو باب العلم پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور احاطہ مسجد میں جمعہ کے دن ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کیا گیا۔

شہید سید شاھد حسین جعفری

شہید سید شاہد حسین جعفری، جو انٹر کامرس کے طالبعلم اور پریمیر کالج میں زیر تعلیم تھے صبح کے وقت بنگال فائبر میں نوکری کیا کرتے تھے۔ وہ علم سے محبت رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی مدد آپ کے اصول پر کاربند تھے۔ شہید کرکٹ بہت پسند کرتے تھے اور خود بھی ایک اچھے کھلاڑی تھے۔ شہید کو ان تمام مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ مذہب سے بھی لگاؤ تھا اس جذبے کے سبب دستہ ناصران حسینؑ میں سالار دستہ کے فرائض انجام دیتے تھے۔

مارچ ۱۹۸۳ء کو جب لیاقت آباد میں شیعہ مسلمانوں پر ناصبیوں نے عرصے حیات کو تنگ کر دیا تھا۔ اُن کی جان مال اور املاک پر بے دریغ حملے کئے جا رہے تھے۔ محترمہ شمیم کاظمی صاحبہ، صدر انجمن تجارت، ملازمت وزراعت پیشہ خواتین، اس دور پر کچھ یوں روشنی ڈالی ہے۔ ''مجھے یاد ہے آج سے چار سال قبل (۱۹۸۳ء) پہلا بلڈوزر جب سہراب گوٹھ پر چلا تھا تو شیعہ سنی کا جھگڑا ہوا۔ اُس وقت مارشل لاء تھا گورنر وغیرہ سب فوجی تھے اور انچولی پر بڑا حملہ ہوا تھا۔ اس وقت بھی سہراب گوٹھ پر سے توجہ ہٹانے کے لئے یہ سب کچھ ہوا تھا اور وہ جھگڑا ڈرگ کالونی تک پھیلا تھا۔ ایک ہنگامہ تھا کہ شیعہ سنی لڑ رہے ہیں۔ ہم بھی یک جہتی میں لگ گئے تھے۔ لیکن بعد میں ہمیں اندازہ ہوا کہ یہ دھوکہ دینے والی بات تھی اصل بات کچھ اور تھی۔

میں اُس وقت صوبائی کونسل میں تھی میرے پاس رات بھر فون آئے تھے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور پولیس، آرمی کے ٹرک الاعظم کے پُل پر کھڑے ہیں۔ اُس وقت تک کھڑے رہے جب تک امام بارگاہ (مرکزی امام بارگاہ) اچھی طرح نہ جل گیا۔ بعد میں پتا چلا کہ حکومت چاہتی تھی کہ شیعہ پٹیں تاکہ ان کا دم خم نکل جائے اور پولیس کو خاص ھدایت تھی کہ انہیں پٹنے دیا جائے۔ جب میں نے کمشنر سے بات کی تو اُس نے کہا کہ صاحب میں کیا کرتا میں تو بار بار گورنر ہاؤس فون کرتا تھا جب تک ہدایت نہ ملے میں کیسے کچھ کر سکتا تھا حکومت اس میں ملوث تھی خواہ کوئی مانے یا نہ مانے''۔

(ص ۱۴۱۔ کراچی کیوں جلتا ہے۔ شہناز احد)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں معلوم شہید سید شاہد حسین، ۱۹ مارچ ۱۹۸۳ کو کسی کام سے گھر سے نکلے تھے یا اپنی ملازمت سے واپس گھر آرہے تھے کہ ''اثنا عشری امام بارگاہ لیاقت آباد کے سامنے بلوائیوں نے اس نہتے عزادار کو گھیر لیا۔ پہلے ان کی موٹر سائیکل کو آگ لگائی۔ پھر تیز دھار چاقو یا چھری سے ضربتیں لگائیں۔ جن کی تاب نہ لاتے ہوئے داعی اجل کو لبیک کہا۔ جائے واردات پر موجود افراد کا کہنا ہے کہ شہید کو ان گنت زخم آئے ہیں۔ جسم کا کوئی حصہ ایسا نہ تھا کہ جہاں زخم کا نشان نہ ہو

ایف آئی آر نمبر 112/1983 لیاقت آباد تھانہ مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۸۳ وقت ۳ بجکر ۳۰ منٹ، سرکار بذریعہ اے ایس آئی اقبال حسین شاہ درج کی گئی اُس کے مطابق۔'' بوقت تین بجے روز نامچہ بمقام لیاقت آباد تھانہ، تاریخ ۱۹ مارچ ۱۹۸۳ نقل ذیل ہے۔ معرفت اے ایس آئی رانا اشرف متعین تھانہ لیاقت آباد نے جو کہ مسجد اثنا عشری پر ڈیوٹی پر موجود ہے، نے ذریعہ فون اطلاع دی کہ ایک موٹر سائیکل سوار کو بلوائیوں نے نزد مسجد اثنا عشری آگ لگا دی اور اُس کے سوار کو چاقو یا چھری سے وار کر کے ضربات پہچائیں ہیں، جو کہ موقع پر ہی ضربات کی تاب نہ لا کر فوت ہو گیا ہے۔ اس کی موٹر سائیکل بالکل جل چکی ہے''۔ ''بعد کاروائی سول اسپتال جائے وقوعہ نزد اثنا عشری سی ون ایریا لیاقت آباد گیا۔ بلوائیوں نے متوفی شاہد حسین ولد نا معلوم موٹر سائیکل سوار کا آلہ تیز دھار چاقو، خنجر سے زخمی کیا، جو کہ زخموں کی تاب نہ لا کر فوت ہو گیا۔ موقع پر سردست ایسا شخص دستیاب نہیں ہے۔ جس کا بیان لیا جاتا۔''

تقریباً ایک ہفتے بعد ماں باپ کو علم ہوا اگر افسوس کہ باپ بھائی اپنے جوان شہید کو کاندھا بھی نہ دے سکے۔ شہید کی قبر باغ کربلا المعروف جنت البقیع قبرستان حب ریور روڈ میں ہے وہ بہنیں اور ماں کہ جن کو سہرا دیکھنے کی تمنا تھی وہ اپنے عزیز کا آخری دیدار بھی نہ کر سکی۔ آپ نے پسماندگان میں تین چھوٹے بھائی، پانچ چھوٹی بہنیں ایک بڑی بہن (جو شادی شدہ ہیں) اور بوڑھے ماں باپ چھوڑے ہیں۔

شہید ڈاکٹر سید پرویز اختر

تحریر: سید زوار زیدی

شیریں سخن، خوش پوش، بلند اخلاق ڈاکٹر سید پرویز اختر سے ملنے کے بعد یہ احساس نہیں ہوتا تھا کہ وہ بہت بڑے اور معروف چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر ہیں اور ماضی میں درجنوں ہسپتالوں کے اہم عہدوں پر خدمات سرانجام دے چکے۔ ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کے دوران ہمدردی، مسیحائی اخلاق اور دینی جھلکیاں نظر آتی تھیں۔

آپ کا تعلق ضلع بجنور اتر پردیش (U.P) ہندوستان کے ایک علمی گھرانے سے تھا۔ آپ کے والد گرامی سید مسعود الحسن نقوی معروف شاعر اور ذاکر آلِ عمرانؑ، شعبے کے لحاظ سے ہندوستانی پولیس میں سب انسپکٹر تھے۔ لکھنو کے ایجی ٹیشین میں آپ کے دادا سید مہدی حسن نقوی (اسٹیشن ماسٹر، موناباؤ) کو شہید کر دیا گیا تھا اور جہاں آپ کا مزار آج بھی زندہ و تابندہ ہے۔ آپ کے تایا سید غیور حسین نقوی (ریلوے پولیس) کو بھی زہر دے کر شہید کیا گیا گویا شہادتوں کی داستاں آپ کے خانوادے کی پہچان ہے کہ یہ حسینیؑ شہادتیں انہیں ورثے میں ملیں ہیں۔ بقول مردِ مجاہد قائد شہید مظلوم سید عارف حسین الحسینیؒ: ''شہادت ہمارا وہ ورثہ ہے جو ہماری ماؤں نے ہمیں دودھ میں پلایا ہے''۔

شہید ڈاکٹر پرویز اپنی نماز اور مناجات میں تڑپ تڑپ کر شہید ہونے کی دعا مانگتے اور دیگر مومنین سے التماس کرتے کہ میرے لئے شہادت کی دعا کریں، شہید ہونے سے تین ماہ قبل امام زمانہؑ کو عریضہ تحریر کیا جس میں شہادت کی تڑپ اور توفیقات کی استدعا رقم تھی۔ پھر اہلِ خانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کہا کہ امام مہدیؑ نے مجھے شہادت کی خوشخبری دے دی ہے وہ اس خبر پر بہت خوش تھے۔

ڈاکٹر صاحب خدمت خلق کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور، دکھ درد میں کام آنا اپنا فرض اولین سمجھتے ان میں انسانیت کوٹ کوٹ کے بھری ہوئی تھی آپ کو انسان سے پیار اپنے وطن سے محبت اور دین سے لگاؤ بدرجۂ اتم تھا۔ڈاکٹر پرویز کی یہ عادت تھی کہ وہ دعا کے ساتھ ساتھ دوا اور دوا کے ساتھ ساتھ دعا کی تاکید کیا کرتے تھے جن لوگوں کے پاس پیسے نہیں ہوا کرتے تھے نہ صرف انہیں مفت علاج مہیا کرتے تھے بلکہ باہر سے خود خرید کر ادویات بھی فراہم کرتے تھے۔

مسیحانہ زندگی کی شبانہ روز مصروفیات اور مسلسل جدوجہد آپ کی پہچان بن چکی تھی کبھی کبھار ڈاکٹرز آپ کو کہا کرتے تھے کہ پرویز تم تھکتے نہیں ہو۔ڈاکٹر صاحب اہلیہ کے مطابق وہ ہمیشہ دیر سے گھر آتے اور گھر آنے کے بعد بھی کوئی مریض گھر آجاتا یا ٹیلیفون آجاتا تو فوراً اپنا فرض اولین سمجھتے ہوئے مریض کو دیکھنے جایا کرتے تھے۔شہادت سے کچھ عرصہ قبل، وہ راتوں کو دیر سے آتے کئی مرتبہ گھر والے کہتے کہ آپ اپنی کم از کم نیند تو پوری کرلیا کریں تو عموماً وہ جواب دیا کرتے تھے کہ اب نیند دوسرے جہاں میں ہی جا کر پوری کریں گے۔

ڈاکٹر صاحب نے شہادت سے تین ماہ قبل اپنے شہید ہونے کی پیشن گوئی کردی تھی اور ذہنی طور پر آمادہ ہوگئے تھے کہ راہ الٰہی میں اپنے خون میں غلطاں ہوں گے اور اسلام کی آبیاری کریں گے تاکہ تاصبح محشر زندہ وجاوید رہ سکیں۔وہ موت سے نہیں ڈرتے تھے بلکہ وہ شہادت کو زندگی سمجھتے تھے آپ کی شہادت سے ٹھیک بیس دن قبل ڈاکٹر بابر کو شہید کیا گیا تھا۔

کافی عرصے سے فون پر قتل کی دھمکیاں مل رہی تھیں ڈاکٹر صاحب کا مشکوک افراد مسلسل پیچھا کررہے تھے۔جس کا ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ساتھ گھر والوں کو بھی علم تھا۔ڈاکٹر پرویز نے اپنی شہادت سے دو روز قبل مولانا غلام حسنین قبلہ، خطیب جامع حسینیؑ مسجد، B ایریا ملیر کراچی سے وصیت کی تھی کہ میری نماز جنازہ آپ پڑھائیے گا۔

بالآخر دشمن اپنے مقصد میں کامیاب ہوا، ۷ صفر المظفر ۱۴۱۷ھ بمطابق ۲۴ جون ۱۹۹۶ء کو آپ کے ذاتی کلینک واقع لیاقت اسکوائر ملیر کراچی میں دن دھاڑے فائرنگ کر کے بیدردی سے شہید کردیا گیا۔آپ کے ہمراہ ایک مریض کے والد شہید مرزا محمد علی بھی شدید زخمی ہوئے، جنہوں نے ۲۷ جولائی ۱۹۹۶ کو آغا خاں اسپتال میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

ہمیشہ کی طرح احتجاج، جلسے، جلوس اور ریلیاں ہوئیں حکومتی جانب سے قاتلوں کی گرفتاری کے وعدے ہوئے مگر وہی کچھ ہوا جو ان کا طرۂ امتیاز تھا کہ آج تک یہ کیس بھی دیگر مومنین کے کیسوں کی طرح فائلوں کی زینت بن کر دفتروں کے جنگل میں چلا گیا اور یہاں جنگل کا قانون اور جنگلیوں کا راج ہے، یہاں کے حکمران وہی کرتے ہیں جو استعمار چاہتا ہے، حکومت چاہے تو اس قسم کی منافرت کو ختم کر کے قاتلوں اور ان کے نیٹ ورک کو ختم کرسکتی ہے مگر افسوس صد افسوس کہ وہ خود اس قسم کی دہشتگردی میں متحرک پائی جاتی ہے۔ان کو کچھ غرض نہیں کہ کس کی گود برباد ہوئی.....؟ کس کی مانگ اجڑی.....؟ کس کا لہو بہا.....؟ کون مرا.....؟

ایک دن ایک خاتون اپنے بچے کو لئے ڈاکٹر صاحب کی قبر پر رو رہی تھیں کہ ڈاکٹر صاحب ان کی اور اسی طرح کئی گھرانوں کی اعانت کیا کرتے تھے جس کا ہمیں آپ کی شہادت کے بعد اندازہ ہوا اور کیوں نہ ہو کہ آپ اس قسم کی پوشیدہ امداد کیا کرتے ہوں کیونکہ آپ چہاردہ معصومینؑ کے ماننے والے ہیں جو دن کی روشنی اور رات کی تاریکی میں مستحقین کی امداد کیا کرتے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ اور بچوں سے مل کر قرآن کی اس آیت کی بھی تصدیق ہوتی ہے کہ شہید زندہ ہوتے ہیں آپ کی اہلیہ کے مطابق ڈاکٹر صاحب پہلے ہی ہمیں خوش خبری کی نوید دے دیتے ہیں بالکل اس طرح جیسے زندہ ہوں اور ہمارے ساتھ ہی رہتے ہوں زیادہ تر بچوں کا جب امتحانات کا رزلٹ آتا ہے تو وہ ہمیں پہلے ہی بتا دیتے ہیں کہ آپ کو مبارک ہو ہمارے اس بچے کے اچھے نمبر آئیں ہیں وغیرہ وغیرہ۔

تاریخ کی ان گمشدہ کڑیوں کو یاد کرنے کا مقصد یہ بھی ہے کہ موجودہ نسل اپنے اسلاف کے جذبہ شہادت وعبادت اور کارناموں سے واقف ہو آپ نے کم عمر کو غنیمت جانا، خیز کا وظیفہ کیا اپنا نام چھوڑ کر زیست کی آخری ساعت پر ہاتھ رکھ دیا، آپ کو خواہش کے مطابق ملیر جعفر طیار سوسائٹی کے قبرستان میں آپ کی والدہ کے قدموں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

تم نے جب خود کو خاکسار کیا ساری دنیا نے تم کو پیار کیا
اک مسیحائے وقت تھا پرویز اپنے زخموں کو کب شمار کیا

جناب ظفر بلگرامی

(بشکریہ الشہید کراچی ۲۰۰۶، چند ترامیم کے ساتھ)

شہید سید حسن حیدر

تحریر سید جواد رضوی

27 نومبر 2007 بروز منگل کراچی کے علاقہ گلستان جوہر میں واقع مونوپولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ میں جرم بے گناہی کی پاداش میں، رسم میثم تمار کو اپنے زخمی سینے سے لگانے والے پروفیسر سید حسن حیدر رضوی کے بارے میں قلم اٹھاتے ہوئے میرا ذہن مقاتل کرب وبلا کی کچھ دردناک یادوں میں کھو گیا۔

مگر آج کے مہذب دور میں جب تعلیمی وتمدنی اعتبار سے دنیاوی قدریں اپنی معراج پر پہنچی ہوئی ہیں، یزید وشمر وابن سعد جیسے حیوانوں کی انسانیت سوز روایات پر عمل پیرا کچھ درندے ہیں جو کسی قدر کسی ضابطے اور کسی اخلاقی اصول کا لحاظ کئے بغیر ستم کے ہر حربے کو اپنا چلن بنائے ہوئے ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق پروفیسر حسن شہید جب پہلی گولی لگنے کے بعد زخمی ہو کر گرے تو انہوں نے قریب موجود اپنے ادارے کے نائب قاصد سے پانی مانگا، وہ پانی لے کر آیا، اسی اثناء میں کچھ حملہ آور اسٹاف روم کا دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئے، شہید کا ہاتھ پانی کے گلاس کیطرف بڑھتا دیکھ کر وہ نائب قاصد سے مخاطب ہوئے اور کہا کہ ''اس کو پانی پلا رہے ہو'' یہ کہتے ہوئے انہوں نے شہید پر براہ راست نزدیک سے فائر کیئے۔ اپنا ''مقصد'' حاصل کیا اور چل دیے۔

اس منظر سے جو حقیقت پوری طرح آشنا ہو رہی ہیں یہ کہ یہ قتل باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا۔ بظاہر 2 متحارب طلباء تنظیموں کے مابین تصادم کی آڑ میں یہ ٹارگیٹ کلنگ کا وہی سلسلہ ہے جس کی زد میں گذشتہ 2 دھائیوں سے زائد عرصہ سے بے شمار ڈاکٹرز، انجینئرز، پروفیسرو اساتذہ، ماہرین فن، قانون داں، اعلیٰ سرکاری افسران سمیت ہر شعبہ زندگی کے نمایاں افراد آچکے ہیں، اس سانحے کو بدامنی کا واقعہ قرار دینے والے دراصل انہی دہشت گردوں کے پشت پناہ ہیں جو فرقہ واریت کی بادسموم سے اسلام کے نام پر قائم ہونے والے اس ملک پاکستان کی فضاؤں کو زہریلا کر رہے ہیں۔ اسلام کے ازلی منکر اور دشمنانِ شریعت محمد، دین کا لبادہ اوڑھ کر ہر جگہ، ہر مقام پر اہل حق کے خون سے اپنی حیوانی تشنگی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بجھا رہے ہیں۔

میری نظر میں اس سوال کی اہمیت نہیں کہ حسن حیدر شہید کا قصور کیا تھا؟ کیونکہ میں اس کا جواب جانتا ہوں۔ حسن حیدر شہید کا جرم بہت بڑا تھا۔ اس کا قصور نا قابل معافی تھا۔ وہ مسلک محمد وآل محمد سے تعلق رکھتا تھا۔ ولائیت علی ابن ابی طالبؑ کا حامی اور غاصبوں کا منکر۔ بدر واحد وخیبر خندق سمیت دیگر معرکوں میں ذوالفقار حیدری کی زد میں آئے ہوئے کفار ومنافقین کی باقیات اور فتح مکہ کے موقع پر جان کے خوف سے مجبوراً دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے منافقوں کی ناجائز اولادوں، ننگ انسانیت طاقتوں کے نزدیک یہ حسن حیدر شہید کے نا قابل معافی جرائم تھے۔ جس کی پاداش میں ایک ماں سے اس کا نور نظر چھین لیا گیا۔ ایک نوبیاھتا سے اس کا سہاگ چھین لیا گیا۔ بھائیوں سے قوت بازو جدا کر دی گئی۔

پروفیسر حسن حیدر کا تعلق خیر پور کے علمی، دینی گھرانے سے تھا کہ جس کی خدمات کے مختصر سے جائزے کیلئے بھی کئی مضامین درکار ہیں، حجۃ الاسلام مولانا حبیب حیدر کی شخصیت، ان کے کردار، ان کی علمی ودینی خدمات کس سے پوشیدہ ہیں؟ حجۃ الاسلام مولانا سید غلام حسنین رضوی جیسے جلیل القدر عالم کی بے بہا دینی خدمات ہر صاحب نظر کے علم میں ہیں۔ مولانا حبیب حیدر کے فرزند، مولانا غلام حسنین کے بھانجے کو پروفیسر حسن حیدر جیسا ہی ہونا چاہئے شہادت کو مطلوب ومقصود مومن کہنے والے اس سعادت کے معنوں کو تب ہی سمجھ سکتے ہیں، جب پروفیسر حسن حیدر شہید اور ان جیسے بے شمار بے گناہوں کی طرح بے آب وغذا سنتِ شہدائے کربلا پر عمل پیرا ہو جائیں۔

کربلا والوں کی پیروی ہر ہمہ شمہ کے بس کی بات نہیں اس کیلئے خون جگر پانی کرنا پڑتا ہے کردار کو مثل حر بنانا پڑتا ہے۔ مگر یہ کار آسان تو نہیں۔ اگر اب حسن حیدر شہید اپنی ماں سے جدا ہو بھی گیا تو کیا ہوا اب وہ حسینؑ کی ماں کی خدمت میں ہے اس کی بیوی بہن بھائی عزیز واقارب اس کے پاس نہیں تو کیا غم اب وہ حوض کوثر پر خانوادۂ رسولؐ کے ہمراہ ہے۔ شہید کے اہل خانہ نے اپنا مقصد اللہ کی عدالت میں چھوڑ دیا کہ یہی وہ جائے منصفی ہے کہ جہاں ہر فریاد کو داد ملتی ہے۔

(سالانہ مجلّہ الشہید ۲۰۰۷۔۲۰۰۸ سے چند تبدیلیوں کے ساتھ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج بھی آگ لگاتے ہیں عزاخانوں کو
کربلا میں ترے خیموں کو جلانے والے
مسرور شکوہ آبادی

مساجد
اور
امام بارگاہوں
پر
حملے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قائد ملت جعفریہ علامہ مفتی جعفر حسین نے فرمایا

☆اپنے حقوق لینے کی خاطر ہم ہر مناسب اقدام کرنے میں آزاد ہیں۔

☆پاکستان میں وہی اسلامی حکومت پنپ سکے گی جس میں شیعہ اور سنی ہر دو عقائد اور فقہ کو مدنظر جائے۔

☆دین کے معاملہ میں اقلیت اور اکثریت کوئی معنی نہیں رکھتی۔

☆مذہبی اختلافات کو نفرت کی بنیاد نہیں بننا چاہیے۔

☆فقہہ سے فرقہ واریت نہیں پھیلتی، جس طرح کسی ایک مقدمہ میں مخالف وکیل اس مقدمہ میں اپنے ساتھی وکیل سے مخالفت رکھنے کے باوجود اس کا دشمن نہیں ہوتا، اسی طرح فقیہ اسلام کا قانون دان ہوتا ہے ایک فرقہ کا فقیہ دوسرے فرقہ کے فقیہ سے اختلاف رکھنے کے باوجود اس کا دشمن نہیں ہوتا۔

(حیات مفتی جعفر حسین)

۱۹۷۸ء میں جب عراق کی بعثی حکومت نے امام خمینیؒ کو عراق سے جلاوطن کیا اور جس کے بعد امام خمینیؒ فرانس تشریف لے گئے۔ حکومت پاکستان کی درخواست پر علامہ صفدر حسین نجفی اعلی اللہ مقامہ نے فرانس جا کر امام امت کو پاکستان آنے کی باضابطہ دعوت دی''۔ جس پر امام امت نے شکریے کے ساتھ معذرت کر لی۔

(۱۵۸ تذکرہ علماء امامیہ از سید حسین عارف اشاعت اگست ۱۹۸۱ء)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مساجد اور امام بارگاہوں پر حملے

تاریخ سانحہ	مقامِ سانحہ	نوعیت	شہادتیں
۳۰ مئی ۲۰۰۵	مسجد وامام بارگاہ مدینۃ العلمؑ،	خودکش حملہ	۲
۳۱ جولائی ۲۰۰۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ	خودکش حملہ	۲۷
۷ جولائی ۲۰۰۴	مسجد حیدریؑ، سندھ مدرسۃ الاسلام	خودکش حملہ	۲۲
۲۲ فروری ۲۰۰۳	مسجد وامام بارگاہ منتظر المہدیؑ، رفاہِ عام	فائرنگ	۹
۲ دسمبر ۲۰۰۲	مسجد وامام بارگاہ عسکریؑ، دستگیر سوسائٹی	فائرنگ	۲
۱۴ اکتوبر ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰؑ، اعظم بستی	فائرنگ	۶
۱۰ جولائی ۲۰۰۱	مسجد وامام بارگاہ جامعہ امامیہ، ناظم آباد	فائرنگ	۲
۱۰ جنوری ۱۹۹۹	مسجد وامام بارگاہ حُرؑ گرین ٹاؤن	فائرنگ	۶
۱۰ مارچ ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ دربارِ حسینیؑ حسین آباد، ملیر	بم دھماکہ	۸
۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ محفلِ مرتضیٰؑ، سوسائٹی	فائرنگ	۱۴
۲۵ فروری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل عباسؑ، پی آئی بی	فائرنگ	۶
۲۵ جنوری ۱۹۹۵	مسجد وامام بارگاہ کاظمینؑ، سادات کالونی	فائرنگ	--
۸ دسمبر ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ محمدؐ وآلِ محمدؐ، کورنگی	فائرنگ	۳
۸ دسمبر ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ ولی العصر نارتھ کراچی	فائرنگ	--
۳۰ اکتوبر ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ دربارِ زینبیہؑ، کورنگی 2½	فائرنگ	--
۱۶ ستمبر ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ علیؑ، چار سو کوارٹرز، کورنگی	فائرنگ	۱
۱۶ اگست ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ صغراؑ، کورنگی ½3	فائرنگ	۱
۱۴ اگست ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ جعفریہ، گولیمار	فائرنگ	۱
۲۳ جولائی ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ کشمیری، گولیمار	فائرنگ ۱۷/۱ گھنٹے محاصر	-
۱۷ جون ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ بابُ العلم، نارتھ ناظم آباد	فائرنگ	-
۵ جون ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ شاہِ یثربؐ، ملیر	فائرنگ	-
۱۹ مئی ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ محمدیؐ، محمدی ڈیرہ، ملیر	فائرنگ	-

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۵ مئی ۱۹۹۴	مسجد تقویٰ، جامعہ تعلیماتِ اسلامی، گلشن اقبال	گرنیڈ سے حملہ	۔
۱۱۵ اپریل ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ، ایم اے جناح روڈ	گرنیڈ سے حملہ	۔
۱۲ مارچ ۱۹۹۴	مسجد وامام بارگاہ بابُ النجفؑ، بفرزون	گرنیڈ سے حملہ	۔
۴ جون ۱۹۹۲	مسجد وامام بارگاہ بابُ العلم، نارتھ ناظم آباد	فائرنگ	۳
۱۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴	مسجد وامام بارگاہ امامیہ، سی ایریا، لیاقت آباد	فائرنگ	۲
۱۱۵ اپریل ۱۹۸۳	امام بارگاہ بنت زہرا پی آئی بی کالونی	آتشزنی، لوٹ مار	۔
۱۱۲ اپریل ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ امامیہ، سی ایریا، لیاقت آباد	نذر آتش کرنے کی کوشش	۔
۲۰ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ ولی عصر سیکٹر ۱۵ ایم نیو کراچی	آتشزنی، لوٹ مار	۔
۲۰ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ بوتراب ۵ ڈی نیو کراچی	پتھراؤ اور تبرکات کی بے حرمتی	۔
۲۰ مارچ ۱۹۸۳	جامع مسجد وامام بارگاہ مصطفیٰ سیکٹر ۱۱ ابی نارتھ کراچی	پتھراؤ اور تبرکات کی بے حرمتی	۔
۱۹ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ مرکزی، لیاقت آباد	فائرنگ	۳
۱۹ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ ہاشمیہ، ایریا، لیاقت آباد۔۴	آتشزنی، لوٹ مار	۱
۱۹، مارچ ۱۹۸۳	امام بارگاہ علی لیاقت آباد نمبر ۳	آتشزنی، لوٹ مار	
۱۹، مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ قبہ زینبیہؑ، لیاقت آباد	آتشزنی، لوٹ مار	۔۔
۱۹، مارچ ۱۹۸۳	امام بارگاہ زہرا لیاقت آباد نمبر ۳	آتشزنی، لوٹ مار	۔۔
۱۹، مارچ ۱۹۸۳	امام بارگاہ محفل علی لیاقت آباد نمبر ۳	آتشزنی، لوٹ مار	۔
۱۹، مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ قاسم آباد، لیاقت آباد	آتشزنی، لوٹ مار	۔
۱۸ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ مرکزی، لیاقت آباد	فائرنگ رشیلنگ	۱
۴ مارچ ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ عابدیہؑ، فریر روڈ (ناجائز قبضہ)	آتشزنی، لوٹ مار	۔۔
۲۲ فروری ۱۹۸۳	مسجد وامام بارگاہ اثناء عشری، لیاقت آباد	آتشزنی، لوٹ مار	
۲۸ جنوری ۱۹۸۳	مسجد سکینہؑ وامام بارگاہ کاظمین، نیو کراچی	فائرنگ رآتشزنی	۔۔
۹ جنوری ۱۹۸۲	مسجد وامام بارگاہ محفلِ شاہِ خراسان	آتشزنی رلوٹ مار	۔۔
۱۶ فروری ۱۹۷۸	مسجد وامام بارگاہ حیدریؑ، گولیمار	فائرنگ	۶
فروری ۱۹۷۸	مسجد وامام بارگاہ شاہِ کربلاؑ، رضویہ سوسائٹی	فائرنگ رحملہ	۔۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چند سانحات کی رُوداد اخبارات کی زبانی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خون ناحق کے طلب گار اب آنا ہوگا

خون بہتا رہا صدیوں سے جو مظلوموں کا
خون اک باپ کا اور اس کے جواں بیٹوں کا
خون ماؤں کا جواں بہنوں کا معصوموں کا
اے لہو رنگ تجھے اپنا دکھانا ہوگا

کوئٹہ، ہنگو، پشاور یا کراچی کی زمیں
ارض لاہور ہو، چکوال یا گلگت کے مکیں
خون سے اپنے یہ سارا ہی وطن ہے رنگیں
ہے لہو قرض یہ ہم پر جو چکانا ہوگا

نتیجہ فکر: مولانا حسن ظفر نقوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مدنیتہ العلم

گلشن اقبال:۔ مسجد میں خودکش دھماکا ۲ حملہ آور ہلاک ۱۳ افراد شہید مدینۃ العلم میں داخلے سے روکنے پر فائرنگ کانسٹیبل جاں بحق حملہ آور پولیس کی کاروائی میں مارا گیا دوسرے نے خود کو دھماکے سے اُڑایا نمازی شہید دوسرا اسپتال میں دم توڑ گیا۔ ایک ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلشن اقبال میں پیر کو نماز مغربین کے وقت مسجد مدینۃ العلم میں فائرنگ اور خودکش حملہ میں ۲ حملے آور ہلاک ایک پولیس کانسٹیبل اور ۲ نمازیوں سمیت ۱۳ افراد شہید ہوگئے ۲۶ افراد زخمی ہوئے جو سب نمازی تھے۔

تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال بلاک ۵ میں نیپا چورنگی کے قریب واقع مسجد مدینۃ العلم وامام بارگاہ دربار حسینؑ میں نماز مغربین ہورہی تھی اسی دوران میں حملہ آور مسجد میں داخل ہونے لگے تو حملہ آور کو پولیس کانسٹیبل نے روکنے کی کوشش کی جس پر مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس سے پولیس کانسٹبل جاں بحق ہوگیا۔

ایک حملہ آور نماز کی جگہ داخل ہونے لگا تو دوسرے سیکورٹی گارڈ نے اس پر فائرنگ کردی تو خودکش حملہ آور نے ریموٹ سے اپنے آپ کو دھماکے سے اُڑالیا جس سے اسکے جسم کے حصے مسجد میں پھیل گئے اس کی دو ٹانگیں اور سر محفوظ رہا۔ دھماکے سے ایک نمازی شہید ہوگیا جبکہ دوسرا نمازی اسپتال میں دم توڑ گیا۔ پولیس نے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا ہے۔

ڈی آئی جی آپریشن مشتاق شاہ نے کہا کہ مسجد مدینۃ العلم میں فائرنگ اور دھماکے میں تین ملزمان شامل تھے جن میں سے دو ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ اُنہوں نے کہا کہ زخمی ملزم کو جناح اسپتال میں طبی امداد دینے کے بعد پی این شفاء منتقل کردیا گیا ہے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ ماہرین کی رائے سے قبل بم کی ساخت اور اُسکے وزن کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

دریں اثنا مدینۃ العلم میں دھماکے اور فائرنگ کے بعد لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی کیپٹل سٹی پولیس افسر(CCPO) طارق جمیل اور ڈی آئی جی آپریشن مشتاق شاہ نے مسجد جاکر صورت حال کا جائزہ لینے کی کوشش کی لیکن مشتعل افراد نے زبردست نعرے بازی کی اور راستہ روک لیا جس کی وجہ سے پولیس افسر واپس چلے گئے۔

علاوہ ازیں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والا کانٹیبل راجہ ارشد حسین گلشن اقبال تھانے میں تعینات اور مسجد میں مغربین کے وقت ڈیوٹی دے رہا تھا جبکہ دھماکے سے مسجد میں شہید ہونے والے نمازی فدا حسین موذن تھے۔

بعد ازاں اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاکر ۲۶ سال محمد علی دم توڑ گیا جو مسجد میں رہائش پزیر اور شہید ہونے والے موذن فدا حسین کا چچازاد بھائی تھا۔ دیگر زخمیوں میں رضا حیدر، سجاد حسین، اویس علی، بلال محمد، ایس ایم نقی، شفاعت علی، محمد اشرف، غفران حیدر، کاظم علی، رضوان شاہ، عامر سلیم، عدنان، میر عباس اور دیگر چار افراد کو آغا خاں اسپتال لایا گیا۔ جبکہ امیر حسین، ذیشان علی، علی سلمان، زین شاہ، صابر حسین اور حسینی کو لیاقت نیشنل اسپتال لایا گیا۔

حملہ آوروں کی شناخت نہیں ہوسکی۔ عینی شاہدین کے مطابق خودکش حملہ آور کے ساتھی مسجد کے قریب موجود تھے اور وہ حملہ آور کو شلٹر دے رہے تھے۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر اطلاعات صلاح الدین حیدر نے گلشن اقبال میں امام بارگاہ مدینۃ العلم میں حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ جائے وقوعہ کے دورے کے بعد اُنہوں نے کہا کہ خودکش حملہ مقدس امام بارگاہ میں عبادت کے وقت ہوا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُنہوں نے کہا کہ مقدس مقامات پر حملہ کرنے والے مسلمان نہیں ہوسکتے۔ حملہ آور کراچی کے امن کو برباد کرنا چاہتے تھے۔ ادھر پیپلز پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سکریٹری جنرل اور سینٹ میں اپوزیشن لیڈر رضا ربانی نے بھی دھماکے کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کے واقعات حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بری امام کے سانحے کے بعد حکومت کو احتیاطی تدابیر نہیں کیں۔ جس کے باعث یہ افسوسناک سانحہ رونما ہوا

مزید برآں خیر پور سے نامہ نگار کے مطابق کراچی میں دھماکے کے بعد ایک مذہبی تنظیم کے مشتعل کارکنوں نے شہر میں دھرنا دیا اور ٹائروں کو آگ لگادی اور توڑ پھوڑ کی جس سے بجلی کا نظام معطل ہوگیا انہوں نے دہشت گردی بند کرو اور امام بارگاہوں پر حملے بند کرو کے نعرے لگائے۔

(روزنامہ جنگ، ۳۰ مئی ۲۰۰۵)

اداریہ سے اقتباس: خفیہ ھاتھ بے نقاب کرنے کا سنھری موقع

پیر کو گلشن اقبال کے بلاک ۵ میں واقع مسجد وامام بارگاہ مدینۃ العلم میں نماز مغرب کے وقت بم دھماکے میں ملوث ملزمان کی پولیس سے محاذ آرائی کے دوران ایک پولیس اہلکار اور ۲ نمازی شہید ہوگئے جبکہ ۲ حملہ آور ہلاک ہوگئے۔ انتظامیہ نے اسے خودکش حملہ قرار دینے کی کوشش کی ہے لیکن جناح اسپتال میں شعبہ حادثات کی انچارج ڈاکٹر سیمی جمال کے خیال میں اگر یہ خودکش بم دھماکا ہوتا تو حملہ آوروں کے چیتھڑے اُڑ جاتے جبکہ اسپتال لائی جانے والی لاشوں کے اعضاء صحیح سلامت ہیں۔

واضح رہے کہ جمعہ کو اسلام آباد کے قریب بری امام کے مزار پر ہونے والے دھماکہ کو بھی خودکش قرار دیا گیا تھا لیکن بعد میں اس کا ملزم بے گناہ قرار پایا۔ مدینۃ العلم سانحے کا ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کیا جاچکا ہے اس بناء پر توقع کی جانی چاہیے کہ اگر انتظامیہ اخلاص وسنجیدگی کا مظاہرہ کرے تو ان خفیہ ہاتھوں یا ملک وملت کے ان دشمنوں تک باآسانی رسائی ہوسکتی ہے۔ جو بیرونی طاقتوں کے آلہ کار بن کر یا مقامی دہشت گرد تنظیموں کے کارکنوں کی حیثیت سے شہر میں امن وامان اور ترقیاتی کاموں کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ اگر سندھ اور وفاق کی حکومتیں اپنے قیام ووجود کی مجبوریوں اور مصلحتوں سے بالاتر ہوکر غیر جانبدارانہ تحقیقات کی ہمت کرسکیں تو ملک وقوم کے دشمن خفیہ ہاتھوں کو ظاہر کرنا ہرگز مشکل نہیں ہے۔

افسوس کہ ہمارے اردگرد چلتے پھرتے دہشت گرد، تخریب کار اور سماج دشمن عناصر حکومت اور پولیس میں موجود اپنے سرپرستوں کے باعث بھی بے نقاب نہیں ہوتے ہر واردات کے بعد یہ فرار ہوکر ''نامعلوم'' رہتے ہیں، ہلاک ہوجاتے ہیں یا کردیئے جاتے ہیں اور اکثر اوقات جان مال اور عزت وآبرو کے خوف سے لوگ شناخت کے باوجود ان کے خلاف گواہی دینے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ مدینۃ العلم میں انسانیت سوز کاروائی کرنے والا ایک ملزم زخمی حالت میں زندہ اور پولیس کی حراست میں ہے تو یہ عینی شہادتیں ضائع نہیں ہونی چاہیں۔ ان کی مدد سے پاکستان اور اسلام کے اصلی دشمنوں تک پہنچنے میں کسی ذاتی گروہی مفاد، مصلحت اور غفلت سے کام لینا ہرگز حبّ الوطنی قرار نہیں دی جاسکتی بلکہ یہ شدید وطن دشمنی ہوگی۔

(روزنامہ امت کراچی، یکم جون ۲۰۰۵ء)

فائرنگ سے ھلاک ھونے والے کالعدم لشکرجھنگوی کے کارکن آصف کی لاش والدہ کے حوالے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسجد مدینۃ العلم گلشن اقبال میں (پولیس) فائرنگ سے ہلاک ہونے والے کالعدم لشکر جھنگوی کے کارکن آصف کی لاش کو اس کی والدہ کے حوالے کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق مسجد مدینۃ العلم کے باہر پولیس فائرنگ سے ہلاک ہونے والے کالعدم لشکر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جھنگوی کے کارکن ۲۵ سالہ آصف سرفراز کی لاش پیر کو اس کی والدہ نجمہ سرفراز کے حوالے کردی گئی۔ پولیس کے مطابق لاش کو اس کی والدہ ایدھی سرد خانے سہراب گوٹھ سے اورنگی ٹاؤن لے گئی۔ (روزنامہ جنگ، ۲۱ جون ۲۰۰۵)

اسیر رہا نہ ہوئے تو احتجاجی تحریک کا اعلان کرینگے

سانحہ مدینۃ العلم اور غیر ملکی ریسٹورنٹ میں جاں بحق ہونے والوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں جعفریہ الائنس صحافیوں سے معذرت، جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکار کو خراج تحسین عباس کمیلی کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس کے سربراہ سینیٹر علامہ عباس کمیلی نے کہا ہے کہ سانحہ مدینۃ العلم اور اس کے بعد ایک غیر ملکی ریسٹورنٹ میں جاں بحق ہونے والے معصوم اور بے گناہ افراد کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملت جعفریہ سے تعلق رکھنے والے ۱۰۰ اسیروں کو رہا نہ کیا گیا تو جمعرات کو سانحہ مدینۃ العلم کے شہداء کے سوئم کے بعد احتجاجی تحریک کا اعلان کیا جائے گا۔ وہ بدھ کی سہ پہر کراچی پریس کلب میں پاکستان شیعہ کونسل، پاسبان عزا، پاکستان شیعہ ایکشن کمیٹی اور مرکزی تنظیم عزا سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

علامہ عباس کمیلی نے صحافیوں کے ساتھ ناروا سلوک کرنے والے بعض شرپسندوں سے اظہار لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے ان کے اقدام کی مذمت کی اور صحافیوں سے معذرت کی۔ اُنہوں نے سانحہ مدینۃ العلم میں جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکار کو خراج عقیدت پیش کیا۔

اُنہوں نے بتایا کہ ملت جعفریہ کے خلاف جاری دوہائیوں سے دہشت گردی کا سلسلہ، اب سال بھر سے نمازیوں کی خودکش دھماکوں میں ۳۰۰ شہادتوں تک پہنچ گیا ہے۔ اب تک کراچی، کوئٹہ، سیالکوٹ، لاہور اور اسلام آباد میں ہونے والے خودکش دھماکوں میں قریباً ۳۰۰ بے گناہ نمازی شہید ہوچکے ہیں۔

قتل وغارت گری اور دہشت گردی کی ان وارداتوں میں پاکستانی قوم بہترین ماہر ڈاکٹرز، انجینئر سے محروم ہوچکی ہے اُنہوں نے کہا کہ صدر جنرل پرویز مشرف کے دور اقتدار میں پہلی بار سرکاری سطح پر اس بات کا اعتراف کیا گیا کہ ملت جعفریہ کے قتل میں ملوث کالعدم تنظیموں کی تشکیل میں بعض سرکاری ادارے شامل رہے ہیں اور کالعدم تنظیموں کی مسلح تربیت، اسلحہ اور فنڈز کی فراہمی کہاں سے ہوتی رہی ہے یہ بات اب سب پر عیاں ہے۔ (واضح رہے کہ اسی دور حکومت میں ملت جعفریہ کا ماس اسکیل پر قتل عام بھی شروع ہوا۔)

ملت جعفریہ کے خلاف اس خونی کھیل کے ماسٹر مائنڈ اور ملت جعفریہ کے خلاف کفریہ اور واجب القتل کے فتوے جاری کرنے والے آج بھی آزادانہ گھوم رہے ہیں ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ پاکستان کے جید علمائے کرام ملت جعفریہ کے خلاف دیئے جانے والے کفریہ اور واجب القتل فتووں کی نفی کریں اور اُنہیں حرام قرار دیں۔

اُنہوں نے بتایا جب غیر ملکی ریسٹورنٹ میں آگ لگی تو مسجد مدینۃ العلم پر جمع سوگواروں نے ریسٹورنٹ سے متصل بنگلے سے سیڑھی لگا کر ایک درجن سے زائد افراد کی جان بچائی لیکن بدقسمتی سے وہاں ۶ معصوم افراد چھت پر جا کر اپنی جان بچانے کی کوشش کرتے رہے وہ خوف کے عالم میں ریسٹورنٹ کی عمارت میں چھپ گئے جس سے یہ افسوسناک سانحہ پیش آیا۔

دوسری جانب پاکستان کی سالمیت کے خلاف سرگرم خفیہ ہاتھوں نے اس سانحہ کو بنیاد بنا کر شہر میں فرقہ واریت کو ہوا دینے کے کوشش شروع کردی۔ جعفر طیار سوسائٹی میں خفیہ ہاتھوں نے ملت اسلامیہ کے دو فرقوں کے مابین فساد کرانے کی مذموم کوشش کی تاہم ملت جعفریہ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برادران اہلسنت سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے دانش مندی کا ثبوت دیتے ہوئے صورت حال پر قابو پالیا۔ اُنہوں نے ملت اسلامیہ کے تمام علماء سے اپیل کی کہ وہ ہمیشہ کی طرح آگے آئیں اور اس سازش کو ناکام بنائیں۔

(روزنامہ جنگ ۲ جون ۲۰۰۵)

مسجد مدینتہ العلم خود کش دھماکا: ۳ ملزمان جیل بھیج دیئے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی حفظ الرحمٰن نے پیر کو مسجد مدینتہ العلم میں خودکش بم دھماکے کے الزام میں گرفتار ملزمان الطاف عرف شاہد مفتی، بلال فاروقی اور تحسین کو ۲۶ جون تک عدالتی ریمانڈ پر جیل بھجوانے کے احکامات جاری کئے۔

(روزنامہ جنگ ۱۴ جون ۲۰۰۵)

مسجد مدینتہ العلم خود کش دھماکا : مجروموں کو شناخت کرلیاگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسجد وامام بارگاہ مدینتہ العلم خودکش بم دھماکے کے ملزمان محمد الطاف عرف مفتی عرف شاہد، محمد بلال فاروقی اور تحسین کو مجروموں کی حیثیت سے شناخت کرلیا گیا جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی حفظ الرحمٰن کے روبرو استغاثہ کے ۵ گواہان نے مذکورہ ملزمان کو مجروموں کی حیثیت سے شناخت کرلیا۔

ملزمان کو عدالت میں ۱۸ ڈمی ملزمان کے درمیان مختلف سیریل نمبرز پر کھڑا کیا گیا جہاں استغاثہ کے ۵ گواہان نے ایک ایک کرکے ملزمان کو شناخت کیا۔ ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے ٹی کورٹ لایا گیا تھا۔

(روزنامہ امت ۱۴ جون ۲۰۰۵)

سانحہ مسجدو امام بارگاہ علی رضاؑ

کراچی: مسجد میں خودکش دھماکہ ۱۸ نمازی شہید ۴۲ زخمی

مسجد کا گنبد تباہ ہوگیا فرش خون سے سرخ، وضوخانے کی دیواریں اور چھت منہدم نزدیکی اسپتال اور رہائشی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا۔ خودکش دھماکہ تھا (پولیس)۔ تاریں ٹوٹنے سے علاقے کی بجلی غائب قرب وجوار کے سیکڑوں افراد نے زخمیوں کو اسپتال پہنچایا۔ مشتعل افراد کی نعرے بازی۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر واقع امام بارگاہ علی رضا میں پیر کو نماز مغربین کے دوران خودکش دھماکے میں ۱۸ افراد شہید اور ۴۲ زخمی ہوگئے جن میں سے کئی کی حالت تشویش ناک ہے۔ دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ مسجد کا گنبد تباہ ہوگیا ہے۔

دھماکے کے بعد سیکڑوں افراد جائے وقوع پر پہنچ گئے اور اُنہوں نے زخمیوں کو پرائیوٹ گاڑیوں اور ایمبولینسوں کے ذریعے سول، جناح اور لیاقت نیشنل اسپتال پہنچایا۔ مشتعل افراد نے قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکاروں کو کافی دیر تک جائے وقوع پر نہیں آنے دیا اور شدید نعرے بازی کی۔

تفصیلات کے مطابق ایم اے جناح روڈ پر (مسجد) امام بارگاہ علی رضا میں پیر کی شب پونے ۸ بجے نماز مغربین کے دوران زوردار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دھماکہ ہوا جس سے (مسجد) امام بارگاہ کا گنبد تباہ ہوگیا۔ وضوخانے کی دیواریں اور چھت منہدم ہوگئیں دھماکے سے قریب واقع رہائش عمارت اور اسپتال کے شیشے اور دوکانوں کے شٹر ٹوٹ گئے۔ بجلی کی تاریں ٹوٹنے سے پورے علاقے میں بجلی غائب ہوگئی۔

دھماکے کے ہوتے ہی قرب وجوار کے رہنے والے سیکڑوں افراد جائے وقوع پر پہنچ گئے جنہوں نے فائر بریگیڈ کی ریسکیو گاڑیوں کی سرچ لائٹ کی روشنی میں زخمیوں کو نکال کر پرائیوٹ گاڑیوں اور ایدھی ایمبولینسوں کے ذریعے سول، جناح اور لیاقت نیشنل اسپتال پہنچایا۔

دھماکے کی اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی جسے لوگوں نے جائے وقوع پر آنے نہیں دیا جس پر پولیس دُور چلی گئی۔ بعد ازاں پولیس کاروائی کرتے ہوئے رات پونے گیارہ بجے جائے وقوعہ پر پہنچ سکی۔ دھماکے کے بعد جمع ہونے والے افراد مسلسل نعرے بازی اور سینہ کوبی کرتے رہے۔

دھماکے کی وجہ سے امام بارگاہ (مسجد) کا فرش اور مختلف جگہیں زخمیوں کے خون سے سرخ ہوگئیں سول اسپتال میں ایک شخص کے جسم کے اعضاء بھی لائے گئے تھے جس کے بارے میں خیال کیا جارہا تھا کہ اس شخص نے خودکش دھماکہ کیا تھا۔ دریں اثنا ایس ایس پی انویسٹی گیشن منظور مغل نے کہا ہے کہ امام بارگاہ و مسجد علی رضا میں ہونے والا دھماکہ خودکش تھا کیونکہ جائے وقوعہ پر بم رکھے جانے کی صورت میں پیدا ہونے والا گڑھا نہیں بنا جو خودکش دھماکے کی نشاندہی کررہا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشن طارق جمیل کے مطابق دھماکے میں ۱۸ افراد شہید ہوئے جن میں ۲ کی میت انچولی، ۵ کی فاطمیہ سولجر بازار، ۸ میتیں محفل مرتضیٰ اور ۳ کی میتیں رضویہ سوسائٹی پہنچائی گئی ہیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی یکم جون ۲۰۰۴)

مسجد بم دھماکہ : نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم اے جناح روڈ پر واقع مسجد وامام بارگاہ علی رضا میں بم دھماکے کے سلسلے میں بریگیڈ پولیس نے انجمن اتحاد المومنین جارچہ ٹرسٹ کے صدر سید ظہور عباس ولد سید ظفر حسین کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف دفعہ ۳۰۲، ۳۲۴، ۴۰۷ ایکسپلوسو ایکٹ ۳۱۴ اور ۲۱ ۷ اے ٹی اے کے تحت مقدمہ ۹۵/۰۴ درج کرلیا ہے۔ (روزنامہ جنگ کراچی یکم جون ۲۰۰۴)

سانحہ مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضا کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے۔ پاسبان عزا کراچی (پ ر) پاسبان عزا کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، نیر زیدی نے کہا کہ سانحہ مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضاؑ کے سلسلے میں گورنر کی جانب سے بنائے گئے تحقیقاتی کمیشن کو ہم نہیں مانتے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ان واقعات اور حسینی بلڈ بنک پر پولیس اور رینجرز کی فائرنگ کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۸ جون ۲۰۰۴)

مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضاؑ میں دھماکے کے ملزمان بھی گرفتار کرلیے

آئی جی سندھ کی صحافیوں کو بریفنگ

دریں اثنا آئی جی نے بتایا کہ کراچی پولیس کی تفتیشی ٹیم نے فرقہ وارانہ دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث ۲ ملزمان گل حسن بلوچ عرف حیدری اور قاری امان اللہ کو کلری تھانے کی حدود سے گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش بتایا کہ ان کا تعلق لشکر جھنگوی اور آصف چھوٹو گروپ سے ہے۔ انہوں نے مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضا میں خودکش دھماکے کئے اور ان دھماکوں میں اکبر نیازی کانسٹبل اور محمد علی کھتری نے خودکش دھماکے کئے۔ (روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۱۴ جون ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جعفریہ الائنس کے وفد کی وزیر اعلیٰ سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس کے وفد نے علامہ عباس کمیلی کی قیادت میں سندھ کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر غلام ارباب رحیم سے ملاقات کی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کی توجہ سانحہ مسجد حیدری اور مسجد علی رضا کے شہداء اور زخمیوں کیلئے حکومت کی جانب سے اعلان کردہ معاوضے کی جانب مبذول کرائی اور اسکو ناکافی اور ناقابل قبول قرار دیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ شہداء اور زخمیوں کو وفاقی وزیر مذہبی امور اعجاز الحق کا اعلان کردہ معاوضہ ادا کیا جائے اور شہداء کے بچوں کے مستقل تعلیم اور معذور ہونے والے افراد کے مستقل روزگار کا انتظام کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے یقین دلایا کہ وہ اس سلسلے میں بھرپور کوشش کریں گے۔ (روزنامہ کراچی ۲۸ جون ۲۰۰۴)

دھشت گردوں کو سرعام سزادی جائے، شائستہ زیدی: پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بزم آمنہ کی سیکریٹری جنرل پروفیسر شائستہ زیدی نے کہا ہے کہ پاکستان میں ۱۹۷۸ میں ضیاالحق کے دور کے بعد اسلام اور افغانستان کے جہاد کے نام پر پروان چڑھنے والی دہشت گردی اور فرقہ واریت کی شیعیان حیدر کرار اور محب وطن طبقوں نے بھرپور مخالفت کی تھی۔ وہ یہاں دیگر خواتین کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہی تھیں۔

انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہیدوں کے اہل خانہ کیلئے مستقل بنیادوں پر ملازمتیں اور تعلیم وتربیت کا مناسب انتظام کیا جائے۔ شہداء کو فی کس ۵ لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے ۲ لاکھ روپے اور مکمل علاج معالجے کا اعلان کیا جائے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۱۰ جولائی ۲۰۰۴)

ڈاکٹروں، علماء، سیاسی اور مذھبی رھنمائوں کا قتل بند کیا جائے،

خواتین شیعہ سنی اتحاد کے لئے کوشش کریں۔ بیرسٹر شاہدہ جمیل وشائستہ زیدی کا جلسے سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بزم آمنہ کے تحت شہدائے مسجد علی رضا کے چہلم کی مناسبت سے خواتین کا جلسہ مسجد آل عباء گلبرگ میں منعقد ہوا۔ بیرسٹر شاہد جمیل نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا شیعہ سنی اتحاد کیلئے خواتین مردوں کے شانہ بشانہ جدوجہد کریں۔

ڈاکٹر صفیہ ملک نے کہا کہ شیعہ سنی اتحاد کیلئے خواتین کے اجلاس بلائے جائیں اور خواتین کے ذریعے اتحاد ویگانگت کا ماحول پیدا کیا جائے۔ پروفیسر شائستہ زیدی نے کہا کہ مسلک اور صوبائیت کے نام پر انسانوں کا قتل کرنے والے مجرموں کو سرعام پھانسی دی جائے مذہبی منافرت کی وجہ سے پاکستان پوری دنیا میں بدنام ہورہا ہے۔

جلسے سے نرگس رحمان، قمر اعظمی، بیگم سردار نقوی، یاسمین ظفر اور نزہت شیریں نے بھی خطاب کیا اور دہشت گردی کے خاتمے اور قیام امن کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر، علماء، سیاسی اور مذہبی رہنماؤں کا قتل بند کیا جائے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

اسلام کے نام پر مذہب کا تقدس پامال کیا جارہا ہے اور مسجدوں میں بے قصور مسلمانوں کو قتل کیا جارہا ہے۔ جو اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔ بعدازاں منظور کی گئی ایک قرارداد میں کہا گیا کہ تحریک پاکستان کی بنیاد مسلمانوں کے اتحاد میں تھی، اگر مسلمانوں کے مختلف فرقوں کا اتحاد نہ رہا تو ملک کی نظریاتی بنیادیں ختم ہوجائیں گی۔

(روزنامہ جنگ ۱۱ جولائی ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتہا پسندوں اور دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کیا جائے، جعفریہ الائنس

نمازیوں کو قتل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، علامہ عباس کمیلی اور دیگر کا جلسے سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس پاکستان کے تحت شہدا مسجد علی رضا کے چہلم کے موقع پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے علامہ عباس کمیلی نے کہا کہ انتہا پسندوں اور دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کیا جائے اور گرفتار ملزمان کو سزا دی جائے۔ علامہ رضی جعفر نقوی نے کہا کہ بے گناہ نمازیوں کو قتل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ مولانا محمد عون نقوی نے کہا کہ مسلمانوں کو قتل کرنیوالے درندے ہیں، علامہ فرقان حیدر عابدی نے کہا کہ حکومت اصل دہشت گردوں پر ہاتھ ڈالے، علامہ نثار قلندری نے کہا کہ شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے حق وصداقت کا راستہ اختیار کیا۔

مولانا رضا حیدر زیدی نے کہا کہ دہشت گردی کرنے والے یہود کے ایجنٹ ہیں۔ مولانا مرتضیٰ زیدی نے کہا کہ بے گناہوں کے قتل پر خاموشی باعث تشویش ہے۔ مولانا مقصود حسین ڈومکی نے کہا کہ شہدا کے مشن کو جاری رکھا جائے گا۔ شمس الحسن رضوی نے کہا کہ مسلمانوں کے قاتلوں کو سرعام پھانسی دی جائے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ جولائی ۲۰۰۴)

سانحہ امام بارگاہ علی رضا، محمد علی میمن نے خود کش حملہ کیا

ڈی این اے ٹیسٹ کی رپورٹ سے ثبوت ملا گھر والوں نے تردید کی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امام بارگاہ علی رضا میں خودکش دھماکے میں ہلاک ہونے والے محمد علی میمن کی ڈی این اے ٹیسٹ کی رپورٹ آگئی ہے جس سے ثابت ہوگیا کہ خوکش حملہ آور محمد علی میمن ہی تھا۔ ذرائع کے مطابق محمد علی میمن کے گھر والوں نے اعتراض کیا تھا کہ ہلاک ہونے والا محمد علی میمن نہیں ہے۔ جس پر پولیس کی خصوصی ٹیم نے اس کی والدہ اور دو بھائیوں فیروز حسن اور گل جمیل کے جسم کے مختلف اجزا لیے اور انہیں ڈی این اے ٹیسٹ کیلئے لاہور بھیج دیا تھا۔ رپورٹ میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ ہلاک ہونے والے شخص کے جسم کے اجزاء اُس کے اہل خانہ سے مل رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ۳۱ مئی کو امام بارگاہ علی رضا میں خودکش دھماکے میں ۴۲ افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۷ ستمبر ۲۰۰۴)

مسجد حیدری خود کش بم دھماکے میں کانسٹبل اکبر ہی ملوث تھا : پولیس

اکبر نیازی کی باقیات اور اُس کے والد و بھائی کے ڈی این اے ٹیسٹ میں مطابقت ثابت ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسجد حیدری کے خودکش بم دھماکے میں کانسٹبل اکبر نیازی ہی ملوث تھا۔ پولیس کے مطابق اکبر نیازی کے بھائی اور باپ کے نمونہ خون اور ڈی این اے رپورٹ سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے۔ پولیس کے مطابق مئی ۲۰۰۴ کو مسجد حیدری واقع سندھ مدرسۃ الاسلام میں خودکش بم دھماکے میں ملوث کانسٹبل اکبر نیازی کی ڈی این اے ٹیسٹ رپورٹ آچکی ہے، متوفی کانسٹبل اکبر نیازی کی خودکش بم دھماکے کے بعد باقیات کو جمع کر کے لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھجوایا گیا۔ متوفی اکبر نیازی کے والد حاجی کشمیر خاں اور بھائی افضل خاں کے خون کے نمونے حاصل کیئے گئے۔ لیبارٹری رپورٹ کے مطابق کانسٹبل اکبر باقیات اور باپ بھائی کے نمونہ خون کے ڈی این اے سمپل آپس میں مطابقت رکھتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں جس سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ امام بارگاہ و مسجد حیدری کے خودکش بم دھماکے میں متوفی کانسٹبل اکبر نیازی براہ راست ملوث تھا۔ مسجد حیدری بم دھماکے کی ایف آئی آر نمبر ۱۱۸/۰۴ تھانہ میٹھادر میں درج کی گئی تھی۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۴)

مسجد وامام بارگاہ خودکش حملہ کیس

ملزم گل حسن کو ۴۵ مرتبہ سزائے موت ۱۲۷۰ سال قید سخت، بم دھماکہ کرکے مسجد کو نقصان پہنچانے کے الزام میں عمر قید اور جائیداد ضبط کرنے کا حکم مجموعی طور پر ایک کروڑ ۲ لاکھ جرمانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج حق نواز بلوچ نے امام بارگاہ علی رضا اور مسجد حیدری میں خود کش بم دھماکہ کرا کے مجموعی طور پر ۴۵ افراد کو شہید اور ۱۲۷ افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں کالعدم لشکر جھنگوی کے ماسٹر مائینڈ گل حسن کو ۴۵ مرتبہ سزائے موت اور مجموعی طور پر ۱۲۷۰ برس کی سزائے قید ایک کروڑ ۲ لاکھ روپے جرمانہ، بم دھماکا کرا کے مسجدوں کو نقصان پہنچانے کا الزام میں عمر قید اور جائیداد ضبط کرنے کا حکم سنایا۔

ملزم نے سزا سننے کے بعد کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا بلکہ مسکراتا رہا۔ جیل جاتے وقت اس نے وکٹری کا نشان بنایا۔ ملزم کے وکیل مشتاق احمد نے کہا کہ وہ سزاؤں کے خلاف ۷ روز کے اندر اپیل کریں گے۔ فاضل عدالت نے ملزم پر شہداء کے ورثاء کو ۴۵ لاکھ روپے اور سرکار کو ۴۵ لاکھ روپے بطور جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے، مسجد حیدری میں دھماکے ۷ مئی ۲۰۰۴ کو ہوا تھا۔ مسجد حیدری میں دھماکا ملزم گل حسن کے ساتھ پولیس کانسٹبل اکبر خان نیازی اور امام بارگاہ علی رضا میں خودکش دھماکا محمد علی کھتری نے کیا تھا۔

گواہوں کے بیانات کے مطابق ملزم گل حسن نے خودکش دھماکوں کے بریف کیس انہیں دیئے تھے۔ عدالت میں استغاثہ کے ۸۸ گواہوں کے بیانات قلم بند کئے تھے۔ جن میں ۷ چشم دید تھے۔ ملزم گل حسن کو ۱۲۷ افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں فی کس دس دس سال کی سزاؤں کا حکم سنایا جو مجموعی طور پر ۱۲۷۰ سال بنتے ہیں۔ سرکار کی پیروی اسپیشل پراسیکوٹر مظہر قیوم نے کی ملزم گل حسن کو جون ۲۰۰۴ کو گرفتار کیا گیا تھا۔ مقدمہ کی سماعت نومبر ۲۰۰۴ میں شروع ہوئی تھی۔

دریں اثنا ملزم گل حسن نے کہا کہ وہ تربت (بلوچستان) کا رہنے والا ہے۔ وہ کسی مدرسے یا اسکول میں نہیں پڑھا۔ جب اُسے گرفتار کیا تو اُسے معلوم نہیں تھا کہ اُسے کیوں گرفتار کیا ہے۔ اس کا جرم سے کوئی تعلق نہیں ہے وہ بے گناہ ہے۔ (روزنامہ جنگ ۵ جون ۲۰۰۵)

مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضا میں بم دھماکے کے ملزم مجرم گل حسن نے اپیلیں دائر کردیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ میں مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضا میں خودکش بم دھماکے کرانے اور ۴۵ افراد کو شہید کرنے کے الزام میں ۱۲۷۰ سال کی قید سخت کی سزاؤں اور ایک کروڑ روپے سے زائد جرمانوں کے خلاف گل حسن نے اپنے وکیل مشتاق احمد کے ذریعہ اپیلیں دائر کردیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استغاثہ نے گل حسن کو کالعدم لشکر جھنگوی کا سرگرم رکن بتایا لیکن عدالت میں اس کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ اپیل کنندہ کالشکر جھنگوی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ گواہوں کے بیانات میں تضاد ہے۔ وارداتوں کا کوئی عینی شاہد نہیں ہے پولیس نے گل حسن کے خلاف بے بنیاد کیس بنایا ہے۔ گواہوں کو عدالتی نظر سے نہیں دیکھا۔

۱۲۷ افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں گل حسن کو ۱۲۷۰ سال کی سزا کا حکم سنایا تھا لیکن عدالت میں صرف ۱۵ زخمیوں کا بیان ہوا ہے۔ واضح رہے کہ اے ٹی سی کے جج حق نواز بلوچ نے ۴ جون کو خودکش بم دھماکہ کرنے کے مقدمات کا فیصلہ سنایا تھا۔ دونوں مقدمات میں ایک ملزم ہے۔ عدالت عالیہ سے استدعا کی ہے کہ سزائیں خلاف قانون ہیں انہیں کالعدم قرار دیا جائے۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۹ جون ۲۰۰۵)

(نوٹ ملزم گل حسن دونوں مقدمات میں باعزت بری کر دیا گیا ہے۔ ۲۴، اکتوبر ۲۰۰۷)

سانحہ مسجد حیدری سندھ مدرستہ اسلام

کراچی: مسجد میں خودکش دھماکا ۱۳ جاں بحق ۱۰۰ سے زائد زخمی

خودکش حملہ آور نے بم اپنے جسم سے باندھا ہوا تھا۔ دھماکہ ایک بجکر دس منٹ پر مسجد کی چھٹی صف میں ہوا۔

دوستون زمین بوس تمام دروازے کھڑکیاں ٹوٹ گئیں۔ ۴۵ کی حالت نازک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے سب سے قدیم تعلیمی ادارے اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی مادر علمی سندھ مدرستہ الاسلام میں واقع مسجد میں جمعہ کو ایک بج کر دس منٹ پر خوفناک دھماکا ہوا۔ جس سے ۱۳ نمازی جاں بحق اور سو سے زائد زخمی ہوگئے جن میں سے ۴۵ کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ خودکش دھماکا تھا۔

دھماکا کرنے والے شخص نے بم اپنے جسم سے باندھ رکھا تھا۔ دھماکے کے باعث مسجد کے دوستون زمین بوس ہوگئے اور مسجد کی تمام دروازے کھڑکیاں ٹوٹ کر دور جا گری۔ پوری مسجد کی صفوں میں خون پھیل گیا۔ دھماکا مسجد کے درمیان والی چھٹی صف میں ہوا۔ دھماکے کے فوراً بعد دیگر نمازی پناہ کے لئے دوڑ پڑے اور بھگدڑ مچ گئی دھماکے کی آواز کئی میل دور تک سنی گئی۔ جس سے دوسری مسجد سے نمازی جائے وقوعہ پر پہنچے اور زخمیوں کو پرائیوٹ گاڑیوں میں اسپتال پہنچایا گیا۔ دھماکے کے باعث مسجد کے پیش امام مولانا سید نثار حسین زخمی ہوگئے جبکہ نائب امام معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ دھماکے کے بعد بیشتر بازار بند ہوگئے۔

تفصیلات کے مطابق صدر ٹاؤن میں میٹھادر تھانے کی حدود میں واقع سندھ مدرستہ الاسلام کے احاطے میں دو مساجد میں ایک مسجد اہل تشیع کی ہے۔ اس میں جمعہ کی نماز شروع ہوئی تو اس دوران چھٹی صف میں خوفناک دھماکہ ہوا جس کے بعد مسجد قیامت صغریٰ کا منظر تھا۔ وہاں موجود نمازی سکتے میں آگئے۔ متعدد نمازی زخمی ہوگئے۔ مسجد کی ۴۰ فٹ اونچی چھت پر لگے ہوئے پنکھے اور چھت کا پلستر ٹوٹ کر گر پڑا۔ دھماکے کے مقام پر نمازیوں کے چشمے، ٹوپیاں، پرس اور دیگر چیزیں پھیل گئیں۔ جب کہ کئی نمازیوں کو پولیس موبائلوں، ایدھی، چھیپا و یلفیئر کی ایمبولینسوں میں سول اسپتال پہنچایا۔ (نوٹ: مسجد حیدری سندھ مدرستہ الاسلامیہ میں نماز ظہرین ادا کی جارہی تھی۔ وہاں نماز جمعہ نہیں ہوتی ہے)

عینی شاہد ایک نمازی شجاعت حسین نے جنگ کو بتایا کہ پیش امام مولانا نثار حسین نے جماعت شروع ہی کی تھی کہ اچانک دھماکہ ہوا اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں زمین پر گر پڑا اور سکتے میں آ گیا کہ یہ کیا ہوا جب کہ میں مسجد کی پچھلی صف میں تھا۔ دھماکے کے بعد لوگ مسجد سے باہر کی جانب دوڑے اور بھگدڑ مچ گئی اور زخمی ہونے والے افراد مدد کیلئے چیخ وپکار کر رہے تھے اس کے بعد فوری طور پر پر بھا گتا ہوا قریبی سی پی ایل سی کے آفس گیا اور اطلاع دی جبکہ پولیس اور ایمبولنس دھماکے کے کافی دیر بعد جائے واردات پر پہنچے جس کے باعث زخمیوں کا خون بڑی مقدار میں بہہ گیا۔

دھماکے کے بعد پولیس، رینجرز اور خفیہ ادارے کے اہلکار بڑی تعداد میں وہاں پہنچ گئے جبکہ لوگوں کی بڑی تعداد وہاں جمع ہوگئی اور نوجوانوں کے گروپس نے فوری طور پر خون کا عطیہ دینے کی پیش کش کی۔ جس پر ایک ایمبولنس میں لگے لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے اعلان کیا گیا کے خون دینے والے افراد فوری طور پر سول اسپتال پہنچ جائیں۔ دھماکے کے مقام کا بم ڈسپوزل کے عملے نے معائنہ کیا اور وہاں سے بم کے ٹکڑے جمع کیے۔ بم ڈسپوزل کی ٹیم کے مطابق خودکش دھماکہ تھا اور فوری طور پر نہیں کہا کہ کتنا دھماکا خیز مواد تھا۔ تاہم دھماکہ ایک ستون کے ساتھ ہوا۔

ابتدائی تفتیش سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ بم کسی بیگ وغیرہ میں موجود نہیں تھا بلکہ دھماکہ کرنے والے شخص کے جسم کے ساتھ باندھا ہوا تھا ٹی پی او صدر ثناءاللہ عباسی نے جنگ کو بتایا دھماکہ کے اطلاع ملتے ہی پولیس دھماکے کے مقام پر پہنچ گئی اور کئی زخمیوں کو موبائلوں میں ڈال کر فوری طور پر اسپتال پہنچایا۔ پولیس نے بروقت امدادی کاروائی کی ہے۔ دھماکہ کے بعد تمام زخمیوں کو اسپتال پہنچانے کے بعد مسجد کے چاروں طرف رکاوٹیں وغیرہ لگا کر اُسے بند کر دیا ہے اور وہاں سیکورٹی لگا دی جس میں کسی شخص کو اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں تھی۔

تکبیر کے بعد ہی دھماکہ ہوا، فرقہ واریت نہیں دہشت گردی ہے زخمیوں کے تاثرات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ مدرستہ الاسلام میں واقع مسجد میں ہونے والے بم دھماکے کے ایک زخمی آغا محمد جاوید نے اُسے کھلی دہشت گردی قرار دیا اور کہا کہ وہ سب نماز کیلئے جمع تھے اور جب وہ نماز کیلئے کھڑے ہوئے اور موذن نے تکبیر شروع کی تو مسجد کے عین وسط میں زوردار دھماکہ ہوا اور ہر طرف دھواں ہی دھواں پھیل گیا۔ ایک اور زخمی نمازی محسن الحسن نے کہا کہ چاروں طرف لوگوں کی چیخیں سنائی دے رہی تھیں زخمی مدد کیلئے پکار رہے تھے۔ انور بندے علی نے کہا کہ دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کیا جائے۔ انہوں نے دھماکہ کی مذمت کی اور کہا یہ ایک کھلی دہشت گردی ہے اسے فرقہ وارانہ رنگ نہیں دیا جانا چاہیے۔

کاٹن ایکسچینج میں کاروبار کرنے والے زخمی شعبان علی نے بتایا کہ وہ نماز جمعہ کی تیسری صف میں تھا کہ نماز کی پہلی رکعت میں تکبیر کے چند لمحوں بعد زوردار دھماکا ہوا۔ جس سے اندھیرا پھیل گیا۔

جناح اسپتال میں زخمی نے بتایا کہ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا وہ مسجد میں غیر محفوظ ہے۔ دھماکہ آگے یا پیچھے صف میں ہوا جس کے بعد اندھیرا تھا۔ پھر اس کو ہوش نہیں رہا۔ ایک زخمی نے کہا کہ دہشت گردی چاہے اس کی صورت کوئی بھی ہو قابل مذمت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلمان ہونے کے ناطے ہمیں انسانیت کو یاد رکھنا چاہیے اس دہشت گردی کے پیچھے جس کا بھی ہاتھ ہے اُسے یہ ضرور سوچنا چاہیے کہ ان چند لمحوں کے کیا، مابعد اثرات ہونگے، کتنے گھر، کتنے فرد، اس سے متاثر ہوں گے اور کتنے ذہن پراگندہ ہوں گے۔

(۸ مئی ۲۰۰۴ روزنامہ جنگ کراچی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد حیدری

مشتعل افراد کا ریلوے ٹریک پر دھرنا، ٹرینوں کی آمدورفت معطل

ٹرینوں کو مختلف اسٹیشنوں پر روک دیا گیا۔ نیشنل ہائی وے ۲ گھنٹے بند رہی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسجد میں بم دھماکے کے بعد مشتعل افراد نے نیشنل ہائی وے اور ریلوے ٹریک پر دھرنا دیا جس کی وجہ سے نیشنل ہائی وے دو گھنٹے بند رہی گاڑیوں پر پتھراؤ بھی کیا گیا۔ ملیر کے قریب ریلوے ٹریک پر دھرنے کے باعث ریلوے ٹریفک معطل ہوگئی۔ کراچی آنے والی گاڑیوں کو کوٹری، جنگ شاہی، اور جھمپیر پر روک دیا گیا۔ رات گئے تک ٹریفک بحال نہ ہوسکی۔

ڈی ایس ریلوے کراچی اسرار علوی نے جنگ کو بتایا کہ ہمارا مقامی پولیس سے رابطہ ہے اور انہوں نے ہدایت کی ہے ریلوے ٹریفک معطل کردیں اور مقامی پولیس کلیرنس کے بغیر ریلوے ٹریفک بحال نہ کی جائے۔ تقریباً ۹ بجے اُنہوں نے بتایا کہ اطلاعات کے مطابق ریلوے ٹریفک سے دھرنا دینے والے چلے گئے ہیں مگر جب تک پولیس کلیرنس نہیں ہوتا ریلوے ٹریفک بحال نہیں کی جائیگی۔

(۸ مئی ۲۰۰۴ روزنامہ جنگ کراچی)

ANNAN DEPLORES MOSQUE ATTACK

BY OUR CORRESPONDNET.

United Nations, May 8: UN General Secretary General Kofi Annan on Friday Condemned "in Strongest terms" Suicide bomb blast in karachi which left at least 14 people dead.He said he was appalled by the news of yet another attack in a place of worship, this time ina mosque in the city

(DAWN 9 MAY 2004)

سابقہ واقعات کے ذمہ دار ہی سانحہ مسجد حیدری میں ملوث ہیں۔ ساجد نقوی

روالپنڈی (پ ر) متحدہ مجلس عمل کے مرکزی نائب صدر علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا ہے کہ سانحہ مسجد حیدری دہشت گردی کے سابقہ واقعات کا تسلسل ہے اس میں وہی عناصر ہیں جو سابقہ واقعات میں ملوث تھے۔ لہٰذا کسی دوسرے عنصر کو ملوث قرار دینا قطعی درست نہیں ہے۔

حکومت نے گذشتہ پانچ سالوں میں داخلی انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے جو بلند و بانگ دعوے کیے حالیہ سانحے کے بعد وہ غلط ثابت ہوئے۔ عوام صبر کا مظاہر کریں۔ سانحہ کراچی پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے علامہ ساجد نقوی نے کہا کہ کراچی اور ملک کے دیگر شہروں سے دہشت گردوں کی دھڑا دھڑ گرفتاریوں کی خبریں گذشتہ طویل عرصے سے تسلسل کے ساتھ آتی رہی ہیں لیکن آج تک یہ پتہ نہیں چل سکا کہ گرفتار شدہ دہشت گرد کہاں چلے جاتے ہیں کیونکہ آج تک کسی ایک بھی دہشت گرد کو تختہ دار پر نہیں لٹکایا گیا۔ دہشت گردی کے واقعات مسلسل جاری ہیں صرف شیعہ عوام کو قربانی کا بکرا بنایا جارہا ہے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۸ مئی ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ کراچی: خود مختار تحقیقاتی ٹریبونل تشکیل دینے کا مطالبہ

روالپنڈی (ایکسپریس نیوز) متحدہ مجلس عمل کے مرکزی نائب صدر علامہ ساجد علی نقوی کے ترجمان اظہار بخاری نے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ کراچی کی تحقیقات کے لیے خودمختار ٹریبونل تشکیل دیا جائے۔ علامہ ساجد علی نقوی کے ترجمان اظہار بخاری نے کہا کہ سانحہ کوئٹہ کی تحقیقات کیلئے جسٹس نادر محمد خان کی سربراہی میں قائم ٹریبونل نے انتہائی دیانت دار اور محنت کے ساتھ اپنی رپورٹ مرتب کی تھی جسے منظر عام پر نہیں لایا گیا۔ اگر یہ رپورٹ بروقت جاری ہوجاتی تو دہشت گرد اور انکے سرپرست بے نقاب ہوجاتے اور اُنہیں کراچی میں بم دھماکے کی جرأت نہ ہوتی۔

جسٹس نادر محمد خان تحقیقات مکمل کرکے رپورٹ منظر عام پر لانے ہی والے تھے کہ انہیں بعض نادیدہ قوتوں کے اشارے پر تبدیل کردیا گیا۔ عوامی مطالبے پر انہیں بحال کردیا گیا لیکن ان کی رپورٹ خفیہ خانوں میں چھپادی گئی۔ دریں اثنا تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے سربراہ حامد علی شاہ موسوی نے مسجد حیدری کراچی میں جمعہ کو بم دھماکے میں جاں بحق افراد کے سوگ میں یوم ترحیم پر اپنے اتوار کو جاری ہونے والے پیغام میں کہا کہ مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے لیے عالمی استعمار اور اُن کے ایجنٹوں نے دہشت گردی کا ہتھکنڈا اختیار کیا ہے لیکن نہ تو مسلمان ہراساں ہیں اور نہ فرقہ وارانہ منافرت کی سازش کامیاب ہوگی۔

(روزنامہ ایکسپریس کراچی مورخہ ۱۰ مئی ۲۰۰۴ء)

دہشت گردی کے خلاف علماء متحدہ ہوکر کام کرینگے ،ارشاد الحق تھانوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امن فورم پاکستان کے سرپرست مولانا ارشاد الحق تھانوی اور ان کے ہمراہ مختلف مکاتب فکر کے ایک درجن علمائے کرام نے اعلان کیا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے متحد ہوکر کام کریں گے۔

ان علمائے کرام نے کراچی پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شیعہ اور سنی دونوں فرقوں کے لوگ مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا مسلمانوں کو شہید کرنے والا کبھی مسلمان نہیں ہوسکتا ہے۔ سانحہ حیدری مسجد سندھ مدرسۃ الاسلام دو فقہوں کو آپس میں لڑانے اور سندھ کے معیشت کو خراب کرنے کی سازش ہے۔ ہم تمام علماء اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان حالات پر نظر رکھیں اور شہر کی صورت حال خراب نہ ہونے دیں۔ علماء اپنے خطبوں اور مجلسوں میں اتحاد بین المسلمین کا درس دیں اور لوگوں سے رابطہ شروع کریں۔

(روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۱۱ مئی ۲۰۰۴)

سانحہ حیدری مسجد: ملزم پولیس کی جعلی وردی میں تھا

کراچی (رپورٹ ریحان ہاشمی) پولیس کی ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ قائداعظم کی درس گاہ کے اندر قائم حیدری مسجد میں بم دھماکہ کرنے والا شخص پولیس کی جعلی وردی پہنے ہوئے تھا حملہ آور دھماکہ خیز مواد بریف کیس میں بھر کر لایا تھا۔ تفتیشی اہلکاروں کو اس سلسلے میں اہم شواہد حاصل ہوگئے ہیں۔ تفتیش کے دوران یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ ملزم کا جاری خاکہ درست نہیں۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ سندھ مدرسۃ الاسلام کی مسجد حیدری کا واقعہ کوئٹہ اور پنڈی کے واقعات سے مشابہ ہے دیگر صوبوں کی پولیس کے ساتھ مل کر تفتیش شروع کردی ہے۔

سانحے کے اعلیٰ تفتیشی افسر نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کہ ملزم ہیڈ کانسٹیبل کی وردی پہنے ہوئے تھا۔ وہ ایک بجکر ۵ منٹ پر مسجد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہنچا۔ ملزم نے نماز سے قبل قرآن شریف پڑھنا شروع کر دیا تو اسی دوران ایک نمازی نے اس سے سجدہ گاہ کا پوچھا۔ نمازی نے کہا کہ آپ کی مسجد سامنے ہے ملزم نے اس بات پر ناراضگی ظاہر کی اور مسجد چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ تفتیش کاروں نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ جیسے ہی ایک بجکر ۱۵ منٹ پر لوگ جماعت کے لیے کھڑے ہوئے اس نے بریف کیس میں لگے بٹن کو دبا کر دھماکہ کر دیا پولیس کو جائے واردات سے پولیس بیلٹ کا ٹوٹا ہوا آدھا بکل بھی ملا ہے اس پر انگلش کے چند الفاظ Kac لکھے ہیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۱۴ مئی ۲۰۰۴)

حکومتی رٹ یقینی بنانے کی ہدایت ہی کافی نہیں

کراچی شہر کی کلیدی شاہراہ ایم اے جناح روڈ پر پیر کی شام مسجد علی رضاؑ میں نماز مغربین کے دوران مبینہ خودکش بم دھماکہ میں ۱۹ نمازیوں کی شہادت اور ۴۲ کے شدید زخمی ہونے کا واقعہ اندوہناک ہونے کے ساتھ صوبائی اور وفاقی انتظامیہ کی کھلی نااہلی کا ایک اور انتہائی افسوسناک منہ بولتا ثبوت ہے۔ ماہ مئی کے دوران کراچی میں ہلاکت خیز دہشت گردی کی یہ چوتھی سنگین نوعیت کی تابڑتوڑ واردات ہے۔ جن میں دو مساجد میں بم دھماکوں سے بڑے پیمانے پر ہلاکتوں کے علاوہ شہر کے انتہائی حساس علاقے میں ایک تعلیمی ادارے کے سامنے دو بم دھماکے اور پھر مفتی نظام الدین شامزئی کا صرف ایک روز قبل اتوار کو گھات لگا کر قتل کا روح فرسا واقعہ شامل ہے۔

مزید لکھتا ہے کہ ''وفاقی وزیر داخلہ فیصل صالح حیات نے یہ بیان دے کر حکومت سندھ کی غفلت اور نااہلی کا پردہ فاش کر دیا ہے کہ ''واضح ہدایات کے باوجود سندھ حکومت ضروری حفاظتی انتظامات نہ کر سکی'' وزیر داخلہ کے مطابق ان کی وزارت نے اتوار کے روز حکومت سندھ کو مذہبی مقامات پر سیکورٹی انتظامات سخت کرنے کی ہدایت کی تھی۔ جن اہم مقامات کی حفاظت کی ہدایت کی گئی تھی ان میں مسجدیں امام بارگاہیں اور چرچ شامل بتائے جاتے ہیں۔

مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ شہر کے قلب میں مصروف ترین کلیدی شاہراہ پر واقع ہے اس کی حفاظت سے غفلت ہرگز نہیں برتی جانی چاہیے تھی جو یقیناً برتی گئی اور اتنے بڑے سانحے پر منتج ہوئی۔ سنجیدگی سے غور کریں تو اہل تشیع کی دو مساجد پر یکے بعد دیگرے دو ہفتوں کے اندر اندر انتہائی ہلاکت خیز خودکش بم دھماکوں کا مقصد معاشرے میں فرقہ وارانہ کشیدگی اور نفرت پھیلا کر کراچی بلکہ پورے ملک کو انتشار کے الاؤ میں جھونکنے کی مذموم سازش کے سوا کچھ نظر نہیں آتی۔

سندھ کی انتظامیہ اور امن قائم کرنے کے ذمہ دار اداروں کو اس خطرے کا اندازہ اور ادراک ہونا چاہیے تھا۔ یہ مفروضہ بھی غلط ثابت ہو چکا ہے کہ ماضی میں مساجد میں دھماکے کرنے والے، علماء دین کو دن دہاڑے قتل کرنے والے اور مسلمانوں کو ہلاکت اور بربادی میں مبتلا کرنے والے مسلمان نہیں ہو سکتے۔ ملک میں رونما ہونے والی متعدد وارداتوں کی تحقیقات یہ ثابت کر چکی ہیں کہ انتہا پسندی سے گمراہ لوگوں نے یہ وارداتیں کیں اور وہ مسلمان ہونے کے بھی دعویدار تھے۔ اس حقیقت کے پیش نظر ملک سے انتہا پسندی کا خاتمہ کرنا انتہائی ضروری ہو گیا ہے اور اس کے لیے حکومت ہی نہیں تمام سیاسی، مذہبی اور سماجی تنظیموں کو مل کر مربوط جدوجہد کرنی چاہیے ورنہ اس معاشرے کا مستقبل تاریک ہی نظر آتا ہے۔

(اداریہ روزنامہ جنگ مورخہ ۲ جون ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بڑے فیصلے لیکن کیا اور آخر کب؟

کراچی مئی کے مہینے میں مسلسل خون میں نہاتا رہا اور کسی بھی بڑی سے بڑی حکومتی توپ کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ کراچی جائے، اہل کراچی کے آنسو پونچھے انہیں دلاسہ دے، شیعہ علماء کو بلا کر انہیں یقین دہانی کرائے کہ ان کی حفاظت کے فول پروف انتظامات کئے جائیں گے۔

کراچی کے سنی شہریوں کو پرسہ دے کہ تمہارے عظیم عالم کو ظالموں کی گولیوں کا نشانہ بنا ہے اور ہم آپ کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ کسی صوبائی وفاقی حاکم کو یہ خیال بھی نہ آیا کہ کراچی میں فرقہ وارانہ آہنگی پیدا کرنے کے لیے کوئی خصوصی تدبیر اختیار کی جائے۔ شیعہ سنی علماء کا مشترکہ جلسہ منعقد کیا جائے جہاں وہ تشدد اور قتل وغارت گری کی مذمت کریں اور ایک دوسرے کو یقین دلائیں کہ وہ ان کے خلاف ہونے والی کاروائیوں میں ہرگز ملوث نہیں ہیں۔ (حرف تمناء ارشاد احمد حقانی، روزنامہ جنگ کراچی ۲ جون ۲۰۰۴)

انسانی حقوق کی پامالی

کچھ دنوں میں میرا شہر کراچی پھر ''کراہ چی'' ہوگیا ہے۔ اقتدار جس سے یہاں کے مقتدرین کی جھولیاں بھری ہوئی ہیں اُنہیں شاید خبر ہی نہیں کہ کراچی میں فرقہ وارانہ تناؤ مسلسل بڑھ رہا ہے۔ مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مژدہ سنا کر ارباب اقتدار اپنے محفوظ گھروں کا رُخ کرتے ہیں اور عوام انتہا پسندوں اور مجرمانہ ذہنیت رکھنے والوں کے رحم وکرم پر ہیں۔

عوام کو بتایا جاتا ہے کہ یہ القاعدہ کے دہشت گرد ہیں، کبھی اُسے یہود ونصاریٰ کی، مشرکین اور منافقین کی سازش قرار دیا جاتا ہے وہ خفیہ ایجنسیاں جن پر عوام اپنی خون پسینے کے کروڑوں اور اربوں روپے کی کمائی خرچ کر دیتے ہیں وہ جانے کہاں خواب خرگوش میں مبتلا ہیں۔ شاید انہیں صرف سیاستدانوں اور حزب اختلاف کی سوچ رکھنے والوں کی نگرانی کا فریضہ سونپ دیا گیا ہے۔

(نرم گرم/ زاہد حنا، روزنامہ جنگ مورخہ ۲ جون ۲۰۰۴)

کیا ہم محفوظ ہاتھوں میں ہیں

ملک کی اقتصادی شہہ رگ لہولہو ہے۔ سب سے زیادہ پاکستانیوں کو آغوش میں لینے والے شہر میں خوف ہے، وسوسے ہیں۔ چند ہفتوں میں یکے بعد دیگرے ہونے والے خونیں سانحوں سے شہری سہم کر رہ گئے ہیں۔ آنکھوں میں بے بسی پتر رہی ہے۔ دوسرے شہروں میں بھی سانحے رونما ہو رہے ہیں لیکن اس تواتر کے ساتھ نہیں، مفتی نظام الدین شامزئی جیسی عالم وفاضل ہستیاں ہم سے چھین لی گئیں۔

کتنے ماؤں کے جگر کے ٹکڑے کتنے بوڑھے باپوں کے سہارے
مسجدوں میں اللہ کے دربار میں حاضری کے دوران خون میں نہلا دیئے گئے
بھائی چیخ رہے ہیں ہم کب تک جنازے اُٹھاتے رہیں گے
بہنیں بین کر رہی ہیں مائیں سکتے میں ہیں
اور جن کے ہاتھوں میں ہماری جان ومال کے تحفظ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے
وہ بیانات جاری کر رہے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصویریں چھپوا رہے ہیں
اُنہیں احساس تک نہیں ہے کہ ان کے لفظوں سے انسانوں کا اعتبار اٹھ چکا ہے
بیانات زخموں پر نمک بن کر گرتے ہیں
لوگ سوچنے پر مجبور ہیں کہ کیا ہم واقعی محفوظ ہاتھوں میں ہیں

ہمارے خفیہ اداروں کی اطلاعات ہیں تو وہ منظر عام پر آئی ہی نہیں ہیں حکمرانوں کی خواب گاہوں میں تکئے تلے دبی رہ جاتی ہیں۔

لوگوں کی جان مال اور عزت کا بلا امتیاز مذہب ورنگ ونسل وزبان تحفظ پہلے حکومت وقت کی ذمہ داری ہے۔ ہر واقعے پر اعلیٰ ترین سطح سے لے کر ادنیٰ حکام تک کے بیانات آنے تک پہلے سے زیادہ خوفناک دھماکے ہو جاتے ہیں
پہلے سے زیادہ جیتے جاگتے انسان پلک جھپکتے موت کی وادیوں میں اتر جاتے ہیں
بیانات دینے والے خفت محسوس نہیں کرتے کہ
ان کے الفاظ اپنی وقعت کھو رہے ہیں
اب تاسف کی نہیں عمل کی ضرورت ہے
اگر بے بس ہیں تو اپنی کوتاہی مان لیں اور منصب چھوڑ دیں
ایسی کوئی روایت ہمارے ہاں نہیں ہے۔

(محمود شام، روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۲ جون ۲۰۰۴)

ابو مسجد مت جائیے گا

ابو مسجد مت جائیے گا یہ آواز سات سالہ بچے عمران کی تھی
جو اپنے ابو سے التجائی انداز میں کہہ رہا تھا
ابو مسجد مت جائیے گا
وہاں بم پھٹتے ہیں اور
لوگ مر جاتے ہیں

اس بچے کا سیدھا سادہ جملہ کراچی کی دو مساجد میں وقفے وقفے سے ہونے والے بم دھماکوں کے پس منظر تھا۔ جہاں چالیس کے قریب نمازی شہید ہوئے ہیں اور نوے کے قریب زخمی مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ جن میں ایسے بھی ہیں جن کو ٹھیک ہونے میں کافی عرصہ لگے گا اور کچھ ایسے بھی ہیں جو شاید ٹھیک نہیں ہو سکیں گے۔

اس طرح اب مساجد اور امام بارگاہیں ایسی جگہیں بن چکی ہیں جہاں جانے سے بچے اپنے ابو کو روک رہے ہیں۔ یہ شہر ۱۹۸۰ کے وسط سے اب تک کراچی کے عوام کا مقتل بن چکا ہے اور تعجب کی بات تو یہ ہے کہ امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنانے اور عوام کو حقیقی تحفظ دینے کے سلسلے میں کسی جانب سے کوئی معقول ومناسب حکمت عملی بھی نظر نہیں آ رہی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متحدہ مجلس عمل کے نائب صدر جناب حسن ترابی کے بیان کا حوالہ دینا ضروری سمجھتا ہوں جو انہوں نے امام بارگاہ علی رضا کے شہدا کی تدفین کے بعد جیوٹی وی کو دیا تھا اُنہوں نے کہا کہ ''ابھی تک ہم سے صوبائی حکومت کے کسی ذمہ دار شخص نے رابطہ قائم نہیں کیا ہے، آئی جی سندھ جناب کمال شاہ نے ان سے رات ڈھائی بجے گورنر ہاؤس سے صورت حال پر تبادلہ خیال ضرور کیا ہے لیکن اس کے بعد حکومت کی طرف سے مکمل خاموشی ہے۔ یہاں تک کہ سندھ حکومت نے ابھی تک مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ''مسجد حیدری'' کے زخمیوں کے معاوضے کے چیک بھی نہیں دیئے ہیں حالانکہ حکومت سندھ نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ مسجد حیدری کے زخمیوں کے علاج کی ذمہ داری صوبائی حکومت پورا کرے گی۔ اس بیان سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ سندھ کی انتظامیہ کس طرح حالات سے اپنے آپ کو لاتعلق کئے ہوئے ہے۔ اور زخمیوں کے علاج معالجے کے سلسلے میں اپنا وعدہ پورا نہیں کر رہی ہے۔ (آغا مسعود، روزنامہ جنگ کراچی ۴ جون ۲۰۰۴)

سمری ٹرائل کورٹ بناکر حالیہ واقعات کے ذمہ داروں کو سرعام پھانسی دی جائے، اعجاز الحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعرات کو سندھ گورنر ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے سفارش کی کہ حکومت سمری ٹرائل کورٹ بنا کر حالیہ واقعات کے ذمہ داروں کو سرعام پھانسی دے اور شہید ہونے والوں کے لواحقین اور زخمیوں کیلئے اعلان کردہ معاوضے کی رقم میں سو فیصد اضافہ کرے'' انہوں نے صدر اور وزیراعظم کی جانب سے کراچی میں دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کی اور کہا کہ اُنہوں نے جمعرات کو شہر کے مختلف اسپتالوں میں زیر علاج امام بارگاہ علی رضا کے زخمیوں کی عیادت کی۔

انہوں نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے حالیہ واقعات قطعی فرقہ واریت نہیں بلکہ سوچی سمجھی سازش اور دہشت گردی ہے جس کا مقصد مساجد کو امام بارگاہوں سے، مساجد کو مساجد سے لڑوا کر بختون پنجابی اور مہاجر نسلی فسادات کروا کر اتحاد و یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہے۔

اُنہوں نے متحدہ مجلس عمل کو تمام مسالک کا اتحاد قرار دیا اور ایم ایم اے سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے حالیہ واقعات کو سیاسی ایشو بنانے کے بجائے انہیں قومی مسئلہ سمجھے اور حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میں حلفیہ کہتا ہوں کہ کراچی تا گلگت کوئی شیعہ سنی فرقہ واریت کا مسئلہ نہیں ہے۔ لہٰذا اس سازش کو سب کو مل کر ناکام بنانا ہے۔ (روزنامہ جنگ کراچی، مورخہ ۴ جون ۲۰۰۴)

دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کسی مصلحت سے کام نہ لیا جائے، مرزا یوسف حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز عالم دین مولانا مرزا یوسف حسین نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لئے کسی مصلحت سے کام نہ لیا جائے۔ ایک منصوبہ بندی کے تحت ملک کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم اے جناح روڈ پر مسجد وامام بارگاہ علی رضا کے سانحے میں شہدا کے اجتماعی مجلس سوئم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

مولانا مرزا یوسف حسین نے کہا کہ پورے ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی ہے لیکن ایک گروہ جو نہ ملک سے مخلص ہے نہ اسلام سے وہ اتحاد اسلامی کے خاتمے اور ملک کی بربادی کے پروگرام پر عمل پیرا ہے۔ قابل تشویش بات یہ ہے کہ اس قسم کی ذہنیت رکھنے والے افراد ملک کے بعض حساس اداروں میں بھی موجود ہیں لہٰذا ہم صدر مملکت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جس طرح اُنہوں نے خود پر حملوں تحقیقات کروائی اور حاصل معلومات کا اظہار برملا ٹی وی پر انٹرویو میں کیا اس طرح وہ دہشت گردوں کی پشت پناہی کرنے والے افراد کی نشاندھی کریں۔

(روزنامہ جنگ کراچی، مورخہ ۴ جون ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضا کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے

(پاسبان عزا)

کراچی (پ ر) پاسبان عزا کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیّر زیدی نے کہا کہ سانحہ مسجد حیدری اور امام بارگاہ علی رضاؑ کے سلسلے میں گورنر کی جانب سے بنائے گئے تحقیقاتی کمیشن کو ہم نہیں مانتے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ان واقعات اور حسینی بلڈ بنگ پر پولیس اور رینجرز کی فائرنگ کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۸ جون ۲۰۰۴)

کراچی میں دہشت گردی:

سپارکو ملازمین کی بس پر فائرنگ ٦ جاں بحق

تمام افراد نماز جمعہ کی ادائیگی کیلئے بس میں حب روڈ پر بابا شاہ ولائیت کے قریب مسجد وامام بارگاہ جارہے تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ ٹاؤن حب ریور روڈ سے متصل سپارکو روڈ پر واقع جیک پوسٹ کے قریب سپارکو کے ملازمین کی بس پر جمعہ کو موٹر سوار دہشت گردوں کی فائرنگ سے ۶ افراد جاں بحق اور ۷ زخمی ہوگئے۔ تمام افراد حب روڈ پر بابا شاہ ولائیت کے قریب مسجد وامام بارگاہ میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے لے جارہے تھے کہ ملزمان نے بس پر فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے بعد بس میں ہر طرف خون ہی خون پھیل گیا اور گاڑی کے شیشے چکنا چور ہوگئے۔ پولیس کو جائے وقوعہ سے کلاشنکوف کے ۳۵ خالی خول ملے ہیں۔ فائرنگ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔

مرشد اسپتال میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز کراچی طارق جمیل نے کہا کہ سپارکو بس پر فائرنگ کا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپارکو کی انتظامیہ نے کبھی نہیں بتایا کہ ان کے ملازمین اکٹھے نماز پڑھنے جاتے ہیں۔ اگر اس کی اطلاع دی جاتی تو سیکورٹی مہیا کردی جاتی۔ ادھر سی پی او اسد اشرف ملک نے سپارکو بس فائرنگ کے واقع کی تحقیقات کے لیے انویسٹی گیشن، اے وی سی سی، اور ڈی آئی جی پر مشتمل تین ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔

تفصیلات کے مطابق مواچھ کوٹھ بلدیہ ٹاؤن میں حب ریور روڈ سے متصل سپارکو روڈ پر واقع جیک پوسٹ پر ۱۲ بج کر ۵۰ منٹ پر سپارکو کے ملازمین کو لے جانے والی کنٹریکٹ کی بس جے اے ۱۶۲۹ پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے رضا علی، محمد قاسم، اطہر علی، ہاشم رضا، اور محمد رفیق جان بحق جبکہ وسیع حسین زیدی، اسلم ظہیر، اصغر علی، بشیر حسین، عطرت حسین، علی حسین، آصف جعفری اور منور علی زخمی ہوگئے جنہیں مرشد اسپتال پہنچایا گیا۔ زخمیون کو طبی امداد دینے کے بعد جناح اسپتال پہنچایا گیا۔ سول اسپتال میں وصی حسین زیدی زخموں کی تاب نہ لاکر جان بحق ہوگئے۔

ہلاک ہونے والوں میں محمد قاسم اور رضا علی ڈرائیور اور دیگر افراد سپارکو کے ملازم تھے۔ فائرنگ کے بعد اردگرد کے ہوٹلوں اور دوکانوں میں موجود افراد بھاگ اُٹھے۔ جان بحق ہونے والے رضا علی، قاسم، اطہر علی، ہاشم رضا کی لاشیں مرشد اسپتال سے مسجد وامام بارگاہ رضویہ سوسائٹی لے جائی گئیں۔ مقتول محمد رفیق کی میت فوج کے اہلکار جناح اسپتال لائے اور ایم ایل او رپورٹ تیار کر کے لاش پی این شفاء لے گئے۔ دریں اثنا سبر طانوی ریڈیو سے بات چیت کرتے ہوئے کراچی پولیس کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آپریشنز طارق جمیل نے کہا کہ انتظامیہ مکمل طور پر فرقہ وارانہ دہشت گردانہ سرگرمیوں کو روکنے میں ناکام نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو قتل کرنے والے دہشت گرد پورے معاشرے کے مجرم ہوتے ہیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲ ہفتے پہلے نماز کیلئے جانے والے ملازمین سے گارڈز ہٹا لئے گئے تھے

دہشت گردی کی اطلاع ملنے پر کئی علاقوں میں دکانیں بند، نوجوانوں کا احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سانحہ کوئٹہ کے بعد سپارکو کے ملازمین کو نماز جمعہ کیلئے لے جانے والی بس کے ساتھ مسلح گارڈز کا اسکوڈ ہوتا تھا لیکن گذشتہ دو ہفتوں سے گارڈ ساتھ نہیں ہوتے تھے۔ جائے وقوعہ پر قائم چیک پوسٹ پر بھی سیکورٹی گارڈ تعینات ہیں لیکن ان کے پاس اسلحہ نہیں ہوتا ہے۔ واقعہ کے وقت بھی چیک پوسٹ میں دو سیکورٹی گارڈ موجود تھے لیکن اسلحہ نہ ہونے کی وجہ وہ بھی کوئی کاروائی نہ کر سکے۔ جبکہ ملزمان کی طرف سے چلائی جانے والی دو گولیاں چیک پوسٹ پر بھی لگیں۔

ملزمان کے فرار ہونے کے بعد سیکورٹی گارڈ نے وائرلیس کے ذریعے سپارکو کے افسر کو اطلاع دی۔ دریں اثنا بس پر فائرنگ کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی رضویہ سوسائٹی، انچولی سوسائٹی وغیرہ میں دو کانیں اور ہوٹل بند ہو گئے۔ محفل شاہ خراسان کے قریب نوجوانوں کی بڑی تعداد جمع ہو گئی اور انہوں نے دہشت گردی کی اس واردات کے خلاف احتجاج کیا، مظاہرین نے پلے کارڈ اُٹھا رکھے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۳)

دہشت گردی کا تازہ واقعہ حکومت کے لئے چیلنج ہے۔ علامہ عباس کمیلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس پاکستان کے سربراہ اور ممتاز عالم دین علامہ عباس کمیلی نے کہا ہے کہ حب ریور روڈ پر ہونے والا دہشت گرد یکا تازہ واقعہ حکومت کیلئے چیلنج ہے۔ حکومت امن وامان کیلئے اپنی فوج کو عراق بھیجنے پر تو غور کر رہی ہے مگر اپنے شہریوں کے تحفظ میں ناکام ہے۔

وہ یہاں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر علامہ حسن ظفر نقوی، علامہ آغا آفتاب جعفری، سلمان مجتبیٰ نقوی اور راجہ نصیر اسد بھی موجود تھے۔ علامہ عباس کمیلی نے کہا کہ مذہبی دہشت گرد ملک میں کشت وخون کا کھیل کھیل کر انارکی پھیلانا چاہتے ہیں۔ بلوچستان کے بعد کراچی میں ملت جعفریہ کے افراد کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ان دہشت گردوں سے پاکستان کے حساس دفاعی ادارے بھی اب محفوظ نہیں ہیں۔ تازہ سانحہ جس میں حساس ادارے سپارکو سے تعلق رکھنے والے افراد شہید ہوئے، ملک کا اہم ترین ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندرونی حالات دن بہ دن خراب ہوتے جا رہے ہیں۔

اصل دہشت گردوں کو گرفتار کرنے کے بجائے ملت جعفریہ سے تعلق رکھنے والے بے گناہ قاسم علی، یاور عباس اور اسد علی کو جے آئی ٹی کی کلیرنس کے باوجود اب تک رہا نہیں کیا گیا اور تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی نااہلی کے سبب یہ واقعہ پیش آیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۳)

''آج اتحاد بین المسلمین وقت کی ضرورت اور اسلامی نظام کے نفع میں ہے، اس کے خلاف حرکت کرنا، امریکا اور صیہونیوں کے فائدے میں ہے (رہبر مسلمین آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کراچی میں دھشت گردوں کی فائرنگ ڈاکٹر سمیت ۲افراد ھلاک

موٹرسواروں نے ملیر سٹی ڈاکٹر اور کھوکھر پار میں دکاندار کو گولیوں کا نشانہ بنایا لوگ سڑکوں پر نکل آئے،
مشتعل ہجوم کا ٹریفک پر پتھراؤ۔ نشینل ہائی وے بلاک، ریلوے لائن پر دھرنا ٹرینوں کی آمدرفت بند

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ہفتے کو دہشت گردوں کی فائرنگ سے ڈاکٹر سمیت دوافراد جان بحق ہوگئے۔ موٹرسواروں نے ملیر سٹی میں ڈاکٹر اور کھوکھر پار میں دکاندار کو نشانہ بنایا۔ لوگ سڑکوں پر نکل آئے۔ مشتعل ہجوم کا ٹریفک پر پتھراؤ، ٹائر جلا کر نشینل ہائی وے بلاک کردی۔ ریلوے لائن پر دھرنا دیا جس سے ٹرینوں کی آمدرفت بند ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق ۵۵ سالہ ڈاکٹر ابن حسن کار سے اُتر کر کلینک کے اندر جارہے تھے کہ دہشت گردوں نے سائلنسر والے پستول سے فائرنگ کر کے انہیں ہلاک کردیا۔ اور ایک گولی سینہ میں لگی جس سے وہ موقع پر دم توڑ گئے۔ اس سے قبل مقتول کے بیٹے پر بھی نامعلوم ملزمان نے حملہ کیا تھا جس میں وہ زخمی ہوگئی تھے بعدازاں وہ بیرون ملک چلے گئی۔

مقتول کی کلینک پر رینجرز کی چوکی قائم ہے تاہم رینجرز کے اہلکار اس واردات سے لاعلم رہے۔ ڈاکٹر ابن حسن کی ہلاکت کی اطلاع علاقے میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور لوگ مشتعل ہوکر سڑکوں پر آگئے۔

عینی شاہدین کے مطابق حملہ آور فائرنگ کرنے کے بعد چندلمحوں میں فرار ہوگئے۔ علاقے کی دوکانیں بند ہوگئی اور پولیس اور رینجرز کی بھاری تعداد علاقے میں پہنچ گئی اور لوگوں سے اعلی حکام نے مذکرات کئے اور مطالبہ کیا کہ ۲۷ گھنٹوں میں قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ مقتول ڈاکٹر ابن حسن کے تین بھائی ڈاکٹر ہیں۔ مقتول پی ای سی ایچ سوسائٹی میں پل پارک کے قریب رہائش پزیر تھے۔ مقتول کی لاش کو پہلے لیاقت نشینل اسپتال لایا گیا۔ بعدازاں ان کی لاش کو امام بارگاہ رضویہ منتقل کردیا گیا۔ اس کے بعد انچولی کے علاقے میں دوکانیں بند ہوگئیں۔ اور لوگوں کی بڑی تعداد وہاں پہنچ گئی۔

کھوکھرا پار کے علاقے ایف ساؤتھ میں ۷۰ سالہ سید وجیہ حیدر اپنی دوکان پر بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران ایل موٹرسائیکل پر دو نقاب پوش آئے اور اُنہیں دوکان بند کرنے کا کہا اور گولی ماردی اسے زخمی حالت میں اسپتال لایا گیا، جہاں وہ چل بسا۔ مقتول وجیہ ایک ٹانگ سے معذور تھا اور اس نے اپنے گھر کے باہر کھلونوں اور بچوں کی ٹافیوں کی دوکان بنائی تھی۔ اس واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لوگوں کی بڑی تعداد مقتول کی رہائش پہنچ گئی۔ اور علاقے میں سخت کشیدگی پھیل گئی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۱۷ اگست ۲۰۰۳)

سانحہ مسجد وامام بارگاہ المنتظر المہدیؑ

ملیر : نمازیوں پر دھشتگردوں کی فائرنگ ۹ جان بحق

تمام افراد رفام سوسائٹی کی مسجد وامام بارگاہ المنتظر المہدی سے متصل ہوٹل میں کرکٹ کا میچ دیکھ رہے تھے، نماز مغرب کیلئے جانے لگے تو موٹرسائیکل سواروں نے کلاشنکوف کا برسٹ کھول دیا ایک شخص موقع پر ہی جان بحق جناح اسپتال پہنچنے پر مزید آٹھ خالق حقیقی سے جاملے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ہفتہ کو رفاعام سوسائٹی میں نمازیوں پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے ۹ افراد جان بحق اور سات زخمی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوگئے جن میں سے دو کی حالت تشویشناک ہے۔ جان بحق اور زخمی ہونے والے افراد واقعہ سے چند لمحے پہلے سلمان فارسی کالونی کہکشاں سوسائٹی رفاعام میں واقع مسجد وامام بارگاہ المنتظر المہدی سے متصل ہوٹل میں ٹی وی پر کرکٹ کا میچ دیکھ رہے تھے، اذان مغرب پر ہوٹل والے نے ٹی وی بند کردیا اور مذکورہ افراد نماز پڑھنے کیلئے امام بارگاہ میں جانے لگے تو موٹر سائیکل پر سوار تین ملزماں وہاں آئے جن میں سے دو ملزماں نے موٹر سائیکل سے اُترنے کے بعد کلاشنکوف کا برسٹ کھول دیا اور وہاں سے فرار ہوگئے۔ ایک شخص موقع پر ہی جان بحق اور ۱۵ افراد زخمی ہوگئے جبکہ جناح اسپتال پہنچنے پر مزید آٹھ خالق حقیقی سے جاملے۔

مذکورہ واقعہ کے بعد علاقے میں کشیدگی اور خوف وہراس پھیل گیا۔ جائے وقوعہ پر ہلاک وزخمی ہونے والوں کے رشتہ داروں اور اہل محلّہ جمع ہوگئے۔ امام بارگاہ کے بیرونی دیوار کے قریب زخمیوں اور جان بحق ہونے والوں کا خون پھیل گیا، زخمیوں کو لوگوں نے فوری طور پر ایدھی ایمبولینسوں اور پرائیوٹ گاڑیوں کے ذریعے جناح اسپتال پہنچایا، اسپتال اور جائے وقوعہ پر جان بحق ہونے والوں کے لواحقین اور دوست دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے، اسپتال میں زخمیوں کی آہ وزاری اور رشتہ داروں کی گریہ وزاری سے کہرام مچ گیا۔

فائرنگ کے واقعہ میں یاور عباس، محمد علی ولد علی محمد، ۱۵ سالہ رمضان ولد فدایار، ۱۶ سالہ محبت علی ولد محمد، ۱۳ سالہ محمد علی، ۱۷ سالہ ثاقب حسین، پرویز اور ایک نامعلوم شخص جان بحق ہوچکے۔ زخمیوں میں ۳۰ سالہ امتیاز، ۱۱ سالہ راشد حسین، ۱۹ سالہ محمد عیسیٰ، ۱۸ سالہ ظہور احمد، ۱۸ سالہ بشارت، ۳۰ سالہ شمس اللہ اور محمد علی ولد فدایار شامل ہیں پولیس کے مطابق دہشتگردوں نے کلاشنکوف سے ہوٹل میں موجود اور نماز کیلئے جانے والے نمازیوں پر برسٹ چلائے اور وہاں سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے گولیوں کے خالی قبضے میں لے لئے ہیں۔ واقعے کے بعد رفاہ عام اور قرب جوار کے علاقوں میاں دکانیں وغیرہ بند ہوگئی۔ جان بحق ہونے والوں کی نماز جنازہ اتوار کو بعد نماز ظہر ادا کی جائے گی۔

مولانا حسن ظفر نقوی جو، ملیر سے انجوئی مسجد خیر العمل فیڈرل بی ایریا جانے والے جلوس میں شامل ہیں نے جنگ کو بتایا کہ ہم چھ افراد کے جنازے لیکر جارہے ہیں دیگر تین جنازے بھی مسجد خیر العمل ہی میں پہنچیں گے اور اس کے بعد نماز جنازہ کے مقام کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ سرحد اور بلوچستان سے ضمانت پر رہا ہونے والے افراد کے بارے میں ممکنہ خطرات سے انتظامیہ کو آگاہ کردیا تھا اور محرم سے قبل اشتعال و کشیدگی پھیلانے کیلئے دہشت گردی کی یہ واردات کی گئی۔ دہشت گرد ملک اور اسلام کے دشمن ہیں۔ جلوس کے شرکاء نعرے بازی کررہے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۲۳ فروری ۲۰۰۳)

دہشت گردوں کی فائرنگ سے جامعہ ملیہ کے پرنسپل سمیت ۳ افراد ہلاک

پروفیسر ظفر مہدی گھر سے پولی ٹیکنک انسٹیٹوٹ پہنچے تو دو موسائیکل سواروں نے گولیوں کی بوچھار کردی

فائرنگ سے چوکیدار اور ڈرائیور بھی جان بحق۔ اساتذہ اور طلبہ میں شدید اشتعال اور غم وغصہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الفلاح تھانے کی حدود میں پیر کو نامعلوم دہشت گردوں نے جامعہ ملیہ پولی ٹیکنک انسٹیوٹ کے پرنسپل ظفر مہدی زیدی، ڈرائیور محمد منیر زمان اور چوکیدار مختار احمد کو ہلاک کردیا پروفیسر ظفر مہدی کی گاڑی جیسے ہی انسٹیوٹ کے قریب پہنچی تو مسلح موٹر سوار ملزمزن نے ان پر گولیوں کی بوچھار کردی اس المناک واقعے کی اطلاع ملتے ہی جامعہ ملیہ کے اساتذہ اور طلبہ جناح اسپتال پہنچ گئے اور بعض مشتعل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوجوانوں نے غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔

پروفیسر ظفر مہدی کی ہلاکت کے بعد جعفر طیار سوسائٹی، انچولی، رضویہ اور گلبہار کے علاقے میں دکانیں بند ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ ملیہ پولی ٹیکنک انسٹیوٹ کے پرنسپل ظفر مہدی اپنی رہائشگاہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنیکل سائٹ سے اپنی گاڑی نمبر چی ایس ۵۰۶۲ پر ڈرائیور محمد منیر زمان اور کالج کے چپراسی مختار احمد کے ہمراہ آرہے تھے جب ان کی گاڑی کالج کے قریب پہنچی تو گھات لگائے ہوئے دو موٹر سائیکلوں پر سوار ملزمان نے ان کی گاڑی پر فائرنگ شروع کردی جس سے گاڑی کے فرنٹ اور سائیڈ کے شیشے ٹوٹ گئے۔

پرنسپل ظفر مہدی کے سینے میں دو گولیاں اور کالج کے ملازم مختار احمد کے سینے اور سر میں چار گولیاں لگیں، جس سے دونوں موقع پر ہلاک ہوگئے اور ڈرائیور محمد منیر زمان کے سر اور سینے میں دو گولیاں لگیں جس سے وہ شدید زخمی ہوگئے۔ عینی شاہدین کے مطابق حملہ آور دو موٹر سائیکلوں پر سوار تھے اور ان کی تعداد چار تھی۔ فائرنگ کی آواز سن کر طلبہ اور اساتذہ جائے واردات پر پہنچ گئے اور تینوں کو فوری طور پر اسپتال پہنچایا لیکن تینوں اسپتال پہنچنے سے قبل ہی ہلاک ہوچکے تھے۔ اور جناح اسپتال میں ڈاکٹرز نے تینوں کی موت کی تصدیق کردی تینوں افراد کی موت کی تصدیق کی اطلاع جامعہ ملیہ کالج کیمپس پہنچی تو طلبہ مشتعل ہوگئے اور انہوں نے حکومت کے خلاف زبردست نعرے بازی کی جبکہ درجنوں طلبہ ظفر مہدی کی موت پر دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے۔

کالج کے طلبہ کے مطابق ظفر مہدی گذشتہ پانچ سال سے پرنسپل کے فرائض انجام دے رہے تھے جبکہ مختار احمد ان کے چپراسی تھے ان کی رہائش گلبہار میں ہے۔ ڈرائیور محمد منیر زمان آزاد کشمیر کا رہنے والا تھا۔ اس نے بیوی اور ۵ بچے سوگوار چھوڑے ہیں۔ اس واقعہ کے بعد جب مختار احمد اور ظفر مہدی کی لاشیں گلبہار پہنچی تو وہاں کے لوگوں نے احتجاجاً دکانیں بند کرلیں۔ اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد وہاں پہنچ گئی۔

جامعہ ملیہ پولی ٹیکنک انسٹیوٹ کے پرنسپل ظفر مہدی زیدی اور کالج کے ملازم مختار احمد کی لاشوں کو پہلے انچولی امام بارگاہ لایا گیا۔ بعد ازاں لاشوں کو رضویہ سوسائٹی منتقل کردیا گیا، جامعہ ملیہ پولی ٹیکنک انسٹیوٹ کے پرنسپل کی ہلاکت کی اطلاع جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور لوگوں کی بڑی تعداد مقتولین کی رہائشگاہ کے باہر جمع ہوگئی۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر پروفیسر رئیس علوی، سندھ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے چیرمین نعیم احمد شیخ، ڈسٹرکٹ آفیسر ٹیکنیکل ایجوکیشن مسرور احمد صدیقی بھی جناح اسپتال گئے۔ دریں اثنا رات گئے سپرہائی وے کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ جبکہ چوکیدار مختار احمد کی لاش رحیم یار خان اور ڈرائیور کی لاش آزاد کشمیر روانہ کردی گئی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۴ جون ۲۰۰۲)

جب انسان سو جاتا ہے تو اُسے جگانے کے لیے پانی کے چھینٹوں کی ضرورت ہوتی ہے
جب کہ سوئی ہوئی ملتوں کو بیدار کرنے کے لیے خون کے چھینٹے درکار ہوتے ہیں
(شہید باقر الصدر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد علی مرتضیٰ محمود آباد

امام بارگاہ پر فائرنگ 6 نمازی جاں بحق

(کرائم رپورٹر) محمود آباد میں مسجد وامام بارگاہ علی المرتضیٰ میں دوران نماز دہشت گردوں کی اندھا دھند سے مسجد کے پیش امام اور سابق فوجی افسر سمیت چھ افراد جاں بحق ہوگئے۔ جبکہ بچوں سمیت آٹھ شدید زخمی ہوگئے۔ واقعہ کے بعد مسلح ملزمان اسلحہ لہراتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی موجودگی میں فرار ہوگئے۔

تفصیلات کے مطابق جمعرات کی شب محمود آباد کے علاقہ اعظم ٹاؤن کی گلی نمبر 3 میں واقع مسجد وامام بارگاہ علی المرتضیٰ میں خودکار ہتھیاروں سے لیس دو دہشت گرد داخل ہوئے اور نماز مغرب کی ادائیگی میں مصروف لوگوں پر گولیوں کی بارش کردی، جس کے نتیجے میں مسجد کے پیش امام آغا غلام رسول ولد محمد حسین، چکوال سے آیا ہوا ان کا دوست گلزار ولد برکت علی، ۷ سالہ محمد وسیم ولد سعید احمد، ۱۳ سالہ جبار حسین ولد طالب حسین، اور پاک فوج کے ریٹائرڈ افسر اسی سالہ محمد رضا زیدی موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ ۲۰ سالہ افتخار حسین ولد طلب حسین، ۱۱ سالہ غفار حسین ولد طالب حسین، ۵۰ سالہ حاجی اظہر حسین اور ان کا ۱۰ سالہ بیٹا نعیم عباس، ۱۸ سالہ فیضان ن عباس ولد ناصر عباس، ۸ سالہ محسن علی ۹۰ سالہ سبطین رضا، ۱۴ سالہ وسیم عباس اور ۱۵ سالہ ندیم شدید زخمی ہوگئے، جنہیں علاقے کے لوگوں نے پرائیویٹ گاڑیوں میں جناح اسپتال پہنچایا، جہاں زخمی فیضان طبی امداد کے دوران چل بسا۔

واضح رہے کہ اعظم ٹاؤں ن کی جس گلی میں نمازیوں کا اجتماعی قتل ہوا ہے اُس کا ایک کونا ٹینٹ لگنے کے باعث بند تھا جبکہ دوسرے کونے پر پولیس اہلکار بیٹھے تھے، جن کی موجودگی میں موٹر سائیکل سوار دہشت گرد خودکار ہتھیار سمیت آئے اور واقعہ کے بعد وہیں سے فرار ہوئے۔

واقعہ کی اطلاع پر ضلع بھر سے نفری محمود آباد طلب کر لی گئی جبکہ علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد موقع پر پہنچ گئی جبکہ محمود آباد میں سخت کشیدگی کے باعث تمام دوکانیں اور بازار بند ہوگئے۔ واقعہ کے فوراً بعد شہر بھر میں گشت بڑھا دیا گیا اور مساجد اور امام بارگاہوں پر اضافی نفری طلب کر لی گئی۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

"علیؑ" کے کتبے پر گولیاں ماری گئیں، مسجد میں ہر طرف خون تھا

جائے نماز، سجدہ گاہ خون سے تر تھیں

کراچی (کرائم رپورٹر) محمود آباد میں مسجد وامام بارگاہ علی المرتضیٰ میں نمازیوں پر فائرنگ کے بعد ہر طرف خون ہی خون بکھرا ہوا تھا اور جائے نماز اور سجدہ گاہ خون سے تر تھیں جبکہ نمازیوں کے خون کے چھینٹے دیواروں اور منبر پر تھے۔ دہشت گردوں نے ایک بچے کو اُس وقت گولیاں ماردیں جب وہ علم کی زیارت کر رہا تھا۔ جس کے باعث اُس کا خون مسجد سے متصل امام بارگاہ میں بکھرا ہوا تھا۔ دہشت گردوں نے نمازیوں پر گولیاں برسانے کے بعد امام بارگاہ میں لگے ایک کتبے کو خصوصی طور پر نشانہ بنایا جس پر "علی الاولی اللہ" تحریر تھا۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واقعہ کا ذمہ دار علاقے کا ناظم اور ایس ایچ او ہے علامہ حسن ترابی

کراچی (کرائم رپورٹر) جائے وقوع پر پہنچنے والے تحریک جعفریہ کے مرکزی رہنما علامہ حسن ترابی نے صحافیوں سے کہا کہ مذکورہ دہشت گردی کا ذمہ دار محمود آباد کا نومنتخب ناظم اور تھانے دار ہے جسے متعدد بار مسجد کی سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے کہا گیا تاہم اُنہوں نے اس پر کوئی دھیان نہیں دیا جبکہ محمود آباد تھانے کے ایس ایچ او نے ایک مذہبی جماعت کے بعض خطرناک دہشت گردوں کو گرفتار کرنے کے بعد بھاری رقوم لے کر رہا کر دیا۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

کراچی میں امن کی اب گارنٹی نہیں شیعہ رہنما

کراچی (کرائم رپورٹر) محمود آباد میں نمازیوں کے اجتماعی قتل عام کی اطلاع ملتے ہی جعفریہ الائنس کے رہنماؤں اور کارکنوں کی بڑی تعداد جائے وقوعہ اور جناح اسپتال پہنچ گئی جن میں جعفریہ الائنس کے کنوینر علامہ سباس کمیلی، مولانا حسن ظفر نقوی، مولانا مرزا یوسف حسین، علامہ حسن ترابی اور علامہ شہبیہ الرضا زیدی شامل تھے۔

جعفریہ الائنس کے رہنماؤں نے اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جعفریہ الائنس کیا حتجاجی گرفتاریوں کی پُرامن تحریک کو کور کمانڈر اور وفاقی حکومت کی درخواست پر موخر کیا گیا جس کا تحفہ حکومت نے ہمیں چھ شہیدوں کی صورت میں دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اب ہم مرنے اور مارنے کے لیے سڑکوں پر نکل آئیں گے جس کے بعد کراچی میں کسی قسم کے امن کی گارنٹی نہیں دیں گے۔ جعفریہ الائنس کے رہنماؤں نے کہا کہ ہمارے ہی لوگوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

سانحہ محمود آباد، 2 پولیس اہلکار گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) سانحہ محمود آباد کے بعد پولیس نے گلی نمبر تین کے کونے پر ڈیوٹی دینے والے دونوں پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر لیا۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

کلاشنکوفوں کی نالیں چھوٹی تھیں

بجلی منقطع ہونے کے بارے میں معلومات کی جا رہی ہے

کراچی (کرائم رپورٹر) پولیس اور حساس اداروں کی ابتدائی تفتیش کے دوران معلوم ہوا ہے کہ مسجد و امام بارگاہ علی المرتضیٰ پر حملے میں دہشت گردوں نے جن کلاشنکوفوں کا استعمال کیا، ان میں ردوبدل کر کے نالیں چھوٹی کی تھیں جس کے باعث کم فاصلے پر دہشت گردی کرنے اور اسلحہ منتقل کرنے میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے جبکہ دوسری جانب حساس ادارے علاقے میں غیر اعلانیہ بجلی کی معطلی کے بارے میں بھی تفتیش کر رہے ہیں ایس ایس پی ساؤتھ نے کے ای ایس سی کے انجینئر جلیل احمد کو تھانے بلوا لیا اور اُن سے واقعہ کے وقت بجلی منقطع ہونے کے بارے میں معلومات کی جا رہی ہے۔

(روزنامہ دن، ۱۵ اکتوبر ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ناظم آباد میں وزارت دفاع کے ڈائریکٹر کا قتل

کراچی (کرائم رپورٹر) آج صبح ناظم آباد کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے وزارت دفاع کے ڈائریکٹر ایسرچ اینڈ لیبارٹری کو اندھا دھند فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا۔ گزشتہ تین روز میں دوسرے بڑے سرکاری افسر کے قتل کے بعد انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی ہے۔

تفصیلات کے مطابق آج صبح ناظم آباد نمبر ۳ کے رہائشی محکمہ دفاع کے ڈیفینس پروڈکشن سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آرگنائزیشن کی ریسرچ لیبارٹری کے ڈائریکٹر سید ظفر حسین زیدی (عابدی) صبح گھر سے دفتر جانے کیلئے اپنی گاڑی میں سوار ہوئے تو ڈرائیور نے جوں ہی گاڑی اسٹارٹ کی اسی اثناء میں موٹر سائیکل پر سوار، تین نوجوانوں نے موٹر سائیکل کار کے آگے روکی، دولڑکے موٹر سائیکل سے اُترے اور کار میں بیٹھے سید ظفر حسین پر اندھا دھند فائرنگ کر دی اور موٹر سائیکل سوار فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ سید ظفر حسین کے ڈرائیور نے صفدر حسین نے اُنہیں فوری طور پر عباسی شہید اسپتال پہنچایا، تاہم وہ راستے میں دم توڑ گئے۔ مقتول کینٹ اسٹیشن کے قریب واقع محکمہ دفاع ریسرچ لیبارٹری میں گزشتہ ایک سال سے ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز تھے اور ۳۵ سال سے محکمہ دفاع سے وابستہ تھے۔ (روزنامہ قومی اخبار، ۳۰ جولائی ۲۰۰۱)

شیعوں کا قتل عام حکومت کا منشور بن چکا ہے علامہ حسن ترابی

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے بے گناہ شیعہ مسلمانوں کو دن دھاڑے قتل کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنرل پرویز مشرف کی حکومت سمیت گزشتہ تین حکومتوں نے شیعہ مسلمانوں کے خلاف دہشتگردی روکنے کیلئے کوئی موثر حکمت عملی اختیار نہیں کی، جس کی وجہ سے شیعہ مسلمانوں کا قتل عام جاری ہے۔ جس سے ایسا لگتا ہے کہ شیعہ مسلمانوں کا قتل عام سابقہ اور موجودہ حکومت کے منشور کا حصہ بن چکا ہے۔ (روزنامہ انصاف ٹائمز، ۲۶ جولائی ۲۰۰۱)

سید ظفر حسین زیدی کا قتل: انتہائی خطرناک ردعمل ہوگا جعفریہ الائنس کا انتباہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس کے مرکزی رہنما مولانا حسن ظفر نقوی نے وزارت دفاع کے ڈائریکٹر ایسرچ اینڈ لیبارٹریز سید ظفر حسین زیدی کے سفاکانہ قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہ ہے کہ اب تک تو علماء نے قوم کو سنبھالے رکھا ہے جو نوجوانوں کو روکے ہوئے تھے لیکن اب پانی سر سے اونچا ہو چکا ہے اب کوئی ردعمل ہوگا تو وہ انتہائی خطرناک ہوگا اور ہم اس کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔

اُنہوں نے شہر میں دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کے بلند بانگ دعوں کے باوجود دہشتگردی کی وارداتیں حکومت کے منہ پر طمانچہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی کاروائیوں کا انجام کسی کیلئے بہتر نہیں ہوگا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ہم امن کے قیام کے لئے بنائی گئی حکومت کی کمیٹی سے علیحدگی کا اعلان کرتے ہیں۔ ایسی کمیٹی کا کوئی فائدہ نہیں جو امن کے قیام میں کوئی کردار ادا نہ کر سکے۔ اگر حکومت نے سید ظفر حسین زیدی کے قاتلوں کو فوری طور گرفتار نہیں کیا تو ہم آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

دریں اثنا تحریک جعفریہ پاکستان سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے سید ظفر حسین زیدی کے قتل کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ شیعہ ڈاکٹروں کے بعد اب شیعہ افسران کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتی ادارے شیعہ مسلمانوں کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں مخلص نہیں ہیں۔ موجودہ وفاقی وزیر داخلہ صرف بیان دینے میں ماہر ہیں ان کا کوئی بیان مسائل حل نہیں کر سکا ہے۔

(روزنامہ انصاف ٹائمز، ۳۱ جولائی ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج صبح نقاب پوشوں کی فائرنگ سے پی ایس او کے ایم ڈی شوکت مرزا ہلاک

کراچی (کرائم رپورٹر) آج صبح فریئر کے علاقے میں مسلح نقاب پوشوں کی فائرنگ سے پاکستان اسٹیٹ آئل (PSO) کے مینیجنگ ڈائریکٹر ہلاک ہوگئے جبکہ ان کا ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا۔تفصیلات کے مطابق آج صبح پی ایس او کے ایم ڈی شوکت مرزا اپنے ڈرائیور کے ہمراہ اپنے بنگلے سے دفتر جانے کیلئے نکلے ہی تھے کہ فریئر کے علاقہ میں خلیق الزماں روڈ پر دو سائیکل سوار جنہوں نے نقاب پہنے ہوئے تھے، اُنہوں نے ان کی کار بی ایم ڈبلیو ABP-818 کے نزدیک آکر اندھا دھند فائرنگ کردی۔جس کے نتیجے میں ایم ڈی شوکت مرزا موقع پر ہلاک ہوگئے۔

اوران کا ڈرائیور شدید زخمی ہوگیا۔ڈرائیور نے زخمی ہونے کے باوجود، کار کو ۱۵۰ میٹر کی رفتار سے بھگایا لیکن کچھ دور جا کر تیز رفتاری کے باعث وہ ایک منی بس میں جا گھسی۔مقتول شوکت مرزا کی شناخت جیب میں ملنے والے آفس کارڈ سے ہوئی۔مقتول شوکت مرزا کا ان کی رہائشگاہ سے تعاقب کیا جارہا تھا۔ذرائع کے مطابق حملہ آور جینز کی پینٹ اور شرٹ میں ملبوس تھے۔

(روزنامہ آغاز ۲۶ جولائی ۲۰۰۱)

''گزشتہ روز بعض نامعلوم مسلح نقاب پوشوں نے پاکستان اسٹیٹ آئل (PSO) کے مینیجنگ ڈائریکٹر شوکت مرزا کو اس وقت اندھا دھند فائرنگ کر کے ہلاک کردیا جب وہ اپنے آفس جارہے تھے۔بلاشبہ یہ دہشتگردی کی ایک خوفناک واردات ہے۔کسی انسان کا قتل ویسے تو انسانی حوالے سے بھی ایک تکلیف دہ بات ہوتی ہے لیکن کسی اہم قومی ادارے کے سربراہ کا اس طرح دن دھاڑے قتل کردیا جانا قومی حوالے سے بھی بہت تشویشناک واقعہ ہے۔کراچی میں ایسی کئی شخصیات کو اس سے پہلے بھی گھات لگا کر قتل کیا جاچکا ہے لیکن قانون کا ہاتھ اس گھناونے جرم کے مرتکب افراد تک نہیں پہنچ سکا، یہ بلاشبہ قانون کے نفاذ کے حوالے سے ایک شرمناک حقیقت ہے،عمومی نے یقینی اور خوف وہراس اس کے علاوہ لوگوں کے دلوں میں قانون پر اعتماد متزلزل ہوتا جاتا ہے۔

اس وقت جبکہ ملک کو معاشی ترقی کیلئے پُرامن ماحول کی ضرورت ہے اس قسم کی وارداتوں سے اس کو سخت دھچکا لگے گا۔حکومت کا فرض ہے کہ وہ مذکورہ وارت کے ذمہ دار عناصر کا کم سے کم وقت میں کھوج لگا کر اُنہیں کیفر کردار تک پہنچائے''۔

(اداریہ روزنامہ آغاز، ۲۷ جولائی ۲۰۰۱)

شوکت مرزا کے قتل میں انتظامیہ ملوث ہے علامہ حسن ترابی

کراچی (کرائم رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے جناح اسپتال میں نمائندہ دن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ شوکت رضا مرزا کے قتل میں انتظامیہ براہ راست ملوث ہے۔حکومت نے دہشتگردوں کو کھلی چھوٹ دے کر اُنہیں شیعہ افراد کا قتل کرنے کا لائسنس دیا ہوا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ انتظامیہ نے پولیس کی ملی بھگت سے ہمیشہ مخالفیں کو ریلیف دیا ہے۔اس کے برعکس ہمارا جب بھی کوئی فرد شہید کیا جاتا ہے تو ہمیں پُرامن رہنے کی تلقین کی جاتی ہے،مگر ہم کب تک اپنے لوگوں کو احتجاج کرنے سے منع کرتے رہیں گے۔

اب حالات ہمارے قابو سے باہر ہوتے جارہے ہیں،اُنہوں نے کہا کہ اس واقعہ پر ہمارے لوگوں میں شدید اشتعال پایا جاتا ہے انہیں روکنا ہمارے بس سے باہر ہے۔

(روزنامہ دن ۲۷ جولائی ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سولجر بازار میں موٹر سوار دہشت گردوں کی فائرنگ سے ڈاکٹر ہلاک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سولجر بازار میں ڈاکٹر کے قتل کے بعد کشیدگی پھیل گئی۔تفصیلات کے مطابق منگل کی شام سولجر بازار نمبر۲ ناگوری بلڈنگ کے قریب واقع شمشیر کلینک کے سامنے نامعلوم دہشت گردوں نے ۴۰ سالہ ڈاکٹر محمد رضا پیرانی ولد امیر علی پیرانی کی کار اے سی سی ۱۹۵ پر ٹی ٹی پستول سے فائرنگ کردی جس سے وہ شدید زخمی ہوگئے اور سول اسپتال لے جاتے ہوئے راستے میں دم توڑ دیا۔

اطلاعات کے مطابق مقتول روز آنہ ۱۱ بجے دن سے شام ۵ بجے تک کلینک کرتے تھے۔واردات کے وقت وہ اپنے کمپاونڈر کو کلینک بند کرنے کا کہہ کر گھر جانے کے لیے کار میں بیٹھے ہی تھے کہ دہشت گردی کا شکار ہوگئے۔

سولجر بازار پولیس نے مقتول کے کمپاونڈر کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر ۲۰۰۱/۷۹ درج کرلیا ہے۔ڈاکٹر رضا پیرانی کی نماز جنازہ محفل شاہ خراسان روڈ پر ادا کی گئی جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ (روزنامہ عوام، ۲۷ جون ۲۰۰۱)

وقوعہ کے سامنے بلڈنگ کی چھت پر چند روز قبل رینجرز کی چوکی بنائی گئی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سولجر بازار نمبر۲ میں نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے ڈاکٹر ضا پیرانی کے کلینک کے سامنے واقع ناگوری بلڈنگ کی چھت پر چند روز قبل رینجرز کی چوکی بنائی گئی تھی۔علاقے کے لوگوں کے مطابق واردات کے وقت اس چوکی پر رینجرز کے اہلکار موجود تھے۔

(روزنامہ عوام، ۲۷ جون ۲۰۰۱)

جوہر آباد میں دہشتگردی فقہ جعفری کے دو افراد کا قتل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوہر آباد کے علاقے دستگیر سوسائٹی میں عسکری امام بارگاہ پر فائرنگ سے دو افراد کی ہلاکت کا مقدمہ پولیس نے آج صبح نامعلوم ملزمان کے خلاف مقتول عباس کے بھائی کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف ایف آئی آر نمبر ۲۰۰۱/۲۲ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

تفصیلات کے مطابق (۶ فروری) تحریک جعفریہ کے دو کارکنوں کو دہشتگردوں نے جوہر آباد تھانے کے حدود میں واقع مسجد وامام بارگاہ عسکری بلاک ۹ فیڈرل بی ایریا سے متصل عسکری کمپیوٹر سنٹر کے باہر بیٹھے ہوئے محمد عباس ولد علی جان اور امتیاز علی ولد اسد اللہ کو ملزمان نے ٹی ٹی پستول سے قریب سے گولیاں مار کر موقع پر ہلاک کر دیا۔

عینی شاہدین کے مطابق ملزمان موٹر سائیکلوں پر سوار تھے اور چادریں اُوڑھ رکھی تھیں، جو فائرنگ کے بعد فرار ہوگئے،صورتحال معلوم کرنے کے لیے جب تحریک جعفریہ صوبہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی سے رابطہ کیا گیا تو اُن کے قریبی ساتھی شفاعت پہلوانی نے بتایا کہ تمام مرکزی علماء ہوم سکریٹری اور کمشنر کراچی کے ساتھ امن وامان کے سلسلے میں میٹنگ میں ہیں۔

(روزنامہ عوام، ۱۰ فروری ۲۰۰۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سولجر بازار میں تحریک جعفریہ کے دو رھنمائوں کا لرزہ خیز قتل

کراچی (کرائم رپورٹر) سولجر بازار کے علاقے میں نامعلوم دہشتگردوں نے پبلک کال آفس پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجہ میں تحریک جعفریہ کے سابق سکریٹری مالیات سمیت دوافراد ہلاک ہوگئے۔ملزمان نے فرار ہوتے ہوئے اندھادھند فائرنگ کی اور متعدد گولیاں حسینی بلڈ بنک کی دیواروں میں لگیں۔قریب واقع پولیس چوکی خالی تھی اور نزدیکی واقع بوہری مسجد پر تعینات پولیس اہلکار فائرنگ کی آواز سن کر بھاگ کھڑے ہوئے۔

تفصیلات کے مطابق سولجر بازار کے علاقے نشتر پارک کے سامنے حسینی بلڈ بنک کے قریب واقع پبلک کال آفس پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کردی جس سے کال آفس کا مالک ۳۵ سالہ نذیر عباس اور ۴۲ سالہ مظفر کرمانی موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ملزمان کی اندھادھند فائرنگ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا اور بھگدڑ مچ گئی۔

مظفر کرمانی بقیۃ اللہ اسلامک انسٹیٹیوٹ کے سربراہ اور تحریک جعفریہ کے سابقہ سکریٹری مالیات تھے مقتولین کا تعلق خوجہ جماعت سے تھا۔عینی شاہدین کے مطابق نشتر پارک کے قریب پولیس چوکی پر روزآنہ اہلکار تعنیات ہوتے تھے لیکن دوہرے قتل کی واردات وقت وہاں پولیس اہلکار موجود نہیں تھے۔اُنہوں نے مزید بتایا کہ قریب ہی واقع بوہری مسجد پر دو پولیس اہلکار تعینات تھے جو فائرنگ کے واقعہ کے بعد ملزمان کو پکڑنے یا اُن کا تعاقب کرنے کے بجائے بھاگ کھڑے ہوئے۔

(روزنامہ انصاف ٹائمز، ۶ فروری ۲۰۰۱)

اورنگی ٹائون تحریک جعفریہ کے دو کارکن ھلاک، ماں صدمے سے مرگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی غربی کے علاقہ اورنگی ٹاؤن میں چاندرات کو نقاب پوشوں کی فائرنگ سے حسینہ امام بارگاہ کے صدر سمیت تحریک جعفریہ کے دوسرگرم کارکن ہلاک ہوگئے۔صدر کی اہلیہ کو شوہر کو بچانے کے دوران ملزمان نے گولیاں ماریں جبکہ ضعیف ماں صدمہ سے جان بحق ہوگئیں۔

تفصیلات کے مطابق اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ میں مدینہ کالونی ایرانی کیمپ میں چاندرات کو ٹھیک ۱۲ بجے نصف درجن نقاب پوش دہشت گردوں نے حسینیہ کے صدر ۵۰ سالہ مسلم حسین ولد شیر دل کے مکان کا دروازہ کھٹکھٹایا، مسلم حسین نے جونہی دروازہ کھولا تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔مسلم حسین شدید ہوکر دروازہ پر گرگئے، فائرنگ کی آواز سن کر ان کی اہلیہ دروازہ کی جانب لپکیں اور شوہر کو بچانے کی کوشش کی تو ملزمان نے اُن پر بھی فائرنگ کردی۔جس سے وہ بھی زخمی ہوگئیں۔ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہورہے تھے تو پچھلی گلی میں پان کے کیبن والے ۲۵ سالہ کمال حسین ولد باقر حسین نے مبینہ طور پر ملزمان کو پہچان لیا اور وہ اسی گلی میں اپنے مکان کی طرف بھاگا اُسے بھی ملزمان نے گولیوں کا نشانہ بنایا جس سے وہ شدید زخمی ہوکر گرگئے۔ملزمان بڑے اطمینان سے فرار ہوگئے۔

علاقے کے لوگوں نے مسلم حسین، اُن کی اہلیہ اور کمال حسین کو عباسی شہید اسپتال پہنچایا، جہاں پہنچنے تک وہ دونوں جان بحق ہوگئے جبکہ مسلم حسین کی اہلیہ کو طبی امداد دی گئی۔فائرنگ کے بعد اپنے بیٹے اور بہو کو شدید زخمی دیکھ کر مسلم حسین کی ۷۰ سالہ والدہ دل کا دورہ پڑنے اور طبی امداد ملنے سے قبل ہی گھر میں انتقال کرگئیں۔واقعے کے بعد پورے علاقے میں خوف وہراس اور کشیدگی پھیل گئی۔عید کی نماز بھی سخت کشیدگی اور سوگ میں ادا کی گئی۔

(روزنامہ عوام کراچی، ۳۰ دسمبر ۲۰۰۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہبی دہشت گردی کا مقصد شیعوں کو مذہبی حقوق سے دستبردار کرنا ہے۔علامہ حسن ترابی

کراچی (خبرنگار) تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے اتحاد ٹاؤن میں مذہبی دہشتگردوں کے ہاتھوں سید افضال شاہ کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں مذہبی دہشتگردی کی جو لہر اُٹھی ہے اس کے پشت پر ریاستی اداروں میں موجود ایک لابی ہے جو قتل وغارت اور دہشتگردی کے ذریعے شیعوں کو موت سے ڈرا کر مذہبی حقوق سے دستبرداری کی منصوبہ بندی میں مصروف ہے مگر ان کو شاید معلوم نہیں کہ شیعوں نے سر کٹانا سیکھا ہے سر جھکانا نہیں۔

اُنہوں نے کہا کہ ایف آئی آر صرف خانہ پوری کے لے کاٹی جاتی ہے۔ان میں نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے کے بجائے تحفظ فراہم کرنا انتظامیہ اور پولیس نے شعار بنا رکھا ہے۔

مقتول سید افضال شاہ کے قتل مین ملوث دو ملزمان کو علاقہ کے لوگوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا جبکہ ۲ ملزمان جن میں سرغنہ بھی شامل ہے موقعہ سے فرار ہوگیا۔جب مقتول کا جنازہ تھانہ پہنچا تو، وہ دونوں موجود تھے، جو غائب ہوگئے۔ان کی تھانہ میں موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ قتل کی منصوبہ بندی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے کی گئی۔

اُنہوں نے کہا کہ مقتول نے کئی بار پولیس کو مطلع کیا تھا کہ قاتلوں کا سرغنہ عطاالرحمٰن نہ صرف قتل کی دھمکیاں دے رہا ہے بلکہ مسجد سے شیعوں کے خلاف غلیظ زبان استعمال کر کے لوگوں کو مشتعل کرنے میں مصروف ہے۔مگر کسی نے پروانہیں کی۔اُنہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینا ہونگے اگر شیعوں نے قتل کے بدلہ قتل پر عمل شروع کر دیا تو ملک کی سلامتی اور استحکام خطرے میں پڑ جائیگا۔اس لیے بہتری اسی میں ہے کہ دہشتگردوں کے اصل سرغنہ کے خلاف بلاخوف وخطر کاروائی کی جائے۔

(روزنامہ خبریں ۱۶ دسمبر ۲۰۰۰)

jabir.abbas@yahoo.com

"اے مسلمانو! ایک ہو جاؤ اللہ نے اپنی رسی تھامنے کا حکم دیا ہے۔ایک امام کے پیچھے نماز پڑھنا ہمیں وحدت کا درس دیتا ہے، اسلام کو اللہ نے چنا ہے اور یہ سب دینوں سے افضل دین ہے"

(مفتی اعظم عبدالعزیز آل الشیخ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مسجد حر

گرین ٹاؤن کی مسجد حُر اثنا عشری میں نماز فجر کے دوران دہشت گردوں کی اندھا دھند فائرنگ 9 نمازی جاں بحق، 6 زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گرین ٹاؤن میں جمعہ کو مسجد وامام بارگاہ حُر اثنا عشری میں نماز فجر کی جماعت پر دہشت گردوں کی خودکار ہتھیاروں کی فائرنگ کے نتیجہ میں ۹ نمازی جاں بحق اور ۶ زخمی ہوگئے۔ شقی القلب حملہ آوروں کی اندھا دھند فائرنگ سے نمازی صفوں پر گر گئے۔

امام بارگاہ (مسجد) کا فرش لہولہان ہوگیا۔ دیواریں گولیوں سے چھلنی ہوگئیں۔ حملہ آوروں نے دو سے تین منٹ تک شدید فائرنگ کی اور دو بار میگزین لوڈ کیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں مسجد کے اندر دھواں بھر گیا بارود کی بو کئی گھنٹے تک موجود رہی حملہ آوروں کی تعداد ۲ بتائی جاتی ہے، دونوں حملہ آور فائرنگ کے بعد پیدل فرار ہوگئے۔

فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اُٹھا۔ لوگ گھروں سے نکل کر امام بارگاہ پہنچے تو خون میں لت پت لاشیں اور تڑپتے ہوئے زخمیوں کو دیکھ کر کہرام برپا ہوگیا۔ لوگ دھاڑیں مار مار کر رونے لگے۔ ہلاک ہونے والوں میں باپ بیٹا اور زخمیوں میں پیش امام اور موذن شامل ہیں۔ زخمیوں کو اہل محلّہ نے اسپتال پہنچایا۔ عینی شاہدوں کے مطابق دو حملہ آور پیدل گلیوں میں فرار ہوگئے اس واقعہ کی خبر شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور ہزاروں کی تعداد میں لوگ امام بارگاہ پہنچ گئے۔ جس میں تحریک جعفریہ کے رہنما اور بڑی تعداد میں کارکنان شامل تھے۔

واضح رہے کہ ڈیرہ اسمٰعیل خان میں تحریک جعفریہ کے رہنما کے قتل کے باوجود امام بارگاہ کی حفاظت کیلئے پولیس تعینات نہیں کی گئی تھی جس سے لوگوں میں شدید اشتعال پایا جاتا ہے۔ واقعات کے مطابق ۵ بجکر ۴۰ منٹ پر جب نماز فجر کی پہلی رکعت ہورہی تھی دو حملہ آور امام بارگاہ (مسجد) میں داخل ہوئے اور اُنہوں نے نمازیوں پر خودکار ہتھیاروں سے اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ عینی شاہدین کے مطابق دہشت گردوں نے ایک دفعہ کلاشنکوف کے میگزین خالی ہونے کے بعد دوبارہ میگزین لگائے اور نمازیوں پر گولیاں برسائیں۔

جب بے رحم، انسان دشمن، شقی القلب حملہ آوروں کو یقین ہوگیا کہ تمام افراد کو گولیاں لگ چکی ہیں اس کے بعد وہ پیدل قریبی گلیوں میں باآسانی فرار ہوگئے بعدازاں لوگ جائے وقوعہ پر پہنچے اور زخمیوں کو پرائیوٹ گاڑیوں میں ڈال کر قریبی فوجی فرٹیلائزر کے اسپتال لے گئے لیکن وہاں ڈاکٹرز اور دیگر عملہ موجود نہ تھا اس کے بعد زخمیوں کو پی این ایس راحت کار سازلایا گیا جہاں اُنہیں ابتدائی طبی امداد دے کر جناح اسپتال پہنچایا گیا۔

جہاں نیوی کے ملازم مطوب حسین کو داخل کرلیا گیا باقی زخمیوں میں پیش امام غلام حسین، موذن تصویر حسین شاہ، غلام حسنین جعفری، وارث حسین شاہ، صداقت حسین اور سید علی کو طبی امداد دی گئی۔ ہلاک ہونے والے ۱۹ سالہ امجد حسین، ۵۳ سالہ سید صفدر حسین، ۴۵ سالہ سید ذوالفقار انور تقوی ولد سید شاہد حسین تقوی، ۵۰ سالہ ملک محمد نواز ولد ملک عطا محمد، ۳۵ سالہ امتیاز حسین ولد ظفر علی خان، ۵۵ سالہ نذیر احمد، اعجاز حسین شاہ کاظمی اور سید جمشید عباس کی لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال لائی گئیں زخمیوں کو خون دینے کے لیے گرین ٹاؤن سے لوگوں کی بڑی تعداد اسپتال پہنچ گئی۔

واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد ڈی سی ویسٹ خسرو پرویز، ایس ایس پی ایسٹ، ایس ایچ او سعود آباد، الفلاح اور دیگر افسران موقع پر پہنچ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گئے جبکہ رینجرز کے اہلکاروں کی بڑی تعداد علاقے کا گھیراؤ کیا ہوا تھا۔ پولیس کی تین ٹیموں نے ملزموں کی گرفتاری کیلئے فوری طور پر امام بارگاہ کے اطراف کے علاقوں میں چھاپے مارے اور تفتیش کیلئے کئی افراد کو حراست میں لے لیا جن سے پوچھ گچھ ہو رہی ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۲، اکتوبر ۱۹۹۹)

اداریہ:

یہ سوال بیشتر ذہنوں میں بار بار اُٹھتا ہے کہ آخر اس انتہائی شرم ناک صورت حال کے اسباب کیا ہیں اور آفر کیا وجہ ہے کہ جس برصغیر میں ہندو مسلم آویزش کے انتہائی دور میں بھی کسی غیر مسلم نے مسجدوں میں داخل ہو کر فائرنگ سے نمازیوں کو شہید کرنے کی ناپاک جسارت کبھی نہیں کی تھی اس کے ایک حصے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں یہ نوبت کیسے آ گئی کہ اب مسلمان ہی امام بارگاہوں اور مسجدوں میں نمازیوں کو بموں اور دھماکوں اور فائرنگ کی بوچھاڑ سے خون میں نہلا دینے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اور اس درندگی کو جہاد سمجھتے ہیں حالانکہ سب بلا لحاظ فرقہ یہ ایمان رکھتے ہیں کہ ایک بے گناہ کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔

ظاہر ہے خود مسلمانوں کے ذہن میں اپنے مخالف فرقے سے وابستگی کی بنا نفرت اور انتقام کے جذبے کی آبیاری غرض مند قوتوں کی سرپرستی سے ہوتی ہے۔ اسی اسلامی جمہوریہ میں دہشت گرد نوعیت کی فرقہ وارانہ تنظیموں کا قیام ضیاالحق کے اُس دور میں عمل میں آیا جس میں نفاذ اسلام کے سب سے زیادہ نعرے لگائے گئے اور اب اس ساری فرقہ وارانہ دہشت گردی کے جو نتائج منظر عام پر آ رہے ہیں

اس سے ہمارے دشمن اور اسلام مخالف کیا کیا فائدہ نہیں اُٹھائیں گے، اب اس نوع کے فرقہ وارانہ دہشت گردی کے واقعات کی آڑ میں اسلام، مسلمانوں اور بالخصوص پاکستانیوں کے خلاف کیا کچھ نہیں کہا جائے گا۔

کون نہیں جانتا کہ تحریک پاکستان میں شیعہ، سنی، بریلوی اور دیوبندی اور دوسرے سبھی فرقوں سے وابستہ افراد ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر شریک تھے اور آج بھی مقبوضہ کشمیر میں جو تحریک حریت جاری ہے اس میں سبھی فرقوں کے مسلمان بھرپور حصہ لے رہے ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اسلام کے دشمن جب مسلمانوں پر وار کرتے ہیں تو فرقوں کی تقسیم کا کوئی لحاظ نہیں کرتے مگر ہم ہیں کہ اپنے ہی دینی بھائیوں کا خون ناحق پوری بیدردی سے بہا رہے ہیں۔

ارباب حکومت کی ذمہ داری ہے کہ پوری ذمہ داری اور بھرپور توجہ کے ساتھ اس سنگینی مسئلے کا نوٹس لیں اور فرقہ واریت کے خاتمے کی جتنی بھی صورتیں ممکن ہیں ان سب کو بروئے کار لانے کی بھرپور اور مخلصانہ کوشش کریں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۹)

(ارشاد احمد حقانی کے کالم سے اقتباس)

''انسانی جان کے تحفظ میں حکومت کی ناکامی یک بیک ملک میں فرقہ وارانہ دہشت گردی اور قتل وغارت کی ایک خوفناک لہر آ گئی ہے اس کا سب سے خوفناک پہلو یہ ہے کہ شیعہ فرقے کے اکابرین اور عوام کو ٹارگٹ بنایا گیا ہے۔

اگرچہ جمعہ کے روز کراچی کی مسجد حروالے المیے کے علاوہ شمالی کراچی میں سنیوں کے ایک مدرسے کے باہر چار آدمیوں کو گولیوں سے اُڑا دیا گیا۔ لیکن ملک کے دوسرے شہروں میں صرف اول الذکر فرقے کے افراد کو ہی نشانہ بنایا گیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس صورت حال پر یہ بالکل درست تبصرہ کیا گیا ہے کہ دہشت گردی کی حالیہ کاروائیاں اکا دُکا واقعات قرار نہیں دی جاسکتی ہے بلکہ اس رقصِ دیوانگی کے پیچھے باقاعدہ سازش اور باقاعدہ منصوبہ بندی دکھائی دیتی ہے۔

جن لوگوں نے شیعہ فرقے کے خلاف حالیہ دہشت گردی منظم کی ہے چونکہ تاحال قانون کا ہاتھ تک نہیں پہنچ سکا اس لیے یہ فرض کرنا غلط ہوگا کہ نہ صرف وہ پوری طرح آزاد ہیں نہ صرف ان کے حوصلے پہلے سے زیادہ بلند ہو چکے ہیں بلکہ وہ مزید سنگین وارداتوں کا ارادہ بھی کر سکے ہیں۔

ادھر پورے ملک میں شیعہ تنظیموں نے بجا طور پر اپنی تشویش ناراضگی اور غم وغصے کا اظہار کیا ہے۔ یہ جذبات بھی اپنے اظہار کیلئے کوئی بھی شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ صورتحال کا سب سے تشویشناک بلکہ خوفناک پہلو یہ ہے کہ حکومت اس پوری صورت حال کے بارے میں بالکل اندھیرے میں (Clueless) دکھائی دیتی ہے۔

ملک میں خفیہ ایجنسیوں کے جال بچھے ہوئے ہیں ان پر کروڑوں روپیہ ہر سال خرچ ہو رہا ہے۔ ان کے بڑے اہلکار شاہانہ مراعات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ لیکن حکومت آج تک متعین طور پر یہ طے نہیں کر سکی کہ ان واقعات کے پیچھے کوئی بیرونی یا اندرونی دہشت گردوں کی کارستانی ہے۔ اگر بیرونی ہاتھ ہے تو اس کا تعلق کسی ملک کسی تنظیم سے ہے اور ہماری ایجنسیاں اس بیرونی ہاتھ یا ان بیرونی ہاتھوں کو کاٹنے میں کامیاب کیوں نہیں ہو رہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۹)

بے قصور لوگوں کا قتل المیہ ہے

کارکنان پاکستان بچاؤ لانگ مارچ کی تیاری کریں حسن ترابی

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ پاکستان سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے کہا ہے کہ جس بربریت اور وحشیانہ انداز سے بے قصور لوگوں اور راہ گیروں کو قتل کیا جا رہا ہے وہ ایک سنگین المیہ ہے۔ وہ اسلام آباد سے واپسی پر یہاں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے میں ۳۱، افراد جن میں شیعہ اور سنی دونوں شامل ہیں دہشت گردی کا شکار ہو چکے ہیں۔

انتظامیہ اور حکومت محض تماشائی ہے اور بیان بازی کے علاوہ کچھ اور کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ کا پریس کانفرس میں دیا گیا بیان حقائق اور سچائی پر مبنی تھا ان پر دباؤ ڈال کر بیان بدلوایا گیا ہے۔ علامہ حسن ترابی نے کہا کہ ملک تیزی سے خانہ جنگی کی طرف بڑھ رہا ہے کوئی سیاسی قوت ان بدترین حالات کو سدھارنے والی نہیں ہے بدترین حالات کے باوجود پورے کراچی میں سیکورٹی کے انتظامات سخت ہیں اور نہ ہی گشت کا نظام ہے جبکہ تمام پولیس چوکیاں خالی ہیں۔

سانحہ مسجد خیرؑ اور مدرسہ دارالخیر پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کی عدم گرفتاری سے امن پسند شہری مایوس اور دہشت گردوں کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ان تمام مایوس کن حالات کی وجہ سے تحریک جعفریہ پاکستان کی سینٹرل کمیٹی نے تمام صوبوں سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے۔ تمام قومی کارکنان اور شخصیات کو چاہیے کہ وہ پاکستان بچاؤ لانگ مارچ کی تیاری کریں۔

(روزنامہ جنگ کراچی مورخہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دھشت گرد افغانستان سے تربیت لے کر آئے۔ ملا عمر کیمپ بند کرائیں۔نواز شریف

ہمارے پاس ثبوت ہیں کہ افغانستان میں تربیت حاصل کرنیوالے افراد ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیراعظم محمد نواز شریف نے اعلان کیا ہے کہ کسی کو پاکستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وہ یہاں جمعرات کو پریس کانفرس کے دوران ملک میں حالیہ دہشتگری کے واقعات سے متعلق ایک سوال کے جواب دے رہے تھے۔وزیراعظم نے کہا کہ یہ جاننے کی کوشش کررہے ہیں کہ دہشت گردی کا جوسلسلہ ختم ہوگیا تھاوہ دوبارہ کیوں شروع ہوا ہے۔ہم نے جن لوگوں کو پکڑا ہے اس سے تفتیش کے دوران پتہ چلا ہے کہ کچھ دہشت گرد افغانستان کے اندر ایک تربیتی کیمپ سے تربیت حاصل کرکے آئے ہیں۔ہم نے ڈی جی آئی ایس آئی کی سربراہی میں پاکستان کا وفد قندھار بھیجا ہے اور ملا عمر سے کہا ہے کہ وہاں دہشت گردی کے تربیتی مراکز بند ہونے چاہیے ہم نے شواہد پر مبنی اطلاعات پر فوری ایکشن لیا ہے اور خارجی ہاتھ کے ملوث ہونے کا سراغ لگایا جارہا ہے۔

اے پی پی کے مطابق انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ثبوت ہیں کہ افغانستان میں تربیت حاصل کرنے والے افراد ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۸،اکتوبر ۱۹۹۹)

پرانی نمائش پر دو افراد کی ہلاکت کی عدالتی تحقیقات کرانیکا فیصلہ

آئندہ دوروز میں عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائیگا،ڈسٹرکٹ اینڈسیشن جج سربراہ ہونگے۔کمشنر کراچی کو ہدایت کراچی

(اسٹاف رپورٹر) اتوار کو کراچی میں پرانی نمائش پر فائرنگ اور دو افراد کی ہلاکت کے واقعے کی عدالتی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن آئندہ ایک دوروز میں تشکیل دیدیا جائیگا اور اس کمیشن کے سربراہ کراچی کے کوئی ایک ڈسٹرکٹ اینڈسیشن جج ہوں گے۔

اس ضمن میں حکومت نے کمشنر کراچی کو ہدایت جاری کردی ہیں۔دریں اثناء وزارت داخلہ سندھ کے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ صوبائی وزارت داخلہ نے بعض اطلاعات کی روشنی میں ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب ساڑھے بارہ بجے کمشنر کراچی میر حسین علی کو اس خدشے سے آگاہ کردیا تھا کہ اتوار کو تحریک جعفریہ کے مقتول کارکنوں کے جنازے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوسکتا ہے لہٰذا کمشنر اُسے روکنے کیلئے فوری اقدامات کریں۔وزارت داخلہ نے انہیں یہ بھی ہدایت کی تھی کہ وہ تحریک جعفریہ کے رہنما حسن ترابی سے جاکر ملیں اور ان کے تعاون سے کسی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کیلئے اقدامات کریں۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ اس واقعے کی رپورٹ وفاقی وزارت داخلہ کو ارسال کردی گئی ہے اور اس کے ساتھ ہی وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری سندھ کو اس رپورٹ سے آگاہ کردیا گیا ہے۔''جنگ'' کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ چیف سیکرٹری سندھ کو رینجرز کے حکام نے بھی واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کیا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی،۲۹ستمبر ۱۹۹۸)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آج سندھ بھر میں پر امن ہڑتال کی جائے، تحریک جعفریہ

دہشت گردوں اور رینجرز کے خلاف احتجاج کیا جائے، حسن ترابی کی عوام سے اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ پاکستان کی مرکزی کونسل کے رکن اور صوبائی مشیر حاجی سفر علی بنگش اور ان کے صاحبزادے رجب علی بنگش کے دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل اور پرانی نمائش کے واقعے کے خلاف تحریک جعفریہ کی اپیل منگل ۲۹ ستمبر کو صوبہ سندھ میں یوم احتجاج منایا جائے گا اور پر امن ہڑتال کی جائے گی۔

یوم احتجاج کا فیصلہ ملت جعفریہ کی تنظیموں نے مشترکہ اجلاس میں کیا انہوں نے کاروباری حضرات اور ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنا کاروبار بند رکھیں۔ تحریک جعفریہ صوبہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ منگل کو دہشت گردوں اور رینجرز کے اہلکاروں کے خلاف پر امن ہڑتال کی جائے انہوں اپیل کی کہ تمام کاروباری حضرات اور ٹرانسپورٹرز اپنا کاروبار بند رکھیں۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اگر حکومت نے ۴۸ گھنٹے کے اندر حاجی سفر علی بنگش اور ان کے فرزند کے قاتلوں اور رینجرز کے اہلکاروں کو گرفتار نہ کیا تو حالات کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸)

اداریہ: جنازے کے شرکاء پر فائرنگ شہر کے امن کو خراب کرنے کی سازش ہے

گزشتہ دنوں تحریک جعفریہ پاکستان کی کونسل کے اہم رکن اور قائد تحریک جعفریہ کے اہم ساتھی سفر علی بنگش اور ان کے فرزند رجب علی بنگش کو دن دہاڑے قتل کر دیا گیا جبکہ چند قدم پر پولیس موبائل موجود تھی لیکن پولیس اہلکاروں کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے تھے وہ کسی کی کیا جان بچاتے قتل اس سنگین واردات کے بعد دہشت گرد بغیر کسی مزاحمت کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے لہٰذا پولیس اور رینجرز کے خلاف اشتعال کا پایا جانا فطری امر تھا۔

گزشتہ روز مرحومین کی نماز جنازہ کا اہتمام پرانی نمائش سے متصل محفل شاہ خراسان میں کیا گیا نماز جنازہ کے اختتام پر جب جلوس جنازہ گلی سے نکل کر روڈ پر آیا رینجرز نے سوگواروں پر بلا کسی اشتعال کے فائرنگ شروع کر دی، جس کے نتیجے میں ۲ نوجوان موقع پر ہی ہلاک ہو گئے زخمیوں کی تعداد معلوم نہیں ہو سکی اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ پولیس نے گرفتاریوں کا سلسلہ شروع کر دیا ہے رینجرز کا رویہ شہریوں سے اس طرح کا رہا ہے جس طرح کا رویہ مفتوحہ علاقوں کے لوگوں سے فاتح فوج کا ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ۶ سال سے کراچی کے شہری رینجرز کی واپسی کا مطالبہ کر رہے ہیں جبکہ وزارت داخلہ کراچی میں رینجرز کی موجودگی ضروری سمجھی ہے۔

یہ مطالبہ سندھ میں شہری علاقوں کی نمائندہ تنظیم متحدہ قومی موومنٹ کا بھی ہے کہ رینجرز کے عذاب سے شہر کو خالی کرایا جائے کیونکہ رینجرز کا کردار مشکوک ہوتا جا رہا ہے جس طرح پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر پر گفت وشنید کا سلسلہ شروع کرانے کا اعلان ہی ہوتا ہے کہ بھارتی فوج پاکستان اور بھارت کے سرحدی علاقوں میں اور کشمیر میں کنٹرول لائن پر حالات کشیدہ کر دیتی ہے اور بلا کسی اشتعال کے فائرنگ کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے بالکل اسی طرح لوگوں کا خیال ہے کہ کراچی شہر امن کی جانب گامزن ہوتا ہے کہ نادیدہ طاقتیں متحرک ہو جاتی ہیں اور شہر لاشوں سے اٹ جاتا ہے لوگوں کے خدشات کہاں تک درست ہیں اس سلسلہ میں کچھ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا ہے لیکن کراچی میں میاں نواز شریف کے گزشتہ دور حکومت میں آپریشن شروع ہوا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کا مقصد کراچی کو سماج دشمن عناصر سے پاک کر کے امن وامان کو بحال کرنا تھا کچھ دنوں کے بعد فوج واپس چلی گئی لیکن اپنی جگہ رینجرز کو انتظامیہ اور پولیس کی مدد کے لئے چھوڑ گئی جس کا کام انتظامیہ کی مدد کرنا تھا اس طرح رینجرز کے سینکڑوں اہلکاروں کی مستقل ڈیوٹی شہری علاقوں میں لگادی گئی ان اہلکاروں کا صرف یہ کام رہ گیا کہ وہ صبح سے رات تک شہر کی سڑکوں پر گشت کرتے رہیں جہاں رینجرز کی گاڑی کھڑی ہوتی ہے قریب پولیس تھانہ کی موبائل چیکنگ میں مصروف ہوتی ہے جن کا کام صرف موٹر سائیکل پر سوار جوانوں کو پریشان کرنا رہ گیا ہے اس طرح رینجرز پولیس کی سیاہ کاریوں میں ملوث بتائی جاتی ہے۔

گزشتہ دنوں ایم کیو ایم رینجرز کی واپسی کے مسئلے پر اختلافات کی وجہ سے حکومت سے علیحدہ ہوگئی تھی ایم کیو ایم کا حکومت میں دوبارہ شمولیت رینجرز کی واپسی سے مشروط ہے جبکہ رینجرز یہ ثابت کرنا چاہتی ہے کہ امن وامان کے لئے اس کی موجودگی ضروری ہے۔

(روزنامہ حریت ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸)

سانحہ پرانی نمائش:

تحریک جعفریہ اور رینجرز کی جانب سے ایف آئی آر کا اندراج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ پاکستان اور رینجرز نے پرانی نمائش پر دو کارکنوں کے قتل کے سلسلے میں دو علیحدہ علیحدہ ایف آئی آر درج کرائی ہیں واضح رہے کہ مذکورہ دو کارکن ایم اے جناح روڈ پر تحریک جعفریہ کے ایک رہنما اور اُن کے بیٹے کی نماز جنازہ کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں ہلاک ہوگئے تھے۔ پہلی ایف آئی آر (۹۸، ۳۳۵) تحریک جعفریہ پاکستان کے کارکن شفاعت حسین نے یہ الزام لگایا ہے کہ محفل شاہ خراسان سے باہر اتوار کے روز کی گئی فائرنگ کے ذمہ دار ۹۰ ونگ غازی رینجرز ہیں۔

اس واقعہ کی دوسری ایف آئی آر (۹۸، ۳۳۶) ۹۰ ونگ غازی رینجرز کے انسپکٹر عبدالمنان کی شکایت پر نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کرائی گئی ہے۔ رینجرز کے افسر نے اس ایف آئی آر میں بتایا ہے کہ تحریک جعفریہ پاکستان کے مقتول لیڈر اور ان کے بیٹے کے جلوس جنازہ کے دوران نامعلوم افراد نے رینجرز پر فائرنگ کردی تھی جس کے نتیجے میں دو افراد ہلاک اور دیگر کئی افراد زخمی ہوگئے۔ جب رینجرز نے جوابی فائرنگ کی تو حملہ آور جائے واردات سے فرار ہوگئے۔

(روزنامہ کراچی، ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸)

رینجرز کے اعلامیہ پر تحریک جعفریہ کا احتجاج

شہید نوجوان کے پاس کوئی اسلحہ نہ تھا، رینجرز نے بلا جواز فائرنگ کر کے ان کے بھیجے اڑا دیئے، سخت سزا کا مطالبہ

کراچی ۲۸، ستمبر (امن نیوز) تحریک جعفریہ پاکستان کے صوبائی ترجمان نے بعض اخبارات اور عالمی میڈیا میں چھپنے والی خبروں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک جعفریہ پاکستان میں بسنے والے کروڑوں محبان محمد وآل محمدؐ کی نمائندہ تنظیم ہے۔

بروز اتوار تحریک کے رہنما سفر علی بنگش اور ان کے بیٹے کی نماز جنازہ کے انتظامات میں مصروف غم سے نڈھال پر امن شرکاء محفل شاہ خراسان کے قریب جمع تھے ان میں سے تقریباً چھ نوجوان ایم اے جناح روڈ اور زینب پنجوانی اسپتال کے سنگم پر پہنچے ہی تھے کہ رینجرز نے بلا جواز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فائرنگ کی اور اتنی بے دردی سے شہید کیا کہ ان کے بھیجے تک اڑا دیئے اگر یہ شہید نوجوان رینجرز کیخلاف کسی قسم کی کاروائی میں ملوث ہوتے تو ان سے اسلحہ بھی برآمد کیا جاتا جب کہ اصل واقعہ یہ ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم کے مزار کے سامنے پاکستان کے محسنوں کی اولادوں کو غیر انسانی طریقے سے شہید کیا گیا ستم بالائے ستم یہ ہے کہ پھر ان ہی پر الزام تراشی کی گئی۔

(روزنامہ امن کراچی، ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸)

دھشت گردی کیخلاف آج ھڑتال کی جائے، تحریک جعفریہ

قاتل ۴۸ گھنٹے میں گرفتار نہ ہوئے تو حالات کی ذمہ دار حکومت ہوگی، حسن ترابی

کراچی ۲۸ ستمبر (امن نیوز) تحریک جعفریہ صوبہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے تمام محبان وطن سے اپیل کی ہے کہ کل دہشت گردوں اور رینجرز کے اہلکاروں کے خلاف پرامن ہڑتال کی جائے۔

انہوں نے ٹرانسپورٹروں اور کاروباری حضرات سے بھی ٹرانسپورٹ اور کاروبار بند رکھنے کی اپیل کی ہے تاکہ اس امر کا بھرپور اظہار ہو کہ پاکستانی قوم دہشت گردی کی بھرپور مذمت کرتی ہے انہوں نے کہا جلوس جنازہ میں شریک افراد پر رینجرز کی فائرنگ اور دو نوجوان کی ہلاکت کی نااہلی ہے علامہ حسن ترابی نے کہا کہ حکومت رینجرز اہلکاروں کو لگام دے ورنہ ہم کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت پر امن اور محب وطن شہریوں کو تحفظ دینے میں ناکام ہوگئی ہے شہیدوں کے جنازے تک پرامن طریقے سے اٹھانا ممکن نہیں رہا۔

اب ہم اس بات پر مجبور ہوں گے کہ آئندہ شہیدوں کے جنازے گورنر ہاؤس تک لے جائیں ہم دہشت گردی کی بھرپور مذمت کرتے ہیں ہم پر جو ظلم ہوا ہے اس پر سراپا احتجاج ہیں اگر حکومت نے ۴۸ گھنٹوں کے اندر حاجی صفر علی بنگش اور ان کے فرزند کے قاتلوں اور رینجرز کے اہلکاروں کو گرفتار نہیں کیا تو ہم سخت اقدام کریں گے اور پھر تمام حالات کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی علامہ ترابی نے کہا کہ شاہ عبداللطیف بھٹائی، لال شہباز قلندر اور عبداللہ شاہ غازی کی دھرتی کے فرزند سندھ بھر میں بروز منگل محمد وآل محمدؐ کے عالمگیر الٰہی مشن کی راہ میں شہید ہونے والوں کے سوگ میں احتجاجاً ہڑتال کریں گے۔

دریں اثنا علامہ حسن ترابی کے زیر صدارت ہنگامی اجلاس ہوا جس میں امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن، امامیہ آرگنائزیشن، ہیئت ائمہ مساجد، مسجد وامام بارگاہ فیڈریشن اور ماتمی انجمنوں کے نمائندوں نے شرکت کی اور ہڑتال کی کامیابی کا بھرپور یقین دلایا۔

جھانگیر کرامت مذھبی دھشتگردی کیخلاف کاروائی کریں۔ حسن ترابی

وزارت داخلہ نے اطلاع دی ہے کہ میں دہشت گردوں کی ہٹ لسٹ میں پہلے نمبر پر آ گیا ہوں، دہشت گردی کے فتنے کی ماں کو تلاش کیا جائے۔ رینجرز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے کارکناں کی عدالتی تحقیقات میں ان اخباری نمائندوں کو بھی شامل کیا جائے جنہوں نے سانحے کی رپورٹنگ کی ہے کراچی (انٹرویو اسد چانڈیو) وزارت داخلہ نے مجھے مطلع کیا ہے کہ میں اب دہشت گردوں کی ہٹ لسٹ پر پہلے نمبر پر آ گیا ہوں اگر ہمارے رہنماؤں اور کارکنوں کے ہلاکت کے ذمہ دار قاتلوں کے خلاف کاروائی نہیں کی گئی تو ہم عدالت میں جائیں گے رینجرز کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے کارکنان کی عدالتی تحقیقات میں ان اخباری رپورٹرز کو بھی شامل کیا جائے جنہوں نے اس سانحے کی رپورٹنگ کی تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان خیالات کا اظہار تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ حسن ترابی نے عصر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا علامہ نے مزید بتایا کہ ان کے اپنے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کارکنان کے قتل میں ملوث رینجرز اہلکاروں کو کوارٹر گارڈ کرایا گیا ہے جبکہ ہم کل گورنر سندھ سے ملاقات کے دوران انہیں کہیں گے کہ مذہبی دہشت گردی کے فتنے کی ماں کو تلاش کیا جائے اور اگر پاکستان ایک خودمختار ملک ہے تو پھر یہاں کشمیر اور افغانستان کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو کنٹرول کرنا ہوگا۔

علامہ نے کہا کہ یہاں ہمیں انصاف کی کوئی امید نہیں ہے جب پولیس اتنی خوفزدہ ہو کر وہ مجرموں سے تفتیش نقاب پہن کر کرے اور جج مقدمات چلانے سے انکار کر دیں تو پھر انصاف کیسے ملے گا علامہ نے انکشاف کیا کہ گزشتہ جمعے کے دن ایک مذہبی تنظیم نے اپنے داؤد چورنگی پر ہونے والے اجتماع میں تحریک جعفریہ کے سترہ رہنماؤں کے نام لیکر انہیں قتل کرنے کا اعلان کیا تھا جن میں صفر علی بنگش کا نام بھی شامل تھا۔

انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پہلے ہم انصاف کے لئے سب قانونی طریقے استعمال کریں گے اور اگر پھر بھی انصاف نہ ملا تو کراچی میں کفن بردار جلوس نکالا جائیگا جس میں پانچ علماء، چودہ بزرگ اور ۷۲ نوجوان کفن پہن کر شریک ہونگے علامہ نے بتایا کہ انہیں اندرون سندھ دورے کے دوران قتل کرنے کی کوشش کی گئی تھی مسلح افراد جو کہ خود کو میرا محافظ ظاہر کر رہے تھے نواب شاہ اور ہالا کے درمیان کھڑے ہو گئے تھے جس وجہ سے میں دادو اور سہون والے راستے سے واپس آ گیا تھا۔

انہوں نے آرمی چیف جنرل جہانگیر کرامت سے اپیل کی کہ وہ صرف سرحدوں پر پاکستان کا تحفظ نہ کریں بلکہ ملک کے اندر مذہبی دہشت گردوں کے خلاف بھی کاروائی کریں۔

(روزنامہ عصر کراچی ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸)

غریب آباد چورنگی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شریف آباد تھانے کے علاقے غریب آباد چورنگی پر نامعلوم کار سواروں نے فائرنگ کر کے موٹر سائیکل سوار کو ہلاک کر دیا۔

جمعہ کی شب ۴۰ سالہ جاوید عباسی کاظمی عزیز آباد چورنگی کے قریب سے اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اچانک کار سواروں نے اُس پر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کر دی، جس سے وہ موقعہ پر ہلاک ہو گیا مقتول جعفر طیار سوسائٹی کا رہنے والا تھا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۸ مارچ ۱۹۹۵)

گلبہار کشمیری محلے میں فائرنگ کے 3 ملزمان گرفتار 2 مفرور ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلبہار کے علاقے کشمیری محلے سو کوارٹر اور مسجد و امام بارگاہ کشمیری پر فائرنگ کے الزام میں گلبہار پولیس نے تین ملزمان قدیر، گلزار اور حیات محمد کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ ملزمان کے دو ساتھی ابھی تک مفرور ہیں۔ پولیس نے عینی شاہدین کے بتائے ہوئے حلیے کی مدد سے واقعہ کے بارہ گھنٹے بعد گلبہار ہی کے علاقے سے ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ مارچ ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گلبہار میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی جاوید عباس نقوی نے دم توڑ دیا

وہ صحافی عشرت نقوی کے صاحبزادے تھے جنگ یونین کا اظہار تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلبہار کے علاقے سوکوارٹر میں امام بارگاہ جعفریہ کے قریب منگل کی شب دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ۲۲ سالہ جاوید عباس نقوی منگل اور بدھ کی درمیانی شب مقامی اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوگئے۔ وہ روزنامہ جنگ کراچی کے صحافی عشرت نقوی کے صاحبزادے تھے۔ مقتول جاوید کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ان کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر امام بارگاہ جعفریہ میں ادا کی گئی جس میں علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

عشرت نقوی گذشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں۔ دریں اثنا جنگ پبلی کیشنز ایمپلائز یونین کے صدر محمد اسلام جنرل سیکریٹری خالد محبوب، شکیل یامین محمد جاوید، جدون اور دیگر عہدیداروں نے روزنامہ جنگ کے سب ایڈیٹر عشرت حسین نقوی سے ان کے صاحبزادے کی شہادت پر گہرے افسوس اور صدمے کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے۔ یونین کے عہدیداروں نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ مرحوم کے لواحقین کے لئے فوری معاوضہ کا اعلان کیا جائے۔ واضح رہے کہ جناب عشرت نقوی کے صاحبزادے گذشتہ روز دہشت گردوں کی فائرنگ سے جان بحق ہوئے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۶ مارچ ۱۹۹۵)

مساجد پر بم کے حملوں کی ابتداء

سانحہ جامع مسجد دربار حسینی حسین آباد ملیر کی مسجد پر بم دھماکہ و فائرنگ

مسجد حسینی کے باہر دھماکہ اُس وقت ہوا جب لوگ نماز جمعہ کے بعد باہر نکل رہے تھے۔ بم موٹر سائیکل میں نصب تھا عینی شاہدین کے مطابق بم یلو کیب سے پھینکا گیا اور فائرنگ کی گئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں ۷ سال تک کے بچے شامل ہیں۔ عطیہ خون کیلئے لاؤڈ اسپیکروں سے اعلان۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ضلع شرقی کے علاقے برف خانے کی جامع مسجد حسینی ملیر حسین آباد کے باہر ایک طاقتور بم کے دھماکے اور اس کے ساتھ فائرنگ کے نتیجے میں ۱۳ افراد جاں بحق اور ۳۵ زخمی ہوگئے۔

بم کا دھماکہ اس قدر طاقتور تھا کہ جاں بحق ہونے والوں میں سے بعض کے جسم کے اجزاء دُور دُور تک اڑ گئے۔ جبکہ جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں معصوم بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ دھماکے کی وجہ سے مسجد کے باہر کھڑی تین گاڑیاں اور پانچ موٹر سائیکلیں جل کر تباہ ہوگئیں۔ دھماکے کے فوراً بعد نامعلوم دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ کی۔ دھماکے اور شدید فائرنگ سے قرب وجوار کا پورا علاقہ گونج اُٹھا۔ لوگ خوف و دہشت کی وجہ سے اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔

یہ دھماکہ جامع مسجد حسینی کے مرکزی دروازے کے قریب ۲ بجکر منٹ پر وہاں کھڑی ایک یاماہا ۱۰۰ موٹر سائیکل میں ہوا، جس میں دیسی ساخت کا ۴ پونڈ وزنی بم بڑی مہارت سے پہلے سے نصب تھا۔ موٹر سائیکل جس کا چیسس نمبر 58-A000193K ہے کے پرخچے اُڑ گئے اور اس کے ٹکڑے دُور دُور پھیل گئے جس میں نمبر پلیٹ بھی شامل ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دھماکہ ہوتے ہی جائے وقوعہ کے اطراف کھڑی موٹر سائیکلوں، کار اور ہائی روف پک اپ میں آگ لگ گئی جس کے شعلے آسمان سے باتیں کرنے لگے۔ جو دُور سے نمایاں طور دکھائی دے رہے تھے۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی ایم ماڈل کالونی آغا پرویز اور بم ڈسپوزل کے معین الدین سے سے پہلے موقع پر پہنچے جبکہ مشتعل نوجوانوں نے وہاں موجود پولیس ماہائیل اور دیگر عملے کو جائے وقوعہ سے بھگا دیا۔

بعض عینی شاہدین کے مطابق ایک یلو کیب میں سوار افراد نے بم مسجد کے باہر کھڑی ہوئی موٹر سائیکل پر پھینکا جس کے پھٹنے سے زوردار دھماکہ ہوا اس یلو کیب میں سوار افراد نے اندھا دھند فائرنگ بھی کی۔ جس سے متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ دھماکے کے وقت نمازی مسجد سے باہر آرہے تھے اور کچھ لوگ مسجد کے باہر مذہبی کتابوں کے اسٹال پر کھڑے تھے۔ اس کے علاوہ مرکزی دروازے کے قریب بھیک مانگنے والے خانہ بدوش بچے اور خواتین بھی موجود تھیں۔

دھماکے کی آواز سن کر مسجد کے اندر اور باہر بھگدڑ مچ گئی اور لوگ محفوظ مقام پر پناہ لینے کے لئے دوڑنے لگے اور بھگدڑ میں کئی لوگ ایک دوسرے پر گر پڑے، جب لوگوں کے حواس بحال ہوئے اور صورتحال ان کی سمجھ میں آئی تو مسجد میں موجود افراد نے جان بحق اور زخمی ہونے والوں کو ایدھی ایمبولنسوں کی مدد سے نہال اسپتال ملیر، عباسی شہید اسپتال، جناح اسپتال اور زین العابدین اسپتال رضویہ سوسائٹی پہنایا۔

دھماکہ اور فائرنگ سے جاں بحق ہونے والوں میں ۱۲ سالہ دانش کاظمی، ۱۰ سالہ سید ریحان حسن، ۱۱ سالہ فراز حیدر، ۸ سالہ لالی، ۷ سالہ رخسانہ، ۱۲ سالہ اظہار، ۱۰ سالہ میثم، ۲۰ سالہ علی حسن، ۳۳ سالہ محمد باقر حسین اور ۵۵ سالہ مبارک علی جبکہ زخمیوں میں ۸ سالہ بابر علی، ۴ سالہ ، ۶ سالہ محمد عباس، ۷ سالہ عمران، ۱۰ سالہ شکیل عباس، ۱۰ سالہ رضوان، ۱۰ سالہ سلمٰی، ۲۵ سالہ طاہرہ، ۷ سالہ شکیل، ۲۰ نگہت ریاض، ۴۰ سالہ ریاض احمد، ۱۸ سالہ احمد عباس، ۱۴ سالہ احمد، ۳۵ سالہ شکیل، ۱۴ سالہ امجد حسین، ۲۰ سالہ فرحان، ۱۲ سالہ محمد عباس، ۷ سالہ نجمہ، ۴۵ سالہ کاظم حیدر، ۱۶ سالہ سہیل، ۳۲ سالہ اظہر الحسن، وسیم رضا، احمد علی، قمبر عباس، نعیم رضا اور حسین شامل ہیں۔ جبکہ ۴ بچوں کو امراض اطفال کے ادارے میں داخل کر دیا گیا جن کے نام معلوم نہیں ہو سکے ہیں۔

جاں بحق ہونے والوں میں چار افراد مختلف اسپتالوں میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوئے۔ دھماکے اور فائرنگ کے بعد علاقے میں کشیدگی اور پولیس کے خلاف سخت اشتعال پھیل گیا مسجد ڈیوٹی پر موجود متعلقہ تھانے کی موبائیل پر نوجوانوں نے ہلہ بول دیا پولیس کے جوانوں نے اپنی جانیں بچانے کے لیے ہوائی فائرنگ اور اُنہوں نے اس فائرنگ کے کور میں وہاں سے فرار ہونے میں اپنی عافیت سمجھی۔ عینی شاہدین نے جنگ کو بتایا کہ پولیس اہلکاروں نے براہ راست عوام پر فائرنگ کی اور لوگ نے زمین پر لیٹ کر اپنی جانیں بچائیں بعد میں قرب وجوار کے لوگ بڑی تعداد میں جائے واردات پر پہنچ گئے۔

سنی مساجد اور شیعہ امام بارگاہوں سے مسلسل اعلانات کئے گئے کہ زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیئے جائیں اور نوجوان فوری طور پر اسپتال پہنچ جائیں۔ مسلسل دہشت گردی اور قتل وغارت گری سے تنگ آئے ہوئے موقع واردات پر موجود لوگوں نے حکومت کے خلاف دل کھول کر نعرے بازی کی اور اس کے فوری مستعفی ہونے کے مطالبات کئے۔ اُنہوں نے پتھراؤ کر کے سڑک پر ٹریفک بھی معطل کر دیا۔ مشتعل نوجوان مزید احتجاج اقدامات کرنے کا ارادہ کر ہی رہے تھے کہ بزرگوں کے سمجھانے بجھانے پر واپس چلے گئے۔

دھماکے کے دوران جل کر تباہ ہونے والی گاڑیوں میں کار F-7232 ہائی روف CJ-7498 موٹر سائیکل KF-3219 اور شامل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں۔ بم دھماکے میں زخمی ہونے والی ۱۵ سالہ شازیہ معین زخموں کی تاب نہ لاکر رات گئے جناح اسپتال میں جاں بحق ہوگئی جبکہ بم دھماکے میں محسن رضا اور ایک ۲ سالہ بچہ بھی جاں بحق ہوا جس کا نام رات گئے تک معلوم نہیں ہوسکا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

لاشیں پہنچنے سے علاقے میں کہرام لواحقین ڈھاڑیں مار مار کر رو رہی تھی

کئی خواتین بے ہوش ۳ پر سکتہ طاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامع مسجد حسینی حسین آباد ملیر کے باہر بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں جمعہ کی شام جب علاقے پہنچیں تو وہاں کہرام مچ گیا۔ خواتین دھاڑیں مار مار کر رونے لگیں۔ جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین اور عزیز واقارب ایک دوسرے سے گلے مل کر رونے لگے۔ کئی خواتین شدت غم سے بے ہوش ہوگئیں جنہیں فوری طور پر طبی امداد دی گئی۔ ۳ خواتین پر سکتہ طاری ہوگیا۔

جاں بحق ہونے والے افراد کے گھروں پر علاقے کی خواتین وحضرات بھاری تعداد میں پہنچ گئے۔ جبکہ جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں جامع مسجد حسینی کے کولڈ اسٹوریج میں رکھوادی گئی ہیں۔ جن کی نماز جنازہ ہفتہ کو بعد نماز ظہر جامع مسجد حسینی حسین آباد ملیر میں ادا کی جائے گی۔

(روزنامہ جنگ ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

دھماکہ کھلی بربریت ہے، دہشت گردوں نے شہریوں کو یرغمال بنا رکھا ہے

علامہ باقر نجفی، حسن ترابی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے صدر علامہ محمد باقر نجفی اور علامہ حسن ترابی نے مسجد وامام بارگاہِ دربارِ حسینی میں بم دھماکے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی بربریت قرار دیا ہے۔

اُنہوں نے اس درندگی کی ذمہ دار حکومت سندھ اور سامراجی ایجنٹوں کو قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کراچی میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ مسجد وامام بارگاہوں پر مسلسل حملوں نے اس بات کو ثابت کردیا ہے کہ کراچی کی انتظامیہ بالکل بے بس ہوچکی ہے اور شہری دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ بالکل خاموش ہیں اور اُنہیں اس قتل عام کی کوئی پروا نہیں ہے۔ بلکہ وہ اپنی حکومت بچانے کیلئے سب ٹھیک ہے راگنی بجا رہے ہیں۔ آج نمازِ جمعہ میں مسجد وامام بارگاہ میں بم دھماکہ ایک سوچی سمجھی سازش کا نتیجہ ہے۔

(روزنامہ جنگ ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

لاشیں اُٹھاتے رہیں تے لیکن شیعہ سنی فساد کی سازش کامیاب نہیں ہونے دینگے۔ تحریک جعفریہ

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ سندھ نے جامع مسجد حسینی ملیر حسین آباد بم دھماکے اور تیرہ افراد کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ دہشت گردوں کو پولیس وانتظامیہ کی پشت پناہی حاصل ہے کیونکہ پولیس اسٹیشن سعود آباد جائے واردات سے چند قدم کے فاصلے پر ہے۔ ہر جمعہ کو پولیس نمازیوں کی حفاظت کیلئے انتظامات کرتی تھی لیکن اس جمعہ کو پولیس کا دُور دُور تک نام ونشان نہیں تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تحریک کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ امریکہ کے دو جاسوس قتل ہوئے تو کراچی سے اسلام آباد تک ایوانوں میں ہلچل مچ گئی امریکی تفتیش ادارے کے اہلکاروں کو آنے کی اجازت دیدی گئی پورے تھانے کو معطل کر کے ایک سب انسپکٹر کو گرفتار کرلیا گیا لیکن کراچی بم دھماکے کے تیرہ افراد سمیت ۲۵۰ افراد کے جاں بحق ہونے پر آج تک کوئی کاروائی نہیں ہوئی کسی پولیس/ انتظامی اہلکار کے خلاف کوئی قدم اُٹھایا گیا۔ جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کے ایما پر ہی معصوم شہریوں کا قتل عام ہو رہا ہے اور اپوزیشن کا شہر ہونے کے بناء پر کراچی اور اُسکے باشندوں کو سزا دی جارہی ہے۔

تحریک جعفریہ نے عہد کیا کہ اپنے شہدا کی لاشیں دن رات اٹھاتے رہیں گے لیکن شیعہ سنی فساد کرانے کی سامراجی واسلام دشمن سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ کراچی کے ٹیکسوں پر چلنے والی حکومت کو یہاں کے شہریوں کے دُکھ درد کا کوئی احساس نہیں امریکہ اس شہر کو تباہ کرنا چاہتا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

کراچی کی صورت حال سے حکومت کی ساکھ بُری طرح متاثر ہوئی بی بی سی لندن

(ریڈیو رپورٹ) بی بی سی نے ایک تبصرے میں کہا ہے کہ کراچی میں امن وامان کی روز بروز بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے حکومت پر نکتہ چینی کرنے والے عناصر سخت غصے میں ہیں۔

ملک کے اہم تجارتی شہر میں تشدد کی کاروائیوں کو شروع ہوئے ۵ ماہ ہوگئے ہیں ملک کی اہم تجارتی برادری اس شہر میں آباد ہے اور اُنہیں کچھ پتہ نہیں کہ کل اُن کے ساتھ کیا ہوگا بہت سے کاروباری افراد نے اضافی احتیاط تدابیر اختیار کی ہیں پھر بھی کوئی اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتا۔ ان حالات میں حکومت کی ساکھ بری طرح متاثر ہوچکی ہے۔

اعلیٰ پاکستانی حکام ان واقعات میں غیر ملکی ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہیں جس سے اُن کی مراد بھارت ہے مگر ایک کروڑ ۲۰ لاکھ آبادی شہر میں لوگوں کی ان باتوں سے تشفی نہیں کی جاسکتی۔ متعدد ایسی کاروباری شخصیات جنہیں کراچی میں اہم تصور کیا جاتا ہے اور جن کی بات بھی سنی جاتی ہے ان کا خیال میں اس مسئلے کی سب سے بڑی وجہ مقامی سیاسی مسائل حل کرنے میں ناکامی ہے اور بعض حلقے اس خبر کے بعد اور پریشان ہوگئے ہیں کہ پولیس افسر کو اس بناء پر معطل کیا گیا کہ اس نے ۲ مسلح دہشت گردوں کا پیچھا نہیں کیا۔ اس واقع کی وجہ سے مقامی پولیس کی اخلاقی حالت اور جرائم کے بڑھتے ہوئے رُجحان سے نمٹنے کی اس کی اہلیت کے بارے میں شکوک پیدا ہوگئے ہیں۔ اس فیصلے کا سب سے نقصان دہ نتیجہ یہ ہے کہ کراچی میں جرائم کی صورت حال کا دنیا بھر میں ڈھنڈورا پیٹا گیا ہے غیر ملکی اداروں میں کام کرنے والے مقامی حکام کا کہنا ہے کہ کراچی کی اِس وقت ساکھ یہ بن چکی ہے کہ اِسے ایشیا کا سب سے پرتشدد شہر تصور کیا جاتا ہے اور اس سے یقیناً غیر ملکی تجارت پر بھی اثر پڑے گا۔

امریکی قونصلیٹ کے ۲ اہلکاروں کے قتل کے بعد ان کاروباری حلقوں کیلئے پریشانی پیدا ہوگئی ہے جن کا خیال تھا کہ امریکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے اُنہیں بھی فیضیاب ہونے کا موقع ملے گا۔ وزیراعظم بے نظیر بھٹو آئندہ ماہ امریکہ کے دورے پر جارہی ہیں ان کے دورے کا مقصد پاکستان میں امریکی سرمایہ کاری میں اضافے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ مگر ان کے ناقدین کے مطابق اگر کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر نہ ہوئی تو ان کی کوشش بے سود رہیں گی۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملیر بم دھماکے کے باوجود شیعہ سنی اتحاد کا عملی مظاہرہ قابل تقلید ہے۔علامہ عرفان حیدر عابدی

کراچی (پ ر) اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن علامہ سید عرفان حیدر عابدی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شیعہ سنی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے اُنہوں نے جامع مسجد دربارِ حسینی ملیر میں بے گناہ نمازیوں پر بم کے حملے اور فائرنگ کے ہولناک واقعہ کی واشگاف الفاظ میں شدید مذمت کی ہے۔جامع مسجد دربارِ حسینی میں رات گئے شیعہ سنی افراد کے نمائندوں،علماء اور معززین سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اس قسم کے واقعات پوری دنیا میں عالم اسلام کی رسوائی اور تضحیک کا سامان پیدا کر رہے ہیں جسے ہم صرف اپنے عملی اتحاد اور نظم ضبط سے ہی ختم کر سکتے ہیں۔اُنہوں نے کہا کہ اس واقعہ کے بعد شیعہ سنی بلاتفریق امدادی کاروائیوں میں شریک ہوئے اور خون کا عطیہ دینے کیلئے قطاریں لگ گئیں۔

علامہ عرفان حیدر نے کہا کہ آج اتحاد کا یہ مظاہرہ نہ صرف کراچی بلکہ پورے پاکستان کیلئے ایک مثال ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا اور امید ظاہر کی کہ وزیراعلیٰ سندھ درندہ صفت قاتلوں کو گرفتار کر کے ایسی عبرت ناک سزائیں دیں گے جو پاکستان کی تاریخ میں ملک دشمنوں کیلئے عبرت کا نشان بن جائے۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ کے تعزیتی بیان اور فوری اقدامات کو ان کی قرض شناسی قرار دیا اور کہا کہ اس کی وجہ سے کراچی آج تاریخ کے حولناک تصادم سے بچ گیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

جناح اسپتال میں ہنگامی حالت کا اعلان

شہریوں نے شعبہ حادثات کا کنٹرول سنبھال لیا لوگوں نے بے دریغ خون کے عطیات دیئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع شرقی کے علاقے برف خانے کی جامع مسجد حسینی حسین آباد میں دھماکے کی اطلاع ملتے ہی جناح اسپتال میں ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا گیا اور ایمرجنسی شعبے میں لوگوں نے رضا کارانہ خدمات انجام دینے کیلئے کنٹرول سنبھالا جبکہ اسپتال کے مختلف شعبوں کے ڈاکٹرز فوری طور پر شعبہ حادثات میں پہنچ گئے۔

جناح اسپتال میں سب سے پہلا زخمی ڈھائی بجے لایا گیا جناح اسپتال کی سڑک پر اس کے میں گیٹ خالی رکھنے کیلئے رضا کاروں نے عام ٹریفک کو وہاں رکنے کی اجازت نہیں دی تیز ہوٹر بجاتی ہوئی ایمبولینسوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا تو اسپتال کے عملے نے خون کے عطیات کے بار بار اپیل کی جس پر وہاں موجود لوگوں نے بڑی تعداد میں بلڈ بنک جا کر خون کا عطیہ دیا اور خون کی کمی نہیں ہونے دی۔

زخمیوں کو ایک ساتھ تین تین اور چار چار خون کی بوتلیں دی جا رہی تھیں۔دھماکے میں جان بحق ہونے والوں کی لاشیں ایمرجنسی وارڈ کے ساتھ او پی ڈی میں رکھی تھیں جہاں بعض نامعلوم افراد نے لوگوں کو اُکسایا کہ ''پوسٹ مارٹم نہیں کرائیں گئے۔لاشیں یہاں سے لے جائیں گے جنانچہ ورثاء اپنے مقتولین کی لاشیں زبردستی ایمبولینس میں ڈال کر لے گئے۔

اس موقع پر موجود اسسٹنٹ پولیس سرجن ڈاکٹر عرفان سمیت دیگر ڈاکٹرز اور عملہ اُنہیں سمجھاتا رہا کہ پوسٹ مارٹم یا وجہ موت کا سرٹیفکیٹ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حاصل نہ کیا گیا تو اُن کو بعد میں پریشانی ہوگی وہ کچھ دیر رُک جائیں ہمیں قانونی کاروائی مکمل کرنے دیں مگر مشتعل ورثاء اور ان کے حمایتوں نے ان کی ایک نہ سنی اور وہ لاشیں اُٹھا کر لے گئے۔ اس طرح لے جائی جانے والی لاشوں کی تعداد پانچ ہے جو زخمی اسپتال جا کر زخموں کی تاب نہ لا کر جاں بحق ہوئے ان میں ۷ سالہ رخسانہ، ۳۵ سالہ باقر حسین، ۱۲ سالہ اظہار اور ۸ سالہ لالی شامل ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

ملکی سلامتی کیلئے جلد قومی حکومت تشکیل دی جائے۔ علامہ سید ساجد علی نقوی

حکومت درپیش خطرات اور چیلنجوں کا تنہا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ پریس کانفرس

لاہور (نمائندہ جنگ) تحریک جعفریہ کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا ہے کہ سیاسی فحاد آرائی معاشی اور سماجی بے چینی شدید ہوچکی ہے موجودہ حکومت درپیش خطرات اور چیلنجوں کا تنہا مقابلہ نہیں کرسکتی لہٰذا فوری طور پر قومی حکومت تشکیل دی جائے۔

قومی حکومت جتنی جلدی قائم ہوگی ملک کی سلامتی اور امن وامان کیلئے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ وہ جمعہ کو پریس کانفرس سے خطاب کررہے تھے اُنہوں نے کہا کہ ہم نے قاضی حسین احمد سے ملاقات میں یہ تجویز رکھی تھی کہ فرقہ واریت کے مسئلہ کو دینی جماعتوں کے اجلاس میں رکھا جائے اور اس کا کوئی حل نکالا جائے لیکن قاضی حسین احمد کی طرف سے کوئی ردِعمل سامنے نہیں آیا۔

جہاں تک ایک گروہ کی طرف سے ثالثی تجویز کا تعلق ہے اس پر ہمارا موقف یہ ہے کہ ہم فرقہ واریت میں کسی حوالے سے فریق نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود اس کے خاتمے کی ہر سنجیدہ کوشش میں تعاون پر تیار ہیں۔ اگر دینی جماعتوں کے اجلاس میں سپاہ صحابہ والے بھی آجائیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ تمام تر مشکل حالات کے باوجود تحریک جعفریہ کا مرکزی کنونشن ۱۸ اور ۱۹ مارچ کو جامعہ الرضا روہڑی میں ہوگا اُنہوں نے کہا کہ کراچی میں آج امام بارگاہ میں نمازیوں کے قتل سے قوم شدید صدمے سے دوچار ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

شیعہ سنی جھگڑا نہیں عالمی سازش کے تحت فسادات کرائے جارہے ہیں

اگر ہم متحد ہوجائیں تو کوئی دہشت گرد اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتا

بم دھماکے کے بعد شہریوں کے تاثرات سنی مساجد سے خون کے عطیات کیلئے اعلان کئے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کو توڑنے اور مسلمانوں کو کمزور کرنے کیلئے ایک بین الاقوامی سازش کے تحت کراچی میں دھماکے اور شیعہ سنی فسادات کرانے کی کوشش کی جارہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعہ کو جامع مسجد حسینی حسین آباد ملیر کے قریب دھماکے کے بعد لوگوں نے جنگ سے بات چیت کے دوران کیا۔ مظفر سبزواری نے بتایا کہ وہ دھماکے سے چند لمحے قبل مسجد سے باہر آئے اور اچانک زوردار دھماکہ ہوا۔ مسجد کے دروازے کے قریب دھوئیں کے بادل چھاگئے اس کے بعد زخمیوں کی چیخیں سنائی دینے لگیں زخمیوں کو اسپتال پہنچانے کے سلسلے میں فوری کاروائی عمل میں لائی گئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُنہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہمارے علاقے میں کبھی شیعہ/سنی فساد نہیں ہوا ایک طویل عرصے سے سب مل جل کر ساتھ رہتے ہیں۔ محمد سلیم نے بتایا کہ میں سنی ہوں لیکن دھماکے کے زخمیوں کو ہم نے اسپتال پہنچایا۔ سنی مساجد سے مسلسل خون کے عطیات کیلئے اعلانات ہو رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ کراچی کو بین الاقوامی سازش کے تحت تباہ کیا جا رہا ہے۔ مساجد اور امام بارگاہوں پر فائرنگ کے واقعات پیش آ رہے ہیں۔

فائرنگ کے واقعات میں غیر ملکی ایجنٹ ملوث ہیں جو شہر کا امن تباہ کر رہے ہیں اور پاکستان میں جب بھی کوئی جمہوری حکومت آتی ہے تو اُس کو ختم کرنے کے لیے اس قسم کے واقعات کرائے جاتے ہیں۔

مولانا طیب کاظمی نے بتایا کہ شہر میں امن وامان خراب کرایا جا رہا ہے کوئی شیعہ/سنی کا جھگڑا نہیں ہے غیر ملکی ایجنٹ پاکستان اور مسلمانوں کو کمزور کرنے کے لیے کراچی کو الگ کرنا چاہتے ہیں اور اپنے مقاصد کے لیے غیر ملکی قوتیں مذہبی اور لسانی گروہوں کے ارکان کو استعمال کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں ہر کام حکومت پر نہیں چھوڑ نا دینا چاہیے ہمیں اپنے فرائض بھی ادا کرنے چاہئیں اگر ہم متحد ہو جائیں تو کوئی دہشت گرد اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

اسپتال میں لواحقین کی آہ و بکاء خواتین دھاڑیں مار مار کر رو رہی تھیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جناح اسپتال میں جمعہ کو اُس وقت دلدوز مناظر دیکھنے میں آئے جب ضلع شرقی کے علاقے برف خانے کی جامع مسجد حسینی حسین آباد میں بم دھماکے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کو ایمبولنسوں کے ذریعے اسپتال لایا گیا۔

لواحقین کی آہ وبکا سے جناح اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ اس کے باہر نہایت غمگین ماحول تھا۔ وہاں موجود سوگوار ایک دوسرے کو تسلی دے رہے تھے۔ خواتین دھاڑیں مار مار کر بین کر رہی تھیں۔ اسپتال کے اندر یہ سوگوار ماحول تھا جس سے ہر شخص متاثر تھا اور اسپتال سے باہر احاطے میں لوگوں نے شیعہ سنی بھائی بھائی کے پرجوش نعرے لگائے اور دہشت گردی کے واقعات کی ذمہ دار حکومت کو قرار دیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۹۹۵)

ٹائم بم دیسی ساخت کا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامع مسجد حسینی میں ٹائم بم کے دھماکے کے بارے میں بم ڈسپوزل اسکوڈ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ چار پونڈ وزنی بم دیسی ساخت کا تھا اس کو موٹر سائیکل کے نیچے رکھا گیا تھا اور دھماکے کے لیے ''ٹائم سیٹ کیا گیا تھا۔ بم دھماکے کے نتیجے میں اس موٹر سائیکل کے ساتھ کھڑی ہوئی دو گاڑیوں کو بھی آگ لگ گئی جہاں بم پھٹا وہاں گڑھا پڑ گیا اور موٹر سائیکل کے پرخچے اُڑ گئے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

بم دھماکے سے دولہا اور براتی بھی زخمی ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بم دھماکے میں زخمی ہونے والوں میں ایک دولہا اور براتی بھی شامل ہیں۔ جو دوپہر کو شاہ فیصل کالونی نمبر ۵ سے نکاح کے بعد واپس آ رہے تھے۔ دولہا کے بھائیوں محمد عقیل اور محمد جمیل نے جنگ کو بتایا کے اُن کے بھائی شکیل کی جمعہ کو شادی تھی جو خراب حالات کی وجہ سے دوپہر کو رکھی تھی۔ رخصتی شام کو تھی۔ تمام براتی ایک پک اپ میں سوار تھے اُنہوں نے بتایا جب ہم امام بارگاہ کے قریب پہنچے تو اچانک زوردار

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دھماکہ ہوا جس میں دولہا شکیل اسکی بہن نگہت ریاض، بہنوئی ریاض احمد، ممانی قمر السناء، خالہ مریم، دوست آفتاب احمد اور موٹی کیمرے والا محمد ظفر زخمی ہوگئے۔

ریاض احمد، نگہت ریاض، قمر النساء اور خالہ مریم کو جناح اسپتال لایا گیا جہاں ریاض احمد، نگہت ریاض اور قمر السناء کو داخل کرلیا گیا۔ جبکہ دولہا شکیل، آفتاب اور محمد ظفر کو رضویہ سوسائٹی کے زین العابدین اسپتال لے جایا گیا۔ دولہا شکیل کے کان پر زخم آئے ہیں۔ زخمی آفتاب کو عباسی شہید اسپتال میں داخل کیا گیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۱ مارچ ۱۹۹۵)

مسجد اکبر میں فائرنگ سے 8 افراد کو ہلاک کرنے والے ملزم کا قتل پولیس نے مقتول کے ہونے والے بھنوئی کو گرفتار کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شاہراہ قائدین پر پی ای سی ایچ سوسائٹی بلاک ۲ کی مسجد اکبر میں گذشتہ سال دسمبر میں ۸ نمازیوں کو فائرنگ کرکے جاں بحق کرنے والے ایک مبینہ ملزم کو اُس کے ہونے والے برادر نسبتی نے قتل کردیا۔

تفصیلات کے مطابق خواجہ اجمیر نگری نے ملزم نسیم احمد کو جس نے اپنے ہونے والے بہنوئی مشتاق احمد کو جناح اسپتال کے عقب میں واقع بزرٹالائن میں قتل کردیا تھا گرفتار کرلیا ہے۔

پولیس کے مطابق ملزم کو جب علاقہ مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا تو اُس نے بیان دیا کہ اُس کے ہونے والے بہنوئی نے ایک دن اُس کے سامنے اعتراف کیا تھا کہ اُس نے اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ مسجد اکبر میں فائرنگ کرکے ۸ افراد کو جاں بحق کیا تھا۔ مشتاق احمد کے اس اعتراف پر وہ جذبات پر قابو نہ پاسکا اور اپنے ہونے والے بہنوئی کو قتل کردیا۔ ملزم کے اس اعتراف کے بعد مجسٹریٹ نے ملزم کو ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۶ مارچ ۱۹۹۵)

کراچی میں 6 خطرناک دھشت گردوں سمیت 300 افراد گرفتار

دہشت گردوں کا تعلق ایم کیو ایم حقیقی، ایم کیو ایم بلTNF سے ہے۔ ہوم سکریٹری کی بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تین ہزار سے زائد تربیت یافتہ دہشت گرد کراچی میں بم دھماکوں، مساجد پر حملوں اور قتل وغارت میں ملوث ہیں گذشتہ ۴۸ گھنٹوں کے دوران ان میں سے ۳۰۰ کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے گرفتار ہونے والوں میں ۶ خطرناک دہشت گرد بھی شامل ہیں۔ سابق ڈپٹی کمشنر سینٹرل کو سرکاری راز افشاء کرنے اور ایس ڈی ایم جمشید کوارٹر کو کرپشن کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ انکشاف پیر کی شام ہوم سیکریٹری سندھ ملک شاہد حامد نے اپنے دفتر میں پریس بریفنگ میں کیے اس موقع پر ان کے ساتھ آئی جی سندھ افضل شگری بھی موجود تھے۔

انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر پولیس نے ۶ لسانی فرقہ وارانہ گروپوں سے تعلق رکھنے والے ۳۰۰ افراد کو گذشتہ ۴۸ گھنٹوں میں گرفتار کیا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف موجودہ کریک ڈاؤن میں جرائم پیشہ افراد سے کوئی رعایت نہیں کی جائے گی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان گرفتار شدگان میں چھ خطرناک ملزمان فہیم احمد عرف فہیم کمانڈو، باسط خاں اور محمد انس کا تعلق ایم کیو ایم (حقیقی)، محمد شعیب کا تعلق ایم کیو ایم سے، ذاکر حسین دسمبر ۹۴ میں پی ای سی ایچ ایس میں واقع مسجد صدیق اکبر میں نمازیوں پر فائرنگ کا اصلی ملزم ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۴ مارچ ۱۹۹۵)

پکڑے جانے والوں کا تحریک جعفریہ سے تعلق نہیں، ساجد نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ کے قائد علامہ سید ساجد علی نقوی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جو لڑکے پکڑے گئے ہیں ان کا تحریک جعفریہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اگر کسی نے بھی یہ ثابت کیا کہ ان دونوں کو تعلق تحریک جعفریہ سے ہے تو ہم تحریک جعفریہ کو توڑ دیں گے۔

یہ امریکی سازش کے تحت مسلمانوں میں تفرق پھیلانے کی گھناونی سازش ہے دریں اثنا تحریک جعفریہ سندھ کے ایڈیشنل سکریٹری سید فدا حسین نے کہا ہے کہ مسجد صدیق اکبر سانحہ کے ملزم ذاکر کا تحریک جعفریہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور پہلے بھی اس کی وضاحت کی جا چکی ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۴ مارچ ۱۹۹۵)

گرفتار ہونیوالوں کا تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سے تعلق نہیں

ٹیلی ویژن کو ہرجانے کا نوٹس دیا جائیگا ترجمان ٹی این ایف جے

راولپنڈی (پ ر) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے ترجمان نے پیر کی شب پاکستان ٹیلی ویژن سے کراچی میں گرفتار ہونے والے دہشت گردوں کے بارے میں دی گئی خبر میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کا نام مبینہ طور پر غلط استعمال کرنے کی مذمت کی ہے۔

ٹی این ایف جے ہیڈ کوارٹر سے جاری ہونے والے ایک وضاحتی بیان میں ترجمان نے کہا کہ حکومت سندھ کے جاری کردہ نوٹی فکیشن کے حوالہ سے بی بی سی سے نشر ہونے والی خبر میں بھی اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ گرفتار ہونے والے ۶ دہشت گردوں میں سے تین کا تعلق ایم کیو ایم، ۲ تحریک جعفریہ (ٹی جے پی) اور ایک نے سپاہ صحابہ سے وابستگی کا اعتراف کیا ہے، جبکہ پاکستان ٹیلی ویژن نے تحریک جعفریہ (ٹی جے پی) کے بجائے گرفتار شدگان کا تعلق مبینہ طور پر تحریک نفاذ فقہ جعفریہ (ٹی این ایف جے) سے ظاہر کر کے ہماری تحریک کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی دانستہ کوشش کی ہے۔ جسکی پاکستان ٹیلی ویژن کو معذرت کرنا ہوگی۔

انہوں نے کہا کہ تحریک نفاذ جعفریہ خالص مذہبی تنظیم ہے جسکے سربراہ آغا سید حامد علی موسوی ہیں اور پورے ملک میں ٹی این ایف جے کو یہ واحد اعزاز حاصل ہے کہ آج تک کبھی کسی تخریبی سرگرمی میں اُس کا نام بھی نہیں آیا۔ ٹی این ایف جے کے ترجمان نے کہا کہ تحریک کی جانب سے پاکستان ٹیلی ویژن کو ہرجانے کا نوٹس دیا جائے گا۔ اس ضمن میں منگل کو ٹی این ایف جے کے مرکزی سیکریٹری قانون کی صدارت میں ہنگامی اجلاس طلب کرلیا گیا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۴ مارچ ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ محفل مرتضیٰؑ و محفل ابوالفضل عباسؑ:

کراچی کی دو مساجد میں دہشت گردی 20نمازی اور دیگر واقعات میں 5 افراد جاں بحق

ایک ہی کار میں سوار دہشت گردوں نے پی آئی بی کالونی اور سوسائٹی کی مساجد میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کی۔ مسجدِ ابوالفضل عباسؑ میں ۶ اور مسجد محفل مرتضیٰ میں ۱۴ افراد شہید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں نامعلوم سفاک قاتلوں نے ہفتے کو دو مساجد اور دیگر مقامات پر فائرنگ کر کے ۲۵ افراد کو ہلاک کر دیا۔ اطلاعات کے مطابق ایک کار میں سوار دہشت گردوں نے ہفتے کو نماز فجر کے وقت سوسائٹی اور پی آئی بی کالونی کے علاقوں میں دو مساجد میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کی۔ جس کے نتیجے میں محفل مرتضیٰ میں ۱۴ اور مسجد ابوالفضل عباس میں ۶ افراد شہید ہو گئے۔

سانحہ کی اطلاع کے بعد شہر میں کشیدگی پھیل گئی اور مختلف علاقوں میں ہوائی فائرنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ مشتعل نوجوانوں نے نعرے بازی کی اور سڑکوں پر ٹائر جلا کر ٹریفک معطل کر دیا۔ اسپتال میں شہدا کے لواحقین دھاڑیں مار کر روتے رہے اور متعدد خواتین شدت غم سے بے ہوش ہو گئیں۔

تفصیلات کے مطابق ہفتے کی صبح چند نامعلوم افراد ایک کار میں سوار ہو کر پی آئی بی کالونی کی مسجد ابوالفضل عباس پہنچے جن میں سے تین افراد گاڑی سے اُتر کر مسجد میں داخل ہوئے اور اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جسے مسجد کا مؤذن محمد حسین بلتستانی، حیدر علی مرزا، کامل حسین مرزا، باقر حسین مرزا، سرفراز حسین اور مجیب الحسن جعفری جاں بحق ہو گئے۔

عینی شاہدین کے مطابق فائرنگ کے وقت مسجد میں یہ ہی چھ افراد موجود تھے قاتل اس واردات کے بعد کار میں فرار ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق تین افراد موقع پر ہلاک ہو گئے تھے تین شدید زخمیوں نے اسپتال پہنچ کر دم توڑ دیا۔ ذرائع کے مطابق اسی کار میں سوار افراد ۷ بجکر ۵۰ منٹ پر پی ای سی ایچ ایس بلاک نمبر ۲ میں واقع مسجد محفل مرتضیٰ پہنچے اُس وقت مسجد میں موجود افراد ایک شخص کے کفن دفن کا انتظام کر رہے تھے۔

سفاک قاتلوں نے اُنہیں مسجد میں لائن سے کھڑا کر کے ان پر کلاشنکوف سے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ جس سے مسجد کے امام حجت الاسلام مولانا محمد ایوب صابری ٹریول ایجنسی کا مالک حمید علی بھوجانی، بشیر تقی، سید بلگرامی، منیر، قریبی فلیٹ کا چوکیدار شیر علی، رجب علی نام کے دو افراد، انور عباس، حسن، غلام محمد، محمد علی اور صفدر جاں بحق ہو گئے۔ جبکہ قاری محمد حسین اور عمران شبیر زخمی ہو گئے۔

فائرنگ کی آواز سن کر قریبی گھروں سے خواتین سمیت متعدد افراد موقع پر پہنچ گئے۔ جنہوں نے پرائیویٹ گاڑیوں اور ایدھی ایمبولینسوں کے ذریعے ہلاک اور زخمی افراد کو اسپتال پہنچایا۔ اسپتال میں ہلاک شدگان کے لواحقین ایک دوسرے سے گلے لگ کر دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے اور خواتین شدت غم سے نڈھال تھیں جبکہ کئی خواتین بے ہوش بھی ہو گئیں جنہیں فوری طور پر طبی امداد دی گئی۔ اس موقع پر ایک بچی بابا بابا کہہ کر چلا رہی تھی کئی زخمی اسپتال میں پہنچ کر جاں بحق ہوئے۔ اسپتال میں زخمیوں کو خون دینے کیلئے بھی لوگوں کی بڑی تعداد پہنچ گئی۔

ان واقعات کی اطلاع ملتے ہی تحریک جعفریہ کے رہنما اور شیعہ علمائے دین بھی بڑی تعداد میں پہنچ گئے۔ اس موقع پر مشتعل نوجوانوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے نعرے بازی کی تاہم بزرگوں کے سمجھانے پر پرامن ہوگئے۔

فائرنگ کے ان واقعات کی اطلاع شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی جس کے بعد مختلف علاقوں میں سخت کشیدگی پھیل گئی اور ہوائی فائرنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

آج کاروبار بند رکھا جائے۔ تحریک جعفریہ، 3 دن سوگ منانے اعلان

اخبار کے دفتر میں ہنگامہ آرائی سے اظہار لاتعلقی

کراچی (پریس ریلیز) تحریک جعفریہ سندھ کے ترجمان نے مقامی انتظامیہ کی طرف سے شہدا کے جنازے میں شرکت کیلئے آنے والے افراد پر بلاجواز فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے۔

ترجمان نے ایک بیان میں گورنر، وزیراعلیٰ، آئی جی سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے۔ اُنہوں نے تین روزہ سوگ منانے کا اعلان کرتے ہوئے تمام مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ تمام کاروبار بند رکھیں اُنہوں نے اس موقع پر تین روزہ سوگ کا اعلان کیا اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھیں، کالے جھنڈے لہرائیں اور مجالس ترحیم کا انعقاد کریں اور عید سادگی کے ساتھ منائیں۔ شہدا کا سوئم پیر کو ۴ بجے دن محفل شاہ خراسان میں ہوگا۔ (روزنامہ جنگ (کراچی) ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

مساجد میں مسلمانوں کے قتل عام کی ذمہ دار حکومت ہے۔ علامہ ساجد نقوی

مذہبی منافرت پھیلانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلا تاخیر کاروائی کی جائے

راولپنڈی (پ ر) تحریک جعفریہ کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی نے کراچی میں ۲۰ نمازیوں کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمران حکمرانی کے جواز سے محروم ہو چکے ہیں اور اُنہیں ملک وقوم کو تباہ کرنے کے بجائے گھر واپس چلے جانا چاہیے۔

اُنہوں نے کہا کہ مساجد میں مسلمانوں کا قتل عام کسی بھی گروہ نے کیا ہو اس کی ذمہ داری حکومت پر بھی عائد ہوتی ہے۔ جس کی نااہلی کے سبب قاتل ایک موت سے انسانیت سوز جرائم کر کے صاف بچ نکلتے ہیں اُنہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ کے مسئلے کا کوئی سیاسی حل تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے میں بری طرح ناکام رہی ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان کراچی کے ستم رسید عوام کو اُٹھانا پڑ رہا ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے بیانات اور بے اثر اقدامات سے فرقہ واریت کے فتنے کو مزید ہوا مل رہی ہے اور ملک برترین خانہ جنگی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ امن کی تبلیغ اور قانون پسندی پر مبنی طرز عمل کے جواب میں جو کاروائیاں کی جارہی ہیں اس سے اہل تشیع کے نقصان کے بجائے ملک کی کمر ٹوٹ رہی ہے اور ہمیں اس پر تشویش ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مذہبی منافرت پھیلانے والے عناصر کسی بھی رعائیت اور احترام کے مستحق نہیں اور ان کے خلاف کسی مصلحت اور تاخیر کے بغیر سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔

علامہ ساجد نقوی نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ شیعہ سنی فسادات کروانے کی سازش کو ناکام بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اُنہوں نے دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے روزہ داروں کے پسماندگان سے بھی تعزیت کا اظہار کیا۔

(جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مساجد پر حملوں میں شیعہ سنی نہیں، تیسرا گروہ ملوث ہے، علامہ حسن ترابی

قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا جاتا اس لیے ایف آئی آر درج کرانیکا کوئی فائدہ نہیں

محفل مرتضیٰ سے ۱۹ ایم ایم کارتوس کے خول ملے ہیں جو صرف سرکاری ایجنسیاں استعمال کرتی ہیں

امریکہ منصوبہ بندی کے تحت بعض تنظیموں کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے سیکریٹری جنرل نے کہا ہے کہ ملت جعفریہ کے خلاف اشتعال انگیز نعرے اور غیر اخلاقی حرکتوں کا سلسلہ ایک عرصے سے جاری ہے لیکن وفاقی یا صوبائی حکومت نے مفاد پرستوں کی ان کاروائیوں کو روکنے کیلئے اقدام نہیں کیا۔ وہ ہفتے کی شام تحریک کے آفس میں ایک پریس کانفرس سے خطاب کر رہے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

نماز جنازہ کے موقع پر پولیس کی فائرنگ قابل مذمت ہے

ملوث اہلکار گرفتار کیئے جائیں۔ علامہ حسن ترابی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نشتر پارک میں ہفتے کو ۲۰ شہدائے ملت جعفریہ کی نماز جنازہ کے موقع پر پولیس فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے تحریک کے صوبائی سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی نے اس اقدام کو غیر انسانی فعل قرار دیا۔ اُنہوں نے فائرنگ میں ملوث سرکاری اہلکاروں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

دھشت گرد کراچی میں شیعہ اور سنی کو لڑانا چاھتے ھیں۔ معراج محمد خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی محاذ آزادی کے سربراہ معراج محمد خان نے ہفتے کی صبح ہونے والے المناک واقعات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ شیعہ سنی فساد نہیں ہے بلکہ یہ دہشت گرد عناصر ہیں جو شیعہ سنی کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں ایک طرف جب ناٹو کے سربراہ اسلام کو یورپ کیلئے خطرہ قرار دے رہے ہیں اُس وقت کرائے کے یہ لوگ نفرتیں پیدا کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سندھ حکومت جان و مال کے تحفظ میں ناکام رہی ہے اسی لیے اخلاقی تقاضہ ہے کہ وہ مستعفی ہو جائے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

مدعی نھیں آیا مقدمہ درج نھیں ھوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیروز آباد اور نیوٹاؤن پولیس نے رات گئے تک پی ای سی ایچ ایس اور پی آئی بی کالونی میں فائرنگ کے واقعات جس میں ۲۰ افراد جاں بحق ہو گئے تھے کا مقدمہ درج نہیں کیا تھا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کمشنر کراچی کی قائم کردہ کمیٹی میں جلد شکایت درج کرائیں گے۔علامہ حسن ترابی

(اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی نے کہا ہے کہ مختلف مکاتب فکر کے رہنماؤں کے درمیان ضابطہ اخلاق طے کرنے کیلئے کمشنر کراچی کی جانب سے قائم کردہ علامہ عباس کمیلی، علامہ شاہ تراب الحق قادری اور مفتی نظام الدین پر مشتمل کمیٹی کا کوئی اجلاس اب تک نہیں ہوا ہے اور یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اب تک کمیٹی کو کسی جانب سے کوئی شکایت پیش نہیں کی گئی ہے۔تاہم ہماری جانب سے اس سلسلے میں جلد شکایت درج کرائی جائے گی۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

ہفتہ کی شب ہزاروں سوگواروں نے 19 شہدا کو سپرخاک کردیا

نماز جنازہ علامہ وزیری نے پڑھائی۔روزہ داروں کا قتل المیہ ہے علامہ ترابی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی دو مختلف مساجد ابوالفضل عباس اور محفل مرتضی میں نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے ۲۰ شہداء کی نماز جنازہ ہفتے کی شب نشتر پارک میں حجۃ الاسلام علامہ غلام علی وزیری کی اقتداء میں ادا کی گئی۔جس میں ہزاروں سوگواروں نے شرکت کی۔

پی آئی بی کالونی اور پی ای سی ایچ ایس کی مذکور مساجد میں فائرنگ سے ۲۰ جاں بحق ہونے کی خبر پورے شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور جاں بحق ہونے والوں کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے نشتر پارک میں لوگوں کی آمد کا سلسلہ ۳ بجے دن سے ہی شروع ہوگیا تھا۔تاہم ایم اے جناح روڈ پر پرانی نمائش سے گرومندر تک اچانک فائرنگ توڑ پھوڑ اور آتشزنی کا سلسلہ شروع ہوگیا اور آنسوگیس کی زبردست شیلنگ بھی ہونے لگی جس کے نتیجے میں محفل شاہ خراسان اور قرب وجوار کی گلیوں میں موجود افراد بھی تیزی سے نشتر پارک میں داخل ہوگئے۔نشتر پارک میں نماز جنازہ ادا کرنے والوں کیلئے مختلف تنظیموں اور مخیر حضرات کے جانب سے روزہ افطار کرنے کا مناسب اہتمام کیا گیا تھا۔

نماز جنازہ میں علامہ حسن ترابی، مولانا بلال سمائری، مولانا شیخ علی مدد، مولانا قاری ممتاز علی شریفی، مولانا شہاب الدین نجفی، مولانا مرزا یوسف حسین، مولانا حسین مسعودی، مولانا غلام علی وزیری، مولانا نعیم الحسن، مولانا سجاد وزیری، علامہ عباس کمیلی، حاجی سفر علی بنگش، شمس الحسن شمسی، ثروت رضوی، مظفر علی کرمانی، افتخار رضوی، ایس ایم حیدر خوجہ جماعت کے عہدے داروں اور ملت جعفریہ کی نمائندہ تنظیموں کے عہدے داروں اور ہزاروں سوگواروں نے شرکت کی۔

نماز جنازہ کے بعد ۲۰ میں سے ۱۹ شہدا کی میتیں گاڑیوں کے جلوس میں تدفین کیلئے نشتر پارک سے لے جائی گئیں۔جلوس جنازہ نشتر پارک سے براستہ سولجر بازار منگھو پیر روڈ، سائٹ، شیر شاہ اور بلدیہ ٹاؤن حب ریور روڈ سے ہوتا ہوا حب روڈ پر واقع قبرستانوں میں پہنچا۔جاں بحق ہونے والوں کو حسینی باغ، حیدری باغ اور خراسان باغ نمبر ۲ میں سپرد خاک کیا گیا جبکہ خوجہ شیعہ اثنا عشری جماعت کے صدر حمید علی بھوجانی کی تدفین اتوار کی صبح دس بجے ہوگی۔

قبل ازیں نشتر پارک میں سوگواروں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے علامہ حسن ترابی نے کہا کہ حکومت کی نظر میں نمازیوں کے خون کی کوئی اہمیت نہیں ہے اور مساجد کا احترام بھی حکومت اپنے لیے ضروری نہیں سمجھتی انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں روزہ داروں کا قتل المیہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کراچی جیسے شہر میں ۲۰ افراد کے جنازے اُٹھائے جا رہے ہیں لیکن ہم نے ہمیشہ کارکنوں کو پُر امن رہنے کی تلقین کی ہے اور قانون شکنی کا کوئی واقعہ ہماری جانب سے رونما نہیں ہوا یہ ہماری حب الوطنی کا واضح ثبوت ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ دہشت گرد نمازیوں کو شہید کر رہے ہیں شہر خون سے لال ہے اور حکمراں اقتدار کے نشے میں مست ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اپنی نااہلی تسلیم کرتے ہوئے مستعفی ہو جائے کیونکہ نااہل لوگوں کو حکومت کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی کے دورِ حکومت میں شیعہ مسلمانوں پر مظالم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

میت کو غسل دینے والے خود موت کی آغوش میں چلے گئے

تحریک آزادی کے کارکن آل حسن بلگرامی اور حمید علی بھوجانی میت کے کفن دفن کے انتظامات کر رہے تھے

نقاب پوش دہشت گردوں نے اُنہیں محفل مرتضیٰ کی مسجد کے اندر لے جا کر گولیوں سے چھلنی کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میت کو غسل دینے والے دہشت گردوں کی فائرنگ کا نشانہ بن کر خود موت کے آغوش میں چلے گئے۔ خوجہ پیرائی اثنا عشری جماعت کے صدر ۴۸ سالہ حمید علی بھوجانی اور ان کا چچا زاد بھائی انور عباس ہفتے کی صبح محفل مرتضیٰ میں اپنے قریبی عزیز کی میت کو غسل دے رہے تھے کہ دہشت گردوں نے اُنہیں مسجد کے اندر جا کر گولیوں سے چھلنی کر دیا اور ان میں تحریک آزادی کے کارکن سید آل بلگرامی جو کفن پہنانے میں مدد دینے کی غرض سے روک گئے تھے وہ بھی نقاب پوشوں کی فائرنگ کا نشانہ بن گئے۔

حمید علی بھوجانی کے برادر نسبتی محبوب علی پر جمعہ اور ہفتے کی درمیانی شب دل کا دورہ پڑا اُنہیں لے کر حمید علی بھوجانی اور انور عباس دیگر اہل خانہ آغا خاں اسپتال گئے۔ جہاں اُن کا رات ۳ بجے انتقال ہو گیا تو وہ محبوب علی کی میت کو غسل دینے کے لیے فجر کے وقت محفل مرتضیٰ پہنچے جہاں سے دیگر اہل خانہ اور خواتین کو حمید علی بھوجانی نے گھر بھیج دیا اور وہ خود میت کو غسل دینے کے لیے محفل مرتضیٰ میں روک گئے۔

حمید علی بھوجانی کی بیٹی نے ٹیلی فون پر بتایا کہ ہمیں اس اندوہناک واقعہ کی اطلاع ساڑھے دس اور گیارہ بجے کے درمیان ملی جب کوئی شخص انور عباس کا پتہ پوچھتا ہوا آیا اور اُس نے بتایا کہ محفل مرتضیٰ میں میت کو غسل دینے والوں کو مسجد کے اندر لے جا کر گولیوں سے چھلنی کر دیا گیا ہے اور تمام افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے ہیں۔ حمید علی بھوجانی کی بیٹی نے بتایا کہ انور عباس بھی میت کو غسل دینے میں مدد دے رہا تھا۔ حمید علی بھوجانی نے پسماندگان میں بیوہ، دو بیٹیاں، اور تین بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں ان کی ایک بیٹی شادی شدہ ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ محفل مرتضیٰ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والوں میں تحریک آزادی کے سپاہی سید آل حسن بلگرامی شامل ہیں جو حسب معمول فجر کی نماز ادا کرنے مسجد محفل مرتضیٰ گئے تھے جہاں نماز کے بعد محبوب علی کی میت کو کفنانے میں مدد دینے کے لیے رک گئے اور دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بن گئے۔

سید آل حسن بلگرامی دہلی کے نواب ابوالحسن بلگرامی کے صاحبزادے ہیں قیام پاکستان کے وقت وہ مسلم انسٹوڈینس فیڈریشن کے صدر تھے جس کے بعد وہ مسلم لیگ میں شامل ہو گئے تھے لیکن ۱۹۷۰ میں عوامی لیگ کے ٹکٹ پر فیڈرل بی ایریا سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن بھی لڑا تھا اور کراچی عوامی لیگ کے نائب صدر بھی رہے اُنہوں نے بیوہ، دو بیٹے اور دو بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں جبکہ ان کی پہلی اہلیہ کا انتقال ہو چکا ہے۔ سوئم کی قرآن خوانی ومجلس منگل ۲۸ فروری کو شام ۴ بجے امام بارگاہ مارٹن روڈ میں ہوگی۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صورتحال پر قابو نہ پایا تو سب سے بڑا صنعتی شہر کھنڈر بن جائیگا

فوری ملاقات کا وقت دیا جائے آرمی چیف کو فیڈریشن کا فیکس

لاہور (نمائندہ جنگ) فیڈریشن آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے آرمی چیف جنرل عبدالوحید سے کراچی میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ملاقات کا وقت مانگا ہے۔ ایک فیکس پیغام میں کہا ہے کہ اگر کراچی میں امن وامان کی دھماکہ خیز صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو ملک کا سب سے بڑا صنعتی شہر کھنڈر بن جائے گا اور غیر ملکی سرمایہ کاری تو دور کی بات ہے کوئی ملکی سرمایہ کار بھی اس علاقے کا رخ نہیں کرے گا۔

پیغام میں کہا گیا ہے کہ کراچی میں فروری کے مہینے میں دہشت گردی کا شکار ہونے والوں کی تعداد ۱۶۰ سے تجاوز کر گئی ہے اور عبادت گاہیں بھی محفوظ نہیں رہیں پیغام میں کہا گیا ہے کہ امن وامان کو موجودہ صورت حال کو زیر بحث لانے کے لیے فوری ملاقات کا وقت دیا جائے۔

یاد رہے کہ فیڈریشن ہاؤس میں کراچی بھر کی تجارتی تنظیموں اور سرکردہ تاجر رہنماؤں کا ایک ہنگامی اجلاس پیر کو دو بجے ہوگا جس میں امن وامان، سرمایہ کاری، ملکی اقتصادی صورتحال اور تاجر رہنماؤں کو درپیش خطرے کو زیر بحث لایا جائے گا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

محفل مرتضیٰ میں جاں بحق ہونے والوں کیلئے مجلس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دہشت گردوں کے ہاتھوں گذشتہ روز جاں بحق ہونے والے ۱۴ افراد کے ایصال ثواب کیلئے مسجد وامام بارگاہ محفل مرتضیٰ میں مجلس ہوئی جس میں فقہ جعفری سے تعلق رکھنے والوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ علماء اور خطیبوں نے اس واقعہ پر شدید غم اور غصے کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پولیس اور رینجرز نے سخت حفاظتی انتظامات کر رکھے تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

یوم سوگ میں مسلمانوں کی بھرپور شرکت

اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ ہے علامہ ترابی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی اور مولانا قاری ممتاز علی شریفی نے ایک مشترکہ بیان میں یوم سوگ میں مسلمانوں کی بھرپور انداز سے شرکت کو سراہا ہے اور کہا ہے کہ لوگوں نے بغیر کسی خوف وہراس اور دھونس ودھمکی کے رضا کارانہ طور پر اپنا کاروبار اور ٹرانسپورٹ بند کر کے عملی طور پر ثابت کیا ہے کہ وہ امریکہ اور اُسکے نمک خواروں دہشت گردوں کی سازشوں سے باخبر ہیں اور وہ ان کے عزائم خاک میں ملادیں گے اُنہوں نے کہا کہ ملت جعفریہ نے ۲۰ افراد کے جنازے اُٹھائے لیکن اپنے جذبات کو قابو میں رکھ کر خود کو پرامن قوم ثابت کیا۔ اُنہوں نے نماز جنازہ کے شرکاء پر پولیس اہلکاروں کے تشدد کی مذمت کی۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ قاتل اللہ کے عذاب سے نہیں بچ سکتے۔ آج بے گناہ مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے اور حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تحریک جعفریہ کی اپیل پر یوم سوگ منایا گیا

نماز عید کے بعد نماز استغاثہ ادا کی گئی

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ کی اپیل پر پورے پاکستان میں یوم عید کو یوم سوگ کے طور پر منایا گیا اور ملت جعفریہ کی طرح دیگر مکاتب فکر کے مسلمانوں نے بھی اس اپیل پر لبیک کہا۔

اس موقع پر کراچی میں مسجد وامام بارگاہ محفل خراسان، بڑا امام باڑہ کھارادر مسجد وامام بارگاہ عباس ٹاؤن مسجد وامام بارگاہ خیر العمل انچولی، مسجد جعفریہ نیو کراچی، مرکزی مسجد جعفر طیار سوسائٹی ملیر اور دیگر مساجد اور امام بارگاہوں میں نماز عید کے اجتماعات کے بعد نماز استغاثہ ادا کی گئی۔

کارکنان نے بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھیں اور اللہ تعالیٰ، رسول اکرمؐ اور امام مہدیؑ کے حضور فریاد کی گئی اور قاتلوں کی نابودی کیلئے دعا کی گئی۔ بعد ازاں شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی ومجالس ترحیم کا انعقاد کیا گیا جس کے بعد ماتم داری ہوئی۔

بعد ازاں صوبائی سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی، علماء کرام اور آئمہ مساجد اور کارکنوں کے جلوس کے ہمراہ شہداء کے گھروں پر گئے اور اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ایسے مناظر دیکھنے میں آئے جس سے یہ بات واضح ہوئی کہ شیعہ سنی مسلمانوں میں جذبہ رواداری پہلے سے بھی زیادہ ہے کیونکہ جب شہداء کے گھروں پر تعزیت پیش کی جارہی تھی تو مقامی افراد جن کا تعلق اہلسنت سے تھا دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے اور شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک تھے۔

اس کے علاوہ بعض جگہ عید گاہوں اور مساجد وامام بارگاہوں میں شیعہ اور سنی نوجوان مل جل کر نمازیوں کے تحفظ میں معروف تھے اس موقع پر مختلف مقامات پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی نے کہا کہ اگر سامراجی ایجنٹ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے نوجوان کو قتل کروا کر ہمیں شہید حسینی کی راہ سے ہٹایا جاسکتا ہے تو یہ ان کی بھول ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۶ مارچ ۱۹۹۵)

کراچی میں خون ریزی عالمی ذرائع ابلاغ کی لیڈ اسٹوری

معاملہ آنکھ کے بدلے آنکھ تک پہنچ گیا

مزید بے گناہ جانیں ضائع ہونے کا خدشہ CNN، دوردرشن اور BCC کا تبصرہ

واشنگٹن (ٹی وی/ ریڈیو رپورٹ) عالمی نشریاتی اداروں نے ہفتے کو کراچی میں دو امام بارگاہوں پر حملے اور ۲۰ افراد کی ہلاکت کی خبر کو لیڈ اسٹوری کے طور پر نشر کی۔ امریکی ٹیلی ویژن سی این این نے ۲۰ افراد کی ہلاکت کی خبر نشر کرتے ہوئے کہا کہ جنازے کے شرکاء کی سیکورٹی فورسز کے ہاتھ چھڑپ ہوئی مظاہرین حکومت کے خلاف نعرے لگا رہے تھے اور ہوائی فائرنگ جاری تھی جبکہ سیکورٹی فورسز نے جوابی فائرنگ نہیں کی۔

بی بی سی نے ٹیلی ویژن نے اپنی رپورٹ میں ۲۰ افراد کی ہلاکت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ انتہا پسند سنی اور شیعہ فرقوں میں اب دشمنی اس حد تک آگے چلی گئی ہے کہ معاملہ اب آنکھ کے بدلے آنکھ ہوگیا ہے۔ حالانکہ ماضی میں کراچی شیعہ سنی فرقوں کے درمیان اچھے تعلقات کیلئے مشہور تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیکن موجودہ صورت حال میں فرقہ واریت پر قابو پانا ایک مشکل اور لمبا کام ہے۔ اور ابھی اس بات کا امکان دکھائی دیتا ہے کہ مزید بے گناہ جانیں ضائع ہونگی۔ بھارتی ٹیلی ویژن دوردرشن نے کراچی میں گذشتہ رات فرقہ واریت کے نتیجے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۲۷ بتائی دوردرشن نے الزام لگایا ہے کہ پاکستان میں سنی فرقے کو مبینہ طور پر حکومت کی حمایت حاصل ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ فروری ۱۹۹۵)

مسجد محفل مرتضیٰؑ اور امام بارگاہ ابوالفضلؑ

کے واقعات پر مقدمات درج

قالین اور دیوار پر خون کے نشانات بدستور موجود تھے

امام بارگاہوں ابوالفضل کو دھو کر صاف کر دیا تھا

لواحقین میں سے کوئی مقدمہ درج کرانے نہیں آیا۔ ۲ دہشت گرد جینز اور شرٹس میں ملبوس تھے زخمی محمد حسین کا پولیس کو بیان کراچی (اسٹاف رپورٹر) ''میں ہفتے کی صبح سوا سات بجے نماز فجر کے بعد امام بارگاہ محفل مرتضیٰ کے دروازے پر کھڑا تھا کہ جینز اور شرٹس میں ملبوس دو مسلح افراد اچانک امام بارگاہ میں داخل ہوئے۔

انہوں نے امام بارگاہ میں موجود مجھ سمیت تمام افراد کو ہال میں دیوار کے سمت منہ کر کے کھڑا کر دیا پھر ان میں سے ایک شخص نے چیخ کر اپنے کسی ساتھی کو گاڑی اسٹاٹ کرنے کی ہدایت دی اور پھر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی ایک گولی دائیں ران اور دوسری بائیں کندھے پر لگی اور میں نیچے گر گیا فائرنگ کے بعد دہشت گرد فرار ہو گئے'' یہ بات جامعہ کراچی میں زیر تعلیم ۲۸ سالہ زخمی محمد حسین نے فیروز آباد پولیس کو اپنے بیان میں بتائی محمد حسین گلگت کا رہنے والا ہے وہ ہفتے کی صبح پی ای سی ایچ ایس بلاک ۲ میں واقع مسجد محفل مرتضیٰ میں سفاک قاتلوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہو گیا تھا۔ وہ غریب آباد اے بی سینا لائن کے مکان نمبر ۵۷ میں رہتا ہے اور اس وقت آغا خان اسپتال میں زیر علاج ہے۔

اس المناک واقعہ کا دوسرا زخمی عمران شبیر بھی آغا خان اسپتال میں زیر علاج ہے۔ ایس ایچ او فیروز آباد کے مطابق ہمیں ڈاکٹر نے زخمیوں سے مزید بیان لینے کی اجازت نہیں دی۔ زخمی جب صحت یاب ہونگے تو ہم انہیں مختلف ملزمان کی تصاویر دکھائیں گے ہوسکتا ہے وہ ان میں سے کسی کو شناخت کر لیں۔

اس کے بعد تفتیش مزید آگے بڑھے گی۔ فیروز آباد پولیس نے زخمی محمد حسین ولد محبت خان کے بیان پر نامعلوم افراد کے خلاف مسجد محفل مرتضیٰ میں فائرنگ، قتل اور اقدام قتل کے الزامات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں مقدمہ الزام نمبر ۹۵/۱۱۱ دفعہ ۳۰۲، ۳۲۴ درج کیا گیا ہے۔ جبکہ نیوٹاؤن پولیس نے امام بارگاہ ابوالفضل عباس میں چھ افراد کے جاں بحق ہونے کے الزام میں نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ نمبر ۹۵/۸۵ دفعہ ۳۰۱، ۳۰۲ سب انسپکٹر محمد اشرف کی مدعیت میں درج کر لیا ہے۔ یہ مقدمہ اسٹیٹ کی جانب سے نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا ہے کیونکہ پولیس کے مطابق امام بارگاہ ابوالفضل عباسؑ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کی جانب سے مقدمہ درج کرانے کوئی شخص نہیں آیا۔

نمائندہ جنگ اتوار کی شام افطار سے قبل محفل مرتضیٰ پہنچا تو وہ المناک سانحہ کے دوسرے روز بھی قالین اور دیواروں پر خون کے نشانات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے امام بارگاہ کی صفائی نہیں کی گئی تھی۔ امام بارگاہ کے باہر جاں بحق ہونے والوں کی چپلیں بھی جمع تھیں۔ جبکہ ہال کے اندر جاں بحق ہونے والے ۱۱۴ افراد کا خون قالین پر جم چکا تھا۔ سفاک قاتلوں کی فائرنگ کا نشانہ بننے والوں کے جسم کے چیتھڑے اڑ گئے تھے جو دیواروں اور چھت پر چپکے ہوئے تھے۔

امام بارگاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات تھی جو روزہ افطار کر رہی تھی ایک پولیس اہلکار نے بتایا کہ امام بارگاہ کی انتظامیہ نے ہمارے لیے افطاری کا انتظام کیا ہے۔ امام بارگاہ مسجد محفل مرتضیٰ میں نمازیوں کی تعداد عام دنوں کے نسبت کم تھی۔ ماحول پر اُداسی چھائی ہوئی تھی وہاں موجود ہر شخص رنجیدہ اور افسردہ تھا۔ بچے اور نوجوان جاں بحق ہونے والے افراد کے بارے میں تبادلہ خیال کر رہے تھے۔

امام بارگاہ ابوالفضل عباس کو دھو کر صاف کر دیا گیا ہے اور وہاں روزمرہ کی طرح چہل پہل تھی۔ نمازیوں کی تعداد میں کوئی بھی فرق نہیں آیا تھا۔ وہاں موجود خورشید صاحب نے جنگ کو بتایا کہ ہمارے علاقے میں کبھی بھی شیعہ سنی فساد نہیں ہوا اور ہمیں یہ امریکی سازش لگتی ہے۔

ایک دوسرے نمازی سید حسن عباس نے بتایا کہ میں مسجد ابوالفضل عباس میں اکثر فجر کی اذان دیتا ہوں ہفتے کو مجھے بخار تھا اس لیے میں تاخیر سے پہنچا اور فائرنگ سے محفوظ رہا خدا کو میری زندگی منظور تھی۔ محفل مرتضیٰ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے پیش امام علامہ محمد ایوب صابری نجف اشرف کے بہترین استاد تھے اُنہیں ۱۹۷۵ میں عراقی حکومت نے غیر ۳ عراقی قرار دے کر ملک سے نکال دیا تھا۔ جس کے بعد وہ کراچی میں آباد ہو گئے انہوں نے پسماندگاں میں ایک بیوہ اور پانچ معصوم بچے سوگوار چھوڑے ہیں۔ بشیر علی بھائی، علی بھائی موٹرز کے مالک تھے اور مدرسہ دارلعلوم حکمت کے سرپرست تھے۔

جاں بحق ہونے والے منیر اور صفدر رحیم یار خان کے رہنے والے تھے شیر محمد گلگت کا رہنے والا تھا۔ رجب علی ولد محمد بیگ، رجب علی ولد زوار اور شیر محمد محفل مرتضیٰ کے خدمت گار تھے۔ قمر حسین شاہ سرگودھا کا رہنے والا تھا محمد حسن چوکیدار تھا انور عباس ڈرائیور اور فرحت عباس کارڈیلر تھا۔ حمید بھوجانی کے چھوٹے بھائی شوکت علی بھوجانی اگست ۱۹۹۴ میں سولجر بازار میں قتل ہو چکے ہیں۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

شیعہ عید نہیں منائیں گے علامہ حسن ترابی

کولون (ریڈیو رپورٹ) تحریک جعفریہ کے سیکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی نے اعلان کیا ہے کہ ان کا فرقہ عید نہیں منائے گا روز عید بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھی جائیں گی اور ماتم کیا جائے گا۔

وائس آف جرمنی سے گفتگو کرتے ہوئے علامہ حسن ترابی نے کہا کہ وہ کسی ملک سے امداد نہیں لیتے یہ محض الزام اور پروپیگنڈہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ تحریک جعفریہ کے ۱۰۰ سے زائد ارکان بھی مارے گئے تو ہم احتجاج نہیں کریں گے اور نہ ہی ملت جعفریہ اپنے لوگوں کی ہلاکت کا انتقام کسی سے لے گی۔ سپاہ محمدؐ کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس تنظیم سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے اس کا قیام سے اہل تشیع کا چہرہ مسخ ہوا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۸ فروری ۱۹۹۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسجد ابوالفضل عباسؑ میں شہدا کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کیلئے لوگوں کی بڑی تعداد میں آمد، لوگ ایک دوسرے کو پرسہ دیتے نظر آئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی آئی بی کالونی میں واقع مسجد ابوالفضل عباس میں فائرنگ اور چھ معصوم نمازیوں کو شہید کیے جانے کے واقعے کے تیسرے روز شیعیان حیدر کرارؑ اپنے جذبہ ایمانی کا مظاہر کرتے ہوئے شہداء کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے دن بھر بڑی تعداد میں مسجد میں آتے رہے ان میں نوجوان، بچے، بوڑھے سب شامل تھے۔ جو ایک دوسرے کو پُرسا دیتے رہے۔

ہفتے کو سفاک قاتلوں کے ہاتھوں جاں بحق ہونے والے کی یاد تازہ کرتے رہے پرچم حسینیؑ کو بلند رکھنے اور شہدائے اسلام کے مشن کو جاری رکھنے کا عزم کرتے رہے۔ نہ ماحول پر کوئی خوف طاری تھا اور نہ ہی دہشت مسجد نمازیوں سے بھری ہوئی تھی۔

مسجد میں اب بھی شہدائے کے خون کے نشانات جگہ جگہ موجود ہیں اس واقعے کے بارے میں ایک عقیدت مند نے کہا کہ ہم جانثاران حسینؑ پہ عہد کرتے ہیں کہ ہم یزیدت کے آگے سر نہیں جھکائیں گے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۸ فروری ۱۹۹۵)

اداریہ: شرم تم کو مگر نہیں آتی

ہفتہ کے روز کراچی کے مختلف علاقوں میں ایک فرقہ کی دو مساجد میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ۱۲۱ افراد کے علاوہ فائرنگ کے دیگر واقعات میں ۶ افراد جاں بحق ہوگئے۔ ۲۷ ہلاک شدگان میں ۱۵ نمازیوں کو مسجد محفل مرتضیٰ میں ایک قطار میں کھڑا کر کے شہید کر دیا۔ جبکہ مسجد ابوالفضل عباس میں ۶ نمازی دہشت گردوں کا نشانہ بن گئے ۱۲۱ افراد کی تدفین سے پہلے نامعلوم افراد کے ایک ہجوم نے مزار قائداعظم کے سامنے ایک اخبار کے دفتر کو نذر آتش کر دیا۔

کراچی میں بے گناہ انسانوں کا قتل، مساجد اور امام بارگاہوں پر حملے خاص طور پر عبادت میں مصروف افراد کا قتل تشدد میں ایک ایسے عنصر کا اضافہ ہے جو اس سے پہلے موجود نہ تھا۔ اب کوئی دن خالی نہیں جاتا جب کراچی میں اس طرح بے گناہ انسانوں کا خون نہ بہتا ہو۔ بعض مقامات پر دہشت گرد اپنے گھروں اور مکانوں کے اندر بیٹھے ہوئے افراد کو بھی گولیوں کا نشانہ بنا رہے ہیں۔

شاید یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ کراچی میں دہشت گردوں اور تخریب کاروں کے ہاتھوں عوام جان و مال کے عدم تحفظ کا بری طرح شکار ہو چکے ہیں کیونکہ کیڑے مکوڑوں کی طرح انسانوں کا قتل کرنے والوں میں سے شاید ہی کوئی پکڑا گیا ہو اور اگر دہشت گردی کے جرم میں کوئی پکڑا گیا تو اس کے جرائم کی تفصیلات سے لوگ بے خبر ہیں اور کسی دہشت گرد کو آج تک عبرت ناک سزا نہیں دی گئی۔ جہاں تک کراچی انتظامیہ بالخصوص پولیس فورس کا تعلق ہے وہ ناکام نظر آتی ہے۔ ڈی آئی جی کراچی کا یہ اعتراف بڑا افسوسناک اور تشویش انگیز ہے کہ کراچی پولیس کا جاسوسی اور حفاظتی نظام کمزور ثابت ہوا ہے

خفیہ ایجنسیاں ٹھوس اور بروقت اطلاعات دینے میں ناکام رہی ہیں یہ امر انتہائی تشویش ناک ہے کہ ملک کا سب سے بڑا صنعتی مرکز آبادی اور مالیاتی وسائل کے اعتبار سے سب سے بڑا شہر دہشت گردی اور تخریب کاری کی آگ میں جل رہا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بے گناہ انسانوں کا قتل عام جاری ہے لیکن خفیہ ادارے بروقت اطلاعات فراہم نہیں کر پا رہے پولیس بری طرح ناکام نظر آتی ہے۔ اکثر تھانوں کے دروازے سرِ شام بند کر دیئے جاتے ہیں اور عوام کو محض حالات کے رحم وکرم پر رہ گئے ہیں جو صبح کام پر جانے کے لیے گھر سے نکلتے ہیں تو سہمے ہوئے بیوی بچوں کی آنکھوں میں خوف کے سائے لہرا رہے ہوتے ہیں۔ کسی کو گھر آنے میں ذرا سی دیر ہو جائے تو سب گھر والوں کے دل ان دیکھے اندیشوں سے بری طرح لرزنے لگتے ہیں۔

کوئی نہیں کہہ سکتا کب کوئی تیز رفتار گاڑی آئے گی اور معصوم لوگوں پر گولیوں کی بوچھاڑ کرتی ہوئی گزر جائے گی۔ اب تو دن رات اپنے پیاروں کے لاشے اُٹھاتے اُٹھاتے لوگوں کے بازو شل ہو رہے ہیں۔ غرض یہ کہ ایک کروڑ انسانوں کا یہ ہنستا بستا شہر کراچی جسے کچھ دیر پہلے تک روشنیوں کا شہر کہا جاتا تھا ظلم ودہشت کے اندھیروں میں اُٹھتی ہوئی آہوں اور سسکیوں کا شہر بنتا جا رہا ہے۔

عام لوگ اس بات پر سخت حیرت زدہ ہیں کہ اتنی زیادہ فورسز ہونے کے باوجود آج تک بے گناہ انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والا کوئی دہشت گرد پکڑا کیوں نہیں گیا اور اگر پکڑا گیا تو اُسے سزا کیوں نہیں دی گئی۔

غرض یہ کہ ایک عام قانون پسند شہری بالخصوص کراچی کی تجارتی اور صنعتکاری برادری کے ذہنوں میں یہ سوچ بڑی تیزی سے جڑ پکڑتی جا رہی ہے کہ ہو نہ ہو کسی بڑی سازش کے تحت ملک کے ساتھ کوئی بڑا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ الغرض ہر آنے والے دن کے ساتھ خوف اور مایوسی بڑھتی جا رہی ہے۔

خدارا اب تو عوام پر رحم کیجئے ورنہ کل خدا کی عدالت میں بے گناہ انسانوں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے دہشت گرد تو جواب دہ ہونگے ہی مگر حکمرانوں سے بھی سخت پوچھ گچھ ہوگی۔ یہ بات تمام متعلقہ فریقوں کو خاص طور پر اسلام آباد والوں پر واضح رہنی چاہیے کہ ایک دوسرے کے خلاف الزام در الزام کا کھیل بہت ہو چکا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۷ فروری ۱۹۹۵)

تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ کی رپورٹ سے اقتباس

کراچی، مملکت پاکستان کا سب سے بڑا شہر کراچی جو کہ پچھلے چند برسوں سے شیعیانِ حیدر کرارؑ کے لیے مقتل گاہ کا منظر پیش کر رہا ہے۔ یہاں اب تک ہونے والے تمام پُرتشدد اور بہیمانہ واقعات سے زیادہ سنگین اور دل ہلا دینے والا واقعہ مورخہ ۲۵ فروری ۱۹۹۵ء کو بوقت چھ بجے محفل ابوالفضل عباسؑ واقع پی، آئی، بی کالونی اور اس کے ڈیڑھ گھنٹے بعد یعنی ساڑھے سات بجے صبح محفل مرتضیٰ پی، ای، سی، ایچ، ایس میں وقوع پذیر ہوا۔ اس اندوہناک سانحے میں (۲۰) بیس مومنین کرام اندھا دھند فائرنگ سے شہید کر دیئے گئے ان واقعات کا علم ہوتے ہی تمام شہر میں کہرام برپا ہو گیا۔

تحریک جعفریہ صوبہ سندھ کے سیکریٹری جنرل اور دیگر عہدیداران وکارکنان فوراً جائے وقوعہ پر پہنچے اور شہداء کو ضروری کاروائیوں کے بعد شہر کے مختلف امام بارگاہوں میں تجہیز وتکفین کے لیے بھجوایا گیا شہر میں فرقہ وارانہ فسادات پھیلنے کے قوی امکانات نظر آنے لگے لیکن تحریک جعفریہ نے اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے فوراً تمام کارکنان کو حالات پُرامن رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہدایات جاری کیں ورثاء اور عمائدین قوم کی مشاورت سے پانچ بجے تمام شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ نشتر پارک میں ادا کرنے کے لیے انتظامات کیے گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہداء کی تجہیز وتکفین میں تاخیر کی بناء پر نماز جنازہ شام سات بج کر چالیس منٹ پر نشتر پارک میں مولانا غلام علی وزیری صاحب کی اقتداء میں ہزاروں مومنین نے ادا کی۔ تحریک جعفریہ کی صوبائی قیادت خصوصاً سیکریٹری جنرل صاحب نے اس قتل وغارتگری کو شیعہ سنی فسادات کرانے کی ایک مکروہ سازش قرار دیا لہٰذا انتہائی موثر انداز میں مومنین کو جذبات پر قابو پانے اور تحریک جعفریہ کے احکامات کی پابندی کے لیے آمادہ کیا۔

شام تین بجے سے نشتر پارک اور اسکے اطراف میں سوگوار اور مشتعل مومنین جمع ہونا شروع ہوگئے پانچ بجے شام تک نشتر پارک اور اس کے اردگرد سڑکوں پر مومنین بڑی تعداد میں جمع ہو چکے تھے۔ نشتر پارک کے مائک سے مومنین کو پُرامن رہنے اور جذبات کو قابو میں رکھنے کی ہدایت دی جاتی رہیں۔

علامہ حسن ترابی صاحب نے ابھی اپنی نشتر پارک کی تقریر میں (جو کہ کئی مرتبہ کی گئی) مومنین کو سامراجی سازش سے بہت ہی موثر طریقے سے آگاہ کیا اور اتحاد بین المسلمین کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کی تلقین فرمائی علامہ صاحب نے واضح کیا کہ یہ سنی شیعہ جھگڑا نہیں ہے بلکہ ان دونوں فرقوں کو آپس میں لڑوانے کی سازش ہے اور تمام مومنین نے عہد لیا کہ بیس تو کیا ہم مومنین کی قربانی روزانہ دیں گے لیکن دشمن کی سازش یعنی شیعہ سنی فساد نہیں ہونے دیں گے۔ ایسے نازک لمحات میں ان تقاریر اور ان ہدایات پر عمل کروانا ایک مجروح اور نازک موقع پر کامیاب رہی اور کوئی ایسا واقعہ رونما نہیں ہوسکا جس کو ردعمل (Reaction) کہا جاسکے۔

علاوہ اس کے کہ کچھ شرپسندوں نے قائداعظم کے مزار کے سامنے ایم اے جناح روڈ کو بند کروا کر چند گاڑیوں کو اور ''نوائے وقت'' کے دفتر کو جزوی طور پر نذر آتش کرنے کی کوشش کی یہ شرپسند جدید اسلحے سے لیس تھے اور اپنے چہرے چھپائے ہوئے تھے اطلاع ملتے ہی تحریک کے عہدیداران اور کارکنان موقعہ پر پہنچے اور ان شرپسندوں کو فرار ہونے پر مجبور کیا بعد میں صوبائی سیکریٹری جنرل صاحب نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ روزنامہ ''نوائے وقت'' کے دفتر کا دورہ بھی کیا اور مدیران کو یقین دلایا کہ ہمارا اس سانحہ سے کوئی تعلق نہیں ہے

تحریک کے اس جرات مندانہ اور بروقت صحیح موقف کو اگلے روز کے تمام اخبارات نے شہہ سرخیوں میں شائع کیا اور یہ تاثر تمام اہلیان کراچی پر بدرجہ اتم ثبت ہوگیا کہ شیعیان حیدر کرارؑ نے پورے ملک کو ایک سنگین سازش کا شکار ہونے سے بچالیا۔ بی بی سی نے بھی اپنی نشریات میں اس موقف کو پوری طرح اجاگر کیا اور تمام علمائے اسلام نے بھی ہمارے موقف پر ہمیں خراج تحسین پیش کیا کہ ہم نے شیعہ سنی فسادات کرانے کی اس ناپاک اور گھناؤنی سازش کو بروقت بھانپ کر اس کا سدباب کیا۔ اس موقف کی وجہ سے کراچی کے تمام مسلمان بلاتفریق مسلک تحریک جعفریہ کو ایک انتہائی موقع شناس وبرمحل معاملہ فہم اور متعدل محبّ وطن جماعت اور شیعوں کو قابل تحسین پیش کرتے ہوئے نظر آئے۔

سیکریٹری جنرل صاحب نے تدفین کے فوراً بعد پریس اور دیگر نشریاتی اداروں سے رابطہ کر کے تمام مسلمانوں سے عموماً اور شیعیان حیدر کرارؑ سے خصوصاً پرامن رہنے اور دشمن پر کڑی نظر رکھنے کی اپیل وہدایت کی جس کی وجہ سے ۲۷ رمضان المبارک کی شب یعنی اہل اسلام کی شب قدر کے اجتماعات بھی بغیر کسی تخریب کاری کے پُرامن منعقد ہوئے۔

تحریک جعفریہ کے جانب سے سیکریٹری جنرل صاحب نے ۳ دن یوم سوگ کا اعلان کیا اور اس اپیل پر لبیک کہتے ہوئے اگلے روز یعنی ۲۶ فروری ۱۹۹۵ کو پورے سندھ میں عموماً کراچی اور حیدرآباد میں خصوصاً پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بغیر کسی دھونس اور دھمک کے لوگوں نے اپنا کاروبار مکمل طور پر بند رکھا۔ کراچی میں تمام تعلیمی ادارے، بازار اور دیگر کاروباری مراکز مکمل طور پر بند رہے اور یہ تمام احتجاج بغیر کسی دباؤ کے عوام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے خود ہی رضا کارانہ طور پر کیا جو کہ تحریک کے بروقت فیصلوں کی پذیرائی پر دلیل ہے بی بی سی نے بھی گزشتہ دس سالہ تاریخ کی پہلی ہڑتال بغیر کسی دباؤ کے قرار دیا۔

صرف چند یوم کے بعد عید الفطر کا تہوار آنے والا تھا۔علامہ حسن ترابی نے تمام مسلمانوں سے عموماً اور ملت جعفریہ سے خصوصاً درخواست کی کہ اس سال عید الفطر یوم استغاثہ کے طور پر منائیں اس اپیل کو زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے پذیرائی دی اور تحریک جعفریہ نے یوم عید الفطر کا جو پروگرام مرتب کیا وہ یہ تھا کہ تمام مومنین اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں نماز عید الفطر کے بعد نماز استغاثہ ادا کریں آئمہ مساجد حالات پر روشنی ڈالیں اور عوام میں جذبہ شہادت بڑھائیں اور فلسفہ کربلا بیان کریں اس کے بعد ہر مساجد اور امام بارگاہ اور عیدگاہ میں نوحہ خوانی کی جائے اور شہداء کی ارواح کے لیے فاتحہ خوانی کی جائے ،اس کے بعد مومنین علماء کرام کی اقتداء میں شہداء کے گھروں پر جائیں اور ان کے ورثاء کو ہدیہ تبریک پیش کریں کہ خدا نے اس عظیم رتبے کے لیے ان کے خانوادہ کو منتخب کیا،تمام سندھ میں یکم شوال ۱۴۱۵ھ کو عید الفطر یوم استغاثہ وسوگ کے عنوان سے منائی گئی۔تحریک کی جانب سے دیئے گئے پروگرام کے مطابق مومنین جلوسوں کی شکل میں نماز عید نماز استغاثہ اور نوحہ خانی کے بعد شہداء کے گھروں پر گئے۔

اس سلسلے میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ ان جلوسوں میں اہل سنت کے افراد نے بھی شرکت کی اور شیعہ اور سنی مساجد پر حفاظتی اقدامات بھی اسلامیانِ کراچی نے مشترکہ طور پر انجام دیے عید الفطر کے دن علامہ حسن ترابی ،مولانا غلام علی وزیری، مولانا قمبر عباس اور دیگر علمائے کرام کی قیادت میں ایک بڑے جلوس نے انچولی سوسائٹی کے شہداء کے گھروں پر حاضری دی یہ تمام شرکاء جلوس با آواز بلند نعروں تکبیر،نعرہ رسالت،نعرہ حیدری،نعرہ صلوات شہادت شہادت سعادت ہے ہماری درسگاہ کربلا کربلا،قائد کے فرمان پر جان بھی قربان ہے اور خانوادوں سے ملاقات کے دوران ان کو تعزیت نہیں بلکہ مبارک باد پیش کر رہے تھے یہ مظاہرہ غالباً پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا اور انتہائی ایمان افروز تھا۔

اس موقع پر انچولی میں رہائش پذیر تمام شہداء کے گھروں پر حاضری دینے کے بعد جب علامہ حسن ترابی نے نیو کراچی جانے کا قصد کیا تو تمام شرکاء جلوس جو کہ ہزاروں پر مشتمل تھا جانے کا عزم کیا لیکن انہوں نے ان کو علاقہ کی کشیدگی کے پیش نظر روکا اور متعدد گاڑیوں کا ایک قافلہ تشکیل دے کر نیو کراچی، نارتھ کراچی، فیڈرل بی ایریا، سولجر بازار، اے بی سینیا لائن، پی ای سی ایچ ایس اور محمود آباد میں شہداء کے گھروں پر انتہائی حساس علاقے ہونے کے باوجود مبارک باد اور تحریک کے جذبات اظہار کرنے کے لیے بھیجا۔

اس موقع پر تمام شہداء کے لواحقین نے انتہائی شکر گزاری کا اظہار کیا ان شہدا کے خانوادوں کی خدمت میں تحائف اور دیگر نذرانے بھی پیش کیے گئے خصوصاً چند شہداء کے ورثاء کے بیانات انتہائی پُر اثر اور ایمان افروز تھے وہ شہادت کے لیے اپنے و دیگر افراد خاندان کو بھی پیش کر رہے تھے اور یہ کہتے ہوئے پائے گئے کہ ہم تو پیدا ہی محمدؐ وآل محمدؐ پر قربان ہونے کے لیے ہوئے ہیں دوران دورہ سیکریٹری جنرل صاحب نے مختلف مقامات پر خطاب بھی فرمایا اور مومنین کو صبر اور استقامت کی تلقین کے ساتھ ساتھ جذبہ شہادت کو اجاگر کیا۔

عید الفطر کے دوسرے اور تیسرے روز بھی یہ سلسلہ جاری رہا اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات کرنے کے لیے علامہ حسن ترابی نے جعفر طیار سوسائٹی اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا سیکریٹری مالیات مظفر علی کرمانی کی قیادت میں ایک علیحدہ جلوس نے بھی شہر کے دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور شہداء کے لواحقین کو مبارک باد پیش کی گئی لانڈھی کورنگی سٹی میں بھی تحریک کے عہدیداران نے مومنین کے ہمراہ شہداء کے گھروں پر حاضری دی اور مبارک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بادپیش کی۔ آخر میں ہم بزرگ وبرتر کے حضور سربسجود ہیں اور شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں اب تک عزم وہمت اور پامردگی سے ان پُرآشوب حوصلہ شکن حالات کا مقابلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی اور دست بدعا ہیں امام زمانہؑ کے حضور کہ وہ ہمیں صحیح اور بروقت فیصلہ کرنے کی، ہمت، حوصلے سے حالات کا مقابلہ کرنے اور دشمنانِ ملک وملت کا مقابلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائیں اور جلد از جلد اپنے ظہور سے عالم کو منوّر فرمائیں۔

(ص ۹۱۔۹۵ تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ رپورٹ اپریل ۱۹۹۳ تا مارچ ۱۹۹۵)

مساجد، امام بارگاہوں، جلسہ وجلوس میں اسلحہ لیکر چلنے پر پابندی

اشتعال انگیز تقاریر، بیان اور چاکنگ سے پرہیز کیا جائیگا، ضابطہ اخلاق پر شیعہ وسنی علماء کا اتفاق

کمشنر کراچی کی زیر صدارت اجلاس میں ۱۵ نکاتی ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کیلئے سہ رکنی کمیٹی کا قیام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لئے شیعہ وسنی مکتبہ فکر کے علما کے درمیان متفقہ ضابطہ اخلاق طے پایا ہے جس کے تحت مکاتب فکر کی جانب سے ایسی تقاریر، بیان یا چاکنگ نہیں کی جائے گی جس سے دوسرے فقہ کے لوگوں کی دل آزاری ہو جبکہ مساجد اور امام بارگاہوں میں اسلحہ رکھنے اور جلسہ گاہوں اور جلوسوں میں اسلحہ لے کر چلنے پر پابندی ہوگی۔ یہ ضابطہ اخلاق بدھ کو کمشنر کراچی کی زیر صدارت ایک اجلاس میں طے پایا جو تقریباً ساڑھے ۵ گھنٹے تک جاری رہا۔

اجلاس میں ۱۵ نکاتی ضابطہ اخلاق طے پایا جس پر عملدرآمد کے لئے سہ رکنی نگراں کمیٹی بھی تشکیل دی گئی۔ کمیٹی کے ارکان میں مولانا شاہ تراب الحق، مفتی نظام الدین اور علامہ عباس کمیلی شامل ہیں۔ اجلاس میں مولانا شاہ تراب الحق، حاجی حنیف طیب، قاری شیر افضل، مولانا اسعد تھانوی، حافظ احمد بخش، علامہ حسن ترابی، مولانا شبیر احمد اظہری، مفتی فیروز الدین ہزاروی، علامہ عباس کمیلی، سید صغیر حسین جعفری، محمد صدیق راٹھور، ممتاز علی شریفی اور طارق مدنی کے علاوہ ڈی آئی جی کراچی اور تمام ڈپٹی کمشنروں نے شرکت کی۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل نکات پر مشتمل ایک ضابطۂ اخلاق متفقہ طور پر منظور کیا گیا۔ عقائد کا اختلاف تمام مکاتب فکر میں موجود ہے تاہم ہر عالم، خطیب اپنے خطاب میں مثبت رویہ اختیار کرے گا تاکہ فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا نہ ہو، علماء، خطباء اور جماعتی رہنما اور مصنفین اپنی تقریروں اور تحریروں میں مختلف مکاتب فکر کے درمیان صلح، محبت رواداری اور افہام وتفہیم کا درس دیں گے اور اتفاق واتحاد کی تلقین کریں گے۔ کوئی فریق کسی دوسرے فریق کی دل آزاری اپنی تقاریر اور اپنے عمل سے نہیں کرے گا اور اشتعال انگیزی سے پرہیز کرے گا بصورت دیگر مروجہ قوانین کے تحت حکومت ان کے خلاف ضروری کاروائی کرے گی۔

حضور اکرمؐ، آئمہ اہل بیتؑ، اہل بیت اطہارؑ، امہات المومنینؓ، صحابہ کرام، تمام مجتہدین امت، اولیا کرام اور بزرگان دین جن کی مساعی جمیلہ اور توسط سے اسلام ہم تک پہنچا ہے کا ادب واحترام ملحوظ خاطر رکھیں گے۔ جمعۃ المبارک اور مجالس عزا، جلسوں یا جلوسوں میں دوران تقریر کوئی بھی فریق کوئی ایسی بات نہیں کرے گا جس سے کسی دوسرے فریق کی دل آزاری کا پہلو نکلتا ہو۔

مساجد اور امام بارگاہوں اور اسلحہ رکھنے اور جلسہ گاہوں وجلوسوں میں اسلحہ لے کر چلنے یا نمائش کرنے پر مکمل پابندی ہوگی۔ کراچی کے درد دیوار پر ایک دوسرے کے خلاف منفی یا کسی قسم کی چاکنگ پر مکمل پابندی ہوگی۔ جلسوں اور جلوسوں وعام طریقے سے فرقہ وارانہ اور دل آزار کتب،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لٹریچر، پمفلٹ، پوسٹرز ہینڈ بلز وبینرز کی اشاعت، تقسیم وترسیل نہیں کی جائے گی۔ پبلک مقامات پر فرقہ وارانہ اور اشتعال انگیز تقاریر پر مبنی کیسٹ رکھنے یا بجانے پر مکمل پابندی ہوگی اور ایسی کیسٹوں کی فروخت پر قانونی کاروائی کی جائے گی۔ غیر قانونی اسلحے کی بازیابی کیلئے بلا تخصیص انتظامیہ قانونی کاروائی کرے گی۔ کوئی فریق تشدد میں ملوث مجرموں کی اعانت یا ان کی پشت پناہی نہیں کرے گا اور ان کی نشاندہی کرے گا تا کہ متعلقہ قوانین کو بروئے کار لایا جاسکے

لاؤڈ اسپیکر کے بے جا استعمال سے گریز کیا جائے گا۔ اس کی آواز مساجد، امام بارگاہوں اور سامعین کی حد تک محدود رکھی جائے گی اور اس فرقہ وارانہ اشتعال انگیزی کیلئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ انتظامیہ کسی بھی فریق کی نشاندہی پر اشتعال انگیز تقاریر کرنے والے مقررین کی تقاریر ریکارڈ کر کے قانون کے مطابق کاروائی کرے گی۔ کراچی میں ہر فریق کی طرف سے نشان زدہ انتہائی اہم دینی مدارس، مساجد اور امام بارگاہوں کے تحفظ کے لئے انتظامات کئے جائیں گے بشرطیکہ ان کو فرقہ وارانہ مقاصد یا تشدد کے لئے استعمال نہ کیا جارہا ہو۔ شہر میں کسی قسم کا سانحہ پیش آنے کی صورت میں فریقین اشتعال انگیز اخباری بیانات سے گریز کریں گے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ دسمبر ۱۹۹۴)

سانحہ جعفر طیار

جعفر طیار سوسائٹی میں فائرنگ 3 افراد ہلاک

دو خواتین سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر سٹی کے علاقے جعفر طیار سوسائٹی میں فائرنگ کے نتیجہ میں ۳ افراد ہلاک اور ۲ ہلاک اور ۲ خواتین سمیت ۴ افراد زخمی ہوگئے۔ عینی شاہدین کے مطابق اتوار کی صبح مصلح افراد نے جعفر طیار سوسائٹی کے مختلف گھروں اور دو کانوں پر فائرنگ کی۔ جس سے کئی مکانوں کو شدید نقصان پہنچا۔

جس کے بعد وہاں کے لوگوں نے اپنے دفاع میں ہوائی فائرنگ کی تو مسلح افراد فرار ہوگئے تاہم اسی دوران رینجرز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی جس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر نوجوانوں کو پکڑنا شروع کر دیا۔

اس محاصرے کے دوران پھر فائرنگ ہوئی جس سے عصمت حسین عرف بھیا اور شبیر علی جان بحق ہوگئے اور محمد حسین، سید عابد علی، سید علی سعید، مسز فاطمہ اور مسز مبارک شدید زخمی ہوگئے۔ جنہیں فوری طور پر اسپتال پہنچایا گیا جہاں محمد حسین ولد باقر حسین زخموں کی تاب نہ لا کر دم توڑ گیا۔

جعفر طیار سوسائٹی کے مکینوں نے جنگ کو بتایا کہ رینجرز اور پولیس نے خواتین اور نوجوانوں پر بلا جواز فائرنگ کی۔ جس سے کئی بے گناہ افراد جاں بحق ہوگئے مکینوں نے مطالبہ کی کہ اس سانحہ میں ملوث پولیس اور رینجرز کے اہلکاروں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ دسمبر ۱۹۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پولیس نے جعفر طیار سوسائٹی کا محاصرہ کرلیا

خواتین پر فائرنگ کی گئی جنگ سے ٹیلیفون پر متعدد افراد کی شکایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتوار کی صبح سے جعفر طیار سوسائٹی سے ٹیلی فون کالوں کا تانتا بندھا رہا۔ جن میں زیادہ تر خواتین تھیں جنہوں نے بتایا کہ وہاں رینجرز اور پولیس نے پوری بستی کو گھیرے میں لے رکھا ہے اور فائرنگ جاری ہے خواتین نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ وہ باہر نکلیں تو اُنہیں بھی فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔

فون کرنے والوں نے بتایا وہاں بعض لوگوں نے صبح دوکانیں کھولنے کی کوشش کی جو بعض دوسرے لوگوں نے آکر بند کروائیں اس پر تنازع شروع ہوا تو رینجرز اور پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ خواتین نے شکایت کی کہ قانون کے محافظوں نے پرامن شہریوں کی مدد کے بجائے انہیں گولیوں کا نشانہ بنایا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ دسمبر ۱۹۹۴)

جعفر طیار سوسائٹی میں افسوسناک کاروائی

حکومت کی سرپرستی میں ہوئی ہے: علامہ ساجد نقوی

راولپنڈی (پ ر) تحریک جعفریہ پاکستان کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی نے جعفر طیار سوسائٹی کراچی میں رونما ہونے والے افسوسناک واقعات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے نہ صرف فرقہ وارانہ عناصر بے نقاب ہوئے ہیں بلکہ ہمارا یہ دعویٰ بھی درست ثابت ہوگیا ہے کہ حکومت اور پراسرار قوتیں ان عناصر کی سرپرستی کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ تمام کاروائی حکومت کی سرپرستی میں ہوئی ہے۔

جعفر طیار سوسائٹی کے شہدا کی نماز جنازہ شرکاء نے مقامی انتظامیہ کے خلاف نعرے لگائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفر طیار سوسائٹی کے شہدا کی نماز جنازہ مرکزی مسجد وامام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی میں مولانا بلال سمائری کی اقتداء میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں علامہ حسن ترابی، مولانا قاری ممتاز شریعتی، مولانا عباس کمیلی، مولانا حسن ظفر نقوی، شمس الحسن شمسی، ثروت مرزا، اقبال رضا، حدیر زیدی، شمشاد رضوی اور دیگر عہدیداروں اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ کراچی کے پانچوں اضلاع کے نمائندگان، یونٹ، زونل عہدیداروں کے علاوہ ماتمی انجمنوں کے نمائندگان بھی شریک ہوئے۔ شرکاء جنازہ نے مقامی انتظامیہ کے خلاف نعرے لگا رہے تھے بعد ازاں شہدا کو مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار میں سپرد خاک کردیا گیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ دسمبر ۱۹۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جعفر طیار سوسائٹی کے واقعہ کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن بنایا جائے

اس سانحہ کو شیعہ سنی فساد کا نام نہیں دیا جاسکتا ہے علامہ حسن ترابی، پریس کانفرس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ سندھ کے سکریٹری جنرل علامہ حسن ترابی نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے حالیہ واقعات سے یہ بات واضع ہوجاتی ہے کہ عوام کو بغاوت اور سرکشی کی ترغیب دے کر اس شہر کو امریکی سازش کے تحت ملک علیحدہ کرنے کی سازش پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

وہ پیر کو اپنے دفتر میں پولیس کانفرس سے خطاب کررہے تھے اس موقع پر قاری ممتاز شریفی، مولانا بلال سمائری، مولانا حسن ظفر نقوی، مولانا عباس کمیلی، صاحب علی شاہ، شمس الحسن شمسی، ثروت مرزا، اقبال رضا جناب زیدی اور شمشاد رضوی موجود تھے۔

علامہ حسن ترابی نے جعفر طیار سوسائٹی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے خطاب میں کہا کہ اس تمام خونی واقعہ کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن قائم کیا جائے۔ ۴۸ گھنٹوں کے اندر دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔ متعلقہ ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کو معطل کیا جائے اس ظالمانہ کاروائی سے جن افراد کو نقصان پہنچا ہے اور جو لوگ جاں بحق اور زخمی ہوئے ہیں اُن کے لیے معاوضے کا اعلان کیا جائے۔

انہوں نے اس واقعے کی پولیس رپورٹ کو من گھڑت قرار دیا انہوں نے کہا کہ اس واقعے کو شیعہ سنی فساد کا نام نہیں دیا جاسکتا ہے کیونکہ جب سنی علماء سے اس سلسلہ میں رابطہ کیا گیا تو انہوں نے واضع طور پر کہا کہ اس معاملے کا سنیوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

انہوں نے الزام عائد کیا کہ دہشت گردوں اور سرکاری اہلکاروں کے حملے سے علاقے کے مکانات کو شدید نقصان ہوا ہے۔ خواتین کی بے حرمتی بھی کی گئی۔ انہوں نے کہ کہ اس صورت حال کے پیش نظر علاقے کی خواتین نے سروں پر قران رکھ کر فریاد کی تو انہیں گولیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ جس کے نتیجے میں خواتین زخمی ہوگئیں۔ ان میں سے ایک خاتون کی حالت نازک ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ دسمبر ۱۹۹۴)

ملت جعفریہ کو تشدد کا نشانہ بنانا غیر مہذب عمل ہے۔ تحریک جعفریہ

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ پاکستان صوبہ سندھ اور مرکزی تنظیم عزا کے ورکنگ کمیٹی کے ترجمان نیئر عباس علوی نے اپنے ایک بیان میں موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کی انتظامیہ نے جس طرح سے دہشت گردوں کی مبینہ سرپرستی کی اور کھلے عام ملت جعفریہ کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا وہ ایک غیر مہذب عمل ہے۔

اُنہوں نے یہ بات واضع کی کہ تحریک جعفریہ صورتحال پر مکمل نظر رکھے ہوئے ہے اور ملت جعفریہ کی دیگر نمائندہ تنظیموں سے روابط ہیں اور ہم قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی کے حکم کے منتظر ہیں۔ اس کے بعد ہم اپنے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے اس کے علاوہ پاکستان چاروں صوبوں، قبائلی علاقہ جات، شمالی علاقہ جات اور آزاد کشمیر کے نمائندوں سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ ملکی سطح پر احتجاجی پروگرام مرتب کیئے جارہے ہیں کیونکہ انتظامیہ دہشت گردوں کو مکمل تحفظ فراہم کررہی ہے جس کی مثال کراچی میں ہنگامے ہیں جن میں قانون نافذ کرنے والوں کی موجودگی میں شیعہ آبادی پر حملے ہوئے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ دسمبر ۱۹۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ جعفر طیار میں ملوث اہلکاروں کو برطرف کیا جائے

انور علی اخونزادہ کی زیر صدارت اجلاس

کراچی (پ ر) تحریک جعفریہ سندھ کی کابینہ، کراچی ورکنگ کمیٹی اور تمام اضلاع کا اجلاس زیر صدارت مرکزی جنرل سیکریٹری انور علی اخونزادہ منعقد ہوا۔ جس میں ایک قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا گیا کہ جعفر طیار سوسائٹی کے سانحہ مبینہ طور پر ملوث ڈی ایس پی، ایس ایچ او، اور رینجرز کے اہلکاروں کو برطرف کیا جائے۔ مرکزی جنرل سیکریٹری نے اجلاس کے فوراً بعد اسپتال میں داخل زخمیوں کو عیادت کی۔ اُنہوں نے جعفر طیار سوسائٹی کا دورہ بھی کیا اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات کی۔

دریں اثنا ورکنگ کمیٹی کے ترجمان نے سوکوارٹرز کورنگی میں پچھلے دو ہفتے سے رونما ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور بے گناہ لوگوں کی گرفتاری پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دیانت داری سے کام لے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۹ دسمبر ۱۹۹۴)

دوفیصد طبقہ کراچی کے امن کو تہہ و بالا کرنا چاہتا ہے۔ مولانا بنوری

مولانا بنوری کی اقتداء میں نماز کی ادائیگی خوش آئند مستقبل کی نوید ہے۔ بی بی سی

لندن (ریڈیو رپورٹ) کراچی میں حضرت علیؑ کے جشن ولادت پر جشن مرتضوی کے نام سے منعقد تقریب پر تبصرہ کرتے ہوئے بی بی سی نے کہا کہ اس پروگرام میں شیعہ سنی اتحاد کے روح پرور مناظر دیکھنے میں آئے اس موقع پر سات آٹھ سو افراد نے جن کی اکثریت اہل تشیع کی تھی مولانا محمد بنوری الحسینی کی امامت میں نماز مغرب ادا کی جو ایک سنی عالم دین ہیں اور اتحاد بین المسلمین کے علمبردار ہیں۔

فرقہ وارانہ کشیدگی کے ماحول میں یہ واقعہ کراچی کے خوش آئند مستقبل کی نوید سناتا ہے۔ بعد میں مولانا محمد بنوری الحسینی نے بی بی سے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ''میں نے شرکاء سے گذارش کی۔ کراچی کی ۹۸ فیصد آبادی امن چاہتی ہے صرف ۲ فیصد طبقہ امن کو تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے اور وہ کبھی مذہبی اور کبھی کسی دوسرے عنوان سے کراچی کے امن کو تہہ و بالا کرنا چاہتا ہے۔

اگر ہم ایک دوسرے کی مساجد اور عبادت گاہوں کو تقدس فراہم کریں اور ایک دوسرے کے مسلک کو احترام سے دیکھیں تو یہ قضیہ نہیں اُٹھے گا لیکن المیہ یہ ہے کہ کچھ عناصر دونوں طرف پائے جاتے ہیں جو متنازعہ امور کی بنا پر کشیدگی بڑھاتے ہیں اور کچھ ایسے عناصر بھی ہیں جن کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہوتا وہ کبھی سنی مساجد پر حملہ آور ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں اشتعال پیدا ہوتا ہے اور وہ موسوم کیا جاتا ہے اہل تشیع کی جانب اور کبھی اہل تشیع کی مساجد یا ان کی عبادت گاہوں پر حملہ ہوتا ہے جو سنیوں کی جانب موسوم کیا جاتا ہے۔

اس صورتحال کے باعث کراچی جل رہا ہے اور یہ پروگرام ایک امید افزاء پروگرام تھا جس کے دوران اہل تشیع حضرات سے درخواست کی کہ وہ اسلام اور خاص طور پر اہل بیت کی تعلیمات کو مدنظر رکھ کر چلیں تو میں سمجھتا ہوں کہ انتہا پسندوں کے عزائم ناکام ہو جائیں گے۔ ایک سوال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے جواب میں اُنہوں نے کہا کہ ہمارے مدرسے کے جو ۳ بھائی طالب علم شہید ہوئے ہیں ان کے بارے میں میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا ہے کہ یہ نامعلوم دہشت گردوں کا شکار ہوئے ہیں اور ہم اس سلسلے میں کسی کو الزام نہیں دے سکتے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ دسمبر ۱۹۹۴)

(نوٹ: اتحاد بین المسلمین کا یہ عظیم داعی ۲ فیصد شر پسندوں کا نشانہ بن گیا اور ایک صبح اپنے مدرسے کے حجرے میں مردہ پایا گیا۔ مذکورہ تقریب کے انعقاد کے ایک روز بعد جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری کی وضاحت بھی قابل غور ہے)

''کراچی (پ ر) جامعۃ العلوم الاسلامیہ کی مجلس منتظمہ کا ایک ہنگامی اجلاس مہتمم جامعہ حضرات مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں مولانا محمد بنوری نائب مہتمم جامعہ کی ایک مخصوص فرقہ کی تقریب ولادت مرتضوی میں شرکت پر افسوس اور دکھ کا اظہار کیا گیا۔ جامعہ کی انتظامیہ اور پالیسی کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ اِن کا ذاتی فعل ہے۔ جامعہ کی انتظامیہ کا موقف وہی ہے جو تمام اہلسنت والجماعت کا ہے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ دسمبر ۱۹۹۴)

تحریک جعفریہ حسینی مشن سے دستبردار نہیں ہوگی، علامہ حسن ترابی

کراچی (نمائندہ خصوصی) تحریک جعفریہ سندھ کے جنرل سیکریٹری علامہ حسن ترابی نے مطالبہ کیا ہے کہ اہل تشیع نوجوانوں کا قتل عام بند کرادیا جائے اور شہید محمد حبیب، اعجاز رضا اور عدیل کے قاتلوں کو فوراً گرفتار کیا جائے۔

وہ ہفتہ کی شام صوبائی سیکرٹریٹ میں ہنگامی پریس کانفرس سے خطاب کررہے تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ اب صبر کی انتہا ہوچکی ہے اور مزید صبر کی گنجائش نہیں ہے اب اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا کیونکہ انتظامہ نے ہماری شرافت کو ہماری کمزوری سمجھ لیا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مبینہ دہشت گرد کھلے عام عزاداران حسینؑ پر حملہ آور ہوئے اور ہمارے تین ساتھی شہید اور تقریباً چھ افراد شدید زخمی ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان پولیس اور دیگر اہلکاروں کی موجودگی میں تحریک جعفریہ کے افراد کو تشدد کا نشانہ بنایا جس کی وجہ سے ہمارے کئی ساتھی شہید اور دیگر زخمی ہوئے۔ مساجد اور امام بارگاہوں پر حملے ہوئے۔

اُنہوں نے کہا کہ قتل وغارت گری ہمارا راستہ نہیں روک سکتی ہے۔ ہم کسی بھی صورت میں حسینی مشن سے دست بردار نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے تمام جلوس قانونی ہیں اور انتظامیہ کی طرف سے باقاعدہ اجازت نامہ حاصل کیا جاتا ہے اور ایک گروہ محرم الحرام کی آمد کے ساتھ ہی اہل تشیع کے خلاف زہر اُگل رہا تھا اور مسلسل دھمکیاں دی جارہی تھیں اس کے باوجود حکام اُن کی سازش سے بے خبر رہے۔ انہوں نے تحریک جعفریہ کے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ عزاداری سید الشہداءؑ کے تحفظ کیلئے اپنے آپ کو تیار رکھیں تاکہ باطل قوتوں کا منہ توڑ جواب دیا جاسکے۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی ۱۹ جون ۱۹۹۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلوسوں کی حفاظت کے لئے شہر کو فوج کے حوالے کیا جائے۔تحریک جعفریہ

۱۳افراد کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے،مجلس کی قرار دادیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک جعفریہ کے رہنما علامہ حسن ترابی نے ہفتہ کو نشتر پارک میں معتقد محرم کی ساتویں مجلس کے موقع پر منعقد قرار دادوں کے ذریعے ۱۳افراد کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ان شہداء کے قاتلوں کو جن کے نام ایف آئی آر میں درج ہیں فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے ۱۰محرم تک مرکزی جلوسوں کے علاوہ تمام چھوٹے بڑے جلوسوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے شہر کو فوج کے حوالے اور مساجد اور امام بارگاہوں کے احترام کو یقینی بنایا جائے۔مجالس وجلوس کے اختتام پر رات گئے گھروں کو واپس جانے والوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔شہدا کی نماز جنازہ اور تدفین کے سلسلے میں اعلان کیا گیا کہ اُنکے ورثاء کے مشورے اور قوم کے عظیم مفادات کے پیش نظر کور کمانڈر کراچی سے ملاقات کے بعد اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔

دریں اثنا علامہ طالب جوہری نے نشتر پارک میں ''دین اور شریعت کی عقلی تعبیر'' کے موضوع پر خطاب سے قبل ٹی وی سے کھیلوں کی خبریں ٹیلی کاسٹ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اگر ٹی وی انتظامیہ حسینؑ دوستی کا ثبوت نہیں دے سکتی تو دوسروں کے جذبات کو مجروح کرنے سے گریز کرے۔

بعد ازاں اُنہوں نے تین افراد کی ہلاکت کو وزیر اعلیٰ، گورنر سندھ اور انتظامیہ کی نااہلی قرار دیا اور کہا کہ اگر قاتلوں کو گرفتار نہ کیا گیا تو ہم نوجوانوں سے یہ کہنے پر مجبور ہونگے کہ دفعہ ۱۴۴ کی پروانہ کرتے ہوئے باہر آجائیں۔ہم اپنی حفاظت کرنا جانتے ہیں۔انتظامیہ کے محتاج نہیں۔اُنہوں نے توقع ظاہر کی کہ فوج کے اعلیٰ حکام اس مسئلہ کو حل کریں گے اُنہوں نے کہا کہ ہمیں جیل سے ڈرایا جارہا ہے حالانکہ شہادت ہماری میراث ہے۔

مجلس عزا میں علامہ حسن ترابی کے علاوہ قاری ممتاز شریعتی، علامہ عرفان حیدر عابدی، علامہ عباس کمیلی، مولانا عبدالحکیم بوترابی، مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، مظفر کرمانی، سید حسین حیدر اور سید افتخار شاہ شریک تھے جبکہ علامہ حسن ترابی، علامہ عرفان حیدر عابدی، علامہ عباس کمیلی اور مولانا عبدالحکیم بوترابی نے شرکاء مجلس سے خطاب کیا۔

مقررین نے کہا کہ شہدا کے خون کا ایک قطرہ بھی رائیگاں نہیں جائے گا قرآن مظلوم کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنا دفاع کرے اور بدلہ لے۔اس موقع پر تحریک جعفریہ پاکستان کے قائد علامہ سید ساجد علی نقوی کا پیغام دیا گیا کہ کراچی کے مومنین تنہا نہیں ہیں پورے ملک کے مومنین اُنکے ساتھ ہیں اگر ضرورت پڑی تو ۹محرم کو وہ ان کے ساتھ ہونگے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۹جون ۱۹۹۴)

''تمام مسلمان ہمارے بھائی ہیں ہم نے ملت اسلامیہ کو فرقوں میں تقسیم نہیں کیا مگر محمدؐ وآل محمدؐ کے دشمن ہمارے دشمن ہیں''

(علامہ طالب جوہری)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۰ محرم الحرام تک کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے

عزاداران پر حملہ آور، قتل کے اصل ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزائیں دی جائے

نشتر پارک کے مرکزی اجتماع میں منظور کردہ قرارداد میں مطالبہ، مومنین سے صبر وتحمل کی اپیل

کراچی (نمائندہ خصوصی) جلوس ہائے عزا کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دس محرم الحرام تک پورے شہر کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے ایف آئی آر میں درج ملزمان کو فوری گرفتار کر کے دہشت گردی کی عدالت میں مقدمہ چلا کر عبرت ناک سزائیں دی جائیں۔ مسجد صدیق اکبر اور بنوری ٹاؤن سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا جائے۔ دہشت گردوں کے سرپرستوں کو ۲ ماہ کے لیے نظر بند کیا جائے۔ جلوس عزا اور مجالس کے اختتام سے واپس ہونے والے مومنین کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

اس کا مطالبہ ہفتہ کی شام نشتر پارک میں مرکزی اجتماعی اجتماع میں منظور کردہ قرارداد میں کیا گیا۔ جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ تحریک جعفریہ سے تعلق رکھنے والے تین جوانوں کی شہادت کے باعث شہر بھر کی مجالس ملتوی کر کے نشتر پارک کی مرکزی مجلس عزا کو احتجاجی جلسے میں تبدیل کر دیا گیا۔ جلسے سے تحریک جعفریہ صوبہ سندھ کے سیکریٹری علامہ حسن ترابی، علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی، علامہ عرفان حیدر عابدی اور علامہ عبدالحکیم بوترابی نے خطاب کیا۔

مقررین نے امام بارگاہ باب العلم پر فائرنگ، ناگن چورنگی اور شارع قائدین پر عزاداران امام حسینؑ پر حملے کی مذمت کی۔ تین عزاداروں (شہید محمد حبیب پاروی، شہید سید وقار رضا اور شہید عدیل رضا) کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ استعماری ایجنٹ شیعہ سنی فسادات کے ذریعے امت مسلمہ کا شیرازہ بکھیرنا چاہتے ہیں۔ اُنہوں نے تمام مکاتب فکر سے اپیل کی کہ وہ یہودی اور ان کے ایجنٹوں کی سازش کو ناکام بنادیں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ عزاداروں پر حملے اور قتل کے اصل ملزمان کو گرفتار کر کے ان پر خصوصی عدالت میں مقدمہ چلا کر عبرت ناک سزائیں دی جائیں اور مساجد وامام بارگاہوں، جلوس ہائے عزا اور شعائر کی عظمت وحرمت اور احترام کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے اعلان کیا کہ رات کو منعقد ہونے والی مجالس اور جلوسوں کا اعلان نشتر پارک کی مجلس میں کیا جائے گا تاہم کوئی جلوس اور مجلس عزا ملتوی نہیں کی جائے گی اور اس میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مومنین سے اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل اور نظم وضبط کا عملی مظاہرہ کریں اپنے قائدین کے مشوروں پر عمل کریں کیونکہ ہر فیصلہ، لائحہ عمل اور راست اقدام عزاداری امام مظلوم کے عظیم تر مفاد میں ہوگا۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی ۱۹ جون ۱۹۹۴)

شیعہ علماء کے وفد کی کور کمانڈر سے ملاقات

کراچی (نمائندہ خصوصی) تحریک جعفریہ پاکستان کے تین کارکنان کی لاشیں جنہیں نارگن چورنگی اور شاہراہ قائدین پر مجلس واپسی پر فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا تھا جلوس کی شکل میں نشتر پارک لائی گئیں، جہاں علماء نے انتظامیہ کے خلاف سخت غم وغصہ کا اظہار کیا اس سلسلے میں سخت کشیدگی موجود تھی۔

ڈی سی سینٹرل حاجی محمد یوسف، ایس ایس پی علیم جعفری، کمشنر کراچی اور ڈی آئی جی کراچی نے علماء کے ایک گروپ کو گفت وشنید کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیے تیار کیا اور پھر علماء کے وفد کو لے کر ملیر گئے۔ جہاں علماء کے مطالبات پر غور کیا گیا۔ علماء کا مطالبہ تھا کہ محرم الحرام کے موقع پر ۸، ۹ اور ۱۰ محرم کو حکومت حفاظتی انتظامات فوج کے حوالے کردے، دوسری ایجنسیاں مددگار کی حیثیت سے کام کریں۔ اس سلسلے میں رات گئے تک اجلاس جاری تھا۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی ۱۹ جون ۱۹۹۴)

شہر میں فوج کا گشت، حساس مقامات پر پوزیشن سنبھال لیں

جی او سی سے شیعہ علماء کی ملاقات

امن وامان کیلئے تمام انتظامات کیئے جائیں گے میجر جنرل سلیم حیدر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی میں ہفتہ کو دو افراد کی ہلاکت کے بعد فوج نے شہر کے حساس مقامات پر گشت شروع کر دیا ہے۔ اور کسی بھی ناخوش گوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے حساس مقامات بالخصوص مجالس اور جلوس کے مقامات پر پوزیشنیں سنبھال لی ہیں۔

اس واقعہ کے بعد شیعہ علماء نے جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل سلیم حیدر سے ملاقات کی اور اُن سے درخواست کی کہ مجالس اور جلوس والی جگہوں کی حفاظت کیلئے فوج متعین کی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ سول انتظامیہ امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ شیعہ علماء نے جی او سی کو شہر میں امن وامان برقرار رکھنے میں اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ میجر جنرل سلیم حیدر نے علماء کو یقین دلایا کہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے تمام انتظامات کئے جائیں گے اور مجالس اور جلوس کے مقامات پر فوج تعینات کی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ وہ پُر امن رہیں اور کسی اشتعال میں نہ آئیں۔ اس ملاقات کے موقع پر کمشنر کراچی اور ڈی آئی جی کراچی بھی موجود تھے۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ جون ۱۹۹۴)

جس کی حسینؑ سے دشمنی ہے اُسکے ساتھ

ہماری دشمنی قیامت تک رہے گی، علامہ طالب جوہری

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاک محرم ایسوسیشن کے زیر انتظام نشتر پارک میں ''دین اور شریعت کی عقلی تعبیر'' کے عنوان سے ۸ ویں مجلس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ طالب جوہری نے کہا کہ ''وزیر اعلیٰ سندھ نے تمام مطالبات کے سلسلے میں بعض یقین دھانیاں کرائی ہیں اور امید ہے کہ وہ ان کو پورا کریں گے۔

انہوں نے کہا کہ اہل تشیع جھوٹے وعدے سننے کی عادی نہیں ہیں اور ہماری کسی کے ساتھ دشمنی نہیں ہے تاہم جس کی حسینؑ کے ساتھ دشمنی ہے اس کے ساتھ قیامت تک دشمنی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کی دعوت دی ہے تمام مسلمان ہمارے بھائی ہیں ہم نے ملت اسلامیہ کو فرقوں میں تقسیم نہیں کیا مگر محمدؐ وآل محمدؐ کے دشمن ہمارے دشمن ہیں۔

اُنہوں نے کہا کہ عقائد کو عقل سے مانا جائے اور شریعت کی پیروی کی جائے۔ عوام کو مجتہد کی پیروی کرنی چاہیے اور مجتہد کو امام کی پیروی کرنی چاہیے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام درحقیقت رسول اللہؐ کی پیروی کرتا ہے اور رسولؐ وحی الٰہی کی پیروی کرتا ہے۔اس موقع پر تحریک جعفریہ سندھ کے سکریٹری علامہ حسن ترابی، علامہ عرفان حیدر عابدی اور دیگر علماء بھی موجود تھے۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی ۲۰ جون ۱۹۹۴)

معرکہ کربلا اھل ولایت اور منکر ولایت کا ٹکراؤ ھے، علامہ طالب جوہری

ہم کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کے ساتھ ہیں، مسلمانوں کے مسائل کا حل اتحاد میں مضمر ہے۔نشتر پارک میں خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک محرم ایسوسی ایشن کے تحت نشتر پارک میں ''دین اور شریعت کی عقلی تعبیر'' کے موضوع پر محرم کی ۹ ویں مجلس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ طالب جوہری نے کہا کہ کربلا کا معرکہ اقتدار کی جنگ نہیں بلکہ اہل ولایت کا منکر ولایت کا ٹکراؤ ہے۔

ہم اتحاد بین المسلمین کے علمبردار اور کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کے ساتھ ہیں ملت اسلامیہ کا اتحاد مسلمانوں کو درپیش مسائل کا حل ہے۔ فلسطین، بوسنیا اور دیگر ممالک میں مسلمان جن مسائل سے دوچار ہیں ان کا حل بھی اتحاد اسلام کی تعمیر میں ہے اُنہوں نے کہا ہم کسی بڑی طاقت کے خلاف نہیں جیو اور جینے دو کے اصول پر یقین رکھتے ہیں۔تاہم بڑے ملک ہمارے معاشرے میں انتشار پھیلانا چاہتے ہیں اور ہمارے معاشرے کو تخریب کاری کا شکار بنایا گیا ہے۔

انہوں نے کہا ہم نے اپنا حق مانگا ہے۔ہم لاقانونیت کے قائل نہیں ہیں لیکن حقوق ادا نہ کرنا بھی لاقانونیت ہے۔ہم قانون کا احترام کرنا جانتے ہیں اور ہمیں اپنے مطالبات کو منوانے کا ڈھنگ آتا ہے۔مطالبات تسلیم کیئے گئے تو شکر گزار ہونگے۔

اُنہوں نے کہا ہم منبر سے بات کر رہے ہیں اور منبر سے جو کہا جاتا ہے سچ ہوتا ہے اور اگر ہمارے مطالبات پورے نہ ہوئے تو راست اقدام کریں گے۔مجلس میں تحریک جعفریہ پاکستان کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی، علامہ حسن ترابی، علامہ عباس کمیلی، علامہ عرفان حیدر عابدی، مولانا ممتاز علی شریفی، مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی اور دیگر علماء موجود تھے۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۲۱ جون ۱۹۹۴)

سانحہ گولیمار جسٹس آئی محمود کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی تحقیقات کریں گے۔

کراچی ۲۲ فروری (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس آئی محمود ۲۰ فروری کو کراچی میں ہونے والے فرقہ وارانہ جھڑپوں کی تحقیقات کریں گے۔حکومت سندھ کی درخواست پر قائم مقام چیف جسٹس جناب جسٹس آغا علی حیدر نے آج جسٹس آئی محمود کو تحقیقات کے لیے نامزد کیا ہے۔ان کا دائرہ کار یہ ہے۔

۔ان حالات کے اسباب کا تعین کرنا جس کے نتیجے میں تصادم ہوا۔ان افراد اور گروہوں کی نشاندہی جو جھڑپوں کیلئے اُکسانے کے ذمہ دار تھے۔اور اس بات کا جائزہ لینا کہ ان ہنگاموں سے بچنے اور ان پر قابو پانے کیلئے خاطر خواہ انتظامات کیئے گئے تھے یا نہیں،۔آئندہ اس قسم کی جھڑپوں ادارے کے خلاف حفاظتی انتظامات کی سفارش کرنا اور ٹریبونل جس قدر جلد ممکن ہو حکومت کو رپورٹ پیش کرے گا۔

(روزنامہ حریت کراچی مورخہ ۲۳ فروری ۱۹۷۸)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گولیمار میں ہنگاموں کی وجہ سیاسی ہوسکتی ہے ایس ایچ او کا بیان

ہنگامے کی ابتدا نعرے بازی سے ہوئی تھی۔ فائرنگ ۲ مقامات پر ہوئی

کراچی ۲۹ مارچ (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس آئی محمود پر مشتمل ٹریبونل نے سانحہ گولی مار کے اسباب کی تحقیقات کے سلسلے میں انچارج تھانہ گل بہار اعجاز حسین شاہ کا بیان قلمبند کیا اور سماعت یکم اپریل تک کیلئے ملتوی کردی۔ ٹریبونل کی معاونت ایڈووکیٹ جنرل سندھ جناب ظہور الحق کررہے ہیں جبکہ متاثرہ افراد کی پیروی سید اخلاق حسین اور جناب نقی مرزا ایڈووکیٹ کررہے ہیں۔

اعجاز حسین شاہ نے اپنے بیان میں کہا کہ میں نے ۵ فروری کو گلبہار تھانے کا چارج سنبھالا تھا۔ میں نے پہلے ہی محسوس کرلیا تھا کہ علاقے میں دونوں فرقوں کے لوگوں کے درمیان کشیدگی ہے۔ گواہ نے کہا کہ میں نے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے دونوں فرقوں کے نمائندوں کو ۷ اور ۸ فروری کو تھانے بلایا۔ ان افراد نے جلوس کے موقع پر تعاون کرنے اور امن اور امان قائم رکھنے کی یقین دھانی کرائی۔ اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنر ویسٹ جناب خالد سعید اور اسسٹنٹ سب مارشل ایڈمنسٹریٹر نے بھی دونوں فرقوں کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں گواہ نے کہا متوقع ہنگامے کے پیش نظر علاقے میں احتیاطی اور حفاظتی انتظامات کیئے گئے انچارج تھانے نے کہا کہ میرے پاس کوئی ایسی شہادت نہیں جس سے ثابت ہو کہ ہنگامے کی سیاسی وجوہات ہیں۔

تاہم گواہ نے کہا کہ ہنگامے کہ وجہ سیاسی ہوسکتی ہے۔ گواہ نے کہا کہ ہنگامے کی ابتدا نعرے بازی اور جوابی نعرے بازی سے ہوئی اس کے بعد ہنگامے نے شدت اختیار کرلی۔ گواہ نے کہا کہ ۱۶ اور ۲۰ فروری کو ہنگاموں کے دوران ۲۱ مقدمات درج کرے ان میں ۲۷ افراد کو گرفتار کیا گیا ان میں ۱۶۵ افراد کو ابتدائی پوچھ گچھ کے بعد شخصی ضمانتوں پر رہا کردیا گیا بقیہ سات افراد کے خلاف مقدمہ کا چالان عدالت میں پیش کردیا گیا۔

گواہ نے کہا کہ فائرنگ دو مقامات پر ہوئی چاقو زنی کی وارداتیں بھی ہوئیں جس کے نتیجے میں آٹھ افراد ہلاک اور گیارہ افراد زخمی ہوئے۔ نقصانات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے گواہ نے کہا کہ ۱۶ فروری کے ہنگامے میں ۱۸ دوکانوں اور مکانات کو نقصان پہنچا۔ جنہیں آگ لگانے کی کوشش کی گئی تھی جبکہ ۲۰ فروری کے ہنگامے میں گیارہ دوکانیں اور ۳۵ مکان جل کر تباہ ہوگئے اور ۱۳ مکانوں کو نقصان پہنچا۔ گواہ نے کہا کہ ۲۰ فروری کے بعد علاقے میں امن اور امان ہے۔

(روزنامہ حریت کراچی مورخہ ۳۰ مارچ ۱۹۷۸)

''بخدا آج مسئلہ کفر اور سنی کا نہیں، کفر اور شیعہ کا نہیں، کفر اور اسلام کا ہے'' (قائد شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گولی مار میں فرقہ وارانہ فساد کی سیاسی وجہ نہیں تھی،
سانحہ گولی مار کی تحقیقات ٹریبونل میں گواہ کا بیان

کراچی ۱۱ مئی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس آئی محمود پر مشتمل ٹریبونل نے سانحہ گولی مار کے اسباب کی تحقیقات کے سلسلے میں آج ایک گواہ کا بیان قلمبند کیا اور سماعت ۱۸ مئی تک کیلئے ملتوی کردی۔ آئندہ سماعت پر دیگر دو گواہوں کے بیانات بھی قلمبند کئے جائیں گئے۔

گواہ سید علی امام جعفری نے کہا کہ میں نے ۸ ربیع الاول کے جلوس میں شرکت کی تھی میں جلوس کے آخری حصہ میں تھا جہاں بیس پچیس پنجابی برادری کے شیعہ ماتم کررہے تھے۔ جب یہ جلوس گولی مار نمبر ۲ پر پہنچا تو شیعوں کی طرف سے معمول کے مطابق روایتی انداز کے نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر کچھ لوگ فٹ پاتھ پر کھڑے تھے اُنہوں نے بھی نعرے لگائے۔ گواہ نے کہا گولی مار نمبر ۲ پر فٹ پاتھ پر کھڑے افراد نے جلوس پر پتھراؤ کیا۔ گواہ نے کہا کہ میرے خیال میں دونوں فرقوں کے درمیان تصادم کی کوئی سیاسی وجہ نہیں تھی۔

(روزنامہ حریت کراچی مورخہ ۱۱ مئی ۱۹۷۸)

jabir.abbas@yahoo.com

"جس قوم کا حق ہے وہ اس کو دینا پڑے گا۔ اس میں اپنے اور پرائے کی تمیز اٹھا دینا پڑے گی ورنہ یہ اضطراب کبھی کم نہ ہوگا۔"

(علامہ سید محمد دہلوی)

"اپنے حقوق لینے کی خاطر ہم ہر مناسب اقدام کرنے میں آزاد ہیں" (علامہ مفتی جعفر حسین)

"مجالس امام حسین علیہ السلام کو زندہ رکھیں۔ ان مجالس کی برکت سے ہی ہمارے درمیان دین زندہ ہے"

(شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی)

ہم شیعہ ہیں اور ہمیں اپنے شیعہ ہونے پر نہ کل شرمندگی اور نہ آج ہے۔
کل بھی فخر تھا اور آج بھی فخر ہے۔ ہم ہر مسلک کا احترام کرتے ہیں اور اپنے حقوق برابری کی بنیاد پر چاہتے ہیں"

(شہید علامہ محمد حسن ترابی)

"ہم لاقانیت کے قائل نہیں ہیں لیکن حقوق ادا نہ کرنا بھی لاقانیت ہے۔ ہم قانون کا احترام کرنا جانتے ہیں
اور ہمیں اپنے مطالبات کو منوانے کا ڈھنگ آتا ہے" (علامہ طالب جوہری)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی منصفی ہے تو منصفو، مرا خون تم کو معاف ہے
نہ گواہیاں، نہ شہادتیں، مرا فیصلہ بھی سنا دیا

(خالد علیگ)

انصاف کے ایوانوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمیں تو انصاف اُس شخص کے ساتھ کرنا ہے جو اب زندہ نہیں، لیکن جس کی روح اب بھی انصاف انصاف پکار رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ اس کی موت کا بدلہ لیا جائے موت کے بدلے موت دی جائے اور سچ تو یہ ہے کہ موت کے بدلے موت رحم دلی کا تقاضہ بھی ہے"۔

(.....کی عرضداشت رحم پر وزارت قانون کی رائے سے اقتباس،
ص ۸۳ پاکستان انقلاب کے دہانے پر، روئیداد خان، اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، ۱۹۹۸)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سندھ میں انسداد دھشتگری کی عدالتوں میں مقدمات

کراچی میں مختلف مذہبی تنظیموں کے ۷۵ کارکن گرفتار ہیں جن کے خلاف دہشت گردی اور فرقہ وارانہ انتہا پسندی کے مقدمات درج ہیں ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیموں سپاہ صحابہ، جیش محمد، لشکر جھنگوی، حرکت الانصار اور جنداللہ وغیرہ سے ہے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس نے انسداد دہشتگردی کے ۱۷۶ مقدمات پیش کئے تھے جن میں سے ۹۳ مقدمات میں ملزمان کو سزائیں سنائی گئیں جبکہ ۸۳ مقدمات عدالت میں زیر سماعت ہیں۔

کراچی پولیس نے فرقہ وارانہ دہشتگری کی وارداتوں کے الزام میں کالعدم تنظیموں جنداللہ لشکر جھنگوی کے ۲۴ کارکن، سپاہ صحابہ کے ۱۸ کارکن، جیش محمد کے ۶ کارکن، خدام الاسلام کے ۴ کارکن، حرکت الانصار کے کارکن، (کل ۷۵ جن میں ۱۶ کارکن جن کی تفصیل اخبار نے نہیں دی ہے؟) کو گرفتار کر کے ان کے مقدمات انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں پیش کیئے تھے۔

عدالت	مقدمات میں ملزمان کو سزائیں سنائی	زیر سماعت مقدمات عدالت میں	کل
انسداد دہشت گردی خصوصی عدالت نمبر ۱	7	20	27
انسداد دہشت گردی خصوصی عدالت نمبر ۲	13	32	45
انسداد دہشت گردی خصوصی عدالت نمبر ۳	44	9	53
انسداد دہشت گردی خصوصی عدالت نمبر ۴	4	0	4
انسداد دہشت گردی خصوصی عدالت نمبر ۵	25	22	47
کل	93	83	176

(حوالہ روزنامہ جنگ کراچی ۶ جنوری ۲۰۰۵)

پاکستان میں دھشت گردی زیر التواء مقدمات

سینٹ کو جمعرات کے روز دہشتگردی کے زیر التواء مقدمات کی تفصیلات بتاتے ہوئے وفاقی وزیر قانون وصی ظفر نے کہا کہ سوا دو ہزار (۲۰۲۵) مقدمات گذشتہ چار سال سے زیر التواء ہیں اس صورت حال میں یہ توقع رکھنا کہ ملک سے دہشت گردی کا جلد خاتمہ کر دیا جائے گا ایک خوش فہمی ہوگی۔

اگر ایسے سنگین واقعات میں ملوث مجرموں کو جلد از جلد عبرت ناک سزائیں نہ دی جاسکیں اور سالہا سال ان کے مقدمات عدالتوں میں التواء رہیں تو اس سے ان کی حوصلہ افزائی یقینی امر ہے۔

(اداریہ، روزنامہ جنگ کراچی ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سندھ ہائی کورٹ : خود کش حملے کے ملزم کو 23 مرتبہ سزائے موت کا فیصلہ کالعدم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور مسٹر جسٹس سید محمود عالم رضوی پر مشتمل بینچ نے ۷ مئی ۲۰۰۵ کو مسجد حیدری میں خود کش دھماکہ کر کے ۲۳ افراد کو ھلاک اور ۱۹۸ افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں اے ٹی سی کی عدالت سے ۲۳ مرتبہ سزائے موت اور جرمانہ کے خلاف کالعدم لشکر جھنگوی کے گل حسن کی اپیل منظور کر لی، سرکاری وکیل کے دلائل دینے میں ناکامی پر ماتحت عدالت نے سزائے موت کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔ بری ہونے والے ملزم کی جانب سے محمد الیاس اور شوکت حیات ایڈوکیٹس نے پیروی کی جبکہ سرکار کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل حبیب احمد پیش ہوئے۔

محمد الیاس ایڈوکیٹ نے یہ موقف اختیار کیا کہ استغاثہ نے ۴۳ گواہ پیش کئے لیکن ان میں سے کسی نے بھی استغاثہ کی کہانی کی تائید نہیں کی۔ کسی گواہ نے یہ نہیں کہا کہ اس نے اکبر خان نیازی کو دیکھا تھا یا وہ دھماکہ کی جگہ کھڑا تھا اور نہ ہی کسی نمازی نے یہ کہا کہ بریف کیس سے دھماکہ ہوا ہے۔

گواہوں نے کہا کہ جمعہ کے روز کمپاؤنڈ میں کوئی گاڑی نہیں ہوتی۔ عدالت عالیہ نے سرکاری وکیل سے وضاحت مانگی کہ کیا استغاثہ یہ ثابت کرسکتا ہے کہ کیا اکبر خان خودکش حملہ آور تھا لیکن سرکاری وکیل اس سوال کا جواب نہیں دے سکے۔ الیاس خان نے کہا کہ جائے واردات سے اکبر خان کی یونیفارم کا ٹکڑا نہیں ملا اور نہ ہی کسی نمازی نے اس طرح کے شخص کو بریف کیس کے ساتھ مسجد میں آتے ہوئے دیکھا ہے۔ استغاثہ کیس ثابت کرنے میں بری طرح ناکام ہے اور استغاثہ یہ ثابت نہ کرسکا کہ کوئی لاش اکبر خان کی ہے۔ حبیب احمد نے کہا کہ تین عینی شاہدوں نے استغاثہ کی تائید کی ہے ماتحت عدالت کا فیصلہ بحال رکھا جائے۔ واضح رہے کہ گل حسن امام بارگاہ علی رضا میں خودکش دھماکہ کرانے کے الزام سے بھی بری ہو چکا ہے۔

(روزنامہ جنگ، ۲۵ اکتوبر ۲۰۰۷)

امام بارگاہ علی رضاؑ خودکش حملہ کیس، گل حسن کی سزا کالعدم

سنگین جرائم کے کیس محض مفروضوں پر طے نہیں کئے جاسکتے۔ سندھ ہائی کورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس محمد افضل سومرو اور مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری پر مشتمل اپلیٹ بینچ نے ۳۱ مئی ۲۰۰۵ کو مسجد و امام بارگاہ علی رضا میں خودکش بم دھماکے کے ذریعے ۲۲ افراد کو ہلاک اور ۲۹ افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں اے ٹی سی عدالت سے ۲۲ مرتبہ سزائے موت اور عمر قید وغیرہ کی سزاؤں کے خلاف کالعدم لشکر جھنگوی کے رہنما گل حسن کی اپیل منظور کر لی اور سزائیں کالعدم قرار دیں۔

عدالت نے کہا کہ سنگین جرائم جس میں سزائے موت تک دی جاسکتی ہے محض مفروضوں کی بنیاد پر طے نہیں کیئے جاسکتے۔ عدالت عالیہ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ استغاثہ الزام ثابت کرنے میں ناکام رہا ہے۔ استغاثہ نے ۴۰ گواہ پیش کیئے جس میں زخمی افراد، میڈیکل افسران اور پولیس اہلکار تھے۔ لیکن گواہوں نے ملزم کا ملوث ہونا ثابت نہیں کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استغاثہ نے الزام لگایا کہ خودکش بم دھماکہ کرنے والے محمد علی کھتری نے ملزم گل حسن سے ملاقات کی اور گلے ملا اور بریف کیس لے کر مسجد کے اندر چلا گیا۔ عدالت نے کہا کہ استغاثہ نے محمد علی کھتری اور گل حسن کا آپس کا کوئی تعلق ظاہر نہیں کیا۔ عدالت نے دو گواہوں مجاہد حسین اور اقبال حسین کی گواہی کو درست تسلیم نہیں کیا۔ جس میں کہا گیا کہ گل حسن اور محمد علی کھتری کو گلے ملتے ہوئے دیکھا تھا۔

عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ سنگین جرائم جس میں سزائے موت تک دی جاسکتی ہے محض مفروضوں کی بنیاد پر طے نہیں کئے جاسکتے ہیں عدالت نے کہا کہ ڈی این اے ٹیسٹ مشکوک ہے کیونکہ یہ بات ثابت نہیں کی گئی کہ خود موقع سے جو گوشت کے ٹکڑے اُٹھائے تھے وہ امام بارگاہ سے لیے گئے تھے ڈاکٹر نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ گوشت کے جو ٹکڑے بھیجے گئے تھے وہ سیل نہیں تھے بری ہونے والے ملزم کی پیروی مشتاق احمد ایڈوکیٹ نے کی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۸ مئی ۲۰۰۷)

کالعدم لشکر جھنگوی کے عبدالوہاب پر دو افراد کے قتل کا الزام تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کو مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور مسٹر جسٹس منیب احمد خان پر مشتمل اپیلٹ بینچ نے سبحان اللہ بیکری کے مالک غلام حسین سہراب اور باقر سہراب کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کے الزام میں کالعدم لشکر جھنگوی کے عبدالوہاب افغانی کی اے ٹی سی سے سزائے موت کے خلاف اپیل منظور کرلی اور سزا کالعدم قرار دیدی اور حکم دیا ہے کہ اگر بری ہونے والا ملزم کسی اور کیس میں ملوث نہیں ہے تو اُسے رہا کردیا جائے۔

اس مقدمے میں اے ٹی سی شاہ نواز عرف شانی اور شوکت کو پہلے ہی بری کرچکی ہے۔ درخواست گزار کی پیروی مشتاق احمد ایڈوکیٹ نے کی۔

(روزنامہ جنگ (کراچی) ۹ فروری ۲۰۰۷)

ھائی کورٹ کا فیصلہ: کالعدم سپاہ صحابہ کے مفتی شاھد کی عمر قید سزائے موت میں تبدیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور مسٹر جسٹس منیب احمد خان پر مشتمل اپیلیٹ بینچ نے گلشن اقبال میں ڈاکٹر رضا مہدی جعفری کو فائرنگ کرکے ہلاک کرنے کے الزام میں ماتحت عدالت سے سپاہ صحابہ کے مفتی شاہد حنیف کی عمر قید کی سزا سزائے موت میں تبدیل کردی جبکہ دوسرے ملزم خلیل کی سزائے موت بحال رکھی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۷ فروری ۲۰۰۷)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایرانی کمپنی کے مالک کا قتل: اکرم لاہوری بری، ساتھیوں کو سزائے موت

کمپنی میں دھماکہ خیز مواد پھینکنے کے جرم میں محمد اعظم کو عمر قید، عطا اللہ کو ۵ سال سخت قید کی سزا

آغا جوس کے مالک کے قتل کے الزام میں گرفتار کالعدم تنظیم کے ۱۲ ارکان بری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج حق نواز بلوچ نے فروری ۲۰۰۲ میں ایرانی ٹی کمپنی کے مالک رمضان کو فائرنگ کر کے ہلاک اور چار ملازمین احسان علی، محمد فردوس، ناصر حسین اور خادم حسین کو زخمی کرنے کے الزام میں کالعدم لشکر جھنگوی کے سالار محمد اجمل عرف لاہوری اور ملک تصدیق کو بری کر دیا۔ جبکہ ان کے ساتھیوں محمد اعظم اور عطا اللہ کو سزائے موت جبکہ ٹی کمپنی میں دھماکہ خیز مواد پھینکنے کے الزام میں محمد اعظم کو مزید عمر قید، چار افراد کو زخمی کرنے کے الزام میں عطا اللہ کو پانچ سال قید سخت اور ملزمان کو دو دو لاکھ روپے دیت دینے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے ملزمان کی جائیداد ضبط کرنے کا حکم دیا ہے۔ سرکار کی پیروی مظہر قیوم جبکہ ملزمان کی پیروی ایم آر سید ایڈوکیٹ نے کی۔

دریں اثنا انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج حق نواز بلوچ نے ۲۰۰۲ میں رضویہ سوسائٹی (تھانے) میں آغا جوس کے مالک آغا عباس کو فائرنگ کر کے ہلاک کرنے کے الزام میں ملوث ملزم کالعدم لشکر جھنگوی کے اعظم اور عطا اللہ کر بری کر دیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۱۸ جنوری ۲۰۰۷)

قتل کے مقدمے میں: سزائے موت کے خلاف کالعدم تنظیم کے کارکنوں کی اپیل مسترد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور جسٹس یاسمین عباسی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے ۲۶ جون ۲۰۰۱ کو سولجر بازار کے ڈاکٹر محمد رضا پیرانی کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے الزام میں اے ٹی سی سے سزائے موت کے خلاف کالعدم لشکر جھنگوی کے عطا اللہ اور محمد اعظم کی سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کر دی اور ماتحت عدالت کا فیصلہ بحال رکھا۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۱۸ نومبر ۲۰۰۶)

سندھ ہائی کورٹ: کالعدم تنظیم کے دو کارکنوں کی سزائے موت کالعدم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور جسٹس یاسمین عباسی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے یکم ستمبر ۲۰۰۱ کلفٹن پر مذہبی اسکالر حامد علی رضوی کو فائرنگ کر کے ہلاک کرنے کے الزام میں کالعدم لشکر جھنگوی کے عطا اللہ اور محمد اعظم کی اے ٹی سی سے سزائے موت کے خلاف اپیل منظور کر لی۔ سزاؤں کو کالعدم قرار دے دیا۔ اپیل کنندہ کی جانب سے مشتاق احمد اور عبدالرشید نظامانی ایڈوکیٹس نے یہ موقف اختیار کیا کہ مقدمے کے چشم دید گواہ صادق شاہ اور کرم الٰہی کی موقع پر موجودگی شک وشبہ سے بھری ہوئی ہے شناختی پریڈ ۱۱ ماہ بعد ہوئی۔ گواہوں کے بیانات میں تضاد سے استغاثہ کا یہ دعویٰ کہ چشم دید گواہوں کے بیانات موقع پر لکھے گئے تھے لیکن ان کے نام ایف آئی آر میں درج نہیں کیئے گئے۔

استغاثہ یہ بات ثابت کرنے میں ناکام رہا ہے کہ اپیل کنندہ کا لشکر جھنگوی سے ہے۔ قتل کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی ہے۔ پولیس نے اُنہیں جھوٹے واقعے کے چشم دید گواہوں نے ملزمان کو شناخت کیا ہے ماتحت عدالت کا فیصلہ درست ہے۔ اُسے بحال رکھا جائے۔ عدالت نے ایک دن کی سماعت کے بعد مقدمے کا فیصلہ سنا دیا۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۱۴ نومبر ۲۰۰۶)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام بارگاہ فائرنگ کیس: ایک ملزم کی عمر قید ختم دوسرے کی برقرار

حکومت نے کالعدم سپاہ صحابہ کے دلاور اور سعید کی سزائیں بڑھانے کیلئے ہائی کورٹ میں اپیل کی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور جسٹس یاسمین عباسی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے اکتوبر ۹۹ میں امام بارگاہ الفلاح مسجد حر میں فائرنگ کر کے ۱۰ نمازیوں کو ہلاک کرنے اور آٹھ کو زخمی کرنے کے الزام میں اے ٹی سی سے عمر قید کی سزاؤں کے خلاف کالعدم سپاہ صحابہ کے دلدار عرف دلاور کی اپیل منظور کر لی۔ سزا کالعدم قرار دیدی۔ جبکہ ملزم سعید عرف کالیا کی اپیل مسترد کر دی۔ سزا بحال رکھی۔ تاہم جرمانہ کی رقم دو لاکھ روپے سے کم کر کے ایک لاکھ روپے کر دی۔

عدالت نے دونوں اپیل کنندہ کی سزائیں بڑھانے کیلئے سرکار کی اپیل مسترد کر دی۔ فائرنگ کا صرف ایک چشم دید گواہ الطاف تھا۔ اس نے مجسٹریٹ کی عدالت میں شناختی پریڈ میں ملزم سعید عرف کالیا کو شناخت کیا تھا کہ اس نے مسجد میں فائرنگ کی تھی۔ جبکہ ملزم دلدار عرف دلاور کو شناختی پریڈ میں شناخت نہیں کیا تھا۔ اس لیے اُسے شک کا فائدہ دے کر بری کر دیا اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل محمد قاسم جت نے اپنے دلائل میں یہ موقف اختیار کیا کہ چشم دید گواہ الطاف حسین کے بعد کیس ثابت ہوگیا ہے۔ ملزمان کی اپیل مسترد کی جائیں اور عمر قید کی سزائیں بڑھا کر سزائے موت دی جائے۔

فائرنگ سے جو نمازی ہلاک ہوئے اس میں سید اعجاز حسین، تقی حسین کاظم، جمشید، حیدر عباس، ذوالفقار حسین تقوی، نذیر احمد، امجد علی، محمد نواز اور امتیاز حسین شامل ہیں۔ فائرنگ میں ۱۸، افراد زخمی ہوئے تھے۔ بری ہونے والوں کی پیروی ایم آر سید ایڈوکیٹ نے کی۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۵ نومبر ۲۰۰۶)

مذہبی اسکالر کے قتل کا مقدمہ: سزائے موت کے خلاف کالعدم تنظیم کارکنوں کی اپیلیں مسترد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس رحمت حسین جعفری اور جسٹس یاسمین عباسی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے ۳ مئی ۲۰۰۱ کو کورنگی میں مذہبی اسکالر سید اطہر حسین رضوی کو ہلاک کرنے کے الزام میں اے ٹی سی سے سزائے موت کے خلاف کالعدم لشکر جھنگوی کے عطاء اللہ اور اعظم کی اپیلیں مسترد کر دیں اور ماتحت عدالت کا فیصلہ بحال رکھا۔

(روزنامہ جنگ کراچی، ۲۱، اکتوبر ۲۰۰۶)

خصوصی عدالت نے کالعدم سپاہ صحابہ کے 10 ،افراد کو بری کردیا

استغاثہ ۳، افراد کو قتل اور ۷، افراد کو زخمی کرنے کے الزام ثابت نہ کر سکا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج ارشد نور خان نے ۹۵ میں گلبرگ تھانے کے علاقے میں ڈبو کلب پر فائرنگ کر کے ۳، افراد محمد عباس نقوی، جاوید اقبال اور سید فراز رضا کو قتل اور ۷ افراد سید محمد رضا، سخی اللہ، ندیم، سید محمد نقی، شاکر اللہ اور محمد خان کو زخمی کرنے کے الزام میں کالعدم سپاہ صحابہ کے ۱۰، افراد منصور علی بابر، عمر حیات، کریم اللہ، احمد ظہور، حافظ احمد بخش، محمد فاضل، خواجہ سلیم الدین، عتیق الرحمان، اشتیاق علی اور سید آصف علی کو عدم ثبوت کی بناء پر بری کر دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عدالت نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ استغاثہ الزام ثابت کرنے میں ناکام رہا ہے اسپیشل پبلک پراسیکوٹر نعمت علی رندھاوا کے علاوہ ملزمان کی جانب سے ایس ایم اقبال ایڈووکیٹ اور وکیل ایم آر سید نے دلائل پیش کئے۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۲۸ جولائی ۲۰۰۴)

عالم دین اور ان کے بیٹے کا قتل: کالعدم تنظیم کے کارکنوں کی اپیل منظور

سزائے موت کالعدم لشکر جھنگوی کے عطا اللہ اور محمد اعظم کو

علامہ رضی حیدر نجفی اور عباس علی کے قتل کے مقدمے میں سزا سنائی گئی

جامع مسجد سکینہ	سیکٹر ۱۱ جی نیو کراچی	قرآن وتبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی / احتجاج / فسادات کا آغاز
مسجد ولی العصر	سیکٹر ۱۵ ایم نیو کراچی	تبرکات کی بے حرمتی اور پتھراؤ کیا گیا
امام بارگاہ بوتراب	سیکٹر ۵ ڈی نیو کراچی	تبرکات کی بے حرمتی اور پتھراؤ کیا گیا
مسجد مصطفیٰ	سیکٹر ۱ ابی نارتھ کراچی	نہیں معلوم ہوسکی
مسجد اثنا عشری	لیاقت آباد سی ون ایریا	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
مسجد وامام بارگاہ امامیہ	لیاقت آباد سی ایریا	پتھراؤ کیا گیا اور آتشزنی کی کوشش
مسجد اصادقیہ	لیاقت آباد نمبر ۱	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
مسجد وامام بارگاہ قبہ زینبیہ	لیاقت آباد نمبر ۳	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
امام بارگاہ معصومین	لیاقت آباد نمبر ۳	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
امام بارگاہ محفل علی	لیاقت آباد نمبر ۳	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
امام بارگاہ زہرا	لیاقت آباد نمبر ۳	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
مسجد وامام بارگاہ ہاشمیہ	لیاقت آباد نمبر ۴	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
بڑا امام بارگاہ اہالیان پہر سر	لیاقت آباد نمبر ۴	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
مسجد قمر بنی ہاشم ومرکزی امام بارگاہ	لیاقت آباد نمب ۱۰	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا
مسجد وامام بارگاہ (قاسم آباد)	لیاقت آباد قاسم آباد	تبرکات کی بے حرمتی، آتشزنی اور لوٹ لیا گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پی پی کا مقابلہ کرنے کے لیے ضیاء الحق حکومت نے لسانی اور فرقہ وارانہ تنظیموں کی ہمت افزائی کی۔ بدقسمتی سے اہل تشیع پر حکومتی پشت پناہی کے زیر اثر دہشت گردوں نے جو حملے کیے تھے، اُسے شیعہ وسنی تصادم کا نام دیدیا گیا، جبکہ شیعہ اور سنی کے درمیان کبھی بھی یہ مسئلہ نہیں تھا۔ اگر یہ مسئلہ ہوتا (شیعہ وسنی تصادم) تو پورے ملک میں واقع ہوتا۔ ایس ایس پی کا دعویٰ ہے کہ وہ سنی معتقدین کی بھی نمائندہ ہے، لیکن اُس کو اس کا کبھی حقیت جواب نہیں ملا، اسی وجہ سے وہ شیعوں کی ٹارگٹ کلنگ کرتے رہے، یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے اور شیعوں کو قتل کیا جارہا ہے۔

سوال: خفیہ اداروں (Intelligence Agencies) نے فرقہ واریت کو ہوا دینے میں کیا کردار ادا کیا؟

جواب: ہاں، فرقہ وارانہ گروہوں کو خفیہ اداروں کی پوری حمایت حاصل تھی۔ سیاسی حکومتوں کی مجال نہ تھی کہ ان طاقتوں کے خلاف کوئی کارروائی کریں، کیونکہ اس وقت کی سول حکومت کے مقابلے میں یہ لوگ بہت زیادہ طاقتور تھے۔ جب ہم لوگوں نے بے نظیر بھٹو صاحبہ سے درخواست کی کہ فرقہ وارانہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کریں تو انہوں نے کہا کہ ''میرے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں'' اسی سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ لوگ کس قدر طاقتور تھے۔

نواز شریف نے جب حتمی فیصلہ کیا کہ ان لوگوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور پنجاب میں پولیس مقابلے میں 48 فرقہ وارانہ دہشت گردی میں ملوث دہشت گرد ہلاک دیئے گئے جس کے بعد انہیں دھمکی آمیز خطوط ملنے لگے، یہاں تک کہ خوف کی وجہ سے اپنے بچوں کو اسکول تک بھیجنا ترک کردیا۔

اس کے بعد جنرل پرویز نے حکومت سنبھالی، بحیثیت فوج کے سربراہ، اُن کو پورا اختیار تھا اور اُن کی ذمہ داری تھی کہ دہشت گردوں پر قابو پایا جائے۔ لیکن انہوں نے بھی کچھ نہ کیا، پھر 11 ستمبر کا واقعہ رونما ہوا اور بین الاقوامی دباؤ پڑنے کی وجہ سے انہوں نے اس طرف توجہ کی۔

سوال: اگر یہ شیعہ سنی اختلاف کے سبب سے نہیں ہے تو پھر یہ لوگ ایک دوسرے کو کیوں قتل کرتے ہیں؟

جواب: یہ ایس ایس پی ہے، ایک مختصر سا دہشت گردوں کا ٹولہ، یا لشکر جھنگوی۔ یہ لوگ ہمیں برسرعام کافر کہتے ہیں۔ لیکن ہمارا خیال ہے کہ دوسرے سنی حضرات ان کے اس جذباتی خیالات سے متفق نہیں ہیں۔ اسلام آباد میں ملّی یکجہتی کونسل کی ایک نشست کے دوران مختلف مذہبی تنظیموں کے رہنماؤں بشمول سنی حضرات کے، ان لوگوں نے علامہ سید ساجد علی نقوی صاحب کی اقتدا میں نمازیں پڑھی جو ٹی جی پی کے سربراہ اور شیعہ عالم ہیں۔

سوال: کیا آپ کے خیال میں ایس ایس پی والے کس مسلک سے تعلق رکھتے ہیں؟

جواب: میرا خیال ہے کہ یہ ایس ایس پی نہ تو دیوبندی مسلک اور نہ ہی بریلوی مسلک کی کوئی جڑ رکھتی ہے، اگرچہ: خفیہ اداروں نے ہمیشہ کوشش اس بات کی کہ اس قتل وغارتگری کو شیعہ وسنی تصادم کا نام دیا جائے۔ مگر دونوں فرقوں کے مذہبی رہنماؤں کی وجہ سے، وہ اپنی اس سازش میں اب تک کامیابی حاصل نہیں کرسکے۔

سوال: کیا آپ کے خیال میں ایس ایس پی بہت بااثر ہے؟

جواب: یہ لوگ حکام اعلیٰ کی سرپرستی کی وجہ سے بہت بااثر ہیں۔ ان کو تو افغانستان سے بھی سہارا ملا ہوا تھا۔ ریاض بسرا اور اسکے ساتھیوں نے افغانستان میں اپنے ٹھکانے (کیمپس) قائم کیے اور وہاں سے کاروائیاں شروع کردیں جو اب تک جاری ہیں۔ کراچی کی مساجد میں جنگجوؤں کی بھر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تی کے لیے بینرز اور پوسٹروں آویزاں کیے گئے۔ افغانستان سے جو بھی واپس آتا تھا وہ باآسانی شیعوں کو قتل کر سکتا تھا، کیونکہ اس کو معلوم تھا کہ اُس کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کی جائے گی۔ چنانچہ اس طریقہ سے کافی تعداد میں شیعہ شہر بھر میں مارے گئے، اور حکام بالا نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ حتیٰ کہ ان لوگوں نے چند سنیوں کو بھی قتل کر دیا تھا تا کہ عام لوگوں کو یقین دلا جا سکے کہ یہ فرقہ وارانہ تصادم کا نتیجہ ہے، سنی تحریک کے سربراہ سلیم قادری کا قتل اس کی ایک مثال واضح ہے۔

سوال: کیا ٹی جے پی نے لشکر جھنگوی کے ردعمل میں اپنی ایم جنگجوانہ (ملیٹنٹ) شاخ ایس ایم پی بنائی ہے؟

جواب: اس میں تھوڑی صادقت ہے ایس ایم پی لشکر جھنگوی کے ردعمل میں قائم ہوئے ہے، لیکن ٹی جے پی کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ عام تاثر یہ ہے کہ اس کے بنانے میں کسی سیاسی جماعت کا ہاتھ ہے۔ یہ باور کیا جاتا ہے کہ پی پی پی نے ٹی جے پی کے متبادل کے طور پر ایس ایم پی اُس وقت قائم کیا، جب ٹی جے پی نے پی پی پی سرکار سے اپنا اتحاد ختم کر دیا تھا۔ ان لوگوں نے ہمارے چند ناراض عناصر کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ ایک نئی پارٹی تشکیل دیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ہمارے چند ساتھی ٹی جے پی کی امن وسکون پر مبنی (Policy) نقطۂ نظر سے ناخوش تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ہم لوگ اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقہ سے انجام نہیں دے رہے تھے اور شیعوں کے قتل کا جواب بھی نہیں دے رہے تھے۔

ہمیشہ ناراض عناصر کو اشتعال دلا کر، اپنا کام نکالنے والے ہر جگہ موجود ہوتے ہیں لہذا، ایس ایم پی وجود میں آئی۔ لیکن میرا خیال ہے کہ اہل تشیع حضرات نے نہ ہمت افزائی کی اور نہ ہی سہارا دیا اور ٹی جے پی نے بھی ایسا ہی کیا۔ ہم لوگ جانتے ہیں کہ ہم لوگ اقلیت میں ہیں۔ ہم لوگ انسانیت کے قائل ہیں اور لوگوں کو قتل کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتے ہیں۔ میں یہ، واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ایس ایم پی، ٹی جے پی کی جنگجوانہ شاخ نہیں ہے۔

سوال: ایران پر الزام عائد کیا جاتا ہے کہ وہ سپاہ محمدؐ پاکستان کو رقوم مہیا کر رہا ہے جس طرح سعودی عرب لشکر جھنگوی یا ایس ایس پی کو کر رہا ہے۔ آپ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: میرا خیال ہے کہ ایران کسی بھی پاکستانی جنگجو جماعت کو رقم مہیا نہیں کر رہا ہے۔ درحقیقت ہزار ہا پاکستانی طلاب تعلیم حاصل کرنے کے لیے ایران گئے ہیں اُن کے اخراجات کے لیے پاکستان کے اہل تشیع خمس کی رقوم وہاں بھیجتے ہیں جو ایسے نادار طلبہ کی ضرورت پوری کرتا ہے۔ لہذا یہاں ایرانی پیسوں کے آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔

ہم لوگوں کو بیرون ممالک میں رہائش پزیر شیعہ حضرات امام بارگاہوں کی تعمیر، مذہبی اور فلاحی امور کی انجام دہی کے لیے رقوم مہیا کرتے ہیں۔ جہاں تک سپاہ صحابہ اور دوسروں کا تعلق ہے تو کہا جاتا ہے کہ صدام حسین تک نے یہاں پیسے بھیجے ہیں۔ ہم لوگوں کے پاس ثبوت ہے کہ ایک شخص کے پاس پانچ لاکھ ڈالر عراق سے آیا تھا اور ۱۹۸۴ میں عراقیوں نے یہاں سپاہ صحابہ والوں میں پیسے اور اسلحہ تقسیم کیا تھا۔

اس ضمن میں ہمارا مطالبہ ہے اور ہم اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ ایک غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور اُن تمام لوگوں کو جنہوں نے یہ رقوم وصول کی ہیں انہیں سزا دی جائے۔ اگر ہم گناہ گار ثابت ہوں تو ہمیں بھی سزا دی جائے۔

سوال: جن ڈاکٹروں کو کراچی میں گولی کا نشانہ بنایا گیا، آپ کے خیال مین ان کے ساتھ ایسا کیوں کیا گیا؟

جواب: زیادہ تر شیعہ ڈاکٹر (Speacialist) ماہر امراض تھے اور سنی حضرات بھی علاج کے لیے ان رجوع کرتے تھے۔ ڈاکٹروں کو آسانی کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھ نشانہ بنایا جاتا ہے کیونکہ اُن کے اسپتال یا مطب میں آنے کا وقت معین ہوتا ہے۔انتہائی افسوس کی بات ہے کہ ۲۵ ڈاکٹرز شہید کر دیئے گئے مگر کسی نے بھی ملزمان کے خلاف کارروائی نہیں کی۔حد یہ ہے کسی نے ایک کلمہ تعزیت کا بھی ادا نہ کیا۔حکومتی سطح پر اس رویّہ کا ظاہر ہونا امتیازی سلوک کی غمازی کرتا ہے۔

سوال: کیا اس قسم کی نسلی تحریکیں جیسی ایم کیو ایم اور ایم کیو ایم رحقیقی ہیں انہوں نے کراچی میں فرقہ وارانہ قتل وغارت گری کے مسائل میں اضافہ کر دیا ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے؟

جواب: ہاں کسی حد تک، کیوں کہ اُن کے چند فعال کارندے فرقہ وارانہ قتل میں ملوث پائے گئے تھے۔لیکن میرا خیال ہے کہ ایم کیو ایم اور حقیقی بحیثیت جماعت کے ملوث نہیں شاید اکا دکا ہوں چند سال قبل حقیقی کے رہنما منصور چچا نے تسلیم کیا تھا کہ حقیقی کے چند افراشیعوں کے قتل میں ملوث تھے،لیکن یہ ان کی جماعت کے نقطۂ نظر کے تحت نہیں تھا۔

سوال: فرقہ ورایت کے سلسلہ میں مختلف حکومتی حکمت عملیوں کو،آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟

جواب: جنرل مشرف نے اچھی بات بھی کی ہے اور خراب بھی۔اچھی بات یہ ہے کہ کم از کم وہ ان سب دہشت گردوں کے خلاف کاروائی تو کر رہے ہیں لیکن خراب بات یہ ہے کہ وہ یہ تمام کرروائی امریکی دباؤ کے تحت کر رہے ہیں اور ان کے ہاتھ اب تک بندھے ہوئے ہیں،اور: خفیہ ادارے، اس تماشہ کو چلا رہے ہیں۔ان لوگوں کو دبانا بہت ہی مشکل کام ہے۔میں حکومت کے چند ذمہ داروں سے ملا ہوں،وہ سب بہت پریشان نظر آتے ہیں۔جو سب سے زیادہ اہم ادارہ ہے اس کے اندرونی طبقہ میں ایک جال بچھا ہوا ہے،اور جب تک یہ جال قائم اور فعال رہتا ہے،اس وقت تک کسی مستقل حل کی کوئی امید نہیں ہے۔

سوال: کیا کراچی میں شیعہ طبقہ اپنے آپ کو غیر محفوظ محسوس کرتا ہے؟

جواب: زیادہ تر شیعہ حضرات خائف نہیں ہیں۔ہم یہ جانتے ہیں کہ اس طرح کا قتل وغارت گری سے ہمیں نابود نہیں کر سکتا ہے،لیکن تاجر حضرات اور دیگر ہنر مند حضرات جو ان لوگوں سے خائف ہیں وہ شہر کو چھوڑ رہے ہیں اور۔کافی تعداد میں لوگ اب تک دبئی منتقل ہو گئے ہیں حکومت کو چاہیے کہ وہ قانون کی بالادستی اور امن وامان کو بحال کرنے ساتھ ساتھ لوگوں احساس تحفظ دے۔

(بشکریہ ''کراچی میں فرقہ وارانہ تشدد ۱۹۹۴۔۲۰۰۲ ایک مطالعہ ذوالفقار شاہ'')

اس انٹرویو کو انگریزی سے اردو زبان میں جناب سید محمد حسین صاحب نقوی نے منتقل کیا۔ہم اُن کے تہہ دل سے مشکور ہیں

(سید حسن مرتضیٰ)

(نوٹ کراچی میں ۲۰ مساجد وامام بارگاہیں،۲۱۰ مکانات،۳۵ دوکانیں نذر آتش کی گئیں اور ۱۷ افراد شہید ہوئے (ص ۱۹۲۔۱۹۰ جلتی مسجدیں علی اکبر شاہ،لاہور میں ۲۹ مساجد وامام بارگاہیں،۱۵ مکانات،۸ دوکانیں،۱۲ اسکول اور ۴ دفاتر نذر آتش کیئے گئے (ڈاکٹر مبشر حسن اور ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان ایچ آر سی پی لاہور کی شیعہ رپورٹ) 6 جولائی 1985 کوئٹہ میں 16 بے گناہ افراد کو شہید کر دیا گیا۔گلگت میں وزیر امور کشمیر اور شمالی علاقاجات قاسم شاہ کی سربراہی میں لشکر کشی اور گزشتہ چند سالوں سے پاراچنار میں جاری لشکر کشی سب کی وجہ جنرل ضیاء الحق کے ہاتھوں سے لگائی جانے والی فساد کی جڑ ہے جو اب ایک تن آور درخت کی شکل اختیار کر گئی ہے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک یاداشت چیف جسٹس صاحب سندھ ہائی کورٹ کے نام

بسمہ تعالیٰ

قرآن پاک ''اے ایمان دار وخدا کی (خوشنودی) کے لیے انصاف کے ساتھ گواہی دینے کے لیے تیار رہو، اور تمہیں کسی قبیلے کی عداوت اس جرم میں نہ پھنسوائے کہ تم ناانصافی کرے لگو۔ تم ہر حال میں انصاف کرو۔ یہی پرہیز گاری سے بہت قریب ہے اور خدا سے ڈرو کیونکہ جو کچھ تم کرتے ہو، خدا اسے ضرور جانتا ہے''۔

(سورۂ مائدہ آیت ۵۔۸)

۱۰ مئی ۲۰۰۴ء

بخدمت

جناب چیف جسٹس صاحب

سندھ ہائی کورٹ اسلامی جمہوریہ پاکستان

کراچی

عنوان: بنیادی حقوق '' تحفظ اور انصاف ''

جناب عالی مرتبت

ہم علماء شیعہ اثناعشری، باشندگان اسلامی جمہوریہ پاکستان عرض داشت ہیں کہ

☆ ہم اس اسلامی جمہوریہ پاکستان کی مملکت کے خالصتاً باشندے ہیں۔

☆ شیعہ اثناعشری فرقے نے آزادی کے لیے بھرپور خدمت ادا کی ہے اور اس اسلامی جمہوریہ پاکستان کو وجود میں لانے کے سلسلہ میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔

☆ شیعہ اثناعشری فرقے نے اس اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ہر مشکل گھڑی میں بھرپور خدمات سرانجام دی ہیں

☆ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے شیعہ اثناعشری فرقے نے تجارتی، اقتصادی، اور معاشرتی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا اور ابھی بھی ادا کر رہے ہیں۔

☆ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے شیعہ اثناعشری پاکستانی اس ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والوں میں سے ایک ہے۔

☆ بیرون پاکستان قیام پزیر شیعہ اثناعشری پاکستانی، کثیر رقم زرمبادلہ کی شکل میں بھیجتے ہیں جو بیرونی رقوم کے ذخیرہ کو بلند کرنے میں ممد ومددگار ثابت ہوتا ہے۔

☆ شیعہ اثناعشری پاکستانی افواج پاکستان کو رونق بخشتے ہیں اور اپنی خدمت سے معززین میں شمار ہوتے ہیں۔

☆ تعلیم کی ترقی میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے شیعہ اثناعشری پاکستانیوں نے اہم خدمات سرانجام دی ہیں۔

☆ شیعہ اثناعشری پاکستانیوں نے قانون کی پاسداری میں عملی کردار ادا کر کے قانون کے نفاذ اور حکمرانی میں حکومت کے مددگار رہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیکن! ہر بات جواوپر بطور گذارش عرض کی گئی بلکہ اس سے اور زیادہ ۱۹۹۰ء سے لے کر آج تک ہزار ہا خالصتاً شیعہ فرقہ کے لوگوں کو مختلف طریقوں سے قتل کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا، اور ابھی تک کسی بھی شخص کو قتل جیسے سنگین جرم کے سلسلہ میں جس کی وجہ سے بے گناہ لوگ ختم ہو گئے اور ملکی امن وامان اور خوشحالی مجروح ہوئی نہ تو کوئی پوچھ گچھ ہوئی اور نہ ہی کسی کو سزا دی گئی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملک کمزور ہے اور دشمنوں کو من مانی کرنے کا موقع فراہم کر رہا ہے۔

جناب عالی!

اب تک ہم لوگ اقتدار اعلیٰ سے امن وامان سے اس ملک رہنے کا اپنا حق طلب کر رہے تھے، لیکن افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ اب تک جتنے وعدے کیے گئے، امیدیں دلائی گئیں اور پھر بار بار کہا گیا کہ شیعہ فرقہ کے ممبران کے قتل وغارت میں ملوث مجرمین کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور بھرپور طریقہ سے انصاف کیا جائے گا پورا نہ کیا گیا۔

ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس خط کو آپ کی خدمت میں پیش کرنے تک ہمیں اب تک مندرجہ ذیل باتیں حاصل نہ ہو سکیں۔

الف: آرام چین سے رہنے کا حق۔

ب: اطمینان اور آرام کے ساتھ مذہبی عبادات کی بجا آوری کا حق۔

ت: تحفظ

ث: انصاف۔

ایک فرقہ جس کے ۶۰۰۰ سے زیادہ ممبران، جن میں ۳۰۰ سے زیادہ ڈاکٹرز، انجینئرز، علماء، اسکالر، اساتذہ تاجر، سائنسدان، سیاست دان جو کہ بے جرم شہید کر دیئے گئے ہیں، انکا صبر ایک حد تک ہو سکتا ہے ہم علماء یہ بات اپنی برادری کو بتاتے بتاتے تھک گئے ہیں کہ ہمیں انصاف ضرور ملے گا اور امن وامان قائم ہوگا، لیکن اب حالات بالکل عیاں ہو چکے ہیں نہ تو ہم لوگوں کو تحفظ نہ ہی انصاف فراہم کیا گیا۔ ان شہیدوں کے جو گولی سے اور بم دھماکوں میں جان بحق ہوئے ہیں گھر والے اور ان کے چھوٹے بچے دریافت کرتے ہیں کہ ہم اپنے پیارے مقتولین کے قاتلوں کو کب تختہ دار پر دیکھ سکیں گے تاکہ ہمیں تھوڑا سا سکون میسر آ سکے۔

جناب عالی!

اب ہم اس سلسلے میں عرض کرتے ہیں کہ جتنا صبر کر چکے ہیں وہ بہت کافی ہے ان معصوم مقتولین جو پاکستانی باشندے ہیں کے سلسلے میں، قانون نافذ کرنے والوں کی مجرمانہ خاموشی اور اعلیٰ عہدار ان کے غیر ذمہ دارانہ رویہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں گے۔ آپ عزت مآب سے درخواست کریں کہ بلا کسی تاخیر اور مداخلت کے مجرمین کے خلاف کاروائی کریں۔ ہمیں امید ہے کہ آپکی براہ راست مداخلت سے مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جناب عالی

اگر ابھی بھی ہم لوگوں کو ہمارے بنیادی حقوق، تحفظ اور انصاف نہیں ملتے ہیں تب ہم لوگوں کے پاس اور کوئی صورت نہیں رہ جائے گی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوائے اس کے کہ اپنی عوام کو بتائیں کہ شیعہ اثنا عشری جماعت کو جو کہ اس ملک کے باشندے ہیں اس ملک میں کوئی بھی تحفظ اور انصاف نہیں دے سکتا ہے۔ ہمیں امید ہے آپ عزت مآب اس سلسلے میں غور فرمائیں گے اور ترجیحی بنیادوں پر ہم لوگوں کو تحفظ اور انصاف سے نوازیں گے۔

مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قیمتی باشندوں کو جو حقیقتاً اس ملک کے رہنے والے اور ہر فن میں ماہر بھی ہیں، کی استدعا کو قبول کریں گے اور جان بچائیں گے۔

خلاصہ کلام میں ہم لوگ قرآن پاک جیسی کتاب، جو تمام مذاہب اور اسلام کا حرف آخر ہے سے نقل کرتے ہیں'' اس میں شک نہیں کہ خدا انصاف اور نیکی کرنے والوں اور قرابتداروں کو کچھ دینے کا حکم کرتا ہے اور بدکاری اور ناشائستہ حرکتوں اور سرکشی کرنے کو منع کرتا ہے اور تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو'' (سورہ ۱۴/۹۰)

پائیندہ باد امن وامان اور انصاف زندہ باد اسلامی جمہوریہ پاکستان

سید قنبر عباس نقوی
سکریٹری جنرل شیعہ علماء کونسل سندھ

کاپی: گورنر سندھ
وزیر اعلیٰ سندھ

نوٹ: پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ۱۳ مئی ۲۰۰۴ کو شیعہ علماء کونسل سندھ کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں ملت تشیع کے سزا یافتہ قاتلوں کی سزاؤں پر عمل درآمد میں تاخیر اور قانون نافذ کرنے والوں کی مجرمانہ خاموشی اور اعلیٰ عہداران کے غیر ذمہ دارانہ رویہ اور مداخلت کے خلاف ہائی کورٹ بلڈنگ کی پہلی منزل پر احتجاجی دھرنا دیا، اس موقعہ پر ایک یاداشت بھی چیف جسٹس صاحب سندھ ہائی کورٹ کی خدمت میں پیش کی گئی۔ جس کو انگریزی سے اردو میں جناب سید محمد حسین صاحب نقوی نے منتقل کیا۔ ہم اُن کے تہہ دل سے مشکور ہیں (سید حسن مرتضیٰ)

☆☆☆☆☆

بارالہا!

درود اُن کی آل پر رحمت فرما۔ اور اپنے غلبہ قدرت واقتدار سے مسلمانوں کی سرحدوں کو محفوظ رکھ اور اپنی قوت وتوانائی سے ان کی حفاظت کرنے والوں کو تقویت دے۔ اُن کے ہتھیاروں کو تیز کردے۔ اُن کے حدود واطراف اور مرکزی مقامات کی حفاظت و نگہداشت کر، اُن کی جمعیت میں انس ویکجہتی پیدا کر، اُن کے امور کی درستگی فرما، رسد رسانی کے ذرائع مسلسل قائم رکھ۔ اُن کی مشکلات کے حل کرنے کا خود ذمہ لے۔ ان کے بازو قوی کر۔ صبر کے ذریعہ اُن کی اعانت فرما''


(حضرت امام زین العابدین علیہ السلام)

jabir.abbas@yahoo.com


Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخباری خبروں کا عکس



یوم علیؑ کمیٹی کی جانب سے یوم ولادت مرتضیٰ کے جلسے سے مولانا محمد باقری، مولانا کلب صادق، فخر امام، مولانا اصغر درس، رضا علی عابدی اور بلال نقوی خطاب کر رہے ہیں (جنگ فوٹو)



DAWN TUESDAY, SEPTEMBER 27, 1994

Sectarian clashes

Senate body for watch on intelligence agencies

Bureau Report

ISLAMABAD, Sept 26: Senate Standing Committee on Religious and Minorities Affairs has proposed to the government to keep a strict watch on its own intelligence agencies to check their involvement in sectarian clashes in the country.

"There should also be strict vigilance by the government on our own agencies like Military Intelligence (MI),Inter-Service Intelligence (ISI), Intelligence Bureau

Continued from Page 1

ment intelligence agencies should be asked to be more alert and active to detect and check foreign agents.

The other major cause identified by the committee for prevailing sectarian hatred in the society was the disrespect and irreverence shown by persons belonging to one sect to the venerable personalities deceased or alive of another sect.

The committee further suggested constitution of a special cell to investigate the cases of the prominent Ulema of various sects murdered in the recent history of Pakistan and the culprits should be un-masked and punished.

It recommended that an autonomous central board of prominent Ulema of various schools of thought may be constituted to discuss and deal with the issue of sectarian clashes.

Setting up of Ulema boards at provincial level was also recommended by the committee with an objective to create harmony among Ulema at the provincial level.

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخباری خبروں کا عکس جن کا حوالہ کتب کی تالیف میں بنیاد ثابت ہوئیں۔

کراچی: 87ء سے اب تک 96 بم دھماکوں میں 350 افراد ہلاک ہوئے

1250 سے زائد افراد زخمی ہوئے، ایک بھی مجرم گرفتار کرکے کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جا سکا

ہر دھماکے کے بعد سیکڑوں ملزمان کو گرفتار کرنے کے دعوے کئے گئے

کراچی (رپورٹ: ۔۔۔ادارہ شفقت) کراچی میں 80ء کی دہائی سے جاری بم دھماکوں کا سلسلہ اب تک جاری ہے اور

بقیہ:۔ کراچی/87ء سے اب تک

1350 سے زائد زخمی ہوئے۔ یہ بم دھماکے عبادتگاہوں، سرکاری مراکز، بسوں، ٹرینوں، بازاروں، ہوٹلوں اور غیر ملکی سفارتخانوں میں ہوئے۔ ان دھماکوں کا سب سے افسوسناک پہلو یہ ہے کہ تین دھماکوں میں ہونے والے بم دھماکوں کا ایک مجرم بھی کیفر کردار تک نہ پہنچ سکا جبکہ ہر دھماکے کے بعد سیکڑوں ملزمان گرفتار کرنے کے دعوے کئے گئے۔ کراچی کی تاریخ کا سب سے بڑا دھماکا 14 جولائی 1987ء کو بوہری بازار میں ہوا جس میں 200 افراد ہلاک اور 250 زخمی ہوئے جبکہ سب سے زیادہ دھماکے سال 2002ء میں ہوئے جب 22 دھماکوں میں 35 افراد ہلاک اور 107 زخمی ہوئے۔ کراچی کی تاریخ میں پہلی بار خودکش بوبی ٹریپ اور پارسل بم دھماکے کی ٹیکنیک بھی پہلی بار اسی سال استعمال ہوئی۔ 1988ء میں دو دھماکوں میں 2 افراد زخمی ہوئے۔ 1989ء میں ایک بس دھماکے میں 17 افراد زخمی ہوئے۔ 1990ء میں 5 دھماکوں میں دس افراد ہلاک اور 65 زخمی ہوئے۔ 1992ء میں 8 دھماکوں میں 17 افراد زخمی ہوئے۔ 1993ء میں 6 دھماکوں میں 17 افراد زخمی ہوئے۔ 1994ء میں 2 بم دھماکوں میں 13 افراد ہلاک اور 44 زخمی ہوئے۔ 1996ء میں 3 دھماکوں میں 4 افراد ہلاک اور 9 زخمی جبکہ 1997ء میں 3 بم دھماکوں میں 4 ہلاک اور 63 زخمی ہوئے۔ 1998ء میں 11 بم دھماکوں میں 11 ہلاک اور 79 زخمی ہوئے اسی طرح 1999ء میں 5 دھماکوں میں 5 افراد ہلاک اور 83 زخمی ہوئے۔ 2000ء میں 6 دھماکوں میں 5 افراد ہلاک اور 8.5 افراد زخمی ہوئے۔ 2001ء میں 22 دھماکوں میں 35 افراد ہلاک اور 107 زخمی ہوئے۔ 2003ء میں 5 دھماکوں میں 6 افراد ہلاک اور 31 زخمی ہوئے جبکہ 2004ء میں 3 دھماکوں میں 11 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔

1987ء سے لے کر اب تک 96 دھماکوں میں 350 افراد جاں
باقی صفحہ 14 کالم 4 پر

عبادت گاہوں پر فائرنگ اور دھماکوں سے 47 افراد ہلاک ہوئے

200 سے زائد افراد زخمی ہوئے، پہلا واقعہ 1994ء میں مسجد اکبر میں پیش آیا

کراچی (رپورٹ: ریسرچ اینڈ ریفرنس سیل) کراچی میں 1994ء سے لے کر اب تک عبادت گاہوں پر فائرنگ اور بم دھماکوں سے 47 افراد ہلاک اور 200 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں تاہم ان واقعات کی ایک ملزم بھی کیفر کردار تک نہ پہنچ سکا۔ اس سلسلے کا پہلا واقعہ شاہراہ فیصل پر واقع مسجد اکبر میں اس وقت پیش آیا جب مسجد میں فائرنگ سے 8 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوئے۔ 5 فروری 95ء کو نارتھ کراچی کی مسجد باب الاسلام میں نماز تراویح کے دوران دہشت گردوں کی فائرنگ سے مؤذن سمیت 6 افراد جاں بحق اور 31 زخمی ہوئے۔ 11 مارچ 1995ء کو ملیر میں واقع امام بارگاہ میں بم دھماکے سے 13 افراد جاں بحق جبکہ 35 زخمی ہوئے۔ 20 دسمبر 95ء کو پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی میں نماز فجر کے وقت دہشت گردوں کی فائرنگ سے 2 نمازی جاں بحق اور 4 زخمی ہوگئے۔ 23 اپریل 99ء کو جامع محمودیہ لیفرنٹوں میں مسجد اور اس سے متصل مدرسے میں دھماکے سے ایک طالب علم جاں بحق اور 11 زخمی ہوئے۔ 9 ستمبر 99ء کو گلشن اقبال میں واقع مدرسے میں بم دھماکے سے 21 افراد زخمی ہوئے۔ 28 ستمبر 2000ء کو سہراب گوٹھ میں واقع مسجد میں دھماکے سے 3 نمازی جاں بحق اور 36 زخمی ہوئے۔ 22 اکتوبر 2000ء کو لشکر طیبہ کے اجتماع میں دھماکے سے 3 افراد جاں بحق اور 22 زخمی ہوئے۔ 9 دسمبر 2000ء کو پیر آباد کے علاقے میں جماعت خانے کے قریب بم دھماکے میں 17 افراد زخمی ہوئے۔ 22 فروری 2003ء کو ملیر میں واقع امام بارگاہ میں نمازیوں پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے 9 افراد جاں بحق جبکہ 7 زخمی ہوئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

Boy was chained, not tortured: Imam

By Shamsul Islam Naz

FAISALABAD, May 1: Makkah Masjid and Madressah administrator Maulvi Mahboob Alam on Saturday denied allegations of poisoning and torturing a student, who is being treated at the Children's Hospital, Lahore, for psychological trauma.

However, about a dozen children playing around the seminary accused its management of torturing the students, who skipped away on French leave. They alleged that the administrator clubbed the students with wooden sticks and iron rods, besides chaining them for their lack of interest in learning the Holy Quran.

During a visit to the seminary, which is situated at congested Nighebanpura, on Saturday, this correspondent learnt that the institution was being run by local trader Haji Muhammad Ramzan on the upper portion of the mosque.

Qari Mahboob Alam is a paid prayer leader and responsible for imparting education of the Holy Quran to students. The seven-marla mosque was built about 30 years, but its madressah started functioning just three years ago.

Spelling out details about the admission and escape of 11-year-old Atif Rahman (the victim), Qari Mahboob said he was enrolled on the recommendation of his neighbour Babar Husain, a resident of Shahkot. "The minor boy used to disturb his teacher and fellow students on one pretext or the other and was not serious in learning the Holy Quran," he alleged.

He said about three weeks ago, the boy complained of pain in chest and head after which he was treated for these symptoms. However, his condition deteriorated and he started acting like a deaf and blind, the administrator said, adding his parents rushed to the seminary and took the boy after receiving information.

He denied the allegations of the boy's parents of torturing and poisoning him. However, he said the boy was given milk when he complained of pain. All the 13 students of the seminary were given meals at a time and there was no reason to treat Atif harshly, he said.

He also admitted that the boy was locked in a separate room and chained so that he could not escape. "We handcuffed the boy and locked him in a room because his parents had asked us to do so," he claimed. He added that the chain was given to him by his parents for that purpose.

The prayer leader said he had been helping students learn the Holy Quran by heart for the last five years and was a permanent employee of the seminary for Rs3,500 a month. He said he was the father of two children and living in a house adjacent to the mosque.

Atif's friend Babar, when talked by this correspondent, said they were close friends and started learning the Holy Quran at Jamia Imdadul Aloom in Shahkot. However, he said, Atif left the seminary because he was not interested in his lessons.

He further said he was approached by some of his relatives, who were living in Nankana Sahib. Atif's mother asked me to take him to Faisalabad and get him admitted to some seminary. "While handing him over at Nankana Sahib, she chained him so that he could not run away during travel."


On their way, he said, Atif hit his head against the seat of the bus and suffered serious injuries.

Babar said Atif was chained and locked in a separate room of the seminary so that he could not escape, but denied the charges of torture.


Information gleaned about the seminary revealed that children were tortured by Maulvi Mahboob. Mannan, Humaira, Osama, Ajmal and Mateen, the students of the seminary, told this correspondent that they were roped and clubbed with iron rods for committing negligible mistakes during lessons.

The relatives of Atif had lodged a complaint with the HRCP and the government authorities, alleging that the boy was tortured at the seminary and was given poison due to which he became a patient of psychological trauma.

The boy is being treated at the Children's Hospital where his condition is stated to be critical.



FAISALABAD: A student at the seminary shows the chain which was used to handcuff Atif and other students.—Dawn




کراچی: مسجد و امام بارگاہ پر قبضہ کوشش کے لیے ملزم کل حسن صحابیوں کو دیکھ کر فتح کا نشان بنا رہا ہے (جنگ فوٹو) 5 رجون 2005ء

اخباری خبروں کا عکس جن کا حوالہ میں نوشت میں دیا گیا ہے۔ جو کتاب کی تالیف میں بنیاد ثابت ہوئیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چند سانحات کی تصویری کہانی








jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas








jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas








روزنامہ جنگ کراچی پیج 10 مئی 2004ء


امنریا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی ساختہ کراچی کے خلاف قتالی کی کنٹن ریلی حیدر چوک سے گزر رہی ہے (جنگ فوٹو)


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas









jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas








jabir.abbas@yahoo.com


Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas




Bullet proofs: The bullet-ridden walls of Babul Ilm mosque.

مسجد باب العلم نارتھ ناظم آباد کا مینار پر گولیوں کے نشانات



سانحہ حسین آباد ملیر کا زخمی



سانحہ حسین آباد ملیر کا زخمی

(بشکریہ نیوز لائن کراچی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas


مسجد حیدری میں بم دھماکے سے پھیلنے والی تباہی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

DAWN DATED 8TH APRIL, 2002

Security guard shot dead at Imambargah

By Our Reporter

KARACHI, April 7: The security guard of an Imambargah was shot dead by unknown attackers in Nazimabad, on Sunday.

Police said that unknown attackers riding a motorcycle opened fire at Imambargah Mehfil-i-Zainabia at Nazimabad No 1 and fled.

An eyewitness told *Dawn* that three unknown assailants riding a motorcycle came to the Imambargah.

One of the assailant alighted from the motorcycle and opened fire at the guard, Mohammad Nazeer, 23. Seconds later, his accomplice approached the security guard, who had fallen down, and fire repeatedly at him.

Hearing the sound of gunfire, a *namazi* ran towards the entrance of the Imambargah and closed the door from inside, another eyewitness said.

After carrying out the attack, the three assailants fled on the motorcycle without meeting any resistance from law- enforcement agencies.

The dead body was shifted to the Abbasi Shaheed Hospital.

The victim who received multiple bullet wounds hailed from Parachanar. The assailants damaged his gun before fleeing, police added.

Tension griped the area following the killing and law enforcement personnel encircled the area soon after.

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قائد شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی نے ''عزاداری سید الشہداء علیہ السلام'' کے بارے میں فرمایا

☆ ''بلاشبہ کربلا ہماری پہچان ہے اور اس پہچان کی بقا عزاداری کے بغیر ناممکن ہے اس لیے یہ کہنا بجا ہے کہ عزاداری ہماری شہ رگ حیات ہے''

☆ ''عزاداری سید الشہداء علیہ السلام کو ختم کرنے کی سازشیں اور فسادات نئی بات نہیں ہے بلکہ ملت جعفریہ کی تاریخ میں اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں جب استعماری قوتوں نے اپنے ظلم و جبر کے ذریعے امام مظلوم کی عزاداری کو ختم کرنے کے لیے تمام تر ذرائع استعمال کیے لیکن انہیں عبرتناک شکست سے دوچار ہونا پڑا''

☆ ''میرے نزدیک عزاداری سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام افضل العبادات اور شعائر اللہ میں سے ہے۔ عزاداری ہی کی برکت سے شیعہ قوم دنیا میں باقی ہے۔ اسی لیے تحفظ عزاداری کو ہم اپنا اولین دینی فریضہ سمجھتے ہیں''

☆ ''عزاداری سید الشہداء کا تحفظ ہماری قومی اور شرعی ذمہ داری ہے اور عزاداری سے ہی ہماری بقا وابستہ ہے۔

☆ ''عزاداری امام حسین علیہ السلام، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ایک مسلسل عالمگیر تحریک ہے جو صدیوں سے ملحدین، منافقین اور متکبرین کو بے نقاب کرتی چلی آرہی ہے''

قائد شہید علامہ سید عارف حسین الحسینی نے ''اتحاد بین المسلمین'' کے بارے میں فرمایا

☆ '' ہمارا مرکز اور ہماری بقا صرف اور صرف اسلام سے ہے اور ہمیں اتحاد بین المسلمین کے جھنڈے تلے جمع ہو کر روسی اور امریکی گماشتوں کو ناکام بنانا ہوگا''

☆ '' میں تمام مکاتب فکر کے مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ وقت کے تقاضوں کا ادراک حاصل کریں جو پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ مسلمان متحد ہو کر عالمی سامراج کے خلاف اپنا کردار ادا کریں''

☆ '' ہم اتحاد بین المسلمین کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ ہم نہیں چاہتے کہ مخصوص سوچ اور مفادات کا حامل طبقہ مسلمانوں کی عظیم اکثریت کو ان کے جائز حقوق سے محروم کردے''

☆ '' جس طرح شیعیان حیدر کرارؑ نے برادران اہلسنت کے ساتھ مل کر اور اپنے مقدس لہو کی قربانی دے کر اس مملکت کے حصول کی جدوجہد میں حصہ لیا تھا اسی محبت اور یگانگت کے جذبے کے ساتھ آج بھی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کی جائے''

☆ ''علماء کرام چاہیے کہ وہ شیعہ سنی اختلافات کو بھول کر متحدہ طور پر ظالم استعمار کے خلاف ڈٹ جائیں''

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہادتوں کا سفر

ماہ وسال

اور

ٹاؤن

کے آئینہ میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہادتوں کا سفر:۔سال بہ سال

نمبر شمار	سال	شہادتیں
01	1978	05
02	4983	07
03	1984	02
04	1986	01
05	1989	01
06	1990	01
07	1991	01
08	1992	04
09	1993	02
10	1994	66
11	1995	71
12	1996	03
13	1997	18
14	1998	12
15	1999	15
16	2000	14
17	2001	41
18	2002	21
19	2003	21
20	2004	48
21	2005	04
22	2006	02
23	2007	01
24	2008	05
25	2009	02
	کل شہادتیں	368

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہادتوں کا سفر:۔ کس ماہ میں کتنی شہادتیں ہوئیں

نمبر شمار	ماہ	شہداء کی تعداد
01	جنوری	14
02	فروری	78
03	مارچ	24
04	اپریل	15
05	مئی	63
06	جون	19
07	جولائی	31
08	اگست	20
09	ستمبر	27
10	اکتوبر	33
11	نومبر	12
12	دسمبر	32
	کل شہداء	368

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہادتوں کا سفر:۔کس ٹاؤن میں کتنی شہادتیں ہوئیں

شہادتیں ٹاؤن کے لحاظ سے

نمبر شمار	ٹاؤن	شہادتیں
01	کیماڑی ٹاؤن	11
02	سائٹ ٹاؤن	02
03	بلدیہ ٹاؤن	03
04	اورنگی ٹاؤن	22
05	لیاری ٹاؤن	05
06	صدر ٹاؤن	40
07	جمشید ٹاؤن	80
08	گلشن اقبال ٹاؤن	17
09	شاہ فیصل ٹاؤن	28
10	لانڈھی ٹاؤن	02
11	کورنگی ٹاؤن	21
12	نارتھ ناظم آباد ٹاؤن	26
13	نیو کراچی ٹاؤن	29
14	گلبرگ ٹاؤن	16
15	لیاقت آباد ٹاؤن	29
16	ملیر ٹاؤن ٹاؤن	24
17	بن قاسم ٹاؤن	01
18	گڈاپ ٹاؤن	03
19	مقام شہادت معلوم نہیں	7
20	بیرون کراچی شہید ہوئے تدفین کراچی میں ہوئی	2
	کل شہداء کی تعداد	368

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی ۔۔۔

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر شمار	قبرستان	شہداء کی تعداد
21	نیو کراچی ۶ نمبر قبرستان نیو کراچی ٹاؤن	08
22	سیکٹر ساڑھے گیارہ قبرستان اورنگی ٹاؤن	06
23	سیکٹر گیارہ ایل قبرستان اورنگی ٹاؤن	03
24	طوری بنگش کالونی قبرستان اورنگی ٹاؤن	01
25	پہاڑ گنج قبرستان نارتھ ناظم آباد ٹاؤن	01
26	پاپوش نگر قبرستان نارتھ ناظم آباد ٹاؤن	04
27	پی ای سی ایچ سوسائٹی قبرستان جمشید ٹاؤن	04
28	قائم خانی کالونی	02
29	قصبہ کالونی قبرستان سائٹ ٹاؤن	01
30	سخی حسن قبرستان نارتھ ناظم آباد ٹاؤن	29
31	وادی السلام قبرستان نیو کراچی ٹاؤن	07
32	وادی حسین	23
33	یسین آباد قبرستان	02
34	بیرون کراچی تدفین آبائی شہروں میں	46
35	بیرون پاکستان تدفین آبائی شہروں میں	05
36	لیاقت آباد قبرستان	02
37	منگو پیر قبرستان	01
38	احاطہ مساجد وامام بارگاہ میں مدفون	24
39	مقام تدفین معلوم نہیں ہے	60
	کل	368

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس کس کی مہر ہے سرِ محضر لگی ہوئی

چند سانحات کے وقت

ارباب بست وکشاد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مدینۃ العلم کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۳۱ مئی ۲۰۰۵	**تھانہ:** گلشن اقبال	
شہادتیں: ۳	**نام:** محمد علی ، فدا حسین ، ایم اے راجہ پولیس کانسٹیبل	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: افتخار محمد چودہری	**صدر:** جنرل پرویز مشروف	**وزیراعظم:** شوکت عزیز
گورنر: ڈاکٹر عشرت العباد	**وزیراعلیٰ:** ارباب غلام رحیم	**آئی ۔جی پولیس:** جہانگیر مرزا

سانحہ مسجد وامام بارگاہ علی رضاؑ کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۳۱ مئی ۲۰۰۴	**تھانہ:** بریگیڈ	
شہادتیں: ۲۲	**نام:** مولانا مشتاق حسین، ڈاکٹر شاہد حبیب، سید حیدر رضا، اسرار حسین، عافیت علی،	
وقار علی زید سجاد حسین، محمد ساجد علی، محمد علی، مسعود احمد، شہزاد علی بنگش، غضنفر عباس، محمد سلمان مرتضیٰ، غلام عباس سیانی، محمد سلمان مہدی،		
غلام عباس، زین عباس، شاداب علی، شعبان علی، حیدر علی، دانش رضا، رضوان زیدی، سلمان اکبر، محمد رضوان، نجف ہادی، حیدر علی		
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** چار لاکھ اور زخمیوں کیلئے ساٹھ ہزار روپے	
چیف جسٹس: افتخار محمد چودہری	**صدر:** جنرل پرویز مشروف	**وزیراعظم:** میر ظفر اللہ جمالی
گورنر: ڈاکٹر عشرت العباد	**وزیراعلیٰ:** علی محمد مہر	**آئی ۔جی پولیس:** کمال شاہ

سانحہ مسجد حیدری، سندھ مدرسۃ السلام کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۷ مئی ۲۰۰۵	**تھانہ:** میٹھادر	
شہادتیں: ۲۶	**نام:** صابر حسین ہاشمی، الطاف حسین، ڈاکٹر اسد رضوی، آغا غلام حیدر، علی رضوی،	
حافظ علی پردھان، فضل عباس، علی اصغر فدائی، عارف مرزا، احمر رضا، افسر عباس، ظفر عباس، نہال رضا، حسنین زیدی، ندیم حسین،		
خواجہ محمد کمیل، میر سخا علی، عبداللہ نورانی،		
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: افتخار محمد چودہری	**صدر:** جنرل پرویز مشروف	**وزیراعظم:** شوکت عزیز
گورنر: ڈاکٹر عشرت العباد	**وزیراعلیٰ:** ارباب غلام رحیم	**آئی ۔جی پولیس:** جہانگیر مرزا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ سپارکو کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۳ اکتوبر ۲۰۰۳		**تھانہ:**
شہادتیں: ۶	**نام:** اطہر حسین، علی رضا، ہاشم رضا، وصی حیدر، محمد قاسم، محمد رفیق (حوالدار)	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: شیخ ریاض احمد	**صدر:** جنرل پرویز مشروف	**وزیراعظم:** میر ظفر اللہ خان جمالی
گورنر: ڈاکٹر عشرت العباد خان	**وزیراعلیٰ:** علی محمد مہر	**آئی۔جی پولیس:** کمال شاہ

سانحہ مسجد وامام بارگاہ علی مرتضیٰؑ کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۴ اکتوبر ۲۰۰۱		**تھانہ:** محمود آباد
شہادتیں: ۷	**نام:** مولانا غلام رسول، گلزار حسین، ارشد گلزار، محمد رضا زیدی، محمد وسیم، فیضان عباس،	
	رجب علی (جلوس جنازہ پر رینجرز کی شیلنگ سے شہید)	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: ارشاد احمد خان	**صدر:** جنرل پرویز مشروف	**وزیراعظم:** ؟
گورنر: میاں محمد سومرو	**وزیراعلیٰ:** ؟	**آئی۔جی پولیس:** آفتاب نبی

سانحہ مسجد وامام بارگاہ حرگرین ٹاؤن کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۱ اکتوبر ۱۹۹۹		**تھانہ:** الفلاح
شہادتیں: ۱۰	**نام:** امجد حسین، بشیر احمد، نذیر احمد، امتیاز حسین، ذوالفقار تقوی، اعجاز حسین کاظمی،	
	صفدر حسین، حسنین نقوی، ملک محمد نواز، جمشید حسین	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: سعید الزماں صدیقی	**صدر:** جسٹس (ر) محمد رفیق تارڑ	**وزیراعظم:** محمد نواز شریف
گورنر: معین الدین حیدر	**وزیراعلیٰ:** لیاقت علی جتوئی	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** محمد اکبر

سانحہ ٹمبر مارکیٹ/ پرانی نمائش کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۲۶ فروری/ ۲۷ فروری ۱۹۹۸		**تھانہ:** عیدگاہ/ سولجر بازار
شہادتیں: ۲/۲	**نام:** حاجی سفر علی بنگش، رجب علی بنگش	
	جلوس جنازہ پر رینجرز کی فائرنگ سے شہید ہوئے: منیر حسین بنگش، رضوان اعظمی (ظہیر عباس)	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: سجاد علی شاہ	**صدر:** محمد رفیق تارڑ	**وزیراعظم:** محمد نواز شریف
گورنر: معین الدین حیدر	**وزیراعلیٰ:** لیاقت علی جتوئی	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ جامع مسجد دربار حسینی حسین آباد ملیر کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۱۰ مارچ ۱۹۹۵	**تھانہ:** سعود آباد	
شہادتیں: ۸	**نام:** علی حسن، سعید باقر کاظمی، فراز حیدر، محمد دانش، غضنفر عباس، میثم عباس، مبارک رضا، مرزا ریحان حسین	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ایک لاکھ روپے زخمیوں کو پچیس ہزار روپے	
چیف جسٹس: سجاد علی شاہ	**صدر:** فاروق احمد لغاری	**وزیراعظم:** بے نظیر بھٹو
گورنر: محمود اے ہارون	**وزیراعلیٰ:** عبداللہ شاہ	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال

سانحہ مسجد وامام بارگاہ ابوالفضل العباسؑ پی آئی بی کالونی کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۲۵ فروری ۱۹۹۵	**تھانہ:** پی آئی بی کالونی	
شہادتیں: ۶	**نام:** محمد حسین ملتستانی (موذن)، سرفراز حسین، کامل حسین، باقر حسین، حیدر علی مرزا، مجیب الحسن	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ایک لاکھ روپے	
چیف جسٹس: سجاد علی شاہ	**صدر:** فاروق لغاری	**وزیراعظم:** بے نظیر بھٹو
گورنر: محمود اے ہارون	**وزیراعلیٰ:** عبداللہ شاہ	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال

سانحہ مسجد وامام بارگاہ محفل مرتضیٰ پی ای سی ایچ ایس کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۲۵ فروری ۱۹۹۵	**تھانہ:** نیوٹاؤن	
شہادتیں: ۱۴	**نام:** مولانا ایوب صابری، حمید علی بھوجانی، عباس بشیر بھائی، انور مرچنٹ، بشیر محمد تقی،	
آل حسن بلگرامی، حاجی غلام محمد، محمد علی، منیر حسین، محمد حسن، رجب علی محمد، رجب علی زوار، صفدر حسین، فرحت عباس		
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ایک لاکھ روپے	
چیف جسٹس: سجاد علی شاہ	**صدر:** فاروق لغاری	**وزیراعظم:** بے نظیر بھٹو
گورنر: محمود اے ہارون	**وزیراعلیٰ:** عبداللہ شاہ	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال

سانحہ جعفر طیار سوسائٹی ملیر کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۱۸ دسمبر ۱۹۹۴	**تھانہ:** ملیر سٹی	
شہادتیں: ۳ (رینجرز کی فائرنگ سے)	**نام:** محمد حسین، شبیر علی، عصمت حسین	
انکوائری کمیشن: ؟	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟	
چیف جسٹس: سجاد علی شاہ	**صدر:** فاروق احمد لغاری	**وزیراعظم:** بے نظیر بھٹو
گورنر: محمود اے ہارون	**وزیراعلیٰ:** عبداللہ شاہ	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانحہ مرکزی امام بارگاہ ومسجد قمر بنی ہاشمؑ لیاقت آباد نمبر ۱۰ کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۱۸ مارچ ۱۹۸۳	**تھانہ:** لیاقت آباد
شہادتیں: ۳	**نام:** ڈاکٹر آغا حیدر عباس (مرکزی امام بارگاہ لیاقت آباد نمبر ۱۰)
نعیم حیدر (مسجد وامام بارگاہ ہاشمیہ لیاقت آباد نمبر ۴)، شاہد حسین (مسجد وامام بارگاہ امامیہ ایریا لیاقت آباد)	
انکوائری کمیشن: جسٹس ناصر اسلم زاہد (سندھ ہائی کورٹ)	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟
چیف جسٹس: محمد حلیم	**مارشل لاء حکومت:** جنرل ضیاالحق
لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر زون سی	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** میاں محمد امین

سانحہ گولیمار کے وقت ارباب اقتدار

تاریخ: ۱۶ تا ۲۰ فروری ۱۹۷۸	**تھانہ:** گولیمار
شہادتیں: ۶	**نام:** شہنشاہ حسین، انوار حسین، کرار حسین، عشرت علی، اسرار حسین، محمد جاوید بٹ
انکوائری کمیشن: جسٹس آئی محمود (سندھ ہائی کورٹ)	**لواحقین کی سرکاری امداد:** ؟
چیف جسٹس: انوار الحق	**مارشل لاء حکومت:** جنرل ضیاالحق
گورنر: محمود اے ہارون	**وزیراعلیٰ:** ۔ **ڈی۔آئی۔جی پولیس:** جاوید اقبال
لفٹیننٹ جنرل محمد اقبال مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر زون سی	**ڈی۔آئی۔جی پولیس:** گوہر زمان محمد


"لوگ چار قسم کے ہیں۔ بعض وہ ہیں جو نیک اخلاق ہیں اور دولت مند نہیں ہیں۔
بعض وہ ہیں جو دولت مند ہیں اور نیک اخلاق نہیں ہیں۔
بعض وہ ہیں جو نہ نیک اخلاق ہیں اور نہ ہی دولت مند ہیں۔
یہ تمام لوگوں میں زیادہ بدبخت ہیں۔ بعض وہ ہیں
جو نیک اخلاق اور دولت مند ہیں یہ تمام لوگوں سے اچھے ہیں۔"

(حضرت امام حسن علیہ السلام)


jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas



مولانا سید حسن ظفر نقوی (ایام طالبعلمی قم ایران)
کے ساتھ حسن مرتضیٰ حرم بی بی معصومہ قم میں



فرزند قائد شہید آغائے سید علی الحسینی کے ہمراہ حسن مرتضیٰ
(آبائی مکان پیواڑ پاراچنار میں)





قائد شہید کے آبائی مکان پیواڑ پاراچنار کا بیرونی منظر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas





حسن مرتضیٰ (قیدی نمبر 9155) کا سنٹرل جیل حیدرآباد سے والدہ کے نام خط

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منظوم تبصرہ

کتاب ''شہدائے ملت جعفریہ کراچی''

نتیجہ فکر ضیاء شہزاد

چمکے گا آسماں پہ حسن مُرتضیٰ کا نام
ہر لفظ کربلا کے شہیدوں پہ ہے سلام

ہے مدحِ اہلِ بیتؑ ترا مقصدِ حیات
دِلکش ترا بیان ہے، سچا ترا کلام

تاثیر تیرے حرف سخن کو جو مل گئی
سایہ فگن ہیں تجھ پہ حسینؑ فلک مقام

ملت کے ہر شہید نے پیغام یہ دیا
جاں نذر راہ حق ہو، یہ ہے نسخۂ دوام

ہر غم سے وہ ہے دور مقدر میں فتح ہے
اسم علیؑ کا ورد رکھا جس نے صبح وشام

خون جگر سے لکھا ہے تو نے ہر ایک لفظ
تیری کتاب دہر میں مقبول ہو مدام

شہزاد کی دعا ہے خدائے بزرگ سے
زور قلم حسن کا رہے یوں ہی صبح وشام

(مورخہ ۲۵ ربیع الاوّل ۱۴۲۹ھ
مطابق ۳، اپریل ۲۰۰۸ء بروز جمعرات)

تاثراتی وتہنیتی قطعہ

لاکھوں دُعائیں دل سے حسن مرتضیٰ تمہیں
کیا کیا لکھیں شہیدوں کی تم نے کرامتیں
لکھتے رہو کہ تازہ ہو ایمانِ مومنین
تم پر خدا کی اور ہوں ایسی عنایتیں

دلی دُعا گو اور طالب دُعا
سیّد سردار حسین نقوی، کراچی
(مورخہ: ۱۵، اپریل ۲۰۰۸ء)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتابیات

نمبر	کتاب	مصنف /مولف/مترجم
1	نہج البلاغہ	علامہ ذیشان حیدر جوادی
2	معاد	آیت اللہ دستغیب شہید
3	سیرت امام زین العابدینؑ	سید ضیاالحسن موسوی
4	زندگانی شہزادہ علی اکبرؑ	مولانا آغا سید مہدی لکھنوی
5	مولاعلیؑ کے مدنیہ میں پچیس سال	ڈاکٹر منظر حسین کاظمی
6	مرگ گلرنگ	ڈاکٹر علی شریعتی
7	حیات حکیم	مولانا سید مرتضیٰ حسین فاضل
8	تاریخ شیعہ	علی حسین رضوی
9	سندھ کی عزاداری	مرزا امام علی بیگ
10	عزاداری	شاہد علی نقوی
11	خلافت وملوکیت	مولانا مودودی
12	شناخت استکبار	جواد منصوری
13	قائداعظم خطوط کے آئینہ میں	خواجہ رضی حیدر
14	محمد علی جناح	زہیر صدیقی
15	بلدیات کا ارتقاء	فرزانہ شہناز
16	کراچی کی کہانی جلد ۱/۲	اجمل کمال
17	دہشت گردی ایک مکمل مطالعہ	انعام الرحمٰن سحری
18	کراچی تاریخ کے آئینہ میں	محمد عثمان دموی
19	کراچی کیوں جلتا ہے	شہناز احد
20	نقوش راہ	سید محمد ہادی
21	کراچی فرقہ وارانہ تشدد ایک مطالعہ	ذوالفقار شاہ/ایچ آر سی پی
22	مشاہیرین کے مدفن	ایم آر شاہد
23	میثاق خون	العارف اکیڈمی
24	سفیر نور	تسلیم رضا خان
25	سخن عشق	العارف اکیڈمی
26	شہید (علامہ عارف حسین الحسینی)	غضنفر کاظمی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

27	شیعہ سنی کی مفاہمت کی ضرورت واہمیت	ڈاکٹر اسرار احمد
28	تخلیق پاکستان میں علماء اہلسنت کا کردار	علامہ شاہ تراب الحق قادری
29	انسائیکلوپیڈیا واقعات پاکستان	زاہد حسین انجم
30	لاجواب مقالہ	سید نذیر حسین کاظمی
31	جلتی مسجدیں	علی اکبر شاہ
32	حسینی شہید کربلا کی راہ پر	جمعیت طلبہ جعفریہ لاہور
33	خطابات جمعہ	ڈاکٹر کلب صادق
34	لکھی ان لکھی	رفیق رضوی
35	راھیان کربلا	یاور حسین شمسی
36	شہداء گلگت وبلتستان	محبت علی قیصر
37	پاکستان انقلاب کے دہانے پر	روئیداد خان
38	پاکستان برطانوی سے امریکی غلامی تک	روش ندیم
39	پولیس معاشرکا اہم بازو	شفقت تنویر مرزا
40	حقوق انسانی ومذہب اورولینگ	ڈاکٹر سید مظہر علی شاہ
41	حدیث دل	عبداللہ ملک
42	مدارس امامیہ	سید محمد ثقلین کاظمی
43	انقلاب ایران	محمد صلاح الدین
44	فقہ صادق تاریخ اور سازش کے آئینہ میں	ذوالفقار علی زیدی
45	طالبان	احمد رشید
46	طالبان	ڈاکٹر سید سعید احمد
47	علماء اور سیاست	ڈاکٹر مبارک علی
48	تاریخ کی روشنی میں	ڈاکٹر مبارک علی
49	عقیدہ ظہور مہدیؑ احادیث کی روشنی میں	مفتی نظام الدین شامزائی
50	جو مجھ پر گزری	مولانا جاوید نعمانی
51	سفرنامہ رروم وشام	شبلی نعمانی
52	حساس ادارے	بریگیڈیئر (ر) سید احمد ارشاد ترمذی
53	افکار پریشاں	جسٹس (ر) ایم آر کیانی
54	گریباں چاک	جسٹس (ر) جاوید اقبال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

55	جج اور سیاست	جسٹس (ر) شمیم حسین قادری
56	میرے مشہور مقدمے	ایس ایم ظفر
57	عدالت اور سیاست	ایس ایم ظفر
58	عدلیہ کے عروج وزوال کی کہانی	سہیل وڑائچ
59	صحافت پابند سلاسل	ضمیر نیازی
60	خوشامدی ادب	پروفیسر وارث میر
61	پاکستان میں انٹیلی جنس ایجنسیوں کا کردار	منیر احمد
62	شہید راہ وحدت	حسن مرتضیٰ
63	پیغام اسلام مجموعہ مجالس ۲۰۰۶	مقرر علامہ صادق حسن

کتابچے

64	صحیفہ انقلاب	آیت اللہ خمینی
65	پاکستان میں اسلامی انقلاب کی ضرورت	ڈاکٹر کلیم احمد
66	اتحاد بین المسلمین	مولانا عبدالستار خان نیازی
67	وحدت امت	مولانا مفتی محمد شفیع
68	لازوال فتح	تحریک جعفریہ پاکستان
69	سالانہ رپورٹ ۹۲ تا مارچ ۹۵	تحریک جعفریہ پاکستان

رسائل و اخبارات

70	کربلا لبنان سے اعلان جہاد	جامعہ کوثر اسلام آباد
71	ماہنامہ منہاج الحسین	جامعہ منہاج الحسین لاہور
72	ماہنامہ عالمی امامیہ خبر نامہ کراچی	
73	ماہنامہ بصیر الڈ کراچی	
74	ماہنامہ نیوز لائن کراچی	
75	جماعت نیوز خصوصی شمارہ	خوجہ پیرانی جماعت کراچی

اخبارات

جنگ، ڈان، امن، نوائے وقت، امت، ایکسپریس، ڈیلی نیوز،

دی نیوز، قومی اخبار، عوام، جسارت، انصاف ٹائمز، حریت، آغاز،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

التماس دعا

برائے صحت وسلامتی

جناب سید مشتاق حسین زیدی

.....

التماس سورہ فاتحہ

برائے بلندی درجات محترمہ ناصرہ خاتون

بنت

جناب حیدر رضا بدایونی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہ تعالیٰ

تبصرہ

یہ قانون قدرت ہے کہ جب نیکوں، احسانات اور قربانیوں کو نظر انداز کرنے اور بھلانے کی کوشش کی جاتی ہیں تو نیکوں، احسانات اور قربانیوں کو یاد دلانا ضروری ہو جاتا ہے۔ کتاب ''تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ برادر سید حسن مرتضیٰ نے شہداء ملت جعفریہ (کراچی) کی عزاداری سید الشہداء اور تشیع کی بقا کے لیے کی جانے والی جدوجہد اور قربانیوں جیسے ضروری اور اچھوتے موضوع پر قلم اٹھایا۔

اب سوال یہ ہوسکتا ہے کہ اس کتاب کے مرتب کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ تو اس کا سادہ سا جواب ہے کہ ہر قوم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے اسلاف/محسنین کے عظیم کارناموں پر روشنی ڈالے اور ان کی گرانقدر خدمات اور قربانیوں سے نئی نسل کو روشناس کرادے۔

جیسا کہ خود مصنف لکھتے ہیں کہ'' اِس کتاب کی بنیاد صرف اور صرف اُن شہداء کی یاد کو قائم اور محفوظ کرنا ہے جنہوں نے آمادگی وآگاہی کے ساتھ یا بغیر آمادگی وآگاہی کے حبِ اہلبیت کے حوالے سے خلعت شہادت کو زیب تن کیا''

دوسرا اعتراض یہ ہوسکتا ہے کہ اس کتاب میں مولف نے بعض ایسے موضوعات کو بھی شامل کیا ہے جن کا بظاہر اس کتاب سے تعلق نہیں ہے۔ جیسے قائداعظم کا ایک خط، راجکمار امیر حیدر خاں (آف محمود آباد) کے نام، قائداعظم کا پہلی مجلس آئین ساز سے خطاب، میثاق مدینہ، تحفظ حقوق بشریت کا پہلا منشور، اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا عالمی منشور اور دستور پاکستان ۱۹۷۳ اور بنیادی حقوق وغیرہ۔

اس سوال کا جواب بھی مصنف سے سنیئے'' تاریخ تشکیل پاکستان کے ایک خاص حصے، اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے عالمی منشور اور ۱۹۷۳ کے آئین کو دہرانے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ عزاداری ہمارا دینی، آئینی، قانونی اور پیدائشی حق ہے جو کسی کو غصب نہیں کرنے دیں گے۔ اس سلسلے میں حکومتی سطح پر انتظام اور تعاون کوئی احسان نہیں بلکہ کسی بھی برسر اقتدار حکومت کی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے جسے وہ پورا کرنے کی آئینی، قانونی اور اخلاقی طور پر پابند ہے''۔ (اگرچہ ہم اُس کے شکر گزار ہیں)۔

اس کتاب میں مصنف نے انتخابات اور حوالہ جات میں بڑا محتاط رویہ اپنایا ہے اور اپنی ذاتی رائے سے گریز کرتے ہوئے اس امر کی کوشش کی ہے کہ مختلف کتابوں سے صرف حقائق وشواہد پیش کیے جائیں جو شہداء ملت جعفریہ کے کردار کو نمایاں کردیں۔ اور ایسی تاریخ مرتب ہو جائے جس کے اوراق میں ہر کردار کا چہرہ حقیقی خدوخال میں نظر آئے۔

مؤلف نے جذبہ قومی سے سرشار ہو کر ایک ایسے کام کا جو خالصتاً تحقیقی (ریسرچ ورک) ہے، کا بیڑا اٹھایا جو ان کی بساط سے کہیں زیادہ تھا۔ درحقیقت یہ ایک ریسرچ سنٹر کا کام تھا جو فرد واحد نے انجام دیا (بلاشبہ اس میں انہوں معصومینؑ اور شہداء کی مدد حاصل رہی ہے)۔ بلاشبہ آئندہ اس موضوع پر کام کرنے والوں کے لیے ''تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی'' ایک حوالہ جاتی کتاب (ریفرنس بک) ثابت ہوگی۔

ہماری دعا ہے کہ پروردگار عالم اور امام زمانہؑ برادر سید حسن مرتضیٰ کی توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے۔

محمد نذر الحسنین محمدی

اعتماد العلماء ایم اے فاضل عربی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ

تبصرہ

تاریخ انسانی میں تحریریں، دائمی اثرات کی حامل، حیات بخش اور قوموں کی حیات اور ترقی کا پیمانہ ہوتی ہیں۔ تقریریں وقتی طور پر بڑی پُر اثر ہوتی ہیں مگر تحریر کے دائمی اثرات ہیں۔ افراد مر جاتے ہیں مگر کتابیں مرتی نہیں بلکہ منتقل ہوتی ہیں۔ زندہ قوموں کا ہمیشہ یہ شعار رہا ہے کہ وہ اپنے محسنین کو کبھی فراموش نہیں کرتیں ہیں۔ ان کی خدمات کا اعتراف کھلے دل سے کرتیں ہیں۔

جو قومیں اپنے محسنین (شہیدوں) کو بھول جاتی ہیں وہ مٹ جایا جاتی ہیں۔ یہ اعجاز در اہل بیت سے وابستگی ہے کہ ملت تشیع نے ہر دور میں شہیدوں کی یاد کو زندہ رکھا ہے۔ کتاب ''تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ برادر سید حسن مرتضیٰ کی ایک بہترین کوشش ہے۔ جس کے ذریعہ سے انہوں نے شہداء ملت جعفریہ (کراچی) کی جدوجہد اور قربانیوں کو آنے والی نسلوں کے لیے کتابی صورت میں محفوظ کرنے ساتھ ساتھ قومی تربیت کے فقدان کے باعث درپیش مشکلات اور مسائل کی بھی کسی حد تک نشاندہی کی ہے۔

اس کتاب نے شہداء ملت جعفریہ کو تاریخ کے صفحات میں محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ مصنف/مولف سید حسن مرتضیٰ کو بھی تاریخ میں محفوظ کر دیا ہے۔ آئندہ اس موضوع پر کام کرنے والوں کے لیے ''تذکرہ شہداء ملت جعفریہ کراچی'' ایک حوالہ جاتی کتاب (ریفرنس بک) کے طور پر یاد رکھی جائے گی۔

ہماری دعا ہے کہ پروردگار عالم اور امام زمانہ عجل اللہ فرجہ برادر سید حسن مرتضیٰ کی توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے۔

سید علی محمد نقوی
صدر شیعہ علماء کونسل پاکستان (سندھ)
کراچی سٹی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas